[illegible]

[illegible]

[illegible]

کوئیک بیڈ سائیڈ پریسکرائبر

پیٹ : خصوصاً بچوں کا
ABDOMEN- CHILDREN

بڑھا ہوا ، جسم کمزور ، سر بڑا جس کے ساتھ دانتوں کا مشکل اور دیر سے نکلنا پایا جائے جب سویا ہوا ہو تو سر پر پسینہ آتا ہو، قے اور اسہال ، ہر چیز سے کھٹی بُو آتی ہو۔ (کلکیریا کارب) "نیز دیکھئے بچوں کا سر بڑا"

ABDOMEN CAVITY OPENED
پیٹ کا کھلنا (آپریشن)

پیٹ کے آپریشن کے بعد جب اس کی دیواریں غیر صحت مند دکھائی دیں اور ان میں چبھن دار اور جلن دار دردیں پائی جائیں تو ایسی صورت میں (سٹافی سگیریا) دوا ہوگی۔

ABDOMEN DROPSY OF
پیٹ میں پانی پڑنا

پیٹ بہت زیادہ پھولا ہوا ، معدہ پانی پڑنے کی حالت میں بہت زیادہ زود حس ، ایسا ظاہر ہو کہ اس میں سے کوئی چیز بھی نہیں گزر سکتی ۔ انتڑیاں مکمل طور پر مفلوج ہو جائیں، گردے کام نہ کرتے ہوں تو (اپوسائنم) ، "نیز دیکھئے ، ڈراپسی ، اس کے مختلف عنوانات کے تحت"

پیٹ میں خالی پن اور کمزوری کا احساس
ABDOMEN EMPTINESS AND WEAKNESS

پاخانے کے بعد جو نہ

نارمل حالت میں ہو، پیٹ میں خالی پن اور کمزوری کا احساس جس کو ریاح کے اخراج سے یا ڈکاروں سے آفاقہ ہوتا ہو۔ (اہراگریشیا)

ABDOMEN ENLARGED CHILDREN DELAYED DENTITION
پیٹ بچوں کا بڑھا ہوا، دانت دیر سے نکلیں

بچوں کا پیٹ بڑھا ہوا، جسم کمزور، سر بڑا، دانت بمشکل اور دیر سے نکلیں، نیند کے دوران سر پر پسینہ آتا ہو، قے اور اسہال ہر چیز سے کھٹی بو آئے کلکیریا کارب

ABDOMEN PENDULOUS AFTER CONFINEMENT
پیٹ لٹکا ہوا وضع حمل کے بعد

وضع حمل کے بعد پیٹ نیچے کو لٹکا ہوا ہو (پوڈو فائیلم) نیز دیکھئے حمل مختلف عنوانات کے تحت۔

۲۔ بڑھے ہوئے پیٹ کے لیے سیپیا اور کالو سنتھ۔

ABDOMEN DISORDERS
پیٹ کی خرابیاں

حاد جو کہ غیر مناسب غذا کھانے کی وجہ سے ہوں، کھانے کے بعد منہ میں کھٹا ذائقہ، کھانے کے بعد ایک یا دو گھنٹے تک معدے میں دباؤ، کمر کے گرد کھچاؤ، معدے کا ابھار جس کے ساتھ پتھر کی مانند بوجھ پایا جائے، پاخانہ کی بار بار اور غیر مؤثر حاجت، ہر دفعہ تھوڑا پاخانہ خارج ہو لیکن تھوڑا سا پاخانہ کرنے کے باوجود بھی اس کو آفاقہ محسوس ہو۔ پیٹ درد (نکس وامیکا) " دیکھئے ہاضمہ اور بدہضمی مختلف عنوانات کے تحت "

ABDOMEN LUMP
پیٹ میں گومڑ

گلٹی جگر کے حصے کے قریب۔ مندرجہ ذیل ادویہ علامات کے مطابق دینی چاہیئیں۔

۱۔ کونیم ۲۰۰ طاقت میں۔

۲۔ فم معدہ میں گلٹی یا گومڑ کا احساس ہو تو کالی کارب صبح نہار منہ کھانی چاہیئے۔

۳۔ پانی کی مانند اخراج والی اسفنج کی سی گلٹی ۔ تھوجا ایک ہزار طاقت میں۔
۴۔ پتھر کی سی سختی والے غدودوں کے لئے طاقتور دوا، کلکیریا فلور۔
۵۔ تھوجا ۳۰ کے بعد گریفائیٹس ایک ہزار طاقت میں ہر چھٹے روز دیا کریں۔

۶۔ ٹیوبرکولینم ایک ہزار طاقت میں اثر کو جاری رکھنے والی دوا کے طور پہ گریفائیٹس ایک ہزار طاقت میں، تین ہفتے دینے کے بعد استعمال کرانی چاہیئے۔

پیٹ درد
ABDOMEN PAIN

ا :۔ جو مریض کو ہر طرف پہلو بدلنے اور پیچ و خم کھانے پر مجبور کر دیں۔ جگر اور تلی بڑھے ہوئے ہوں پیٹ درد عموماً جلندار ہو اور اس کو گرم ٹکور سے آفاقہ ہوتا ہو۔ ہاضمہ کی خرابی جو گلی سڑی ہوئی غذا، گلا سڑا گوشت کھانے یا الکوحل والی مشروبات پینے اور تمباکو چبانے سے ہوئی ہو۔ لیکن اس کے ساتھ جلندار درد، بے چینی اور تھوڑی سی مقدار میں بار بار پانی پینے کی پیاس کا موجود ہونا پایا جائے تو پھر آرسنکم البم۔

ب :۔ معدے میں درد کے لئے بیلاڈونا ۲۰۰ طاقت میں پانی میں ملا کر ہر پانچ منٹ بعد اس وقت تک دیں جب تک کہ درد رک نہ جائے۔ "دیکھئے پیٹ کا درد جلندار۔"

ج :۔ اگر مریض خالی پیٹ درد محسوس کرتا ہو تو "اناکارڈیم" ۳۰ طاقت میں روزانہ چار مرتبہ دیں۔

د :۔ اگر دردیں کھانے کے بعد واقع ہوں تو "ایبیس نائیگرا" ۳۰ طاقت میں چار مرتبہ روزانہ۔

پیٹ میں ریاح
ABDOMEN WIND

کھانے کے بعد پیٹ ریاح سے پھول جائے۔ (کالی کارب، "نیز دیکھئے ریاح اس کے مخالف

عنوانات کے تحت :-

HABITUAL ABORTION

اسقاط حمل کی عادت

تیسرے ماہ یا اس کے بعد اسقاط حمل کی عادت حمل کے دوران ابتدائی مہینوں میں یا پانچویں یا ساتویں ماہ جریان خون (سیپیا)۔ "اسقاط حمل کا خطرہ"۔ موازنہ کریں، پلساٹیلا سے۔

ABORTION EVERY SECOND OR THIRD MONTH

اسقاط حمل ہر دوسرے یا تیسرے ماہ

اسقاط حمل کی عادت، اعضائے تولید اور چھوٹی کمر میں درد، گہرے رنگ کے خون کا اخراج۔ اخراج چمکیلا سرخ اور جما ہوا، (سبائنا)

ایسا اسقاط حمل جو ہلکی سی مشقت کرنے کی وجہ سے یا ہیجان پیدا کرنے والے جذبات کی وجہ سے ہو رہا ہو "ہیلونیاس" اس سے محفوظ کر دیتی ہے۔

ABORTION TENDENCY TO MISCARRIAGE DUE TO DIFFERENT CAUSES

اسقاطِ حمل ابتدائی مہینوں میں ضیاع کا رجحان مختلف وجوہات کی بنا پر

ایسی عورت جو حمل کے ایک یقینی دورانیہ میں بچے کے ضیاع کا رجحان رکھتی ہو تو اس کو اس وقت سے کچھ عرصہ پہلے "وائی برنم اوپولس" کا استعمال کرائیں۔

۱۔ جب کسی حادثہ کی وجہ سے اسقاط کا خدشہ ہو تو "آرنیکا ۳" ایک گھنٹہ کے وقفہ سے۔

۲۔ جب کسی جذباتی خلل کی وجہ سے ہو "کیمومیلا" ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے۔

۳۔ جب ماں یا بچے میں سفلس کی وجہ سے ہو تو سفلینم ۳۰ "گولیوں میں حمل کے تمام دورانیہ میں ہفتہ میں دو مرتبہ دینی چاہیئے۔

۴۔ جب سابقہ بچے سوکھیا میں مبتلا ہوں تو حمل کے دوران سلیشیا ۶ ہر آٹھ گھنٹے بعد ضروری وقفہ سے دینی چاہیئے

۵۔ جب والدین میں ٹی بی کی وجہ سے ہو تو "بیسی لینم ۳۰" مہینہ میں ایک بار دینی چاہیئے۔

۶۔ اگر پلاسنٹا کی کسی بیماری کی وجہ سے ہو تو "فاسفورس"۔

۷۔ فرج کی دیواروں کے پٹھوں کا درد کھچاؤ جس کے ساتھ جسم کا سوکھتے چلے جانا اور قبض پائی جائے، رحم کے پٹھوں کی نشو نما جنین کی نشوونما کے مقابلہ میں کم ہو جو اسقاط کا سبب بنے۔ "پلمبم الیٹیکم"۔

۸۔ جب اسقاط حمل کا سبب بوجھ اٹھانا، زیادہ زور لگانا یا زور سے کسی جگہ قدم کا پڑ جانا ہو، درد رات کے پچھلے حصہ میں اور آرام کرنے کی حالت میں زیادہ ہو، مریضہ کو سکون حاصل کرنے کے لئے پہلو بدلنے پڑیں (رسٹاکس) لیکن اگر اس کے ساتھ ہی سرخ چمکیلے رنگ کا خون نکلتا ہو اور ہلکی سی درد بھی ہو تو "سنا مونیم" دوا ہو گی۔

9۔ جریان خون متواتر ہو:، اپی کاک، سبائنا، آرنیکا اور سنا مونیم۔

وقفے سے جریان خون:، پلساٹیلا۔

چمکیلے سرخ خون کے لئے :، اپی کاک، آرنیکا۔

سیاہی مائل سرخ خون کے لئے :، سبائنا، کیمومیلا اور سکیل کار۔

تشنج کے لئے :، اپی کاک، ہائیو سائیمس، کیمومیلا اور پلاٹینا میٹ۔

پیٹ پر مکا لگنے سے :، آرنیکا۔

زور لگانے سے :، رسٹاکس، سنا مونیم۔

خوراک دوا :، ۱۰ گلوبیولز آدھے گلاس میں ابال کر ٹھنڈا کئے ہوئے پانی میں ڈال کر رکھیں اور ہر گھنٹے کے وقفہ سے یا مریض کی حالت کے مطابق کم یا زیادہ وقفہ سے ایک چمچ دیں۔

۱۰۔ کمر کی کمزوری کے لئے، ٹانگوں کی کمزوری کے لئے اور آنکھوں کی کمزوری کے لئے :، کالی کارب۔

آنول کے رک جانے کے لئے :، سیپیا۔
جنین کو باہر نکالنے کے لئے :، کافیا، پلساٹیلا یا سیکیل کار۔
جب گردے مطلوبہ مقدار میں پیشاب خارج نہ کر رہے ہوں: سٹرامونیم

اسقاط حمل کا خطرہ
ABORTION THREATENED

ا :۔ خصوصاً ایسی عورتوں میں جو اسقاط حمل کی عادی ہوں۔ ہیلونیاس۔

ب :۔ جب دردیں پیٹ کے آر پار دونوں اطراف میں جائیں اور مریضہ کو دوہرا ہونے پر مجبور کر دیں تو ایسی صورت میں مریضہ کو اسقاط حمل سے بچانے والی دوا "سمی سی فیوگا" ہے۔ یہ ایسی عورتوں کے لئے بھی مفید ہے جن میں اسقاط حمل کی عادت پائی جاتی ہو۔

ج :۔ سیکیل کار ایسے اسقاط حمل میں مفید ہے جو کہ آخری مہینوں میں ہو جبکہ سبائنا ابتدائی مہینوں خصوصاً تیسرے مہینے کے لئے مفید ہے۔

د :۔ کالوفائیلم چھوٹے دردِ زہ کے لئے بہت مفید دوا ہے۔ نیز یہ اسقاط حمل سے بھی محفوظ رکھتی ہے۔ کمر میں اور پیٹ کی اطراف میں شدید درد اخراج کم مقدار میں اور رحم میں کھچاؤ۔

حمل کو ساقط کرنے والی دوا
ABORTION PRODUCING

گوسی پیم مدر ٹنکچر قطروں کی شکل میں دینے سے حمل ساقط ہو جاتا ہے۔

اسقاط حمل کی علامات کا اظہار
ABORTION THREATENED

ا :۔ اخراج کم ہو جانے کے بعد دوبارہ زور کے ساتھ آنا شروع ہو جائے۔ نیز دردیں تشنجی قسم کی ہوں، "پلساٹیلا"۔

ب :۔ درد کمر میں شروع ہو اور کولہوں اور رحم کے گرد جاتا ہو، جو تشنج پر ختم ہو۔ یہ بہت واضح علامت ہے۔ ڈاکٹر نیش نے اسقاط حمل کو اس سے محفوظ کیا ہے۔ حتیٰ کہ ایک مریضہ میں ہلکا سا جریان خون بھی موجود تھا جس کو اس دوا نے درست کر دیا۔ وائی برنم اوپولس۔ اسقاط حمل کے لئے ملاحظہ

رن پیپا۔ نیز دوا نہ کریں استقاط حمل کی عادت میں کالوفائیلم ہے۔

پھوڑا مختلف اقسام کا
ABSCESS OF VARIOUS TYPES

۱۔ پردرد اور ٹیکن دار جس کے ساتھ زیادہ سوجن نہ ہو۔ سرخی کے ساتھ یا بغیر سرخی کے۔ "بیلاڈونا یا ایپس"۔

۲۔ پھوڑوں میں درد کو ختم کرنے والی اعلیٰ دوا۔ "ہیپر سلف" ہر آدھے گھنٹے بعد۔

۳۔ چھوٹی پھنسیاں فصل کی شکل میں :، آرنیکا۔

۴۔ مقعد کے قریب پھنسی :، کلکیریا سلف چار گرین ہر تین گھنٹے بعد۔

۵۔ بھگندر، فیچولا کی مانند سوراخ "فلیورک ایسڈ" چھ قطرے ہر چھ گھنٹے بعد (ڈاکٹر کلارک)

۶۔ جب سختی، گرمی اور سوجن محسوس ہو تو بیلاڈونا اور مرک وائیوس۔ تین گھنٹے بعد ادل بدل کر دیں۔ زیادہ عرصہ سے بہنے والے پھوڑے کے لئے یا جب کئی پھوڑے ہوں تو "ٹینگو نیریا" دو مرتبہ روزانہ اور "آرسینکم البم" رات کو اور صبح استعمال کرانی چاہیئے۔ (ڈاکٹر لوری)

۷۔ بہت زیادہ پر درد اور متورم پھوڑے کے لئے جس میں متاثرہ جگہ کے ساتھ والے غدود بھی متورم اور درد کرتے ہوں :، "ٹیرنٹولا کیوبنس"۔

۸۔ ناک کے دونوں سوراخوں کے درمیان والے حصے میں پھوڑا۔ جس میں ناقابل برداشت جلن، ورم اور بدبودار اخراج۔ انتھراسینم

۹۔ بار بار پھوڑے نکلنے کا رجحان ہو تو "سلفر اور سلیشیا" باری باری سے دینی چاہیئے۔

۱۰۔ کان کے پیچھے والی غدود پیروٹیڈ گلینڈ اور بغل کے نیچے والے غدود پر پھوڑا ہو۔ پیپ خون آمیز اور درد شدید ہو، نیز آنکھوں کی پیپ والی حالت میں مفید ہے :، رسٹاکس۔

۱۱۔ پیپ بہنے کی حالت میں خصوصاً جبکہ خون کا زہر آلود ہونا پایا جائے تو ڈاکٹر ڈیوی کے مطابق "ایکی نیشیا" ایسی حالتوں کو شفایاب کرنے میں بہت کامیاب دوا ہے۔

۱۲۔ ڈاکٹر ڈبلیو۔ ای۔ لیونارڈ کے مطابق بار بار نکلنے والے پھوڑوں کے لئے پائیروجینیم بہت اعلیٰ دوا ہے۔ یہ سسٹم کو صاف کر دیتی ہے اور دوبارہ

پھوڑوں کی پیدائش سے محفوظ رکھتی ہے۔

۱۳۔ سفلسی اور دقی پھوڑوں کے لئے "کالی آئیوڈائیڈ"۔

۱۴۔ اگر کسی پھوڑے کا منہ نہ بنتا ہو اور اس کے گرد بھورے رنگ کا گھیرا ہو تو "لیکیسس"۔

۱۵۔ کئی حصوں والا پھوڑا۔ "ڈیپا"۔

۱۶۔ ٹھنڈا پھوڑا۔ "کاربالک ایسڈ"۔

ABSCESS IN ARMPIT
پھوڑا بغل کا

پیپ سے بھرا ہوا اور سوجن ہو: ہیپر سلف ۶ طاقت میں روزانہ چار مرتبہ۔

ABSCESS FORMATION
پھوڑوں کا بننا

پھوڑوں میں پیپ بنتی ہو تو "مرک سال" ابتدا میں دینے سے یہ پیپ بننے کے عمل کو روک دیتی ہے۔ منہ سے بدبو آنا اور بہت زیادہ پسینہ آنا اس کی راہنما علامات ہیں۔ اس کے بعد ہیپر سلف دینے سے زخم خشک ہو جائے گا۔ تمام پھوڑوں کے عمل میں استعمال کریں۔

ABSCESS INFLAMED
پھوڑے متورم

پھنسیاں، ورم کا رجحان پیپ بننے کی طرف ہو یا درست نہ ہوتا ہو۔ ہڈیوں کا ورم، نرم ٹشوز اور غدودوں کا، پیپ بدبودار ہو۔ سلیشیا۔

ABSCESS AROUND THE KNEE JOINT NECROSED
پھوڑا گھٹنے کے جوڑ کے گرد گلا سڑا ہوا

گھٹنے کے جوڑ کے گرد چار یا پانچ پھوڑے زخم ٹانگ کی لمبی ہڈی ٹیبیا پر حملہ آور ہو جو آدھی کھائی ہوئی تھی اور گلی سڑی ہڈی کی سطح بدبودار جس کو کلکیریا ہائپو فوریکا کی پہلی طاقت سے شفایاب کیا گیا۔

ABSCESS SEVERE PAIN
پھوڑے میں شدید درد

جب کسی پھوڑے میں شدید جلن اور چبھن دار درد ہو اور گنگرین کا خطرہ ہو تو "ٹیرن ٹیولا کیوبنس"۔

ABSCESS MASTOID
پھوڑا لپستان کا

ڈاکٹر آرچنگونی کا دعویٰ ہے کہ کیپسیکم اس تکلیف کے لئے عمدہ دوا ہے جبکہ ڈاکٹر ڈیوی نائیٹرک ایسڈ کی سفارش کرتے ہیں۔

ABSCESS PUS FORMED
پھوڑے میں پیپ بن چکی ہو

جب پیپ بن چکی ہو تو ہیپر سلف پھوڑے کا منہ کھولنے اور اسے جلد شفایاب کرنے میں بہت عمدہ اثر رکھتی ہے۔

جب پیپ کا بننا ناگزیر ہو جائے تو یہ پھوڑے کو پھٹا دیتی ہے۔ چھونے سے درد اس کی اہم علامت ہے۔

جب پیپ غیر یقینی طور پر جاری رہے تب سلیشیا بہتر کام کرتی ہے اور اس کے بعد فلورک ایسڈ۔

ABSENT MINDEDNESS
ذہنی پراگندگی

۱۔ مریض میں حاضر دماغی نہیں ہوتی وہ بہت زیادہ بھول جانے والا ہوتا ہے۔ بازار سے چیزیں خریدتا ہے اور وہیں چھوڑ آتا ہے۔ جب لکھ رہا ہو تو حروف اور الفاظ بھول جاتا ہے اس کے لئے "لیکے نینم"۔

۲۔ ہر چیز جو ایک لمحہ پہلے کہی گئی تھی۔ بھول گئی، متواتر یادداشت کا جاتے رہنا۔ "ایلنتھس گلینڈولوسا"۔

۳۔ بوڑھے لوگوں کی صورت میں جبکہ ذہنی صلاحیت کمزور ہو جائے، تو "برائیٹا کارب"۔

۴۔ سادہ ترین الفاظ بھی یاد نہ رہ سکیں :، امبرا۔

ABUSIVENESS
گالی گلوچ کرنا

۱۔ ظلم کرنا چاہے اور قسمیں کھائے : "اناکارڈیم"۔

۲۔ بغیر کسی اشتعال کے گالیاں دے۔ "ہائیوسائمس"۔

اگر یہ فائدہ مند ثابت نہ ہو تو "لائی سین"۔

حادثات
ACCIDENTS

حادثات کے دوران ذہنی صدمہ۔ آرنیکا ذہنی حالت کو

صبح حالت میں لے آتی ہے۔

ACIDIC CRAVING FOR

کھٹی چیزوں کی خواہش کرے

کھٹی اور تازگی پیدا کرنے والی چیزوں کی خواہش کرے "دربیرم البم"۔

ACIDITY WITH WIND

تیزابیت ریاح کے ساتھ

سلفیورک ایسڈ۔

تیزابیت معدے کی خرابی اور ہوا کے ڈکاروں کے ساتھ "ارجنٹم نائیٹریکم" ہر چار گھنٹے بعد۔

۱۔ پیٹ کے اوپر کے حصے میں جلن جو گلے تک جائے اور بعض اوقات قے بھی ہو، بہت زیادہ ریاح: کیپسیکم ۳۰ چار مرتبہ روزانہ۔

۲۔ کھانے کے بعد کھٹاس اٹھے، معدے میں بھاری پن، بہت زیادہ بدبودار ریاح ہوتی ہو، معدے میں ریاح یا پیٹ کے اوپر کے حصے میں ریاح ہوتی ہو: "کاربو ویج"۔

۳۔ کلیجے کی جلن، کھانے کے آدھ گھنٹہ بعد بے سکونی ہوتی ہو اور کھٹے ڈکار آئیں۔ "نکس وامیکا"۔

۴۔ کلیجے کی جلن، کھٹے ڈکار، زبان کے کناروں پر دانتوں کے نشانات، مزمن تیزابیت، متلی جس کے ساتھ سردی لگتی ہو۔ "سلفیورک ایسڈ"۔

۵۔ شدید کھٹے ڈکار۔ تیزابیت میں رات کو لیٹنے پر زیادتی، کھٹی قے، "روبینیا"۔

ACNE (PIMPLES ON THE FACE)

چہرے کی کیل چھائیاں، دانے وغیرہ

۱۔ بلوغت کے وقت چہرے پر کیل چھائیاں نکلیں تو اس کے لئے اعلیٰ دوا ہے: "الیسٹرلیس روبنس"۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو کالی بردم اور ریڈیم بردم ۳۰ طاقت میں۔

۲۔ بگڑے ہوئے کیسوں میں آرسینک آیوڈائیڈ، سلفر آیوڈائیڈ اور ہائیڈرو کوٹائیل کا استعمال کرنا چاہیئے۔

۳۔ ایسی پھنسیاں جن میں سفید پیپ پڑ جائے اور منتخب شدہ دوا اپنا اثر دکھانے میں ناکام ہو جائے تو ہیپر سلف کو استعمال میں لانا چاہیئے (ڈاکٹر رائے بہادر بشمبر داس)

۴۔ چہرے پر گہرے بدنما ابھار جن میں زیادہ خارش ہوتی ہو: "کالی برم"
سرخ رنگ کی پھنسیاں چہرے اور پیشانی پر۔ "لیڈم"۔
سفلیٹک لوگوں کے چہرے پر پھنسیاں: "نائیٹرک ایسڈ"۔
چہرے، ناک اور ہونٹوں پر پھنسیاں، سرخ ابھار رخساروں پر اور ٹھوڑی کے گرد: "بوریکس"۔ ڈاکٹر بھانجا۔

۵۔ مٹر کے دانے کے برابر پھنسیاں جسم کے مختلف حصوں پر، ہلکی سی خراش چوٹ کا رحجان، زخم بننے کی طرف ہو، "ہیپر سلف" صبح و شام۔

۶۔ ضدی قسم کی پھنسیوں کی صورت میں جن میں پیپ بننے کا رحجان ہو، وہ "اینٹی مونیم ٹارٹ" سے درست ہوتی ہیں۔

۷۔ ڈاکٹر کلارک کا کہنا ہے کہ میں نے چہرے کے سادہ دانوں میں "کالی برم" سے زیادہ مفید کسی دوا کو نہیں پایا جبکہ ڈاکٹر گشنگ "آرسینک برم" کو بہت مفید بتاتے ہیں۔

ACNE AT PUBERTY
چہرے کے دانے سن بلوغت میں

بلوغت کے وقت کمزور لڑکیوں کے چہرے کے دانوں کے لئے "کلکیریا فاس"۔

ACNE DUE TO DIFFERENT CAUSES
چہرے کے دانے مختلف وجوہات کی بناء پر

اگر چہرے کے دانے گنٹھیاوی نوعیت کے ہوں تو یوریا، اگر چیچک کے ٹیکہ کی وجہ سے ہوں تو تھوجا، سبائنا، سلیشیا اور میلنڈرنیم، اگر چہرے کے دانے مشت زنی کی وجہ سے ہوں تو بلیس پرونس، اگر دق کی وجہ سے ہوں تو

بیسی لینم، اگر پیپ دار ہوں اور نشان چھوڑیں تو ڈیکسینم اور ڈیریولینم۔

ACRID FLUIDS DISCHARGES FROM EYES NOSE ETC.

خراشدار مواد کا اخراج آنکھوں اور ناک وغیرہ سے

تمام خراشدار مادے جو جس جگہ لگتے ہیں اس کو چھیل دیتے ہیں۔ مثلاً تھوک ناک کا اخراج، آنکھوں کا اخراج، پاخانہ اور ماہواری کا اخراج وغیرہ۔ "اوریم کارب"۔ دیکھئے تھوک جو کچا زخم پیدا کرے اور متواتر تھوکنا پڑے"۔

ACRIDITY

ہیجان، جلن یا خراش

خراش "آرم ٹرائی فلیم" کی بہت اہم علامت ہے۔

ACUTE CONDITION

حاد حالت

حاد حالت میں پہلے ۲۴ گھنٹوں کے دوران "اکونائٹ" بہت عمدہ ہے۔ اکونائٹ کے بعد سلفر بہت اچھا اثر دکھاتی ہے۔

ACUTE GASTRITIS

حاد سوزش معدہ

"انٹم کروڈم" بہت عمدہ دوا ہے۔ یہ اس صورت میں بہت زیادہ مفید ہے جبکہ بیماری معدہ کو زیادہ بھر دینے کی وجہ سے ہوئی ہو۔ متلی جاری رہے گو کہ مواد قے کے ذریعے نکل چکا ہو۔

ADENOID GROWTHS

ناک اور گلے کے غدودوں کا بڑھ جانا

ا: دبلے پتلے بچوں میں گلے کے غدود بڑھے ہوئے اور زرد: "کلکیریا فاس"۔

ب: ایسے بچے جن کی فیملی ہسٹری میں دق پائی جائے ان کا علاج "بیسی لینم ۲۰۰" طاقت سے شروع کرنا چاہیئے اور ہر چودہ دن بعد ایک خوراک دینی چاہیئے۔ ڈاکٹر آر۔ بی بشمبر داس اس بات کی سفارش کرتے ہیں کہ ہر کیس میں اس دوا کی ایک خوراک ہر چودہ دن بعد دے کر علاج شروع کرنا چاہیئے۔ وہ گلے اور ناک کے غدودوں کے لئے "مرک آیوڈائیڈ فلیوس" کی بھی رائے دیتے ہیں۔

۲۔ ''ہائیڈرراسٹس''۔ ناک اور گلے کے غدودوں کی تکالیف کے لئے بہت عمدہ دوا ہے۔

۳۔ گلے کے غدودوں کے بڑھ جانے کے لئے ''اگرافس'' بھی مفید ہے ڈاکٹر لامبراکٹس اس دوا کا ایک حصّہ، چھ حصّے گلیسرین میں ملاکر اس کا لوشن بناتے تھے اور اس میں بتی کو تر کرکے ہر نتھنے میں پندرہ منٹ تک رکھتے تھے جس سے بہت زیادہ کامیابی حاصل ہوتی۔ ''ہائیڈرراسٹس''۔

۴۔ لندن کے ڈاکٹر کلارک ناک اور گلے کی جھلیوں کے ورم میں جبکہ ناک بالکل بند ہو اور منہ کھول کر سانس لینا پڑے اور آپریشن ناگزیر ہو ''اگرافیس نوٹینس'' کو بہت مفید بتاتے ہیں۔

۵۔ ایسے بچوں کے لئے جو بار بار شدید ٹانسلائٹس میں مبتلا ہو جاتے ہیں ''براٹا کارب'' بہت مفید دوا ہے۔ ۳۰ طاقت میں روزانہ چار مرتبہ دینی چاہیے کچھ عرصہ بعد اس کی پوٹنسی CM تک بڑھاتے چلے جائیں۔

۶۔ ناک اور گلے کی متورم کیفیات زیادہ تر ٹیوبرکولینم کی ہفتہ وار ایک ہی خوراک سے مکمل طور پر درست ہو جاتی ہیں۔

۷۔ ناک اور گلے کے غدودوں کو آپریشن کے ذریعے نکالنے کے مابعد اثرات کے لئے بردبائین ۳x اعلیٰ دوا ہے (ڈاکٹر سوکارکر)

۸۔ ٹیوکریم دو طاقت میں ناک اور گلے کے غدودوں کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔

۹۔ ڈاکٹر کینٹ نے سو فیصد ناک اور گلے کے غدودوں کی تکالیف کو صرف ٹیوبرکولینم سے شفایاب کیا ہے۔

ناک کے غدودوں کا خارجی علاج
ADENOIDS EXTERNAL TREATMENT

ہائیڈرراسٹس مدر ٹنکچر کے دس گرام، ساٹھ گرام گلیسرین میں ملالیں اور اس میں روئی تر کرکے ناک میں رکھیں یہ مفید ثابت ہو گی۔

پیاس کا نہ ہونا
ADIPSIA

۱۔ پیاس مکمل طور پر نہ ہو، کھٹی چیزوں کی خواہش کرے،

فیرم ایسی ٹیکم۔

۲۔ پیاس کا متواتر ضیاع ۔ " لیڈم "۔

۳۔ نہ پیاس ہو اور نہ ہی بھوک ، غذا کا خیال کرنے سے بے سکونی " سارساپریلا "

دوا استعمال کرانے کا طریقہ
ADMINISTRATION OF MEDICINE

۱۔ سیال دوا کے ایک یا دو قطرے فی خوراک کے حساب سے ایک چمچ پانی میں ڈال کر مریض کو پلائے جائیں۔

۲۔ تین سے پانچ عدد چھوٹی گولیاں یا دو سے پانچ گرین پوڈر خشک حالت میں زبان پر رکھنا چاہیئے یا ایک چمچ پانی میں حل کر کے پلانا چاہیئے۔

مندرجہ بالا طریقہ کے بجائے دس قطرے سیال دوا چار اونس ڈسٹل واٹر میں یا پوڈر کے دس گرین پانی کی کچھ مقدار میں ملا کر سلوشن تیار کر لیا جائے اور اس میں سے کھانے کا ایک چمچ فی خوراک بڑوں اور چائے کا ایک چمچ فی خوراک بچوں کو پلایا جائے۔

۳۔ دوا کا سلوشن اچھی طرح حل شدہ ہونا چاہیئے اور استعمال سے قبل اچھی طرح جھٹک لینا چاہیئے۔

۴۔ حاد حالتوں میں چھوٹی طاقتیں یا تیس طاقت دوا کو بار بار دہرانا چاہیئے۔

۵۔ حاد حالتوں ، بخار ، اعصابی درد وغیرہ میں دوا ہر گھنٹے بعد یا کم و بیش وقفہ سے نوعیت کے مطابق استعمال کرانی چاہیئے۔

۶۔ مزمن حالتوں میں دوا کی ایک سے چار خوراکیں دینی چاہئیں۔

۷۔ دوا کا استعمال خالی پیٹ کرانا بہت بہتر ہوتا ہے یا کھانے سے آدھا گھنٹہ قبل یا ایک گھنٹہ بعد دوا استعمال کرانی چاہیئے۔

۸۔ بچوں کے لئے دوا کی خوراک دو قطرے یا دو چھوٹی گولیاں اور بہت چھوٹے معصوم بچوں کے لئے آدھا قطرہ یا آدھی گولی فی خوراک استعمال کرانی چاہیئے۔

۹۔ وہ لوگ جو کافی پینے کے عادی ہوں یا سگریٹ پیتے ہوں۔ ان کو دوا

اس کے فوراً پہلے یا فوراً بعد استعمال نہیں کرنی چاہیئے بلکہ آدھے گھنٹے کا وقفہ کر کے لینی چاہیئے۔

AFFECTIONS AFTER SUPPRESSIONS OF SKIN TROUBLES

جلدی تکالیف کے دب جانے کے بعد کی بیماریاں

جلدی خارش یا مزمن جلدی تکلیف کے دب جانے کے بعد اگر کوئی بیماری پیدا ہو جائے تو "کاسٹی کم"۔

AFRAID OF BEING ALONE

اکیلا رہنے سے خوف

سیپیا۔ موازنہ کریں فاسفورس سے۔ "نیز ملاحظہ ہو خوف اس کے مختلف عنوانات کے تحت"۔

AFTER PAINS

بچے کی پیدائش کے بعد کی دردیں

ڈاکٹر فرنگٹن کا کہنا ہے کہ کالوفائیلم اور زنتھا کھسائیلم بچے کی پیدائش کے بعد کی شدید دردوں کے لئے خاص طور پر مفید ہیں۔ جبکہ ڈاکٹر ہیرنگ خصوصاً ایسی عورتوں کے لئے جن کے ہاں کئی بچے پیدا ہو چکے ہوں اور تھکا دینے والی دردوں میں مبتلا ہوں "کیوپرم میٹ" کی سفارش کرتے ہیں۔

AGUE

ملیریا یا میعادی بخار

۱۔ واضح ملیریا یا میعادی بخار کے لئے "چائنا" مخصوص دوا ہے۔ سردی کے دوران ہر آدھے گھنٹے کے بعد دیں۔ جب بہت زیادہ متلی اور قے ہو تو "اپی کاک"۔ اور جب بہت زیادہ پسینہ درکار ہو تو "فاسفورک ایسڈ" دو یا زیادہ خوراکیں دینی چاہیئیں۔

۲۔ درجہ حرارت کو کم کرنے کے لئے "بیلا ڈونا" تمام دواؤں کی سردار ہے اس کے بعد جلسی میم کا درجہ آتا ہے اور پھر وریٹرم البم کا۔

۳۔ ڈاکٹر ایلن کا کہنا ہے کہ اونچے درجہ حرارت (۱۰۴ سے ۱۰۵ درجہ سنٹی گریڈ) کے لئے جس میں ذرہ بھر بھی کمی نہ ہوتی ہو اور مریض بخار سے مر رہا ہو تو "سلفر" دوا ہو گی۔

۴۔ کافی دیر رہنے والی حرارت جس کے ساتھ ہڈیوں میں درد، متلی اور قے پائی جائے: "یوپے ٹوریم پرف"۔

۵۔ شدید کافی دیر رہنے والی حرارت جس کے تھ بہت زیادہ پیاس پائی جائے: "نکس وامیکا اور سکیل کار"۔

۶۔ دق کے بعد بہت زیادہ بخار کی صورت میں "بپ ٹیشیا" عمدہ دوا ہے۔

۷۔ بہت زیادہ اسہال اور قے کی طرف رجحان، تھکاوٹ اور کمزوری، سردی اور ٹھنڈا پسینہ آنا۔ "وریٹرم البم"۔

۸۔ بخار کے دوران صفراوی قے، صبح کے وقت سردی کے احساس سے قبل پیاس، ہڈیوں میں درد، بخار شروع ہونے کے بعد پسینہ آئے "کیپ سی کم ۶ طاقت"

۹۔ متواتر بخار جس کے ساتھ کمزوری ہو، زبان پہ زرد رنگ کی چپکیلی گاڑھی تہہ جمی ہوئی ہو، ذائقہ کڑوا، بھوک ندارد، "چائنا آرس ۲۰۰ طاقت، دو گھنٹے کے وقفے سے بخار سے قبل۔

تکلیف میں اضافہ AGGRAVATION

بعض تکالیف میں اضافہ چند حالتوں میں ہوتا ہے۔

۱۔ تمام تکالیف میں حرکت سے اضافہ "برائی اونیا"

۲۔ تھوڑی سی غذا کھانے یا پینے کے بعد اضافہ، "سٹافی سیگیریا"۔

۳۔ ذہنی مشقت سے اضافہ۔ "نیٹرم کارب"۔

۴۔ مزمن دمہ میں مرطوب موسم سے اضافہ۔ "نیٹرم سلف"۔

۵۔ گرم سے ٹھنڈے مرطوب موسم میں تبدیلی سے اضافہ، "ڈلکامارا"۔

۱۰۔ سردرد، تمام جوڑوں میں درد، پیاس سردی کے احساس کے ساتھ یا اس سے قبل۔ "سائیمیکس ۳۰ طاقت"۔

ہوائی حملے کا ڈر اور خوف AIR RAID ANXIETY AND FEAR

آرجنٹم نائیٹریکم، آرنیکا اور اگنیشیا علامات کے مطابق استعمال کرائیں۔

ہوائی سفر میں تکلیف AIR SICKNESS

جو لوگ ہوائی سفر کے عادی نہیں ہوتے وہ جہاز

کے اوپر نیچے حرکت کرنے کی وجہ سے تکلیف میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ان کو سفر سے قبل "بورکیس ۳۰ طاقت" کی تین چار خوراکیں دینی چاہیئیں۔ بے سکونی کے آثار ظاہر ہونے پر بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ دوسری ادویہ "نکس وامیکا" یا "پٹرولیم" بھی ہوائی جہاز کے سفر سے قبل استعمال کی جا سکتی ہے۔

ALBUMIN IN URINE

پیشاب میں البیومن آئے

۱۔ ایپس ملی فیکا۔ اگر حمل کی صورت میں بھی البیومن آئے تو استعمال کی جا سکتی ہے۔

۲۔ پیشاب کم مقدار میں آئے۔ تمام جسم پر پانی پڑ جانے کی سی سوجن پائی جائے اور پیشاب میں البیومن کا اخراج ہوتا ہو۔ "ہیلی بورس"۔

۳۔ ٹائیفائیڈ کے دوران یا بعد پیشاب میں البیومن کا اخراج ہوتا ہو تو:
"فاسفورک ایسڈ"۔

۴۔ پیشاب میں البیومن کی مقدار کو کم کرنے کے لئے روزانہ تین مرتبہ پانچ قطرے کی خوراک پانی میں ڈال کر لیں۔ TR CARSPHYLLUS 3X

ALBUMINURIA INFLAMATION OF KIDNY

پیشاب میں البیومن کی موجودگی اور گردے متورم

۱۔ پیشاب زرد اور زیادہ مقدار میں جس کے ساتھ البیومن کا اخراج ہو یا بہت کم مقدار میں جس کے ساتھ متلی اور معدے میں درد ہو۔ AUR-C کے دس قطرے خوراک کھانے سے قبل اور رات کو سوتے وقت۔

۲۔ گردے بہت زیادہ متورم، پیشاب کم مقدار میں خون ملا یا بہت زیادہ البیومن کا اخراج۔ "کینتھرس" تازہ تیار کی ہوئی۔

۳۔ حمل کے دوران پیشاب میں البیومن کا اخراج ہوتا ہو۔ "ہیلونیاس"۔

۴۔ پیشاب بہت کم مقدار میں، گہرے رنگ کا جلن کے ساتھ جس میں بہت زیادہ CASTS پائے جائیں۔ "ایپس" موازنہ کریں کالمیا سے۔ "نیز دیکھئے گردے کی خرابیاں اور پیشاب البیومن والا اور دیگر CASTS"۔

الرجی ALLERGY

الرجی ایک غیر معمولی حالت ہے جو کسی چیز سے خاص آدمی میں بیش حساسیت کی وجہ سے پائی جاتی ہے مثلاً ایک چیز عام آدمیوں کے لئے نقصان دہ نہیں ہوتی لیکن کوئی آدمی جو اس سے زیادہ حساس ہوتا ہے اس کے لئے تکلیف کا باعث ہوتی ہے۔ مثلاً مچھلی، انڈے کی سفیدی، بیری اور مختلف غذائیں۔ اس میں چھپاکی، متلی، قے، درد، اسہال، آدھے سر کا درد، دمہ کے دورے اور دیگر بہت سی اقسام کی علامات کا پیدا ہونا۔ بہت سی دوائیں جو کہ لوگوں کی اکثریت کے لئے قابل برداشت ہوتی ہیں جبکہ مخصوص تعداد کے حساس لوگوں میں یہ زہریلے اثرات پیدا کر دیتی ہیں۔

الرجی کے لئے جو ادویہ عام طور پر استعمال ہوتی ہیں درج ذیل ہیں۔

۱۔ کسی درخت کی خوشبو سے الرجی ہو۔ "پٹروسیلنیم ۳۰"۔

۲۔ دمہ جو پروٹین والی چیزوں خصوصاً انڈے کھانے سے ہو۔ "انڈے کی سفیدی کی خوراکیں بار بار دہرائیں"۔

۳۔ زرد بخار (HAY FEVER) کے لئے (امبروشیا آرٹیمیشیا پوٹنسی کی صورت میں)

۴۔ گندم سے الرجی جو ایگزیما کا سبب بنے۔ "سورانیم"۔

۵۔ STRAWBARRY سٹرابیری سے الرجی۔ جس کی وجہ سے چھپاکی ہو۔ بعض اوقات سانس لینے میں دقت ہوتی ہے جیسے چھاتی پر بوجھ رکھا ہوا ہو۔ FRAGARIA VESCA

۶۔ چینی یا گنے سے الرجی۔ "سکھارم آف"۔

۷۔ دودھ سے الرجی جس کے سبب چھپاکی ہو۔ "آرٹیکا یورینس"۔

۸۔ انڈوں، نشاستہ، دودھ، شہد، پیاز، گندم اور حیوانانی اغذیہ سے الرجی ہو۔ "نیٹرم میور"۔

۹۔ انڈوں سے الرجی ہو۔ "فیرم میٹ"۔

۱۰۔ بال رنگنے سے الرجی جو ایگزیما کا سبب بنے۔ پروں والی چیز سے اور چاکلیٹ سے الرجی۔ ایک مریض جو کہ پروں کا سرہانہ استعمال کرتا تھا اس کا زرد بخار سلفر سے شفایاب ہوا۔ حیواناتی پکی ہوئی غذا سے الرجی "سلفر"۔

۱۱۔ عام الرجک بیماریوں جو جلد، بلغمی جھلیوں اور دوسرے حصوں خصوصاً پھیپھڑوں پر اثر انداز ہونے کی صلاحیت رکھتی ہوں "آرجنٹم نائیٹریکم"۔

۱۲۔ ٹیوبر کولینم اور سلفر ایسی الرجی کے لئے جو دودھ، دودھ سے بنی ہوئی چیزوں، انڈوں اور حیوانالی پکی ہوئی اغذیہ وغیرہ سے ہو۔ تمام دواؤں کی سردار ہیں۔ پہلے ٹیوبر کولینم ۲۰۰ طاقت میں دینی چاہیئے۔ اگر ہفتہ وار دو خوراکوں سے خاطر خواہ فائدہ نہ ہو تو سلفر ۲۰۰ طاقت میں ایک خوراک ہر ہفتے دینی چاہیئے۔ اگر اس پوٹنسی سے مطلوبہ نتیجہ حاصل نہ ہو تو اس کی ایک ہزار طاقت ایک یا دو خوراکیں ہر چودہ دن بعد دینی چاہیئے۔

۱۳۔ اینٹی بائیٹک دواؤں کے بد اثرات کی وجہ سے الرجی "سلفر"۔

۱۴۔ اگر کھانے کے بعد تمام جسم کے سبدرٹشوز میں اوڈیما یعنی پانی پڑ جانے جیسی سوجن پیدا ہو جائے۔ اور اس کے ساتھ جسم پر سرخی، جلن، ڈنگ لگنے جیسی چبھن ہو اور جلد پہ چھپاکی کی مانند سوجن ہو جس کے ساتھ سرخ اور سفید رنگ کے دائرے پائے جائیں۔ "ایپس ملی فیکا ۲۰۰ طاقت"۔

الرجی جلد کی

ALLERGY SKIN

جلدی الرجی کے لئے کوئی بھی صحیح علاج خواہ یہ چھپاکی ہو، الرجک جلدی ورم ہو، اوڈیما ہو متعلقہ مریض کی قوتِ مدافعت کو اُبھارنا ضروری ہوتا ہے۔ خواہ الرجی پیدا کرنے والے عناصر کے متعلق علم ہو یا نہ ہو۔

جب جلدی الرجی میں حرارت سے اضافہ ہو تو ایپس کے متعلق غور کرنا چاہیئے اور جب یہ سردی یا ٹھنڈک سے بڑھ جائے تو آرسینکم البم کو ذہن میں رکھیں۔ جب الرجی الکوحل والی چیزوں مشروب وغیرہ پینے کا نتیجہ ہو تو "کلوریٹم"

استعمال کریں۔ جب مرطوب موسم اس کا سبب ہو تو ڈلکا مارا استعمال کریں۔ اس کے علاوہ آرٹیکا یورنس ۶، نیٹرم فاس ۶x، ۶x اور نیٹرم سلف ۶x بھی عموماً استعمال ہوتی ہیں۔

اینٹی بائیٹک کے خلاف الرجک ردعمل۔ "سلفر"۔

الرجک زکام

ناک، گلے یا سانس کی نالی میں ٹھنڈک، صبح کے وقت نے کام جس کے ساتھ شدید چھینکیں آئیں۔ ناک سے متواتر جلن پیدا کرنے والا پانی کی مانند اخراج جو اوپر کے ہونٹ اور دونوں نتھنوں کو اس وقت تک جلاتا رہے۔ جب تک کہ ان میں سرخی اور زخم پیدا نہ ہو جائیں۔ سر اور پیشانی میں درد، مریض ہر سال اگست کے مہینہ میں ایسے زکام میں مبتلا ہوتا ہو۔ "ایلیم سیپا"۔

کثرتِ شراب نوشی کے فتور
ALCOHOLISM

۱۔ شراب نوشی کے اثرات مثلاً معدے کی خرابی، بے چینی، سر چکرانا وغیرہ۔ "نکس وامیکا"۔

۲۔ شراب نوشوں کی قوت مدافعت کی کمزوری، قوتِ ارادی کے خلاف پینے سے انکار کرنے کے ناقابل۔ تھوڑی سی مقدار میں بھی اگر زیادہ پی لے تو قے ہو جائے۔ "پٹرولیم"۔

۳۔ شراب کی خواہش کرے، مریض زرد ٹھنڈا اور کانپتا ہو، تھوڑی سی مقدار میں بھی غذا برداشت نہ کر سکے۔ "سلفیورک ایسڈ"۔

گنجا پن
ALOPECIA

۱۔ سر میں خارش اور بالوں کا گرنا، نئے بال اگاتی ہے۔ "ایسڈ فلورک"۔

۲۔ بال گچھوں کی شکل میں گریں اور گنجے پن کے ساتھ داغ چھوڑیں۔ آنکھوں کی پلکوں کے بال بھی گر جائیں۔ "ایلو"۔

۳۔ گنجا پن خصوصاً کھوپڑی کا نوجوان لوگوں میں، کھوپڑی چھونے سے ذکی الحس۔

"برائنا کارب"۔

۴۔ بالوں کا گرنا کنگھی کرنے سے خصوصاً بیماری کے بعد اور دودھ پلانے کے زمانہ میں بہت زیادہ سکری۔ "کینتھرس"۔

۵۔ قبل از وقت گنجاپن۔ "سیلیشیا"۔

۶۔ واحد نشان سے بال گریں اور وہاں سفید بال پیدا ہوں۔ "دنکا مائیز"۔

گنجاپن گول دائرے میں
ALOPECIA AREATA

۱۔ سر میں گنج کے نشانات جو ایک پیسہ کی سائز کے ہوں، کھوپڑی پر گومڑ، پہلے بلیسی لینیم دیں۔ اس کے بعد ٹیوبر کولینیم اور آخر میں تھوجا ۳۰ دیں۔

گرمی اور سردی کے احساس کا ادلنا بدلنا
ALTERNATION OF HEAT AND COLD FEELING

مریض ایک دم گرمی محسوس کرتا ہے تھوڑی ہی دیر بعد سردی کا احساس ہوتا ہے اور پھر گرمی کا اور اسی طرح یہ سلسلہ جاری رہتا ہے۔ "مرک سال"۔

حیض کا بند ہو جانا موٹی لڑکیوں میں
AMENORRHOEA IN FAT GIRLS

۱۔ خصوصاً نوجوان دموی مزاج لڑکیوں میں "اکونائٹ"۔

۲۔ ڈاکٹر جہار "پلاٹینا" کی سفارش کرتے ہیں جو بہت جلد اثر کرتی ہے۔

۳۔ جب ایسی حالت میں تشنج اور لیکوریا بھی موجود ہوں تو "کاکولس" مفید دوا ہے۔

۴۔ بہت ہی کم وقفہ کے لئے بہت سست رفتار اور بہت کم مقدار میں "پلساٹیلا"۔

حیض کا بند ہو جانا ڈراپسی میں
AMENORRHOEA IN DROPSY

ڈراپسی کی حالتوں میں حیض اور رحم اپنے افعال سرانجام دینے میں ناکام ہو جاتے ہیں اور ماہواری کا بند ہو جانا ڈراپسی کی حالت میں پایا جاتا ہے کمزوری کی حالت میں اعصابی ہیجان کا پایا جانا۔ "اپوسائی نم کین"۔

AMPUTATION NEURITIS

کسی عضو کو کاٹنے کے بعد اعصابی ورم

۱۔ جراحت کے بعد اعصابی ورم جو عموماً ٹنٹھ میں ہوتا ہے کے لئے "ایلیم سیپا" بہت مفید دوا ہے۔

۲۔ پاؤں کاٹنے کے بعد جب چیرنے والی اور ٹانکے لگنے کی سی دردیں پائی جائیں جو رات کو بستر میں بڑھیں۔ "امیونیم میور"

۳۔ کسی عضو کے کاٹ دینے کے بعد کی تکلیف کو دور کرنے کے لئے "ہائپیریکم" اندرونی اور بیرونی استعمال کریں۔ ہائپیریکم آپریشن کے بعد مارفیا کی جگہ کام کرتی ہے۔

ANAEMIA GENERAL WEAKNESS

کمیٔ خون ۔ عام کمزوری

۱۔ گردن سوکھی ہوئی، رخسار پچکے ہوئے، عام کمزوری، اعصابی تھکاوٹ یا چڑچڑاپن کمیٔ خون کا سبب رقیق، مادوں کا ضیاع، حیض کی بے قاعدگیاں، مادہ منویہ کا ضیاع، غم یا دوسری ذہنی بیماریاں، کمزور ہوتے چلے جانا جبکہ مریض اچھا کھاتا پیتا ہو، عام پیلاپن، سانس اور نبض کی رفتار میں تیزی، وزن کا گھٹتے جانا اور دھڑکن دار دردِ سر۔ "نیٹرم میور"

۲۔ کمیٔ خون میں تغذیہ کی کمی کی حالتوں میں خصوصاً تلی کی خرابی سے کمیٔ خون میں "رہ بیا" ۱۰ قطرے کی خوراک کے حساب سے دینی چاہیئے۔

ANAEMIA IN INFANTS

کمیٔ خون شیرخوار بچوں میں

۱۔ دبلے پتلے بچے جن کا رحجان سوکھے پن کی طرف ہو۔ "سلیشیا" ۸ گھنٹے کے بعد ایک خوراک دینی چاہیئے۔ "نیز دیکھئے بچوں کا سوکھا پن مختلف عنوانات کے تحت"

۲۔ ہڈیوں کی کمزوری کی وجہ سے خون کے سُرخ ذرات کم بنتے ہوں اور کمیٔ خون دن بدن بڑھ رہی ہو۔ "پکرک ایسڈ"

۳۔ بہت زیادہ مقدار میں اور کمزور کر دینے والا پسینہ جو نیند کے دوران

آئے ۔ " چائنا "۔

۴۔ کمزور کر دینے والی بیماریاں یا جریان خون انیمیا کا سبب ہو" چائنا"

ہر چار گھنٹے بعد ۔

۵۔ بخار کے بعد کمئی خون جبکہ مریض کا رنگ پیلا پڑ جائے ، بازو اور ٹانگیں متورم ہوں ۔ " فیرم میٹ "۔ فیرم الیسٹیکم کمئی خون کے لئے مخصوص دوا ہے اس کو ایک ہزار طاقت یا ایک لاکھ طاقت میں دینا چاہیئے ۔

کمئی خون ، چہرہ پھُولا ہوا
ANAEMIA FACE BLOATED

۱۔ مریض پیلا اور کمزور دکھائی دے ۔ چہرہ پھولا ہوا ، آنکھوں کے گرد یا تمام چہرے پر ورم ۔ " فاسفورس "۔

۲۔ آنکھوں کے اوپر کے پپوٹے متورم ۔ " کالی کارب "۔

۳۔ آنکھوں کے نچلے پپوٹے متورم ۔ " ایپس "۔

کمئی خون مہلک
ANAEMIA PERNICIOUS

۱۔ بہت کمزوری اور تھکاوٹ ، انتہائی پریشانی ، بہت زیادہ استسقائی حالت ۔ کھٹی چیزوں کی بہت زیادہ خواہش اور بھوک ، بہت تیزی کے ساتھ جسم کا بہت کمزور ہوتے چلے جانا ۔ کمئی خون خواہ ملیریا کی وجہ سے ہو یا زہریلے اثرات سے ۔ " آرسینکم البم " ۔ مہلک کمئی خون میں اول درجے کی دوا ہے ۔ یہ سبز بھس کے علاج میں قیمتی ادویہ میں سے ایک ہے ۔

۲۔ مہلک کمئی خون ۔ بہت زیادہ کمزوری اور کپکپی ۔ زبان درمیان سے خشک جنسی بیماریوں کی وجہ سے مزاجی بحران ۔ جسم کے دائیں نصف حصے کی جلد بہت زیادہ ذکی الحس ۔ " کرد ٹیلس "۔

۳۔ کمئی خون معدے اور آنتوں کی تکالیف سے ، عیاشانہ عادات ، عیاش پسندی اور آرام پسندی کا رہن سہن ۔ " نکس وامیکا "۔

۴۔ سن بلوغت کو پہنچنے پر لڑکیوں میں کمئی خون ، حیض جلد ، کم وقت کے

لئے اور بہت تھوڑی مقدار میں، زردی اور اس کے بعد تھکاوٹ اور کمزوری، غیر منہضم چیزوں کی خواہش۔ "ایلومینا"۔

۵۔ مہلک کمیٔ خون کے لئے جب کہ نیند کے دوران کمزور کر دینے والا پسینہ آتا ہو۔ "چائنا"۔

۶۔ ہسٹیریائی درد سر۔ چہرے پر بھورے رنگ کے داغ، بازوؤں اور ٹانگوں میں خراشدار درد، قبض، ہاتھوں اور پاؤں کا ٹھنڈا ہونا، پاؤں اور ٹخنوں پر سوجن، "سیپیا" ایک خوراک رات کو اور ایک صبح۔

۷۔ اعصابی کمزوری بوجہ مادہ منویہ کے ضائع ہو جانے کے، بہت زیادہ غم، پسینہ یا لیکوریا کے لئے۔ "فاسفورک ایسڈ"۔

کمیٔ خون سوتی کیڑوں کے ساتھ
ANAEMIA WITH THREAD WORMS

مریض کے پیٹ سے سوتی کیڑے خارج ہوتے ہوں۔ وقفے وقفے سے بھوک لگے۔ پیشانی میں درد، پیٹ میں درد، چکر، دودھ سے نفرت اور گوشت اور مٹھائی کی خواہش۔ "سلفر"۔

قوت لامسہ کا فقدان خصوصاً کلوروفارم
ANAESTHESIA SPECIALLY CHLOROFORM

اثرات کو زائل کرنے کے لئے۔ "فاسفورس"۔

تمام جسم کے ٹشوز اور جلد کے درمیان پانی پڑ جانا
ANASARCA

ایسے لوگوں کے جسم پھول جاتے ہیں اور قے ہوتی ہے۔ پانی پیتا ہو اور ساتھ قے ہو جائے۔ جو کچھ کھاتا ہو وہ بھی قے کے ذریعے نکل جاتا ہے۔ پیٹ کے اوپر کے حصے میں اور چھاتی میں بوجھ کا احساس ہوتا ہے۔ سردی سے تکلیف میں اضافہ "اپوسائی نم" نیز ایپس سے موازنہ کریں جس میں گرمی سے اضافہ ہوتا ہے۔

شریان کا پھولنا
ANEURISM

۱۔ بائیں جانب لیٹنے پر دل کی شدید اور کافی دیر تک رہنے والی تیز دھڑکن، جب چڑھائی میں جا رہا

ہو تو سانس پھول جائے ، بہت زیادہ کمزوری ۔ " برائٹا کارب "۔

۲۔ مندرجہ ذیل دو دوائیں مکمل شفایابی کے لئے دینی چاہئیں ۔

ا ۔ " کاربوا ینی میلس "۔

ب ۔ لائیکوپوڈیم ۔

ANGER COMPLAINTS FROM
غصہ سے ہونے والی تکالیف

۱۔ پیٹ کا قولنجی درد یا دوسری تکالیف جو غصے کے نتیجہ کے طور پر ہوں ۔

" کالوسنتھ "۔

۲۔ ایک دوسری دوا جو غصہ کے اثرات بد کے لئے مفید ہے " سٹافی سیگریا "

۳۔ جب اس کو اپنے غصے کا انتقام نہیں ملتا تو کانپتا ہے وہ اپنا غصہ ٹھنڈا کرنے کے لئے کسی سے لڑنے کی پوری کوشش کرتا ہے ۔ " آرم فولی ایٹم "۔

۴۔ ہلکی سی تردید یا مخالفت کرنے سے غصہ ۔ " نکس وامیکا ، آرم میٹ "۔

۵۔ بچوں میں غصہ جس کے نتیجہ میں اسہال ، کھانسی یا تشنج ہوں ۔ جھگڑالو بچے کو " کیمومیلا سی ۔ ایم ،، کی ایک خوراک ہر چودہ دن بعد دیں ۔

ANGER OF CHILDREN
بچوں کا غصہ

بچہ بدمزاج اور بے چین ، بچہ بلا وجہ چلاتا ہے ۔ کبھی ایک چیز مانگتا ہے کبھی دوسری اور جب اس کو دی جاتی ہے تو دور پھینک دیتا ہے ۔ جب بچے کو اٹھائے پھرا جائے تو خاموش ہو جاتا ہے ۔ بچہ چڑچڑا ۔ " کیمومیلا " بچوں کی بدمزاجی اور دوسری علامات کے لئے بہت عمدہ دوا ہے ۔ دوسری ادویہ جن میں بچوں کا ایسا ہی غصہ پایا جاتا ہے لیکن ہمیشہ ہی اٹھائے پھرنے سے سکون نہیں ہوتا وہ " اکونائٹ ، برائی اونیا ، کالوسنتھ ، لائیکو اور نکس وامیکا ،، ہیں ۔

ANGINA PICTORIS PALPITATION AND PAIN
دِل کا شدید درد ۔ دھڑکن تیز

اعصابی تشنجی ، تیز دھڑکن ، دل کے گرد سکیڑنے والی دردیں " میگنیشیا فاس "۔

۱۔ جب دل کا فعل اچانک رک جائے اور مریض بے ہوش ہو جائے ، نبض

کمزور اور نرم، گھٹن ہونے ہی والی ہو "سی سی فیوگا" "اکٹیا ریسی اور کیکٹس گرینڈی فلورس"۔

۲۔ چھاتی کی بائیں جانب اچانک اور ہولناک درد جو دل سے بائیں بازو کو جائیں "کریٹیگس" اعلیٰ دوا ہے اور یہ دل کی تکالیف کا ٹانک ہے۔

۳۔ شدید دورہ جس میں دل کا فعل تیز اور ہنگامہ خیز ہو، سانس تکلیف دہ چہرہ سرخ، دھڑکن تیز۔ ایسی حالتوں کو "ایمائل نائیٹریٹ" شفایاب کر دیتی ہے تین قطرے روئی پر ڈال کر سونگھنے سے بھی استفادہ ہوتا ہے۔

۴۔ دل میں درد جس کے ساتھ جوڑوں میں درد کی علامات پائی جائیں اس کے لئے "اکٹیا ریسی"۔

۵۔ اگر کوئی عضوی بیماری موجود ہو جس کی وجہ سے دل کے پٹھے کمزور ہو جائیں "آرسینک آیوڈائیڈ 3 x" طاقت میں رات کے وقت اور صبح کو کھانے کے فوراً بعد۔

۶۔ درد دل کی شفایابی کی عمدہ دوا "کیوپرم ایسٹیکم"۔

۷۔ دل کی جھلی (پیری کارڈیم) کا شدید درد جو بغل سے ہوتا ہوا پورے بازو اور انگلیوں تک جائے اور بازو کو سُن کر دے۔ نبض کمزور اور تیزی کے ساتھ چلے۔ چھاتی سے پیٹ تک کھچاؤ اور دل ڈوبنے کا احساس ہو۔ یہ دوا "نائیٹروگلیسرین کی مانند کارگر ثابت ہوتی ہے "لیکٹروڈکٹس"۔

۸۔ ڈاکٹر ڈیو بونن کا قول ہے کہ "نائیٹروگلیسرین" (گلونائین) کی چھوٹی طاقتیں ہومیوپیتھک ڈائیلوشن میں دل کی نالیوں کو کھولنے اور خون کے دوران کو بحال کرنے کی حیران کن صلاحیت کی حامل ہیں

۹۔ ہنسلی کی ہڈی کی جڑ میں دونوں اطراف شدید درد جو گردن اور بازوؤں تک پھیلے، نبض بے قاعدہ، دل کے بند ہونے کی طرف رجحان، تیز دھڑکن اور دل میں تیز چبھن دار درد، نبض بے قاعدہ یا بھری ہوئی جس میں ہلکی سی حرکت سے

بھی اضافہ ہو۔ "سپائی جیلیا"۔ (ڈاکٹر ڈیوی)

۱۰۔ دل کی فعلی بے قاعدگیاں جو اعصاب کی فعلی خرابی کی وجہ سے ہوں۔ بائیں بازو کا سن ہو جانا، دل کا فعل اچانک رُک جائے اور گھٹن ہونے لگے۔ اعصابی خرابیاں، گنٹھیا اور دل کی تکلیف کے ساتھ ملی ہوئی ہوں۔ "اکٹیا ریسی مؤسا"۔

۱۱۔ جب درد بغل اور نیچے بائیں بازو میں جائے، سانس پھول جائے، خون کا دباؤ کم (لو بلڈ پریشر) ہو جائے تو یہ دوا مفید ہے۔ "کیکٹس گرینڈی فلورس"۔

۱۲۔ اذیت ناک درد اور بے سکونی اینٹھن سے پیدا ہو یا دل کو خون پہنچانے والی شریان کے سکڑنے کی وجہ سے۔ "ارگٹ"۔

ANGINA PECTORIS STITCHES

دردِ دل چُبھن کے ساتھ

دل کے حصے میں چُبھن، حرکت سے تکلیف میں اضافہ۔ "برائی اونیا"۔

ANKLES ULCERS

ٹخنوں پر زخم

ٹخنوں کے گرد اور ٹانگوں کے نچلے حصے میں زخم وغیرہ "سورائینم"۔

ANKLES SWOLLEN

ٹخنے متورم

۱۔ ایپس۔ ہر چار گھنٹے بعد۔

۲۔ جب ٹخنوں میں پرانی موچ ہو جس کی وجہ سے ٹخنے متورم ہوں۔ "سٹرونشو نائین"۔

ANKLES WEAKNESS

ٹخنوں کی کمزوری

۱۔ ٹخنے کمزور اور ان کو آسانی سے موڑا جا سکے خصوصاً بچوں میں جو چلنا دیر سے سیکھیں۔ "نیٹرم میور یا سلیشیا"۔

۲۔ پیلے رنگ کے بچے۔ "کلکیر یا کارب"۔

۳۔ کمزور اور سوکھیا میں مبتلا بچے۔ "سلیشیا"۔

۴۔ تمام قسم کے بچوں کے لئے۔ "کلکیر یا فاس"۔

ANNOYANCE

برہمی

۱۔ ہلکی سی مداخلت برہمی کا سبب بنے۔ "کاکولس"۔

۲۔ شور یا روشنی سے برہم ہو۔ "آرسینکم البم"۔

۳۔ معمولی سی بات برہمی کا سبب بنے۔ "کونیم"۔

۴۔ اگر برہمی کے بعد سردی، زکام، قے یا اسہال شروع ہو جائیں۔

"برائی اونیا، ورییٹرم البم یا نکس وامیکا۔"

۵۔ اگر برہم ہونے کے فوراً بعد کھانے اور پینے کا ذائقہ کڑوا ہو، سردرد کھانسی یا قے ہو جائے۔ "کیمو میلا۔"

۶۔ چہرے پر کبھی بھی مسکراہٹ نہ ہو، ہر وقت بدمزاجی کا طوفان برپا ہے شدید برہمی کی حالت ہو۔ "ٹیوبر کولینم۔"

دافع بیکٹیریا، اینٹی بائیٹک

ہومیوپیتھی میں "پائیروجینیم" بہت بڑی اینٹی بائیٹک دوا ہے خصوصاً عفونتی بخار اور پرسوت کے بخار میں، تمام اخراج بہت زیادہ متعفن مثلاً حیض، بچے کے پیدائش کا اخراج رحم، لیکوریا، اسہال، قے، پسینہ اور سانس وغیرہ سب متعفن ہوتے ہیں پھوڑں میں شدید درد اور جلن ہو تو اس کو استعمال کرنا چاہیئے اس دوا کو خون کے زہر آلود ہونے میں بھی استعمال کرنا چاہیئے۔ جبکہ یہ اسقاط حمل کے بعد ہوا ہو۔ یہ اس صورت میں بھی استعمال کی جاسکتی ہے جبکہ کسی دوا کا اثر بہت کم اور غیر واضح طور پہ ہو رہا ہو۔ اس کی چند خوراکیں ہفتہ وار ۲۰۰ طاقت میں دینی چاہئیں اور اس کو بار بار دہرانا نہیں چاہیئے۔

تریاق ANTIDOTE

۱۔ الکوحل کی۔ "اگاری کس۔"

۲۔ کلوروفارم کی تریاق۔ "فاسفورس۔"

۳۔ سیسے اور سوڈے کے زہریلے اثرات کے لئے۔ "کالوسنتھ۔"

۴۔ پارے اور اس کے زیادہ استعمال کے لئے۔ "آرم میٹ۔"

۵۔ کونین کے اثرات بد کی تریاق۔ "اپی کاک۔"

۶۔ محرکات مثلاً شراب، کافی، چائے اور دیگر ایسی ہی اشیاء کے لئے "نکس وامیکا۔"

اسپرین کا تریاق۔ "میگنیشیا فاس اور اینٹی پائیرین۔"

۸۔ کول تار ڈرگ اور فیومز کی تریاق ۔ "کاربو ویج"۔

۹۔ ریڈیم جھل جانے کی صورت میں۔ "کیڈمیم آیوڈائیڈ اور فاسفورس"۔

اینٹی بائیٹک۔ "سلفر"۔

۱۰۔ المونیم کے زہر کی تریاق ۔ "کیڈمیم اوکسائیڈ"۔

۱۱۔ انسولین کی تریاق ۔ "انسولین"۔

انٹی سپٹک
ہومیوپیتھی میں کیلن ڈولا، ڈیٹول کا کام کرتی ہے۔ اس کے مدر ٹنکچر کا ایک حصہ گرم پانی کے چھ حصوں میں ملا کر کھلے زخموں وغیرہ کے لئے استعمال کرنا چاہیئے۔ یہ درد کو کافی حد تک کم کر دیتی ہے اور زخموں کو شفایاب کرنے میں مفید ثابت ہوتی ہے۔ ڈاکٹر کینٹ کا کہنا ہے کہ بیرونی چوٹیں اور زخم اس دوا سے خوبصورتی کے ساتھ شفایاب کئے جا سکتے ہیں

انٹی سورک
سلفر سورا کے اثرات کو ختم کرنے اور جسم میں ردعمل کو تیز کرنے کے لئے بہت عمدہ دوا ہے۔

انٹی سائیکوٹک
بعض اوقات سائیکوسس منتخب شدہ ادویہ کے عمل کی راہ میں رکاوٹ پیدا کر دیتا ہے اور ادویہ کو کام کرنے کا موقع نہیں ملتا۔ ایسی صورت میں ادویہ کے عمل کی راہ میں رکاوٹ دور کرنے کے لئے "تھوجا" بہت اہمیت کی حامل ہے۔

انٹی سفلیٹک
مرک سال۔

ANUS ABSCESS
مقعد کا پھوڑا
مقعد میں پر درد پھوڑا۔
"کلکیریا سلف"۔

ANUS CUTTING OF PILES
بواسیر کا آپریشن
بواسیر کے لئے مقعد کے آپریشن کے بعد کی دوا۔
"سٹافی سگیریا"۔

ANUS FISSURE
مقعد کا سوراخ
مقعد کے سوراخ میں پاخانہ کے دوران اور بعد تیز اور

کاٹنے والا درد، جس کے ساتھ قبض موجود ہو۔ " نائیٹرک ایسڈ" ہر چھ گھنٹے کے وقفے سے۔

۲۔ سوراخ مقعد میں آگ کی مانند جلن، پاخانہ بہت زور لگانے سے خارج ہو چاقو سے کاٹنے کی مانند درد پایا جائے۔ " رٹینہیا"

مقعد کی خارش
ANUS ITCHING

مقعد میں خارش جس سے مریض کی نیند اُچاٹ ہو جائے اور اس کی شدت مریض کو مایوسی میں بتلا کر دے۔ بار بار مقعد میں انگلی پھیرنے پر مجبور ہو۔ خارش اس قدر شدید ہو کہ وہ اس کو خارش کئے بغیر ایک لمحہ کے لئے بھی نہ رہ سکے۔ ٹھنڈی چیزیں لگانے سے خارش کو آفاقہ ہو جبکہ مرہم وغیرہ جلن کو بڑھا دے۔ " ایلو" مقابلہ کریں رٹینہیا سے۔

۲۔ مقعد میں شدید خارش اور رنگین۔ " اگنیشیا"

۳۔ بچوں میں مقعد کی خارش اور سرخی۔ " سلفر"

مقعد کا رسنا
ANUS OOZING

مقعد سے رطوبت خارج ہوتی ہو۔ " انٹی مونیم کروڈم" موازنہ کریں سیپیا سے۔

دماغی جریان خون کی وجہ سے اچانک بے ہوشی
APOPLEXY

۱۔ بے ہوشی جو اچانک ہو جائے اور جس کے ساتھ دل کی دھڑکن تیز جلد ٹھنڈی اور چکنی ہو، چہرے کے عضلات میں تشنج پایا جائے۔ " لاروسراسیس"

۲۔ پاخانہ اور پیشاب بلا ارادہ خارج ہوں، عضلات میں پھڑکن، کوئی چیز نگلنے کی نا اہلیت، زور دار چیخ کے ساتھ گر پڑے، چہرہ سرخ۔ " ہائیوسائیمس"

۳۔ اعضائے حرکی کا فالج اور مفلوج حصے سوکھتے چلے جائیں، بات چیت نامکمل اور توتلاہٹ کے ساتھ، زبان کا فالج۔ " کیوپرم میٹ"

۴۔ سکتہ جس کے ساتھ چہرہ سیاہی مائل اور سانس خراٹے دار ہو، بے ہوشی کے عالم میں پڑا ہو، نبض بمشکل چلے، خراٹے بھر رہا ہو، آنکھیں نیم وا اور ان

میں سرخی اور سوجن ۔" اوپیم" بہت اہم اور پہلی دوا ہوگی ۔ اس کو ۳۰ طاقت میں تین مرتبہ روزانہ دیں ۔

۵۔ اگر یہ بے ہوشی یا سکتہ دماغی کمزوری کی وجہ سے ہو تو دماغ کو طاقت دیتی ہے اور ایسی حالت کے دوبارہ اظہار کو روکتی ہے ۔" فارمیکا"

۶۔ ڈاکٹر ای ۔جی جونز گرم پانی میں فیرم فاس × ۳ طاقت میں استعمال کرنے کی سفارش کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ جریان خون پر قابو پا لیتی ہے اور مریض کی بے ہوشی کو بہت تھوڑے عرصہ میں ختم کر کے اس کو ہوش میں لاتی ہے ۔

۷۔ مکمل بے ہوشی ۔" ایپس ملی فیکا"

۸۔ چہرے کی سرخی جبکہ یہ سردی یا خوف کی وجہ سے ہو ۔" اکونائٹ"

۹۔ ڈاکٹر ڈبلیو۔ ایچ بٹلر کا دعویٰ ہے کہ اگر خون کا انجماد ہو جائے تو اس کو ختم کرنے کے لئے جادو نما اثر دکھاتی ہے ۔" آرنیکا"

۱۰۔ دماغی جریان خون کی وجہ سے اچانک بے ہوشی کا خطرہ یا دماغ میں اجتماع خون جبکہ سن ہونا، چکر آنا، سر درد، اور چہرے کی سرخی موجود ہو تو، "لیتھم کارب"

۱۱۔ بوڑھے لوگوں میں دماغی جریان خون کی وجہ سے اچانک بے ہوشی یا پھر اس کی طرف رجحان ۔" برائٹا کارب"

۱۲۔ پشت سر میں درد، پھٹنے کا احساس، مکمل بے حسی، کسی قسم کی ذہنی سمجھ نہ ہو، آنکھیں آدھی بند ہوتی ہوں، دماغ کا فالج، ہذیان ۔" اوپیم"

۱۳۔ شدید ذہنی ابتری جس کے ساتھ ورزش کے دوران چہرہ سرخ ہو، سر درد جو کہ پشتِ گردن سے اوپر کو آئے اور سر پہ پھیلے ۔" سٹرونٹیانا کاربونیکا"

۱۴۔ متواتر ذہنی بے خیالی، سر چکرانا جس کے ساتھ اجتماع خون ہو، دماغ کی گہرائی میں درد خصوصاً بائیں طرف جوڑوں کا سخت ہو جانا، چہرہ زرد اور پھولا ہوا۔ "لیکیسس"

۱۵۔ چہرے کی بہت زیادہ سرخی جس کے ساتھ سر میں اجتماع خون ہو، نبض بھری ہوئی اور تیز، پتلیاں پھیلی ہوئی۔ چھٹی طاقت میں دیں اور ہر پندرہ منٹ بعد دہرائیں جبکہ دورہ جاری ہو۔ " بیلا ڈونا۔ ۶ر"

۱۶۔ مکمل بے ہوشی کے لئے "ایپس" دیں جبکہ "اوپیم" ناکام ہو چکی ہو۔

APPENDICITIS ALSO SEPTIC

ورم زائدہ (اپنڈکس کا ورم) نیز متعفن

کسی ایک جگہ پر دباؤ پڑنے سے شدید دُکھن، کانی آنت اور کولہے کے درمیانی حصّہ میں خوفناک درد، فم معدہ میں مردنی کا احساس۔ "آئرس ٹنکس" ورم زائدہ کی مخصوص دوا ہے۔ موازنہ کریں "اکی نیشیا، بیلا اور لیکسیس سے۔

۱۔ علاج کا آغاز آئرس ٹنکس سے کرنا چاہیئے جو کہ اس کی مخصوص دوا ہے، درمیان میں اثر کو فعال بنانے اور مکمل شفاء کے لئے سلفر کی ایک آدھ خوراک ضرور دینی چاہیئے۔

۲۔ جب درد متواتر رہے اور مریض کسی وقت بھی افاقہ محسوس نہ کرے، انتڑیاں گیس سے بھری ہوئی ہوں جس کے ساتھ سخت کھچاؤ پایا جائے اور جس کو پیچھے کی جانب جھکنے سے آفاقہ ہو۔ "مدر ٹنکچر ڈائیسکوریا" گرم پانی میں پانچ قطرے دیں مریض کو سکون پہنچائے گی اور درد میں آفاقہ ہو جائے گا۔

۳۔ شدید درد جو کاٹنے والا، کھچاؤ پیدا کرنے والا ہو جس کو آگے کی جانب دوہرا ہونے سے اور دباؤ سے آفاقہ ہو۔ "کالوسنتھ"

۴۔ جب درد کا شدید حملہ ختم ہو جائے تو دوبارہ ایسے حملے سے بچاؤ کے لئے "لائیکو ۱۰۰۰ طاقت میں ہر پندرہویں روز یا ایک ماہ بعد دیں۔

۵۔ درد، بخار اور سر درد کی صورت میں "بیلا ڈونا" ایک گھنٹے کے وقفہ سے دیں۔

۶۔ شدید درد اور درد والا حصّے کو چھونے سے یا حرکت اور قے سے

اس میں اضافہ ہوتا ہو۔ "پلمبم"۔

۷۔ جب مریض پیٹ درد کی وجہ سے زیادہ عصبی مزاج ہو جائے۔ "اگنیشیا"

۸۔ لیکیس اور لائیکو اچانک پیدا ہونے والے ورم زائدہ کے آغاز میں مفید ہونے کی صورت میں دی جاسکتی ہے۔

۹۔ جب اپنڈی سائٹس کا حملہ رک گیا ہو تو اس کے دوبارہ اظہار سے بچنے کے لئے "سورائینم" دیں۔

۱۰۔ اپنڈی سائٹس میں نیکروسس سے بچنے کے لئے "کیڈمیم آیوڈائیڈ" مفید دوا ہے۔ جبکہ "پلمبم آیوڈائیڈ" اپنڈی سائٹس کے ساتھ "پیری ٹونائیٹس" بھی پایا جائے تو بہت مفید ہے۔

۱۱۔ بستر میں پہلو بدلنے سے درد میں اضافہ ہو۔ "برائی اونیا" ایک لاکھ طاقت میں دیں۔

۱۲۔ "ایکی نیشیا" ورم زائدہ میں بہت مفید اور کامیاب دوا مانی جاتی ہے جبکہ یہ عفونتی قسم کا ہو۔ ×۱ سے ×۳ طاقت استعمال کی جائے۔ عفونت کا پایا جانا اور تھکاوٹ اس کی اہم علامات ہیں۔

بھوک لانے والی
APPETISER

سنکونا رُبرا اور جنسنگ مدر ٹنکچر ۱۰ قطرے فی خوراک ملا کر کھانے سے پہلے استعمال کرنے سے بھوک پیدا ہوتی ہے۔ (ڈاکٹر ایس بارکر)

بھوک بچے کی منتشر
APPETITE OF CHILD SCATTERED

کبھی تو بہت بھوک لگے اور کبھی بھوک بالکل نہ ہو، بچہ ہر وقت بھوکا بھی ہو سکتا ہے اور کچھ نہ کچھ کھانا چاہتا ہے، چیز مانگتا ہے اور جب وہ اس کو دے دی جائے تو غصے سے پھینک دیتا ہے۔ "سائنا"

۲۔ بہت زیادہ بھوکا اتنا زیادہ نہیں کھا سکتا کہ اس کو تسکین ہو جائے، "لیک کنی نم"

۳۔ سوکھیا مسان میں مبتلا بچوں میں بھوک بڑھی ہوئی۔ " ادلیم جیک "

بھوک کا ختم ہو جانا
APPETITE ABSENCE

۱۔ اگر مریض کو بھوک نہ لگتی ہو اور پیاس بہت زیادہ ہو اور سردی لگتی ہو اور کپڑا اتارنا ناگوار ہو، اس کے لئے " اپوسائی نم کین "۔

۲۔ بھوک کا نہ ہونا، جسم کا سوکھتے چلے جانا، کمیٔ خون اور جلن دار پیاس، جس کے ساتھ بہت زیادہ مقدار میں زرد پیشاب آئے۔ " ایسٹک ایسڈ "۔

۳۔ مُنہ کا ذائقہ کڑوا، زبان کی جڑ میں زرد رنگ کی تہہ ہو۔ جس کی بڑی وجہ ہاضمہ کی خرابی ہو۔ " نکس وامیکا "۔

۴۔ شدید بیماری کے بعد بھوک کا نہ لگنا یا سادہ بھوک کا ضیاع " جنٹیانہ لوٹیا مدر ٹنکچر " کھانے سے آدھا گھنٹہ قبل دیں۔

۵۔ غذا کے لئے بھوک کا مکمل طور پہ نہ ہونا لیکن بغیر کسی نفرت اور بُرے ذائقے کے پانی پیتا ہو۔ " اگنیشیا "۔

۶۔ بھوک بالکل نہ ہو۔ " تھوجا "۔

۷۔ اگر بھوک نہ لگتی ہو تو کھانے سے آدھا گھنٹہ قبل " آیوڈیم ۳x " آدھے گلاس اُبلے ہوئے پانی میں ڈال کر دینی چاہیئے۔

بھوک بڑھی ہوئی یا بھوک سے بے حال ہو
APPETITE INCREASED OR RAVENOUS

بھوک سے بے حال اور بہت زیادہ پیاس اگر وہ کچھ نہ کھائے تو پریشان اور غمگین ہو جائے، بھوک لگے اور اچھا کھانے کے باوجود سوکھتا چلا جائے۔ مریض ہر وقت کھاتا رہے اور جب معدہ بھرا ہوا ہو تو سکون محسوس کرے۔ کھانے سے آفاقہ ہو جس کے ساتھ کمزور ہوتے جانا ترقی پہ ہو۔ بھوک اور زخم بدبو دار، جگر اور تلی بڑھے ہوئے اور اس میں دکھن ہو۔ کیڑوں کو نکالتی ہے۔ " آیوڈیم مدر ٹنکچر " کی شکل میں استعمال کریں۔ " نیز موازنہ کریں کلکیریا کارب اور فرم میٹ سے "

۲۔ مرگی کے دورے سے قبل شدید درندوں جیسی بھوک " ہائیوسائیمس "۔

۳۔ درندوں جیسی بھوک کے ساتھ جاگے ۔ " ایسڈ فاس "۔

شریانوں کی دیواروں کی سختی
ARTERIOSCLEROSIS

۱۔ شریانوں کی دیواروں کا سخت ہوجانا جب خون کی لمبی نالیاں اور شاہ رگ اس میں شامل ہوں جن کے ساتھ شدید سر درد ہو جس میں رات کے وقت اور لیٹنے سے اضافہ ہو ۔ " برائٹا میور "۔

۲۔ چھاتی اور سر میں اجتماع خون ، دھڑکن سخت ، دل کا بڑھ جانا ۔ " آرم میور "۔

۳۔ بڑھاپے میں شریانوں کی دیواروں کی سختی ، چربی کی تنزلی ، دل فیل ہونے کی تلافی ، " سٹروفانتھس "۔

۴۔ کارڈووس میریانس مدر ٹنکچر کے پانچ قطرے صبح دوپہر شام دیں ، جو کہ مریض کو بہت فائدہ دے گی ۔

وجع المفاصل ، جوڑوں کا ورم اور درد
ARTHRITIS

جوان اور بوڑھے جو وجع المفاصلی یا گنٹھیاوی مزاج کے ہوں لیکن ان میں درد کی نسبت اس کا احساس بہت زیادہ پایا جائے اس بیش احساسیت کے ساتھ مریض بہت زیادہ چڑچڑا اور غصیلا ہو جو کہ کیمومیلا کی اہم ذہنی علامت ہے ۔ درد کے ساتھ سن ہونا بھی پایا جاتا ہے ۔ شدید دردیں رات کو ہوتی ہوں جن کی وجہ سے مریض کو بستر سے نکل کر گھومنا پڑتا ہے " کیمومیلا ۲۰۰ " طاقت میں ۔

۱۔ آخری انگلی کے جوڑ کا ورم اور درد ، گھٹنوں کی سوجن ، " کالچی کم " ہر جوڑوں کے درد کی بہت عمدہ دوا ہے ۔

۲۔ کلائی اور ٹخنوں میں درد ، جس کے ساتھ بخار ہو ۔ " بوریٹیس " کی مقدار کو کم کرتی ہے ۔ " ٹرائی میتھائل "۔

۳۔ پاؤں کے پنجوں اور ایڑیوں میں درد ۔ " ٹارٹارک ایسڈ "۔

۴۔ ا: دائیں پاؤں کی انگلی میں کھچاؤ اور بہت زیادہ درد "کیوپرم ایسٹیکم"۔
ب۔ پاؤں کی بڑی انگلی کی سوجن۔ "یوپے ٹوریم پرف"۔
۵۔ دائیں کندھے کے جوڑ یا کندھے یا کلائی، ٹخنے یا گھٹنے کے جوڑ میں گنٹھیاوی درد۔ "سنگنا"۔

۶۔ گنٹھیا خصوصاً کہنی اور گھٹنے کے جوڑوں کا جن کے ساتھ سوجن، سرخی اور بہت زیادہ بخار بھی پایا جائے۔ "سیلی سائیلک ایسڈ"۔

۷۔ گنٹھیا جس کے ساتھ ذیابیطس بھی ہو۔ "فاسیول"۔

۸۔ انگلیوں میں، انگوٹھوں، گھٹنوں، پاؤں کی انگلیوں اور پنجوں میں تیز درد "ایلٹیریم"۔

۹۔ گنٹھیا جس کی وجہ معلوم نہ ہو۔ "پکرک ایسڈ"۔

۱۰۔ ڈاکٹر بیلی کے مطابق گنٹھیا وی جوڑوں کے ورم میں "سینگونیریا"، کندھے کے جوڑ کے لئے "روٹا" یا "پلساٹیلا"۔ خصوصاً گھٹنے کے جوڑ کے لئے "رسٹاکس"۔ کمر کے درد، جبڑے یا کسی بھی جگہ جہاں متواتر حرکت کرنے سے آفاقہ ہوتا ہو، کے لئے "کلکیر یا کارب، ہائیپریکم، فاسفورس" ہاتھوں اور کلائیوں کے لئے "نیٹرم فاس" کہنی کے جوڑ کے لئے کیڈمیم کے نمکیات کمر کے اوپر کے حصے اور کئی دوسرے حصوں کے لئے۔

ARTHRITIS DUE TO GONORRHOEA

جوڑوں کا ورم آتشک کی وجہ سے

بازوؤں اور ٹانگوں میں ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے فالج ہو گیا ہو۔ ہڈیوں میں کھینچنے والے درد ہوتے ہیں اور دوسرے حصوں میں سرسراہٹ ہوتی ہے۔ جلد گندی اور اس پر اِدھر اُدھر نشان ہوتے ہیں۔ پسینہ رطوبت والا بہت زیادہ اور بدبو دار ہوتا ہے۔ "تھوجا"۔

ASCITES - DROPSY OF ABDOMEN

پیٹ میں پانی پڑ جانا (ڈراپسی)

پیٹ بہت زیادہ پھولا ہوا، ڈراپسی کی حالت میں معدہ کی بہت زیادہ ہیجانی

کیفیت، ایسا دکھائی دے کہ اس سے کوئی چیز بھی گزر نہیں سکتی۔ انتڑیوں کی مکمل فالجی کیفیت، گردے اپنا فعل سرانجام نہیں دیتے۔ جگر کی بیماری کی وجہ سے ڈراپسی "اپوسائی نم کین"۔

۲۔ دل اور پھیپھڑوں کی خرابیاں جو گردوں کی ڈراپسی کی وجہ سے ہوں، چہرہ پھولا ہوا، آنکھوں کے پپوٹے اڈیما کی وجہ سے متورم، جلد ملائم، پیاس اور قے پیشاب میں البیومن کا اخراج۔ "آرسینکم البم" ہر دو گھنٹے کے وقفہ سے۔

۳۔ ڈراپسی کا حاد ورم جس کے ساتھ پیشاب کا رک جانا پایا جائے "سیلا مارٹیما" دو گھنٹے کے وقفہ سے۔

۴۔ دل کی کسی عضوی بیماری کی وجہ سے ڈراپسی "آرسینک آیوڈائیڈ" ۲x کھانے کے بعد دیں۔

۵۔ گردوں میں اجتماع خون سے ڈراپسی، گردوں کے مقام پہ شدید درد، گہرے رنگ کا دھوئیں دار پیشاب جو کم مقدار میں آئے، اسہال۔ "ٹیری بنتھینا"۔

۶۔ ڈراپسی جس کے ساتھ جگر اور طحال بڑھے ہوئے ہوں، اسہال اور کمر کے نچلے حصے میں درد، جب پیشاب رکا ہوا ہو تو تیزی کے ساتھ پیشاب لانے والی دوا "لیاٹریس سپیکیٹا مدر ٹنکچر" ۱۰ قطرے فی خوراک۔

۷۔ ڈراپسی (استسقاء) دل کی کسی عضوی بیماری کی وجہ سے ہو، نبض بے قاعدگی سے اور چھوٹی چلے، متلی، قے، اسہال، معدے میں جلن، گہرے رنگ کا پیشاب جس کے ساتھ البیومن کا اخراج ہو، دل پھولا ہوا، پاؤں کی سوجن، متواتر نیند آئے پسینہ ٹھنڈا، اعضائے تولید پہ استسقائی سوجن۔ "ڈیجی ٹیلس ۳۰"۔

۸۔ جگر کے مزمن ورم کی وجہ سے پیٹ میں پانی پڑ جائے "کروٹن ٹگلیم"۔

۹۔ ٹانگوں کی سوجن جس کے ساتھ حرکت کے دوران شدید درد پایا جائے، چہرے کی سوجن استسقاء عام کی حالت، غذا کی یا کھانا پکانے کی خوشبو ناقابلِ برداشت۔ "کالچی کم"۔

ASIATIC CHOLERA

ایشیائی ہیضہ

عموماً چاولوں کی پیچ کی مانند پاخانہ، قے اور اسہال، پاخانہ بہت زیادہ مقدار میں، بہت زور سے نکلنے والا اور کمزور کر دینے والا، بہت تیزی کے ساتھ طاقت میں کمی، ٹھنڈا پسینہ اور ٹھنڈا سانس، چہرہ مردوں جیسا، تمام جسم برف کی مانند ٹھنڈا۔ "وریٹرم البم" معاذنہ کریں، کیمفر اور کیوپرم میٹ سے"۔

ASSIMILATION DEFECTIVE IN CHILDREN

بچوں میں غذا کے جزو بدن نہ ہونے کا نقص

ایسے بچے جن کے سر پر آسانی سے پسینہ آتا ہو، کمزور شدہ اور جن کی پرورش اچھے طریقے سے نہ ہوئی ہو، اچھی غذا میسر نہ آسکی ہو، بچہ بھوکا ہوتا ہے بار بار کھانا چاہتا ہے لیکن غذا کے جزو بدن نہ ہونے کی وجہ سے اس کے وزن میں اضافہ نہیں ہوتا، سر بڑا، پیٹ بڑا، بازو اور ٹانگیں پتلی، چہرہ سوکھا ہوا، چل نہیں سکتا یا پھر چلنا دیر سے سیکھتا ہے۔ عموماً قبض کا شکار رہتا ہے۔ عمر کے مطابق نہیں بڑھتا، چہرہ بوڑھوں کی مانند دکھائی دیتا ہے اور اس پر بندر کے چہرے کی مانند شکنیں پڑی ہوئی ہوتی ہیں۔ "سلیشیا" موازنہ کریں کلکیریا کارب سے۔

ASPHYXIA NEONATORUM

بچے نومولود سانس لینے کے ناقابل

اگر نومولود بچہ سانس نہ لے سکتا ہو تو پہلے "انٹم ٹارٹ" ایک پلز اس کی زبان پر رکھنی چاہیئے۔ اگر وہ مفید ثابت نہ ہو تو "اوپیم" کی ایک پلز استعمال کرائیں۔ "لاروسیراسس" بہت مفید دوا ہے۔ جبکہ بچہ سانس نہ لے سکتا ہو اور ہانپتا ہو، چہرے پر زردی ہو اور چہرے کے عضلات میں پھڑکن پائی جائے۔

ASTHENOPIA (WEAKNESS OF OCULAR MUSCLES OR VISUAL POWER DUE TO ERRORS OF REFRACTION OR OVERUSE

آنکھوں کے عضلات کی کمزوری یا دیکھنے کی طاقت کمزور

اگر آنکھوں کے عضلات کی خرابی کی وجہ سے نظر کمزور ہو، رنگدار روشنی میں کچھ دکھائی نہ دے "آرٹی میشیا دگیرس"۔

۲۔ جب آنکھوں کو زیادہ استعمال کرنے سے ان میں دُکھن ، درد اور بوجھ محسوس ہو تو "اونوسموڈیم" بہت مفید دوا ہے۔ اس دوا میں کوئی ورمی تکلیف نہیں پائی جاتی۔ لیکن مریض سر درد اور کمزوری محسوس کرتا ہے۔ ڈاکٹر اے۔ بی۔ نورٹن نے اس دوا سے بہت پریشان کن علامات کو درست کیا ہے۔

۳۔ جب آنکھیں زیادہ کام کرنے کی وجہ سے تھک جائیں اور ان میں درد اور سوزش پائی جائے ، آنکھوں میں جلن اور آگ کی مانند گرمی کا احساس ہو۔ "روٹا" بہت مفید دوا ہوگی۔

۴۔ آنکھوں کی تکالیف جبکہ پپوٹے متورم ہوں ان میں سرخی اور زخم دکھائی دیں۔ آنکھوں سے بہت زیادہ مقدار میں خراش پیدا کرنے والا مواد خارج ہوتا ہو کورنیا کے کناروں پر چھالے ہوں ، پڑھنے یا لکھنے سے آنکھوں میں درد ہو ، روشنی ناقابل برداشت ہو تو ایسی حالتوں میں "یوفریزیا"۔ روٹا اور یوفریزیا آنکھوں کی تکالیف کی بہت پرانی دوائیں ہیں۔ انگریزی کے شاعر ملٹن نے ان پر قصیدہ لکھا ہے۔

۵۔ آنکھوں کے ڈھیلے کی سوزش کی وجہ سے روشنی ناقابلِ برداشت ہو اور پپوٹوں کے کناروں پر چھالے ہوں ، آنکھ کے اندرونی مسلز کی طاقت ضائع ہو چکی ہو۔ "ایلومینا"۔

دمہ بچوں کا
ASTHMA OF CHILDREN

۱۔ بچوں میں جبکہ بعد دوپہر خشک تشنجی کھانسی ہو ، جس کے ساتھ فمِ معدہ میں درد پایا جائے ، ٹھنڈا پانی پینے سے اضافہ ہو ، "سمبوکا"۔

۲۔ بچہ جب آسانی کے ساتھ سانس لینے کے لئے پیٹھ کے بل سیدھا لیٹنے کی کوشش کرے اور نیند کے دوران بازو پھیلائے ہوئے ہوں "سورائینم"۔

دمہ مزمن
ASTHMA CHRONIC

خشک اور ٹھنڈی ہوا میں اضافہ اور مرطوب ہوا میں آفاقہ۔ (ہیپر سلف)

دمہ کا دورہ
ASTHMA ATTACK

۱۔ جب دمہ کا حملہ ہو تو اس دوران یکے بعد دیگرے ان دد

ادویہ کے دینے سے وقتی سکون ہو جائے گا۔ اور سانس لینے میں دقت نہیں رہے گی اور کھانسی میں بھی سکون رہے گا۔" اکونائٹ ۲x۱ ، اپی کاک ۲x۱ "۔

۲۔ صبح سویرے دمہ کا دورہ عموماً معدے کی خرابیوں کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ معدے میں ریاح پائی جاتی ہے اور اس کو پیٹھ کے بل لیٹنے سے یا اطراف بدلنے سے یا سیدھا بیٹھنے سے آفاقہ ہوتا ہے۔ " نکس وامیکا ۳ طاقت" ہر پندرہ منٹ کے بعد۔

۳۔ تشنجی تنفس ، متلی یا قے ، چہرے پر ٹھنڈا پسینہ۔ " وریٹرم ورائیڈ ۳ طاقت" پندرہ منٹ کے وقفے سے "۔

۴۔ جب دمہ کا دورہ آدھی رات کے بعد ہو ، مریض چڑچڑا اور خوفزدہ ہو ، دورہ مریض کو اُٹھ کر بیٹھنے پر مجبور کر دے جس سے اس کو سکون ہوتا ہو اور مریض موسم کی ہر قسم کی تبدیلی سے حساس ، ٹھنڈا موسم ناقابلِ برداشت ، بلغم کو نگلنا چاہے ، چھاتی میں سیٹیاں بجنے کی آواز۔ " کالی کارب " اس کو بہت جلد دہرانا نہیں چاہیئے۔

۵۔ تنگیٔ تنفس ، گاڑھے اور بدبودار بلغم کے ساتھ ، بعض اوقات اس کے ساتھ برانکائیٹس بھی ہوتا ہے۔ دمہ کے لئے مانی ہوئی دوا ہے۔ دورے کے دوران چھوٹی طاقت میں اور جب دورہ ختم ہو جائے تو اونچی طاقت میں دینی چاہیئے۔ " بلاٹا اوری "۔

۶۔ سانس لینے کے لئے گلے کو ہاتھوں سے دبائے ، بلغم اور تھوک تار دار ، خشک کھانسی جو دل کی تکلیف کی وجہ سے ہو ، سیدھا لیٹ نہ سکے ، شدید چھینکیں آئیں جن کی وجہ سے سانس آسانی سے لیا جا سکے۔ " ناجا " موازنہ کریں۔ " ایڈرینالین " سے۔

۷۔ دمہ میں تحریک سے اور بار بار ہونے والے غم سے اضافہ ہو۔ " اگنیشیا "

ڈاکٹر کلارک زیادہ تر مریضوں میں بیسی لینم ۳۰ سے ۲۰۰ طاقت ایک مرتبہ ہفتہ وار

دینے کا مشورہ دیتے ہیں اور ان کے کہنے کے مطابق اس سے بہت مفید نتائج حاصل ہوتے ہیں۔ جبکہ ڈاکٹر آر۔ بی۔ بشمبر داس مندرجہ ذیل ادویہ کی سفارش کرتے ہیں۔

۱۔ ٹیوبر کولینم۔ ۲۔ تھوجا۔

۳۔ نیٹرم سلف۔ ۴۔ میڈروبنم۔

۵۔ سفلینم کو انٹر کرنٹ دوا کے طور پہ ۲۰۰ طاقت سے ایک لاکھ طاقت میں تجویز شدہ دوا کے ساتھ دینا چاہیئے۔ جس دن مندرجہ بالا ادویہ میں سے کوئی بھی دوا دی جائے اس سے تین روز قبل اور تین روز بعد کوئی دوا نہیں دینی چاہیئے اگر مطلوبہ نتائج حاصل ہو جائیں تو مزید دوا دینے سے پرہیز کرنا چاہیئے۔

دمہ بوڑھے لوگوں کا

ASTHMA OF OLD PERSONS

۱۔ مباشرت کی کوشش پر دمہ، بوڑھے لوگوں کا اور بچوں کا دمہ نرم حالت میں۔ "امبرا"۔

۲۔ بلغم اینٹوں کے رنگ کی ہو تو دورے کے دوران آدھے گھنٹے کے وقفہ سے۔ "برائی اونیا"۔

۳۔ بوڑھے لوگوں کا دمہ مزمن دموی کھانسی کے ساتھ۔ جبکہ متلی بھی موجود ہو۔ بلغم جمع ہو جانے کے سبب سانس لیتے وقت گھٹن کا احساس ہو۔ "اپی کاک"۔

۴۔ دمہ کے ساتھ ہسٹیریا بھی موجود ہو، سانس کی تمام قسم کی خرابیاں، تمام زندگی دمہ کا دورہ کم از کم ایک مرتبہ روزانہ ہو، جو کسی قسم کی جسمانی مشقت، جماع، خصوصاً ہر قسم کی تسلی بخش غذا سے ہو۔ اضافہ رات کے وقت ہوتا ہو تو "ایسا فوٹیڈا"۔

۵۔ دمہ کے ساتھ پسینہ آئے، بوڑھے لوگوں کا پسینہ جبکہ ایسا دکھائی دے کہ مریض مر رہا ہے اور مریض گرمی محسوس کرے اور اس کو پسینہ آتا ہو اور دورے کے دوران پنکھا کرانا چاہیے۔ بہت بگڑی ہوئی حالتوں بہت مفید دوا ہے "کاربو ویج"۔

٦۔ آدھی رات کو بوڑھے آدمیوں کا دمہ۔ تکلیف میں بارہ بجے رات کو اضافہ ہو جائے۔ مریض بستر سے باہر نکل پڑے۔ گھٹن کے خوف سے لیٹ نہ سکے۔ سانس لینے کے لئے اٹھ کر بیٹھنا پڑے۔ سانس لیتے وقت سیٹیاں بجیں۔ سانس کی نالی سکڑی ہوئی محسوس ہو۔ یہ دمہ کی محفوظ ترین دوا ہے اور جب دورے کے وقت دی جائے تو جادو نما اثر دکھاتی ہے۔ "آرسینکم البم"۔

۷۔ ایک بوڑھا آدمی جو عرصہ بیس سال سے دمہ کی تکلیف میں مبتلا تھا۔ اس کی تکلیف صبح جاگنے پر زیادہ ہوتی تھی اور رات کو بھی تکلیف میں اضافہ ہو جاتا تھا موسم گرما میں تکلیف بڑھتی تھی۔ الرجک نزلہ میں بھی مبتلا تھا۔ جب دورے کے دوران سیدھا لیٹ کر ہاتھ سر پر رکھ لے تو آفاقہ محسوس کرتا تھا۔ "بیسی لینم" ایک ہزار طاقت اور دس ہزار طاقت وقفے وقفے سے دی گئی۔ اس کے ساتھ "سورائینم" کی چند خوراکیں بالترتیب طاقت میں اضافہ کر کے دی گئیں۔

۸۔ ایک بوڑھا آدمی سانس کی نالیوں کے دمہ میں مبتلا تھا۔ جس کو عرصہ سے قبض کی شکایت بھی تھی اور پیشاب بار بار آتا تھا۔ مون سون کے موسم میں تکلیف میں اضافہ ہوتا جس کے ساتھ کھانسی اور زکام، بلغم بہت زیادہ مقدار میں، چڑچڑاپن جب اکیلا رہتا ہو تو آفاقہ ہوتا، اس کو چیچک کا ٹیکہ لگ چکا تھا۔ "نیٹرم سلف" بالترتیب طاقت میں پچاس ایم تک اضافہ کر کے دی گئی۔ درمیان میں "بیسی لینم ۲۰۰ طاقت" اور ایک ہزار طاقت اور کبھی کبھار "تھوجا" دس ہزار طاقت میں ٹیکہ کے اثرات بد کے لئے دی گئی۔

۹۔ ایک مریض عرصہ دراز سے ہوا کی نالیوں میں ورم کے ساتھ دمہ میں مبتلا دورے میں رات کو تین چار بجے اضافہ، مریض گرم مزاج اور قبض کا شکار، ٹھنڈی مشروبات اور آئس کریم سے تکلیف میں اضافہ، کھلی ہوا میں اور مون سون میں آفاقہ مختلف جلدی امراض میں مبتلا رہ چکا تھا۔ خاندانی ہسٹری میں دمہ، جب موسم گرم ہو تو دمہ عود کر آئے۔ ویکسین ٹیکہ کے ذریعے دی جا چکی تھی۔ "سلفر" ۲۰۰ طاقت

سے ۵۰ ایم طاقت تک۔ اس کے بعد کاربوویج ۳۰ طاقت اور انٹم ٹارٹ ۳۰ طاقت آخر میں کاسٹیکم ۲۰۰ طاقت اور اونچی طاقتیں۔ "ڈاکٹر واڈیا"۔

۱۰۔ ایک نوجوان سانس کی نالیوں کے دمہ (BRONCHIAL ASTHMA) میں مبتلا تھا۔ جس کو متواتر کھانسی اور زکام۔ دورے کے دوران کھائی ہوئی غذا اور مشروب کی قے، دورہ امتحان سے قبل یا کسی ملاقات کے وقت سے قبل ہوتا۔ اور سیدھا لیٹنے سے تکلیف میں اضافہ، کسی چیز کے سہارے بیٹھنے یا آگے کی جانب سرہانے پر جھک کر بیٹھنے سے آفاقہ ہو۔ ٹھنڈے موسم کو پسند کرے، بہت حساس اور ہوشیار، نمک کا خواہشمند، اکیلا رہنے کو ترجیح دے اور ساتھ ہی عصبی مزاج خاندانی ہسٹری میں دمہ، دورے کے بعد جلیسی میم ۳۰ دیں۔ پھر آرجنٹم ٹائیریکم ۲۰۰ طاقت، آخر میں نیٹرم میور طاقتیں بڑھاکر شفا مکمل کرنے کے لئے دیں۔

۱۱۔ سانس بہت جلد اور بمشکل جیساکہ ہر سانس اس کا آخری سانس ہوگا۔ "ایپس ۳۰"۔ ڈاکٹر بھانجا۔

۱۲۔ دمے کا دورہ برسات کے دوران اور مرطوب موسم میں عموماً صبح چار اور پانچ بجے۔ جب کھانستا ہو تو چھاتی کو ضرور تھامے۔ بلغم گاڑھا، تاردار سبز رنگ کا خارج ہو۔ ڈاکٹر لیونارڈ کے مطابق ہر دورہ پر انتڑیوں کا ڈھیلاپن اس کی ایک راہنما علامت ہے۔ "نیٹرم سلف"۔

۱۳۔ دمہ متواتر اور بار بار ہوتا رہے جس کے ساتھ گنٹھیا کا رحجان پایا جائے "سٹرامونیم"۔ ۳۰ طاقت۔

۱۴۔ اعصابی دمہ کے دورہ کو یہ دوا ایک دم آرام پہنچاتی ہے "کیوپرم مبٹ"۔

۱۵۔ حاد دمہ کے لئے مفید ہے اس کو دوسری سے چھٹی طاقت تک دینا چاہیئے۔ "لوبیلیا انفلیٹا"۔

۱۶۔ غصے کے نتیجہ میں دمہ ہو۔ "کیمومیلا"۔

۱۷۔ دمہ میں خشک ٹھنڈے موسم میں اضافہ اور مرطوب موسم میں آفاقہ

"ہیپر سلف" ایسے مریض جو مرطوب موسم سے ذکی الحس ہوں "نیٹرم سلف"۔

۱۸۔ دمہ جس کے ساتھ سانس لینا مشکل ہو اور کھانسی بہت زیادہ ہو۔ جس میں رات کے وقت اضافہ ہو۔ کھانسی اس قدر شدید ہو کہ آخری سانس محسوس ہو۔ "میگنیشیا فاس" ۱x سے ۳x تک بار بار دوہرانا چاہیئے۔

۱۹۔ دمہ میں جب خشک ٹھنڈے موسم میں اضافہ ہو اور مرطوب موسم میں آفاقہ ہو۔ "ہیپر سلف" اور جب مرطوب موسم میں اضافہ ہو۔ "نیٹرم سلف"۔

۲۰۔ اگر رات کو سوتے وقت یہ دوا چھوٹی طاقت میں دی جائے تو یہ دمہ کے دورے کو ختم کر دے گی اور رات کو دورہ پڑنے سے محفوظ رکھے گی۔ "مرک بن آیوڈائیڈ ۲x یا ۳x"

۲۱۔ دمہ جس کے ساتھ دل کے بند ہونے کا خطرہ ہو، کسی قسم کی مشقت سے سانس رک جائے، دمہ کے دورے کے دوران دس قطرے فی خوراک چھوٹی طاقت گرم پانی میں دینے سے سکون پہنچاتی ہے اور متواتر چھوٹی طاقتیں شفایاب کر دیتی ہیں۔ "سنمبل"۔

۲۲۔ برانکائیٹس کے مریض کے لئے جبکہ سانس اکھڑ جائے، چھاتی میں سیٹی بجنے کی آواز آتی ہو۔ دمہ جس کے ساتھ بہت زیادہ مقدار میں گاڑھا بلغم خارج ہو، جس سے آفاقہ ہوتا ہو۔ جب لیٹا ہوا ہو تو سانس نہ لے سکے۔ "گرینڈیلیا مدر ٹنکچر" پانچ قطرے فی خوراک۔

۲۳۔ جب طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک دمہ کی تکلیف زیادہ ہو اور شام کو آفاقہ ہو، صرف چہرے کے بل لیٹنے سے بہتری محسوس کرے۔ مرطوب موسم اور طوفان باد و باراں میں تکلیف زیادہ ہو۔ دمہ اور جوڑوں کی دردیں ادل بدل کر ہوں اور تمام ادویہ ناکام ہو جائیں۔ تو رابطہ کی دوا کے طور پہ بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ "میڈورینم"۔

ASTHMA PALLIATIVE
DURING ATTACK

دمہ کے دورے کے دوران وقتی سکون پہنچانے والی

اکونائٹ x1 اور اپی کاک x1 دورے کے دوران یکے بعد دیگرے دینی چاہیئے ۔ یہ وقتی سکون پہنچاتی ہیں اور سانس لینے اور کھانسنے میں آسانی پیدا کرتی ہیں ۔

قریب نظری
ASTIGMATISM

یہ آنکھ کی ایک بیماری ہے جو عدسہ کی ساختی خرابی یا نقص یا پیدائشی یا حادثاتی اسباب کی وجہ سے ہوتی ہے جس میں روشنی کی شعاعیں ریٹینا کے مخصوص نقطہ پر منعکس نہیں ہوتیں ۔ ریٹینا بہت زیادہ حساس ہوتا ہے ۔ درد پشت تک جاتا ہے اور آنکھوں سے پانی نکلتا ہے ۔ بصارت کمزور ہوتی ہے اور اس میں یکسانیت نہیں ہوتی ۔ سیلیری مسلز کی کمزوری کو دور کرنے اور طاقت کو بحال کرنے کے لئے بہت مفید دوا ہے ۔ "للیم ٹگلیم"۔

ایٹمی شعاعیں
ATOMIC RADIATION

اس ایٹمی دور میں یہ دوا ایٹمی شعاعوں کے لئے بہت مفید ہے ۔ "فاسفورس"۔

پستانوں اور بھٹنیوں کا سوکھنا
ATROPHY OF NIPPLES AND BREASTS

بھٹنیاں بڑھنے کی بجائے چھوٹی ، چپٹی ، سوکھی ہوئی ۔ ڈاکٹر جہار کے مطابق اس مشکل کے لئے بہت مفید دوا ہے ۔ "سارساپریلا" دو یا تین قطرے پانی میں ملا کر ہر چار یا چھ گھنٹے کے وقفہ سے دیں ۔

۲۔ اگر پستانوں کی نشوونما بلوغت کے وقت صحیح طور پر نہ ہو رہی ہو تو "نکس موسکاٹا" ، اور "کونیم" مندرجہ بالا طریقہ سے دیں ۔

ایک بازو اور ایک ٹانگ کی خود بخود حرکات
AUTOMATIC MOTION OF ONE ARM AND LEG

ایک بازو یا ایک ٹانگ کی خود بخود حرکات پائی جاتی ہیں جبکہ دوسرا بازو یا ٹانگ مفلوج معلوم ہوتے ہیں "ہیلی بورس"۔

دودھ اور دودھ سے بنی ہوئی چیزوں اور دوسری چیزوں سے نفرت
AVERSION TO MILK AND TO OTHER THINGS

اگر مریض کہے کہ میں دودھ برداشت نہیں کر سکتا۔ جب بھی دودھ پیتا ہوں تو مجھے اسہال شروع ہو جاتے ہیں تو ایسی حالت میں سب سے پہلے جو ادویہ ذہن میں آتی ہیں وہ "نیٹرم کارب" اور "ایتھیوزا" ہیں۔

۲۔ خوش رہنے سے نفرت۔ "اگنیشیا"۔

۳۔ اپنے اہل خانہ، اپنے کاروبار اور اپنے پیشے سے نفرت۔ "سیپیا"۔

۴۔ کسی کام کے کرنے سے نفرت خواہ وہ ذہنی ہو یا جسمانی۔ "کیڈمیم سلف"۔

بغل کی مختلف تکالیف
AXILLA DIFFERENT COMPLAINTS

۱۔ بغل میں خارش کرنے والے چھالے، اور چھالے غددوں کے ورم کے ساتھ۔ "ایلاپس کورالینس" ۳۰، "کورل سنیک" ۳۰ طاقت میں چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ دائیں بغل میں درد جو نیچے بازو تک جائے، پھنسیاں اور ایگزیما، "جگلانس سینیریا"۔

۳۔ بغل میں سوزش، اُبھار، پھوڑے، چھوٹے سرخ چھالوں میں خارش۔ "جگلانس ریجیا" چار گھنٹے کے وقفے سے۔

۴۔ بغل میں بہت زیادہ پسینہ آئے۔ "کالی کارب" ۴ گھنٹے کے وقفہ سے۔

۵۔ بغل میں پسینہ بدبودار۔ "نائیٹرک ایسڈ" ۴ گھنٹے کے وقفے سے۔

۶۔ بغل میں پسینہ لہسن کی بُو جیسا۔ "لائیکو" ۴ گھنٹے کے وقفے سے۔

۷۔ بغل کے غدود متورم۔ "برائٹا کارب" چار گھنٹے کے وقفے سے۔

۸۔ بغل کا پھوڑا۔ "ٹیلیریم"۔

مادہ تولید میں کرم منی کا فقدان
AZOOSPERMISM

۱۔ کرم منی کا نامردی میں جنسی کمزوری کی وجہ سے نہ پایا جانا، مزمن پراسٹیٹ غدود کا اخراج۔ "ڈامیانہ"۔

۲۔ کرم منی کی غیر موجودگی، جس کے ساتھ نامردی، نامکمل ایستادگی یا ایستادگی کا نہ ہونا پایا جائے، جماع کے دوران طاقت کا فقدان، عورت کو دیکھتے ہی

اخراج ہو جائے۔ "کونیم"۔

کمر کا درد
BACK ACHE

۱۔ مریض کی کمر میں درد ہو اور بستر میں پہلو بدلنے کے لئے اس کو اٹھ کر بیٹھنا پڑے کیونکہ پہلو بدلنے یا جسم کو حرکت دینے یا کھڑا ہونے سے درد میں اضافہ ہوتا ہے درد عموماً کمر کی ریڑھ کے حصے میں ہوتا ہے اور اس کے ساتھ بواسیر کی شکایت پائی جاتی ہے۔ "نکس وامیکا"

۲۔ شدید درد، ہلکی سی حرکت کرنے کی کوشش پر پسینہ آجائے اور قے کرنے کی کوشش کرے۔ ڈمچی کی ہڈی میں بھاری پن اور بوجھ کا احساس جو نیچے کو جاتا ہو۔ "انٹی مونیم ٹارٹ"۔

۳۔ شدید چھیلن پیدا کرنے والا درد کمر اور ٹانگوں میں بھی درد ہوتا ہو، "ویریولینم"۔

۴۔ شدید کمر درد۔ حتیٰ کہ چھونا بھی اس میں درد کا سبب بنے، درد سر تک پھیلے۔ "ٹیلوریم"۔

کمر درد مختلف اسباب کی بنا پر
BACKACHE DUE TO DIFFERENT CAUSES

۱۔ زیادہ مشقت کرنے سے "آرنیکا" تین گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ حاملہ عورتوں میں کمر کی کمزوری کے احساس کے ساتھ۔ "کالی کارب"۔

۳۔ پیشاب کی کم مقدار کے ساتھ۔ "ٹیری بن تھینا"۔

۴۔ پیشاب میں اوگزیلیٹ کے ساتھ۔ "اوگزالک ایسڈ" چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۵۔ بواسیر کے ساتھ۔ "ایسکولس" چھ گھنٹے کے وقفے سے۔

۶۔ چیچک میں کمر درد کرتی ہو۔ "وریٹرم ورائیڈ" چھ گھنٹے کے وقفہ سے۔

۷۔ کمر کے اور تکونیہ ہڈی کے حصے میں درد جو نیچے کو بہے اور ران تک جائے، ریڑھ میں ذکی الحسی گردن اور کمر میں سختی، کمر اور گردن کے عضلات

میں گنٹھیاوی درد ہیں۔ "سمی سی فیوگا"۔

BACKACHE WITH BURNING SENSATION

کمر درد جلن کے احساس کے ساتھ

کمر میں گرمی اور جلن کا احساس جب کسی حاد یا مزمن حالت میں یہ نایاب علامت موجود ہو تو "فاسفورس" ایسی حالت میں پورے کیس میں مددگار ثابت ہوگی لیکن صرف جلن میں نہیں۔

BACKACHE LOW DOWN

کمر میں نیچے کی جانب جاتا ہوا درد

درد جو خصوصاً نیچے کی جانب تکونیہ ہڈی اور کولہے تک جائے متواتر شدید کمر درد، چلنا عموماً دشوار ہوتا ہے۔ بیٹھنے کے بعد مشکل سے اٹھ یا چل سکے۔ ایسی حالت میں "ایسکولس" بہت مفید دوا ہے۔ اس کا دائرہ اثر واضح طور پر پیٹھ کے نچلے حصے اور ہیڑو کے حصے پر ہوتا ہے۔ "ایسکولس"۔

۲۔ جب کمر درد رحم کی شکایات کی وجہ سے ہو اور اس میں بہت زیادہ درد پائی جائے تو "سمی سی فیوگا" بہت مفید دوا ہے۔

BACK OLD HURT

کمر میں پرانی چوٹ کی وجہ سے درد

۱۔ سیٹ سے اٹھنے پر کمر درد ہو جس کی وجہ پرانی چوٹ ہو تو یہ شفایاب کرتی ہے۔ "رسٹاکس" اگر ضرورت پڑے تو اس کے بعد "کلیریا کارب"۔

۲۔ جب مزمن کمر درد میں متواتر حرکت سے اضافہ ہوتا ہو اور کمر کے بل لیٹنے سے آفاقہ ہوتا ہو تو "نیفاٹیلم" ایسے درد کو شفایاب کر دے گی۔ جتنا درد پرانا ہو اتنی ہی یہ دوا سودمند ہوگی۔

BACKACHE DURING MENSTRUATION

کمر درد ماہواری کے دوران

پہلا حیض بہت دیر سے ہو، حیض وقت کے اعتبار سے عموماً دیر سے اور کم مقدار میں، بعض اوقات اخراج رک جاتا ہے اور پھر شروع ہو جاتا ہے۔ متلی اور اسہال حیض کے دوران یا حیض کے بعد، رونے دھونے والا مزاج "پلساٹیلا" موازنہ

کریں۔ سمی سی فیوگا ہے۔

BACKACHE PATIENT PRONE TO BACKACHE

کمر درد۔ مریض کمر درد کی طرف مائل ہو

درد کسی جگہ بھی ہو اور کمر میں بھی، مریض کی تکلیف میں نہانے کے بعد اضافہ ہو جاتا ہے۔ گرم تکمید سے آفاقہ۔ صبح اٹھنے پر کمر میں سختی، بے چینی، ضرور گھومے پھرے۔ گو کہ اس کی ابتدا میں اس کو تکلیف ہو "رسٹاکس" اونچی طاقت میں بہت جلد اور مکمل آرام پہنچاتی ہے۔

BACKACHE STIFF SPINE

کمر میں درد اور ریڑھ میں سختی اور اکڑاؤ

تمام ریڑھ میں سختی اور اکڑاؤ کمر کے عضلات میں کساؤ، شدید، گولی لگنے کے سے جلندار درد، رینگنے اور چیونٹیاں چلنے کا احساس، جھکنے سے اضافہ "اگاری کس"۔

BACKACHE DUE TO WETTING OR OVER-LIFTING

کمر درد بھیگنے یا زیادہ وزن اُٹھانے سے

کمر کے عضلات میں اور ریڑھ کی جھلیوں میں موچ آجانے، ناکارہ جانے کی وجہ سے، مرطوب زمین پر سونے سے یا بستر میں گیلی چادر لے کر سونے سے، بارش میں بھیگ جانے سے، جبکہ پسینہ آیا ہوا ہو یا کسی جھیل یا دریا میں کافی دیر نہانے سے یا زیادہ بوجھ اُٹھانے سے جبکہ ایسی حالتوں میں بخار یا سردی ہو یا نہ بھی ہو۔ "رسٹاکس"، "ڈلکامارا" بھی کمر کی تکالیف کے لئے جو سردی کی وجہ سے ہوں بہت اعلیٰ دوا ہے۔

BACKACHE VIOLENT

کمر درد شدید

۱۔ شدید درد جو کمر سے نیچے کو جائے "اکٹیا ریسی موسا"۔

۲۔ کمر میں بل پڑنے یا کھچاؤ کے لئے "سکیل کار" بھی مفید دوا ہے۔

BACKWARD CHILDREN

بچوں کی نشوونما غیر مناسب

۱۔ ایسے بچے جن کی نشوونما باقاعدگی سے نہ ہو رہی ہو اور جو بے وقوف دکھائی دیں سر اور پیٹ بڑا، کمزور اور سست، دیر سے سمجھیں اور دیر سے بڑھیں، سر اور

پیشانی پر بہت زیادہ پسینہ آتا ہو، جلد پیلی معدے میں تیزابیت "کلکیریا کارب"۔

۲۔ کسی بات کو سیکھنے اور سمجھنے کا فقدان، ذہنی ابتری، چلنا دیر سے سیکھیں اور دیر سے کسی بات کو سمجھ سکیں، یا داشت کمزور، ہر ایک سے ڈریں زیادہ تر اجنبیوں سے، گلے متورم، پیٹ سوجا ہوا، چھوٹے قد کے جن کا نہ قد بڑھے اور نہ جسم کی نشوونما میں اضافہ ہو۔ "برائٹا کارب"۔

۳۔ انتہائی غصیلا اور ناراض، چلائے، غل غپاڑہ کرے، مارے اور کاٹ کھانے کو دوڑے، دور بھاگ جانا چاہے، بہت جلد طیش میں آ جائے، نیند سے خوفناک چہرے کے ساتھ اُٹھ کھڑا ہو، اکیلا نہ رہ سکے، اندھیرے سے خوف کھائے روشنی میں رہنا چاہے۔ "سٹرامونیم"۔

ڈاکٹر رائے بہادر بشمبر داس کے مطابق مندرجہ بالا قسم کے بچوں کا علاج "ٹیوبر کولینم" ۲۰۰ طاقت سے شروع کرنا چاہیئے جو کہ ایک مہینہ کے وقفے سے مندرجہ بالا ادویہ کے ساتھ ان کا اثر تیز کرنے کے لئے دی جائے۔ اسی طرح "سٹرامونیم" اور "برائٹا کارب" کے ساتھ "سفلینم" ۲۰۰ طاقت میں ایک ماہ کے وقفہ سے دی جائے دو یا تین ماہ کے کورس کے دوران دو ادویہ سے زیادہ دوائیں استعمال نہیں کرانی چاہئیں۔ ٹیوبر کولینم اور سفلینم دونوں ایک ایک ماہ کے وقفہ سے دوسری دوا کے ساتھ ایک آدھ مرتبہ دی جائیں۔ دوسری دونوں ادویہ کو ۲۰۰ طاقت یا اونچی طاقتوں میں بھی دیا جا سکتا ہے۔ جبکہ نچلی طاقتوں سے مطلوبہ نتائج حاصل نہ ہوئے ہوں یا کسی حد تک فائدہ دینے کے بعد مفید ثابت نہ ہو رہی ہوں۔

گنجا پن BALDNESS

۱۔ بالوں کا بہت زیادہ گرنا، وقت سے قبل بال سفید ہو جائیں یا گریں۔ "لائیکوپوڈیم"۔

۲۔ حمل کے دوران بال گریں، مزمن سر درد کے بعد بال گرنے لگیں، تو "سیپیا اور نیٹرم میور"۔

۳۔ سفلس کی وجہ سے گنجا پن، بال گرتے ہوں اور دوبارہ نہ اگیں "اسٹیلیگو

اور فلورک ایسڈ۔

۴۔ سر، آبرو، پپوٹوں اور اعضائے مخصوصہ کے بال گریں۔ "فاسفورک ایسڈ"

نیز موازنہ کریں پٹرولیم سے۔

۵۔ بال سفید چھلکوں کی مانند سکری کی وجہ سے گریں۔ "تھوجا"

۶۔ بال خشکی کی وجہ سے گریں۔ "کالی کارب"

۷۔ بال بڑھاپے میں سفید ہو جائیں۔ علاج "تھائیرائیڈنیم ۳۰" سے شروع کریں۔

۸۔ سفید بالوں کیلئے لائیکو اور فاسفورک ایسڈ ۳۰ طاقت میں یکے بعد دیگرے دیں۔ اگر ان سے تین ماہ کے اندر مفید نتائج برآمد نہ ہوں تو ہر چودہ دن بعد یہ دونوں ادویہ یکے بعد دیگرے ۱۰۰۰ طاقت میں دیں۔

۹۔ بال جلدی سے اگانے کے لئے اور ان کو سیاہ رکھنے کے لئے "وائس بیڈن" ۲۰۰ طاقت دیں۔

۱۰۔ سر کی اطراف میں گنج کے نشانات ہوں، سر پہ آسانی سے پسینہ آئے تو بہت اہمیت کی حامل ہے۔ "گریفائیٹس"

۱۱۔ عام کمزوری کی وجہ سے بال گریں۔ "فاسفورک ایسڈ"

۱۲۔ سر کی اطراف میں گنج کے نشانات جو کہ خشک ہوں اور ان سے چھلکے اتریں۔ سکری، بالوں کی جڑیں سفید ہو جائیں اور بال گچھوں کی شکل میں گریں۔ "فاسفورس"

۱۳۔ بالوں کا گرنا، جس کے ساتھ کھوپڑی میں بہت زیادہ خارش بھی ہو۔ "ونکا مائینر"

۱۴۔ بالوں کا گرنا بچے کی پیدائش پہ یا شدید بیماری میں۔ "کاربو ویج"

۱۵۔ کھوپڑی میں بہت زیادہ خارش، کھوپڑی اور بالوں کی جڑیں چھونے سے ذکی الحس بال بہت زیادہ گریں۔ "سیپیا"

۱۶۔ گنجاپن، سر کی چوٹی سے بال گرتے ہوں۔ "برائیٹا کارب"۔

۱۷۔ گنجے پن، سر درد اور ذہنی طاقت کو اُبھارنے کے لئے یہ دوا کافی شہرت کی حامل ہے۔ "رَدس میرینس"۔

BARBER'S ITCH استرے کی لاگ سے پیدا شدہ خارش

رسٹاکس بہت عمدہ دوا ہے سب سے پہلے اس کا استعمال کرنا چاہیئے۔ جب جلد پھٹی ہوئی ہو اور اس میں سے مواد کا اخراج ہوتا ہو، خارش بار بار ہو جاتی ہو، ایگزیما کی مانند پھنسیاں ہوں جن میں سے گاڑھا چیچپا مواد خارج ہوتا ہو۔ "گریفائیٹس"۔

۲۔ ڈاکٹر بائیر کے مطابق اندرونی طور پر "گریفائیٹس" کے استعمال سے بہت مفید نتائج حاصل ہوتے ہیں۔ ڈاکٹر جہار مزیم اڈر "کلکیریا کارب" کو مفید بتاتے ہیں۔ ڈاکٹر بائیر کی رپورٹ کے مطابق انہوں نے کلکیریا کارب، نائیٹرک ایسڈ اور آرم میٹ سے بعض حالتوں میں اچھے نتائج حاصل کئے ہیں۔

۳۔ دردجس کے ساتھ جلن اور بہت زیادہ خارش ہو، بھورے رنگ کی پھنسیاں، کھلی ہوا میں تکلیف میں اضافہ۔ "رینن کولس بلب"۔

BATHING DREAD نہانے سے خوف

بچے نہانے سے یا دھونے سے نفرت کریں تو ان کے لئے "سلفر"۔

BEARED داڑھی کے بالوں کا گرنا

۱۔ اناتھیرم۔

۲۔ داڑھی کے بالوں کے گرنے کے لئے بہت اعلیٰ دوا ہے۔ "سفینگورس"۔

BED SORES بستر کے زخم

۱۔ جن کے درمیان میں خشک خون ملے چھلکے پڑ جائیں۔ آرجنٹم نائیٹریکم۔

۲۔ بستر کے زخم جانگھوں اور تکونیہ ہڈی کے حصے میں ہوں "آرنیکا"۔

۳۔ بستر کے زخم ٹائیفائیڈ ہیں۔ "بپٹیشیا"۔

۴۔ بستر کے زخم سیاہی مائل نیلگوں رنگ کے۔ "لیکیسس"
تمام قسم کے بستر کے زخموں پہ کیلن ڈولا لوشن تین مرتبہ روزانہ لگانا چاہیئے۔
۵۔ ہائپریکم آئل اور مرہم بستر کے زخموں کے اوپہ لگانے کے لئے خصوصی طور پر مفید ہے۔

B. COLI - INFECTION ۔ تھوجا اس کی مخصوص دوا ہے۔ ایک ہزار طاقت ہر ہفتے اور بعد میں مہینے میں ایک مرتبہ دینی چاہیئے۔
۲۔ بربیرس مدر ٹنکچر کے دس قطرے ایک پیالی گرم پانی میں ملا کر ہر تین گھنٹے بعد دینی چاہیئے۔
۳۔ ڈاکٹر گھوش کے مطابق بی کولی ۲۰ یا ۳۰ طاقت میں دینی چاہیئے۔ وہ میتھائی لین بلیو ۶ طاقت کی بھی سفارش کرتے ہیں۔

پیدائشی نشان یا داغ
BIRTH MARK

۱۔ علاج تھوجا سے شروع کرنا چاہیئے۔ مدر ٹنکچر بیرونی طور پہ روزانہ صبح اور شام لگانا چاہیئے۔
۲۔ ریڈیم بروما ئیڈ ہفتے میں ایک مرتبہ تھوجا کے ساتھ دی جائے۔ لیکن جس دن یہ دوا دی جائے اس روز تھوجا کا استعمال نہیں ہونا چاہیئے۔
۳۔ ویکسینینم ۲۰۰ طاقت ہر چودہ روز بعد انٹر کرنٹ دوا کے طور پہ دینی چاہیئے۔ اس روز کوئی دوسری دوا نہ دی جائے۔

شہد کی مکھی کا ڈنگ
BEE STINGS

شہد کی مکھی کے ڈنگ کی بہت عمدہ دوا ہے بیرونی طور پہ مدر ٹنکچر میں ڈنگ پہ ملنے سے بہت جلد آرام ہو جاتا ہے۔ "آرٹیکا یورینس"۔ نیز لیڈم پال بھی مفید دوا ہے۔

صفرا کی زیادتی
BILIOUSNESS

یرقان اور جگر کی دیگر صفراوی تکالیف کے لئے "چیلیڈونیم" مدر ٹنکچر کے پانچ قطرے فی خوراک صبح، دوپہر اور شام دیا کریں۔

۲۔ صفراوی دورے کے لئے۔ بربیرس اکوی فولیم ۱x۔

BILIOUS ATTACK
صفرا کا حملہ

۱۔ صفرا کا حملہ جبکہ صفراوی یا کھٹی قے، شدید درد سر اور اسہال ہوں۔ "آئرس ورسیکولر"۔

۲۔ صفراء کا مکمل طور پہ دب جانا، پاخانہ سفید اور جلد پیلے رنگ کی۔ "چائنا" ہر دو گھنٹے کے وقفہ سے۔

۳۔ بلا ضرورت الکوحل کا زیادہ استعمال یا ضرورت سے زیادہ کھانا قبض، آرام پسندی۔ "نکس وامیکا آدھے گھنٹہ کے وقفہ سے۔

۴۔ زیادہ چکنی اور چربیلی غذا کھانے کے بعد، "پلساٹیلا" ہر آدھے گھنٹہ کے وقفہ سے۔

۵۔ ایسے لوگ جو تیزابیت کا شکار ہوں۔ قبل از دوپہر فمِ معدہ میں ڈوبنے کا احساس پایا جائے، قبض اور بواسیر میں مبتلا ہوں۔ "سلفر"۔

۶۔ پیٹ میں ریاح، قبض اور پیشاب بہت کم مقدار میں۔ "لائیکوپوڈیم"۔

۷۔ ایسے لوگ جو عموماً قبض میں مبتلا رہتے ہوں، جس کے ساتھ آدھے سر میں درد ہو۔ "کالی کارب"۔

BILIOUS DIRRHOEA
صفراوی اسہال

جب سبز رنگ کے پتلے، گندے انڈے کی مانند اسہال ہوں تو بہت کامیاب دوا ہے۔ "کیموملا"۔ اس کے بعد "مرک سال" اور "سلفر" کا استعمال کریں۔

BILIOUS FEVER
صفراوی بخار

۱۔ بخار کی حرارت کے لئے "اکونائٹ، برائی اونیا، چائنا اور نکس وامیکا"۔

۲۔ سر درد کے لئے۔ "برائی اونیا اور نکس وامیکا"۔

۳۔ بہت زیادہ قے کے لئے۔ "اینٹم ٹارٹ، آرسینکم البم، اپی کاک"۔

۴۔ قبض اور نامکمل اور سست پاخانہ کے لئے، "آرسینکم البم، برائی اونیا نکس وامیکا، وریٹرم البم"۔

۵۔ اسہال کے لئے "آرسینکم البم، مرک سال، پلساٹیلا اور کیمو میلا"۔

صفراوی مزاج
BILIOUS TEMPRAMENT

صفراوی مزاج کے لوگوں کے لئے خصوصاً اس دوا کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ اس کا اہم اثر ڈوڈینم، چھوٹی آنتوں اور جگر اور ریکٹم پہ ہوتا ہے۔ "پوڈو فائیلم"۔

پتہ میں پتھری کی وجہ سے درد
BILIARY COLIC

۱۔ شدید درد کے لئے "کالوسنتھ"۔

۲۔ کاٹنے والے، اپنی حالت بدلنے والے اور تیز درد جن کے ساتھ بہت زیادہ ریاح پائی جائے۔ بعض ڈاکٹروں کے مطابق پتّے میں پتھری کے لئے مخصوص دوا ہے۔ "ڈائیسکوریا"۔

۳۔ پتّے کی پتھری سے درد، جس کے بعد یرقان ہو جائے، درد تشنجی ہوتے ہیں اور تھوڑی سی جگہ محسوس ہوتے ہیں۔ "بربیرس"۔

۴۔ عام طور پہ ایسی تکالیف کے لئے مفید دوا ہے "وریٹرم البم"۔

برتھ کنٹرول
BIRTH CONTROL

ماہواری کے خاتمے پہ پہلے، دوسرے اور تیسرے دن "نیٹرم میور" × ۲۰۰ طاقت میں مانع حمل ہے۔ ہر مہینے تین خوراکیں استعمال کی جائیں اور اس وقت تک یہ سلسلہ جاری رکھا جائے جب تک کہ حمل قرار پانے کی خواہش نہ ہو۔

۲۔ اگر ماہواری کی صحیح تاریخ سے چار روز قبل "پلساٹیلا" ۲۰۰ طاقت میں استعمال کر لی جائے تو یہ مانع حمل ہونے کے لئے مفید ہے۔

۳۔ ڈاکٹر پی بینرجی کے مطابق مندرجہ ذیل ادویہ حاملہ ہونے سے بچانے میں مفید ہیں۔

ٹسٹیز × ۳ ماہواری ختم ہونے کے دن سے سات دن تک روزانہ دیں، ہر ماہ دینے سے کئی کیسوں میں اس نے استقرار حمل کو روکا ہے۔ یہ دوا نوسوڈ کی ایک قسم ہے۔

۴۔ سائیکلیمن مدر ٹنکچر پانچ قطرے یا زنتھا کسیلم مدر ٹنکچر کے پانچ قطرے

ماہواری ختم ہونے کے دن سے سات سے دس دن تک متواتر استعمال کرنے سے استقرار حمل سے محفوظ رکھتی ہیں۔

BITES OF ANIMALS AND STINGS

جانوروں کا کاٹنا اور ڈنگ

جانوروں کے کاٹنے اور ڈنگ کے لئے بہت مفید دوا ہے۔ "ایسٹک ایسڈ"۔

۲۔ شہد کی مکھی کے ڈنگ کے لئے شاندار دوا ہے۔ "ارٹیکا یورنس"۔

۳۔ کتے کے کاٹنے کے لئے "لیکیسس"

۴۔ ناگ کے اور دوسرے زہریلے کیڑوں کے کاٹنے کے لئے "سیڈرن"۔

۵۔ سانپ کے زہر کے لئے تریاق کی حیثیت سے استعمال کی جائے، تو جسم کی قوت مدافعت کو سانپ کے زہر کے اثرات کا مقابلہ کرنے کے قابل بنا دیتی ہے۔ "گولونڈریا"۔

۶۔ بھڑ کے کاٹنے کے لئے "آرنیکا کا سٹرانگ مدر ٹنکچر" ڈنگ پر ملنے سے دو گھنٹے کے اندر سوجن اور درد کو ختم کر دیتا ہے۔

۷۔ چوستے وقت رخساروں کے اندر کے حصے دانتوں سے کٹ جائیں، "کاسٹیکم"۔

۸۔ بچھو کے کاٹنے کے لئے "میڈم پال" ۲۰۰ اندرونی طور پہ دیں اور خارجی طور پہ اس کا مدر ٹنکچر لگائیں۔

BITES OF ANIMALS

جانوروں کا کاٹنا

چوہے، کتے، بچھو اور بلی کے کاٹنے کے لئے "لیدم"۔ کتے اور بلی کے کاٹنے کے لئے بیرونی طور پہ "کیلنڈولا مدر ٹنکچر" ملنا چاہیئے۔

BITES PREVENTION OF COMPLICATIONS

جانوروں کے کاٹنے سے پیدا ہونے والی پیچیدگیوں سے بچاؤ

چوہے اور کتے کے کاٹنے سے پیدا ہونے والی پیچیدگیوں سے بچاؤ کے لئے "لیڈم پال" کا استعمال کرنا چاہیئے۔ یہ نہ صرف مابعد پیچیدگیوں ٹیٹنس یا دیگر

عفونتی حالتوں سے محفوظ رکھتی ہے بلکہ یہ گولی لگنے سے پیدا ہونے والی دردوں کے لئے جب کہ زخم سے اعصاب بھی متاثر ہوتے ہیں۔ مفید ہے اور اگر اس کو بر موقع دیا جائے تو ایسی کوئی مابعد تکلیف پیدا نہیں ہوتی۔

مثانہ خود بخود اخراج کے ساتھ
BLADDER WITH INVOLUNTRY URINE

۱۔ پیشاب کی نالی میں خصوصاً عورتوں کی پیشاب کی نالی میں پیشاب کرنے کے دوران یا بعد جلندار اور کاٹنے والا یا چبھن پیدا کرنے والا درد "بربریں" کے دو قطرے مدر ٹنکچر آدھے گھنٹے کے وقفے سے لے کر چار گھنٹے تک کا وقفہ فی خوراک۔

۲۔ پیشاب کا نیند کے دوران بلا ارادہ اخراج "سینیگا" چھ گھنٹے کے وقفہ سے دن کو یا رات کو "بیلا ڈونا" ۶ گھنٹے کے وقفہ سے۔

۳۔ پیشاب کرتے وقت گردوں، مثانے اور پیشاب کی نالی میں جلن اور درد "ٹیری بنتھینا" آدھے گھنٹے کے وقفہ سے۔

ب۔ مثانے میں درد کے لئے "کالی کارب" آدھے گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔ اور پتھری کے لئے "کینتھرس" دیں۔

۴۔ مثانے، رحم اور گردوں کی نالیوں میں درد جس کا انحصار پتھریوں کے اخراج اور یورک ایسڈ کے اخراج پر ہو۔ "ہائیڈرانجیا" ۲۰ طاقت میں یا دس قطرے مدر ٹنکچر میں دیں۔ یہ درد کو آرام پہنچائے گی اور مسکن دوا کے طور پہ کام کرے گی۔

مثانے کی سوزش بار بار پیشاب آئے
BLADDER IRRITATION FREQUENT URINATION

اعضائے ہاضمہ کی درمی کیفیت کی وجہ سے بار بار پیشاب کی تکلیف دہ حاجت "نکس وامیکا"۔

۲۔ جب جگر کی خرابی کی وجہ سے ہو "مرک سال"۔

۳۔ جب اعصابی ہیجان کی وجہ سے ہو "بیلا ڈونا یا کیمو میلا"۔

اور جب اس کے ساتھ ہسٹریا بھی موجود ہو تو "اگنیشیا"۔
مثانہ میں درد کے لئے "سٹرکنیا"۔

BLADDER POLYUREA
مثانے سے زیادہ پیشاب کا اخراج

پیشاب ہر آدھے گھنٹے کے بعد رات اور دن میں آتا رہے اور پیشاب گہرے رنگ کا اور پیشاب کے دوران اور بعض اوقات پیشاب کرنے کے بعد بھی چبھن اور جلن پائی جائے۔ وزن کم ہوتا جائے اور نیند جاتی رہے پیشاب متواتر قطرہ قطرہ ٹپکتا رہے۔ رات دن جلن اور چبھن ہوتی رہے تو یہ دوا اس کو درست کر دے گی "ارجنٹم نائیٹریکم ۳۰"۔

BLADDER WEAKNESS WITH MICTURITION
مثانے کی کمزوری اور پیشاب آئے

پیشاب کا زور لیکن پیشاب نکلنے کے لئے کچھ دیر انتظار کرنا پڑے۔ پیشاب کرنے کے باوجود بھی حاجت ختم نہ ہو اور کرتا ہی رہے۔ "ہیپر سلف"۔

BLADDER WEAKNESS AFTER LABOUR
وضع حمل کے بعد مثانہ کی کمزوری

وضع حمل کے بعد اگر عورت کے مثانے میں فالجی کمزوری ہو جائے اور پیشاب نہ رک سکے تو ایسی کمزوری کو دور کرنے اور مثانے کی طاقت کو بحال کرنے میں یہ دوا کا اثر رکھتی ہے "کاسٹی کم"۔

BLEEDING BRIGHT
خون کا اخراج چمکیلا سرخ خون

جسم کے کسی بھی سوراخ سے خارج ہو رہا ہو تو اس کے لئے دیں۔ "فیرم فاس"۔

BLEEDING COPIOUS
خون کا اخراج بہت زیادہ مقدار میں

ناک سے یا کسی دوسرے سوراخ سے زیادہ خون کا اخراج، عموماً صبح کے وقت ہو۔ "امبرا"۔

BLEEDING DARK
خون کا اخراج سیاہی مائل

پھوڑوں سے یا کسی بھی سطح سے سیاہی مائل خون کا خارج ہونا "ڈیکیس"۔

BLEEDING DARK DOES NOT EASILY COAGULATE
خون سیاہی مائل خارج ہو جو آسانی سے جمتا نہ ہو

خون کسی بھی سوراخ سے ناک، رحم، مثانے اور انتڑیوں وغیرہ سے نکلتا ہو اور جو آسانی سے جمتا نہ ہو اور سیاہی مائل رنگت کا ہو۔ "ایمونیم کارب"

BLEEDING DURING PREGNANCY
خون کا اخراج حمل کے دوران

حمل کے دوران غیر معمولی اخراج خون خواہ ثانوی حالت ہیں، پانچویں یا پھر ساتویں ماہ ہو۔ اسقاطِ حمل کی عادت تیسرے ماہ یا اس کے بعد۔ "سیپیا"

BLEEDING FROM LUNGS
خون آئے پھیپھڑوں سے

خون آمیز بلغم کی کھانسی یا پھیپھڑوں سے خون آتا ہو۔ "اکلائیفا انڈیکا" چھٹی طاقت میں ہر آدھے گھنٹے کے وقفہ سے۔

BLEEDING FROM MUCUS MEMBRANES
خون کا اخراج بلغمی جھلیوں سے

بلغمی جھلیوں کے لئے مثلاً ناک، معدے، مقعد اور زخموں سے، "ایلیٹک الیٹر"

BLEEDING FROM NAVEL
خون کا اخراج ناف سے

نومولود بچوں کی ناف کے لئے، "ابراٹینم"

BLEEDING TENDENCY
خون کے اخراج کا رجحان

مریض میں اخراج خون کا رجحان پایا جاتا ہو ہر چھوٹے سے زخم سے بھی کافی مقدار میں خون خارج ہو۔ دانت نکالنے کے بعد اس جگہ سے خون نکلے اور گھنٹوں نکلتا رہے۔ مریض کے جسم کے کسی بھی سوراخ سے یا کسی اندرونی عضو سے خون نکلتا ہو۔ جب ناک صاف کر رہا ہو تو ناک سے خون نکلے۔ "فاسفورس"

BLEEDING FROM VEIN
خون کا اخراج ورید سے

کسی ورید کے کٹ جانے کے بعد شدید اور بہت زیادہ جریان خون کے لئے متاثرہ حصے پر "فیرم فاس 6x" کا ٹنکچر لگائیں۔ اور اس حصے کو کس کر باندھ دیں

BLEPHARITIS INFLAMATION OF EDGES OF EVELIDS

آنکھوں کے پپوٹوں کے کناروں کا ورم

۱۔ پلکوں کا ضائع ہو جانا، پپوٹوں کے کناروں کا ورم "پٹرولیم"۔

۲۔ پپوٹوں پر چھالے جو کہ سرخ ہو جائیں، کناروں پر کھرنڈ جمے ہوئے ہوں، آنکھوں کے صاف پردے کورنیا کا ورم، روشنی ناقابلِ برداشت، (چندھیاپن)، پپوٹوں کا ورم۔ "کرائی سارو بلیئم" ۳۰ طاقت میں اندرونی طور پر دیا خارجی طور پہ اسی دوا کے چار گریں۔ ایک اونس ڈینزلین میں ملا کر لگائیں۔

۳۔ حاد حالتوں میں جبکہ پیپ بن رہی ہو یا بن چکی ہو۔ پپوٹے متورم ہوں جن میں دھڑکن دار درد ہوتی ہو۔ "ہیپر سلف"۔

BLINDNESS DUE TO LIGHTNING

اندھاپن چمک یا تیز روشنی کی وجہ سے

ایسے اندھے پن کے لئے "فاسفورس" ۳۰ یا ۲۰۰ مخصوص دوا ہے۔

BLINDNESS SUDDEN ALSO NIGHT BLINDNESS

اندھاپن اچانک خصوصاً رات کا اندھاپن

۱۔ "لائیکو پوڈیم" اول درجے کی دوا ہے۔

۲۔ حمل کے دوران عورت میں دن اور رات کو اندھاپن پایا جائے۔ "ریٹین بلب"۔

۳۔ جب اندھے پن کا سبب معلوم نہ ہو۔ "ہیلی بورس"۔

۴۔ جب آپٹک نرو کے فالج کی وجہ سے اندھاپن ہو "بلوسٹا"۔

۵۔ رات کا اندھاپن دھندلے پن کے ساتھ یا بغیر دھندلے پن کے۔ "فائیسو سٹگما"۔

۶۔ اچانک اندھے پن کے لئے۔ "اکونائٹ"۔

۷۔ ہسٹیریا کے دوران اندھاپن۔ "فیرم میٹ"۔

۸۔ تیز روشنی سے "فاسفورس"۔

۹۔ کسی خوف یا آنکھوں میں جریان خون سے ۔ "جلسی میم"۔

BLINKING OF EYES
آنکھوں کی پلکوں کا جھپکنا

۱۔ مریض اندھیرے سے اور اکیلا رہنے سے ڈرے، اعصابی کمزوری کی وجہ سے پلکیں جھپکے ۔ "لائیکوپوڈیم"۔

۲۔ آنکھوں کی پلکیں متواتر جھپکے ۔ "یوفریزیا"۔

۳۔ پڑھنے کے دوران اور بعد آنکھیں جھپکے ، "کروکس، کلکیریا کارب"۔

BLISTERS IN FEET ABOUT NAILS
پاؤں میں ناخنوں کے گرد چھالے

چلنے کی وجہ سے پاؤں میں چھالے پڑ جائیں ، ایڑیوں میں زخم ہوں، چھالے ناخنوں کے گرد انگلیوں کی پر درد تکالیف کے ساتھ ۔ "ایلیم سیپا"۔

BLISTERS IN MOUTH DURING FEVER OR MENSES
بخار یا ماہواری کے دوران منہ میں چھالے

منہ یا منہ کے کناروں کے پاس موتیوں کی مانند چھالے جو بخار کے دوران یا ماہواری کے دوران پائے جائیں ۔ "نیٹرم میور" اور جب نیٹرم میور ناکام ہو جائے تو "اگنیشیا" دیں ۔

BLISTERS IN MOUTH EXTREMELY PAINFUL
منہ میں شدید پر درد چھالے

منہ میں جبڑوں کے قریب کناروں پر سفید رنگ کے چھالے جن میں درد اور دکھن پائی جائے ۔ زبان کی نوک بہت زیادہ پر درد ۔ "تھوجا"
ٹائیفائیڈ میں اس سے چھلکے اتریں ۔ "فاسفورک ایسڈ"۔

BLOATING DROPSY
ڈراپسی کی وجہ سے چہرے کا پھول جانا

ڈراپسی میں چہرہ بہت زیادہ پھولا ہوا اور متورم، آنکھوں کے نیچے سوجن ۔ "اپوسائی نم"۔

BLOATING STOMACH
معدے کا پھول جانا

معدہ پھولا ہوا اور اس میں پتھر کی مانند بوجھ مریض اچھا خاصا کھا لینے کے بعد کبھی خوش نہیں ہوتا ۔ "نکس وامیکا"

BLOCKS
شفا میں رکاوٹ کا پیدا ہونا

مزمن مرض کی شفا میں ناکامی کی دو وجوہات ہوتی ہیں۔

۱۔ دوا کا غلط استعمال جو کہ بہت عام بات ہے۔

۲۔ شفا میں رکاوٹ کا پیدا ہو جانا۔

شفا میں رکاوٹ کا سبب عام طور پہ کسی مرض کے زہریلے وائرس ہوتے ہیں جو کافی عرصہ سے جسم میں موجود ہوتے ہیں اور ابھی تک اپنا کردار ادا کر رہے ہوتے ہیں۔ جب تک ان کی رکاوٹ کو دُور نہ کیا جائے کوئی بھی منتخب شدہ دوا اپنا فعل انجام نہیں دے سکتی۔ بعض اوقات رکاوٹ کو دور کرنے والی صحیح دوا بھی اس کو دور کرنے میں ناکام ہو جاتی ہے۔ اور ڈاکٹر کو ایسی رکاوٹ دور کرنے کے لئے کئی دوائیں دینی پڑتی ہیں جو اس مرض کے زہر سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ کسی کیس کی سابقہ ہسٹری کس اہمیت کی حامل ہے۔ جب تک کسی کیس کی سابقہ ہسٹری سے واقفیت نہ ہو اس کی تہہ تک نہیں پہنچا جا سکتا۔ اور جب تک اس کی بنیاد تلاش نہ کر لی جائے اس مرض کو شفایاب تو کیا اس رکاوٹ کو بھی دور نہیں کیا جا سکتا جو اس دوا کی راہ میں حائل ہے جو موجودہ علامات کی روشنی میں صحیح طور پہ منتخب کی گئی ہو۔ عموماً رکاوٹ کو "نوسوڈز" کے ذریعے دور کیا جاتا ہے جو کہ اصل مرض سے متعلق ہوں لہٰذا "ڈفتھیرینم"۔

ڈفتھیریا کے اثرات کو یا ڈفتھیریا کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی بیماری سے شفا کے حصول میں حائل رکاوٹ کو دور کرے گی۔ یہی معاملہ ٹائیفائیڈ، ہیضہ، کنپیڑوں اور چیچک وغیرہ کی صورت میں ہے۔ لیکن مشکل یہ ہے کہ ہمیشہ یہ ممکن نہیں ہوتا کہ اصل مرض سے متعلق نوسوڈز کا استعمال کیا جا سکے۔ کیونکہ اصل مرض کی تہہ تک پہنچنے کے لئے اس کی صحیح اور مکمل ہسٹری کا موجود ہونا ضروری ہے۔ بلاشبہ ہومیوپیتھی میں ایسی ادویہ موجود ہیں جو رکاوٹ کو دور کرنے کی صلاحیت

رکھتی ہیں۔ جیسے تھوجا ٹیکہ کے لئے سلفر سورائی کیفیتوں کے لئے، وغیرہ وغیرہ۔

لیکن اصل میں رکاوٹ دور کرنے کے لئے "نوسوڈنز" ہیں جو کہ اس مرض کے

زہر سے تیار کئے جاتے ہیں۔

خونی پیچش
BLOODY DYSENTERY

پاخانہ کر چکنے کے باوجود حاجت بنی رہے۔ پاخانہ کیچڑ کی مانند، بدبودار جس کے ساتھ کاٹنے والی دردیں پائی جائیں

پاخانے کے ساتھ بلغمی جھلیوں کی ٹکڑے خارج ہوں۔ پاخانے اور پیشاب کی حاجت

کا قائم رہنا اہم علامت ہے جو ان کے اخراج کے باوجود بھی قائم رہتی ہے پیشاب

پاخانہ کرتے وقت قطرہ قطرہ خارج ہوتا ہے جس کے ساتھ بہت زیادہ درد ہوتا

ہے۔ مقعد کی حاجت کا بنے رہنا مثانہ تک پھیلتا ہے اور مثانہ کی بھی وہی حالت

ہو جاتی ہے اور متواتر پیشاب کی حالت قائم رہتی ہے "مرک کار"۔ ڈنکس دامیکا

سے اس کا موازنہ کریں۔ جس میں پاخانہ کر چکنے کے بعد بالکل آرام اور سکون

پایا جاتا ہے۔)

خون کا زہریلا ہونا
BLOOD POISONING

سرخباد، سرخ بخار کی مہلک حالت میں جبکہ نڈھالی بہت زیادہ تنگیٔ تنفس پایا جاتا ہو۔ ایسا معلوم ہو کہ دل

جواب دینے والا ہے۔ ایسی حالت سے مماثل رکھنے والی دوا "امونیا کارب" ہے۔

BLOOD POISONING IN INFECTIVE FEVER E.G MEASLES

خون کا زہریلا ہونا چھوت کے بخار میں، مثلاً ڈفتھیریا، خسرہ، چیچک وغیرہ میں
DIPHTHARIA OR SMALL POX

خون بڑی تیزی کے ساتھ گلنا سڑنا شروع ہو جاتا ہے، منہ سے سیاہ

رنگت کے خون کا آنا، منہ اور ناک سے گندی بو آتی ہے۔ بچہ مدہوشی کی حالت

میں ہوتا ہے جب جاگتا ہے تو خواب کی سی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ مہلک

اثرات کی وجہ سے بچہ تیزی کے ساتھ بے ہوشی کی حالت میں جا رہا ہوتا ہے اور

منہ یا ناک سے خون آمیز اخراج ہوتا ہے۔ عام نڈھالی پائی جاتی ہے۔ ڈفتھیریا

(خناق) خسرہ، چیچک وغیرہ میں ایسی حالت کے لئے مفید دوا ہے "ایلینتھس گلینڈولوسا"۔

بلڈ پریشر کا بڑھ جانا
BLOOD PRESSURE HIGH

۱۔ خون کے دباؤ پر قابو پا لیتی ہے اور دل کو تحریک دیتی ہے۔ "ایڈرینالین"۔

۲۔ بوڑھے لوگوں میں خون کا دباؤ بڑھ جانے کے لئے۔ "براٹا میور"۔

۳۔ جب دل کے حصے میں دباؤ ہو، چکر آتے ہوں، آنکھوں کے سامنے سیاہ نشان دکھائی دیں۔ سیڑھیاں چڑھنے میں مشکل محسوس ہو۔ "گلونائن"۔

۴۔ ہائی بلڈ پریشر کے لئے بہت اہم اور تمام دواؤں کی سرتاج ہے اس کو سب سے پہلے استعمال کرنا چاہیئے اور اونچی طاقت میں دی جانی چاہیئے۔ زیادہ تر ایسی حالتوں کو اس سے درست کیا جا سکتا ہے۔ "لیکسیس"۔ ایک ہزار، یا اونچی طاقت میں۔

۵۔ جب خون کا دباؤ غصے کی وجہ سے یا آزردگی کی وجہ سے یا بیش حساسیت کی وجہ سے بڑھ جائے۔ سر میں شدید درد ہو یا چکر آئیں تو۔ "آرم میٹ"۔

۶۔ ایسے لوگوں میں جن کی حالت دن بدن گر رہی ہو تو ربط پیدا کرنے والی دوا "انٹر کرنٹ ریمیڈی" کے طور پر اس دوا کو دینا چاہیئے "ٹیوبرکولینم"۔
(آر۔ بی۔ بشمبر داس)

۷۔ فیرم فاس ۱×، کالی میور ۳× اور کلکیریا فاس ۳× تینوں دواؤں کو چار اونس اُبلے ہوئے پانی میں ڈال کر رکھ لیا جائے۔ ہر آدھے گھنٹے کے بعد ایک چائے کا چمچ یا کیس کی نوعیت کے مطابق کم یا زیادہ وقفے سے مریض کو دی جائے۔

۸۔ "کینابس انڈیکا"۔ بہت زیادہ جوشیلے، باتونی اور چڑچڑے لوگوں کے لئے اس کے لئے وقت یا جگہ کی کوئی قید نہیں۔

۹۔ "براٹا میور"۔ بوڑھے لوگوں کے لئے جن کے سائسٹالک اور ڈائسٹالک

بلڈ پریشر میں بہت زیادہ فرق ہو جس کے ساتھ شریانی دیواروں کی سختی پائی جائے

۱۰۔ "برائی ادنیا"۔ ہائی بلڈ پریشر جس کے ساتھ چکر آئیں اور چبھن دار سر درد ہو۔

۱۱۔ "ایڈرینالین کلورائیڈ"۔ بلڈ پریشر کو کم کر دیتی ہے اور وقتی سکون کے لئے مفید ہے۔

۱۲۔ جب کسی دوا کی واضح علامات نہ ہوں تو ڈاکٹر ڈبلیولانگ کے مشورہ کے مطابق "کریٹیگس، گلونائن اور پیسی فلورا"۔ ہر دوا کی ایک خوراک یکے بعد دیگرے روزانہ دینی چاہیئے۔ یہ مریض کو سکون میں رکھیں گی اور اس کی عام حالت کو مزید خرابی سے بھی محفوظ رکھیں گی۔

بلڈ پریشر کا کم ہو جانا BLOOD PRESSURE LOW

جب خون کا دباؤ کم ہو جائے تو "کیکٹس" دینی چاہیئے۔

خون صاف کرنے والی دوا BLOOD PURIFIER

گن پوڈر بہت بڑی انٹی سورک دوا ہے اور خون صاف کرنے کی اعلیٰ دواؤں میں سے ایک ہے۔ یہ جلدی تکالیف کو واضح کرنے میں مدد دیتی ہے۔ کافی عرصہ تک اس کو ×۳ طاقت میں دینا چاہیئے۔

۲۔ "ایکی نیشیا" ایک دوسری خون صاف کرنے والی دوا ہے۔ یہ خون کی ہر بیماری میں مفید ہے مثلاً پھنسیاں، پھوڑے اور چیچک وغیرہ میں۔ اس کو مدر ٹنکچر میں پانچ سے دس قطرے فی خوراک دینا چاہیئے۔

خون تھوکنا BLOOD SPETTING

ڈاکٹر جوسٹ کا کہنا ہے کہ ہم پورے وثوق سے ہ اپی کاک، اور ملی فولیم" پہ بھروسہ کر سکتے ہیں۔ اگر ان کو یکے بعد دیگرے استعمال کرایا جائے۔

۲۔ ڈاکٹر ہولو کومب اور ڈاکٹر تھامس نے "ایکالیفا" کو پھیپھڑوں سے

جریان خون میں بہت کامیابی کے ساتھ استعمال کیا ہے۔ ڈاکٹر کلوفٹن کا کہنا ہے کہ پھیپھڑوں سے خون آنے کو روکنے کے لئے اس دوا کا کوئی ثانی نہیں ہے۔

۳۔ پھیپھڑوں سے جریان خون کے لئے فاسفورس بہت پسندیدہ ہے لیکن اس کو بہت اونچی طاقت میں نہیں دینا چاہیئے بلکہ نچلی طاقت میں استعمال کرائی جائے۔

پیشاب میں خون آنا
BLOOD IN URINE (HAEMATURIA)

ڈاکٹر جہار کا کہنا ہے کہ اگر کسی دوسری دوا کی واضح علامات نہ ہوں تو "کینابس انڈیکا" دینی چاہیئے اور اگر اس سے آفاقہ نہ ہو تو پھر "کینتھرس" دی جائے۔

۲۔ پیشاب میں خون آنے کے لئے مخصوص دوا ہے جبکہ گردوں میں درد بھی ہوتا ہو۔ "ملی فولیم"۔

پھنسیاں
BOILS

جب پھنسیاں بہت بڑی ہوں اور مریض کا رجحان ابھی مزید پھنسیاں نکلنے کی طرف پایا جائے۔ پھنسیاں مکمل طور پہ واضح نہ ہوں نیلگوں رنگت کی رہیں "لائیکو"۔

۲۔ کانوں میں چھوٹی چھوٹی پھنسیاں "پکرک ایسڈ"۔

۳۔ مقعد کے قریب پھنسیاں جن کے ساتھ فسچولا بھی ہو "بربیرس"۔

۴۔ اگر بار بار پر درد پھنسیاں نکلتی ہوں تو "ایکی نیشیا" مدر ٹنکچر پانچ سے آٹھ قطرے تین مرتبہ روزانہ۔

۵۔ اگر خطرناک اور زہریلی پھنسیاں نکلتی ہوں تو "ہیپر سلف ۲۰۰" اندرونی طور پہ دینے سے دوراتیہ کو کم کر دے گی۔

پھنسیاں جن کے ساتھ اندرونی مرض بھی موجود ہو
BOILS ASSOCIATED WITH INTERNAL DISEASE

جب کسی خطرناک بیماری کا علاج کرتے وقت

کوئی ابھار جسم کی سطح پر ظاہر ہو۔ مثلاً سرخباد وغیرہ اور مریض کو افاقہ نہ ہو تو ایسی صورت خطرناک ہوتی ہے۔ ایسی مہلک پھنسیاں کاربنکلز، سرخباد وغیرہ مریض میں اندرونی مرض کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔ ایسی صورت میں "امونیم کارب"

پھنسیاں بغل میں BOILS IN AXILLA

"کاربو اینی میلس" ۲۰۰ ہر دوسرے روز دینی چاہیئے یہ ایسی تکلیف میں بہت زیادہ مفید ثابت ہوتی ہے۔

پھنسیوں کا اکٹھا نکلنا BOILS IN GROUP

جسم کے مختلف حصّوں میں پھنسیوں کا اکٹھا نکلنا یا جونہی پہلی پھنسی ٹھیک ہوئی اور دوسری نکل آئے۔ "سلفر"۔

۲۔ پھنسیوں کے اکٹھا نکلنے کا رجحان یا یکے بعد دیگرے چھوٹی پھنسیوں کا نکلنا۔ "آرنیکا"۔

۳۔ پھنسیوں کے بار بار نکلنے سے محفوظ رکھتی ہے "بربیرس" (ڈاکٹر ڈیوی)

۴۔ اگر چھوٹی چھوٹی پھنسیاں اکٹھی نکلیں "زبرائی ادنیا" بار بار دوہرائیں درمیان میں "سلفر" اثر تیز کرنے والی دوا کے طور پہ دیں۔

۵۔ پھنسیاں پشت، گردن، ناک، چہرے پہ اکٹھی نکلیں اور مواد والی پھنسیاں تمام کندھوں پہ، گردن کے غدود متورم "تھوجا" ۳۰۔

پھنسیاں اور کاربنکلز BOILS-CARBUNCLES

۱۔ ذیابیطس کے ساتھ گوشت خور پھوڑے مختلف سوراخوں سے بدبودار پیپ کا اخراج ہوتا ہو "کاربانک ایسڈ" ۲۰۰۔ طاقت میں دینی چاہیئے۔

۲۔ کاربنکلز میں جب جلن اور بہت زیادہ بخار بھی ہو تو بہت مفید

دوا ہے ۔ " اینتھراسینم " ایک ہزار طاقت میں ہر چودہ دن بعد دینی چاہیئے ۔ ایک خوراک سے شفا ہو جائے گی یا حالت کافی بہتر ہو جائے گی ۔

۳۔ کاربنکلز میں بہت زیادہ جلن جیسے متاثرہ حصے پر کوئلے جلا دیئے گئے ہوں ۔ " آرسینکم البم " جبکہ " انتھراسینم " ناکام ہو جائے ۔

۴۔ جبکہ کاربنکلز میں جلن اور ڈنگ دار درد ہو ، گلنے سڑنے شروع ہو جائیں تو ایسے عفونتی پھوڑوں اور کاربنکلز کے لئے مخصوص دوا ہے ۔ " ٹیرنٹولا کوبنس " ۔

یہ دوا ایسے پھوڑوں کے لئے بھی مفید ہے جن میں بہت زیادہ درد ہوتی ہو اور پھوڑے کے قریبی غدود بھی متورم اور درد کرتے ہوں ۔

BOILS CHRONIC BED SORE AND CARBUNCLES

پھنسیاں مزمن ، بستر کے زخم اور کاربنکلز (گوشت خور پھوڑے)

مہلک مزمن پھوڑے ، بستر کے زخم اور کاربنکلز جبکہ سیاہی مائل نیلگوں رنگت پائی جائے ۔ " لیکیسس " ۔

BOILS CHILDREN

پھنسیاں بچوں میں

خصوصاً بچوں میں پھنسیاں نکلیں ۔ جن کے گرد نیلے رنگ کا چھوٹا سا گھیرا ہو ۔ بچوں کے ایگزیما میں بھی مفید ہے ۔ " سیپیا " ۔

BOILS HABIT AND RECURRING

پھنسیاں نکلنے کی عادت اور بار بار نکلنا

جن لوگوں میں بار بار پھنسیاں نکلتی ہوں تو اس عادت کو ختم کرنے کے لئے بہت مفید دوا ہے ۔ " ایکی نیشیا " ۔

BOILS PUS ABORTED

پھوڑے میں پیپ بننے کے عمل کو ختم کرنا

" ہیپر سلف " اونچی طاقت میں دینے سے پھوڑے میں پیپ بننے کا عمل ناکام ہو جاتا ہے اس کے بعد " مرک سال " دینی چاہیئے ۔

پھنسیاں ناک میں
BOILS – NOSE

ناک کے اندر اکٹھی پھنسیاں ، شدید پر درد جن سے سبز بدبو دار پیپ نکلے ان کے لئے مفید دوا ہے۔ "ٹیوبر کولینم" ۲۰۰۔

پھوڑے میں ارتعاش ، سوجن اور درد
BOILS THROBING SWELLING PAINFUL

بہت زیادہ سرخی اور ٹپکن اور ارتعاش ، ورم اور درد کا پایا جانا اس دوا کی واضح علامات ہیں۔ "بیلا ڈونا"

"ٹیرنٹولا کیوبنس" پھوڑوں اور کاربنکلز کی مخصوص دوا ہے۔

ہڈیوں کی غیر معمولی نشوونما اور سوجن
BONES AND ABNORMAL GROWTH AND SWELLING

۱۔ ہڈیوں کا غیر معمولی طور پر بڑھنا "مرک کاریار سٹاکس"۔

۲۔ ہڈیوں کی سوجن اور عمومی غیر معمولی نشوونما "کالی آیوڈائیڈ"۔

۳۔ ہڈیوں کا بلا وجہ یا کسی وجہ سے بڑھنا۔ "کلکیریا فلور" کو "کلکیریا فاس" کے ساتھ ادل بدل کر دینا چاہیئے۔

ہڈیوں کا درد
BONES ACHE

ہڈیوں میں شدید درد جیسے یہ ٹوٹ جائیں گی اس کے لئے مفید دوا ہے "ایمونیم کارب"۔

۲۔ ہڈیوں میں عام درد اور بازوؤں اور ٹانگوں ، کلائیوں اور کمر میں شدید درد ، انفلوئنزا میں عضلات ، بازوؤں اور ٹانگوں میں درد کے لئے "یوپے ٹوریم پرفولی ایٹم"۔

ہڈیوں کی خمیدگی اور ناسور
BONES CURVATURE AND CARIOUS

ہڈیوں کی خمیدگی ، سوکھیا مسان اور کولہے کے جوڑ کی بیماریاں "سلیشیا"۔

۲۔ ریڑھ کی ہڈیوں کی خمیدگی اور ریڑھ کا ناسور اور سوکھیا مسان جس کے ساتھ ترش پسینہ بھی پایا جائے اس کے لئے مفید دوا ہے۔ "کلکیریا کارب"۔ (ڈاکٹر ڈیوی)

ہڈیوں کا غیر قدرتی طور پر بڑھ جانا
BONES ENLARGEMENT

ہڈیوں کا بڑھ جانا ناسور کے ساتھ یا بغیر ناسور کے "کلکیریا فلور"۔

ہڈی ٹوٹ جائے اور پھر نہ جڑے
BONES FRACTURE AND ITS NON-UNION

ہڈیوں کے جڑنے کے لئے اور ہڈیوں کے بننے کے لئے۔ "کلکیریا کارب"۔

۲۔ ہڈی کے چوٹ کے ذریعے ٹوٹ جانے یا فریکچر کے لئے خواہ یہ سادہ ہو یا اس کے ساتھ زخم بھی موجود ہو۔ "سمفائیٹم" ایک ہزار طاقت میں دیں۔

۳۔ جب ٹوٹی ہوئی ہڈی کے ساتھ نئی ہڈی بن جانے کی وجہ سے ہڈی نہ جڑتی ہو تو۔ "رُوٹا"

ہڈیوں کا ورم
BONES INFLAMATION

۱۔ ہڈی کا ورم چوٹ کی وجہ سے "روٹا"

۲۔ ہڈیوں کا ورم ٹوٹ جانے کی وجہ سے "سمفائیٹم"۔

۳۔ جسم میں کسی جگہ بھی ہڈی کے معمول سے زیادہ بڑھنے کے لئے، جبڑوں پر یا جسم میں کسی جگہ کے گلنے سڑنے اور کانٹھیں بننے پر اس کا اعلیٰ اثر ہوتا ہے۔ "ہکلا لادا"

BONES INJURIES AND HARDENED SPOT OVER NODULES

ہڈیوں کی چوٹیں اور گانٹھوں پر سخت داغ

ہڈیوں کی چوٹوں میں ٹوٹی ہوئی ہڈی کے گرد ناقص مواد اکٹھا ہو جانے کی وجہ سے جبکہ سخت ہو جائے یا وہاں پر گلٹی کی شکل بن جائے یا ہڈی جڑ جانے کے بعد بھی ہڈیوں میں درد باقی رہ گیا ہو۔ "روٹا"

BONES PAINS DUE TO INJURY OR FRACTURE

ہڈیوں میں درد چوٹ یا ٹوٹنے کی وجہ سے

ہڈیوں میں درد، ہڈی کی جھلیوں میں درد جیسا کہ

سفلی میں ہوتا ہے۔ درد میں رات کو اضافہ نمبر کی ہڈیوں میں پرانے سفلسی شدید
درد۔ "ایسا فوٹیڈا"
۲۔ لمبی ہڈیوں میں درد خواہ یہ چوٹ کی وجہ سے ہو یا گنٹھیا دی۔ "روٹا"

BONES - RICKETS WITH DIARRHOEA AND DEBILITY

ہڈیوں کا سوکھیا جس کے ساتھ اسہال اور کمزوری ہو

ڈاکٹر جہار اور ڈاکٹر بائیر کے کہنے کے مطابق اس دوا کو اونچی طاقت میں دینے سے بہت جلد شفائیہ اثرات کا اظہار ہوتا ہے۔ "کلکیر یا کارب"

۲۔ ڈاکٹر فرنگٹن کے مطابق سوکھیا کے لئے بہت عمدہ دوا ہے "کلکیریا فاس"

۳۔ سر باقی جسم کے مقابلہ میں قدرے بڑا، پسینہ بدبودار، چہرہ زرد، ہڈیوں کی نشوونما سست۔ ڈاکٹر جہار، ڈاکٹر جوسٹ، ڈاکٹر ہوجز اور ڈاکٹر ڈیوی اس دوا کے استعمال کی بہت تعریف کرتے ہیں جبکہ کلکیریا کارب اپنا شفائیہ اثر دکھانے میں ناکام ہو جائے۔ "سلیشیا"

۴۔ سوکھیا میں مبتلا بچوں کے اسہال کے لئے ڈاکٹر جوسٹ کے مطابق یہ بہت مفید دوا ہے "فاسفورک ایسڈ"

جبکہ ڈاکٹر ڈیوی "فاسفورک ایسڈ" کو سوکھیا میں مبتلا بچوں کی نہایت کمزوری کی حالت میں مفید بتاتے ہیں۔

BONES - SWELLING OF FINGERS AND KNEES

ہڈیوں کی سوجن ہاتھ کی انگلیوں اور گھٹنوں کی

آخری انگلی کے جوڑوں میں سوجن اور درد، گھٹنوں کے اور دوسرے جوڑوں کی سوجن اور سوزش "کالچی کم"

BORING INTO THE NOSE IN ACUTE DISEASES WITH DISCHARGE AND SWELLING

ناک میں انگلی پھیرے، حاد بیماریوں میں جن کے ساتھ اخراج اور سوجن پائی جائے

منہ اور ناک کی بلغمی جھلیوں میں سرسراہٹ کا احساس، بچہ جب کسی حاد بیماری میں مبتلا ہو تو وہ اپنے ہونٹوں کو

نوچتا ہے اور دباتا ہے تاوقتیکہ اُن سے نوچنے کی وجہ سے خون نکلنا شروع ہو جائے۔ یہ حاد امراض جیسا کہ ٹائیفائیڈ، سکارلیٹ فیور اور دوسرے متواتر رہنے والے بخاروں میں، جن کے ساتھ ہذیان اور جوش پایا جائے، خارش اور سرسراہٹ کا احساس اس قدر شدید ہوتا ہے کہ خون نکلنے کا اور درد کا احساس تک نہیں ہوتا۔ ناک سے خراشدار مواد کا اخراج، جلندار اور خراشدار مواد کے اخراج کے ساتھ گردن کے اور کانوں کی پشت کے غدود متورم ہوتے ہیں اور ان میں دکھن پائی جاتی ہے۔ "آرم ٹرائی فلم"۔

دماغ کی چوٹ
BRAIN CONCUSSION

آرنیکا تین قطرے آدھے گھنٹے کے وقفہ سے "کالی فاس" ۳۰ طاقت، دو گھنٹے کے وقفہ سے دینی چاہیئے۔

دماغ میں اجتماع خون
BRAIN CONGESTION

"بیلاڈونا اور جلسی میم" دونوں میں دماغ کا اجتماع خون پایا جاتا ہے لیکن جلسی میم میں نہ تو اجتماع ہی اتنا شدت کا ہوتا ہے اور نہ بخار پایا جاتا ہے جبکہ بیلاڈونا میں اجتماع اور بخار دونوں میں شدت ہوتی ہے۔

دماغی تھکاوٹ
BRAIN FAG

۱۔ دماغی تھکاوٹ کے لئے مفید ہے "فاسفورک ایسڈ" دو قطرے چھ گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ امتحان سے قبل یادداشت کا جاتے رہنا "اناکارڈیم"۔

BREASTS CONGESTION WITH FLOW OF MILK AFTER WEANING

دودھ چھوڑانے کے بعد پستانوں میں اجتماع

۱۔ "پلساٹیلا" بہت مفید ہے اس کے بعد "کلکیریا کارب" دینی چاہیئے۔

۲۔ متواتر دودھ کا دباؤ جاری رہے تو بیلاڈونا، کلکیریا کارب اور برائی اونیا بہت عمدہ دوائیں ہیں۔

دماغ کی رسولی
BRAIN TUMOUR

پہلے سلفر سی ایم کی ایک خوراک دیں۔ پھر پندرہ دن کے بعد ٹیوبر کولینم سی ایم کی ایک خوراک دیں۔ دوسری ادویہ کونیم ۲۰۰، کلکیریا آیوڈائیڈ ۲۰۰، آیوڈائیڈ ۲۰۰، کلکیریا فلور ۲۰۰، مرکیوریس آیوڈائیڈ کھوپڑی میں دماغ کی رسولی جو ہڈی کی مانند سخت ہو، اس پہ قابو پالیتی ہیں اور اس کو تحلیل کر دیتی ہے۔

دماغ کی نشوونما نامکمل ہو جبکہ جسم کی نشوونما مکمل ہو
BRAIN UNDEVELOPED THOUGH BODY FULLY DEVELOPED

ذہنی نشوونما کی کمی جبکہ جسم کی نشوونما مکمل ہو چکی ہو۔ ایسے لوگ سادہ لوح ہوتے ہیں اور بچوں جیسی حرکات کرتے ہیں۔ خوف، سادگی اور معصومیت، گڑیوں کے ساتھ کھیلتے ہیں اور بے وقوفوں جیسی باتیں کرتے ہیں۔ اٹھارہ سے پچیس سال کی عمر کی لڑکیوں میں بچگانہ حرکات اور بچپن کا پایا جانا، عورت بننے میں دیر، ذہنی اور جسمانی پستی اور چھوٹا قد، نہ بڑھے اور نہ ہی نشوونما ہو اور اجنبیوں سے نفرت۔ "براٹیا کارب" اس دوا کا اثر سست ہوتا ہے اس لئے اس کو دہرانے کی ضرورت ہوتی ہے۔

BREAST ENLARGEMENT IN A BOY AT THE TIME OF PUBERTY
پستان لڑکے کے جوانی کو پہنچنے پر بڑے ہو جائیں

کونیم ایک ہزار طاقت ہیں دیں اور دوسری خوراک دینے سے قبل چودہ دن انتظار کریں۔

BREAST PAIN IN MENSES
پستانوں میں حیض کے دوران درد ہو

پستانوں میں ماہواری کے وقت

درد ہو، پستان گرم اور پر درد، پستانوں کا پھوڑا ۔ "برائی اونیا"۔

۲۔ پستانوں میں ورم اور دکھن ۔ "بیلا ڈونا اور برائی اونیا" بہت مفید ہیں۔

۳۔ دونوں پستانوں کے درمیان درد ہو ۔ "ریفنیس"۔

BREAST NOT DEVELOPING ACCORDING TO AGE

پستان عمر کے مطابق نشوونما نہ پا رہے ہوں

ایسی عورتیں جن کے پستان عمر کے مطابق نشوونما نہ پا رہے ہوں تو ان کو "لیسی تھین" ۶× "تین گرین" اور "کلکیریا فاس" ۱۲× چار گولیاں یکے بعد دیگرے چار مرتبہ روزانہ دیں۔

BREAST TUMOUR

پستانوں کی رسولی

پستانوں کی مہلک رسولی، حیض بہت جلد اور بہت زیادہ اور کافی دیر تک رہے، پُر درد حیض، "ٹیوبرکولینم ۲۰۰"۔ موازنہ کریں "مرک آیوڈائیڈ" سے۔

BREATHLESSNESS

سانس کا پھول جانا

سیڑھیاں چڑھتے وقت سانس اکھڑ جائے، چلنے کے ناقابل ہو تو اس کے لئے بہت مفید دوا ہے۔ "کلکیریا کارب"۔

BREATHING OPPRESSED MUST SETUP

سانس تکلیف دہ، اٹھ کر بیٹھنا پڑے

سانس بہت زیادہ دقت سے آئے، مریض کو سانس لینے کے لئے اٹھ کر بیٹھنا پڑے۔ لیٹنے کی حالت میں سانس نہ لے سکے۔ ہوا کا راستہ رکا ہوا محسوس ہو۔ "ارسینکم البم"۔ حملہ کے دوران "کیکٹس" ۲۰۰ طاقت میں پانی میں ملا کر دیں۔ اس کے بعد "آرسینکم البم" ۳۰ طاقت میں چار قطرے ہر پانچ منٹ کے وقفہ سے دیں۔

BREATHING STERTOROUS

سانس خراٹے دار

جب سانس کی نالیوں میں بلغم جمع ہو جانے کی وجہ سے سانس کا راستہ رک جائے۔ اس کے لئے "اوپیم" چھٹی طاقت میں دیں۔

انتڑیوں کا ایک دوسری میں الجھ جانا
BOWELS INTUSSUSCEPTION

اچانک درد ہو جس کے ساتھ چیخیں نکل جائیں اور بہت زیادہ بے چینی، پیٹ پھولا ہوا ہو۔ مقعد کے ذریعے بلغم اور خون کا اخراج ہو۔ "اکونائٹ" ۳۰ طاقت میں ہر پندرہ منٹ بعد دیں۔ اونچی طاقت میں ۱۰۰۰ میں بہت اچھا کام کرتی ہے۔

۲۔ درد اور بدبو دار قے کے ساتھ۔ "پلمبم"۔

۳۔ شدید درد اور تشنج۔ "اوپیم"۔

۴۔ اِدھر اُدھر جھپٹے، دوہرا ہونے سے اور پیٹ کو دبانے سے آفاقہ ہو، شدید ذہنی کوفت۔ "وریٹرم البم"۔

آنتوں میں درد
BOWELS PAIN

آنتوں میں درد جس کے ساتھ متواتر پیشاب آئے۔ "ٹیری بنتھینا"۔

برائیٹس ڈیزیز (گردوں کا ورم)
BRIGHT'S DISEASE (INFLAMATION OF KIDNEY)

ورم گردہ کے ساتھ معدے کی خرابی، متلی اور قے، غنودگی، سانس میں تنگی۔ "ایپوسائی نم"۔

۲۔ آنکھوں سے آنسو آئیں، تمام چہرہ متورم، کمزور اور تھکا ہوا اور اوپر کپڑا لینا برداشت نہ کر سکے۔ عموماً پیاس نہیں ہوتی۔ پیشاب کم مقدار میں لیکن بہت بدبو دار گھوڑے کے پیشاب کی سی بو۔ "نائیٹرک ایسڈ"۔

۳۔ یوریمیا (گردوں کی خرابی کی وجہ سے خون میں زہر کا پھیل جانا) جس کے ساتھ بے ہوشی پائی جائے، پتلیاں پھیلی ہوئی اور روشنی کا احساس نہ ہو۔ تشنج جسم سے پیشاب کی مانند تیز بو آئے۔ "ہیلی بورس" ۳۰ طاقت میں ہر دو گھنٹے کے وقفہ سے دیں۔

۴۔ شدید ورم گردہ جس کے ساتھ کم مقدار میں البیومن ملے پیشاب کا اخراج جس میں CASTS کاسٹس پائے جائیں تو بہت اعلیٰ اثر کرنے والی

ہومیو پیتھک دوا ہے۔ "کالی کلوریٹم"۔

۵۔ گردوں کی تکلیف کی ابتدائی حالت میں جبکہ پیشاب کے ساتھ خون آئے اور پیشاب کی نالی کے ساتھ خون آئے اور پیشاب کی نالی کے ساتھ ہوتا ہوا کمر کو جانے والا درد ہو۔ "ٹیری بنتھینا"۔

۶۔ پیشاب میں البیومن کا اخراج جو سیاہ رنگت اختیار کرے۔ پیشاب کم مقدار میں جس کے ساتھ پانی پڑ جانے کی سی سوجن پائی جائے۔ گردوں کی شدید متورم کیفیت کے ساتھ۔ "کالچی کم"۔

۷۔ گردوں کے ورم میں جبکہ پیشاب رک جائے۔ "کینتھرس" ایک گھنٹہ کے وقفے سے دیں۔

۸۔ گردوں کے مقام پہ شدید درد، پیشاب کی مقدار کم جس میں بہت زیادہ مقدار میں البیومن اور خون کے ذرات پائے جائیں۔ پیشاب کا رک جانا اور جلد پہ ابھار، گھٹن کا احساس۔ "ایپس"۔

۹۔ پیشاب بہت کم مقدار میں سرخ رنگ کا جس میں البیومن کا اخراج ہو۔ سفلیٹک الجھنوں کے ساتھ، حمل کے دوران ورم گردہ کے لئے بہت مفید دوا ہے۔ "مرک کار"۔

سوچ بچار (کڑھنا)
BROODING

کسی ایک حالت کے متعلق، ناکام محبت کے متعلق۔ "الیسٹر فاس"۔

۲۔ ایسی تکالیف اور تلخ حالات کے متعلق سوچے جن کا کوئی وجود ہی نہ ہو۔ "اگنیشیا"۔

BRONCHITIS AND PREVENTION OF ITS ATTACK IN DIFFEREN WEATHERS
برانکائیٹس اور مختلف موسموں میں اس سے بچاؤ

"کلکیریا کارب" موسم خزاں میں دینے سے مریض موسم سرما میں زکام سے محفوظ رہتا ہے۔

"سلفر" موسم گرما میں زکام سے بچاؤ کی اعلیٰ دوا ہے۔

BRUISE

جلد کے نیچے خون جمع ہونے سے نیل پڑ جائیں

حاد حالت میں "آرنیکا"

BRUISE OF BONES

ہڈیوں کی رگڑ یا خراش کے لئے

جبکہ ہڈیوں میں درد ہوتا ہو اس کے لئے بہت مفید دوا ہے "روٹا"

BRUISE OF CARTLAGES

نرم ہڈیوں میں نیل پڑنے کے لئے

اس مرض کے لئے بھی "روٹا" بہت مفید ہے۔

BRUISE FINGERS AND SPINE

انگلیوں اور ریڑھ کی رگڑ یا خراش کے لئے

خصوصاً ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں اور ناخنوں کے گودے یا ریڑھ میں چوٹ آنے کے لئے۔ "ہائیپریکم" تین گھنٹے کے وقفے سے۔

BRUISE SKIN WITH BLACKY BLUE APPEARANCE

جلد میں نیل پڑ جائیں جو سیاہی مائل نیلے ہوں

حاد حالت میں جبکہ جلد سیاہ اور نیلی ہو جائے اور چوٹ والے حصے میں شدید درد ہو تو اس وقت تک اس دوا کا استعمال کرنا چاہیئے جب تک کہ زخمی حصے سے نیلگوں حالت اور درد دور نہ ہو جائے۔ "آرنیکا"

BUBO

غدودوں کا ورم

گردن اور بغل کے غدودوں کا، پستانوں اور جنگاسوں کے غدودوں کا متورم ہونا جن کے ساتھ درد بھی پایا جائے۔ "بڈیاگا۔ کاربو اینی میلس"

BUBO SYPHILITIC

غدودوں کا سفلسی ورم

ڈاکٹر برجیو کے مطابق "مرک کار" اور "مرک آیوڈائیڈ" دونوں بہت مانی ہوئی ادویہ ہیں۔ "مرک کار" حاد سوجن کے لئے بہت مفید ہے اور "مرک آیوڈائیڈ" سخت ورم کے لئے۔

کھٹمل کا کاٹنا BITES OF BUGS

کھٹمل کے کاٹے کے لئے "ہائپیریکم"

جل جانا آگ یا بھاپ یا پانی وغیرہ سے
BURN AND SCALD

اگر جگہ زیادہ جل جائے اور جلد ضائع ہو رہی ہو "کالی بائیکرومیکم" دو گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ اگر جل جانے کے بعد پیپ پڑ رہی ہو تو، "ہیپر سلف"۔

۳۔ جل جانے کے مابعد اثرات کے لئے، جب جل جانے کے ساتھ صدمہ اور درد ہو۔ "کاسٹیکم"۔ ۶۔ پندرہ منٹ سے آدھے گھنٹے کے وقفہ سے۔ اگر اس کے ساتھ تنفس میں تیزی صدمہ کی وجہ سے ہو تو "فاسفورس" اور "اکونائٹ" یکے بعد دیگرے ہر گھنٹہ بعد دینی چاہیئے۔

۴۔ آگ سے جل جانے یا اُبلتے پانی یا بھاپ سے جل جانے کے لئے بہت مفید دوا ہے اور جلنے کی ہر سٹیج کے لئے کار آمد ہے اس کے استعمال سے چھالے نہیں پڑتے اور پیشاب میں خون آنے اور درد سے محفوظ رکھتی ہے، "کینتھرس"۔

ڈاکٹر ہیرنگ اس دوا کے قطرے (۸) آدھے گلاس پانی میں ڈال کر روئی کے ساتھ بیرونی استعمال کی بھی سفارش کرتے ہیں۔

۵۔ جب گنگرین کا خطرہ ہو جائے۔ "آرسینکم البم"۔

۶۔ جل جانے کی ثانوی حالت میں شدید درد ہو اور چھپاکی کا احساس پایا جائے۔ ایسی صورت میں ایک اور پندرہ کی نسبت سے پانی ملا کر بیرونی طور پہ استعمال کرنا چاہیئے۔ "آرٹیکا یورینس"۔

جلندار دردوں کو آرام پہنچانے کے لئے مفید ہے "کیپسیکم"۔

۷۔ ڈوڈینم کے السر اور عصبی مزاج مریض کے جلنے کے لئے "سٹرامونیم"۔

برموقع بیرونی طور پہ لگانے کے لئے "ٹینک ایسڈ" ۵ فیصد یا "کینتھرس" ٹھنڈے پانی میں ایک ڈرام اور ایک اونس کی نسبت سے ملاکر استعمال کرنا چاہیئے ۔ جلے ہوئے حصہ کو تر رکھنا چاہیئے تاکہ چھالے نہ بن سکیں۔ جل جانے کے لئے مولین آئیل کی ڈریسنگ بھی مفید ہے۔

"کیسپی" کم جلندار درد کو آرام پہنچانے کے لئے مفید ہے۔

"کیلن ڈولا" مدرٹنکچر ایک اور دس کی نسبت سے گرم پانی میں ملاکر لگانے سے پیپ بننے سے محفوظ رکھتی ہے۔

"پکرک ایسڈ" کا ایک فیصد سلوشن خارجی استعمال کے لئے اس وقت تک مفید ہے جب تک کہ زخم مندمل نہ ہونے لگے۔

"آرٹیکا یورنس" پہلے درجے کے جل جانے میں خارجی طور پہ بھی استعمال کرنی چاہیئے اور اندرونی طور پر بھی دینی چاہیئے۔

جل جانے سے متاثرہ حصہ سکڑ جائے
BURNING CAUSING CONTRACTURE

زخم یا جل جانے کی وجہ سے عضلات اور پٹھے سکڑ جائیں تو اونچی طاقت میں دینے سے یہ دوا عموماً ان کو درست کر دیتی ہے۔ "کاسٹی کم"۔

جلن مقعد میں
BURNING IN ANUS

مقعد میں جلن اور خارش جس کی وجہ سے مریض سو نہ سکے، نہایت بے چین ہو جائے۔ مقعد میں انگلی پھیرنے پہ مجبور ہو۔ خارش اس قدر شدید ہو کہ مریض لمحہ بھر کے لئے بھی مقعد سے خیال نہ ہٹا سکے۔ ٹھنڈی چیزیں لگانے سے خارش اور جلن میں افاقہ ہو۔ جبکہ مرہم لگانے سے اس میں اضافہ ہوتا ہو۔ "ایلو" مقابلہ کریں "رٹینہا" سے۔

جلن ہتھیلیوں کی
BURNING OF PALMS

ہتھیلیوں کی شدید جلن، مریض ہاتھوں کو ڈھانپ نہ سکے۔ "فاسفورس" مقابلہ کریں سلفر سے جس میں مریض کے پاؤں کی جلن پائی جاتی ہے اور وہ پاؤں

کو ڈھانپ نہیں سکتا۔

جلن کا احساس
BURNING SENSATION

جلن کا احساس "سلفر کی اہم ترین علامت ہے۔ یہ جلن جسم میں کسی جگہ یا تمام جسم میں بھی پائی جا سکتی ہے خواہ جسم کے اندرونی حصے میں یا بیرونی حصے میں ہو، آنکھیں جلتی ہوں۔ ناک سے جلن پیدا کرنے والا اخراج ہو، چہرہ کی جلن اور بازوؤں اور پاؤں کے تلوے کی جلن، پھوڑوں کی جلن، گلے میں جلن اور معدے میں جلن، مقعد میں پاخانے سے قبل یا دوران جلن، بواسیر میں جلن، پیشاب میں کرتے وقت پیشاب کی نالی میں جلن، زچہ کے پستانوں کی بھٹنیوں میں جلن جس نے نئے بچے کو جنم دیا ہو۔

موازنہ کریں "آرسینکم البم" "فاسفورس، اکونائٹ اور بیلاڈونا" کی جلن سے۔

۲۔ سرد مزاج مریض جو بہت اچھی طرح اپنے آپ کو ڈھانپا چاہے، گرم چیزیں لگانے آفاقہ محسوس کرے۔ "آرسینکم البم"۔

گردے میں پتھری تھکا دینے والے درد کے ساتھ
(CALCULUS IN KIDNEY WITH AGONISIN PAIN)

گردے میں پتھری، شدید درد کی وجہ سے چیخیں مارے اور اِدھر اُدھر گھومنے پر مجبور ہو، پیشاب سرخ رنگت کا "اوسی مم کین"۔

۲۔ درد تشنجی قسم کا جس کی وجہ سے مریض ایک حالت میں نہ ٹھہر سکے، اِدھر اُدھر ٹھوکریں مارے "ڈائیسکوریا" ہر پندرہ منٹ کے وقفہ سے۔

۳۔ جب مثانے میں شدید درد ہو جو گردے سے پیشاب کی نالی تک جائے اور مریض کو بار بار پیشاب کی حاجت ہو۔ "بربیرس" ہر پندرہ منٹ کے وقفہ سے دیں۔

ڈال کر ہر آدھے گھنٹے بعد دینی چاہیئے۔

۵۔ پیشاب کے اعضاء پر بہت مفید اثر کرنے والی دوا ہے۔ ڈراپسی میں پتھری کی حالت میں پیشاب آور دوا کے طور پر مستعمل ہے۔ "گیلیم"۔

CALCULUS PREVENTION OF FORMATION
گردے میں پتھری بننے سے محفوظ رہنے کے لئے

گردوں میں پتھری بننے اور یورک ایسڈ کے جمع ہونے سے محفوظ رکھتی ہے اور خصوصاً ایسے لوگوں کے لئے مفید ہے جو گنٹھیا وی اور یورک ایسڈ کا مزاج رکھتے ہوں۔ "آرٹیکا یورنس"۔

۲۔ یہ دوا مزید پتھری بننے سے محفوظ رکھتی ہے۔ "کارڈوس میریانس"۔

۳۔ یہ دوا بھی پتھری بننے کے عمل کو روکتی ہے اور بنی ہو پتھری کو خارج کر دیتی ہے۔ "چیونتھس ورجینیکا"۔

۴۔ ڈاکٹر بیل کا کہنا ہے کہ یہ دوا گردے اور مثانے کی پتھری کو تحلیل کرنے میں اعلیٰ مقام رکھتی ہے۔ "ایپی جیا ریپنس" مدر ٹنکچر پانچ قطرے ہر تین گھنٹے بعد۔

CALCULUS STONE IN LIVER OR GALLBLADDER
جگر یا پتہ میں پتھری

۱۔ "کلکیریا کارب" ہر پندرہ منٹ کے وقفہ سے دیں۔ اگر تین گھنٹے کے اندر کوئی آفاقہ نہ ہو، تو پھر "بر بیرس ولگیرس"۔

۲۔ اگر درد پتہ میں لہروں کی شکل میں ہو تو۔ "ڈائیسکوریا"۔

۳۔ اگر جگر کے بائیں لوب میں ہو تو۔ "کارڈوس میریانس"۔

CANCER OF BREASTS
پستانوں کا کینسر

پستانوں اور بیضہ دانیوں کے کینسر کے لئے "لیکیسس"۔

CANCER OF UTERUS
رحم کا کینسر

رحم کا کینسر جبکہ آسانی سے جریان خون ہو جائے۔ اس کے لئے "فاسفورس"۔

CARBUNCLES WITH PAIN AND DISCHARGE

مہلک پھوڑے درد اور اخراج کے ساتھ

۱۔ بہت زیادہ سُرخی سوجن اور درد کا پایا جانا۔ "بیلاڈونا"

۲۔ جب مریض زیادہ اخراج کی وجہ سے کمزور ہوتا جا رہا ہو اور پھوڑے کا منہ بند ہو جائے اور کیوٹی کی شکل بن جائے اور خصوصاً جبکہ آواز بھی کمزور ہو تو۔ "ہیپر سلف"۔

۳۔ جب پھوڑے میں اس قدر جلن ہو رہی ہو جیسا کہ آگ پر رکھا ہوا ہے آدھی رات کے بعد کاٹنے والی اور جلن دار درد ہو۔ "آرسینکم البم"۔

۴۔ ایسے مہلک پھوڑے جو گردن اور کندھوں کے درمیان نکلیں خصوصاً جبکہ ان میں پیپ بن چکی ہو۔ پھوڑے سے بدبودار اخراج ہوتا ہو۔ زخم بننے کے عمل کے دوران یہ زخم کو فاسد مادوں سے پاک کر دیتی ہے اور صحت مند انگور بننے کے عمل کو بڑھاتی ہے۔ "سیلیشیا" اونچی طاقت ۲۰۰ یا ۱۰۰۰ طاقت میں ہفتہ وار اور ایک ماہ بعد دینی چاہیئے۔

۵۔ یہ دوا ہومیوپیتھک نشتر کی حیثیت رکھتی ہے اور عموماً پھوڑے کا منہ کھولنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ یہ پیپ بننے کے عمل کو تیز کرتی ہے اور شفایاب کر دیتی ہے۔ اس کی موجودگی میں نشتر کی ضرورت نہیں رہتی نچلی طاقت میں استعمال کرنی چاہیئے۔ "مائیر سٹیکا سیبی فیرا ۳x"۔

۶۔ "آرنیکا" کا بار بار دوہرانا بھی کاربنکلز کا منہ کھول دیتا ہے۔

۷۔ جب ابتدا میں شدید درد، سرخ ورم، بہت زیادہ بے چینی اور درد کو چلنے پھرنے سے آفاقہ ہو۔ "رسٹاکس"۔

۸۔ کیلن ڈولا کاربنکلز میں درد اور بخار کو بہت جلد روکتی ہے۔

۹۔ کاربنکلز پر خارجی استعمال کے لئے ڈاکٹر موری کیلن ڈولا مدر ٹنکچر کے چند قطرے لگانے کی سفارش کرتے ہیں۔

مہلک پھوڑے کے لئے گرم پٹی
CARBUNCLES HOT COMPRESS FOR IT

"کیلن ڈولا گرم پٹی کے طور پر استعمال ہوتی ہے جبکہ اس میں ورم اور سرخی ہو اور کاربنکلز کی وجہ سے بہت بے سکونی ہو تو یہ سکون میسر کرتی ہے۔

CARBUNCLES DARK BLUE COLOUR

مہلک پھوڑے (کاربنکلز) سیاہی مائل نیلے رنگ کے

اس کے لئے بہت مفید ہے۔" لیکسیس۔

CARBUNCLES WITH DIABETES WITH OFFENSIVE DISCHARGE

مہلک پھوڑے (کاربنکلز) کے ساتھ ذیابیطس بھی ہو جس سے بدبودار اخراج ہو

مہلک پھوڑے جن کے ساتھ ذیابیطس بھی ہو۔ پھوڑوں کے مختلف سوراخوں سے بدبودار پیپ کا اخراج ہو۔" کاربالک ایسڈ" ۲۰۰ طاقت میں۔

CARBUNCLES WITH HIGH FEVER

مہلک پھوڑے (کاربنکلز) بہت زیادہ بخار کے ساتھ

مہلک پھوڑوں میں بہت مفید دوا ہے۔ اس میں جلن اور بہت زیادہ بخار کا ہونا پایا جاتا ہے۔" اینتھراسینم" ایک ہزار طاقت میں چودہ دن کے وقفہ سے دینی چاہیئے۔ بیرونی طور پر متاثرہ حصّہ پہ" ایکی نیشیا" مدر ٹنکچر لگانا چاہیئے۔

CARBUNCLES IN PATIENTS WITH SOME INTERNAL TROUBLE

مہلک پھوڑے (کاربنکلز) ایسے مریضوں میں جو کسی اندرونی تکلیف میں مبتلا ہوں

غیر صحت مند مرجھائی ہوئی قسم کی پھنسیاں جو ایسے مریض میں پائی جائیں جو کسی اندرونی مرض میں مبتلا ہو۔ ایسی حالت کے لئے بہت مفید ہے۔" امونیم کارب"

CARBUNCLES WITH MARKED TOXEMIA

مہلک پھوڑے (کاربنکلز) جن کے ساتھ خون واضح طور پر زہر آلودہ ہو

نیلے رنگ کے دھبے جن میں چاقو سے کاٹنے جیسا درد اور جلن پائی جائے۔ مریض رات کو بخار کے ساتھ ہذیان میں مبتلا ہو۔ بخار میں آنکھیں ٹکٹکی باندھ لیں۔ زبان گندی اور بدبو دار سانس، اگر متورم حصّہ نیلگوں رنگت کا ہو تو "لیکسیس"۔

اگر زیادہ سیاہی مائل رنگت اختیار کر جائے اور جلندار ہو تو اس دوا کے متعلق خیال کرنا چاہیئے۔ "ٹیرن ٹولا کوبنس"۔

دِل کا دمہ یا "تنگیٔ تنفس"

CARDIAC ASTHEMA OR DYSPNOEA

چہرہ زرد اور پریشان، نبض باریک اور بے قاعدہ، بوڑھے لوگوں کا سادہ دمہ یا برانکائیٹس جبکہ دل کے فعل میں کمی پائی جائے۔ "اسپائیڈوسپرما" مدر ٹنکچر جو کہ پھیپھڑوں پر "ڈیجی ٹیلس" کی مانند اثر کرتی ہے اور خون میں آکسیجن کو بڑھا دیتی ہے۔

CARIES OF LONG BONES JAWS AND PALATE

لمبی ہڈیوں (جبڑوں) کا ناسور

لمبی ہڈیوں میں چیرن اور کھچاؤ رات ہی اضافہ، ہڈیوں میں برما چلنے کا احساس۔ "برائٹا کارب"۔

۲۔ نچلے جبڑے کا ناسور، ناسور سے کئی سوراخ ہوں اس کے لئے "سسٹس کینا ڈنس"۔

۳۔ سفلیٹک ناسور، پر درد زخم۔ "سٹافی سگیریا"۔

۴۔ جبڑے کی ہڈیوں کا ناسور، سفلیٹک مریضوں میں پارے کے بے جا استعمال کی وجہ سے گردن کی ہڈیوں اور جبڑے کا ناسور، گندی بُو کا آنا، اور ہڈیوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کا اخراج ہوتا ہو۔ "آرم میٹ"۔

۵۔ ہڈیوں کے ناسور کے لئے اولین حیثیت کی حامل ہے " فاسفورس "
اس وقت استعمال کرنی چاہیئے جب " سلیشیا " مکمل شفایاب کرنے میں ناکام
ہو جائے یا مزید پیش قدمی رک گئی ہو۔

۶۔ ران کی ہڈی کا ناسور ۔ " سٹرونشم نائیٹریکم "۔

CARIES OF BONES SOFT CARVATURE AND NON-UNION OF FRACTURED BONE

نرم ہڈیوں کا ناسور، ہڈیوں کا ٹیڑھاپن اور نہ جڑنا

جب ہڈیاں نرم ہو جائیں یا ضائع ہو رہی ہوں۔ ہڈیوں کا ٹیڑھاپن
اور ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کا نہ جڑنا " کلکیریا فاس "۔

CARIES OF NASAL BONES

ناک کی ہڈیوں کا ناسور

ناک کی اندرونی جانب زخم، ناک سے نہایت
بدبودار مواد کا اخراج ۔ ناک کی ہڈیوں کا سفلی
ناسور " الیسا فوٹیڈا "۔

CARIES OF VERTEBRAE

ریڑھ کی ہڈیوں کا ناسور

ڈاکٹر بائیر کا دعویٰ ہے کہ ریڑھ کی ہڈی
کے ناسور، ریڑھ کے ٹیڑھے پن اور سوکھیا
کے لئے اس دوا کا مقابلہ کوئی دوسری دوا نہیں کر سکتی " کلکیریا کارب "۔

CAR SICKNESS

گاڑی (موٹر کار، بس) وغیرہ سے سفر کرنے میں تکلیف

اس کے لئے " کاکولس " موازنہ کریں " ٹوبیکم " سے۔

CARTILAGES BRUISE AND INJURY

کری ہڈیوں کی رگڑ اور چوٹ

چوٹ لگنے، رگڑ اور زخمی ہونے سے
ہڈیوں میں درد رہنے لگے " روٹا "۔

CAT BITE

بلی کا کاٹنا

بلی کا کاٹنا خواہ وہ پاگل ہو، پھٹے ہوئے زخم اور ٹانگ کا نچلا
حصہ متورم " لیسٹک الیسڈ " بیرونی طور پہ بھی استعمال کریں۔

CAT BITES PREVENTION OF SUBSEQUENT COMPLICATIONS

بلی کے کاٹنے کے بعد کی پیچیدگیوں سے بچاؤ کیلئے

بلی کے کاٹنے کے
بعد پیدا ہونے والی

پیچیدگیوں ٹیٹنس وغیرہ سے محفوظ رکھنے والی دوا ہے۔ اگر بر موقع اس کا استعمال کیا جائے تو کسی قسم کی عفونت یا پیچیدگی کا خطرہ نہیں رہتا" لیڈم پال"۔

آنکھ کا موتیا، بینائی کی کمزوری
CATARACT INCLUDING MYOPIA

"سنار یریا مار ٹیما" متاثرہ آنکھ میں چار پانچ مرتبہ روزانہ ڈالنی چاہیئے کئی ماہ تک یہ علاج جاری رکھنے سے موتیا دور ہو جاتا ہے بہت بگڑی ہوئی حالتوں میں بھی مفید ہے "سنار یریا مار ٹیما"۔

۲۔ ابتدائی حالت میں جب بہت زیادہ دھندلا دکھائی دے۔ آنکھوں پہ دباؤ میں آفاقہ حاصل کرنے کے لئے متواتر آنکھوں کو ملنے کا رجحان ہو تو ایسی صورت میں موتیا بننے کے رجحان سے محفوظ رہنے اور نظر کو بحال رکھنے کے لئے "کاسٹکم" ایک خوراک اونچی طاقت ....۱ ایم ہر ماہ دینی چاہیئے۔

۳۔ ثانوی حالت میں گنٹھیا وی مزاج لوگوں اور بوڑھے لوگوں کے پتھر کی مانند سخت موتیا کی صورت میں، "سلفر" ۲۰۰ طاقت میں ہر چودہ دن بعد دینی چاہیئے اور اسی دوا سے ایک روز قبل اور ایک روز بعد کسی دوسری دوا کا استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ باقی دنوں میں، "کلکیریا فلور" ۳۰ طاقت میں روزانہ تین مرتبہ استعمال کرنی چاہیئے۔

۴۔ موتیا کے لئے "دو مفید ادویہ "سیپیا اور نیٹرم میور" ہیں۔

موتیا سے محفوظ رکھنے والی دوائیں
CATARACT PREVENTIVE

بایو کیمک طریقہ علاج کے مطابق موتیا اس وقت پیدا ہوتا ہے جب نمکیات کی کمی پائی جائے ڈاکٹر اولیور اور ڈاکٹر بینرجی موتیا بننے کے رجحان کو روکنے کے مندرجہ ذیل نمکیات تجویز کرتے ہیں۔ "کلکیریا فلور" ۱۲x کی چار گولیاں صبح کے وقت، اور "کلکیریا فاس" ۱۲x کی چار گولیاں شام کے وقت۔ "نیٹرم میور" اور "سلیشیا" ۱۲x کھانا کھانے کے بعد چار گولیاں۔ جبکہ "کالی فاس" ۱۲x سوتے وقت دینی

چاہیئے۔ یہ تمام دوائیں گرم پانی کے ساتھ لینی چاہیئیں اور ان کو کم از کم تین ماہ تک استعمال کرنا چاہیئے۔ اگر ذیابیطس کا رجحان بھی ہو تو "نیٹرم سلف" ان کے ساتھ شامل کر لینی چاہیئے۔

"سنار یریا مارٹیما" کے قطرے تین مرتبہ روزانہ آنکھوں میں ڈالنے چاہئیں۔ سونے وقت خصوصاً ڈالنے چاہیئیں۔

نزلہ چھاتی کا

یہ دوا تپ دق کو شفایاب کر دیتی ہے۔ چھاتی کی نزلاوی حالت جس کے ساتھ رات کا پسینہ اور اعصابی علامات کی ہسٹری پائی جائے۔ کھانسی شدید دوروں کی شکل میں جس کے دوران سانس لینا مشکل ہوتا ہے اور چھینکیں آنے سے ختم ہو جاتی ہے۔ "اگاری کس"۔

نزلہ مزمن
CATARAH CHRONIC

"سلفر، کلکیریا کارب، سلیشیا" یکے بعد دیگرے ایک ہفتے کے وقفہ سے دینا بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

نزلاوی بہرہ پن
CATARRHAL DEAFNESS

ڈاکٹر ڈیوی کا خیال ہے کہ بہرہ پن کے لئے جس کے ساتھ کان سے بدبو دار مواد کا اخراج ہوتا ہو تو یہ دوا بہت مفید ہوتی ہے۔ "کالی میور"۔

نزلہ ناک کا
CATARRH NASAL

۱۔ ناک سرخ، ناک کی ایک طرف سے دوسری طرف تک جاتے ہوئے چھالے، ناک بند، مزمن خشک نزلہ، خشک کھرنڈ جن میں سے بہت جلد خون کا اخراج ہونے لگے۔ ناک کے اخراج سے ناک سرخ ہو جائے۔ "سلفر"۔

۲۔ ناک مکمل طور پر بند، مریض کو سانس لینے کے لئے منہ کھولنا پڑے ناک کا مزمن خشک نزلہ "امونیم کارب" اور "ہیپر سلف" علامات کے مطابق اور

"لائیکو پوڈیم" جو کہ سانس کے اعضاء پر مضبوط اثر رکھتی ہے۔

CATARRH OF NOSE BLOCKS
نزلہ ناک کا، ناک بند
مزمن نزلہ، لیٹنے پر ناک بند ہو جائے خصوصاً رات کو خشکی کا احساس، اخراج کم مقدار میں اور جلا دینے والا، ناک میں کھرنڈ، مریض ناک کے ذریعے سانس نہ لے سکے منہ کے ذریعے سانس لے۔ "لائیکو پوڈیم"۔

CATARRH NOSE CHRONIC DROPPING OF MUCUS INTO THROAT
ناک کا مزمن نزلہ، بلغم کا گلے میں گرنا
ناک کے پچھلے حصے سے متواتر بلغم گلے میں گرتی رہے۔ اس کے لئے "ہائیڈرائیٹس"۔

CATARRH OF NOSE WITH BLOOD
نزلہ ناک کا جس کے ساتھ خون آئے
مزمن نزلہ، مریض بار بار ناک صاف کرے تو تھوڑی مقدار میں خون نکلے جب ناک صاف کر رہا ہو خون آئے۔ "فاسفورس"۔

CATARRH OF NOSE WITH INFLAMMATION
نزلہ ناک کا ورم کے ساتھ
حاد نوعیت کا ورم جس کے ساتھ ناک سے تار دار اخراج ہو، ناک کی جڑ میں بہت زیادہ دباؤ، سخت اور سبز رنگ کی بلغم کا اخراج یا سخت چھیچھڑے اخراج پیچھے گلے میں گرے اور تار دار ہو۔ یہ دوا ناک کی بلغمی جھلی کی بیماری میں جادو نما اثرات کی حامل ہے۔ "کالی بائی کرومیکم"۔

CATARRH OF NOSE THICK AND LARGE DISCHARGE
نزلہ ناک کا، ناک سے گاڑھا اور زیادہ اخراج
ناک کا مزمن نزلہ، اخراج گاڑھا، ملائم اور زیادہ مقدار میں "کالی بائیکرمیکم اور پلساٹیلا"۔ ناک کی دونوں جانب جاتی ہوئی گھوڑے کی زین کی مانند زرد رنگ کی لکیر، ناک میں گاڑھی ڈاٹ اور چھلکے، ناک کی جڑ میں درد، بلغم منہ کے ذریعے نکالے۔ "سیپیا"۔

CATARRH OF THE STOMACH
معدے کا نزلہ
اگر علامات کھانے کے بعد پیدا ہوں تو پہلے "اپی کاک" اور "نکس وامیکا" دیں۔ لیکن اگر بہت زیادہ ریاح ہو

یا ہوا کا اخراج ہو تو "چائنا" اور پھر "کاربو ویج" دیں۔

CATARRH WITH SNEEZING

نزلہ چھینکوں کے ساتھ | ناک کا اخراج زرد، بدبودار اور کھڑکنے والی کھانسی۔ نزلہ شام کے وقت بڑھ جائے۔ مریض بلغم نکالنے کے لئے جو کہ زرد رنگ کی ہوتی ہے اُٹھ کر بیٹھتا ہے۔ میٹھی چیزوں کی خواہش۔ پیاس نہیں ہوتی۔ اوپر کے پپوٹوں پر گوہانجنیاں نکلنے کا رجحان۔ اس کے لئے "پلساٹیلا"

CATARRH OF THROAT DIFFICULTY IN SWALLOWING

گلے کا نزلہ نگلنا مشکل | پھیپھڑوں کی چھوٹی نالیاں متورم، گلے کا ورم جس کے ساتھ نگلنے سے چبھن ہو۔ گرم مشروب سے آفاقہ ہو۔ "لائیکو"

CATHER FEVER AND AVOIDING ITS PAIN

کتھیٹر لگانے سے بخار اور اس کے درد سے بچاؤ کے لئے

۱۔ اس کی مخصوص دوا ہے "کیمفورک ایسڈ"۔

۲۔ کیتھیٹر پاس کرنے سے قبل ایک خوراک دینے سے درد سے محفوظ رکھتی ہے اور کسی قسم کی مشکل پیش نہیں آتی۔ "اکونائٹ" (ڈاکٹر کلارک)

بدلنے والی علامات
CHANGING SYMPTOMS

درد ایک جگہ سے دوسری جگہ چلے جائیں۔
ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ میں چلے جائیں۔
"پلساٹیلا"

بدلنے والی بیماریاں
CHANGING DISEASES

ایک مرض دوسرے مرض میں تبدیل ہو جائے مثلاً کن پیڑوں کا خصیوں کی تکلیف میں تبدیل ہو جانا یا پستانوں کے مرض میں بدل جانا۔

"ابراٹینم"۔ "موازنہ کریں "کاربو ویج" اور "پلساٹیلا" سے"۔

حالت بدلنے سے آفاقہ ہو | متواتر حالت بدلتا رہے۔ ایک حالت میں نہ رہ سکے کیونکہ حالت بدلنے سے تھوڑے سے وقفہ کے لئے اس کی حالت

CHANGING POSITION GIVING RELIEF

میں آفاقہ ہوتا ہے۔ زیادہ دیر ایک حالت میں نہیں لیٹ سکتا۔ جتنا زیادہ وہ حرکت کرتا ہے اتنا ہی زیادہ اس کو سکون ہوتا ہے۔ حرکت سے آفاقہ ہونا اس دوا کی مخصوص علامت ہے۔ لیٹنے سے درد میں اضافہ ہوتا ہے جبکہ آہستہ آہستہ چلنے پھرنے سے آفاقہ ہوتا ہے۔ یہ برائی اونیا کے بالکل برعکس ہوتا ہے جس میں حرکت سے تکلیف میں اضافہ ہوتا ہے۔ "رسٹاکس"۔

CHAPPED HANDS AND CRACKS IN FINGERS TIPS AND PALMS PERSPIRE-INE

ہاتھوں کی جلد پھٹی ہوئی، انگلیوں کی پوریں پھٹی ہوئی اور ہتھیلوں پر پسینہ آئے

انگلیوں کے سرے اور ہاتھوں کی پشت پھٹی ہوئی جس میں عموماً بہت خارش ہوتی ہو جلد خراب اور اس سے خون نکلتا ہو۔ "پٹرولیم"۔

۲۔ انگلیوں کے ناخنوں کے گرد خشکی اور پھٹن، ہتھلیاں گرم اور ان پر پسینہ آتا ہو۔ "نیٹرم میور"۔

CHARCOAL FUMES POISONING

چارکول کے بخارات کا زہر چڑھ جانا

اس کے لئے بہترین انتخاب ہے "امونیم کارب"۔

CHEST-VOILENT COUGH WITH NIGHT SWEAT

چھاتی: شدید کھانسی جس کے ساتھ رات کا پسینہ پایا جائے

چھاتی کی نزلاوی حالت جس کے ساتھ رات کا پسینہ پایا جائے اور اعصابی علامات کی ہسٹری بھی موجود ہو۔ شدید کھانسی کے دورے جن کے دوران نہ سانس لیا جا سکے اور چھینکیں آنے پہ ختم ہوں۔ دق کو شفایاب کرتی ہے۔ "اکاری کس"۔

چھاتی کی کمزوری

CHEST WEAKNESS

سردی کا اثر بہت جلد قبول کرے۔ مزمن نزلہ، گلا دکھتا ہوا اور متعفن، وزن کم ہوتا چلا جائے اور

جسم زرد۔ رات کے وقت بہت زیادہ پسینہ آتا ہو، عام کمزوری، شام کے وقت بخار۔ "بیسی لینم" اور "ٹیوبر کولینم" اونچی طاقت ہیں۔

لاکڑا کاکڑا (چکن پاکس)

۱۔ یہ دوا اگر علاج کے ابتدا میں دی جائے تو یہ بیماری کے دورانیہ کو ختم کر دیتی ہے "ویریولینم" ۲۰۰ طاقت، ہیں۔

۲۔ "ویریولینم" دینے کے اڑتالیس گھنٹے بعد سے اس وقت تک "انٹی مونیم ٹارٹ" ہر دو گھنٹے بعد دینی چاہیئے جب تک کہ بخار ختم نہ ہو جائے۔

۳۔ جب خشک کھانسی اور بخار ہو اور مریض چپ چاپ لیٹنا چاہتا ہو تو "برائی اونیا"۔

۴۔ جب بخار نہ ہو تو یہ دوا دینی چاہیئے۔ "مرک سال"۔

۵۔ ڈاکٹر وادھیا "رسٹاکس" ۳۰ طاقت کا مشورہ دیتے ہیں جو کہ لاکڑا کاکڑا میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ ان کا مشورہ ہے کہ اس سے محفوظ رہنے کے لئے "ویریولینم" ۲۰۰ ایک یا دو خوراکیں انٹر کرنٹ دوا کے طور پہ استعمال کرنی چاہئیں۔

بوائیاں (CHILBLAINS)

گرمی اور سردی کا احساس۔ جہاں احساس کمزور ہوتا ہے وہاں درد، جلن اور سوئیاں چبھنے کا احساس۔ مریض نہایت عصبی مزاج اور سردی سے حساس، خارش اور چبھن، کانوں میں جلن "اگاری کس"۔

۲۔ ہاتھوں کی انگلیوں کے پور بھدے اور پھٹے ہوئے، ہر سردی کے موسم میں پھٹ جائیں۔ داغیاں رطوبت والی اور ان میں خارش اور جلن ہو، ایڑیاں پر درد، متورم اور سُرخ، ہر موسم سرما میں متورم ہو جائیں۔ "پٹرولیم"۔

۳۔ متاثرہ حصے گہرے نیلگوں سرخ، شدید جلن اور خارش خصوصاً پاؤں کے تلوے متاثر ہوں۔ "پلساٹیلا"۔

۴۔ بوائیاں، پاؤں کی انگلیوں میں، پاؤں کا پسینہ انگلیوں میں دکھن کا سبب بنتا ہے۔ مریض مرغن اور نمکین چیزوں سے پیار کرتا ہے۔ "ایسڈ نائیٹرک"۔

۵۔ بوائیوں سے متاثرہ حصوں پر اس دوا کو ملنے سے درد کو فوراً آرام آجاتا ہے۔ "ٹامس کومونس"۔

بچہ خوفزدہ CHILD FRIGHTENED

بچوں کے لئے خاص طور پر مفید ہے جبکہ بچہ نیند سے خوفزدہ جاگے اور "لائیکوپوڈیم" کی طرح تشنج و تشنج میں ہو۔ اس کے لئے "ایتھیوزا سائی نیپیم"۔

بچوں کو کمزور کر دینے والی بیماریاں CHILDREN DEBILITATING DISEASES

غذا کے جزو بدن ہونے میں مشکل کھڑے ہونے اور چلنے میں مشکل، دانت دیر سے اور تکلیف سے نکلیں۔ جب سویا ہوا ہو تو سر پر پسینہ آئے، قے اور اسہال ہوں۔ ہر چیز سے کھٹی بُو آئے۔ پیٹ بڑھا ہوا، جسم کمزور اور سر بڑا۔ "کلکیریا کارب"۔

بچے بولنا اور چلنا دیر سے سیکھیں CHILDREN LATE IN LEARNING TALKING AND WALKING

موازنہ کریں نیٹرم میور سے، جس میں بچہ بولنا دیر سے سیکھتا ہے، اور کلکیریا کارب میں یہ ہڈیوں کی خرابی کی وجہ سے ہوتا ہے اور اگاری کس میں ذہنی خرابی کی وجہ سے ذہن کی نشوونما سست ہوتی ہے۔ ایسے بچے جو کچھ یاد نہ رکھ سکیں۔ پڑھنے میں سست ہوں اور غلطیاں کریں۔ مریض سست اور بے وقوف ہوتا ہے۔ "اگاری کس"۔

بے قابو بچہ CHILD UNMANAGEABLE

نہایت بدمزاج، سکول میں اساتذہ اور بچوں سے لڑے اور جب غصے میں آئے تو اپنے آپ کو غسل خانہ میں بند کرے اور بہت جلد طیش میں آجائے۔ دُبلا پتلا اور کانپتا ہوا جسم۔ "فاسفورس"۔

۲۔ نہایت غصیلا اور بدمزاج بچہ، کپڑوں کو ٹھوکریں مارے اور دور پھینک دے۔ دوسرے بچوں کے ساتھ بلاوجہ جھگڑے، بہت زیادہ غصیلا، غصے کی وجہ

سے رونے پر قابو نہ پا سکے۔ "ٹیوبر کولینم" ۳۰ طاقت میں دو ماہ تک ایک خوراک ہفتہ وار دینی چاہیئے اور اگر ضرورت پڑے تو زیادہ عرصہ دہرائیں۔

CHILLINESS MUST COVER HEAD CHILLY PATIENT

سردی لگے اور ہر وقت سر کو ڈھانپے رکھے

اس دوا کا مریض سرد ہوتا ہے اور ہر وقت اپنے سر کو ڈھانپے رکھتا ہے کیونکہ اس سے اس کو سکون ملتا ہے۔ اس میں حرارت عزیزی کی کمی ہوتی ہے اور سرد موسم میں سر اور پاؤں کو ننگا کرنے سے خوفزدہ ہوتا ہے۔ "سلیشیا"۔

CHLOROFORM ANTIDOTE

کلوروفارم کی دافع اثر

کلوروفارم کی قدرتی دافع اثر دوا ہے۔ یہ کلوروفارم سے ہونے والی قے کو روک دیتی ہے۔ "فاسفورس"۔

CHLOROFORM ITS ILL EFFECTS

کلوروفارم کے اثرات بد

کلوروفارم کے اثرات بد کے لئے بہت مفید ہے "ایسٹک ایسڈ"۔

CHLOROFORM NAUSEA

کلوروفارم کی متلی

آپریشن کے بعد کلوروفارم کے اثرات بد اور متلی وغیرہ کے لئے۔ "کیمومیلا"۔

CHLOROFORM VOMITING

کلوروفارم سے قے

آپریشن کے بعد کلوروفارم کی وجہ سے قے ہو۔ "فاسفورس"۔

CHLOROSIS ANAEMIA

کمئ خون (ہُبس)

گردن سوکھی ہوئی، رخسار پچکے ہوئے، عام کمزوری، اعصابی تھکاوٹ یا اعصابی ہیجان، خواہ کمئ خون کا سبب حیاتی مادوں کا ضیاع، ماہواری کی بے قاعدگی، مادہ منویہ کا ضیاع، ذہنی پریشانی یا کوئی اور ذہنی بیماری ہو، مریض اچھا کھانے پینے کے باوجود کمزور ہوتا چلا جائے۔ تمام جسم پر زردی، سانس کمزور، نبض تیز، وزن کا کم ہوتے جانا اور تپکن دار سر درد۔ "نیٹرم میور"۔

ہیضہ پیٹ میں درد کے ساتھ

پیٹ میں درد، بے چینی اور پیاس۔

CHOLERA WITH COLIC

"آرسینکم البم"۔
ڈاکٹر نیش کمی خون میں "ایلو مینا" دینے کی سفارش کرتے ہیں۔

CHOLERA INFANTUM

ہیضہ شیر خوار بچوں کا

پاخانہ بہت زیادہ مقدار میں تیزی کے ساتھ خارج ہوتا ہے۔ بچہ تھکا ہوا، نیم وا آنکھوں کے ساتھ پڑا ہوتا ہے، کراہتا ہے اور سر کو اِدھر اُدھر پٹکتا ہے؛ پاخانہ بہت زیادہ مقدار میں ہوتا ہے اور اسہال کے ساتھ مقعد بھی باہر نکل آتی ہے۔ پاخانہ بدبودار، سبز یا زرد رنگ کا اور پانی کی مانند، جب پانی کی مانند ہو تو بہت زیادہ ہوتا ہے بچہ مسوڑھوں کو آپس میں دباتا ہے۔ اسہال میں صبح کے وقت، گرم موسم میں اور دانت نکالنے کے دوران اضافہ ہوتا ہے۔ "پوڈو فائیلم" اونچی طاقت میں بہت اچھا اثر دکھاتی ہے۔

CHOLERA INFANTUM SUDDEN AND EXTREME PROSTRATION

ہیضہ شیر خوار بچوں کا اچانک شدید نڈھالی کے ساتھ

بچوں میں قے اور اسہال جن کے ساتھ شدید نڈھالی پائی جائے۔ یہ موسم گرما میں اچانک شروع ہوتا ہے۔ دودھ کا کچھ حصّہ دہی کی مانند جما ہوا اور کچھ مائع صورت میں اوپر آتا ہے اور قے کے ساتھ مل جاتا ہے۔ پاخانہ سبزی مائل زرد اور ملائم ہوتا ہے۔ بچے کے چہرے سے ایسا دکھائی دیتا ہے کہ موت قریب آن پہنچی ہے۔ مُردوں جیسا زرد چہرہ، ہونٹوں کے گرد سفیدی مائل نیلے اور زرد نشان ہوتے ہیں۔ آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئیں اور ناک کے گرد پچکے ہونے کے نشانات، بچہ نڈھالی کی حالت میں سویا ہوتا ہے۔ اگر ایسی حالت میں کوئی دوا بچے کی جان بچا سکتی ہے تو وہ ہے "اینھیوزا سائی نیپیم"۔

CHOLERA INFANTUM WORSE BY MILK

ہیضہ شیر خوار بچوں کا جس میں دودھ سے اضافہ ہو

انتڑیوں اور قولون کی سوزش جس میں ہمیشہ دودھ پینے کے بعد اضافہ

ہونا ہو۔ "ببیبیا"

مانع ہیضہ (ہیضہ سے محفوظ رکھنے والی) ادویہ

CHOLERA PROPHYLICTICS

آرسینکم البم، کوپرم ایسیٹیکم، وریٹرم البم۔

"وریٹرم البم" کی ایک خوراک روزانہ، بہت بہترین مانع ہیضہ ہے (ڈاکٹر جہار) بعض ڈاکٹر "وریٹرم البم" اور "آرسینکم البم" کو یکے بعد دیگرے استعمال کراتے ہیں۔ پہلے پندرہ روز "وریٹرم البم" ایک خوراک روزانہ دینی چاہیئے اور اس کے بعد اسی طرح "آرسینکم البم" کا استعمال ہونا چاہیئے۔ تمام ترشیات (ایسڈ) مانع ہیضہ ہیں۔ ڈاکٹر کلارک "کوپرم ایسیٹیکم" ۳x طاقت میں تھوڑے سے پانی میں ڈال کر روزانہ صبح اور رات کو استعمال کرنے کی سفارش کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ ہیضہ سے محفوظ رکھتی ہے۔

ہیضہ کا علاج

CHOLERA TREATMENT

ہیضہ کی چار اہم علامات ہیں۔

۱۔ جسم کا برف کی مانند ٹھنڈا ہونا۔

۲۔ اسہال۔ ۳۔ قے۔ ۴۔ اکڑاؤ

ان چار علامات کی روشنی میں مندرجہ ذیل ادویہ کا انتخاب کیا جاسکتا ہے۔

ا۔ "کیمفر کا سپرٹ" دو سے پانچ قطرے ملک شوگر میں ملاکر ہر پانچ سے دس منٹ کے وقفہ کے بعد جسم ٹھنڈا ہونے کی صورت میں دینی چاہیئے۔ اور اس وقت تک یہ عمل جاری رکھنا چاہیئے جب تک کہ جسم کی حرارت بحال نہ ہو جائے۔ تین سے چھ خوراکیں کافی ہوتی ہیں۔ مریض کو گرم کمبل سے اچھی طرح لپیٹ دینا چاہیئے اور گرم پانی کی بوتلیں اس کے بازوؤں اور ٹانگوں کے گرد رکھ دینی چاہئیں۔ پاؤں کی ایڑیوں کے گرد رائی کا پلاسٹر لگانا چاہیئے۔ گرم سلائین کے محلول کا حقنہ دینا چاہیئے۔

۲۔ قے کے لئے "اپی کاک" دیں۔

۳۔ اسہال کے لئے "وریٹرم البم" اور "آرسینکم البم" یکے بعد دیگرے دیں۔

۴۔ اسہال اور قے کی صورت میں "اپی کاک، آرسینکم البم اور وریٹرم البم" استعمال کریں۔

۵۔ پیشاب رُک جانے کے لئے "بیلا ڈونا"۔

۶۔ اکڑاؤ کے لئے "آرسینکم البم اور کیوپرم میٹ"۔

تمام ادویہ ۳× یا ۶× طاقت میں دینی چاہئیں۔ فی خوراک دو یا تین قطرے چائے کے چمچ بھر پانی میں ڈال کر دینی چاہیئے۔ یا ہر دوا کا محلول پانچ سے دس قطرے چار اونس پانی میں ڈال کر تیار کر لیا جائے اور اس دوا سے ایک ایک چمچ ہر گھنٹے یا آدھے گھنٹے بعد مریض کی نوعیت کے مطابق دی جائے۔

غذا میں کانجی واٹر، اراروٹ بغیر دودھ کے اور سادہ پانی۔ اگر قے ہو رہی ہو تو کسی قسم کی غذا کھانے اور پینے کو نہ دی جائے۔ زمانہ خصانت کے دوران غذا میں خصوصی احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ مرض دوبارہ پلٹ کر نہ آئے۔

ڈاکٹر داس گپتا تمام اخراج اچانک بند ہو جانے کے لئے جبکہ سانس میں بے قاعدگی اور دیر تک رہنے والی بے ہوشی پائی جائے تو "ہائیڈروسیانک ایسڈ" کی سفارش کرتے ہیں۔

۲۔ جب پیشاب بند ہو جائے، پاخانہ اور قے بھی نہ ہو تو "لاروسیروسیس" اور جب یوریمیا (خون میں یوریا کی مقدار بڑھ جانے) کی مکمل تصویر پائی جائے تو "آرم ٹرائی فیلم" کی سفارش کرتے ہیں۔

ہیضہ کا باکس مندرجہ ذیل ادویہ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔ "کیمفر سپرٹ" اپی کاک ۲×، آرسینکم البم ۳×۔ وریٹرم البم ۲×، بیلا ڈونا ۳× اور کیوپرم میٹ ۶ طاقت۔

ہیضہ میں چاولوں کے پیچ جیسا پاخانہ

CHOLERA RICE WATER STOOLL

پاخانہ عموماً چاولوں کے پیچ کی مانند، قے اور اسہال، پاخانہ

بہت زیادہ مقدار میں، جیسے نلکے سے پانی نکل رہا ہو اور بہت زیادہ کمزور کر دینے والا ہو تو " وریٹرم البم "۔ موازنہ کریں کیمفر کے ساتھ جس میں پاخانہ اتنا زیادہ نہیں ہوتا اور مریض نہیں چاہتا کہ اس کو پیٹا جائے۔

رعشہ CHOREA یہ ایک اعصابی خرابی ہے جو غیر ارادی اعصاب کے افعال میں بے قاعدگی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ رعشہ بازوؤں اور ٹانگوں کا جس کے ساتھ سن ہونا اور درد بھی پایا جائے۔ " ایسا فوٹیڈا "۔

رعشہ جسم کے تمام حصوں میں، رعشہ عام CHOREA IN ALL PARTS OF THE BODY GENERAL تمام جسم میں پھڑکن، کانپنا اور جھٹکنا پایا جاتا ہے۔ آنکھوں کے پپوٹے پھڑکتے ہیں۔ ان میں جھٹکن اور کپکپی پائی جاتی ہے۔ نیند کے دوران تمام پھڑکنیں اور جھٹکنیں اور کپکپی ختم ہو جاتی ہے۔ " اگاری کس "۔

مزمن السر CHRONIC ULCERS مزمن اور مہلک السرز، بستر کے زخم اور کاربنکلز وغیرہ جبکہ ان کی رنگت سیاہی مائل نیلگوں ہو۔ اس کے لئے بہت مفید ہے۔ " لیکیس "۔

زخم کے نشان یا داغ CICATRIX جن میں درد ہو اور گولی کی مانند نیچے سے اوپر کو جسم کے مرکز کی طرف اعصاب کے ساتھ ساتھ جاتا ہو ہمیشہ اس دوا کا طالب ہوتا ہے۔ " ہائپیریکم "۔

CICATRIN SCAR WITH COLD DAMPFEET ON LEFT SIDE OF NECK

زخم کے نشان یا داغ گردن کی بائیں جانب جن کے ساتھ پاؤں ٹھنڈے اور گیلے ہوں گردن کی بائیں طرف، ٹھنڈے اور گیلے پاؤں، اس سے قبل کہ زخم والی جگہ پر داغ بننا شروع ہو مریض کی گردن پر فیسچولا کی مانند سوراخ بنتا ہے جو بالکل بند ہو چکا تھا۔ چونکہ پاؤں کا ٹھنڈا ہونا اور ان میں گیلے موزے پہنے ہونے جیسی رطوبت کا ہونا " کلکیریا کارب "۔

ہو جائے۔ "کونیم"۔

۳۔ مشت زنی کی وجہ سے نامردی، عضو مخصوص ڈھیلا جس کے ساتھ شدید جنسی خواہش پائی جائے۔ صبح کے وقت نیم خوابی کی حالت میں ایستادگی ہو اور جونہی پوری طرح جاگے خواہش ختم۔ "کلیڈیم"۔

۴۔ شدید جنسی ہیجان۔ "ٹیرنٹولا ہسپانیہ"۔

زکام COLD

موٹا تازہ مریض جو سردی بہت زیادہ محسوس کرے اور بہت زیادہ زکام لگ جائے تو بہت مفید دوا ہے۔ "کلکیریا کارب"۔

۲۔ "امونیم کارب" عموماً ایسے زکام کے لئے مفید ہے جو تازہ ہو جبکہ "سسٹس کیناڈنس" ایسے زکام کو شفایاب کرتی ہے جو ناک کے پچھلے حصے میں مقیم ہو۔

۳۔ ڈاکٹر بلیکی "فیرم فاس x ۱۲" کی سفارش کرتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ اس کو زکام کی ابتدائی علامات کے اظہار پر فوراً دینے سے یہ زکام پر فوراً قابو پالیتی ہے۔

زکام۔ ٹھنڈی ہوا سے چھینکیں آئیں COLD - COLD AIR CAUSING SNEEZING

ٹھنڈی ہوا میں باہر جانے سے چھینکیں آئیں یا ناک بہنے لگے۔ ناک بند ہو جائے۔ ٹھنڈی ہوا سے انتہائی ذکی الحس۔ "ہیپر سلف"۔

۲۔ اگر ابتدائی حالت میں ناک بہنے لگے تو اس سے قبل دی جائے تو زکام لگنے سے محفوظ رکھتی ہے۔ "نکس وامیکا" ۳ طاقت۔

"موازنہ کریں اکونائٹ سے"۔

زکام کپڑا اتارنے کے بعد COLD AFTER EXPOSURE

بھیگ جانے کے بعد زکام، خصوصاً اسہال، سر درد، خشک نزلہ، ناک کا مکمل طور پر بند ہو جانا، گاڑھا زرد رنگ کا بلغم، خون ملے کھرنڈ، ہلکا سا زکام ناک بند ہونے کا سبب بنے۔ نومولود بچوں کا نزلہ، گرم دن اور ٹھنڈی راتیں خصوصاً موسم سرما کے قریبی دنوں میں بہت مفید ہے "ڈلکامارا"۔

COLD APPLICATION AND COLD AIR RELIEVES

ٹھنڈی چیزیں لگانے اور ٹھنڈی ہوا سے آفاقہ ہو

پلساٹیلا کا مریض گرمی محسوس کرتا ہے اور ٹھنڈی ہوا میں اور ٹھنڈی چیزیں لگانے سے اس کو سکون ہوتا ہے۔ دردوں میں ٹھنڈی چیزوں کے ملنے سے آفاقہ ہوتا ہے۔ سر درد کو ٹھنڈی ہوا میں آفاقہ ہوتا ہے اور ٹھنڈے پانی کے ساتھ دھونے سے سکون محسوس کرتا ہے وغیرہ۔ کھلی اور ٹھنڈی ہوا میں خصوصاً کھلی ہوا میں آہستہ آہستہ ٹہلنے سے۔ ٹھنڈی غذا اور ٹھنڈے مشروبات سے آفاقہ ہوتا ہے۔ "پلساٹیلا"

COLD FROM TAKING COLD DRINK OR COLD FOOD WHEN ONE IS HOT

زکام۔ ٹھنڈی چیزیں پینے سے یا ٹھنڈی غذا کھانے سے، جبکہ جسم گرم ہو

جب جسم گرم ہو تو ٹھنڈے مشروب پینے سے ایسی تکالیف جو جسم کے زیادہ گرم ہونے کی صورت میں ٹھنڈی غذا یا ٹھنڈے مشروب کی وجہ سے ہوں یا ایسی حالت میں ٹھنڈی ہوا لگ جائے یا پسینہ آیا ہوا ہو، جسم گرم ہو تو ٹھنڈے پانی سے نہانے کے بعد تکلیف ہو تو اس کے لئے "بیلس پیرینس"

COLD SNEEZING IMMEDIATE RELIEF FROM IT

زکام، چھینکوں کو بہت جلد آرام دیتی ہے

اکونائٹ ۶ یا نیٹرم میور ۶ دو یا تین قطرے زبان پر ڈالیں چھینکوں کو دو یا تین منٹ میں بند کر دے گی۔ اس کے بعد برائی اونیا ۳۰ یا ایلیم سیپا ۶ دیں۔

COLD AGGRAVATED IN WARM ROOM

زکام میں گرم کمرے میں اضافہ ہو

زکام جس میں کھلی ہوا میں آفاقہ اور گرم کمرے میں اضافہ ہو، شام کو اضافہ۔ ناک، گلے یا سانس کی نالیوں میں دکھن اور خراش جو چھاتی تک جائے۔ "ایلیم سیپا"

COLD AND COUGH CHANGE OF SEASON

زکام اور کھانسی موسم کی تبدیلی سے

زکام اور کھانسی جو بھیگ جانے سے یا موسم کی تبدیلی سے ہو، بخار جس کے ساتھ کھانسی ہو، بے چینی، پیاس اور سردی لگنا بہت اہم علامات ہیں۔ "رسٹاکس"۔

COLD-LOSS OF SMELL AND TASTE

زکام جس کی وجہ سے چکھنے اور سونگھنے کی قوت مفقود ہو

۱۔ زکام کی وجہ سے سونگھنے کی قوت ختم ہو جائے تو "سلفر" چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ زکام کی وجہ سے چکھنے کی قوت ختم ہو جائے "پلساٹیلا" چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۳۔ زکام کے ساتھ سونگھنے اور چکھنے کی قوت کا ضیاع ہو تو اس کے لئے "میگنیشیا میور"۔

COL SENSATIVENESS

سردی سے ذکی الحسی

۱۔ سردی سے حساس۔ "اگاری کس"۔

۲۔ بہت زیادہ سردی لگے اور عموماً سرد خشک موسم میں تکلیف بڑھ جائے۔ "آرسینکم البم"۔

۳۔ سرد خشک موسم میں اضافہ اور مرطوب موسم میں افاقہ ہو جائے، تو "نائیٹرک ایسڈ"۔

۴۔ سردی سے بہت زیادہ حساس خصوصاً سرد طوفانی موسم سے، "ہیپر سلف"۔

۵۔ سرد خشک موسم میں اضافہ ہو لیکن بارش کے دنوں میں آفاقہ ہو تو "نکس وامیکا"۔

COL AIR EXTREMELY SENSATIVE

ٹھنڈی ہوا سے نہایت حساس

ٹھنڈی ہوا سے بہت زیادہ حساس، دروازے اور کھڑکیاں بند رکھنا چاہیے

اور سردی کے موسم میں آگ کے قریب بیٹھنا چاہیے۔ ٹھنڈی ہوا سے تمام تکالیف میں اضافہ ہو۔ "ہیپر سلف"۔

COLD DRAUGHT SENSATIVE
ٹھنڈی ہوا کے جھونکے سے حساس

مریض ٹھنڈی ہوا کے جھونکے سے روشنی سے، چھونے سے اور آواز سے بہت زیادہ حساس ہوتا ہے۔ "چائنا"۔

COLD IN DRY WEATHER
زکام خشک موسم میں

گلے کے پچھلے حصے میں چبھن کا احساس اور تھکا دینے والی خشک کھانسی جو زکام کے آغاز میں ہو مریض سرد مزاج اور اپنے آپ کو لپیٹ کر رکھنا چاہیے۔ آدھی رات کو گھٹن اور شدید خشک کھانسی۔ "ہیپر سلف" دیں جو کہ برانکائیٹس کی نشوونما کو روک دے گی۔

COLD RIPE
زکام، بلغم گاڑھا

۱۔ ناک سے نکلنے والا بلغم زیادہ گاڑھا ہوتا چلا جائے "پلساٹیلا"۔

۲۔ ناک سے نکلنے والا اخراج بدبو دار اور زردی مائل سبز۔ "مرک سال"۔

پیٹ میں ٹھنڈک کا احساس
COLDNESS IN ABDOMEN

پیٹ میں مخصوص ٹھنڈک کا احساس جیسا کہ عام پیٹ اندر سے ٹھنڈا ہے۔ "امبرا گریسیا"۔

COLDNESS OF WHOLE BODY WITH HICCOUGH
جسم کا ٹھنڈا ہونا، جس کے ساتھ ہچکی آئے۔

۱۔ تمام جسم برف کی مانند ٹھنڈا جس کے ساتھ اکڑن بھی موجود ہو، نہ رکنے والی ہچکی متواتر قے، اسہال اور ٹھنڈا پسینہ۔ "کیوپرم آرس"۔

۲۔ تمام جسم کا ٹھنڈا ہونا۔ جسم کے تمام اندرونی اعضاء مثلاً دل، دماغ، پھیپھڑے گردے وغیرہ ٹھنڈے، سانس بھی ٹھنڈا۔ جس کے ساتھ فالج اور کپکپی پائی جائے، جسم کا ٹھنڈا پن۔ نبض کمزور۔ "ہیلوڈرما" ۲۰۰ طاقت میں دیں

COLD IMMUNITY FROM IT

زکام سے بچنے کے لئے

زکام بار بار ہونا ، ناک کے سوراخوں میں اجتماع نتھنوں میں رکاوٹ جس کے ساتھ اخراج ہو اور نتھنوں کی جلن ۔ "سلفر" ایسے نزلہ زکام کے خلاف قوت مدافعت کو مضبوط کر کے اس سے بچاتی ہے۔

پیٹ کا تشنجی درد
COLIC

پتہ کی پتھری کی وجہ سے درد ہو تو اس کے لئے مفید دوا ہے ۔
"کلکیریا کارب"

پیٹ کا تشنجی درد چھوٹے بچوں میں
COLIC IN BABIES

پیٹ کا ریاحی درد جو بچے کو دوہرا ہونے پہ مجبور کر دے کاٹنے والے اور پھاڑنے والے درد ، پیٹ کے نچلے حصے میں کاٹنے والے درد کی وجہ سے بچہ چلاتا ہے درد ناف کے گرد زیادہ ہوتا ہے ۔ بچہ جب بیٹھا ہوا ہو تو درد میں اضافہ ہوتا ہے
"ایلیم سیپا"

COLIC BURNING ROUND NAVEL

ناف کے گرد جلندار درد

کھانے کی ہر کوشش پر ناف کے گرد دکھن اور جلن ، پیٹ میں تشنجی درد ، اس کے لئے
"کلکیریا رینی لس"

COLIC OF CHILD IN DYSENTRY

پیچش میں بچے کے پیٹ کا درد

حاد پیچش میں تشنجی پیٹ درد ، خصوصاً بچوں میں ۔ یہ پیٹ کا درد عموماً بچوں میں پایا جاتا ہے جو بچے کو دوہرا ہونے پر مجبور کر دیتا ہے یا درد کی وجہ سے بچہ اپنی ٹانگیں سکیڑ کر پیٹ کے ساتھ دباتا ہے "کالوسنتھ"

COLIC WITH DIARRHOEA AND VOMITING

پیٹ کا درد اسہال اور قے کے ساتھ

کھانے یا پینے کے بعد پیچش یا اسہال اور قے ہوتی ہے ۔ مریض درد میں دوہرا ہونے سے یا ٹانگیں پیٹ کے ساتھ لگانے سے آفاقہ محسوس

کرتا ہے۔ "کالوسنتھ" تمام قسم کے پیٹ کے شدید دردوں کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔ ایسی دردیں خصوصاً بچوں میں ہوتی ہیں۔ جن کی وجہ سے بچہ دوہرا ہو جاتا ہے یا اپنی ٹانگوں کو پیٹ کے ساتھ دباتا ہے۔ اگر درد میں آفاقہ گرم تکمید پہنچانے سے ہو تو دوا "میگنیشیا فاس" ہو گی۔ نیز "سٹافی سیگیریا" "ڈائیسکوریا، "سٹینم" کو بھی دردوں میں نہ بھولنا چاہیئے۔

COLIC GENERAL WITH SHARP PAIN
پیٹ کا عام درد شدت کے ساتھ

انتڑیوں کا درد اور ریاحی درد جو مریض کو دہرا ہونے پر مجبور کر دے۔ تیز اور تشنجی درد جو عموماً جگہ بدلے۔ درد کو گرم مالش پہنچانے سے آفاقہ ہو۔ "میگنیشیا فاس"۔

موازنہ کریں "کیمومیلا" سے۔

COLIC INFANTS
پیٹ کا درد شیر خوار بچوں کا

بچے کو دوہرا کر دے، ریاحی درد، جس کو دبانے سے اور گرم مالش سے آفاقہ ہو۔ "میگنیشیا فاس"۔

موازنہ کریں۔ "کالوسنتھ" سے۔

۲۔ جب بچہ ریاح سے بھرا ہوا معلوم ہو، جگر بڑھا ہوا اور سخت قبض جس کے ساتھ پیٹ میں درد اور ریاح ہو، بھوک نہ لگتی ہو اور پاخانہ سخت ہو۔ "سینا"۔

COLIC MENSTRUAL
پیٹ کا درد ماہواری کا

ماہواری کا پیٹ درد، خصوصاً ہسٹریائی یا اعصابی قسم کا۔ "کاکولس"۔

COLIC PAIN IN BOWELS
پیٹ کا تشنجی درد انتڑیوں میں

پیٹ کا درد ناف کے گرد، انتڑیوں میں کھانے یا پینے سے تشنجی درد، جبکہ اسہال بھی نہیں ہوتے بلکہ قبض کی حالت پائی جاتی ہے۔ مریض "کالوسنتھ" کی مانند ناف کے گرد درد کی وجہ سے پیٹ کو دباتا ہے۔ "ایلو"۔

پیٹ کا درد وقفے وقفے سے ہو
COLIC PAIN AT INTERVAL

درد اچانک اور شدت کے ساتھ ظاہر ہوتا ہے اور دوبارہ اچانک ہی غائب ہو جاتا ہے یعنی درد وقفے سے آتے ہیں اور تھوڑے وقفے کے بعد غائب ہو جاتے ہیں۔ "بیلاڈونا"

پیٹ کا درد نوبتی
COLIC PERIODICAL

پیٹ درد روزانہ وقتِ مقررہ پہ ہو۔ نوبتی درد "پتے" کی پتھری کی وجہ سے۔ اس کے لئے بہت مفید ہے "چائنا"

COLIC RENAL DIFFICULT URINATION WITH STONE IN KIDNEY
گُردے کا درد، پیشاب مشکل سے آئے، گُردے میں پتھری

گردے کے تمام حصّے میں کٹن اور جلن کے شدید دورے جن کے ساتھ بار بار پیشاب کی پُر درد حاجت ہو۔ پیشاب خون آمیز جو قطرہ قطرہ خارج ہو۔ پیشاب کی بے سود حاجت جو ناقابل برداشت ہو، پیشاب سے قبل، دوران اور پیشاب کر چکنے کے بعد کاٹنے والی درد، پیشاب کرنے کی متواتر خواہش، پیشاب میں شدید جلن اور قطرہ قطرہ خارج ہو، گردے میں پتھری۔ "کینتھرس"

COLIC RENAL WITH GRAVEL PAIN IN RIGHT KIDNEY
دائیں گُردے کا درد، پتھری کے ساتھ

پیشاب کم مقدار میں، ریت ملا اور خون آمیز، گردے میں پتھری کی وجہ سے درد، شدید اور عموُماً ناقابل برداشت درد، پیشاب کے دوران یا پیشاب کر چکنے پہ، مثانہ پھولا ہوا اور سخت، درد دائیں گردے سے نیچے کو جائے، بچہ پیشاب کرنے سے قبل اور جب پیشاب کر رہا ہو، چلاتا ہے "سارساپریلا"

COLIC RENAL STONE IN KIDNEY AND ITS PREVENTION

گردے کا درد اور گردے میں پتھری اور اس سے حفاظت

۱۔ مثانے میں شدید کاٹنے والی دردیں جو گردے سے نیچے یوریتھرا (پیشاب کی نالی) تک جائیں۔ جن کے ساتھ پیشاب کرنے کی حاجت پائی جائے۔" بربیرس دیگرس" یہ گردے کے درد کی دواؤں میں اعلیٰ مقام رکھتی ہے۔

۲۔ شدید تھکا دینے والی دردیں جو مریض کو اِدھر اُدھر گھومنے پر مجبور کر دیں۔ درد کی وجہ سے مریض چیخیں مارتا ہے۔ پیشاب سُرخ جس میں اینٹ کی مانند مٹی کے اجزا پائے جاتے ہیں۔" اوسی مم کین"۔

۳۔ اینٹھن والے درد کی وجہ سے لوٹ پوٹ ہو اور اِدھر اُدھر گھومے "ڈائیسکوریا"

۴۔ پیشاب کرنے کے بعد بہت جلد میلا کیچڑ والے پانی کی مانند ہو جاتا ہے پیشاب کے خاتمے پر بہت زیادہ درد، پیشاب میں سفید ریت، پیشاب کم مقدار میں اور گندلا، مثانے میں پیشاب کی حاجت کا متواتر رہنا، اس کے لئے مفید دوا ہے۔" سارسا پریلا"

۵۔جب تمام ادویہ ناکام ہوجائیں تو "پریرا بریوا مدرٹنکچر" گرم پانی میں ڈال کر چار قطرے فی خوراک ہر آدھے گھنٹے بعد استعمال کرنی چاہیئے۔

۶۔ پتھری بننے سے بچاؤ، کمر میں اور رانوں میں درد کے لئے۔" بربیرس دیگرس" چھ گھنٹے کے وقفے سے۔

۷۔ پتھری بننے کا رجحان اور ٹشوز میں یورک ایسڈ۔" آرٹیکا یورنس"۔

(ب) ۱۔ ڈاکٹر جوسٹ کہتے ہیں کہ گردے کے درد کے لئے جبکہ وہ بہت شدید ہو بلا امتیاز مرض جس کی وجہ سے یہ درد ہو رہا ہو" بیلا ڈونا اور کیمومیلا" دونوں یکے بعد دیگرے دیں۔

۲۔ ڈاکٹر جہار کا کہنا ہے کہ "پلسا ٹیلا، کینابس انڈیکا، سارسا پریلا اور لائیکو"

گردے کے درد میں ان کے ہاتھوں حیران کن اثرات دکھا چکی ہیں اور ان کے ذریعے گردے کی پتھری بھی یوریتھرا کے راستے خارج کی جاتی رہی ہے۔

۳۔ ڈاکٹر پرسٹن گردے کے درد کے لئے جبکہ چھوٹی کمر میں اور مثانے کے حصہ میں درد ہوتی ہے۔ اس دوا کا استعمال مفید بتاتے ہیں۔ "آرجنٹم نائٹریکم۔"

۴۔ ڈاکٹر جیکب جیمز گردے سے پتھری کو مثانے میں نکالنے کے لئے اس دوا کو کامیابی کے ساتھ استعمال کرتے رہے ہیں۔ "اپومیا۔"

۵۔ ڈاکٹر ہیمپل نے گردے کے درد کے بہت سے کیس ریکارڈ کئے ہیں جو اس دوا سے شفایاب ہوئے ہیں۔ "کوکس کیکٹائی۔"

۶۔ جب پیشاب میں کنکریاں زیادہ مقدار میں پائی جائیں۔ گردے کے حصے میں شدید درد ہو اور پیشاب بلغم آمیز ہو ، نیز پیشاب کی بے سود حاجت بھی موجود ہو تو یہ دوا مفید ثابت ہو سکتی ہے۔ "یوپیٹوریم پرپوریم۔"

۷۔ جب پیشاب میں اوگزالیک ایسڈ پائی جائے اور یہ پتھری بننے کا ترکیبی جزو ثابت ہو تو اس دوا کے متعلق غور کرنا چاہیئے۔ "نائیٹرک ایسڈ۔"

حاملہ کے پیٹ کا درد
COLIC OF PREGNANT WOMEN

حمل کے دوران پیٹ کا درد بھی متلی کی مانند عموماً رہتا ہے نیز بھوک بھی نہیں لگتی۔ یہ تکلیف عموماً پیٹ کی اینٹھن کی وجہ سے ہوتی ہے جو پہلے ماہ کے دوران ظہور پذیر ہوتی ہے۔ اس کے لئے عمدہ دوا ہے "کیمومیلا" جبکہ انتڑیوں میں ریاح بھی پائی جائے اور جب یہ ناکام ہو جائے تو "نکس وامیکا" دیں۔ اگر دردیں نہایت شدید ہوں اور مریض آرام نہ کر سکے تو "کالوسینتھ۔"

پتھری کا درد متلی کے ساتھ
COLIC STONE WITH NAUSEA

گردے کا درد پیشاب کی نالی میں پتھری کی وجہ سے ہو، تشنجی دردیں جن کے ساتھ پیشاب اور پاخانہ کی حاجت پائی جائے۔ دردیں مقعد کی طرف جائیں اور جب

زیادہ کھانے کی وجہ سے متلی ہو۔ "نکس وامیکا"

پیٹ کا ریاحی درد اور اسہال
COLIC WIND COLIC AND DIARRHOEA

پیٹ پھولا ہوا اور اس میں ریاحی درد، پاخانہ سبز اور پانی کی مانند پتلا جو مقعد کو جلا کر سُرخ کر دیتا ہے، پاخانہ گرم محسوس ہوتا ہے اور گندے انڈے کی مانند بدبُودار ہوتا ہے۔ "کیمومیلا"

پیٹ کا درد ہاضمہ کی خرابی کی وجہ سے
COLIC DUE TO INDIGESTION

۱۔ ہاضمہ کی خرابی کی وجہ سے ہونے والے پیٹ درد کے لئے بہت مفید دوا ہے۔ اس کو گرم پانی میں ملا کر دینا چاہیئے۔ درد خواہ پیٹ کے کسی حصّے میں بھی ہو مفید ہے۔ "نکس وامیکا"

۲۔ پیٹ میں اینٹھن پیدا کرنے والا درد یا ایسا درد جیسے پیٹ میں چاقو گھونپ دیا گیا ہے۔ پیٹ میں ورمی نوعیت کا درد۔ "کیوپرم میٹ"

پیٹ کا درد تمام اطراف میں پھیلے
COLIC RADIATING IN ALL DIRECTION

درد پیٹ کی تمام اطراف میں پھیلے۔ پیٹ کی اطراف اندر کی جانب کھچی ہوئیں ٹانگوں میں اینٹھن، ضدی قسم کا قبض لیکن ریاح نہ ہو۔ پیٹ میں پتھر کی مانند سختی۔ "پلمبم میٹ"

ورم قولون اور اس کا علاج
COLITIS AND ITS TREATMENT

علاج کی ابتدا "سلفر" ۲۰۰ طاقت سے کرنی چاہیئے۔ یہ دوا کئی مریضوں کو بغیر کسی دوسری دوا کی مدد کے شفایاب کر دے گی۔

۲۔ جھلیوں کی مانند اخراج، ریاح اور قبض۔ "آرجنٹم نائیٹریکم" ۳۰ طاقت میں چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۳۔ پاخانہ انتڑیوں کے ٹکڑوں کی مانند، جلندار درد ہیں، متلی اور قے کا پایا جانا۔ "کینتھرس"

۴۔ تھوجا ورم قولون کی بہت عمدہ دوا ہے۔ ایمواییک پیچش کے لئے بہت مفید ہے اس کو ایک ہزار طاقت میں استعمال کرنا چاہیئے۔ "تھوجا"۔

۵۔ مرک کار اور کالوسنتھ کو یکے بعد دیگرے ادل بدل کر دینے سے ورم قولون کے شفایاب کرنے میں کبھی ناکامی نہیں ہوتی۔

COLITIS WITH PAIN AND MUCUS

ورم قولون درد اور بلغم کے ساتھ

بھینچنے کے سے کاٹنے والے درد جو مریض کو دوہرا ہونے پر مجبور کر دیں۔ پیٹ پر دباؤ ڈالے۔ گرم تکمید کے لئے کہے اور کھانے پینے سے درد میں اضافہ ہو۔ "کالوسنتھ"۔

COLLAPSE GENERAL

حالتِ نزع عام

سر، پاؤں اور جسم کی سطح ٹھنڈی اور نیلی، مریض بلاحرکت پڑا ہوتا ہے جیسے مر رہا ہو۔ سانس ٹھنڈا، نبض دھاگے کی مانند اور تیز، ٹانگوں اور بازوؤں پر ٹھنڈا پسینہ، آواز کا ضائع ہو جانا اور انگلیوں کی پوروں میں نیلاہٹ پاؤں گھٹنوں تک برف کی مانند ٹھنڈے۔ اس کے لئے "کاربوویج"۔ مقابلہ کریں "وریٹرم البم" سے۔

حالتِ نزع، ہیضہ میں ڈاکٹر ہانیمن کا تگڈم

COLLAPSE - HAHNEMANN'S TRIO OF CHOLERA

۱۔ "کیمفر"۔ حالت نزع جس کے ساتھ بہت کم پسینہ آئے قے اور اسہال یا ان میں سے کسی ایک کا بھی خشک ہیضہ میں نہ پایا جانا۔

۲۔ "وریٹرم البم"۔ حالتِ نزع بہت زیادہ اخراج کی وجہ سے۔

۳۔ "کوپرم میٹ"۔ ایسی حالت میں تجویز کی جاتی ہے جب کہ اینٹھن واضح طور پر موجود ہو۔

COLLAPSE AFTER OPERATION

حالتِ نزع آپریشن کے بعد

سرجیکل آپریشن کے بعد حالت نزع کی علامات کا پیدا ہونا، شدید کمزوری، جسم کا ٹھنڈا ہونا، خون کا آہستہ آہستہ رسنا، سانس ٹھنڈا اور بہت زیادہ مقدار میں پسینہ

آئے تو ایسی حالت میں "سٹرونٹیم کارب" بہت کامیاب دوا ہے۔ یہ صدمے کو فوراً ختم کر دے گی۔ اور مریض گرم ہو جائے گا اور سکون پائے گا۔

COLLAPSE COLD SWEATS IN CHOLERA MEASLES ERUPTIVE FEVER

حالتِ نزع اور ٹھنڈا پسینہ، ہیضہ، خسرہ اور ابھاروں والے بخار میں

قوت حیات کا تیزی کے ساتھ ڈوبتے جانا، مکمل کمزوری ٹھنڈا پسینہ اور ٹھنڈا سانس، جلد نیلی، ٹھنڈی اور جھریاں پڑی ہوئیں چہرہ مُردوں جیسا، ناک اندر کو دبی ہوئی، کنپٹیاں اندر کو دھنسی ہوئیں، آنکھیں ڈوبتی ہوئیں، کان سیسہ کے رنگ کے اور ٹھنڈے، ہونٹ ڈھیلے پڑ جائیں تمام جسم برف کی مانند ٹھنڈا، پنڈلیوں میں اینٹھن، چہرے اور پیشانی پر ٹھنڈا پسینہ، ایسی نوعیت ہیضہ کی حاد حالت میں، نمونیہ، ٹائیفائیڈ یا معیادی بخار، برانکائیٹس یا ابھاروں والے بخار کے دب جانے مثلاً خسرہ یا سکارلٹ فیور میں پائی جاتی ہے۔ "وریٹرم البم"

موازنہ کریں "آرسینکم البم، اور کاربو ویج" سے۔

COLLAPSE IN TYPHOID PNEUMONIA AND CHOLERA

حالتِ نزع ٹائیفائیڈ، نمونیہ اور ہیضہ میں

ہاتھ، پاؤں اور سطح جسم ٹھنڈی اور نیلی، مریض بلا حرکت پڑا ہوتا ہے جیسے کہ وہ مر رہا ہو۔ سانس ٹھنڈا، نبض دھاگے کی مانند اور تیز۔ بازوؤں اور ٹانگوں پر ٹھنڈا پسینہ، آواز ختم، انگلیوں کی نوکیں ٹھنڈی پاؤں گھٹنوں تک برف کی مانند ٹھنڈے۔ "کاربو ویج"۔

COLLAPSE WITH RESPIRATION TROUBLE

حالتِ نزع، سانس کی تکلیف کے ساتھ

مریض کی نبض محسوس نہیں ہوتی تنفس سست، گہرا، ہانپنے کے ساتھ یا مشکل اور تشنجی، نبض کمزور، اور بے قاعدہ، ہسٹریا کی یا مرگی کی مانند تشنج، ہیضہ میں حالت نزع، ڈاکٹر مسر کار کے مطابق "ہائیڈرو سیانک ایسڈ" جادو نما اثر کرتی ہے اور مریض کو بہتری کی

طرف لاتی ہے۔

رنگوں میں تمیز نہ کر سکے
COLOUR BLINDNESS

نظر اور رنگوں میں ہر قسم کا قابلِ فہم دھوکا پایا جاتا ہے۔ مختلف قسم کے اجسام آنکھوں کے سامنے اڑتے دکھائی دیتے ہیں۔ آنکھوں کا جھپکنا اور پھڑکنا "اگاری کس"۔ "موازنہ کریں۔ کاربوسلف سے"۔

۲۔ اس بیماری کی دوسری دوا ہے "فاسفورس"۔

ٹھنڈی فضا میں آفاقہ ہو
COLD ATMOPHERE RELIEVES

مریض اپنے جسم کو ٹھنڈی فضا میں ننگا رکھے اور کھلی ہوا سے سکون ملے۔ دروازے کھڑکیاں کھلی رکھنے سے سکون ہو۔ مریض بستر میں اپنے پاؤں پہ کپڑا برداشت نہ کر سکے ان کو ننگا رکھنا چاہیے "سلفر"۔

موازنہ کریں "فاسفورس" سے جس میں مریض اپنے ہاتھوں کو ڈھانپ نہیں سکتا۔

بے ہوشی، دماغ کے جریان خون، ٹائیفائیڈ اور ذیابیطس میں
COMA IN APOPLEXY TYPHOID AND DIABETES

۱۔ دماغ میں جریان خون کی وجہ سے سکتہ "برائٹا کارب"۔

۲۔ بے ہوشی میں پیشاب اور پاخانہ کا غیر ارادی اخراج۔ نبض کمزور اور سُست "اوپیم"۔

۳۔ بے ہوشی ٹائیفائیڈ بخار میں "بپٹیشیا، فاسفورس، آرنیکا"۔

۴۔ ذیابیطس میں "ایلومینیم میٹلیکم" ۲۰۰ طاقت میں۔

بے ہوشی، ڈفتھیریا، خسرہ اور چیچک میں
COMA IN DIPHTHERIA MEASLES SMALL POX

بچہ تیزی کے ساتھ کوما میں جارہا ہو اور جب جاگے تو متواتر خواب کی سی کیفیت۔ آنکھوں کی پتلیاں پھیلی ہوئیں۔

بچہ چیخ مارتا ہے یا ہمہ وقت چلاتا ہے۔ بہت زیادہ کمزوری، مرض کا آغاز عموماً اچانک ہوتا ہے اور شدت اختیار کر جاتا ہے۔ یہ زیادہ تر ڈفتھیریا، خسرہ اور چیچک وغیرہ میں ہوتا ہے۔ "ایلنتھس"

غصے سے پیدا ہونے والی شکایات
COMPLAINTS OF ANGER

پیٹ کا درد یا دیگر تکالیف جو غصے کے نتیجہ میں پیدا ہوئی ہوں۔ "کالوسنتھ" بہترین دوا ہے۔

میل جول سے نفرت
COMPANY AVERSION

۱۔ دوستوں سے نفرت کرے اور ان سے دور رہنا چاہے۔ "کالوسنتھ"
۲۔ ہسٹریا میں۔ "کیکٹس"
۳۔ عصبی مزاج مریضوں میں میل جول سے نفرت۔ "اگنیشیا"

میل جول کی خواہش کرے
COMPANY DESIRE FOR

۱۔ دل کی بیماریوں میں۔ "آرم میٹ"
۲۔ ہسٹریا میں "کونیم"
۳۔ جنون کی حالت میں۔ "سٹرامونیم"

چہرے کی رنگت کو درست کرنے کے لئے
COMLEXION - CHANGING IT INTO FAIR

۱۔ "آیوڈیم" چہرے کی بدنمائی کو دور کرنے اور صحیح حالت میں لانے کی بہت کامیاب دوا ہے۔ اس کو ایک ہزار طاقت میں ہر چودہ روز بعد تقریباً چھ ماہ تک استعمال کرنا چاہیئے۔
۲۔ "کاسٹیکم اور لائیکوپوڈیم" یکے بعد دیگرے۔ اس وقت مفید ہیں جب "آیوڈیم" ناکام ہو جائے۔ ان کو ۲۰۰ طاقت میں ہر ہفتے استعمال کیا جائے۔

دماغ یا ریڑھ کی چوٹ
CONCUSSION OF BRAIN OR SPINE

ایسی حالتوں میں کوئی بھی دوا "آرنیکا" کی ثانی نہیں ہے اس کو بار بار دوہرانا چاہیئے

۳۔ جب پیپ دار اخراج زیادہ مقدار میں ہوتا ہو "آرجنٹم نائیٹریکم"۔

آنکھوں کے سفید پردے کا ورم
CONJUNCTIVITIS

اکونائٹ، بلساٹیلا، یوفریزیا، گواریا۔
۲۔ آنکھوں کے پپوٹے بند، متورم، پر درد اور دھندلا دکھائی دے۔ اس کے لئے "کلکیریا کارب"۔

۳۔ "ہیپر سلف" آنکھوں کے سفید پردے کے ورم کے لئے بہت اعلیٰ دوا ہے۔ خصوصاً ایسے کیسوں میں جو "اکونائٹ اور بیلاڈونا" کے دائرہ کار سے نکل چکے ہوں۔ ان ادویہ کے بعد بہتر کام کرتی ہے۔

CONJUNCTIVITIS WATERING AND SWELLING WITH IRRITATION
آنکھوں کے سفید پردے کا ورم، جس کے ساتھ آنکھوں سے پانی آئے اور سوزش ہو

آنکھوں سے پانی آئے۔ صبح کو پپوٹے جڑے ہوئے ہوں اور پپوٹوں کے کنارے سرخ، متورم اور جلتے ہوں، خراش پیدا کرنے والا مواد خارج ہوتا ہو جو آنکھوں میں جلن اور سوزش پیدا کرے۔ "یوفریزیا"۔

۲۔ ورم اور تیزابی اخراج کے لئے۔ "رسٹاکس"۔
۳۔ چبھن اور خارش کے احساس کے ساتھ بہت زیادہ آنسو آئیں۔ "زنکم سلف"۔

دل جوئی سے تکلیف میں اضافہ یا رونا آئے
CONSOLATION CAUSING AGGRAVATION OR WEEPING

نیٹرم میور کا مریض دل جوئی سے زیادہ برہم ہوتا ہے رونا اور ہنسنا آپس میں ادلتے بدلتے رہتے ہیں۔ دل جوئی ہر ذہنی علامت میں اضافہ کا سبب بنتی ہے۔ خصوصاً چڑچڑے پن میں اور رونے میں۔ ناراض اور غمگین مریض۔ حتیٰ کہ بہت خوشی کے موقعوں پر بھی۔ ذہنی اور جسمانی تھکاوٹ اور کمزوری اس کی بہت اہم علامات ہیں

"نیٹرم میور" اس کا موازنہ کریں ۔ "پلساٹیلا" سے۔

۲۔ "پلساٹیلا" کے مریض کو دل جوئی سے زیادہ کوئی چیز بھی خوش نہیں کر سکتی۔ تشفی سے وہ بہت جلد سکون پاتی ہے۔ پلساٹیلا کی مریضہ ہمیشہ اپنی تکلیف بیان کرتے وقت روتی ہے۔ موازنہ کریں "نیٹرم میور" سے۔

قبض
CONSTIPATION

۱۔ آنتوں کی خشکی اور پیرسٹالٹیک افعال کے نہ ہونے کی وجہ سے جب تک کافی مقدار میں فضلہ جمع نہ ہو جائے نہ تو پاخانہ کی حاجت ہوتی ہے اور نہ طاقت۔ پاخانہ پہ بہت زیادہ زور لگائے، بیٹ کو مضبوطی کے ساتھ پکڑے۔ پاخانہ سخت گولیوں کی شکل میں یا ملائم جو اعضاء کے ساتھ چپک جائے، پاخانہ بھیڑ کی مینگنوں کی مانند، شیر خوار بچوں کی قبض کے لئے بھی مفید ہے۔ جبکہ پاخانہ سبز رنگ کا اور مقعد میں دکھن پیدا کرنے والا ہو۔ "ایلومینا"۔

۲۔ قبض آنتوں کے افعال میں سستی کی وجہ سے، پاخانہ سخت، خشک اور سیاہ گولوں کی شکل میں۔ پاخانہ کی حاجت نہ ہو۔ "اوپیم"۔

۳۔ آنتوں کے غدودوں میں رطوبت کے ختم ہو جانے اور عضلات کے افعال کے فقدان کی وجہ سے قبض۔ "پلمبم میٹ"۔

۴۔ پاخانہ سخت جو مشکل سے نکلے اور جس کی وجہ سے مقعد میں دکھن اور سختی اور اس سے خون کا اخراج ہو۔ "نیٹرم میور"

۵۔ قبض آنتوں کے ڈھیلے پن کے ساتھ بدل جائے اور سر میں ہلکا سا درد ہو۔ زبان میلی جس کے ساتھ جلاب آور ادویہ کے غلط استعمال کی وجہ سے بواسیر۔ "ہائیڈراسٹس"۔

۶۔ شیر خوار بچوں کے اسہال جو قبض کے ساتھ بدل جائیں۔ دانتوں کا مشکل سے نکلنا جس کے ساتھ پیٹ میں درد، بدبودار پاخانہ۔ "پوڈوفائیلم"۔

ب: قبض جب صحت کی بگڑی ہوئی حالت میں سے ایک علامت ہو تو بڑی

تکلیف کے لئے تجویز شدہ دوا اس کو بھی درست کر دے گی۔ جیسے "سپائی جیلیا" دل کی تکلیف کے لئے، "آئرس" درد شقیقہ کے لئے، "جلسی میم" درد سر میں۔ اور "برائی اونیا، کلکیریا کارب، لائیکو اور نکس وامیکا" ٹائیفائیڈ بخار میں۔

ج: سفر کی وجہ سے قبض ہو۔ "ایلو مینا، پلاٹینا"۔

قبض اسہال کے ساتھ بدل جائے
CONSTIPATION ALTERNATING WITH DIARRHOEA

ا: مریض کو پاخانہ مکمل طور پر نہیں آتا اور بار بار پاخانہ کرنے کے لئے جانا چاہتا ہے جس کے باوجود اس کو تسکین نہیں ہوتی لیکن تھوڑا سا پاخانہ کرنے کے بعد اس کو تھوڑی دیر کے لئے آفاقہ ہوتا ہے۔ قبض اور اسہال آپس میں ادل بدل جاتے ہیں۔ خصوصاً ایسے لوگوں میں جو عمر بھر جلاب آور دوائیں استعمال کرتے رہے ہوں۔ "نکس وامیکا"۔

ب: اسہال کا قبض کے ساتھ بدل جانا عموماً بوڑھے لوگوں میں پایا جاتا ہے جس کے لئے واحد دوا ہے۔ "انٹی مونیم کروڈم"۔

گزشتہ ایام زچگی سے قبض
CONSTIPATION SINCE LAST CONFINEMENT

قبض سن بلوغت کو پہنچنے یا گزشتہ ایام زچگی سے جو بواسیر کا سبب بنے، بچوں کی قبض جس کے ساتھ پاخانہ کی بے سود حاجت ہو۔ مقعد سکڑ جائے اور پاخانہ کے دوران باہر نکل آئے، "لائیکو پوڈیم"۔

قبض مزمن، پاخانہ سخت گولیوں کی شکل میں
CONSTIPATION CHRONIC WITH HARD STOOL BALLS

پاخانہ سخت، سیاہ گولیوں کی شکل میں، مزمن، پاخانہ ملیا، پاخانہ کچھ حصہ باہر نکلنے کے بعد واپس چلا جائے۔ مقعد میں شدید درد کے لئے۔ "تھوجا"۔

CONSTIPATION CHRONIC NO STOOL FOR DAYS

قبض مزمن کئی روز سے پاخانہ نہ ہو

۱۔ بوڑھے لوگ مزمن قبض میں مبتلا ہوں جو کئی دن بغیر پاخانہ کے گزار دیں۔ "ایلو"

۲۔ ایسے لوگ جو تھوڑی دیر کے لئے محسوس یا دن میں کئی مرتبہ قضائے حاجت کے لئے جائیں لیکن صرف تھوڑی سی ہوا کا اخراج ہو تو ایسی حالت کو عموماً یہ دوا درست کر دیتی ہے۔ "نیٹرم سلف"

۳۔ قبض کی بہت بڑھی ہوئی حالت، کئی کئی روز پاخانہ کی حاجت نہ ہو، پاخانہ خارج کرنے کی صلاحیت بھی نہ ہو۔ ماربل کی مانند مادے خارج ہوں لیکن مقعد اس کے باوجود بھی بھری ہوئی محسوس ہو۔ "ایلومینا"

قبض ہر عمر کے لوگوں میں

CONSTIPATION IN ALL AGES

ڈاکٹر کلارک ہر عمر کے مریضوں کی قبض میں "سلیکا مارینا" کی سفارش کرتے ہیں۔ یہ دوا حیض سے قبل یا حیض کے دوران کی قبض کے لئے بھی مفید ہے۔

CONSTIPATION NO DESIRE FOR DAYS TOGETHER

قبض، کئی کئی روز حاجت نہ ہو

بہت زیادہ دیر رہنے والی، چار سے چھ روز بغیر حاجت کے گزر جائیں، پاخانہ لمبا جو نکالنا مشکل ہو۔ اس وقت تک زور لگاتا رہے جب تک کہ پورا جسم پسینہ سے شرابور نہ ہو جائے۔ "سینی کولا"

CONSTIPATION FREQUENT UNSUCCESSFUL DESIRE

قبض متواتر، ناکام حاجت

بار بار بے سود حاجت، پاخانہ سخت، گانٹھ دار اور بہت کم مقدار میں، مقعد میں خارش اور جلن، بچہ درد کی وجہ سے پاخانہ کرنے سے خوف کھائے، کبھی قبض اور کبھی اسہال ہوں۔ "سلفر"

CONSTIPATION IN OLD PEOPLE WITH UNEFFECTUAL DESIRE

قبض بوڑھے لوگوں میں بے سود حاجت کے ساتھ

بوڑھے لوگوں میں ضدی قسم کا قبض

پاخانہ کی متواتر اور بے سود حاجت جو مریض کو پریشان کر دے۔ اس موقع پر دوسرے آدمیوں کی موجودگی ناقابل برداشت ہو۔ "امبرا"

CONSTIPATION OBSTINATE STOOL LIKE SHEEP DUNGS

قبض ضدی، پاخانہ بھیڑ کی مینگنوں جیسا

ضدی قبض، پاخانہ سخت، اور غیر تسلی بخش، بعض اوقات پاخانہ چھوٹی چھوٹی گولیوں میں بھیڑ کی مینگنوں کی مانند، مقعد کٹی پھٹی ہوئی زخمی سے خون رسے اور پاخانہ کے بعد درد ہو۔ "نیٹرم میور"

CONSTIPATION DIFFICULT EXPULSION

قبض، پاخانہ مشکل سے خارج ہو

پاخانہ کا اخراج مشکل سے ہو، خواہ پاخانہ نرم ہی کیوں نہ ہو۔ پاخانہ کا کچھ حصہ باہر نکلنے کے بعد واپس چلا جائے۔ "سلیشیا"

۲۔ جب پاخانہ مقعد میں زیادہ اوپر ہو اور انیما بھی اس کو نیچے لانے میں کارگر ثابت نہ ہو سکے۔ "ہائیڈراسٹس"

CONSTPATION DURING PREGNANCY

قبض حمل کے دوران

عادی قسم کا قبض جو بہت ہی ضدی نوعیت کا ہو خصوصاً عورتوں اور بچوں میں، پیٹروں میں گولوں کا احساس جو مقعد پر دباؤ ڈالے اور اس کو پاخانہ کرنے کے بعد بھی آفاقہ نہ ہو، حمل کے دوران قبض، پاخانہ سخت گانٹھوں کی شکل میں، گولیوں کی مانند اور بہت کم مقدار میں، پاخانہ کے دوران اور کافی دیر بعد تک مقعد میں درد رہتا ہو۔ "سیپیا" بہت مفید ہے۔

قبض جو گنٹھیا کا سبب بنے

CONSTIPATION CAUSING RHEUMATISM

قبض کی وجہ سے گنٹھیا وی درد پیدا ہوں، اسہال سے آفاقہ ہو۔ "ابرا ٹینم"۔

قبض، مقعد میں طاقت نہ ہو

CONSTIPATION - RECTUM POWERLESS

جب پاخانہ کی بہت زیادہ حاجت ہو لیکن کوشش کرنے پر بغیر پاخانہ کے اخراج کی حاجت

ختم ہو جائے۔ مقعد میں ناطاقتی محسوس ہو جیسا کہ مفلوج ہو چکی ہے۔ جس کے ساتھ سفنکڑ میں ڈاٹ کا احساس پایا جائے تو یہ دوا بہت مفید ہے۔ "انا کارڈیم"۔

CONSTIPATION STOOL LIKE DOG STOOL
قبض۔ پاخانہ کتے کے پاخانہ کی مانند

پاخانہ گول، لمبا، خشک اور کتے کے پاخانہ کی مانند سخت۔ "فاسفورس"۔

CONSTIPATION STOOL HARD
قبض، پاخانہ سخت

پاخانہ سخت، خشک جیسا کہ جلا ہوا ہو اور پاخانہ کی حاجت نہ ہو۔ "برائی اونیا"۔

CONSTIPATION NO URGING
قبض، پاخانہ کی حاجت ندارد

پاخانہ بدبودار، آنتوں کا فعل سست پاخانہ مقعد میں بھرا ہوا لیکن حاجت نہ ہو۔ مقعد کے عضلہ (سفنکڑ) میں سکڑنے کا احساس۔ "لیکیسس"۔

نیز نکس، سلفر، برائی اونیا، ایلومینا اور لائیکو کو بھی قبض کے لئے ذہن میں رکھنا چاہیئے۔

تپ دق میں وقتی سکون دلانے والی
CONSUMPTION PALIATIVE

تپ دق کے آخری درجہ میں بہت اچھی وقتی سکون دلانے والی دوا ہے۔ "امونیم کارب"۔

۲۔ ہیکٹیک فیور کے لئے۔ "آرسینک آیوڈائیڈ"۔

۳۔ بہت زیادہ مقدار میں پسینہ آئے۔ "سٹینم"۔

پھیپھڑوں کا دق
CONSUMPTION PULMONARY

پھیپھڑوں کا جس کے ساتھ رات کو پسینہ آئے۔ "کلکیریا کارب"۔ پھیپھڑوں کے دق کو شفایاب کرنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتی۔ "کلکیریا کارب" موٹے آدمیوں کے لئے تجویز کی جاتی ہے۔ جبکہ "کلکیریا فاس" دُبلے پتلے آدمیوں کے لئے۔ یہ دونوں ادویہ ٹیوبر کولینم کے بعد

بہت عمدہ اثر کرتی ہیں اور باقی ماندہ تکلیف کو شفایاب کر دیتی ہیں۔

عضلات کا سکڑنا
CONTRACTURE OF MUSCLES

عضلات اور ٹنڈروں کا سکڑنا، جو کسی زخم یا جل جانے یا کسی عفونتی حالت کی وجہ سے ہو۔ عموماً اس دوا سے شفایاب ہو جاتا ہے اس کو اونچی طاقت میں دینا چاہیئے۔ "کاسٹیکم"

بندھنوں کا سکڑنا
CONTRACTURE OF TENDONS

بندھنوں کا سکڑنا جو جل جانے یا زخم یا کسی عفونتی حالت سے دوچار ہونے سے ہو، عموماً "کاسٹیکم" کو اونچی طاقت میں استعمال کرانے سے شفایاب ہو جاتا ہے۔

جلد کے نیچے اجتماعِ خون

کسی چوٹ وغیرہ کی وجہ سے جلد کے نیچے خون کا اجتماع ہو جائے اور کسی طرح بھی جلد تھوڑی سی پھٹ جائے تو "آرنیکا، رسٹاکس اور کلکیریا کارب"

زیادہ عرصہ رہنے والی بیماری کے بعد کا زمانہ خصانت
CONVALESCENCE AFTER LINGRING DISEASE

نچلی سطح کی بیماریوں مثلاً ٹائیفائیڈ وغیرہ کے زیادہ عرصہ رہنے کے بعد زمانہ خصانت کے دوران مریض بہت زیادہ کمزور، کمیٔ خون میں مبتلا، سردی بہت زیادہ لگتی ہو اور بہت زیادہ پیاس جس کے ساتھ کم مقدار میں پیشاب آئے۔ جلد خشک ایسی حالت میں ڈراپسی بھی عموماً ہو جایا کرتی ہے۔ ایسے کیسوں کے لئے بہت مفید دوا ہے اور حالت کو درست کر دیتی ہے۔ "اپوسائیٹم کین"

۲۔ بعض حالات میں "ایپس" تجویز کرنی چاہیئے جبکہ مریض گرم ہو اور اوپر کپڑا لینا برداشت نہ کر سکے۔ ٹھنڈی چیزوں کی خواہش کرے اور عموماً ہلکی سی پیاس لگتی ہو۔ اگر مریض کو بھوک نہ لگتی ہو اور بہت زیادہ پیاس لگے اور ساتھ سردی

بھی محسوس کرتا ہو، اوپر سے کپڑا نہ ہٹانا چاہے تو ایسی صورت میں اس کے لئے دوا "اپو سائی نم" ہوگی۔

زمانہ خضانت کے دوران کمزوری کے لئے جو کہ شدید قسم کے حاد مرض سے ہوئی ہو مفید دوا ہے۔ "سورائینم"۔

تشنج
CONVULSIONS

۱۔ تشنج جن کے ساتھ چہرہ نیلا بھینچنے کے دورے، بازوؤں اور ٹانگوں میں جھٹکے اور پھڑکن، آنکھوں کے ڈھیلوں کا گھمانا، قے اور کالی کھانسی میں بھی مفید دوا ہے۔ "کیوپرم میٹ"۔

۲۔ دانت نکالنے کے دوران تشنج، سر گرم اور اس میں دھڑکن دار درد آنکھیں ٹکٹکی باندھے ہوئے اور پتلیاں پھیلی ہوئی، پاؤں ٹھنڈے۔ "بیلاڈونا" ۲۰۰ طاقت میں ہر چار روز بعد دینی چاہیئے۔

۳۔ ہاضمہ کی خرابی کی وجہ سے تشنج، جبڑے اس طرح حرکت کریں جیسے کوئی چیز چبا رہا ہو۔ "نکس وامیکا"

۴۔ تشنج جو گرنے کے بعد یا سر میں مکا لگنے کے بعد ہوں، تمام جسم سخت ہو جائے اور کمر پیچھے کی جانب یا کسی ایک طرف مڑ جائے، اس کے لئے مفید دوا ہے "سائیکیوٹا وائی روسا"

تشنج بچوں کا بخار کے دوران
CONVULSIONS DURING FEVER OF CHILDREN

تشنج جو بخار کے دوران ہوں اور نیند کی حالت میں ہوں، ہاتھوں کی انگلیوں اور پاؤں کی انگلیوں کے عضلات کا جھٹکنا۔ "بیلاڈونا"۔

تشنج بچے کی پیدائش کے بعد
CONVULSIONS AFTER CHILD BIRTH

بچے کی پیدائش کے بعد یا خون کے ضیاع کے بعد "چائنا"۔

تشنج میں بچے کا دانت پیسنا
CONVULSION CHILD GRINDING TEETH

بچہ ناک میں انگلی پھیرتا ہے اور جب سویا ہوا ہو تو دانت پیستا ہے نیند کے دوران اچھلتا اور جھٹکتا ہے۔ نیند کے دوران بہت بے چین ہوتا ہے بچہ کیمومیلا کی مانند بہت غصیلا اور چڑچڑا ہو جاتا ہے، نرس کو ٹھوکریں مارتا ہے اور گھونسے مارتا ہے۔ بچہ نہیں چاہتا کہ اس کو چھوا جائے " سائنا "

تشنج، ہسٹیریا کی مانند
CONVULSIONS HYSTERICAL

ہسٹیریا کی مانند اینٹھنیں اور تشنج، لڑکیوں کی پشت گردن میں درد اور سر میں درد، " اکٹیا ریسی موسا "

تشنج مرگی کی مانند
CONVULSION OF EPILEPTIC TYPE

تشنج جھاڑ پڑنے سے، اشتعال اور صدمے سے ہسٹیریا اور مرگی کی ملی جلی کیفیت، منہ سے جھاگ کا آنا، چہرے کے عضلات میں غنودگی، چہرے کے عضلات پھڑکیں اور پھر رک جائیں اور یہی کیفیت چہرے کے دوسرے حصے میں پائی جائے۔ آنکھوں کے پپوٹوں میں پھڑکن، زبان میں تھرتھراہٹ۔ " اگاری کس "

۲۔ مریض سخت ہو جاتا ہے۔ جبڑے ایک دوسرے کے ساتھ چپک جاتے ہیں، زبان کاٹتا ہے، منہ سے جھاگ اور بے ہوشی " سائیکوٹا وائروسا "

تشنج بچے کا پسینہ کے ساتھ
CONVULSIONS OF A CHILD WITH SWEAT

بچوں میں نیم خوابی کی حالت، کمزوری ہاتھ پیچھے، چہرے پر مردنی اور پسینہ، سخت تھکاوٹ اور نیند، آنکھیں نیچے کی جانب مڑی ہوئیں۔ " ایتھیوزا "

تشنج کزاز کی وجہ سے
CONVULSIONS DUE TO TETANUS

تشنج جس کے ساتھ کزاز کی سی سختی پائی جائے اور زخمی حصے برف کی مانند ٹھنڈے ہوں اور جب اینٹھن زخمی حصہ میں شروع ہو۔ اس کے لئے " لیڈم "

تشنج زخموں کی وجہ سے
CONVULSIONS DUE TO WOUNDS

پاؤں کے تلووں، انگلیوں یا ہتھیلیوں میں زخموں سے تشنج ہو۔ "ہائیپریکم" (بیلاڈونا، لیڈم، ہائیپریکم)

تشنج دانت نکالتے بچوں کے
CONVULSIONS TEETHING CHILD

دانت نکالتے بچوں کے، رات کو بھیانک خواب آنے کے لئے بھی، (کابوس) "اکونائٹ"۔

چنڈیاں
CORNS

۱۔ "تھوجا" اولین دوا ہے۔

۲۔ متورم یا زخمی چنڈیوں کے لئے۔ "نائیٹرک ایسڈ"۔

۳۔ چبھن اور جلن اور چنڈیوں والا حصّہ سیاہ ہوجائے، جلد میں دوران خون سُست۔ "فاسفورک ایسڈ"۔

۴۔ ہائیپریکم بہت زیادہ پر درد چنڈیوں کے لئے بہت مفید ہے۔

۵۔ مقامی طور پر خارجی استعمال کے لئے "سیلی سائیلک ایسڈ" کا سلوشن ایک اور پانچ کی نسبت سے تیار کر کے سوتے وقت چنڈیوں پر لگانا چاہیئے۔

چنڈیاں ملائم اور سخت
CORNS SOFT AND HARD

پاؤں کے تلووں پر گاڑھے جلدی سخت نشان، اور چنڈیاں جو رگڑ یا دباؤ کی وجہ سے ہوں اور مریض اس سختی کی وجہ سے بمشکل پاؤں کے بل کھڑا ہو سکے۔ ایڑیوں میں درد، متورم چنڈیاں۔ "انٹی مونیم کروڈم"۔

موٹاپا
CORPULENCY

موٹاپے کی طرف رجحان خصوصاً عورتوں میں جن کو حیض دیر سے شروع ہو۔ حیض دیر سے اور قبض کے ساتھ۔ مریض موٹا تازہ اور صاف رنگ کا، جس میں جلدی تکالیف کا رجحان پایا جائے۔ "گریفائیٹس"۔

۲۔ وہ لوگ جو بہت زیادہ آرام طلب اور موٹے تازے ہوں، جسمانی کام کرنا نہ چاہیں، اپنے معمول سے باہر جانا ان کو پسند نہیں ہوتا۔ چہرہ سُرخ، خواہ ٹھنڈا

بھی ہو۔ "کیپ سی کم"۔

۳۔ چربی کو کم کرنے کے لئے بہت عمدہ دوا ہے۔ "تھائیرائیڈینم"۔

دل کو شریانوں یا وریدوں میں رکاوٹ
CORONARY THROMBOSIS

۱۔ دل کی کمزوری جیسے مر رہا ہو دل کی گھٹن۔ دل کی تیز دھڑکن جس میں رات کے وقت اضافہ ہو۔ "مرکیوریس سال"۔

۲۔ ہاتھ پاؤں کا ٹھنڈا اور سن ہو جانا، دل کا درد اور ہائی بلڈ پریشر، چھاتی میں چبھن۔ "سیکیل کار"۔

نزلہ، عام زکام
CORYZA - COMMON COLD

حاد نزلہ میں "آرسینکم البم" اولیت کی حامل ہے۔ یہ مرک سال کے بعد بہتر کام کرتی ہے۔

نزلہ گاڑھے اخراج کے ساتھ
CORYZA WITH THICK DISCHARGE

ناک سے گاڑھا زردی مائل اخراج ہوتا ہو تو اس کے لئے بہتر دوا ہے۔ "آیوڈیم"۔

نزلہ - انفلوئنزا
CORYZA - INFLUENZA

۱۔ عام زکام بہت زیادہ چھینکوں کے ساتھ انفلوئنزا "اکونائٹ"۔

۲۔ جب ناک سے خارش پیدا کرنے والا اخراج ہو اور آنکھوں سے نرم سادہ اخراج ہو تو یہ دوا مفید ہے۔ "ایلیم سیپا"۔

نزلہ آنکھوں میں جلن پیدا کرنے والا
CORYZA WITH IRRITATING EYES

نزلہ جو آنکھوں میں جلن پیدا کرے اور گلا متاثر ہو اس کے لئے مفید دوا ہے۔ "یوفریزیا"۔

نزلہ متلی کے ساتھ
CORYZA WITH NAUSEA

نزلہ جس کے ساتھ ناک بند ہو اور متلی پائی جائے۔ "اپی کاک"۔

نزلہ ناک کا بند ہونا اور چھینکیں آئیں

CORYZA STOPING OF NOZE AND SNEEZING

ا۔ ناک بند ہوتی ہے، اور عموماً بائیں جانب کا نتھنا بند ہوتا ہے۔ منہ سے سانس لینا پڑتا ہے۔ چھینکیں خوفناک قسم کی ہوتی ہیں اور رات کو چھینکوں میں اضافہ ہوتا ہے، ناک سے خراشدار مواد خارج ہوتا ہے۔ "آرم ٹرائی فیلم"۔

۲۔ خشک کھانسی جس کے ساتھ ناک بند ہو جائے اور سر میں بھراؤ پایا جائے "بلاٹی اودنیا"۔

ب۔ جب نزلہ میں ناک بند ہو جائے تو "لائیکو" ۳۰ طاقت میں چار مرتبہ روزانہ دیں اور جب چھینکیں شروع ہو جائیں تو "ایلیم سیپا" دینی چاہیئے۔

کھانسی، کھانسنے کی وجہ سے جسم کانپے

COUGH-BODY TRIMBLES ON ACCOUNT OF COUGHING

• تھکا دینے والی کھانسی جس میں صبح سے آدھی رات تک اضافہ ہوتا ہے۔ نیز بولنے سے، ہنسنے سے، پڑھنے سے اور اطراف پر لیٹنے سے بھی اضافہ ہوتا ہے۔ کھانسی ٹھنڈی جگہ سے گرم کمرے میں جانے سے بھی بڑھتی ہے کھانسی سے تمام جسم کانپتا ہے۔ مریض کھانسی کو کراہنے سے روکنے کی حتی الامکان کوشش کرتا ہے کیونکہ کھانسنے سے اس کو بہت زیادہ تکلیف ہوتی ہے۔ "فاسفورس"

کھانسی، دل کی تکلیف کے ساتھ

COUGH CARDIAC

ا۔ اس کے لئے سب سے اولین دوا ہے اور ابتدا اسی سے کرنی چاہیئے۔ "ہائیڈروسیانک ایسڈ"۔

۲۔ کھانسی جس کے ساتھ سانس لینا مشکل ہو۔ نبض بے قاعدہ اور چہرہ مُردوں جیسا زرد۔ "ڈیجی ٹیلس"۔

۳۔ دکھن پیدا کرنے والی خشک کھانسی جو دل کی تکلیف کی وجہ سے ہو اور اس کے ساتھ دم گھٹنے کا احساس پایا جائے۔ "ناجا"۔

۴۔ تشنجی سرسراہٹ والی کھانسی خصوصاً دل کے مریضوں میں کھانسی جس کے ساتھ جیلی کی مانند یا خون ملا بلغم خارج ہو۔ تنگیٔ تنفس، جس میں اٹھ کر بیٹھنے سے اضافہ ہو۔ نبض چھوٹی اور کمزور، سانس لینے کے لئے ہانپے۔ جب منتخب شدہ دوا کام نہ کرتی ہو تو یہ دوا جادو نما اثر دکھاتی ہے۔ "لاروسیراسس"

۵۔ خشک مزمن کھانسی جو دل کی عضوی بیماری کی وجہ سے ہو۔ عموماً اور مکمل طور پہ اس دوا سے شفایاب ہوتی ہے۔ "کیپ سی کم"

کھانسی بچے کی، ہوا لگ جانے کے بعد

COUGH CHILD AFTER EXPOSURE

رات کے وقت اچانک خشک ٹھنڈی ہوا لگ جانے کے بعد جب بچہ آدھی رات کو جاگے، اور بیٹھی ہوئی آواز کے ساتھ کھانسے، گلے کو زور سے پکڑے۔ "اکونائٹ"

"موازنہ کریں ہیپر سلف اور آرم میٹ سے"

کھانسی، بچہ گلے کو پکڑے

COUGH-CHILD GRASPING THE LARYNX

کھانستے وقت چھاتی کے درمیان چیرنے والا درد، گلے میں پانی بھر آنے سے کھانسی، خصوصاً جب گرم کمرے میں لیٹا ہو۔ ایلیم سیپا کی کھانسی میں اضافہ ٹھنڈی ہوا سے بھی ہو سکتا ہے لیکن گرم کمرے میں یہ ہمیشہ بڑھتی ہے۔ کھانسی شدید اور تشنجی قسم کی ہوتی ہے۔ نرخرے کی کھانسی جو بچے کو نرخرے کو ہاتھ سے پکڑنے پہ آمادہ کرتی ہے۔ وہ محسوس کرتا ہے کہ کھانسی سے گلا پھٹ جائے گا۔ "ایلیم سیپا"

کھانسی خشک

COUGH DRY

خشک کھانسی، جس میں رات کو اضافہ ہوتا ہے۔ نرخرے میں دکھن اور سانس لینے میں دقت ہو۔ اس کے لئے بہت مفید ہے۔ "بیلاڈونا"

کھانسی صرف دن کے وقت ہو، جس کے ساتھ اخراج ہو

COUGH DURING DAY ONLY WITH DISCHARGE

کھانسی صرف دن کے وقت

ہو ، رات کو کھانسی بالکل نہ ہو ، ناک خشک ، گلے میں گدگدی جو کھانسی کا سبب بنے بہت زیادہ مقدار میں بلغم کا اخراج ۔ " ریومیکس کرلسپس "۔

کھانسی ، بلغم خون آمیز اور پیپ والا

COUGH-EXPECTORATION BLOODY AND PURULENT

نرخرے میں گدگدی ، بلغم خاکستری ، گاڑھا ، خون آمیز پیپ دار اور نمکین ، بلغم کے زیادہ مقدار میں خارج ہونے سے تھوڑا سا آفاقہ ہوتا ہے ۔ " لائیکوپوڈیم "۔

کھانسی ، بخار کے ساتھ

COUGH WITH FEVER

بخار کے سردی کے درجہ میں کھانسی بہت اہم علامت ہے خواہ یہ ملیریا ہو یا انفلوئنزا جو سردی لگنے سے شروع ہو اور اس کے سردی لگنے کے دوران کھانسی شروع ہو جائے اور جونہی سردی کا درجہ ختم ہو تو کھانسی بھی ختم ہو جائے ، یعنی جیسے بخار کا درجہ شروع ہو جائے ٹمپریچر بڑھ جائے اور مریض اب مزید سردی محسوس نہ کرتا ہو ۔ کھانسی برسات کے موسم میں بھیگ جانے سے شروع ہوتی ہے ۔ " رسٹاکس "۔

کھانسی خشک ، کمزور شدہ لوگوں کی

COUGH HACKING OF BROKEN DOWN PERSONS

ا ۔ ایسے لوگوں کی خشک کھانسی جو جنسی بے اعتدالیوں کی وجہ سے کمزور ہو چکے ہوں اور جن کو رات کے وقت پسینہ آتا ہو ۔ مایوسی ، پریشانی ، خوف ، چڑچڑاپن اور خودکشی کے خیالات ۔ " اگاریکس "۔

ب : " اولیم سینٹ " کے دو یا تین قطرے تھوڑی سے چینی پر ڈال کر دینے سے عموماً خشک کھانسی کو آرام آجاتا ہے جبکہ بہت کم مقدار میں بلغم کا اخراج ہوتا ہو ۔

کھانسی ، صبح کے وقت دورے کی شکل میں

COUGH-MORNING SPOSMODICALLY

صبح کے وقت اضافہ ، مریض جونہی صبح سویرے جاگتا ہے تو اس کو کھانسی کا دورہ پڑ

جاتا ہے۔ یہ کھانسی کی مخصوص علامت ہے۔ کھانسی کی وجہ سے سر میں درد شروع ہوتا ہے، جیسے سر پھٹ رہا ہو، سانس لینے میں دقت، خشک کھانسی ہوتی ہے یا ساتھ ہی خون آمیز بلغم بھی خارج ہوتا ہے۔ "نکس وامیکا"

کھانسی عصبی مزاج لوگوں کی جس کے ساتھ آواز بیٹھ جائے

COUGH OF NARVOUS ORIGIN WITH HOARSNESS

شدید دورے دار کھانسی جس کے ساتھ متواتر ڈکاریں آئیں اور آواز کا بیٹھ جانا پایا جائے۔ سانس لینے کے دوران چھاتی میں سیٹی بجنے کی آواز آئے۔ اس طرح کی کھانسی زیادہ تر عصبی مزاج لوگوں میں پائی جاتی ہے۔ "امبراگریسیا"

کھانسی بوڑھے لوگوں کی

COUGH OF OLD PEOPLE

بوڑھے لوگوں کی مزمن کھانسی جس کے ساتھ دمہ کا رجحان پایا جائے۔ "ایمونیم کارب" بہت مفید ہے۔

کھانسی، جس کے ساتھ تکلیف دہ تنفس اور کمزوری ہو

COUGH OPPRESSED BREATHING WITH PROSTRATION

امونیم کارب میں زیادہ تر سانس لینے میں دقت ہوتی ہے، نزلہ اور کھانسی جس کے ساتھ سانس کی نالیوں میں دھن ہوتی ہے کی علامات پائی جاتی ہیں نمایاں خصوصیت بہت زیادہ کمزوری، ہلکی دمہ کی مانند کھانسی ہے۔ اس دوا کی تکالیف صبح تین بجے ہوتی ہیں۔ مریض کی تکلیف میں نیند کے بعد اضافہ ہوتا ہے۔ مفید دوا ہے۔ "امونیم کارب"

کھانسی، پیپ کی مانند بلغم

COUGH PUS LIKE MUCUS

شام کے وقت تشنجی کھانسی جس کے ساتھ پسینہ آئے، نبض تیز، بلغم پیپ کی مانند خارج ہو، صبح کے وقت اور

جب بستر میں لیٹے اس میں اضافہ ہو۔" اگاری کس "۔

کھانسی ، دقی
COUGH PHTHISIC

بیمار اور زرد رنگ کے لوگوں میں مزمن خشک کھانسی جنہوں نے دق، ٹانگوں اور بازوؤں کا اوڈیما، اسہال اور تنگیٔ تنفس یا رات کے پسینے ورثے میں حاصل کئے ہوں "ایسٹک ایڈ"۔

کھانسی کھڑکھڑاتی ہو لیکن بلغم باہر نہ نکلے
COUGH RATTLING BUT NO MUCUS COMING OUT

کروپ اور تشنجی کھانسی جس کے ساتھ سانس لینا مشکل ہو، بلغم ڈھیلا اور کھڑکھڑاتا ہے لیکن اس کے باوجود باہر نہیں نکلتا جبکہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ کافی مقدار میں بلغم کا اخراج ہوگا۔ یہ کھانسی اس وقت شروع ہوتی ہے جب جسم کا کوئی حصہ ٹھنڈی ہوا میں ننگا ہو جائے۔ حتیٰ کہ اگر ہاتھ اور پاؤں بھی ننگے ہو جائیں تو کھانسی شروع ہو جاتی ہے صبح سویرے کھانسی، بچوں کو گھٹن پیدا کرنے والی کھانسی ہو تو پہلے "اکونائٹ" دیں اور اس کے بعد" ہیپر سلف"۔

کھانسی، چھاتی میں دکھن کا احساس
COUGH - RAW FEELING IN THE CHEST

کھانستے وقت چھاتی میں جلن، اور دُکھن کا احساس، دُکھن کا احساس سانس کی نالی کے ساتھ اور چھاتی میں پایا جاتا ہے۔" آرم ٹرائی فیلم"۔

کھانسی، سانس لینے میں دقت
COUGH RESPIRATION OPPRESSED

کھانسی خشک اور رات کے وقت، جس کے ساتھ بلغم نہیں ہوتا، چھاتی میں دُکھن پائی جاتی ہے۔ کھانسنے کے لئے ضرور اُٹھ کر بیٹھے۔ کھانے کے بعد یا پینے کے بعد تکلیف میں اضافہ، نیز قے کا ہونا، کھانسنے سے سر اور چھاتی میں ضرب لگتی ہے۔ مریض سر اور چھاتی کو ہاتھوں سے تھامتا ہے۔" برائی اونیا"۔

کھانسی بچوں کی نیند کے دوران
COUGH OF CHILDREN DURING SLEEP

بچہ کھانسی کے دوران سویا ہوا ہوتا ہے، کھانسی خشک، بچہ صرف اٹھائے پھرنے سے چپ ہوتا ہے۔ کھانسی کے ساتھ بخار بھی ہوتا ہے۔ "کیمومیلا"

کھانسی، کھٹا بلغم
COUGH- SOUR MUCUS

رات کو کھڑکھڑی اور تکلیف دہ کھانسی، صبح کے وقت آسانی کے ساتھ بلغم کا اخراج ہو، بلغم گاڑھا زرد رنگ کا اور کھٹا۔ "کلکیریا کارب"

کھانسی، لیٹا نہ جا سکے
COUGH-UNABLE TO LIE DOWN

کھانسی رات کو بارہ بجے کے بعد زیادہ ہو، مریض کو بستر سے باہر نکال کر کھڑا کرے۔ گھٹن کے خوف سے لیٹنے کے ناقابل، بلغم جھاگ کی مانند خارج ہو، سانس لینے کے لئے اٹھ کر بیٹھنا پڑے، سانس خراٹے کے ساتھ آئے۔ نرخرے میں تنگ ہونے کا احساس جیسے کہ سکڑ گیا ہو۔ "آرسینکم البم"

کھانسی، کھانستے وقت پیشاب خارج ہو جائے
COUGH-URINE ESCAPING WHILE COUGHING

جب مریض بیٹھا ہوا ہو، چھینکے یا کھانسے تو اس کا غیر ارادی طور پہ پیشاب خارج ہو جائے اور پیشاب نکلنے کا احساس نہ ہو۔ جب مریض لمبے سفر پہ ہو یا اس کو کسی اجلاس میں کافی دیر تک بیٹھنا پڑے تو اس دوا سے بار بار پیشاب آنے کو روکا جا سکتا ہے۔ یہ مثانے کی کمزوری کے لئے اعلیٰ مزاجی دوا ہے۔ "کاسٹی کم"

کھانسی، بلغم کی قے
COUGH VOMITING OF MUCUS

نرخرے میں خارش اور متلی جس کے ساتھ بلغم کی قے ہو، سانس خراٹے دار اور بلغم کی کھڑکھڑاہٹ کے ساتھ، بعض اوقات کافی دیر تک کھانستے رہنے کا دورہ، آواز کا بیٹھ جانا۔ "کاربو ویج"

کھانسی کے ساتھ آنکھوں سے پانی آئے
COUGH WITH WATERING OF EYES

کھانسی دن کے وقت زیادہ ہو اور رات کے وقت اس میں آفاقہ جس کے ساتھ آنکھوں سے پانی آتا ہو۔ یہ بہت اہم ہے کیونکہ بچوں میں زیادہ تر کھانسی میں اضافہ رات کے وقت ہوتا ہے۔ "یوفریزیا"۔

اینٹھن ٹانگوں کی پنڈلیوں میں
CRAMPS IN CALVES OF LEGS

"وریٹرم البم" رات کو سونے سے قبل دو یا تین راتیں استعمال کرنے سے پنڈلیوں کی اینٹھن درست ہو جاتی ہے۔ انٹر کرنٹ دوا کے طور پہ درمیان میں سلفر کا استعمال کرنا چاہیئے اور اس کے دوسرے روز "وریٹرم البم" دینی چاہیئے۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو پھر "کالوسنتھ" اسی طریقہ سے دینی چاہیئے۔

۲۔ پاؤں کی انگلیوں، تلووں اور ایڑیوں میں اینٹھن کے لئے "فیرم میٹ" چھٹی طاقت میں ہر چار گھنٹے بعد استعمال کرنی چاہیئے۔

۳۔ ہتھیلیوں میں اینٹھن کے لئے "سکروفولیریا"۔

۴۔ حاملہ عورتوں کی ٹانگوں اور پیٹ میں اینٹھن۔ "وائی برنم اوپولس"۔

۵۔ عضلات میں عام اینٹھن۔ "کولاس ٹیراپینا" CHOLOS TERRAPINOE

۶۔ ایڑیوں کی اینٹھن میں یہ دوا کبھی ناکام نہیں ہوتی۔ "کیوپرم میٹ" بارہ طاقت میں۔

اینٹھن ہسٹیریکل مریضوں میں
CRAMPS IN HYSTERICAL PATIENTS

بعض اوقات ہسٹیریکل مریض بے ہوش ہونے کی بجائے اینٹھن میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ ایسے میں "ایسا فوٹیڈا" بہت مفید ہے اور جلد اثر کرتی ہے۔

خواہشات مختلف چیزوں کی

CRAVINGS FOR DIFFERENT THINGS

شراب یا نشہ آور چیزوں کی خواہش "سٹرکولیا" مدر ٹنکچر دس قطرے تین مرتبہ روزانہ۔ اگر اس سے کوئی واضح فائدہ نہ دکھائی دے تو اس کی مقدار ایک ڈرام فی خوراک کر دینی چاہیئے اور صبح دوپہر شام دینی چاہیئے۔

۲۔ تمباکو پینے کی خواہش کرے۔ "ٹوبیکم" دوسو یا ایک ہزار طاقت میں دینی چاہیئے۔

۳۔ ہر وقت بستر میں لیٹے رہنے کی خواہش، آرام کرنے سے افاقہ محسوس کرے اور اس کی تمام تکالیف اور پریشانیاں حرکت کرنے سے بڑھ جائیں تو اس کے لئے "مینگنیم"۔

۴۔ صبح سے شام تک ہمہ وقت پیتا رہے۔ "سلفر"۔

۵۔ نشہ آور چیزیں خریدنے کے لئے رقم چرائے۔ "پلمبم"۔

۶۔ مسوڑھوں کو کاٹتے رہنے کی بے انتہا خواہش "فائیٹولاکا"۔

۷۔ الکوحل والی چیزوں کے پینے سے محفوظ رہنے کے لئے ایک حصہ "سلفیورک ایسڈ" اور تین حصے "الکوحل" ملا کر پندرہ قطرے فی خوراک تین مرتبہ روزانہ تین سے چار ہفتے تک دینی چاہیئے۔

۸۔ کھٹی اور فرحت بخش چیزوں کی خواہش۔ "ورمیٹرم البم"۔

۹۔ افیون کی خواہش کو چھوڑنے کے لئے مخصوص دوا ہے "ایوناسٹائیوا" مدر ٹنکچر بیس قطرے فی خوراک گرم پانی میں ملا کر۔ اس عادت پر قابو پانے کے لئے کافی عرصہ استعمال کرنی چاہیئے۔

خواہش نمک کی

CRAVING FOR SALT

نمک کی زیادہ بڑھتی ہوئی خواہش کے لئے "نیٹرم میور" بہت مفید دوا ہے۔

ردّعمل پیدا کرنا
CREATING REACTION

جب محتاط طریقے سے تجویز شدہ دوا مطلوبہ عمل کرنے میں ناکام ہو جائے خصوصاً حاد بیماریوں میں جو کہ قوت حیات کی کمزوری یا سورا کی وجہ سے ہو "سلفر" عموماً ردّعمل کی طاقت کو بڑھا دیتی ہے اور صورتحال کو واضح کر دیتی ہے سلفر کی ایک خوراک دے کر حاد حالت میں چند گھنٹے انتظار کرنا چاہیئے اور مزمن حالت میں چند روز پھر تجویز شدہ دوا کا استعمال کرنا چاہیئے۔ "سلفر"

دم گھٹنے والی کھانسی، آواز کا ختم ہو جانا
CROUP - LOSS OF VOICE

جب بچہ نیند کے دوران تکلیف میں اضافہ محسوس کرتا ہو، سخت ڈھیٹ کھانسی اور کھوں کھوں جس کی وجہ سے آواز ختم ہو جائے۔ "لیکیسس"

ظالم
CRUEL

ظالم، بے رحم، مالیخولیا، بغیر کسی احساس اور رحم کے، دوسروں کو زخمی کر دے۔ "اناکارڈیم"

اعصاب کا کچلنا
CRUSHING OF NURVES

جب کوئی عصب ہتھوڑے وغیرہ سے کچل جائے اور اس میں ورم اور درد کا اظہار ہو تو بہت عمدہ دوا ہے۔ "ہائیپریکم"

CRYING OF CHILD TEETHING TROUBLE
بچے کا چلانا، دانت نکالنے کی تکلیف

جب بچے کو اٹھا کر پھرایا جائے تو خاموش رہے۔ بغیر کسی وجہ کے بچہ چلاتا اور شور مچاتا ہو یا بخار، اسہال، دانت نکالنے یا کسی دوسری تکلیف کی وجہ سے یا بچہ کبھی ایک چیز مانگے اور کبھی دوسری اور جب اس کو مل جائے تو دور پھینک دے۔ نہایت غصیلا، بچہ بہت زیادہ بے سکون اور اِدھر اُدھر ٹھوکریں مارے۔ "کیمومیلا"

پیشاب کرنے سے قبل بچے کا چلانا
CRYING OF CHILD BEFORE URINATING

"لائیکو" موازنہ کریں "بوریکس" سے۔

CRYING OF CHILD DENTITION MILK NO DIGESTED

دانت نکلنے والے بچے کا چلانا، دودھ ناموافق

دانت نکلنے کے دوران کی تکالیف، ذہنی کوفت، بے اطمینانی اور
بے سکونی کی علامات "ایتھیوزا" کی طرف راہنمائی کرتی ہے۔ یہ عموماً بچوں کے دانت
نکلنے کے زمانہ کی تکالیف، موسم گرما کی تکالیف میں جب کہ اسہال کے ساتھ دودھ
کے ہضم نہ ہونے اور دوران خون کی کمزوری کی علامات پائی جائیں۔ دودھ اسہال کا
سبب بنے۔ "ایتھیوزا"۔

CURVATURE OF BONES

ہڈیوں کا ٹیڑھا پن

ہڈیوں کا ٹیڑھا پن، سوکھیا اور کولہے کے جوڑ کی بیماریاں
بدبودار پسینہ کا پایا جانا ضروری ہے۔ فسچولا کی مانند
سوراخ جن سے بدبودار اخراج ہو اور ان کے گرد کے حصے سخت اور متورم،
"سیلیشیا"۔

۲۔ ہڈیوں کے ناسور کے لئے "فاسفورس"۔

۳۔ ٹیڑھے پن اور کولہے کی بیماریوں کے لئے۔ "کالی کارب"۔

۴۔ ریڑھ کے ٹیڑھے پن کے لئے جو ریڑھ کے ناسور کی وجہ سے ہو،
"فاسفورک ایسڈ"

CUT SHARP WITH KNIFE

کٹ جانا، تیز چاقو سے

تیز چاقو سے کٹ جانے کے لئے مفید دوا
ہے۔ "سٹافی سیگیریا"۔

CYST EYELIDS

آنکھوں کے پپوٹوں پہ گومڑ

آنکھوں کے پپوٹوں پہ گومڑ۔ "کلکیریا فلور"۔
اگر یہ ناکام ہو جائے تو "نائٹرک ایسڈ"۔

مثانے کا ورم

CYSTITIS

بار بار پیشاب کرنے کی حاجت جو کہ قدرتی ہوتا ہے یا
پیشاب کی مقدار بڑھی ہوئی اور اس میں ہلکی سی جلن پائی
جائے۔ "ایپس"۔

۲۔ پیشاب کے دوران اور بعد پیشاب کی نالی میں جلن، کٹن اور چبھن دار

درد ۔" بربیرس ویگرس"۔

۳۔ مثانے میں ناقابل برداشت جلن دار درد، پیشاب کی نالی میں اینٹھن پیدا کرنے والا درد جس میں پیشاب سے قبل اور بعد اضافہ ہو۔ خصوصاً جبکہ سوزاک یا ورم گردہ کی وجہ سے ہو۔ "کینتھرس"۔

۴۔ بوڑھے لوگوں کے مثانے کا ورم جس کے ساتھ پیشاب کی متواتر حاجت پائی جائے جو گہرے رنگ کا اور کم مقدار میں ہو، پیشاب درد کے ساتھ آئے اور اس میں بلغمی اجزا پائے جائیں۔ "ایکوی زیٹم"۔

۵۔ نیند کے دوران پیشاب غیر ارادی طور پر نکل جائے "سنیگا"۔

۶۔ ورم مثانہ کے لئے "کاسٹی کم" اعلیٰ ادویہ میں سے ایک ہے اور عموماً مثانہ کی کمزوری والے لوگوں کو اور ایسے لوگوں کو جو زیادہ طویل سفر پر جا رہے ہوں یا کافی دیر تک کسی میٹنگ وغیرہ میں بیٹھنا ہو تو پیشاب کو روکنے کے لئے حفظ ماتقدم کے طور پر دی جاتی ہے۔ یہ آپریشن کے بعد پیشاب کے رک جانے کے لئے بھی مفید ہے۔

آنکھوں کے پپوٹوں کے گرد گومڑوں کا بار بار نکلنا

CYSTS RECURRING ROUND THE EYE LIDS

گومڑوں کے بار بار نکلنے کے لئے "برائیٹا کارب" دیں۔

سکری

DANDRUFF

سفید چھلکوں کی مانند سکری، بال خشک اور گرتے ہوں تو "تھوجا"۔

۱۔ بالوں کی جڑیں حساس، سکری درد کے ساتھ "کلکیریا کاز"۔

۲۔ بالوں کو جب چھوا جائے تو کثیر تعداد میں گریں، سفید سکری جو نزلہ کے ساتھ بدل جائے یا قوت شامہ ختم ہو جائے۔ "نیٹرم میور"۔

۳۔ کھوپڑی میں رنجیدہ کر دینے والی خارش، بالوں کا گرنا "گریفائیٹس"۔

۴۔ کمزور شدہ مریضوں میں جن کی جلد صاف ہو۔ "آرسینکم البم"۔
۵۔ جب تمام دوائیں ناکام ہو جائیں تو "سلفر" ۲۰ طاقت میں دو مرتبہ روزانہ اور کھوپڑی کو صاف رکھا جائے۔

سکری، بال گریں
DANDRUFF – HAIR FALLS

۱۔ بال جھتوں میں گریں۔ "لائیکوپوڈیم"۔
۲۔ بال گچھوں میں گریں، ایک واحد مقام پر گنج پن۔ "فاسفورس"۔

دن کا اندھا پن
DAY BLINDNESS

سورج طلوع ہونے کے بعد وہ مشکل سے اپنا راستہ دیکھ سکے۔ "بوتھراپس لینیو ٹیٹس"۔
۲۔ دن کا اندھا پن، دن کی روشنی آنکھوں کو چندھیا دے جس کی وجہ سے جب پڑھ رہا ہوں تو الفاظ میں تضاد دکھائی دے۔ "سلیشیا"۔

بہرہ پن مختلف اسباب کی وجہ سے
DEAFNESS DUE TO DIFFERENT CAUSES

کونین کے بے تحاشہ استعمال کی وجہ سے کانوں میں گھنٹیاں بجنے کی آواز آئے۔ منہ کا ذائقہ عموماً کڑوا، مریض کھلی تازہ ہوا کی خواہش کرے اور بند کمرے میں نہ ٹھہر سکے، گرم کمرے میں تکلیف میں اضافہ اور کھلی ہوا میں ٹہلنے سے افاقہ ہو۔ "سلفر"۔
۲۔ بہرے پن کی عام دوا ہے۔ "کالی میور"۔
۳۔ بوڑھے لوگوں کا بہرہ پن، بوڑھے لوگوں کا نزلاوی بہرہ پن جو کان اور حلق کے درمیان کی نالی میں کسی رکاوٹ کی وجہ سے ہو۔ مرطوب موسم میں اضافہ ہو۔ "مرکیوریس ڈلسس"۔
۴۔ بہرہ پن جو کان میں کسی پھوڑے کو چھیدنے کی وجہ سے ہو۔ "ہیپر سلف"۔
۵۔ بہرہ پن جس کے بعد کان کے درمیانی حصّے کے ورم سے پیپ دار یا نزلاوی مواد کا اخراج ہو۔ ڈاکٹر ڈیوی کے کہنے کے مطابق ایسے حالات کے لئے بہت قیمتی دوا ہے۔ "کالی میور"۔

۶۔ ڈاکٹر آر۔ بی بشمبر داس مزمن بہرے پن کے لئے یا جو پیدائشی ہو، اس دوا کو بہت مفید بتاتے ہیں۔ "میفائیٹس"۔ وہ اس دوا کی تیس طاقت سے علاج شروع کرتے ہیں اور اونچی طاقتوں تک بالترتیب رجوع کرتے ہیں۔ اس کو کافی عرصہ یعنی چھ ماہ یا ایک سال تک استعمال کرنا چاہیئے۔ ہر ماہ باہمی ربط پیدا کرنے والی دوا کے طور پر "ٹیوبرکولینم" ۲۰۰ طاقت میں ایک خوراک دینی چاہیئے۔ اس سے دو روز قبل اور بعد کوئی دوسری دوا نہیں دینی چاہیئے۔

۷۔ ٹائیفائیڈ کے بعد بہرہ پن۔ "پٹرولیم"۔

۸۔ خسرہ کے بعد بہرہ پن۔ "پلساٹیلا"۔

۹۔ چیچک کے بعد بہرہ پن۔ "سلفر"۔

۱۰۔ انفلوئنزا کے بعد بہرہ پن۔ "جلسی میم"۔

۱۱۔ بہرہ پن جو خسرہ کے نتیجہ میں ہو۔ "پلساٹیلا، کاربوویج"۔

۱۲۔ بہرہ پن جو چیچک کے نتیجہ میں ہو "مرک سال یا سلفر"۔

۱۳۔ بہرہ پن جو نوبتی بخار کے نتیجہ میں ہو۔ "کاربوویج، کلکیریا کارب، پلساٹیلا"۔

۱۴۔ بہرہ پن جو بخاروں یا اعصابی تکالیف کے نتیجہ میں ہو، "وربیٹرم البم، آرنیکا، فاسفورس"۔

۱۵۔ بہرہ پن جو ٹانسلز کے بڑھ جانے سے ہو۔ "بیلاڈونا، مرک سال، کلکیریا کارب"۔

۱۶۔ جب کان یا ناک سے بہنے والے مواد کے دب جانے کی وجہ سے ہو "ہیپر سلف، لیکسیس، بیلاڈونا"۔

۱۷۔ سفلیٹک بہرہ پن کے لئے۔ "کرپوزوٹ"۔

۱۸۔ بہرہ پن گنٹھیا وی، مزمن نوعیت کا مکمل بہرہ پن ڈاکٹر کوپر نے "بیلاڈونا مدرٹنکچر" کی صرف واحد خوراک سے شفایاب کیا ہے۔

موت کی خرخراہٹ
DEATH RATTLING

موت سے قبل بعض اوقات گلے میں خرخراہٹ ہوتی ہے۔ ایسی خرخراہٹ کو "پلسا ٹیلا" کی ایک خوراک دے کر دور کیا جاسکتا ہے اور آخری سفر میں آسانی پیدا کی جاسکتی ہے۔

کمزوری، بے اعتدالیوں کی وجہ سے
DEBILITY DUE TO EXCESS

۱۔ مریض عام طور پر کمزور ہوتا ہے۔ حرکت کرنے کی خواہش نہیں ہوتی اور نہ ہی وہ چاہتا ہے کہ اس کے آرام میں خلل پڑے۔ مریض عموماً نیند کی حالت میں پڑا ہوتا ہے۔ ایسے مریضوں کے لئے جو کہ بڑے مضبوط مزاج کے مالک تھے لیکن حیاتی مادوں کے ضیاع، جنسی بے اعتدالیوں، شدید قسم کی بیماریوں یا عرصہ سے ہیجانی جذبات، غم، ناکام محبت وغیرہ سے کمزور ہو چکے ہوں بہت مفید دوا ہے، "فاسفورک ایسڈ"۔

۲۔ ہلکی سی مشقت بھی بہت زیادہ تھکاوٹ اور کمزوری کا سبب بنے۔ نیز بیماری کے بعد بھی۔ "سیلینیم"۔

کمزوری، حیاتی مادوں کے ضیاع سے
DEBILITY AND PROSTRATION DUE TO LOSS OF FLUIDS

۱۔ کمزور کر دینے والے اخراج کی وجہ سے صحت کا بگاڑ اور ناتوانی، عام جسمانی کمزوری اور دوسری شکایات جو بہت زیادہ خون کے ضیاع یا دیگر مادوں کی وجہ سے ہو۔ یہ اس صورت میں بھی بہت اہم ہے جبکہ خون کا ضیاع اچانک ہو اور اس کے ساتھ بے ہوشی طاری ہو جائے۔ "چائنا"۔

کمزوری، مختلف اسباب کی وجہ سے
DEBILITY DUE TO VARIOUS CAUSES

یادداشت کی کمزوری، کام کرنے سے نفرت، تمام حواس دیکھنے کی طاقت، سننے کی طاقت

کا کمزور ہو جانا، پست حوصلگی اور تُنک مزاجی، مادہ منویہ کے ضیاع سے اعصابی کمزوری، بے انتہا غمگینی اور مراقی پن، بہت زیادہ پڑھنے سے کمزوری ہو تو اس کے لئے "اناکارڈیم"۔

۲۔ جب ہر تیز حرکت کوتاہ دمی کا سبب بنے۔ "سمبوکس"۔

۳۔ مریض شدید یا حاد بیماریوں کے بعد بہت زیادہ کمزور ہو چکا ہو تو "سورانیم"۔

۴۔ اپنے آپ کو غلط کاریوں میں پھنسا دینے کی وجہ سے کمزور، چہرے سے شرمندگی کے آثار کا عیاں ہونا جنسی گناہوں اور بے اعتدالیوں کی وجہ سے یاداشت کمزور، ٹانگوں کی کمزوری، پاگل کر دینے والا درد سر، "سٹافی سیگیریا"۔

۵۔ وضع حمل کے بعد کمزوری کے لئے بہت مفید دوا ہے "کالی کارب"۔

کمزوری، ہاضمہ کی طاقت کے فقدان کی وجہ سے

DEBILITY DUE TO LACK OF DIGESTIVE POWER

معدے کے ہاضمے کے فقدان یا غذا کے عام جزو بدن ہونے کی کمی کی وجہ سے کمزوری، زبان گندی اور اس پہ سفید تہہ جمی ہوئی جس کے ساتھ متلی ہو ہاضمہ سُست اور غذا کافی دیر تک معدے میں غیر منہضم پڑی رہے۔ بعض اوقات مریض کھانے کے دوران بغیر کھانا ہضم کئے باتھ روم کا رُخ کرتا ہے "السٹونیا کانسٹرکٹا"۔
(ALSTONIA CONSTRICTA)

کمزوری عورتوں کی

DEBILITY OF WOMEN

سخت کام سے تھک جانا ذہنی یا جسمانی طور پر عضلات میں جلندار درد، جس کی وجہ سے سو نہ سکے۔

پیشاب میں البیومن کا پایا جانا، کمئ خون، حوصلے کی پستی اور مالیخولیا، "ہیلونیاس"۔

بچوں میں دانتوں کا بوسیدہ ہونا
DECAY OF TEETH OF CHILDREN

خصوصاً بچوں میں دانت جڑوں میں بوسیدہ ہو جاتے ہیں اور کراؤن محفوظ ہوتے ہیں، ریزہ ریزہ ہو جاتے ہیں، زرد ہو جاتے ہیں۔ مسوڑھے سکڑ جاتے ہیں۔ مفید دوا ہے "تھوجا"

دھوکا دینا
DECEIVING

۱۔ دھوکا دینے کا رجحان۔ "پلمبم"۔
۲۔ دغابازی کرنا چاہے اور جھگڑے کا رجحان ہو۔ مفید دوا ہے۔ "کاسٹی کم"۔

بچوں میں غذا کے جزو بدن ہونے میں نقص
DEFECTIVE ASSIMILATION IN CHILDREN

کمزور بچے جن کی نشو نما بہتر طریقے سے نہ ہو رہی ہو اور ان کے سر پر آسانی سے پسینہ آتا ہو، بچہ عموماً بھوکا ہوتا ہو اور کھانا چاہتا ہو لیکن بار بار کھانے کے باوجود بھی نہ وزن بڑھے اور نہ جسم، سر بڑا، پیٹ بڑا، بازو اور ٹانگیں پتلی، چہرہ سوکھا ہوا (مرجھایا ہوا) چل نہ سکے، یا چلنا دیر سے سیکھے۔ بچہ عموماً قبض میں مبتلا رہتا ہو، عمر کے لحاظ سے قد نہ بڑھے، چہرہ بوڑھوں جیسا اور اس پہ بندر کی مانند شکنیں پڑی ہوئیں۔ "سلیشیا"۔ نیز موازنہ کریں "کلکیریا کارب اور اگاری کس" سے۔

ذہنی نشو نما دیر سے ہو
DELAYED MENTAL DEVELOPMENT

نیٹرم میور میں بچہ بولنا دیر سے سیکھتا ہے اور "کلکیریا کارب" میں چلنا دیر سے سیکھتا ہے۔ یہ دونوں خامیاں اکٹھی "اگاری کس" میں موجود ہیں۔ "کلکیریا کارب" میں یہ ہڈیوں کے نقص کی وجہ سے ہوتا ہے اور اگاری کس میں یہ ذہنی نشو نما میں کمی کی وجہ سے۔ ایسے بچے جو یاد نہیں رکھ سکتے۔ غلطیاں کرتے ہیں اور پڑھنے میں سست ہوتے ہیں۔ مریض

شست اور بے وقوف ہوتا ہے۔ "اگاری کس۔"

ہذیان DELIRIUM بخار کے دوران اینٹھن اور جھٹکے، نیند سے بڑبڑا کر اٹھے، ہنسے یا چلائے، دانت پیسے اور طیش میں آجائے، کاٹنے یا مارنے کی کوشش کرے۔ چہرہ خصوصاً سرخ اور آنکھیں بھی سرخ۔ چہرے اور آنکھوں میں خون کا بھراؤ "سٹرامونیم اور بیلاڈونا" کے درمیان فرق کو واضح کرنے کے لئے کافی ہے۔ ہذیان کے لئے ان دواؤں کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ ۱۔ بیلاڈونا، ۲۔ ہائیوسائیمس، ۳۔ سٹرامونیم۔

ہذیان بچے کی پیدائش پر DELIRIUM IN CHILD BIRTH بخار یا پرسوتی ہذیان جس کے ساتھ تشنج پایا جائے۔ آنکھیں غضبناک۔ "وریٹرم ویرائیڈ۔"

ہذیان، گنگنانا DELIRIUM MUTTERING ہذیان میں گنگنائے، نیند نہ آتی ہو اور بے چینی ہو، بہت زیادہ کمزوری، بچہ ہر وقت چیختا چلاتا رہے۔ چھوٹے چھوٹے جانوروں کو دیکھے جیسا کہ چوہے وغیرہ جو بازوؤں، ٹانگوں اور تمام جسم پر رینگتے ہوں۔ "ایلینتھس۔" (AILANTHUS)

ہذیان ٹائیفائیڈ میں DELIRIUM IN TYPHOID ٹائیفائیڈ بخار میں نرم قسم کا ہذیان جو اتنا شدید نہ ہو، بے چینی، پیاس اور سردی لگنا پایا جائے "رسٹاکس۔"

۲۔ ہذیان میں گنگنائے۔ "کروٹیلس۔"

۳۔ بار بار بستر سے باہر نکلنے کی کوشش کرے، اور تمام جسم کانپتا ہو۔ "اگاری کس۔"

توہم DELUSION یہ وہم کی ترقی پذیر حالت ہے۔ مریض ایسی آوازیں سنتا ہے جو اس کو حکم دیتی ہیں۔ مریض دو طاقتوں کے درمیان پھنسا ہوتا ہے۔ ایک اس کو اچھائی کا حکم دیتی ہے اور دوسری برائی کا۔ "اناکارڈیم۔"

۲۔ سانپوں کے متعلق توہم "لیک کینی نم"

وضع حمل محفوظ
DELIVERY SAFE

اگر "اکٹیا ریسی موسا" بچے کی پیدائش سے تین یا چار ماہ قبل دی جائے تو پیدائش کے وقت کسی قسم کی دردوں وغیرہ سے یقینی طور پر محفوظ رکھتی ہے۔ یہ اگر استعمال کرائی جائے تو پیدائش حمل کی دردوں سے بچے کی پیدائش سے چند روز قبل بھی محفوظ رکھے گی۔ جس عورت کے ہاں مردہ بچے پیدا ہوتے ہوں تو بچے کی پیدائش سے چھ یا سات ماہ قبل اس کا استعمال زندہ بچے کی پیدائش کا ضامن ہے۔ یہ جھوٹے دردِ زہ کو بھی روکتی ہے۔ "اکٹیا ریسی موسا"

۲۔ جھوٹے دردِ زہ، بروقت اور محفوظ وضع حمل کو یقینی بنانے کے لئے "پلساٹیلا" ایک ہزار طاقت میں ہر پندرہ منٹ کے وقفہ سے تین خوراکیں اس وقت دینی چاہئیں جب وضع حمل کی اُمید ہو۔ اس کی پرواہ نہیں کرنی چاہیئے خواہ وضع حمل دو یا تین دن بعد بھی ہو لیکن یہ محفوظ ہوگا۔

یہ دوا بچے کے رحم مادر میں اُلٹا ہو جانے یا غلط پوزیشن میں ہونے کو بھی درست کر دیتی ہے اور بچے کو صحیح حالت میں لانے کی صلاحیت رکھتی ہے بشرطیکہ ممبرین کے پھٹ جانے سے قبل استعمال کرائی جائے۔

۳۔ وضع حمل کے بعد کی دردوں کے لئے بہت مفید ہے۔ "آرنیکا مونٹانا"

۴۔ وضع حمل کے بعد پیشاب کا رُک جانا۔ "کاسٹی کم"

۵۔ آنول کے رُک جانے کے لئے۔ "وسکم البم"

ب: "پلسا، نکس وامیکا، اور بیلاڈونا" $3x$ یا $6x$ طاقت میں ڈاکٹر فاد علم کی ڈسپنسری میں یہ تینوں دوائیں وضع حمل کی دواؤں کے طور پہ استعمال ہوتی رہیں یہ دوائیں حمل کے آخری چند دنوں میں دیں اور ہر دوا کو روزانہ ایک مرتبہ دیا جائے۔ جب دردِ زہ شروع ہو جائے تو ان تینوں ادویہ کا پانچ سے دس قطرے فی دوا چار اونس پانی میں ملا کر الگ الگ سلوشن تیار کر لیا جائے اور ہر دوا میں سے یکے بعد دیگرے درمیانی چمچ ہر دو گھنٹے، ہر گھنٹے یا آدھ گھنٹے بعد دی جائے۔

ڈنگو بخار
DENGO FEVER

بخار کا اچانک حملہ جس کے ساتھ سر میں درد، ہڈیوں میں ٹوٹ جانے کا سا درد اور بعض اوقات ابتدائی دانے یا خسرہ جیسے دانے ہوں۔ "اکونائٹ" کی خوراکیں بار بار دہرائیں، اور اس کے بعد "برائی اونیا" دیں۔ اگر ہڈیوں کا درد زیادہ شدید ہو تو پھر اس دوا سے آغاز کریں۔ "یوپے ٹوریم پرف۔"

دانت نکالتے وقت اسہال
DENTITION DIARRHOEA

دانت نکلنے کے دوران اسہال، پاخانہ غیر منہضم، سبز، کیچڑ کی مانند، گرم اور تیزی کے ساتھ نکلنے والا، جس کے ساتھ بدبودار ریاح کا اخراج ہو۔ "کلکیریا فاس۔" اگر اسہال بہت زیادہ ہوں تو پھر "مرک سال، سلفر یا اپی کاک۔"

دانت نکالنے میں مشکل
DENTITION DEFFICULTY

دانت مشکل سے نکلیں، بچے کے تمام جسم سے کھٹی بُو آتی ہو، بچوں کے کھٹی بُو والے اسہال کے لئے عام طور پہ استعمال ہونے والی دوا ہے۔ "ریوم۔" (RHEUM)

۲۔ دانت بہت مشکل سے نکلیں اور پہ درد ہوں۔ مسوڑھے اسفنج کی مانند اور ان میں درد ہوتی ہو، بے چینی، پہلو بدلتے رہنا، قبض اور غیر منہضم غذا کے اسہال۔ "کریوزوٹ۔"

DENTITION DIFFICULT PRESSING GUMS SWOLLEN AND
دانت نکالنا مشکل، مسوڑھوں کو دبائے، مسوڑھے متورم اور

دانت بے قاعدہ ہوں
TEETHING IRREGULAR

دانت مشکل سے نکلیں، بچہ کراہتا ہو، رات کے وقت دانت پیستا ہو، مسوڑھوں کو آپس میں دبانے کی خواہش۔ "فائیٹولاکا۔"

۲۔ سر گرم اور اس کو ادھر ادھر مارے۔ "بیلاڈونا۔ ہیلی بورس۔"

۳۔ اسہال کے حاد حملے کے دوران مسوڑھوں کو آپس میں دبائے تو پھر

"پوڈو فائیلم"۔

۴۔ اگر مسوڑھے متورم رہیں اور ان سے دانت نہ نکلیں یا بے قاعدہ طریقے سے نکلیں تو "سلفر" ۳۰ طاقت میں اور ایک ہفتے کے بعد "کلکیریا کارب" کی ایک خوراک اور دوسرے ہفتے دوسری خوراک نشتر سے بچنے کے لئے مفید ہے۔

دانت نکالنے کے دوران بخار اور اسہال

DENTATION FEVER AND DIARRHOEA

دانت نکالنے کے دوران اسہال اور بخار، پاخانہ سبز، بدبودار اور پیٹ میں درد، پیٹ میں اپھارہ، بچہ بے چین، بے سکون اور چلائے، خشک کھانسی بچہ صرف اس وقت خاموش ہو، جب اس کو اٹھا کر پھیرا یا جائے۔ "کیمومیلا"

۲۔ جب زود حسی، رونے اور چلانے کے ساتھ بخار بھی موجود ہو تو پھر "کافیا" مفید ہے۔

DENTITION INABILITY TO DIGEST MILK AND CONVULSIONS

دانت نکالنا، دودھ ہضم نہ کر سکے اور تشنج ہو

دانت نکالنے کے دوران کی تکالیف، ذہنی کوفت، چلانا اور بے سکونی اور بے سکونی کا اظہار ایتھیوزا سائی نیپیم کی جانب راہنمائی کرتی ہیں۔ یہ دوا زیادہ تر بچوں کی دانت نکالنے کے دوران تکالیف، موسم گرما کی تکالیف جبکہ اسہال کے ساتھ دودھ کو ہضم نہ کر سکنا واضح طور پر موجود ہو اور دوران خون کمزور ہو۔ دودھ اسہال کا سبب بنے۔ "ایتھیوزا سائی نیپیم"۔

۲۔ دانت نکالنے کے دوران تشنج کے لئے "کیمومیلا یا اگنیشیا، بیلاڈونا، یا سٹرامونیم" علامات کے مطابق دینی چاہئیں۔

افسردگی اور اداسی

DEPRESSION GLOOMINESS

افسردگی اور اداسی کی ذہنی کیفیت، جسمانی کیفیت کے ساتھ بدل جائے۔ "اکٹیا ریسی موسا"

DEPRESSION LOW SPIRITE AND UNSOCIAL
آفسردگی۔ کم حوصلگی اور غیر معاشرتی

کم حوصلہ، مایوس، بد دل، غیر معاشرتی اور عموماً فاتر العقل۔ اس کے لئے بہتر دوا ہے۔ "انا کارڈیم"۔

آفسردگی۔ خودکشی کے مترادف
DEPRESSION SUICIDAL

مریض ہمیشہ موت کو ترجیح دیتا ہے۔ خودکشی کرنا چاہتا ہے۔ اس کو زندگی سے کوئی پیار نہیں ہوتا۔ اس کو بے قیمت سمجھتا ہے۔ سفلس کا تختۂ مشق بننا چاہتا ہے۔ ذہنی طور پہ بہت زیادہ افسردگی کا شکار ہوتا ہے۔ مکمل طور پہ ناامید۔ "آرم میٹ"۔

DESIRE TO EATING DURTY THINGS IN PREGNANCY
حمل کے دوران گندی چیزوں کو کھانے کی خواہش

مٹی کھانے یا گاچی اور راکھ کھانے کی خواہش۔ "ٹیرن ٹیولا ھسپانیہ"۔

۲۔ غیر منہضم چیزیں چاک یا کوئلہ وغیرہ کھانے کی خواہش۔ "ایلومینا"

DERANGEMENTS OF PUBERTY
سن بلوغت کی بے ترتیبیاں (بے قاعدگیاں)

لڑکی عموماً اپنی علامات بتاتے وقت روتی ہے۔ وہ فرمانبردار اور نیک خصلت کی مالک ہوتی ہے۔ ماہواری وقت کے اعتبار سے دیر کے ساتھ، مقدار کے لحاظ سے کم اور رنگت میں ہلکی سیاہی مائل، ماہواری کا اخراج بعض اوقات رک جاتا ہے اور پھر دوبارہ شروع ہو جاتا ہے اور یہ شروع ہونا اور رک جانا متواتر پایا جاتا ہے۔ ماہواری سے قبل پاؤں بھیگ جانے سے تکلیف، مریضہ گرمی بہت زیادہ محسوس کرتی ہے جس کے ساتھ ماہواری کا وقفہ وقفہ سے ہونا، شام کے وقت سردی لگنا، شدید درد اور بہت زیادہ بے چینی اور پہلو بدلتے رہنا پایا جاتا ہے۔ پہلا حیض دیر سے ہوتا ہے۔ ماہواری کے دوران یا بعد کمر میں درد اور اسہال۔ "پلسا" کی ذہنی علامات مان جانے والی طبیعت اور آنسو بہانے کا رجحان

پایا جانا ضروری ہے۔ "پلساٹیلا"۔

جلد کا متورم ہونا
DERMATITIS

جلد کا ورم جو ہاتھوں اور چہرے پہ بُری طرح اثر انداز ہو، شدید بے سکونی، متاثرہ حصوں کو کھُرچے حتیٰ کہ ان سے خون بہنا شروع ہو جائے اور پھنسیوں کی شکل بن جائے جن سے ایگزیما کی مانند مواد کا اخراج ہو۔ پہلے روز "سلفر" ۳۰ طاقت، دوسرے روز "گریفائیٹس" ۳۰ طاقت کی تین خوراکیں اور تیسرے روز "سلفر" ۳۰ طاقت میں اور اس کے بعد ہر ہفتے "گریفائیٹس" دوسو طاقت کی ایک خوراک صرف چار ہفتے تک دیں۔

۲۔ جب بیرونی چوٹ کی وجہ سے زخموں کی سی حالت ہو، جلد کا پھٹ جانا زخموں کا سبب بنے تو "کیلن ڈولا" ۳۰ طاقت میں اندرونی طور پہ اور مقامی استعمال کے لئے "کیلنڈولا مدر ٹنکچر" آٹھ حصّے ڈسٹل واٹر میں ملا کر لگانا چاہیئے۔

۳۔ سورج کی شعاعوں سے جلد متورم ہو جائے، اگر جلد سورج کی شعاعوں سے حساس ہونے کی وجہ سے متورم ہو جائے۔ "سلفر"۔

۴۔ دھوبی، رنگ ساز یا کان کن جو پارے یا کاربالک ایسڈ سے متعلق رہتے ہوں۔ "رسٹاکس"۔

۵۔ کسی زہر کے اثر سے جلد کا متورم ہونا جو سردی یا حرارت کی وجہ سے ہو جلد کی سرخی اور سوجن۔ جو پارے یا کاربالک ایسڈ میں ہاتھ ڈالنے کی وجہ سے ہو "ایپس ملیفیکا"۔

۶۔ جلد کا ورم جو کسی بیرونی چوٹ کی وجہ سے ہو۔ "آرنیکا مونٹینا" ایک ہزار طاقت میں اندرونی طور پہ اور مدر ٹنکچر بیرونی طور پہ لگائیں۔ یہ عمل ہر آٹھ گھنٹے کے بعد دوہرائیں۔

سن بلوغت کو پہنچنے پر ہونے والی تکالیف
COMPLAINTS OF PUBERTY

ذیل میں چند تکالیف کا ذکر کیا جاتا ہے جن میں سن بلوغت کو پہنچنے پہ لڑکی مبتلا ہو سکتی ہے۔

۱۔ کمئ خون
ANEMIA

کمئ خون (بھُس) میں مریضہ عجیب چیزیں کھانا چاہتی ہے اور گندی چیزوں کی خواہش کرتی ہے۔ مثلاً بال، ریت، مٹی وغیرہ ماہواری کم مقدار میں، زرد اور اس کے بعد بہت زیادہ تھکاوٹ محسوس ہوتی ہے۔ لیکوریا بھی ہو سکتا ہے جو کہ تیزابی ہوتا ہے اور اعضائے تولید کو جلا دیتا ہے۔ لیکوریا دن کے دوران ہوتا ہے جو کہ نیچے ایڑیوں اور پاؤں تک بہہ جاتا ہے۔ ماہواری بہت جلد، تھوڑی دیر کے لئے اور کم مقدار میں ہوتی ہے۔ خون زرد ہوتا ہے۔ "ایلومینا"

۲۔ رعشہ
CHOREA

اعصابی خرابی جس کی وجہ سے ہاتھ پاؤں اور چہرے کے عضلات میں پھڑکن پائی جاتی ہے۔ یہ دوا ایسی مریضاؤں کے لئے مفید ہے جو عصبی مزاج ہوں اور رعشہ اور ہسٹریائی تکالیف میں مبتلا رہتی ہوں۔ ماہواری کا بند ہو جانا بھی پایا جاتا ہے۔ خصیتہ الرحم کے حصّے میں درد درد ماہواری سے فوراً پہلے، نیز پیڑو کی ایک طرف سے دوسری طرف تک ایک کولہے سے دوسرے کولہے تک۔ "اکٹیا ریسی موسا"

۳۔ مالیخولیا
MELANCHOLIA

یہ دوا اعصابی اور چڑچڑی، ہسٹریائی اور بدمزاج لڑکیوں کے لئے جن پر نرمی سے قابو پایا جا سکے اور اس کے نتیجہ میں وہ نیک خواہی کے خلاف طیش میں آ جائے۔ اس قسم کا اظہار ایسی مریضاؤں میں ہوتا ہے جو محبت کی ناکامی کے اثرات کے سبب بیمار ہو جاتی ہیں۔ "انٹی مونیم کروڈم"

۴۔ ماہواری کا دب جانا

سر کی اور ذہنی علامات کے ساتھ خصوصاً نوجوان لڑکیوں میں۔ اعضاء تولید میں کم و بیش جلو درد کی سی کیفیت ہوتی ہے۔ "ایپس ملیفیکا"

۵۔ پر درد حیض
DYSMENORRHOEA

پر درد حیض نوجوان لڑکیوں میں، عورت جب

مرض کی انتہا پر ہوتی ہے اور سبز مواد کی قے کرتی ہے۔خصوصاً صبح کے وقت
"اکوالیجیا"
AQUILEGIA

۶۔مرگی کی حالتیں اور تشنج پیدا کرنے والی بیماریاں
EPILEPTIC CONDITIONS AND CONVUSIVE DISEASES

اچانک اور شدید چکر آنا، ہذیان اور ہوش و حواس کا ضائع ہوجانا، مرگی سے قبل اعصابی کپکپی شروع ہو جاتی ہے۔"آرٹی میشیا ابسنتھم"۔

۷۔ نوجوان لڑکی کے دل کی دھڑکن تیز۔"آرم میٹ"۔

۸۔ پستان متورم نوجوان لڑکی کے جن سے بغیر حمل کے دودھ آتا ہو، "ایسا فوٹیڈا"۔

۹۔ نوجوان لڑکی کے چہرے پر کیل چھائیاں

اس کے رجحان کو دور کر دیتی ہے۔منہ، ٹھوڑی اور ناک کی اطراف میں پھنسیاں۔جوانی کو پہنچنے پر پھنسیوں کی طرف میلان طبع۔مفید دوا ہے "ایسٹیریس رنبس"۔
ASTERIAS RUBENS

۱۰۔سن بلوغت کو پہنچنے پر سانس بدبودار
FOUL BREATH AT PUBERTY

جوان ہونے پر ذائقہ بدبودار یا کڑوا اور مسوڑھے زخمی، مفید دوا ہے۔"آرم میٹ"۔

۱۱۔عضلات کا سوکھنا MUSCULAR ATROPHY

ماہواری کم مقدار میں۔"برائٹا کارب"۔

۱۲۔ ماہواری کے بجائے ناک سے خون کا اخراج ہو۔"برائی اونیا"۔

۱۳۔ چھوٹی لڑکیوں میں ماہواری کے ساتھ خارش اور اعضاء مخصوصہ میں جلن

دودھ کی مانند لیکوریا، ماہواری کے آغاز سے قبل سر درد اور پیٹ میں درد، چودہ سال کی عمر کو پہنچنے پر دق کی طرف رجحان، پستان گرم اور متورم۔ "کلکیریا کارب"۔

۱۴۔ سن بلوغت پر گلہڑ
GOITRE OF PUBERTY

پستانوں کی گھنڈیاں سکڑی ہوئی، اس کے لئے بہتر دوا ہے۔ "کلکیریا آیوڈائیڈ، ہائیڈراسٹس"۔

۱۵۔ نکسیر پھوٹنا
EPISTOXIS

سکول جانے والی لڑکیوں کا درد سر، ماہواری بہت جلد، بہت زیادہ مقدار میں اور خون چمکیلا سُرخ، "کلکیریا فاس" بارہ اور تیس طاقت میں دینی چاہیئے۔

۱۶۔ چھوٹی بچیوں میں لیکوریا
LEUCORRHOEA IN CHILDREN

اخراج ہمیشہ بدبو دار ہوتا ہے۔ جو کہ گردنِ رحم میں زخم پیدا کر دیتا ہے۔ اس کے لئے بہت مفید دوا ہے "کاربالک ایسڈ"۔

۱۷۔ رعشہ اور اعصابی بیماریاں
CHOREA AND NERVOUS AFFECTION

یہ خصوصاً عورتوں کی دوا ہے اور عورتوں کی جلد کی رنگت کی تبدیلی میں بھی استعمال ہوتی ہے۔ جو ماہواری اور رحم کی خرابیوں میں مبتلا ہوں۔ "کالوفائیلم"۔

۱۸۔ رعشہ، مرگی، تشنج
CHOREA EPILEPSY CONVULSIONS

فالج، شادی کی شدید خواہش اس مرض کے لئے "کاسٹیکم" دینی چاہیئے۔

۱۹۔ پستانوں کی رسولی

خصوصاً نوجوان غیر شادی شدہ لڑکیوں میں، ایسی عورتیں جن کے پستان بہت بڑے ہوں

اور ان میں رسولی ہو جس میں شدید درد پایا جائے "رچما فیلا امبیلاٹا"

۲۰۔ بلوغت سے قبل چہرے کی بدنمائی

رعشہ اور اعصابی بیماریاں، ماہواری بے قاعدہ، بلوغت سے قبل رحم سے جریان خون، چہرے کا بدنما ہونا، چہرے پر کیل چھائیاں اور خراب جلد کے لئے، "سمی سی فیوگا"

۲۱۔ چہرے کی کیل چھائیاں

سن بلوغت کو پہنچنے پر کمی خون میں مبتلا لڑکیوں کے چہرے کی کیل چھائیاں جن کے ساتھ خارش ہو جس کو کھرچنے سے آفاقہ ہو۔ ساتھ ہی ماہواری کا آنا بھی پایا جائے۔ "سائیکلیمن"

۲۲۔ پیشاب بہت زیادہ، حبس، ماہواری کم مقدار میں، جوان لڑکیوں میں خارش، ماہواری ایک یا دو دن بند ہونے کے بعد دوبارہ شروع ہو جائے۔ ایسی لڑکیاں جو بہت زیادہ کمزور اور نرم مزاج ہوں اور اس کے باوجود چہرہ آگ کی مانند سرخ ہو تو۔ "فیرم میٹ"

۲۳۔ بلوغت کے وقت نوجوان لڑکیوں میں پیٹ بڑا۔ ماہواری بہت دیر سے اور قبض ہو۔ "گریفائیٹس"

۲۴۔ مالیخولیا کی نوعیت کا جنون۔ "ہیلی بورس"

۲۵۔ رحم، کمر اور گردے کی تکالیف۔ ماہواری عموماً دیر سے ہو اور گردوں میں اختناق ہو۔ پستان متورم، بھٹنیاں پر درد اور سخت رحم کی حالت خراب۔ "ہیلونیاس"

۲۶۔ نوجوان لڑکیوں میں ماہواری دیر سے شروع ہو جس کے ساتھ چھاتی کی علامات یا پانی پڑ جانا پایا جائے۔ پہلا حیض مشکل جس کے ساتھ کمر کا درد پایا جائے۔ "کالی کارب"

۲۷۔ نوجوان شادی شدہ لڑکیوں میں رحم کی ورمی کیفیت، ماہواری دیر سے اور بہت زیادہ مقدار میں۔ "کالی ہائیڈروڈکیم"

لڑکیوں میں پیٹ بڑھا ہوا اور ڈھول کی مانند جو بہت حساس اور
۲۸- پُر درد ہو۔ "لیکیسس"۔

بندش حیض جس کے ساتھ پستانوں کی نشوونما نہ ہو، لڑکی کے پندرہ سے
۲۹- اٹھارہ سال کی عمر کو پہنچنے کے باوجود ماہواری نہیں ہوتی، پستانوں کی نشوونما
نہیں ہوتی اور نہ ہی بیضہ دانیاں اپنا فعل انجام دیتی ہیں۔ سن بلوغت کو پہنچتے ہی قبض
میں مبتلا۔ "لائیکوپوڈیم"۔

لیکوریا زرد رنگ کا اور پستانوں کا پھوڑا۔ اس کے لئے مفید ہے
۳۰- "مرک پرو ٹو آیوڈائیڈ"۔

ماہواری کے موقع پر بجائے حیض آنے کے پستان دودھ سے بھر جائیں۔
۳۱- "مرک سال"۔

۳۲- مالیخولیا۔ "نیٹرم میور"۔

سن بلوغت کو پہنچنے پر ماہواری وقت سے چند دن قبل اور زیادہ مقدار
۳۳- میں جو کافی دن رہے۔ "نکس وامیکا"

یہ دوا پستانوں کی نشوونما کو نارمل حالت میں لاتی ہے۔ "اونوسموڈیم"
۳۴- سی ایم طاقت میں استعمال کریں۔

۳۵- سن بلوغت پر پشتِ ناک کا نزلہ۔ "پنتھورم"۔

نوجوان لڑکیوں میں اعضائے تولید دکھیں اور ان میں رطوبت ہو۔ اس کے
۳۶- ساتھ معدے میں زخم ہوں یا نہ بھی ہوں۔ جھنٹیوں میں خارش اور ان پہ
خشک آٹے کی مانند تہہ جمی ہوئی۔ "پٹرولیم"۔

لمبی دبلی پتلی لڑکیوں میں نکسیر پھوٹے۔ حبس اور کمی خون، جس کے ساتھ
۳۷- اعصابی کمزوری پائی جائے۔ لیکوریا بہت زیادہ مقدار میں جو حیض کے بجائے
ہو۔ اعصابی کمزوری۔ "فاسفورس"۔

۳۸- پستانوں کی نشوونما میں خرابی کی وجہ سے بلوغت دیر سے ہو۔ "بچوٹرینم"۔

مشت زنی سن بلوغت کو پہنچنے سے قبل اور اس کے اثرات بد،

۳۹۔ "پلاٹینا"

بندش حیض اور ماہواری کے علاوہ رحم سے جریان خون خصوصاً نوجوان

۴۰۔ لڑکیوں میں جس کے ساتھ پستانوں میں گولی لگنے کے سے درد ہوں۔

"پولی گینم"

حساس اور غصیلی لڑکیوں میں پستان بہت زیادہ ذکی الحس، ماہواری

۴۱۔ جلد، بہت زیادہ مقدار میں اور دیر تک رہے۔ "رسٹاکس"

پستان ماہواری کی وجہ سے یا رحم کی دوسری بیماریوں کی وجہ سے سکڑ

۴۲۔ جائیں۔ یہ پستانوں کے غدودوں کے لئے بہت مفید دوا ہے۔

"سیبل سیریولاٹا"

ماہواری کم مقدار میں رکی ہوئی، نوجوان لڑکیوں میں ماہواری کا رک جانا،

۴۳۔ جس کے ساتھ کمر میں درد ہو۔ ماہواری سے قبل گلے، چھاتی اور مثانے کی درمی حالت۔ ماہواری کم مقدار میں یا رکی ہوئی یا وقت سے قبل اور زیادہ مقدار میں۔ "سینی شواوری"

سن بلوغت کے وقت سردی لگ جانے کی وجہ سے حیض کا بند ہو جانا

۴۴۔ نوجوان عورتوں کی جلد پر داغ پڑ جائیں۔ "سیپیا"

نوبیاہتا لڑکیوں میں پیشاب کی بے سود حاجت، مثانہ کی سوزش۔

۴۵۔ "سٹافی سگیریا"

بلوغت کے وقت لڑکیوں کا پیٹ بڑا، لمبی بدوضع لڑکیاں جن کی جلد غیر

۴۶۔ صحت مند ہو اور بڑھاپے کی تمام علامات ظاہر ہوں، فرج میں جلن، ماہواری بہت دیر سے، تھوڑی دیر کے لئے۔ کم مقدار میں اور مشکل سے ہو۔ "سلفر"

۴۷۔ یہ دوا نوجوان لڑکیوں میں ماہواری کے دوران کو نارمل حالت میں لانے

TERNERA APHRADISIACA
کے لئے مددگار ثابت ہوتی ہے۔ "ٹرنیرا افروڈیسیکا"

نوجوان لڑکیوں میں کھانسی جس کے ساتھ ماہواری رُکی ہوئی، پستانوں

۴۸۔ کی خبیث رسولی۔ "ٹیوبر کولینیم"

۴۹۔ جوانی دیر سے آئے۔ "زنکم میٹ"

مایوس اور پریشان
DESPONDENT AND SAD

اس دوا کا مریض ہمیشہ مایوس اور پریشانی میں رہتا ہے۔ ہر وقت چلاتا ہے۔ "سٹینم"۔ ۱۲، ۳۰، ۲۰۰ اور ۵۰۰ طاقت (نیٹرم میور پلساٹیلا، سیپیا)

DIABETES WITH SWOLLEN ANKLES AND ACIDOSIS

ذیابیطس جس کے ساتھ ٹخنے متورم اور جسم میں ایسڈ کی زیادتی اور اس کے اثرات بد

پیشاب میں شوگر ہو یا نہ ہو، جہاں پیاس کی زیادتی کمزوری اور جسم کا زرد ہونا اور گوشت کا جسم سے کم ہوتے جانا پایا جائے۔ "ایسٹک ایسڈ"

۲۔ پیشاب بہت زیادہ مقدار میں آئے جس کے ساتھ شوگر ہو۔ "آرجنٹم نائیٹریکم"

۳۔ ذیابیطس کے ساتھ ٹخنے متورم ہو جائیں۔ "آرجنٹم میٹ"

۴۔ ذیابیطس جس کے ساتھ جسم میں ایسڈ کی مقدار بڑھ جائے تو اس کے لئے "سوڈا بائی کارب اور لیتھم کارب"

ذیابیطس میں غشی
DIABETIC COMA

شعور کا مکمل طور پر ختم ہو جانا، بدحواس، نیند کی سی کیفیت طاری ہو۔ مدہوشی، سانس خراٹے دار اور جلد پر پسینہ، کھلی آنکھوں کے ساتھ باتیں کرے سکتہ کی سی کیفیت۔ "اوپیم"

۲۔ غنودگی طاری ہو، لوگوں کو پہچاننے اور سوالوں کا جواب دینے کے ناقابل، قبض لیکن پیشاب کا بلا ارادہ اخراج۔ "ایلومینا"

ذیابیطس کاذب
DIABETES INSPIDUS

بے رنگ پیشاب کا بہت زیادہ مقدار میں اخراج، جس میں شوگر نہیں ہوتی۔ جو متواتر دن رات ہے "سیلا"

۲۔ اگر پیشاب عموماً رات کو زیادہ ہو تو "فاسفورک ایسڈ اور میورکیس"

ذیابیطسی خارش۔
DIABETIC ITCHING

خارش بغیر ابھاروں کے ڈاکٹر ڈیوی کا کہنا ہے کہ ایسی خارش پر قابو پانے کے لئے یہ دوا بہت مفید ہے۔ خصوصاً بڑھاپے کی خارش کے لئے۔ جس میں رات کے وقت اضافہ ہوتا ہو اور کندھوں کے درمیان پائی جائے۔ اس کے لئے مفید ہے "ڈولی کس"

ذیابیطس کی پیچیدگیاں
DIABETES COMPLICATIONS

ذیابیطس کی ہر قسم کی پیچیدگی کے لئے یہ دوا دیں۔
"گریفائٹس"

DIABETIC HYPOGLYCAEMIA DUE TO INSULIN

ذیابیطس میں خون میں شوگر کی مقدار انسولین کی وجہ سے کم ہو جائے

یہ انسولین کے ردعمل کی وجہ سے ہوتا ہے جبکہ پیشاب میں شوگر بالکل نہیں ہوتی۔ اس کی علامات کمزوری، غشی، چکر، دل کی دھڑکن تیز، گھبراہٹ اور پریشانی۔ یہ ردعمل ترقی پذیر ہو کر بے ہوشی اور تشنج پیدا کر دیتا ہے۔ اس کا سادہ اور آسان علاج تھوڑی سی چینی، شربت، مٹھائی یا کوئی میٹھا مشروب بہت جلد استعمال کر لینا چاہیئے اور ایسا کرنے میں دیر نہیں کرنی چاہیئے۔

ذیابیطس شکری مختلف اقسام کی
DIABETES MELLITUS OF VARIOUS TYPES

ذیابیطس میں مبتلا دق کے یا گنٹھیا دی مزاج مریضوں کے لئے مفید ہے۔ منہ کی اچانک اور شدید خشکی جلدی ابھاروں کا رجحان، وزن کا کم ہوتے جانا، ورزش کی صلاحیت کا آہستہ آہستہ ختم ہو جانا۔ رات کو نیند نہ آنا۔ ہلکی سی

مشقت کرنے سے بہت زیادہ پسینہ آئے ۔ بعض اوقات پیشاب اینٹوں کی دھول
کی مانند، رات کو ایک یا دو مرتبہ پیشاب آئے ۔ ٹھنڈے پانی کی بہت زیادہ پیاس
"فاسفورس"

۲۔ ذیابیطس کے ساتھ پیشاب میں البیومن کا اخراج بھی ہو۔ "کینتھرس"
۳۔ شدید بھوک لگے اور انتڑیاں اپنا فعل سرانجام نہ دیں، شدید قبض،
پیاس، متلی، جلد خشک، زبان خشک اور بہت زیادہ مقدار میں پیشاب آئے۔
"لیکٹک ایسڈ"

۴۔ ذیابیطس جس کے ساتھ قبض ہو، پیشاب میں البیومن اور کیسٹس کا اخراج
ہو۔ "پلمبم میٹ"

۵۔ بھونڈا پن ۔ ہاتھوں سے چیزیں گرانے کا رجحان، مزمن چھپاکی، ماہواری
سے قبل اور دوران اسہال، جوڑوں میں بہت زیادہ کمزوری اور تھکاوٹ، دمچی
کی ہڈی کے سرے پر ناقابل برداشت خارش۔ "بوریکس"

۶۔ ہونٹ خشک، بہت زیادہ پیاس، کمزوری اور مالیخولیا۔ پیشاب بہت
زیادہ مقدار میں، صاف جس میں شوگر ہو۔ گنٹھیا کی علامات کا پایا جانا۔ پیشاب
میں البیومن اور فاسفیٹ کا اخراج۔ جب بیٹھے تو پاؤں سن ہو جائیں۔ اوپر کے
حصے میں جلن کا احساس۔ "ہیلونیاس"

۷۔ مالیخولیا۔ اکیلا رہنے سے ڈرے، چڑچڑا، قبض میں مبتلا، پیشاب میں سرخ
ریت، پیٹ پھولا ہوا، ریاح، نامردی، بواسیر اور بالوں کا بہت زیادہ گرنا
"لائیکو" نچلی اور اونچی دونوں طاقتوں میں بہت عمدہ اثر دکھاتی ہے۔

۸۔ یادداشت کمزور، مالیخولیا، خودکشی کے خیالات، زبان پر میل کی تہہ اور
چھالے، ناک کا مزمن نزلہ، کھانے کے فوراً بعد شدید بھوک، بہت زیادہ پیاسا، پیٹ
کے بل سکون کے ساتھ لیٹ سکے، مقعد کی شدید خارش، غدہ قدامیہ بڑھا ہوا اور
پر درد جس کے ساتھ پیشاب کرنے کی بار بار حاجت ہو اور پیشاب کرتے وقت

درد بھی ہو۔ "میڈورینم" ۲۰۰ طاقت میں۔

۹۔ پیشاب کثرت کے ساتھ آئے جس میں شوگر ہو، ذیابیطس جس کے ساتھ ڈر، پریشانی، کمزوری، سوکھتے چلے جانا اور بے چینی پائی جائے۔ مریض من موجی پرجوش، چڑچڑا اور عصبی مزاج، ایسے مریض جو تمام جسم پہ دکھن محسوس کریں۔ دل جوئی رونے کا سبب بنے۔ "ٹیرن ٹولا ہسپانیہ" ۳۰ اور ۲۰۰۔

۱۰۔ بہت چھوٹے سے زخم میں پیپ بننے لگے۔ بہت زیادہ ذکی الحسی، جسمانی اور ذہنی طور پہ حساس، غصیلا اور بلا وجہ پریشان، ٹھنڈی ہوا سے نہایت حساس پیشاب آہستہ آہستہ نکلے اور قطرے عموداً نیچے گریں۔ پیشاب زور کے ساتھ نہ آئے۔ مثانہ کمزور، پاخانہ کھٹا جبکہ غیر منہضم اور بدبودار ہو، خشفہ میں خارش، ماہواری دیر سے اور کم مقدار میں، پسینہ بہت زیادہ۔ "ہیپر سلف"۔

۱۱۔ پیاس شدید گو کہ زبان گیلی دکھائی دے۔ پیشاب کی مقدار پیئے گئے پانی کی مقدار سے زیادہ، پیشاب کی بار بار حاجت ہاتھوں کا کانپنا، پسینہ بہت زیادہ چپچپی اور چپچپی زبان جس پہ دانتوں کے نشانات دکھائی دیں۔ "مرک سال" چھٹی طاقت سے دوسو طاقت تک۔

۱۲۔ پیشاب بار بار، بے سود حاجت کا پایا جانا، پیشاب میں البیومن کا اخراج پیشاب کا وزن مخصوص کم، بہت زیادہ اور تیزی کے ساتھ سوکھتے چلے جانا اور کمزوری یادداشت کا جاتے رہنا، ریاح کے رک جانے سے پیٹ میں شدید درد، نچلے دھڑ کا فالج، ذہنی پستی، قبض، دل کی کمزوری، معدے میں درد، متواتر تتے، آنتوں کا مزمن ورم۔ "پلمبم میٹ" چھٹی طاقت سے دوسو طاقت تک۔

۱۳۔ ایسا مریض جو سفلس میں مبتلا ہو۔ سر خبار کے سے ابھار، غدودوں کی رسولیاں تمام جسم پہ خارش اور منہ خشک ہو تو ذیابیطس کے مریض کو سکون دیتی ہے۔ "آرسینکم البم"۔

۱۴۔ ذیابیطس کی مختلف تکالیف کے لئے جبکہ سبب معلوم نہ ہو "گریفائیٹس"۔

۱۵۔ اعصابی لوگوں کا ذیابیطس ۔ بار بار پیشاب ۔ کرنے کی حاجت ، کمر میں درد سوکھتے چلے جانا اور کمزوری ۔" ایسڈ فاس "

۱۶۔ یہ دوا پیشاب کی مقدار کو اور بار بار پیشاب کی حاجت کو کم کر دیتی ہے اس کا متواتر استعمال شوگر کی مقدار کو بھی کم کر دیتا ہے ۔"یورانیئم نائیٹریکم " اس کی دو یا تین گولیاں تیسری طاقت میں صبح کو اور رات کے وقت دینی چاہیئیں ۔

۱۷۔ ذیابیطس شکری کے لئے بہت اعلیٰ ہومیو پیتھک دوا ہے ۔ اس کے استعمال سے شوگر کم ہو جاتی ہے اور آہستہ آہستہ بالکل شفایاب ہو جاتی ہے "سیفلنڈرا انڈیکا " (CEPHALANDRA INDICA)

۱۸۔ ٹانگیں کانپتی ہوں ، چلنے سے جواب دے جائیں ، بوڑھے لوگوں کی کمزوری بہت زیادہ پیاس ، پیشاب میں شکر آنا جس کے ساتھ حرکی اعصابی فالج پایا جائے ۔" کورارے " چوتھی طاقت میں ۔

۱۹۔ ذیابیطس گوشت خور پھوڑوں کے ساتھ ۔" کاربالک ایسڈ "

DIABETES MELLITUS WITH THIRST AND OF NERVOUS ORIGIN

ذیابیطس شکری عصبی مزاج لوگوں کی جس کے ساتھ پیاس ہو

بہت زیادہ پیاس کمزوری ، دُبلاپن ، پیشاب بہت زیادہ مقدار میں اور وزن مخصوص بڑھا ہوا ، چھوٹی چھوٹی سرخ پھنسیاں جن میں شدید خارش ہو ، ذیابیطس کے زخم ۔" سائی زیجیم جمبولینم " بہت مفید دوا ہے ۔ اس کے مقابلے میں کوئی دوسری دوا پیشاب میں شوگر کو کم کرنے اور ختم کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی ۔ مدر ٹنکچر کے دس قطرے تین مرتبہ روزانہ استعمال کرنے چاہیئیں ۔ اگر اس کو "آرسینکم البم" کے ساتھ ادل بدل کر استعمال کیا جائے تو بہت مفید ثابت ہو سکتی ہے ۔

ب : عصبی مزاج لوگوں میں ذیابیطس جو پریشانی ، زیادہ دماغی کام کرنے ، اور جنسی بے اعتدالیوں کی وجہ سے ہو ۔ اس کے لئے بہت ہی مفید دوا ہے "فاسفورک ایسڈ "

ذیابیطس ورم اعصاب کے ساتھ
DIABETIC NEURITIS

ذہنی اور ریڑھ کی علامات، کانپنا اور تشنج اینٹھن، پھڑکن اور پاؤں کا چلبلاپن، کھانسنے سے، چھینکنے سے اور چلنے سے پیشاب کا بلاارادہ اخراج، جب سویا ہوا ہو تو پاؤں کی اعصابی حرکات۔ "زنکم میٹ"۔

ذیابیطس کے مریض کے پیشاب میں شکر کے اجزاء
DIABETIC - SUGAR CONTENTS IN URINE

ذیابیطس کے مریض میں نہار منہ خون میں شوگر ۱۰۰ ملی گرام فیصدی سے نہیں بڑھنی چاہیئے جبکہ کھانے کے بعد ۱۱۰ ملی گرام فیصد سے زیادہ نہ ہو۔ یہ نارمل کی آخری حد ہے۔ زیادہ کھا جانے سے خون میں غیر منہضم گلوکوز کی مقدار بڑھ جاتی ہے جو پیشاب میں شوگر کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے۔ غذا کا بہت کم استعمال خون میں گلوکوز کی مقدار کو بہت کم کر دیتا ہے جو کہ نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ ایک موٹے تازے ذیابیطس کے مریض کو معمول سے زیادہ غذا نہیں کھانی چاہیئے اور نہ ہی کمزور اور دبلے پتلے مریض کو بھوکا رہنا چاہیئے۔

اسہال اور ان کا علاج
DIARRHOEA AND ITS TREATMENT

ڈاکٹر داس گپتا حاد اسہال کا علاج "اکونائٹ" سے شروع کرتے ہیں۔ اگر اس کی دو یا تین خوراک کھانے سے کوئی آفاقہ نہ ہو تو وہ "اپی کاک" دیتے ہیں اور اگر یہ بھی ناکام ہو جائے تو وہ "پلساٹیلا" کا انتخاب کرتے ہیں اور اس کے ساتھ "نکس وامیکا" کا۔ ان دونوں ادویہ کو ادل بدل کر دیتے ہیں۔ اگر یہ سب ناکام ہو جائیں تو پھر "آرسینکم البم" دیں اور پھر "ویریٹرم البم"۔ مزمن اسہال کے لئے وہ "سلفر"، "کلکیریا کارب اور فاسفورس" کا مشورہ دیتے ہیں۔

اسہال مزمن
DIARRHOEA CHRONIC

ڈاکٹر نیش کے مطابق اسہال میں "نائیٹرک ایسڈ" عمدہ دوائی

ہیں سے ایک ہے۔ اسہال پتلے اور بدبودار پاخانے کے بعد چڑچڑا پن اور ناتوانی ہو۔

ڈاکٹر پی۔ بینرجی "چپاروڈ" ۳۰، "نائیٹرک ایسڈ" اور "ایلو" ۳۰ کو چار مرتبہ روزانہ یکے بعد دیگرے دینے کی سفارش کرتے ہیں اور ان کا کہنا ہے کہ یہ بہت مفید ثابت ہوتی ہیں۔

اسہال ناقص غذا کی وجہ سے
DIARRHOEA DUE TO INDISCRTION IN DIETING

حاد اسہال پہلے روز، شدید پیاس "اکونائٹ"

۲۔ اگر اسہال ناقص غذا کی وجہ سے یا زیادہ کھا جانے کی وجہ سے ہوں تو "نکس وامیکا" اور اس کے بعد "پلساٹیلا" دینی چاہیئے۔

اسہال خسرہ کے بعد
DIARRHOEA AFTER MEASLES

خسرہ کے بعد اسہال کا ہونا بہت عام ہے اور اس کو "پلساٹیلا" سے شفایاب کیا جا سکتا ہے۔ ہمیشہ اسی کو دینا چاہیئے۔

اسہال اور قبض آپس میں بدل جائیں
DIARRHOE ALTERNATING WITH CONSTIPATION

اسہال کا قبض میں بدل جانا۔ ایسے مریضوں میں جو دست آور ادویہ استعمال کرتے ہوں۔ پاخانہ کی بار بار بے سود حاجت، تھوڑی سی مقدار میں پاخانہ خارج ہو جس سے تھوڑی دیر کے لئے مریض کو آفاقہ ہو "نکس وامیکا"

۲۔ شیر خوار بچوں کے اسہال کا قبض کے ساتھ بدل جانا، دانت تکلیف کے ساتھ اور مشکل سے نکلیں۔ پیٹ میں قولنجی درد اور پاخانہ بدبودار "پوڈوفائیلم"

۳۔ شیر خوار بچوں کی قبض کے لئے، جبکہ پاخانہ سبز رنگ کا اور مقعد میں دکھن پائی جائے تو مفید دوا ہے "ایلومینا"

اسہال کا قبض کے ساتھ بدلنا ، بوڑھے لوگوں میں

DIARRHOEA ALTERNATING WITH CONSTIPATION IN OLD PEOPLE

اسہال کی ایک ایسی شکل جو قبض میں تبدیل ہو جاتی ہے اور جو عموماً بوڑھے لوگوں میں پائی جاتی ہے۔ اس کی واحد دوا "انٹی مونیم کروڈم" ہے۔

اسہال کھانے یا پینے کے بعد جن کے ساتھ جلندار درد اور بے چینی ہو۔

DIARRHOEA AFTER EATING OR DRINKING WITH BURNING PAIN AND RESTLESSNESS

اسہال کھانے یا پینے کے بعد ، پاخانہ کے بعد بہت زیادہ کمزوری ، اسہال گلی سڑی غذا یا گلا سڑا گوشت کھانے کے بعد یا الکوحل والے مشروبات پینے کے بعد ہوں۔ لیکن ان کے ساتھ جلندار درد ، بے چینی اور تھوڑی سی مقدار میں بار بار پانی پینے کی پیاس کا ہونا ضروری ہے۔ گرم مشروب کو ترجیح دے۔ "آرسینکم البم"۔

DIARRHOEA CADAVEROUS SMELLING STOOL OF OLD PEOPLE

اسہال بوڑھے لوگوں کے جن میں سے مُردار کی سی بُو آئے

بوڑھے لوگوں کے اسہال جو بار بار ہوں ، بلا ارادہ اخراج ، پاخانہ سے مُردار کی سی بُو آئے ، پاخانہ کے بعد مقعد میں جلن ، خارش اور کترن ہو اور اس سے چپکنے والی خراشدار رطوبت خارج ہو ، بھورے رنگ کی جلن پیدا کرنے والی بواسیر اور پاخانہ کے بعد درد۔ "کاربو ویج"۔

DIARRHOEA BILIOUS WITH COLIC AFTER EATING OR DRINKING

اسہال صفراوی کھانے یا پینے کے بعد پیٹ میں درد

اسہال کھانے یا پینے کے بعد ہوں اور ان کے ساتھ پیٹ میں درد ہو۔ "کالوسنتھ"۔

۲۔ صفراوی اسہال کے لئے بہت مفید دوا ہے ، پاخانہ سبز رنگ کا ، پھینٹے ہوئے انڈے کی مانند۔ "کیموملا" اس کے بعد "مرک سال" اور "سلفر" دیں۔

اسہال دانت نکالنے کے دوران
DIARRHOEA DURING DENTITION

پاخانہ سبز کیچڑ کی مانند، گرم اور اچھل کر نکلے، پاخانہ غیر منہضم غذا کا جس کے ساتھ ریاح کا اخراج ہو۔ دانتوں کی نشوونما سُست۔ دانت نکالنے کے دوران کی تمام تکالیف اور شکایات، تمام مزاجی خرابیاں۔ "کلکیریا فاس"۔

موازنہ کریں "کیمومیلا" سے جو حاد تکالیف کے لئے مفید ہے۔

سر پر پسینہ آتا ہو۔ "کلکیریا فاس"۔

۲۔ دانت تکلیف کے ساتھ اور مشکل سے نکلیں، بچہ چڑچڑا اور بے چین، بچے کے جسم سے کھٹی بُو آئے۔ "ریوم"۔

اسہال دانت نکالنے کے دوران پاخانہ سبز اور بدبُودار
DIARRHOEA DURING DENTITION WITH GREEN STOOL AND FOUL ODOUR

پاخانہ سبز اور بدبُودار اور تشنجی درد، پیٹ پھولا ہوا پاخانہ سبز، پانی کی مانند پتلا، پھینٹے ہوئے انڈے کی مانند جو مقعد کو کھائے، پاخانہ گرم محسوس ہو اور گندے انڈے کی مانند بدبُودار ہو۔ "کیمومیلا" موازنہ کریں "کلکیریا فاس" سے۔

اسہال، اخراج مریض کو نچوڑ کر رکھ دے
DIARRHOEA – DISCHARGE DRAINING THE PATIENT

بہت زیادہ پُر درد، پانی کی مانند زیادہ مقدار میں اور بہت زیادہ زور کے ساتھ خارج ہو۔ جس کے بعد بہت زیادہ کمزوری ہو اور پسینہ آئے۔ بہت زیادہ اخراج ہو جو مریض کو نچوڑ کر رکھ دے۔ اس کے لئے بہت مفید دوا ہے۔ "وریٹرم البم"۔

اسہال ڈراپسی میں
DIARRHOEA IN DROPSY

ڈراپسی اور اسہال کے بعد دیگرے ہوں۔ اسہال بہت زیادہ مقدار میں اور پانی کی مانند عموماً بلا ارادہ ہوں۔ اس کے مفید دوا ہے۔ "اپوسائی نم کین"۔

اسہال، غذا میں بے اعتدالی کے سبب
DIARRHOEA DUE TO INDISCRETION IN FOOD

مریض ہلکی سی معدے کی خرابی یا غذا میں بے اعتدالی سے اسہال میں مبتلا ہو جائے۔ اسہال درد کے ساتھ، پانی کی مانند اور بدبودار ہوتے ہیں۔ "ایلیا فوٹیڈا"۔

اسہال، پاخانہ سبز
DIARRHOEA - GREEN STOOL

پتلے، سبز اور پیچش نما پاخانے۔ "بیلاڈونا"۔

اسہال۔ رفتار سے چلنے والے سپاہیوں کے
DIARRHOEA OF MARCHING SOLDIERS

سپاہی جن کو کافی دور تک رفتار سے چلنا ہوتا ہے اور زمین پہ عموماً مرطوب زمین پر سوتے ہیں اور ایسے حالات میں مختلف نوعیت کی غذا اور چیزیں کھانی پڑتی ہیں۔ "سلیشیا"۔

اسہال، آدھی رات کے بعد
DIARRHOEA AFTER MID NIGHT

آدھی رات کے بعد اسہال جو مریض کو بستر سے باہر نکال کھڑا کریں جیسا کہ آنتیں مزید پاخانہ روکنا برداشت نہیں کر سکیں گی۔ پیٹ میں کمزوری، خالی پن اور ڈوبنے کا احساس پایا جائے۔ "سلفر"۔

اسہال، دودھ گڑبڑ پیدا کرے
DIRRHOEA MILK UPSETS

بچوں میں جب دودھ پینے سے گڑبڑ پیدا ہو اور اسہال کا سبب بنے

جس کے ساتھ منہ میں چھالے پیدا ہوں۔ "نیٹرم کارب"

اسہال۔ ماہواری کے دوران
DIARRHOEA IN MENSES

ماہواری کے دوران پہلے دن بہت زیادہ مقدار میں اسہال اور ہر ماہواری کے آنے پر کمزوری اور تھکاوٹ ہو۔

"امونیم کارب"

اسہال موسم گرما میں زیادہ کھانے کی وجہ سے
DIARRHOEA DUE TO OVER EATING IN SUMMER

اسہال جن میں صبح کے وقت اُٹھنے پر پہلی حرکت سے اضافہ ہو اور عموماً موسم گرما میں زیادہ کھا جانے کے نتیجہ میں ہوتے ہوں۔ (اس کی عام خاصیت قبض ہے) یہ عموماً غذا کی خرابیوں کے سبب ہوتا ہے اور خصوصاً موسم گرما کے اوائل میں جب سردی ختم ہو رہی ہو اور گرمی کا موسم شروع ہو۔ اس کا موازنہ "نکس وامیکا" کے اسہال سے کریں۔ اس میں بھی اسہال صبح کے وقت شروع ہوتے ہیں اور عموماً کھانے میں زیادتی کی وجہ سے ہوتے ہیں اور پیچش کی مانند ہوتے ہیں۔ یہ متواتر زیادہ کھا جانے کی وجہ سے ہوتے ہیں اور ادویہ کے غلط استعمال، تمباکو، کافی یا الکوحل کے بے جا استعمال آنتوں کے افعال میں بے قاعدگی کا سبب بنتا ہے۔ "پلساٹیلا" کے اسہال عموماً رات کو ہوتے ہیں اور یہ بھی زیادہ کھا جانے سے ہوتے ہیں۔ جن کے ساتھ آنتوں میں بہت زیادہ گڑگڑاہٹ ہوتی ہے۔ یہ عموماً مرغن غذا، پیسٹریاں اور چربیلی غذا اور آئس کریم کے زیادہ کھانے سے ہوتے ہیں۔ "برائی اونیا"

اسہال۔ حمل کے دوران
DIARRHOEA DURING PREGNANCY

"نکس موسکاٹا" موازنہ کریں "کیموميلا" اور "پلساٹیلا" سے۔

اسہال، ریاح کے ساتھ پاخانے کا اخراج
DIARRHOEA WITH RUMBLING STOOL ESCAPING WITH FLATUS

پیٹ میں بہت زیادہ گڑگڑاہٹ جو کہ اتنی اونچی ہوتی ہے کہ دوسرے لوگ بھی اس کو سن سکتے ہیں۔ بہت زیادہ ریاح۔ جس کے ساتھ پاخانہ بھی

پھوٹ نکلے، پاخانے کا رسنا پایا جاتا ہے جو عموماً ریاح کے اخراج کے ساتھ بھی نکل آتا ہے۔ مریض کو یقین نہیں ہوتا کہ ریاح کا اخراج ہوگا یا پاخانے کا۔ غیر یقینی کیفیت میں مبتلا ہوتا ہے۔ پاخانے کو قابو رکھنے کے لئے مریض ہر وقت اپنا دھیان مقعد کے عضلہ ماصرہ پر رکھتا ہے۔ جونہی دھیان ہٹا پاخانہ خارج ہو جاتا ہے۔ ایک نوالہ بھر کھانا کھا لینے یا پانی پی لینے سے بھی مریض کو پاخانہ کے لئے جلدی کرنی پڑتی ہے۔ اور پاخانہ کر چکنے کے بعد بہت زیادہ کمزوری۔

پاخانہ ٹکڑوں کی شکل میں پانی کے ساتھ ملا ہوا ہوتا ہے۔ پاخانہ گرم جو آگ کی مانند جلا دیتا ہے اور مقعد میں جلن اور دکھن پیدا کر دیتا ہے۔ ناف کے گرد درد جو تیزی کے ساتھ نیچے مقعد کی طرف آتا ہے۔ "ایلو"

DIARRHOEA UNABLE TO WAIT WITH TENESMUS

اسہال جن کے ساتھ پاخانہ کی متواتر حاجت پائی جائے

صبح کے وقت اسہال جن کے ساتھ بہت زیادہ ریاح پائی جائے۔ "ایلو"

۲۔ پاخانہ پہ زور لگانا پڑے۔ پاخانے سے قبل، دوران اور بعد مقعد میں جلن، پاخانہ کر چکنے کے بعد حاجت کا متواتر قائم رہنا، شدید اور اچانک درد انتظار نہ کر سکے۔ "اگاری کس"

موازنہ کریں "مرک سال اور سلفر" سے۔

اسہال، دق کے دوران

DIARRHOEA IN TUBERCULOSIS

ڈاکٹر ہوجز "اپی کاک، ڈروسرا، کریوزوٹ اور آرسینکم البم" کی سفارش کرتے ہیں۔

اسہال، ٹائیفائیڈ کے دوران

DIARRHOEA IN EARLY STAGE OF TYPHOID

ٹائیفائیڈ کی ابتدائی حالت میں اسہال پائے جاتے ہیں۔ جن کی مخصوص دوا "رسٹاکس" ہے جس میں بے چینی، پیاس، سردی لگنا، زبان کی نوک پر تکون نما داغ اور باقی حصے پر تہہ جمی

ہوئی ہونا پایا جاتا ہے۔ مریض آغاز سے ہی ذہنی کمزوری میں مبتلا ہوتا ہے اور
ذہنی صلاحیت کم وبیش مفقود اور ہلکے سے ہذیان میں مبتلا ہوتا ہے جو اتنا شدید
نہیں ہوتا۔ "رسٹاکس"۔

اسہال ٹائیفائیڈ کے دوران جو پانی کی مانند اور تیزابی ہوں

DIARRHOEA IN TYPHOID WATERY AND ACRID

اس دوا میں ایسے اسہال پائے جاتے ہیں جن کے ساتھ ٹائیفائیڈ بخار ہوتا ہے
پاخانہ زرد غلے کی غذا کی مانند اور مردے کی سی بو آتی ہے۔ پاخانہ تیزابی ہوتا ہے
اور مقعد اور اس کے متعلقہ حصوں کو جہاں وہ لگتا ہے جلا دیتا ہے اور ان میں جلن
اور دُکھن ہوتی ہے اس دوا کا مریض ہونٹوں اور ناک کو اس وقت تک کھرچتا رہتا
ہے جب تک کہ ان سے خون نہ نکلنا شروع ہو جائے۔ "آرم ٹرائی فیلم"۔

اسہال۔ چیچک کے دوران

DIARRHOEA – SMALL POX

چیچک کے دوران اسہال ہوں تو اس کے لئے بہت مفید ادویہ "انٹم ٹارٹ، آرسینکم البم، مرک سال اور رسٹاکس" ہیں۔

اسہال، کھٹی بو والے، غیر منہضم غذا کے قے کے ساتھ

DIARRHOEA SOUR OF UNDIGESTED FOOD WITH VOMITING

اسہال غیر منہضم غذا کے اور بدبو دار جن کے ساتھ بہت زیادہ بھوک پائی جائے
منہ سے مقعد تک ہر چیز کھٹی۔ ڈکاریں، قے اور پاخانہ سب سے کھٹی بو آئے بعد
دوپہر تکلیف میں اضافہ۔ "کلکیریا کارب"۔

اسہال چیچک کا ٹیکہ لگنے کے بعد اور مزمن

DIARRHOEA AFTER VACCINATION AND CHRONIC

مزمن اسہال جن میں ناشتہ کے بعد اضافہ ہو، اخراج

بہت تیزی کے ساتھ اور ریاح کی گڑگڑاہٹ کی آواز کا پایا جانا۔ اسہال خصوصاً ٹیکہ کے اثرات سے اور ٹیکہ لگوانے کے بعد ہوں۔ "تھوجا"

DIARRHOEA WITH MUCUS AND BLEEDING WITH WATERY STOOL

اسہال جن کے ساتھ بلغم اور خون کا اخراج ہو جو کہ پتلے پانی کی مانند

پاخانہ بہت زیادہ مقدار میں، پانی کی مانند جیسے نلکے سے نکل رہا ہو۔ جس میں سفید بلغم کے ٹکڑے ساگو دانہ کی مانند پائے جائیں۔ پاخانہ بلا ارادہ کھلی مقعد سے رس رہا ہو۔ پیاس ٹھنڈے برف والے پانی کی جو اسہال کے دوران ہو۔ بواسیر سے خون آئے۔ "فاسفورس"

اسہال، اخراج نچوڑ کر رکھ دینے والا

DIARRHOEA WITH DRAINING DISCHARGE

زیادہ پر درد، پانی کی مانند بہت زیادہ مقدار میں اور زور کے ساتھ اخراج ہو جس کے بعد بہت زیادہ کمزوری ہو اور پسینہ آئے۔ بہت زیادہ نچوڑ کر رکھ دینے والا اخراج "وریٹرم البم"

DIARRHOEA PAINLESS WITH WATERY WHITE STOOL WITHOUT EXHAUSTION

اسہال بلا درد کے پانی کی مانند پتلے اور سفید رنگ کے، جن کے ساتھ زیادہ کمزوری نہ ہو

پاخانہ پانی کی مانند پتلا اور سفید رنگ کا جو بغیر زیادہ درد کے ہو۔ اسہال حاد ہوں یا مزمن۔ ان کے بعد مریض کسی قسم کی کمزوری یا تھکاوٹ محسوس نہیں کرتا بلکہ اسہال کے بعد تھوڑا افاقہ محسوس کرتا ہے۔ اسہال بلا درد کے ہوتے ہیں اور پیٹ میں گڑگڑاہٹ کی آوازیں آتی ہیں۔ پاخانہ اچھل کر نکلتا ہے۔ اسہال سے کوئی خاص کمزوری یا تھکاوٹ نہیں ہوتی۔ تھکاوٹ صرف ابتدائی قسم کی، اور اعصابی ہوتی ہے اس کی مفید دوا ہے۔

"فاسفورک ایسڈ"

اسہال، بچوں کے جو اپنی رنگت تبدیل کریں

DIARRHOEA OF CHILDREN WITH CHANGEFULL COLOUR

اسہال جن کی خاصیت اور رنگت متواتر تبدیل ہوتی رہے۔ دو پاخانے ایک جیسے نہیں ہوتے وہ سبز، زرد، سفید، پانی کی مانند یا کیچڑ کی مانند ہوتے ہیں گرم موسم میں بچوں میں انتڑیوں اور قولون کی سوزش۔ "پلساٹیلا"۔

۲۔ اگر پاخانہ جھاگدار ہو تو ہر پاخانے کے بعد۔ "ریوم"۔

۳۔ اگر اسہال صفراوی ہوں تو۔ "آئیرس ورسی کولر"۔

اسہال بچوں کے بدبودار

DIARRHOEA OF CHILDREN OFFENSIVE

خصوصاً بچوں کے اسہال۔ جب کہ پاخانہ نرم اور بدبودار ہو اور ڈکار آئیں۔ "بپٹیشیا"۔

DIARRHOEA OF CHILDREN PERIODICAL

اسہال۔ بچوں کے جو نوبتی ہوں

پاخانہ بلا درد اور غیر منہضم غذا کا جھاگدار اور زرد رنگت کا، بچوں کا پیٹ ریاح کی زیادتی کی وجہ سے پھولا ہوا ہوتا ہے۔ بچہ کمزور اور زرد رنگ کا جس کی آنکھوں کے گرد سیاہ رنگ کا دائرہ بنا ہوا ہو۔ اسہال نوبت کے ساتھ آئیں۔ اسہال کا رجحان پایا جاتا ہے یا شام کو ہوتے ہیں یا پھل کھانے کے بعد ہوتے ہیں۔ "چائنا"۔

موازنہ کریں۔ "پوڈوفائیلم" سے۔

۲۔ اسہال دانت نکالنے کے دوران، بچہ مسوڑھوں کو کاٹے۔ اس کے لئے مفید دوا ہے۔ "فائیٹولاکا"۔

DIARRHOEA OF CHILDREN SOUR SMELLING

اسہال بچوں کے جن سے کھٹی بُو آئے

تمام بچے سے کھٹی بُو آتی ہے اور بچہ کھٹی چیزوں کی خواہش کرتا ہے جبکہ بچہ حسب معمول کھٹی چیزیں ناپسند کرتا ہے۔ "ہیپر سلف"۔ موازنہ

کریں "کلکیریا کارب" سے۔

DIARRHOEA OF CHILDREN INVOLUNTARY STOOL WITHOUT KNOWING

اسہال بچوں کے پاخانہ کا ازخود اخراج

پاخانہ کا ازخود (بلاارادہ) اخراج گو کر پاخانہ سخت ہی کیوں نہ ہو۔ چھوٹے بچے جو تمام قالین پہ پاخانہ کر دیں اور ان کو پتہ بھی نہ ہو کہ انہوں نے ایسا کیا ہے۔ "ایلو"

اسہال بچوں میں دودھ کی قے کے ساتھ

DIARRHOEA OF CHILDREN WITH VOMITING OF MILK

بچوں میں دانت نکلنے کے دوران قے اور اسہال جن کے ساتھ بہت زیادہ کمزوری پائی جائے۔ اسہال کے ساتھ بچہ دودھ کو بالکل ہضم نہ کر سکے اور دوران خون کی کمزوری ہو۔ "ایتھیوزا"

DIARRHOEA OF VOMITING CHILDREN IN SUMMER STARTING SUDDENLY

اسہال بچوں کے قے کے ساتھ جو موسم گرما کے آغاز پر اچانک شروع ہوں

بچوں میں قے اور اسہال جن کے ساتھ بہت زیادہ کمزوری پائی جائے اور جو موسم گرما کے آغاز پہ شروع ہوں۔ اسہال کے ساتھ دودھ بالکل ہضم نہ کر سکے اور دوران خون کی کمی ہو۔ یہ موسم گرما میں اچانک شروع ہوتے ہیں۔ دودھ دہی کی مانند جما ہوا قے کے ساتھ نکلتا ہے۔ پاخانہ پتلا، سبزی مائل زرد اور کیچڑ کی مانند ہوتا ہے۔ بچے کے چہرے پہ مردنی چھائی ہوئی ہوتی ہے اور ایسا دکھائی دیتا ہے کہ مر رہا ہے۔ ایسی حالت میں بچے کی زندگی بچانے والی واحد دوا ہے۔ "ایتھیوزا"

اسہال بچوں کے خصوصاً موسم گرما میں جن کے ساتھ متلی ہو

DIARRHOEA OF CHILDREN WITH NAUSEA SPECIALLY IN SUMMER

بچوں کے اسہال خصوصاً موسم گرما میں جن کے ساتھ متلی ہو اور جو ناقص غذا

یا زیادہ کھانے کے نتیجہ میں ہوں۔ پاخانہ کیچڑ نما، فومی یا سبز گھاس کی مانند، پاخانہ بلغم
ملا یا پانی کی مانند خون آمیز یا بغیر خون کے ہوتا ہے لیکن اس کے ساتھ متلی اور
پیٹ کا درد ضرور موجود ہوتے ہیں۔ "اپی کاک" ۲۰۰ طاقت میں ایک خوراک دینے
سے عموماً حالت بالکل درست ہو جاتی ہے۔

DIARRHOEA OF CHILDREN DRAINING THE PATIENT AND CAUSING WEAKNESS

اسہال بچوں کے جن کی وجہ سے انتہائی کمزوری ہو

بچوں کے اسہال جن میں مندرجہ ذیل خصوصیات موجود ہوں۔

۱۔ پاخانے کا زیادہ مقدار میں ہونا۔

۲۔ پاخانہ اچھل کر نکلے۔

۳۔ پاخانہ بدبو دار ہو۔

۴۔ ہر پاخانے کے بعد نہایت کمزوری اور تھکاوٹ ہو۔

۵۔ صبح کے وقت تکلیف میں اضافہ۔ گرم موسم اور دانت نکلنے کا زمانہ۔
عموماً پاخانے کے ساتھ مقعد کا باہر نکل آنا۔ نیم وا آنکھوں کے ساتھ نیند،
بچے کا سر کو بستر پہ ادھر اُدھر مارنا اور کراہنا پایا جاتا ہے۔ متواتر اباق آنا اور
پاخانے کا بہت مقدار میں ہونا جو مریض کو خشک کر کے رکھ دیتا ہے اور بچہ پاخانے
سے بہت زیادہ کمزور اور تھکا ہوا ہوتا ہے۔ پاخانہ زرد، یا سبزی مائل، پانی کی
مانند ہو تو بہت زیادہ اخراج ہوتا ہے جیسا کہ نلکے سے نکل رہا ہو۔ بچہ مسوڑھوں
کو آپس میں دباتا ہے۔ ہر کھانے کے بعد اسہال ہوتے ہیں۔ اتنا زیادہ اخراج
ہونے کے باوجود بھی پیاس کم و بیش ہی ہوتی ہے۔ "پوڈوفائیلم" نیز موازنہ
کریں "فاسفورک ایسڈ" سے جس میں مریض کمزوری محسوس نہیں کرتا۔

ہاضمہ کلیجے کی جلن، کڑوے ذائقے اور ریاحی درد کے ساتھ

DIGESTION WITH HEART BURN BITTER TASTE AND FLATULENT COLIC

ہاضمہ کمزور، غذا بے مزہ، زبان زردی مائل، ذائقہ کڑوا، کلیجے کی جلن، تیزابیت، ریاح، معدے کا پھول جانا، سونے کے ناقابل۔ "نکس وامیکا" روزانہ تین مرتبہ۔

۲۔ تکلیف معدے کو چربیلی چیزوں سے بھر دینے کی وجہ سے ہو۔ چکنی چیزوں مضر صحت گوشت کھانے کی وجہ سے ہوئی ہو۔ متلی اور بعض اوقات اسہال ہوں تو "پلساٹیلا" کی ایک خوراک ہر چار سے چھ گھنٹے بعد دینی چاہیئے۔ خصوصاً عورتوں اور بچوں کے لئے مفید ہے۔

۳۔ کھانا کھانے کے بعد بے سکونی، متلی، معدے میں کھٹاس کا اٹھنا اور بھوک کا مکمل خاتمہ۔ "ہائیڈراسٹس" ہر تین گھنٹے بعد دیں۔

۴۔ تھوڑی سی غذا بھی بے سکونی کا سبب بنے۔ پیٹ میں ریاحی درد، بہت زیادہ کمی خون۔ مریض ہر وقت تھکاوٹ محسوس کرے۔ "الیٹرس فیری نوسا" ۳۰ طاقت میں پانچ قطرے فی خوراک تین مرتبہ روزانہ دینی چاہیئے۔

ہاضمہ کی خرابی، پورے پیٹ میں ریاح

DIGESTION DISORDER FLATULENCE OF WHOLE ABDOMEN

ہاضمہ کی خرابیاں، "چائنا" ریاحی تکلیف کے لئے بہت اعلیٰ دوا ہے۔ یہ پیٹ کے پھول جانے اور ریاح کو شفایاب کر دیتی ہے۔ پورے پیٹ کا پھول جانا، مریض بے سکونی محسوس کرتا ہے اور بہت مشکل سے سانس لے سکتا ہے۔ "چائنا" نیز موازنہ کریں "کاربوویج" اور "لائیکو" سے۔

ہاضمہ کی تکلیف، گلی سڑی غذا کھانے کے بعد

DIGESTIVE TROUBLES AFTER EATING DECAYED FOOD

گلی سڑی غذا کھانے کے بعد یا حیواناتی مادہ یا الکوحل والے مشروبات اور تمباکو چبانے سے ہاضمہ کی تکلیف ہو اور اس کے ساتھ جلن دار درد، بے چینی اور تھوڑی سی مقدار میں بار بار پانی کی پیاس اور عموماً گرم مشروب کو ترجیح دینا پایا جائے تو اس کے لئے مفید دوا ہوگی، "آرسینکم البم"۔

ہاضمہ کی خرابی، مختلف تکالیف کے سبب
DIGESTIVE TROUBLE DUE TO DIFFERENT TROUBLES

ڈاکٹر لیوری کے مطابق "نکس وامیکا" چھ طاقت کی ایک خوراک، دو مرتبہ روزانہ کھانا کھانے کے بعد اور "آرسینکم البم" چھ طاقت کی ایک خوراک رات کو سوتے وقت لینے سے معدہ درست ہو جائے گا۔

ہاضمہ کی تکلیف، جس کے ساتھ جگر کی خرابی کی وجہ سے پیٹ کا نچلا حصہ پھول جائے
DIGESTIVE TROUBLE WITH BLOATING OF LOWER PART OF ABDOMEN DUE TO LIVER DISTURBANCE

ہاضمہ کی طاقت کا ناکام ہو جانا جبکہ جگر کے افعال میں شدت کے ساتھ خلل پڑ چکا ہو۔ اپھار پیٹ کے نچلے حصے ناف سے نیچے تک محدود رہتا ہو۔ اپھار کو ریاح کے اخراج سے یا ہوا کے ڈکار آنے سے آفاقہ ہوتا ہو۔ "لائیکو" موازنہ کریں "کاربو ویج" سے اور "چائنا" سے۔

ہاضمہ، منہ میں چھالے
DIGESTION MOUTH ULCERATED

"نیٹرم میور" تمام نظام ہاضمہ پر منہ سے مقعد تک بہت عمدہ اثر رکھنے والی دوا ہے منہ اور ہونٹ خشک ہوتے ہیں۔ نیز ہونٹ اور منہ کے کنارے پھٹے ہوئے اور زخمی ہوتے ہیں۔ "نیٹرم میور"

ہاضمہ، ٹائیفائیڈ بخار کے بعد کمزور
DIGESTION WEAK AFTER TYPHOID

ٹائیفائیڈ کے بعد ہاضمہ کمزور ریاح جس کو ڈکاروں سے عارضی آفاقہ ہو۔ سادہ ترین غذا ناموافق خصوصاً چربیلی غذا۔ "کاربو ویج" موازنہ کریں "پلساٹیلا" سے۔

گردن رحم کا پھیلاؤ
DILATION OF CERVIX

"سٹافی سیگریا"

دل کا پھیل جانا
DILATION OF HEART

دل کا بڑھ جانا، اس کے لئے مفید دوا ہے۔ "آرسینکم البم، پلمبم، سلفر اور ہیپر سلفر"

DIPHTHERIA CAUSING GLANDS

خناق (ڈفتھیریا) گلٹیوں کا سبب بنے

شفایاب ہوجانے کے بعد گردن کی دونوں اطراف میں پیپ دار متورم گلٹیاں بن جائیں ۔ لاغری، ٹانگوں میں ناطاقتی، منہ سے تھوک اور ناک سے اخراج ہو ۔ "بیسی لینم" ۲۰۰ طاقت میں دیں اور اس کے بعد "سلیشیا" ۔ یہ علاج گلٹیوں کو کھول دے گا اور جلدی سے ان کو شفایاب کر دے گا ۔

DIPHTHERIA LARYNGEL FALSE MEMBRANE

خناق (ڈفتھیریا) نرخرے کا، مصنوعی جھلیاں

گلے میں مصنوعی جھلیاں نرخرے کی ۔ اس کے لئے مفید ہے ۔ "ایسٹک ایسڈ" ۔

DIPHTHERIA FALLOWED BY PARALYTIC CONDITION FOOD NOT SWALLOWED

ڈفتھیریا (خناق) کے بعد فالجی حالت، غذا نہ نگلی جا سکے

خناق کے بعد گلے کی ورمی کیفیت فالج کی حالت اختیار کر جائے ۔ کوئی مائع یا غذا نگلی نہ جا سکے ۔ "آرم ٹرائی فیلم" ۔

DIPHTHERIA LEFT SIDED

خناق بائیں طرف کا

بائیں طرف کا، جھلیاں سیاہی مائل اور نیلگوں درد میں گرم چیزیں پینے سے اضافہ ہو ۔ اس کے لئے مفید دوا ہے "لیکیسس" ۔

DIPHTHERIA PARALYSIS OF HEART

خناق، دل کا فالج

جب دل کا فالج ہونے والا ہو ۔ مریض نیلا اور ہانپتا ہوا جاگے نیند سے ۔ "ناجا ٹریپوڈین" (ڈاکٹر فرنگٹن)

خناق سے محفوظ رکھنے والی ادویات

DIPHTHERIA PREVENTIVES

"ڈفتھیرینم" ۲۰۰ طاقت، "مرکیورس سائی نیٹس" ۳۰ طاقت میں پانی میں ملا کر دینی چاہیئے ۔

خناق کی مخصوص ادویات

DIPHTHERIA PROPHYLACTICS

اس کے لئے مخصوص ادویات ہیں ۔ "ایپس" ۳۰ طاقت میں اور "ڈفتھیرینم" ۳۰ طاقت ہیں ۔

خناق دائیں طرف کا
DIPHTHERIA RIGHT SIDED

مرض دائیں طرف ناک میں یا ٹانسلز میں شروع ہوتا ہے اور بائیں طرف جاتا ہے۔ ٹھنڈی چیزیں پینے سے اضافہ ہوتا ہے "لائیکوپوڈیم"۔

خناق کے حملے کے بعد اس کا ٹانک
DIPHTHERIA TONIC AFTER ITS ATTACK

خناق کے حملے کے بعد کی کمزوری کے لئے ٹانک کے طور پہ، "کلکیریا فاس" دیں۔

خناق جس کے ساتھ متورم زخم ہوں
DIPHTHERA SWOLLEN WITH ULCERS

گلا نیگوں اور متورم، ٹانسلز گہرے زخموں سے جڑے ہوئے ہوں اور شدید بے چینی "ایلنتھس"۔

۲۔ خناق کے بہت خراب کیسوں میں جہاں مہلک حالت پائی جائے۔ حملہ اچانک ہوجاتا ہو، شدید بے چینی اور حالت نزع کا میلان ہو، جھلی سبزی مائل اور پورے ناک تک پھیلی ہوئی ہو، ناک سے خون آتا ہو، تھوک بہت زیادہ مقدار میں ہو تو اس بیماری کے لئے ڈاکٹر کارٹر اس دوا کو بہت کامیاب بتاتے ہیں "مرکیورس سائی نیٹس"، "ڈفتھیر ینم" ۲۰۰ طاقت میں دوائیہ اثر کو تیز کرنے کے لئے استعمال کرنی چاہیئے اور علاج کی ابتدا بھی اسی دوا سے کرنی چاہیئے۔

۳۔ نبض کمزور سانس اور اخراج بہت زیادہ بدبودار، ابتدا میں عموماً حالت نزع کا پایا جانا۔ بغیر درد کے کسی چیز کو نگل سکے۔ لیکن مائعات ناک کے راستے سے واپس آجائیں۔ ڈاکٹر کارٹر جو پیرس میں بچوں کے ہسپتال میں معالج تھے کا خیال ہے کہ "مرکیورس سائی نیٹس" اور "ڈفتھیرینم" دونوں مفید دوائیں ہیں۔ نیز "ڈفتھیریا" کے بعد فالجی کیفیت کے لئے بھی موزوں ہیں۔

۴۔ نقلی جھلی سے گھٹن، آواز کا بیٹھ جانا، کھانسی کے ساتھ سیٹی بجنے کی آواز کا آنا۔ ڈاکٹر ڈیوی کے مطابق ایسی تکلیف کے لئے فیصلہ کن دوا ہے۔ "برومیم"۔

۵۔ گلے میں پانی پڑ جانا بنیادی علامت ہے۔ گلا چمکیلا سرخ دکھائی دے، دونوں

ٹانسلز پر جھلی بنے جو گاڑھی بھورے رنگ کی گندی دکھائی دے۔ زبان کے کنارے پر چھالے اور غنودگی چھائی ہوئی، گویا بڑھا ہوا۔ مریض گلے اور نرخرے کے مکمل طور پہ بند ہو جانے سے گھٹن محسوس کرے اور اس سے موت کے آثار ظاہر ہونے لگیں۔ "ایپس ملیفیکا"

۶۔ گلا بہت زیادہ متورم اور زبان پر تہہ جمی ہوئی، غدود متورم، کسی چیز کو نگلنا مشکل، جھلی سیاہی مائل سرخ۔ جب کسی چیز کو نگلے تو درد گلے سے کانوں تک جائے۔ "فائٹولاکا"

۷۔ خناق میں ذہنی ابتری۔ "لیکیسس"

۸۔ ہذیان، سر درد، پاخانہ سبز، پیشاب کا دب جانا جس کے ساتھ سردی لگے اور بہت زیادہ بخار ہو، گلا سخت خراب۔ ڈاکٹر سلوگ کسی ایک کیس میں بھی ناکام نہیں ہوئے۔ جب سے انہوں نے اس دوا کو ثابت قدمی سے استعمال کرنا شروع کیا ہے۔ "اگنیشیا" ۲۰۰ طاقت میں ہر ایک یا دو گھنٹے کے وقفے سے

خناق گھٹن پیدا کرے
DIPHTHERIA SUFFOCATING

خناق میں جب گلا پانی پڑنے کی سی سوجن سے مکمل طور پہ بند ہو جائے اور مریض گلے اور نرخرے کے بند ہو جانے کی وجہ سے گھٹن محسوس کرے اور موت کے کنارے کھڑا ہو۔ "ایپس ملیفیکا" (ڈاکٹر نیش)

خناق، دل کمزور
DIPHTHERIA HEART WEAK

خناق میں جبکہ دل کے فیل ہو جانے کا، یا مفلوج ہونے کا خطرہ ہو۔ "نکس وامیکا"

DIPHTHERIA WHEN PATIENT PROGRESSING
خناق۔ جبکہ مریض صحت کی طرف لوٹ رہا ہو

ناک بند ہوتی ہے بچہ نیند سے سانس لینے کے لئے ہانپتا ہوا اٹھتا ہے۔ گلا ارغوانی رنگت کا متورم زخمی جس کے ساتھ بہت زیادہ کمزوری اور گلے کے غدودوں اور ٹانسلز کا بڑھ جانا پایا جائے۔ بچے کی علامات

میں سونے کے بعد اضافہ ہوتا ہے۔ جب مریض اس کے ساتھ بڑی عمدگی سے صحت کی طرف لوٹ رہا ہو لیکن دل فیل ہو جانے سے مر جائے۔ ایسے حالات میں اگر اس دوا کو بروقت استعمال کرایا جائے تو مریض کی زندگی کو بچایا جا سکتا ہے۔ مفید دوا ہے۔ "امونیم کارب"۔

ایک کے دو دو دکھائی دیں
DIPLOPIA

۱۔ جب دونوں آنکھوں سے دیکھے تو دو دو دکھائی دیں لیکن جب ایک آنکھ سے دیکھے تو صحیح دکھائی دے۔ "بینیگا"۔

۲۔ حروف یا چیزیں ڈبل دکھائی دیں۔ "سٹرامونیم"۔

۳۔ ہر چیز ڈبل دکھائی دے۔ آنکھوں کے شدید کھچاؤ کی وجہ سے ایک چیز دوسری چیز سے فاصلے پہ دکھائی دے۔ "آرم فولی ایٹم"۔

۴۔ جب آنکھوں کو دائیں طرف پھیرے تو ڈبل دکھائی دے اور جب دونوں آنکھوں سے دیکھے تو بھی ایک چیز کے دو دکھائی دیں لیکن جب ایک آنکھ سے دیکھے تو نارمل دکھائی دے۔ "ہلیبم میٹ"۔

۵۔ دونوں آنکھوں سے ڈبل دکھائی دے۔ "وریٹرم البم"۔

اخراج خون آمیز
DISCHARGE BLOODY

ناک یا منہ سے خون آمیز اخراج۔ شدید کمزوری اور چہرہ سیاہی مائل۔ مفید دوا ہے۔ "ایلینتھس"۔

اخراج بدبودار
DISCHARGE OFFENSIVE

تمام اخراج کے لئے جو جہاں سے بھی ممکن ہو مثلاً نزلاوی اخراج، رحم سے بہت زیادہ اخراج، پانی کی مانند پاخانہ کا اخراج۔ یہ تمام اخراج انتہائی بدبودار اور خراشدار ہوتے ہیں۔ ناک سے انتہائی بدبودار اخراج جس کے ساتھ ناک میں زخم ہوں۔ اس کے لئے بہت مفید دوا ہے اور جلد اثر کرتی ہے۔

"ایسافوٹیڈا"۔

ایسے امراض جو ابھاروں یا جلدی تکالیف کے دب جانے کے سبب ہوں
DISEASES CAUSED BY SUPPRESSION OF ERUPTION OR SKIN TROUBLES

"سلفر" اندر سے باہر کو کام کرتی ہے اور ہر اس چیز کو جسم کی بیرونی سطح پر لے آتی ہے جو جسم کی گہرائیوں میں مقام رکھتی ہو۔ خصوصاً دبے ہوئے ابھاروں کو جو کسی مزمن بیماری کے سبب باہر نہ نکلے ہوں جلد سطح پر لے آتی ہے۔ یہ جسم میں ردعمل کی خفتہ قوت کو ابھار دیتی ہے اور صورت حال کو واضح کر کے اس کو شفایاب کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ جب کوئی درست طور پہ منتخب شدہ دوا اپنا فعل انجام نہ دے رہی ہو تو اس دوا کے دینے سے کیس واضح ہو جاتا ہے۔ اور اس کے بعد منتخب شدہ دوا دینے سے مکمل شفا ہو جاتی ہے۔

جلد پہ داغ دھبے پڑنا
DISCOLOURATION OF SKIN

۱۔ جلد پر سیاہی مائل یا نیلگوں داغ ہوں "آرسینکم البم"۔
۲۔ پیٹ پر زرد یا بھورے رنگ کے داغ ہوں تو "فاسفورس"۔
۳۔ سرخ لکیریں جو اوپر کو بازوؤں یا ٹانگوں تک بڑھ رہی ہوں "ہائپیریکم"۔
۴۔ جلد کی رنگت سبز۔ "کونیم"۔
۵۔ جلد گندی دکھائی دے۔ "سلفر"
۶۔ جلد چکنی ہو۔ "نیٹرم میور"۔
۷۔ جب جلد پیچش کے بعد نیلی ہو جائے۔ "آئیرس ورسی کولر"۔
۸۔ جلد پر خارش کے بعد داغ دھبے پڑ جائیں۔ "کالی آرس"۔
۹۔ جلد نیلی چوٹ لگنے کے بعد یا بخار کے بعد جلد ارغوانی "لیکیس"۔
۱۰۔ جلد ہیضہ میں سیاہ ہو جائے۔ "آرسینک آیوڈائیڈ"۔

چہرے کی شکل بگڑ جائے
DISFIGUREMENT OF FACE

اگر شکل کا بگاڑ چیچک کی وجہ سے ہو تو ہر چودہ دن بعد "ویریولینم" اور روزانہ تین مرتبہ "سارا سینیا پرپیوریا" چھ طاقت میں دیں۔ اس کو کافی عرصہ تک دوہرانا چاہیئے۔

۲۔ اگر کیل چھائیاں یا زخم اور پھوڑے اپنا نشان چھوڑ گئے ہوں جن کی وجہ سے چہرے کی رنگت بگڑ جائے تو "سلیشیا" اور "کلکیریا فلور" دیں۔

چھوت دور کرنے والی اور جراثیم کش
DISINFECTANT AND GERMICIDE

تیل دار چینی پانی میں ملا کر مقامی طور پر ملنے سے چھوت دور کی جا سکتی ہے۔ تین یا چار قطرے دو کوارٹر پانی میں ملا کر ڈوشش کرنے سے جراثیم کشی کی جا سکتی ہے۔

ہچکی دور کرنے کے لئے تین قطرے تیل دار چینی شوگر میں ملا کر دینا چاہیئے مسٹر چمبرلینڈ کے مطابق دار چینی کے تیل کی خوشبو سے کسی بھی مرض کا جراثیم زیادہ دیر تک زندہ نہیں رہ سکتا۔ یہ جراثیم کو تباہ کرنے کے لئے بہت اعلیٰ صلاحیت رکھتی ہے۔

ہڈی کا اپنی جگہ سے اکھڑ جانا
DISLOCATION

ہڈی اکھڑ جانے کے بعد سرخی، بہت زیادہ ورم اور درد کے لئے "آرنیکا" ہر دو گھنٹے بعد، اگر درد جاری رہے تو دو گھنٹے بعد "اکونائٹ" دیں۔

۲۔ اگر ہڈی کو درست کرنے کے بعد بھی درد نہ جائے تو آدھے ڈرام پانی میں "رسٹاکس" مدر ٹنکچر کے دو چمچ اس وقت تک تین خوراکیں روزانہ دیں جب تک کہ درد ختم نہ ہو جائے۔

۳۔ پہنی کی ہڈی کا سیڑھیوں سے اوپر جاتے ہوئے اکھڑ جانا۔ مفید دوا ہے۔ "کیناابس سٹائیوا"

پیٹ کا پھول جانا
DISTENSION

کھانا کھانے کے بعد کپڑے ڈھیلے کرنے پڑیں، اس کے لئے۔ "پلساٹیلا"

۲۔ ریاح، پھولاوٹ پیٹ کے اوپر کیطرف جائے "دو کاربو وِتیج"

۳۔ ریاح نیچے کی طرف جائے۔ "لائیکو"

پیٹ کا پھول جانا ڈراپسی میں
DISTENSION IN DROPSY

ڈراپسی کی حالتوں میں، پیٹ بہت زیادہ پھولا ہوا، معدہ متورم، خون کی نالیاں پھیلی ہوئی۔ مریض کا معدہ پھولا ہوا اور وہ ضرور قے کرے۔ اس کا تمام جسم پھولا ہوا ہو اور وہ پانی پیئے اور قے کر دے۔ وہ مشکل سے ہی کچھ کھا سکے۔ وہ پانی پیئے جو ہضم نہ ہو سکے۔ جوف شکم کے بالائی حصے میں اور چھاتی میں دباؤ کا احساس۔ "اپوسائی نم کین"

پیشاب آور
DIURETIC

ڈراپسی کے علاج میں پیشاب آور دوا، البیومن یوریا، یوریمیا اور ذیابیطس کے لئے "یوریا" چھ گولیاں ہر چھ گھنٹے بعد۔ اور "آرجنٹم فاس" جو کہ ڈراپسی میں بہت اعلیٰ پیشاب آور دوا ہے۔ "گیلیم اپارین" کا بھی پیشاب کے اعضاء پہ بہت عمدہ اثر ہے اور ڈراپسی میں۔ نیز پتھری کے لئے بھی مفید دوا ہے۔

کتے کا کاٹنا اور اس کی پیچیدگیاں
DOG BITE - ITS COMLICATIONS

اس کی مابعد پیچیدگیوں ٹیٹنس یا دیگر کئی عفونتی تکلیف سے محفوظ رکھتی ہے۔ اس دوا کا استعمال نہ صرف مابعد کی ورمی کیفیات سے بچاتا ہے بلکہ گولی لگنے کے سے دردوں سے بھی محفوظ رکھتا ہے۔ "لیڈم پال"

کتے کے کاٹے کے زخم
DOG BITE WOUNDS

کتے کا کاٹا، جلن جس کو گرم تکمید پہنچانے سے افاقہ ہو، سر درد کتے کے کاٹے کی وجہ سے ہو،

مخصوص احساس جو متاثرہ جگہ پہ پایا جاتا ہے، چبھن کا اور جلن کا احساس ہے
" لائی سین ، ہائیڈرو فوبینم "۔

خوراکِ دوا DOSE

یہ ایک ایسا عنوان ہے جو الجھن میں ڈال دیتا ہے اور اس پہ دوا کے استعمال کا طریقہ کے عنوان سے مفصل بحث کی جا چکی ہے ۔ قارئین کرام پہلے اس پہ غور فرمادیں یہ معالج کے اپنے تجربہ اور مریض کی بیماری کی نوعیت پہ منحصر ہے کہ معالج اپنے مریض کے لئے کونسی دوا کس طاقت میں منتخب کرے اور کتنے وقفے کے بعد دوا کو دہرایا جائے ۔ بہت اونچی طاقت شاذ ہی دہرانے کی ضرورت پیش آتی ہے بشرطیکہ دوا مریض کی علامات سے مطابقت رکھتی ہو تو مریض کی مزمن حالت کو شفا کی راہ پہ گامزن کر دے گی ۔ لیکن شدید اور حاد بیماری میں متعدد خوراکیں کامیابی سے ہمکنار کرنے میں مفید اور مددگار ثابت ہوتی ہیں ۔ جب دوا وقفے وقفے سے دی جاتی ہے تو اس کی شفایہ طاقت بڑھ جاتی ہے اور اس کو پورے غور و خوض کے بعد بند کر دینا محفوظ ترین طریقہ ہے ۔ جب دوا کے مثبت اثرات حاصل ہو جائیں تو دوا کو بند کر دینا چاہیئے تاکہ مریض میں بیماری کی علامات ختم ہو جانے کے بعد دوا کی علامات کا اظہار نہ ہونے پائے ۔ مزمن امراض میں پہلے نسخہ میں دوا کی صرف واحد خوراک عموماً عمدہ نتائج مہیا کرتی ہے ۔ دوا کی اونچی طاقت کو کم ازکم ایک ہفتے کے وقفہ سے کم وقت میں نہیں دہرانا چاہیئے ۔ بہتر یہ ہے کہ دوا کی نچلی طاقت سے علاج شروع کرنا چاہیئے اور بتدریج اونچی طاقتوں کی طرف رجوع کیا جائے ۔

دوا کی طاقت میں ہر تبدیلی ایک نیا اور گہرا شفائیہ اثر ظاہر کرتی ہے ۔ گہرا اثر ظاہر کرنے والی مزمن دوا مرض کے دورے کے درمیان دینی چاہیئے ۔ جب علامات تبدیل ہو جائیں تو دوا کو فوراً بند کر دینا چاہیئے لیکن دوا کو فوراً تبدیل نہیں کرنا چاہیئے ۔ دوا کے دوہرانے سے شدت پیدا ہونے پہ زیادہ غور نہیں کرنا چاہیئے لیکن بعض اوقات ...

ب: پہلے دوا کے استعمال کا طریقہ، دوا کی طاقت اور پہلے حصے دوا کی خوراک پر غور فرما دیں تاکہ یہ واضح ہو سکے کہ کونسی طاقت میں دوا کو استعمال کیا جائے۔ مجھے اس قسم کی معلومات کے لئے لاتعداد معالجین خصوصاً نئے معالجین اور طلباء نے کہا ہے۔ میں یہ واضح کر چکا ہوں کہ یہ معالج کے تجربے اور فہم و فراست پر مبنی ہے کہ وہ مریض کو کونسی دوا کس طاقت میں اور کتنے وقفے کے بعد دے۔

یہ بات واضح ہے کہ دو مزاج کسی بھی صورت میں یکساں نہیں ہو سکتے۔ ہومیوپیتھی میں اس بات کا خاص خیال رکھا جاتا ہے کہ دوا کا انتخاب انفرادیت پر ہو نہ کہ مرض کے نام پر کیونکہ اس میں مرض کا نہیں بلکہ مریض کا علاج مقصود ہوتا ہے۔ بیماری کا درجہ اور علامات کا دور، مریض کی عمر اور جنس، بیماری کی نوعیت آیا مزمن ہے یا حاد اور مریض کی حساسیت، اس کا مزاج اور ماحول۔ ان سب چیزوں کو اس سوال کا فیصلہ کرنے کے لئے زیر غور رکھنا ضروری ہے۔ ہر معالج کا اپنا تجربہ اس کے لئے اعلیٰ رہنما ہوتا ہے۔ دوا کا بار بار دہرانا مریض کے مرض کی شدت کے مطابق اس کو دوائیہ اثرات کے تحت رکھنا ہوتا ہے۔

نرم قسم کی تکالیف میں وقفہ چھ سے بارہ گھنٹے تک کیا جا سکتا ہے۔ لہٰذا یہ اخلاقی طور پہ مناسب نہیں کہ معالج کے ہاتھ باندھ دیئے جائیں۔ اس پریسکرائیبر کے ترمیم شدہ ایڈیشن میں کئی کیسوں میں دوا کی طاقت لکھی گئی ہے جس کا دارو مدار ممتاز معالجین کے تجربات یا میرے ذاتی تجربے پہ ہے لیکن معالج اس معاملے میں حتیٰ کہ ان کیسوں میں بھی دوا کی طاقت کے معاملہ میں آزاد ہے لہٰذا وہ حالات کے مطابق اور اپنے مریض کی نوعیت کے مطابق انتخاب کرے۔

میں اپنی ذاتی پریکٹس کے متعلق بیان کرتا ہوں جس میں مجھے بہت زیادہ کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ میں عام طور پہ تیس طاقت سے علاج شروع کرتا ہوں جو کہ محفوظ طریقے سے دہرائی جا سکتی ہے اور بتدریج اونچی طاقت دو سو تک جاتا ہوں۔ اس کے ساتھ میں عموماً امدادی دوا یا اضافی دوا کے طور پہ تیس طاقت میں اصل دوا کے

ساتھ روزانہ ادل بدل کر علامات کے مطابق چار مرتبہ استعمال کراتا ہوں۔ جب اصل یعنی منتخبہ دوا کی طاقت دو سو تک پہنچ جائے تو میں اس کو ہفتے میں ایک بار علامات کی تبدیلی کے لحاظ سے استعمال کراتا ہوں۔ اس قاعدے کے ساتھ میں باہمی ربط کے لئے مرض کی حالت اور نوعیت کے مطابق ایسی ادویہ "ٹیوبرکولینم، سلفر، بیسی لینم، تھوجا، نکس وامیکا اور نوسوڈز" استعمال کراتا ہوں۔ یہ باہمی ربط پیدا کرنے والی ادویات عموماً ایک ہزار طاقت میں دی جاتی ہیں یا اگر ضروری ہو تو مزید اونچی طاقتوں میں۔ اس دن کوئی دوسری دوا نہیں دی جاتی اور نہ ہی کم از کم ایک ہفتے بعد تک۔ اس وقت میں مریض کی حالت کے مطابق ردوبدل کیا جا سکتا ہے۔

اگر ضرورت پڑے تو یہی طریقہ دوبارہ جاری رکھا جاتا ہے۔ یا تو اسی دوا کے ساتھ یا دوا کو مریض کی حالت کے مطابق تبدیل کر کے دیا جاتا ہے۔

میں عموماً ڈیسی مل سکیل کی طاقتیں استعمال کراتا ہوں۔ ذیل میں دوا کی طاقت کے انتخاب کا طریقہ جو نامور معالجین کا بنایا ہوا ہے تحریر کیا جاتا ہے۔

۱۔ ان مریضوں کو اونچی طاقت میں دوا دیں جو نچلی طاقت کے عادی ہو چکے ہوں یا ایلوپیتھک علاج کے عادی ہوں۔

۲۔ ان کو جو اونچی طاقت میں دوا کے عادی ہو چکے ہوں مزید اونچی طاقت یا بہت نچلی طاقت میں دوا دینی چاہیئے۔ یعنی دوا کی پوٹینسی تبدیل کر دیں۔ جبکہ مزید بہتری ہونا رک گئی ہو۔ دوا کی پوٹینسی تبدیل کریں بشرطیکہ دوا علامات کے مطابق ہو (ڈاکٹر کیس)

۳۔ نچلی طاقت سادہ کیس کے لئے مناسب ہے۔ اس کو دہرانے کی ضرورت ہوتی ہے اونچی طاقت شفا کو مکمل کرنے کے لئے دینی چاہیئے۔ (ڈاکٹر ہچنسن ایم ڈی)

۴۔ معدے کی شکایات میں نچلی طاقتیں استعمال کریں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ غذائی ادویہ مثلاً "کلکیریا، فاسفورس یا نکس وامیکا" نچلی طاقتوں میں بہت مجرب اثر رکھتی ہیں۔ حاد، اسہال اور قے میں بھی نچلی طاقتیں قابل ترجیح ہیں اور خشک حالت میں لینی بلک بادی

چاہئیں جو کہ نہایت ہی اہم طریقہ ہے۔ علامات کے مطابق منتخب شدہ خشک حالت میں لی گئی دوا جلتی پر تیل کا کام کرتی ہے اور پانی میں لی گئی دوا کے مقابلہ میں بہت تیز اور زیادہ یقینی اثر رکھتی ہے۔ ڈاکٹر سی۔ کوٹا۔

۵۔ نچلی طاقتیں حاد بیماریوں کے لئے اور اونچی طاقتیں مزمن بیماریوں کے لئے۔ ڈاکٹر جی رائل ایم ڈی۔

۶۔ بہت اونچی طاقتیں جیسا کہ سی ایم حد سے آگے نکل جانے والی بات ہے اس سے پیچھے رہنا بہتر ہے اور تیسویں طاقت کو آزمائیں۔ آپ کو اس کے اثرات سے حیرانی ہوگی۔ تاہم میرا خیال ہے کہ دو سو طاقت سے آغاز کیا جانا مفید ہے۔ ڈاکٹر ڈبلیو کے بانڈ ایم ڈی۔

۷۔ عموماً یہ دیکھا گیا ہے کہ اونچی طاقت بہت جلد شفایاب کر دیتی ہے۔ ورنہ اس کی شاذ ہی ضرورت پیش آتی ہے اور بہت کم استعمال ہوتی ہے۔ یہ بھی ہوتا ہے کہ اونچی طاقتیں ناکام ہو جانے کے بعد نچلی طاقت میں دوا بہت جلد کامیاب اثر دکھاتی ہے۔ ڈاکٹر وہیلز۔

۸۔ ذہنی امراض اور جسمانی تکالیف میں اونچی طاقتیں (۱۰ ہزار طاقت اور اونچی) طاقتیں دینی چاہئیں۔ ورنہ واضح طور پہ مادی حالتوں جیسا کہ واضح عضویاتی اور مرضیاتی تبدیلیوں میں نچلی طاقتیں یا درمیانی طاقتیں منتخب ہونی چاہئیں۔ (ڈاکٹر ای۔ ورائیٹ ایم ڈی)

۹۔ ہر ہومیوپیتھک معالج جو صحیح دوا کا انتخاب کرنے کے قابل ہے اور جو غلط انتخاب سے بچاؤ کرتا ہے جو کہ ہمیشہ بہت ہی نقصان دہ ہوتا ہے اس پہ بہت جلد یہ واضح ہو جائے گا کہ اونچی طاقت میں لمبے وقفے کے لئے دی گئی ادویہ جن کو بار بار دہرایا نہیں جاتا ان کے مقابلے میں قابل ترجیح ہیں جو بڑی بڑی خوراکوں میں بار بار دی جاتی ہیں یا تبدیل کر دی جاتی ہیں (ڈاکٹر بونن گھاسن)

۱۰۔ ڈاکٹر تھامس ریڈ جو کہ ایک تجربہ کار ہومیوپیتھ تھے اور اپنڈی سائی ٹس،

پتے کی پتھری اور گردے کے درد کے علاج میں بہت مشہور تھے۔ وہ عموماً ابتداء میں ایک خوراک سی ایم طاقت میں دیتے تھے اور اس کے بعد نچلی طاقتوں مدر ٹنکچر سے چھٹی طاقت تک دوا دیتے تھے۔

۱۱۔ ڈاکٹر ہانیمن نے یہ سبق دیا ہے کہ صحیح منتخب شدہ دوا کسی بھی طاقت میں ہو وہ کام کرے گی اور اگر دوا کا انتخاب غلط ہو تو وہ خواہ کسی بھی طاقت میں ہو اس کا کام کرنا ناممکن ہے۔

اکیلے رہنے کا اور جانوروں کا خوف

DREAD OF LONELINESS AND ANIMALS

۱۔ اکیلے رہنے سے خوف، "کونیم"۔

۲۔ کتوں کا اور دوسرے جانوروں کا خوف۔ "چائنا آف"۔

۳۔ معمولی سی بات کا خوف۔ "اگنیشیا"۔

خواب مختلف اقسام کے جیسا کہ چیخنا اور خوابوں کی وجہ سے بے خوابی ہو

DREAMS OF DIFFERENT TYPES LIKE CRYING AND DREAMS CAUSING INSOMNIA

۱۔ جب غذا کی بے اعتدالی کی وجہ سے ہو "نکس وامیکا"۔

۲۔ جب خواب کے دوران باتیں کرے اور چلائے، پریشان کن خواب، "میگنیشیا میور"۔

۳۔ رونے کے آنسوؤں کے ساتھ ڈراؤنے خواب۔ "گلونائن"۔

۴۔ جنسی خواب جن کے ساتھ ہر تیسرے چوتھے دن احتلام ہو جاتا ہو۔ "نکس وامیکا"۔

۵۔ جب اس کی کوئی خاص وجہ معلوم نہ ہو سکے "کالی برومیٹم" پانچ گولیاں سوتے وقت۔

خوابوں کی وجہ سے نیند نہ آئے
DREAMS CAUSING INSOMNIA

ڈاکٹر جہار کا خیال ہے کہ "نکس وامیکا" اور "لیکسیس" بہت مفید ہیں جبکہ بہت زیادہ ذہنی مشقت کی وجہ سے بے خوابی ہو

ڈاکٹر فرنگٹن اور ڈاکٹر ڈیوی کا خیال ہے کہ بے خوابی کے لئے "امبرا گریشیا" مفید ہے جبکہ ذہنی پریشانی سے جاگے۔

۲۔ "ایوناسٹائیوا" دس یا پندرہ قطرے اعصابی یا تھکے ہوئے لوگوں میں نیند لے آتی ہے۔

۳۔ ڈاکٹر ڈیوی کا کہنا ہے کہ "پیسی فلورا" کے ۳۰ یا ۶۰ قطرے حسب ضرورت دوہرانے سے نیند لوٹ آتی ہے جبکہ ذہنی جوش یا درد بے خوابی کا سبب بن رہے ہوں۔

۴۔ بچوں کے لئے "کیمومیلا" عمدہ دوا ہے اگر یہ کافی نہ ہو تو "انٹی مونیم ٹارٹ یا پلساٹیلا" دیں۔

۵۔ خوفناک اور متواتر خوابوں کی وجہ سے بڑبڑا کر اُٹھے۔ "ہائیوسائمیس"۔

۶۔ سانپوں کے خواب، پیشاب کرنے کے اور جاگنے پر حادثہ سے بچاؤ کی جلدی کرے۔ "لیک کنائینم"۔

۷۔ جانوروں کے خواب۔ "مرک سال"۔

۸۔ تمام گھر میں چوروں کی موجودگی کے خواب جو نیند میں مخل ہو رہے۔ "سلیشیا"۔

۹۔ آگ کے خواب۔ "بیلاڈونا"۔

۱۰۔ پاخانہ کرنے کے خواب۔ "ایلو"۔

۱۱۔ بھوتوں کے خواب اور خیالی بدقسمتیوں کے۔ "کالی کارب"۔

۱۲۔ تجہیز و تکفین کرنے کے خواب۔ "چیلیڈونیم"۔

۱۳۔ مرے ہوئے لوگوں کے خواب اور اونچائی سے گرنے کے۔ "تھوجا"۔

خواب خطرناک جانوروں اور بھوتوں کے
DREAMS OF DREADFUL ANIMALS AND GHOSTS

مریض خیالی بھوتوں اور خوفناک جانوروں کو دیکھتا ہے۔ بچہ عموماً نیند سے بڑبڑا کر اٹھتا ہے اور اپنے دانت پیسنے لگتا ہے۔ "بیلاڈونا"

پیشاب کا ٹپکنا بوجہ سفنکٹر اور مثانہ کی فالجی حالت کے۔
DRIBBLING OF URINE DUE TO PARALYTIC CONDITION OF SPHINCTER AND BLADDER

وضع حمل کے بعد مثانے اور سفنکٹر کی فالجی حالت کی وجہ سے پیشاب کا متواتر ٹپکنا "آرنیکا"

ب: "بیلاڈونا، سائنا، کینابس سٹائیوا اور کینتھرس" علامات کے مطابق استعمال کی جاسکتی ہیں۔

۲۔ پیشاب مثانے کی فالجی حالت کی وجہ سے بلا ارادہ ٹپکے۔ پیشاب رُکتا ہے اور دوبارہ ٹپکنا شروع ہو جاتا ہے۔ "ایلومینا"

۳۔ مثانے کی گردن پر ہیجانی کیفیت اور یہی علامت مقعد میں بھی پائی جاتی ہے۔ مثانے کا فعل سست یا مفلوج، پیشاب قطرہ قطرہ ٹپکتا ہے یا رک جاتا ہے پیشاب میں اینٹ کی سی سرخ تلچھٹ یا خون آمیز گاڑھا بلغم۔ "نکس وامیکا"

۴۔ جب بغیر کسی واضح سبب کے بستر پہ پیشاب کر دے۔ یہ دوا نادانستہ پیشاب کے اخراج یا پیشاب کے رک جانے یا پیشاب کے اخراج میں دقت کے لئے بہت مفید ہے۔ "ایکوی زیٹم"

۵۔ جب صحیح تجویز شدہ دوائیں ناکام ہو جائیں تو باہمی ربط پیدا کرنے والی دوا کے طور پہ دیں۔ "سورائینم"

الف۔ رات کو پیشاب کا غیر ارادی طور پہ اخراج بہت زیادہ مقدار میں اور بدبودار

یا کم مقدار میں پیشاب کا اخراج جو گہرے رنگ کا یا بہت زیادہ زرد پیشاب جو کہ بہت بدبو دار ہو۔ ماہواری کے دوران اضافہ، پیشاب کا ٹپکتے رہنا، مثانے میں درد اور بے سود حاجت کا قائم رہنا، پیشاب کر چکنے پر بہت زیادہ درد۔ "میڈورینم"

۷۔ جب اُٹھنے کی کوشش کرے تو چکر آئیں۔ آنکھوں کے سامنے چیزیں تیزی کے ساتھ گھومتی ہوئی دکھائی دیں۔ آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی اور پتلیاں سکڑی ہوئی، مثانے کا فالج جس کی وجہ سے پیشاب خود بخود خارج ہو۔ اس کے لئے "سائیکیوٹا وائی روسا"

۸۔ پیشاب متواتر ٹپکے "VERBASE_t" تین یا چار گھنٹے کے وقفہ سے دیں۔

۹۔ پیشاب غیر ارادی طور پر خارج ہو۔ "آرجنٹم نائیٹریکم"۔

۱۰۔ پیشاب دن رات ٹپکتا رہے۔ "ٹرنیرا الفروڈیسیکا" 2X پانی میں ملا کر چار مرتبہ روزانہ۔

DRIBBLING OF URINE DUE TO PARTIAL PARALYSIS OF BLADDER

پیشاب کا ٹپکنا مثانے کے جزوی فالج کی وجہ سے عورت میں اور

OF WOMEN AND LEAKY BLADER OF MAN

مثانے کی کمزوری کی وجہ سے مرد میں

بوڑھی عورتوں میں مثانے کے جزوی فالج کی وجہ سے جبکہ پیشاب متواتر ٹپکتا رہتا ہو اور اس پر قابو نہ پایا جا سکے۔ "نکس وامیکا"

۲۔ بوڑھے آدمی کے مثانے کی کمزوری میں جو کہ پیشاب پر قابو نہ پا سکے اور وہ کپڑوں پر ٹپک جائے اور پیشاب کی متواتر حاجت بنی رہے اور پیشاب کرنے سے بھی حاجت میں افاقہ نہ ہو۔ "ایکوی زیٹم" مدر ٹنکچر دس قطرے چھوٹے گلاس پانی میں ملا کر ہر دو گھنٹے بعد دیں۔

جلودر (ڈراپسی) DROPSY

استسقاء عام ہو یا مقامی، یہ عموماً گلے میں، رحم میں، پیٹ میں، خصیوں میں اور

عورتوں کے اعضاء تولید میں ہوتا ہے۔ اس میں پیاس بالکل نہیں ہوتی۔ اس کے لئے "ایپس ملیفیکا"، اگر جلودر کے دوران پیاس لگتی ہو تو "ایسٹک ایسڈ، آرسینکم البم اور اپوسائی نم"۔

جلودر (ڈراپسی) جگر کی وجہ سے ہو
DROPSY DUE TO LIVER

ڈراپسی اگر جگری بیماریوں کی وجہ سے ہو تو اس کے لئے مفید ہے۔ "لائیکو"۔

جلودر (ڈراپسی) ریاح کے ساتھ
DROPSY FLATULANCE

کمزوری، کانپنا، کام سے نفرت، بہت زیادہ ریاح، پیٹ پھولا ہوا، جیسے کہ پھٹ جائے گا۔ مفید دوا ہے۔ "چائنا"۔

جلودر، چھاتی کا
DROPSY OF CHEST

چھاتی میں پانی پڑ جائے جس کے ساتھ استسقاء عام ہو جس میں اضافہ صبح تین بجے ہوتا ہو۔ اس کے لئے "کالی کارب" ۲۰۰ طاقت میں۔

جلودر، عام سوجن
DROPSY- GENERAL SWELLING

تمام جسم میں پانی پڑ جائے، جسم میں ہر جگہ سوجن، پیٹ میں پانی پڑ جانے کے ساتھ درد۔ "ایپس ملیفیکا"۔

جلودر، پاؤں متورم
DROPSY SWELLING FEET

پاؤں اور ٹانگیں متورم ہوں تو اس کے لئے مفید دوا ہے۔ "مرک سال"۔

جلودر، اسہال کے ساتھ
DROPSY WITH DIARRHOEA

تمام جسم میں پانی پڑ جائے (استسقاء عام) ڈراپسی اور اسہال آپس میں ادل بدل جائیں۔ اسہال بہت زیادہ پانی کی مانند اور عموماً بلا ارادہ ہوتے ہیں۔ جلد گردے، انتڑیاں، رحم وغیرہ

تمام اپنے افعال چھوڑ دیتے ہیں جن کے سبب جسم میں پانی بننا شروع ہو جاتا ہے۔ تو "اپوسائی نم کین"۔ موازنہ کریں "ایپس" سے جو گرم مزاج ہے۔ جبکہ "اپوسائی نم کین" سرد مزاج ہے اور سردی سے سرد ہوا سے اور ٹھنڈی چیزیں پینے سے حساس ہے۔

جلودر، جگر، گردے یا دل کی وجہ سے
DROPSY DUE TO LIVER KIDNY OR HEART

جگر کی بیماریوں سے ڈراپسی، نچلے دھڑ میں دوپہر کے بعد بخار، پیاس کا نہ لگنا، لیٹنے پر سانس لینا دشوار، پیشاب کم مقدار میں اور گہرے رنگ کا، آنتوں کے فعل میں سستی کی وجہ سے قبض۔ "لائیکو پوڈیم" تیس طاقت میں اگر تین یا چار خوراکیں دینے کے بعد کوئی واضح سکون نہ ہو تو "ایپس" دیں اگر اس کے بعد بھی کوئی افاقہ نہ ہو تو پھر "آرسینکم البم" دینی چاہیئے۔

۲۔ جیلی کی مانند اسہال، پیشاب سیاہ اور کم مقدار میں، اچانک اور حقیقی جلودر ہو تو یہ دوا بہت مفید ہے۔ "ہیلی بورس"۔

۳۔ گردوں کا جلودر جو گردوں میں بھراؤ کی وجہ سے ہو۔ گردوں کے حصے میں شدید درد، سیاہ دھوئیں کی مانند پیشاب۔ "ٹیری بنتھینا"۔

۴۔ جلودر جو دل اور پھیپھڑوں کی خرابیوں کی وجہ سے ہو۔ چہرہ پھولا ہوا آنکھوں کے پپوٹے متورم، پیاس کا لگنا اور قے۔ ڈراپسی میں آبِ خون کا رسنا بھی ایک علامت ہے۔ یہ دوا ڈراپسی کی ہر حالت میں مفید ہے اور بہت اہم پیشاب آور ہے۔ "آرسینکم البم" آبِ خون رسنے کے لئے "رسٹاکس اور لائیکو" سے موازنہ کریں۔

۵۔ پیٹ کا جلودر معدے کی خرابیوں کے ساتھ، ڈکاریں اور اسہال، بہت زیادہ پسینہ آئے۔ "ایسیٹک ایسڈ"۔

۶۔ جلودر جس کے ساتھ جگر اور تلی بڑھے ہوئے ہوں۔ "ڈاکٹر آر بی بشمبر داس" "بیا برس سپائی کاٹا" مدر ٹنکچر دس قطرے کی خوراکوں کی سفارش کرتے ہیں۔

۷۔ جلودر میں بہت عمدہ پیشاب آور دوا ہے۔ "آرجنٹم فاسفوریکم"۔

۸۔ جلودر کی حالت میں ایک اعلیٰ دوا ہے ۔ "پرانی مولا ویرس"

غنودگی DROWSINESS

مریض عموماً نیند کی حالت میں پڑا رہتا ہے اور اس میں کسی قسم کا خلل پسند نہیں کرتا۔ بعض اوقات بے ہوش ہوتا ہے حرکت کرنے یا بات کرنے کی طرف راغب نہیں ہوتا۔ مریض جسمانی طور پر عرق حیات کے ضیاع، جنسی زیادتیوں اور شدید قسم کی حاد بیماریوں کے سبب کمزور ہوتا ہے ۔" فاسفورک ایسڈ"

نشے میں ہونا DRUNKENNESS

اگر ایک آدمی زیادہ مقدار میں شراب پی جائے اور اس سے بیمار پڑ جائے تو اس کو یہ دوا دیں ۔"نکس وامیکا"۔ اگر شراب کی بہت کم مقدار بھی سر پہ اثر انداز ہو تو، "زنکم میٹ"۔ دیں۔

DRYNESS OF MUCOUS MEMBRANES CAUSING DRY STOOL OR DRY COUGH
بلغمی جھلیوں کی خشکی جس کے سبب خشک پاخانہ یا خشک کھانسی ہو

پاخانہ سخت اور خشک جیسے جلا ہوا ہو۔ پیاس بہت زیادہ مقدار میں پانی کی جو زیادہ لمبے وقفے سے پئے ۔منہ اور ہونٹ پھٹے ہوئے ۔ خشکی کی یہی حالت پھیپھڑوں اور سانس کی نالیوں میں بھی ہوتی ہے جس کے سبب خشک کھانسی ہوتی ہے جس کے ساتھ بلغم نہیں ہوتا۔ خشک کھانسی سے درد سر میں سر کو ضرب سی لگتی ہے ۔اس کے لئے "برائی اونیا"

بارہ انگشتی آنت کا السر DUODENAL ULCER

بلغم اور غذا کی قے جس کے ساتھ صفرا اور خون ملا ہو تو ڈاکٹر جہار اس دوا کے نہایت لازمی مددگار ہونے کی سفارش کرتے ہیں ۔" فاسفورس"۔

۲۔ معدے میں شدید جلن ، کھانے یا پینے کے بعد فوراً قے ۔ "آرسینکم البم"۔

۳۔ ڈاکٹر پوپ کے مطابق جب السر معدے کے دل کی جانب والے سرے پر ہو تو یہ بہت مفید دوا ہے ۔ "کالی بائی کرومیکم"۔

۴۔ اس دوا کے متعلق کہا جاتا ہے کہ السر بننے کے رجحان پر قابو پا لیتی ہے۔
"یورانیم نائیٹریکم"۔

۵۔ تارکول کی مانند پاخانہ جس کے ساتھ خون ملے ہوتے ہوں۔ "ہمامیلس"۔

۶۔ جب کافی مقدار میں جریان خون ہو اور اس کی وجہ سے دل کی کمزوری اور حالت نزع کا رجحان ہو تو۔ "ٹریلیم"۔

اگر خون کا جریان نہ رُکے تو اس کو روکنے کے لئے بہت ہی قیمتی دوا ہے۔
"سکیل کار"۔

۷۔ بارہ انگشتی آنت کا پرانا السر جس کے ساتھ ناقابل برداشت جلن جوف شکم کے بالائی حصے میں درد اور زیادہ ریاح پائی جائے۔ "آرجنٹم نائیٹریکم"۔

۸۔ معدے اور بارہ انگشتی آنت کا السر، جب معدہ خالی ہو تو مریض شدید درد محسوس کرے۔ کھانے کے دو یا تین گھنٹے بعد معدے میں درد ہو تو یہ دوا بہت مفید ہے۔ "اناکارڈیم"۔

۹۔ اگر بارہ انگشتی آنت میں مستقل زخم ہوں۔ "گریفائیٹس"۔

۱۰۔ کلیجے کی جلن، درد یا دباؤ یا ڈکار بارہ انگشتی آنت کے السر میں پائے جائیں تو اونچی طاقت میں۔ "لائیکوپوڈیم"۔ !

۱۱۔ بارہ انگشتی آنت اور معدے کے السر کے لئے بہت حیران کن اثر دکھانے والی دوا ہے جونہی شدید درد کی شکایت کا اظہار کھانے کے دو یا تین گھنٹے بعد ہو تو "اناکارڈیم" 3x دینی چاہیئے۔

۱۲۔ قبض، معدے میں ڈوبنے کا احساس، دل کی تیز دھڑکن، عموماً خون کی کمی، عام کمزوری اور پیشانی میں درد کے لئے۔ "ہائیڈراسٹس"۔

بارہ انگشتی آنت کا السر، زخم اور پھٹن
DUODENAL ULCER PERFORATION

زخم اور پھٹن، بارہ انگشتی آنت کا رسنا اور معدے کا السر جس کے ساتھ یرقان ہو۔ زبان پر گاڑھی تہہ جمی ہوئی ہو اور آنتوں سے تار دار بلغم کا

اخراج ہو۔ "کالی بائی کرومیکم" کا کوئی ثانی نہیں۔ "ڈاکٹر جی رائل"

بارہ انگشتی آنت کے السر کی نشوونما کو روکنے کے لئے

DUODENA ALCER PREVENTING ITS DEVELOPMENT

دبلے پتلے زندہ دل نوجوان جو اپنے کاروبار کے متعلق زیادہ فکر مند ہوں اور عموماً قبض میں مبتلا ہوں، ذہنی چستی، رات کو بھی آرام نہ کر سکے۔ یہ دوا ڈوڈینم کے السر کو جو خاندانی یا کاروباری پریشانیوں کے سبب ہو نشوونما نہیں پانے دے گی۔ اگر دوبارہ ہو جائے تو اسی دوا کو دوبارہ دینا چاہیئے۔ "لائیکوپوڈیم"۔

قد چھوٹا (ٹھنگنا) بازو اور ٹانگیں چھوٹی

DWARFISHNESS HANDS AND LEGS SHORT

علاج کا آغاز "ٹیوبرکولینم" سے کریں، دوسو سے کم طاقت میں نہیں دینی چاہیئے اور نہ ہی اس کو بہت جلد دہرایا جائے۔ اس کے ایک ہفتے بعد "براٹا کارب" دوسو طاقت میں دینی چاہیئے۔

۲۔ "ٹیوبرکولینم" اور "سفلینم" ادل بدل کر دوسو یا ایک ہزار طاقت میں ہر ہفتے یا چودہ دن بعد دینے سے قد بڑھنا شروع ہو جائے گا۔

۳۔ پست قد کے بچوں کے لئے جو کہ چھوٹے کمزور، زرد، سر بہت لمبے، تالو لمبے اور کھلے ہوئے، کھوپڑی کی ہڈیاں صحیح طرح نہ جڑی ہوں، پتلی اور ہاتھ کے دباؤ سے کڑکیں، ٹشو پیپر کی مانند پتلی۔ "کلکیریا فاس"۔

۴۔ ریڑھ کی ہڈیوں میں ساختی تبدیلیوں کی وجہ سے بدنمائی، ہاتھ اور ٹانگیں نہ بڑھیں اور باہر کو نکل آئیں۔ جیسا کہ بڑھاپے کی گینگرین میں ہوتا ہے۔ "سکیل کار" (آر۔ بی۔ بی۔ داس)

پیچش جس کے ساتھ پیٹ میں مروڑ اٹھے اور بخار ہو

DYSENTERY WITH GRIPING AND FEVER

عام حالتوں میں "مرک کار" اور

"اپی کاک" دیں۔ اگر مروڑ شدید ہو تو "کالوسنتھ"۔ اگر جلندار درد، ہاتھ پاؤں ٹھ
پیاس اور کمزوری پائی جائے تو "آرسینکم البم" دیں۔ اگر ساتھ بخار بھی ہو تو
"اکونائٹ" دیں۔

پیچش اور اس کے مابعد اثرات

DYSENTERY-ITS AFTER EFFECTS

مریض پیچش کے ... کے
بعد کبھی بھی ٹھیک نہ ہو
تو "ڈائی سنٹری" کو
۳۰ طاقت میں دیں۔

پیچش امیبک

DYSENTERY AMOE…

پاخانے کی بے سود حاجت جبکہ زور لگانا پڑے
بہت زیادہ درد جس کے ساتھ متلی ہو ناف
کے گرد تکلیف زیادہ، پیاس بہت کم، پاخانہ
بلغمی یا خون آمیز یا بلا خون کے۔ "اپی کاک"۔

پیچش خون کے ساتھ

DYSENTERY WITH BLOOD

ابتدائی حالت میں کافی مقدار میں خون کا اخراج
ہوتا ہے اور ساتھ بخار بھی رہتا ہے۔
"فیرم فاس"۔ یہ بہت اچھی دوا ہے اور
عموماً بہت کم وقت میں شفایاب کر دیتی ہے۔

DYSENTERY BLOOD WITH URGING FOR URINATION AND TENESMUS OF RECTUM

پیچش، خون آئے اور پیشاب کرنے کی خواہش اور مقعد میں بے سود حاجت کا پایا جانا

خون کی پیچش حاجت متواتر قائم رہے،
جس کو پاخانہ کر چکنے کے باوجود بھی آفاقہ
نہ ہو۔ پاخانہ گرم اور خون کا کیچڑ نما، بدبودار جس کے ساتھ کاٹنے والی دردیں
اور بلغمی جھلیوں کے ٹکڑے خارج ہوں لیکن مثانے اور مقعد میں بیک وقت حاجت
کا متواتر قائم رہنا ضروری ہے۔ پیشاب پاخانہ کے ساتھ قطرہ قطرہ خارج ہو اور
بہت زیادہ درد کے ساتھ آئے۔ پیشاب اور پاخانے کی حاجت کا متواتر قائم

رہنا، مثانے اور مقعد تک یکے بعد دیگرے شدت کے ساتھ جاتا ہے "مرک کار" موازنہ کریں "نکس وامیکا" سے جس میں پاخانہ کر چکنے کے بعد تھوڑی دیر کے لئے سکون ہوتا ہے۔

پیچش خون کے اخراج کے ساتھ
DYSENTERY WITH BLOODY MOTION

روزانہ تین چار مرتبہ خون کے ساتھ پاخانہ آئے اور کم و بیش درد بھی ہو۔ اس کے لئے "چپارو امرگوسا"

پیچش کھانے یا پینے کے بعد جس کے ساتھ پیٹ میں درد ہو
DYSENTERY AFTER EATING OR DRINKING WITH COLIC

کھانے یا پینے کے بعد پیچش جس کے ساتھ پیٹ میں درد اور قے ہوتی ہو ایسا پیٹ درد حاد پیچش میں پایا جاتا ہے۔ "کالوسنتھ"

پیچش اموایبک اور اس کے دوبارہ ہونے سے بچاؤ
DYSENTERY AMOEBIC AND ITS PREVENTION OF RECURRENCE

اس قسم کی پیچش ٹھیک ہو جانے کے بعد بعض اوقات دوبارہ شروع ہو جاتی ہے جو آنتوں کے ورم، جگر کی خرابیوں یا اسہال کا سبب بنتی ہے۔ ڈاکٹر سی۔ ایل ڈبلیو گرین "مرک کار" چھٹی طاقت، "اپی کاک" تیسری طاقت، "ایلو" چوتھی طاقت اور "کالوسنتھ" چھٹی طاقت میں علامات کے مطابق دو ماہ تک استعمال کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔

پیچش مزمن جس کے ساتھ قبض، اسہال اور بلغم کا اخراج پایا جائے
DYSENTERY CHRONIC WITH CONSTIPATION DIARRHOEA AND MUCUS

مزمن قبض میں مقعد میں شدت کے ساتھ متواتر حاجت کا قائم رہنا اور گڑگڑ
ہوتی ہے۔ تھکاوٹ حتیٰ کہ غشی کھا جانا اور بہت زیادہ چکنا پسینہ پایا جاتا ہے
ناف کے گرد درد جو نیچے مقعد تک گولی کی مانند جاتا ہے۔ پاخانہ مکمل قبض کے
ساتھ آتا ہے لیکن حاجت کا قائم رہنا جس کے ساتھ ریاح بھی ہوتی ہے مزمن
پیچش میں پورے دن کے دوران موجود رہتا ہے۔ "ایلو"

۲۔ ڈاکٹر رائے بہادر بشمبر داس مزمن یا حاد پیچش یا اسہال میں جہاں تمام
ادویہ ناکام ہو جائیں۔ اس دوا کی سفارش کرتے ہیں۔ "چپارو امرگوسا"

۳۔ پیچش میں جب کینتھرس بلغمی پاخانے کو جو آنتوں کے ٹکڑوں کی مانند خارج
ہوتا ہو ختم کر دے تو "کالی بائیکرومیکم" شفا کو مکمل کر دیتی ہے جبکہ پاخانہ چپچپا ہو
اور نوبتی قبض پائی جائے۔

۴۔ کھانے اور پینے کے بعد پیٹ میں درد کے ساتھ خونی پاخانہ ہو تو
"ٹرومبیڈیم" چھٹی طاقت جسم میں پانی کی کمی سے بچاؤ کے لئے خصوصاً بچوں میں
باقاعدہ وقفے سے گلوکوز پانی میں ملا کر پلانا چاہیئے۔

۵۔ آنتوں کے ورم اور مزمن پیچش کے لئے چوٹی کی دوا ہے جو کہ بیماری
کو تیزی سے شفایاب کر دیتی ہے۔ "سلفر" دو سو طاقت میں۔

پیچش مروڑ کے ساتھ۔ بار بار پاخانہ کے لئے جانے کی خواہش

DYSENTERY WITH GRIPPING WITH REPEATED DESIRE TO GO TO STOOL

مریض کے پیٹ میں شدید مروڑ اٹھتا ہے جس کے
ساتھ درد اور بار بار پاخانے کے لئے جانے کی خواہش ہوتی ہے اور پاخانہ کرنے
کے بعد تھوڑے سے وقفے کے لئے آفاقہ ہوتا ہو۔ "نکس وامیکا" موازنہ کریں،
"مرک سال اور مرک کار" سے جن میں پاخانہ کرنے کے بعد آفاقہ نہیں ہوتا۔ مرک سال
اس صورت میں موزوں ہے جبکہ پاخانہ کے ساتھ بلغم کا اخراج موجود ہو، اور

مرک کار اس وقت جبکہ خون کا اخراج واضح طور پہ موجود ہو۔

پیچش مہلک جس کے ساتھ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے اور سفنکر کا فالج پایا جائے

DYSENTRY MALIGNANT WITH COLD EXTREMITIES AND PARALYSIS OF SPHINCTERS

انتہائی درجے کی بڑھی ہوئی حالت میں جبکہ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے اور سفنکروز کا فالج پایا جائے تو یہ دوا مفید ہے "فاسفورس"۔

پیچش بوڑھے لوگوں کی

DYSENTERY OF OLD PEOPLE

بوڑھے لوگوں میں "بپٹیشیا"

پیچش خون کی جس کے ساتھ پاخانے کی متواتر حاجت بنی رہے اور اس کا علاج

DYSENTERY BLOODY WITH TENESMUS AND ITS TREATMENT

پاخانہ کرنے کی متواتر حاجت کا بنے رہنا اور ایسا احساس کہ یہ ختم نہیں ہو سکتی۔ پاخانے اور منہ سے گندی بو۔ مریض پیشاب کرتے وقت ہلکی سی تکلیف محسوس کرتا ہے۔ پاخانہ سبزی مائل، خون آمیز، کیچڑ نما اور سفیدی مائل بھورے رنگ کا۔ رات کو تکلیف میں اضافہ۔ موازنہ کریں "نکس وامیکا" سے جو موسم گرما کی پیچش کے لئے مفید ہے۔ پہلے چند خوراکیں "اکونائٹ" کی دیں۔ اس کے بعد "مرک سال" دیں۔ مرک سال کو مزید طاقت پہنچانے کے لئے جبکہ پیچش کی علامات عملی طور پہ شفایاب ہو جائیں تو ایک خوراک "سلفر" کی دینی چاہیئے۔

پیچش خونی موسم گرما کی

DYSENTRY BLOODY OF SUMMER WEATHER

حاجت کا متواتر قائم رہنا، منہ سے بدبو آتی ہو۔ مریض پیشاب کرتے وقت ہلکی سی تکلیف محسوس کرے۔ پاخانہ سبزی مائل

خون آمیز، کیچڑ نما، سفیدی مائل بھورے رنگ کا۔ رات کے وقت تکلیف میں اضافہ پہلے "اکونائٹ" کی چند خوراکیں دیں اور اس کے بعد "مرک سال"۔ "سلفر" کی ایک خوراک "مرک سال" کو سپورٹ کرنے کے لئے دیں۔ جبکہ پیچش کی علامات عملی طور پر شفایاب ہو رہی ہوں۔

حیض پر درد لیکوریا کے ساتھ اور بے قاعدہ

DYSMENORRHOEA IRREGULAR WITH LEUCORRHOEA

پیٹ میں درد حیض بہت جلد اور بہت زیادہ اور کافی دیر تک رہے۔ پیٹ میں ناف کے مقام پر اینٹھن والا درد، پیٹ میں شدید اینٹھن، اخراج بدبو دار اور خارش کرنے والا۔ "کریوزوٹ"۔

۲۔ عمر کے نازک مرحلے پر حیض کی بے قاعدگیاں، شدید اینٹھن پیٹ درد، بے سکونی کے نتیجہ میں لیٹنا پڑے، رات کو نیند نہ آئے۔ پیشانی کا درد سر، پانی کی مانند دودھ کی رنگت کا لیکوریا، ناک سے خون آئے۔ دانت کا درد ہو۔ "سیپیا"۔

۳۔ درد تھکا دینے والے جلندار ہوتے ہیں جو نیچے کولہوں تک پھیلتے ہیں۔ ماہواری بہت زیادہ اور درد کے ساتھ۔ ماہواری سے قبل سر میں درد ہو تو ڈاکٹر ہیل اس دوا کی سفارش کرتے ہیں۔ "زینتھا کسائیلم"۔

۴۔ حیض بہت جلد، جانگھوں کی اطراف میں درد۔ معدے میں درد، متلی، نزلہ جس کے ساتھ ناک بند ہو۔ شدید پیٹ درد، گھٹنوں میں درد، اعضائے مخصوصہ پر خارش۔ "میگنیشیا کارب"۔

۵۔ ڈاکٹر کونارڈ وسل ہوفٹ کے مطابق پر درد حیض کے لئے جو تھوڑی مقدار میں اور بے قاعدگی سے ہو۔ رحم میں اینٹھن، بہت زیادہ منجمد خون کے لوتھڑوں کا اخراج ہو تو یہ دوا بہت مفید ہے۔ "کاکولس"۔

۶۔ پر درد حیض جبکہ پیٹ کے نچلے حصے اور رحم میں شدید درد ہو۔ درد حیض کا اخراج شروع ہونے سے قبل ہونا، درد کمر سے جانگھوں کو جاتا ہو۔ ڈاکٹر

ڈبلیو۔ بورک اس دوا کے مدر ٹنکچر کے بیس قطرے چھوٹے گلاس پانی میں ڈال کر اس سے ایک چمچ فی خوراک کے حساب سے بار بار دینے کی سفارش کرتے ہیں۔ "وائی برنم اوپولس"۔

حیض پر درد ہسٹیریا کے مزاج والی عورتوں میں

DYSMENORRHOEA IN HYSTERICS

حیض کے اخراج کے تمام دورانیہ میں شدید درد، جتنا اخراج زیادہ ہوتا ہے اتنا ہی درد بھی زیادہ ہوتا ہے۔ ماہواری کے اخراج میں بے قاعدگی خصوصاً ہسٹیریا اور گنٹھیاوی مزاج عورتوں میں۔ "اکٹیا ریسی موسا"۔

حیض پر درد بہت جلد سیاہ اخراج اعصابی قسم کے درد کے ساتھ

DYSMENORRHOEA TOO EARLY WITH PAINFUL DARK FLOW OF NEURALGIC TYPE

اعصابی نوعیت کا حیض بہت جلد، اخراج سیاہ تاردار، درد حیض سے قبل زیادہ لیکن اخراج شروع ہونے پر آفاقہ، بیرونی اعضاً متورم گرمائش سے اور ہاتھ سے ہلکا سا دباؤ ڈالنے سے یا گرم پانی کی بوتل رکھنے سے آفاقہ۔ "میگنیشیا فاس"۔

بدہضمی (ضعفِ معدہ) ریاح کے ساتھ نیز بدہضمی تیزابیت کے ساتھ

DYSPEPSIA WITH FLATULENCE ALSO ACID DYSPEPSIA

ا۔ مزمن ضعفِ معدہ، کھٹی چیزوں کی خواہش کرے۔ "ہیپر سلف"۔

۲۔ ریاح بہت زیادہ جس کو ڈکاروں سے آفاقہ ہو۔ ہر کھانے کے بعد ڈکار آئیں۔ معدے میں زخموں کی نوعیت کا درد۔ نازک طبع اور عصبی مزاج عورتوں کے معدے کا ورم۔ "آرجنٹم نائیٹریکم"۔

۳۔ کھانے کے فوراً بعد معدے میں درد، کھانے کے بعد غذا کی قے اور متلی قبض اور اسہال کا آپس میں ادل بدل۔ "امونیم میور"۔

۴۔ ڈاکٹر جوسٹ بدہضمی کے زیادہ تر کیسوں میں "نکس وامیکا اور گریفائیٹس" کو ادل بدل کر دینے کی سفارش کرتے ہیں۔ وہ "نکس وامیکا" بارہ طاقت میں کھانے سے ایک گھنٹہ قبل اور "گریفائیٹس" بارہ طاقت میں کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دیتے ہیں اور ان کا دعوای ہے کہ بدہضمی کے زیادہ تر مریضوں کے لئے یہی کافی ہے۔ یہ آٹھ روز تک جاری رکھی جائے اور کچھ وقفہ کے بعد دوبارہ اسی طرح شروع کیا جائے۔

۵۔ غذا کھانے کے بعد بوجھ کی مانند پڑی رہے۔ دباؤ اور بھاری پن پایا جائے۔ پیٹ ڈھول کی مانند۔ کھانے کے فوراً بعد معدے میں کاٹنے والا درد، "کالی بائیکرومیکم" دوسو طاقت۔

۶۔ **بدہضمی تیزابیت کے ساتھ** معدے کی علامات بہت زیادہ واضح تیزابیت کے ساتھ کھٹے ڈکار، معدے کا بہت زیادہ اپھار اور ریاح۔ ریاحی درد۔ "روبینیا"۔

۷۔ پیٹ کا ریاح کی وجہ سے پھول جانا اور دل کی طرف دباؤ کا احساس "میگ یا سلکو سلفو کالیسٹا یا ایلوبینا" ۳x طاقت میں پانچ گولیوں کی خوراکوں میں دیں۔ (ڈاکٹر میریڈتھ)

بدہضمی، منہ کا ذائقہ خراب، مرغن غذا اور قے کے ساتھ

DYSPEPSIA WITH BAD TASTE WITH RICH FOOD AND VOMITING

بدہضمی اور معدے کی خرابیاں، بدہضمی جس کے ساتھ منہ کا ذائقہ خراب، کسی چیز کا ذائقہ اچھا نہ لگے حتیٰ کہ پانی کا بھی۔ منہ خشک لیکن پیاس نہ ہو۔ مرغن اور چکنی غذاؤں کے سبب معدے کی خرابی مثلاً کیک پیسٹری اور چکنی مٹھائیاں وغیرہ، معدے میں بوجھ کا احساس جیسے پتھر رکھا ہوا ہو۔ کھانے کے بعد پیٹ بہت

کیا ہوا۔ کافی دیر پہلے کھائی ہوئی غذا کی قے، منہ سے صبح کے وقت رال ٹپکے اور ذائقہ خراب۔ مریض چربیلی چیزیں برداشت نہیں کر سکتا۔ "پلساٹیلا"۔

بدہضمی نوجوان لوگوں کی جو ذہنی تکالیف اور متواتر کھاتے رہنے سے ہو

DYSPEPSIA OF ADULTS FROM BRAIN TROUBLE AND CONSTANT EATING

جب ذہنی تکالیف اور پرجوش واقعات کی وجہ سے ہاضمہ مکمل طور پر ختم ہو جائے تو یہ دوا ایسے لوگوں کے لئے جو ہر وقت کھاتے رہتے ہوں اور ہر وقت منہ چلتا رہتا ہو اور ہمیشہ خستہ چیزیں اپنی جیب میں رکھتے ہوں تاوقتیکہ معدہ بالکل جواب دے جائے بہت مفید ہے۔ "ایتھیوزا"۔

بدہضمی بوڑھے لوگوں کی

DYSPEPSIA OF OLD PEOPLE

تھوڑا سا کھانے کے بعد بھی پیٹ بہت جلد پھول جائے، کھانے کے فوراً بعد پیٹ پھول جائے تو یہ دوا ایسے لوگوں کے لئے بہت مفید ہے جن کی صحت بہت گر چکی ہو، بوڑھے اور کمیٔ خون میں مبتلا ہوں۔ "کالی کارب"۔

بدہضمی خمیر اُٹھنے والی غذا کے سبب جس کے ساتھ پیٹ کے نچلے حصے میں ریاح ہو

DYSPEPSIA DUE TO FERMENTABLE FOOD WITH FLATULANCE IN LOWER ABDOMEN

خمیر اٹھنے والی غذا، بند گوبھی، پھلیاں وغیرہ، میٹھی چیزوں کی خواہش، غذا کا ذائقہ کھٹا محسوس ہو، ڈکار آئیں، ہاضمہ بہت زیادہ کمزور، کھانے کے بعد معدے میں بوجھ اور منہ کا ذائقہ کڑوا۔ بہت تھوڑا سا کھانے کے باوجود پیٹ میں بھراؤ پیدا ہو جائے۔ ریاح کی گڑگڑاہٹ، جب جگر کے فعل میں نقص کی وجہ سے ہاضمہ کی طاقت ناکام ہو جائے۔ پیٹ کے نچلے حصے میں ناف سے نیچے پھیلاؤ پایا جاتا ہو۔ ریاح کے اخراج

سے یا ڈکاروں سے اس میں آفاقہ ہوتا ہو۔ "لائیکو" موازنہ کریں "کاربوویج اور چائنا" سے۔

بدہضمی تیزابیت کے ساتھ جو ناموافق غذا کی وجہ سے ہو

DYSPEPSIA WITH ACIDITY DUE TO INCOMPATIBLE FOOD

پیٹ کی حاد خرابیاں جو متضاد غذا کی وجہ سے ہوں۔ کھانے کے بعد منہ کا ذائقہ کھٹا، کھانے کے بعد ایک یا دو گھنٹے تک پیٹ میں دباؤ، کمر کے گرد کساؤ، کھانا کھانے کے بعد تین یا چار گھنٹے تک کوئی دماغی کام نہ کر سکے اور معدے کا پھول جانا جس کے ساتھ معدے میں پتھر کی مانند بوجھ پایا جائے۔ کھانا کھانے کے بعد کبھی بھی خوشی نہ ہو لیکن پاخانہ کرنے کے بعد خوشی ہو، پیٹ میں درد، جگر بڑھا ہوا۔ "نکس وامیکا" موازنہ کریں "پلساٹیلا" سے۔

ب: معدے کی ہاضمہ کی حالت کمزور (ہاضمہ خراب) معدے میں بہت نمایاں تیزابیت کھٹے ڈکار آئیں۔ معدہ اور آنتوں میں اپھارہ اور ضدی قسم کی ریاح۔ "روبینیا"

DYSPEPSIA OF OLD ALSO WITH HEART TROUBLE

بدہضمی بوڑھے لوگوں کی جس کے ساتھ دل کی تکلیف بھی ہو

بوڑھے لوگوں کی بدہضمی جس کے ساتھ ذہنی تناؤ پایا جائے، معدہ اپنا کام سرانجام نہ دے۔ غذا معدے میں پڑی رہے۔ کھٹی قے، نارمل پاخانہ کرنے کے بعد پیٹ میں ڈوبنے کا احساس۔ "فاسفورک ایسڈ"

ب: بوڑھے لوگوں کی بدہضمی کی تکلیف میں جس کے ساتھ دل کے افعال کی علامات اور معدے کی خرابیاں مشترک ہوں۔ "ایبیس نائیگرا"

DYSPEPSIA NERVOUS

بدہضمی اعصابی

بدہضمی اعصابی نوعیت کی، معدے کے حصے میں اہم علامات درد ہے جو بعض اوقات کھانے سے ختم ہو جاتا ہے "اناکارڈیم"

DYSPEPSIA WITH WIND TROUBLE AFTER TYPHOID

بدہضمی جس کے ساتھ ٹائیفائیڈ کے بعد ریاح کی تکلیف ہو

ٹائیفائیڈ کے بعد ہاضمہ کمزور، ریاح، ڈکاروں سے عارضی آفاقہ ہو۔ سادہ ترین غذا بھی موافق نہ ہو خصوصاً چربیلی غذا، پیٹ کے اوپر کے حصے میں بہت زیادہ ریاح جو اوپر چھاتی کی جانب جائے اور دل کی بے سکونی کا سبب بنے۔ جس کو ہوا کے ڈکاروں سے یا ریاح کے اخراج سے آفاقہ ہو۔ "کاربوویج" موازنہ کریں "پلساٹیلا، لائیکو اور چائنا" سے۔

DYSPEPSIA WIND

بدہضمی ہوا کے ساتھ

کھانے کے بعد پیٹ ہوا کی وجہ سے پھول جائے "کالی کارب"۔

DYSPNOEA WITH COLD SWEAT AND PALPITATION

تنگیٔ تنفس جس کے ساتھ ٹھنڈا پسینہ اور دل کی تیز دھڑکن پائی جائے

تنگیٔ تنفس جو ہمیں اس دوا میں ملتی ہے وہ دل کی وجہ سے ہے نہ کہ دمہ کی وجہ سے۔ تنگیٔ تنفس گرم کمرے میں زیادہ ہوتی ہے اور ٹھنڈی ہوا میں عموماً آفاقہ ہوتا ہے لیکن ٹھنڈی ہوا میں جسم سردی محسوس کرتا ہے۔ اس کی تکالیف صبح تین بجے شروع ہوتی ہیں اور ان کے ساتھ دل کی دھڑکن تیز ہوتی ہے۔ ٹھنڈے پسینے آتے ہیں۔ "امونیم کارب"۔ حملے کے دوران "کیکٹس" دوسو طاقت میں پانی میں ملا کر پانچ قطرے دیں اور اس کے بعد "آرسینکم البم" تیس طاقت پانی میں ملا کر ہر پانچ منٹ بعد ایک چمچ دیں۔

جب ٹھنڈی ہوا کا ہر جھونکا بوڑھے آدمیوں کی چھاتی کے نزلہ کا سبب بنے اور مریض گاڑھے بلغم کے ساتھ سانس لینے کے لئے ضرور اٹھ کر بیٹھے اور کھنکھارنا چاہے کیونکہ چھاتی کے بھر جانے کی وجہ سے وہ لیٹ کر سانس نہیں لے سکتا تو ایسی صورت میں کافی دیر رہنے والے نزلہ کو یہ دوا ختم کر دے گی "انٹی مونیم ٹارٹ"۔ اگر بلغم زرد رنگ کا ہو تو پھر اس کو یہ دوا دیں "امونی ایکم"۔

تنگیٔ تنفس دل کی علامات کے ساتھ
DYSPNOEA WITH CARDIAC SYMPTOMS

دل کی علامات کے ساتھ اعصابی ہیجان کی وجہ سے۔ اعصابی مزاج لوگوں میں ہلکی سی مشقت سے بھی سانس لینے میں دمہ کی سی دقت۔ "امبرا گریسیا"۔

تنگیٔ تنفس ہسٹیریکل
DYSPNOEA HYSTERICAL

ہسٹیریا کی مانند دورے، جماع کے بعد امبرا کی مانند تنگیٔ تنفس، رات کو اضافہ، "ایسا فوٹیڈا"۔

۱۔ چھاتی میں گھٹن سانس لینے میں رکاوٹ کے ساتھ منہ کھول کر سانس لے "ناجا ٹرائی پوڈین"۔

۲۔ ہلکی سی غذا کھانے سے ہو۔ "فاسفورس"۔

تنگی تنفس حاملہ عورتوں میں جس کے ساتھ ٹانگیں متورم ہوں
DYSPNOEA OF PREGNANT FEMALES WITH SWOLLEN LEGS

اس کے ساتھ ہاضمہ کی خرابیاں بھی موجود ہوتی ہیں۔ یہ عموماً کھانے کے بعد ہوتا ہے کہ عورت سانس کی تکلیف میں مبتلا ہوتی ہے جس کے ساتھ سر میں شدید خون کا دباؤ ہوتا ہے اور چہرہ سرخ ہوتا ہے۔ ڈاکٹر جہار "نکس وامیکا" کی سفارش کرتے ہیں۔ دو گولیاں خشک حالت میں زبان پہ رکھیں۔ اس تکلیف کی بہت عمدہ دوا ہے۔ بعض حالتوں میں پیٹ میں ریاح اور اپھارہ ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں "چائنا" بہت مفید دوا ہے۔ ٹانگوں کے ورم کے لئے جبکہ چہرہ پھولا ہوا ہو۔ "آرسینکم البم"۔

پیشاب کا تکلیف کے ساتھ آنا، پیشاب اور پاخانہ کا غیر ارادی اخراج
DYSUREA (PAINFUL URINATION INCLUDING INVOLUNTRY STOOL AND URINE

درد اور مثانے کے احساس کو پیشاب کر چکنے کے بعد بھی آفاقہ نہ ہو پیشاب قطرہ قطرہ خارج ہو۔ بوڑھی عورتوں میں پیشاب اور پاخانہ غیرارادی طور پر خارج ہو جائیں۔ "اکوی زیٹیم" چھٹی طاقت میں۔

۲۔ مریض عموماً پیشاب کرتے وقت شدت درد سے پاگل ہو جاتا ہے۔ جلن اور پیشاب کے لئے زور لگانا انتہائی دردناک حالت ہوتی ہے۔ "رہینس" مدر ٹنکچر دس قطرے ایک چھوٹی شیشی میں پانی ڈال کر اس میں ملالیں اور استعمال کرائیں۔

"ڈاکٹر برنٹ"

کان کا درد (EARACHE)

دھڑکن دار اور جلن دار درد۔ "بیلاڈونا"

کان میں پھنسیاں EAR BOILS ON IT

پھنسیاں شدید درد کرنے والی تپکن والی۔ کان کی نالی میں چھالے۔ "کلکیریا پکریٹا" تیس یا دوسو طاقت میں "بیلاڈونا" تیس طاقت کو "مرک سال" کے ساتھ ایک ایک گھنٹے کے وقفے سے ادل بدل کر دینے سے پھنسیاں پیپ بننے سے محفوظ رہیں گی۔

کان کا درد، سوجن زکام کے دوران پھیلے EARACHE INFLAMATION SPREADING DURING COLD

نزلہ میں سوجن بہت جلد کان گلے اور نرخرے تک پھیلتی ہے۔ کان سے پیپ خارج ہونے کے باوجود شدید درد ہو اور کانوں میں گھنٹیاں بجیں۔ "ایلیم سیپا" موازنہ کریں "پلساٹیلا، کیمومیلا" سے خصوصاً بچوں کے کان درد میں نیز "کالی میور" سے بھی۔

کان سے بدبودار اخراج بچوں میں EAR DISCHARGE OFFENSIVE IN CHILDREN

خصوصاً بچوں کی مزمن اور حاد تکالیف میں، پیپ گاڑھی اور سبزی مائل، پیاس کا نہ ہونا،

گرمی کا احساس اور بے چینی ، ٹھنڈی ہوا میں آہستہ آہستہ ٹہلنے سے آفاقہ، شنوائی دشوار جیسا کہ کان اندر سے بند ہیں۔ اخراج بدبودار، کان بہنا "پلسا ٹیلا"

کان کا بہرہ پن اور پردے کا پھٹ جانا

EAR DEAFNESS ALSO PERFORATION

۱۔ یہ دوا بہرے پن کے لئے بہت مفید ہے "کالی میور" ۲۔ پردے کے پھٹ جانے یا کان کے اندر کسی پھوڑے کی وجہ سے ہو تو ۔ "ہیپر سلف"

کان کا بہرہ پن نزلاوی بوڑھے لوگوں میں

EAR DEAFNESS CATARRHAL IN OLD PEOPLE

بوڑھے لوگوں میں نزلاوی بہرہ پن اور کان اور حلق کے درمیان کی نالی میں رکاوٹ کی وجہ سے بہرہ پن، مرطوب موسم میں اضافہ ۔ "مرکیورس ڈلسس"۔

کان کا بہرہ پن مزمن یا پیدائشی

EAR DEAFNESS CHRONIC OR FROM BIRTH

کان کا بہرہ پن مزمن یا پیدائشی، اس دوا سے شفایاب ہو جاتا ہے علاج کا آغاز تیس طاقت سے کریں اور بتدریج اونچی طاقتیں استعمال کرائیں۔ اس کو کافی عرصہ یعنی چھ ماہ یا ایک سال تک استعمال کرائیں ۔ "میفائیٹس"۔

ہر ماہ "ٹیوبر کولینم" دو سو طاقت میں ایک خوراک اثر کو تیز کرنے والی اور ربط قائم رکھنے والی دوا کے طور پہ دینی چاہیئے۔ اس سے دو دن پہلے اور بعد دوسری کوئی دوا نہیں دینی چاہیئے۔ (ڈاکٹر رائے بہادر بشمبر داس)

کان کا بہرہ پن کسی رکاوٹ کی وجہ سے ہو

EAR DEAFNESS DUE TO OBSTRUCTION

کان میں کسی رکاوٹ کی وجہ سے بہرہ پن ہو، "وربیسکم"۔

کان کا بہرہ پن خسرہ کے بعد

EAR DEAFNESS AFTER MEASLES

"پلسا ٹیلا" ہفتے میں دو بار۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو "کاربو ویج" ہر چار روز بعد۔

کان کا بہرہ پن ٹانسلز کے ورم کے ساتھ
EAR DEAFNESS WITH SWELLING OF TONSILS

بہرہ پن جس کے ساتھ ٹانسلز متورم ہوں۔ اس کے لئے مفید دوا ہے۔ "برائٹا کارب"۔

کان سے بدبودار اخراج
EAR DISCHARG FETID

کان سے بدبودار پیپ کا اخراج ہو تو اس کے لئے مفید ہے۔
"ہیپر سلف"۔

کان میں ڈالنے کی دوا
EAR DROPS

کان میں چبھن دار درد، کان کا اعصابی درد، درد والے کان میں ڈالیں۔
"پلانٹیگو" مدر ٹنکچر۔

کان سے اونچا سنائی دے
EAR HARDNESS OF HEARING

عموماً بہرہ، گلے اور کان میں ڈاٹ کا احساس، بہت زیادہ سردی لگے جنسی اعضاء اور مقعد میں ڈاٹ کا احساس۔ "انا کارڈیم"۔ دو سو طاقت میں اور اونچی طاقتیں حسب ضرورت استعمال کرائیں۔

کان، سننا
EAR HEARING

کان کی کسی عضوی یا نامیاتی خرابی کے بغیر اونچا سنائی دے گانا سننے سے جسم کی کئی علامات میں اضافہ ہو۔
"امبرا گریسیا"۔

کان کا ورم
EAR INFLAMATION

جب بیرونی کان متورم اور سرخ ہو، بیرونی نالی میں شدید درد اور خارش ہوتی ہو اور بعض اوقات کان کی بیرونی نالی بند ہو جائے۔ ڈاکٹر جوسٹ اور ڈاکٹر فرنگٹن "پلساٹیلا" کی سفارش کرتے ہیں اور اگر یہ ناکام ہو جائے تو "مرک سال"۔
۲۔ جب پیپ پتلی، بدبودار اور زیادہ عرصہ سے ہو اور نالی چھونے سے

ذکی الحس ہو۔ "ٹیلوریم"۔

۳۔ کنپٹی کے پچھلے حصے میں شدید دکھن، کان میں مزمن پیپ پڑنے کا عمل جس کے ساتھ پھٹنے کا سا سر درد، درد گلے تک جائے اور کان کا ڈھول سوراخ دار پشت کان کی پچھلی ہڈی کا دھمکی آمیز پھوڑا۔ "کیپ سی کم"۔

۴۔ کان کے بیرونی اور اندرونی حصے میں ورم جس سے پیپ کا اخراج ہو۔ کان کے پچھلے اندرونی حصے میں چبھن۔ "بیلا ڈونا"۔

۵۔ مزمن اور متواتر اخراج۔ ڈاکٹر ڈیوی اس دوا کی سفارش کرتے ہیں "سلیشیا"۔

۶۔ بہت زیادہ بدبودار اخراج۔ "سورائینم"۔

۷۔ خسرہ کے بعد درد اور خشکی کے ساتھ اخراج۔ "کالچیکم"۔

۸۔ اندرونی اور بیرونی کان کا ورم۔ "کالی بائیکرومیکم"۔

کنپٹی کی ہڈی کے پچھلے ابھار کا ناسور
EAR MASTOID CARIES

کان کی ہڈیوں کا ناسور، کنپٹی کی ہڈی کے پچھلے ابھار کا ناسور، ضدی قسم کا کان کا بہنا۔ "آرم میٹ"۔

کان کا مختلف اقسام کا درد
EAR PAIN OF VARIOUS TYPE

ا۔ کان میں گھنٹیاں بجنا، کان کا درد جس کے ساتھ دکھن، سوجن اور گرمی پائی جائے جو مریض کو بدحواس کر دے کان بند محسوس ہوں۔ "کیمومیلا"۔

ب: کان کے غدود متورم جب کوئی چیز نگل رہا ہو تو کانوں میں کڑکن ہو "کالی میور"۔

۲۔ جب درد کان سے شروع ہو اور دانتوں تک جائے۔ "مینگنم ایسٹیکم"۔

۳۔ جب اچانک ہونے والے اور رینگنے والے درد ہچکی کے ساتھ ہوں تو

"ٹیرن ٹولا ہسپانیہ"۔

۴۔ بائیں کان میں چیرنے والا درد، درد عموماً ایک چبھن کے ساتھ ختم ہوتا ہے خصوصاً سر میں درد۔ سرد اور مرطوب موسم میں اضافہ۔ "گوائیکم"۔

۵۔ دائیں کان میں درد جو دانتوں اور چہرے تک جائے۔ چہرے کی تمام دائیں جانب رینگن، ٹھنڈک اور سُن ہونے کا احساس۔ "پلانٹیگو"۔

کان درد بچوں کا
EARACHE OF INFANTS

۱۔ کھودنے والے اور چیرنے والے درد۔ "بیلاڈونا"

۲۔ بچپن کا کان درد جو بہت شدید ہو اور مریض بے چین ہو۔ "کیمومیلا" مخصوص دوا ہے۔

۳۔ برچھیاں لگنے کے سے پاگل کر دینے والے درد، بیرونی کان کی خارش بدبودار پیپ کا اخراج۔ "ہیپر سلف"۔

کان سے بدبودار اخراج
EAR DISCHARGE PRULENT

کان سے سڑے ہوئے گوشت کی مانند بدبودار اخراج، کان میں دانے بن جائیں کان کا گومڑ جب نگل رہا ہو تو کانوں میں کڑکن، مزمن ورم کان۔ "تھوجا"۔

کان کا اخراج جو سرخی کا سبب بنے
EAR DISCHARGE CAUSING REDNESS

کانوں سے اخراج، کانوں میں سیٹیاں بجیں، نزلادی بہرہ پن، اخراج کانوں کی سرخی کا سبب بنے۔ "سلفر"۔

کان کا اخراج سفلسی
EAR DISCHARGE SYPHILITIC

کان میں جلن جس کے ساتھ بدبودار پیپ کا اخراج ہو اور کانوں میں اندر سے باہر کی جانب ٹانکے لگیں۔ سفلسی مزاج لوگوں کا اس کے لئے بہت مفید دوا ہے۔ "ایسا فوٹیڈا"۔

کان کا میل
EAR WAX

کانوں میں میل کا جمع ہو جانا۔ اس کے لئے بہت مفید دوا ہے۔ "کونیم"۔

بچوں کا گندی چیزیں کھانا
EATING DIRTY THINGS BY CHILDREN

گندی اور ناقابل ہضم چیزیں کھانا، خصوصاً بچوں میں بہت اہم علامت ہے۔ مفید دوا ہے۔ "کلکیریا کارب"۔

ایگزیما تمام جسم پر
ECZEMA ALL OVER BODY

تمام جسم پر ابھار، مرطوب چھلکے جو کپڑوں کے ساتھ چپک جائیں، رات کو جوشش "بیسی لینیم" بار بار دیں۔

ایگزیما میں خارجی استعمال کے لئے
ECZEMA EXTERNAL APPLICATION

"ہائیڈراسٹس، سکوکم چک، ہیما میلس، کیلن ڈولا اور ایکی نیشیا" مرہم کی شکل میں یا زیتون کے تیل میں ایک اور دس کی نسبت سے ملا کر لوشن بنا کر بیرونی طور پہ ملنا چاہیئے۔

ایگزیما عام مختلف مقامات پہ
ECZEMA GENERAL AT DIFFERENT PLACES

ا۔ ایگزیما اور دمہ آپس میں ادل بدل جائیں۔ دمہ میں موسم سرما میں اضافہ ہو، حملے کے دوران قے کرے اور اس کے بعد آفاقہ ہو، بار بار زکام اور کھانسی، ایک سے زیادہ مرتبہ ویکسین کا ٹیکہ لگا ہو۔ دمہ ایگزیما کے ساتھ بدل جائے۔ "تھوجا" دوسو طاقت میں تین خوراکیں چار گھنٹے میں دی جائیں۔ اس کے ساتھ دوسرے روز "اپی کاک" بار بار دہرائیں۔ علامات کے مطابق "سیلیشیا" تیس طاقت میں دیں اور "سلفر" دوسو طاقت صرف تین خوراکیں دے کر ختم کر دیں۔ ایک ماہ کے

بعد دوبارہ "سلفر" ایک ہزار طاقت میں صرف ایک خوراک دیں۔

ایگزیما۔ خون صاف کرنے والی
ECZEMA BLOOD PURIFIER

گن پوڈر بہت بڑی انٹی سورک دوا ہے اور خون کو صاف کرنے کی عمدہ صلاحیت رکھتی ہے۔ یہ بہت سی جلدی تکالیف کو صاف کرنے میں مدد دیتی ہے اس کو تین ڈیسی مل طاقت میں کافی عرصہ تک استعمال کرنا چاہیئے۔

ایگزیما۔ ذیابیطس والے لوگوں کا
ECZEMA OF DIABETICS

بغیر ابھاروں کے خارش "ڈولی کس" ذیابیطس کی خارش کو کنٹرول کرے گی خصوصاً بڑھاپے کی خارش کے لئے مفید ہے۔ رات کے وقت اضافہ، کندھوں کے درمیان اضافہ، نیز کہنیوں کے گرد اور گھٹنوں اور بالوں والے حصوں پر زیادہ۔ "ڈولی کس" ڈاکٹر ڈیوی۔

ایگزیما۔ ٹخنوں کا
ECZEMA OF ANKLES

ٹخنوں کے جوڑوں کے گرد اور جلد کی تہوں میں انگلیوں کے درمیان اور ہتھیلیوں پر ایگزیما، انگلیوں کے درمیان چھالہ نما ابھار۔ "سیلینیم"۔

ایگزیما مقعد کے گرد ECZEMA AROUND ANUS

مقعد میں دکھن۔ اس کو یہ دوا خشک کر دیتی ہے۔ "گریفائیٹس"۔

ایگزیما تمام جسم پر
ECZEMA ENTIRE BODY

تمام جسم پر ایگزیما، خارش میں رات کے وقت اضافہ جب کپڑے اتارے تو مزید شدت مریض دل شکستہ اور چڑچڑا ہوتا ہے۔ بہت جلد سردی کا اثر قبول کر لیتا ہے۔ "ٹیوبر کولینم" اثر کو تیز کرنے والی دوا کے طور پر جب کہ تمام صحیح تجویز شدہ دوائیں ناکام ہو جائیں دینا چاہیئے۔ یہ عموماً زیادہ تر جلدی تکلیف کی اہم دوا ہے۔ یہی طریقہ "سفلینم" کا ہے اور دونوں اپنی مخصوص علامات کی حامل ہیں۔

ایگزیما۔ گنٹھیاوی مزاج لوگوں کا
ECZEMA OF GOUTY PERSONS

بہت زیادہ جلن پیدا کرنے والی خارش ابھاروں کی مانند جس کے ساتھ سرخی پائی جائے خصوصاً ایسے لوگوں میں جن کا رجحان گنٹھیا کی طرف ہو اور تکلیف دہ کھانسی ہو۔ "لیڈم"۔

ایگزیما بالوں کے کناروں پر۔
ECZEMA MARGIN OF HAIRS

جلد خراب اور کھردری، جلد کی تہوں میں بہت زیادہ دکھن، شدید خارش خصوصاً رات کے وقت، بھیگ جانے سے اس میں جلن پیدا ہو۔ کھوپڑی پر خشکی اور گرمی۔ ڈاکٹر ڈیربورن کا قول ہے کہ یہ دوا دوسری کسی چیز سے زیادہ خارش کو شفایاب کرے گی۔ یہ بہت بڑی انٹی سورک دوا ہے۔ "سلفر" چھٹی طاقت میں۔

ایگزیما۔ گردن کی تہوں میں
ECZEMA IN THE FOLDS OF NECK

چیچک کی مانند ابھار، ایگزیما جو خشک ہو کر چھلکوں کی شکل اختیار کر جائے اور اس میں آگ کی مانند جلن ہو۔ دھونے سے اس میں اضافہ، اس دوا کی ایک خوراک رات کو اور صبح کے وقت دینی چاہیئے اور خارجی طور پر اس کو ایک اور دس کی نسبت سے گلیسرین میں ملا کر ملنا چاہیئے۔ "ہائیڈراسٹس"۔ ڈاکٹر لیوری۔

ایگزیما۔ اعضاء تناسل پر
ECZEMA ON GENITALS

شدید خارش لیکن کھرچنے سے درد ہو، آبلہ دار ابھار خصوصاً چہرے، آلۂ تناسل اور خصیوں پر جس کے ساتھ خوفناک خارش جس کے بعد درد اور جلن ہو۔ ڈاکٹر ہیوجز کے مطابق یہ دوا ایگزیما کی خارش کو بہت تیزی کے ساتھ مکمل طور پر شفا دے گی۔ "کروٹن ٹگ"۔

ایگزیما۔ پیپ دار
ECZEMA PUSTULAR

پھنسیاں اور آبلے، ایگزیما جس سے پیپ دار یا پانی کی مانند اخراج ہوتا ہو اور اس کے بعد کھرنڈ بن جاتے

ہوں جو کہ چاند کے بڑھنے کے ساتھ متورم ہو جائیں اور چاند گھٹنے کے ساتھ خشک ہو جائیں۔ خارش میں ٹھنڈے پانی سے دھونے سے اضافہ ہو، چہرے، ہاتھوں اور کھوپڑی پر پشت سر پہ زیادتی۔ رات کو اور بستر کی گرمی سے اضافہ سوزاکی اور سفلیٹک مریضوں میں مفید ہے۔ "کلیمیٹس" ڈاکٹر بورک۔

ایگزیما۔ سرخ دھبے
ECZEMA RED BLOTCHES

خارش میں کھرچنے سے اضافہ، سرخ اور دکھن والے دھبے تمام جسم پہ، جسم کے بالوں والے حصے میں زیادہ خارش ہو۔ ایسے پھوڑوں کے لئے بھی مفید ہے جو بغیر پیپ کے مندمل ہو جائیں۔ نیز ہاتھوں، کہنیوں اور گھٹنوں کی خارش کے لئے بھی۔ "فیگو پائرم"۔

ایگزیما۔ کھوپڑی پر
ECZEMA ON SCALP

کھوپڑی اور چہرے پہ ایگزیما خشک اور چھلکوں والا، کھوپڑی پہ کھرنڈ جمے ہوئے، بال گرتے ہوں رساؤ کے بعد کھرنڈ بن جائیں اور ان میں نئے پھوڑے پیدا ہوں۔ رات کو اور بستر کی گرمی سے اضافہ ہو۔ ایگزیما زیادہ تر سر اور چہرے، رخساروں اور کانوں کی اطراف میں ہو، چربی بنانے والے غدود زیادہ اخراج کریں۔ "سورائینم"۔

اگر پوری کھوپڑی ایگزیما سے ٹوپی کی مانند ڈھکی ہوئی ہو تو۔ "سائیکوٹا" دوسو طاقت میں۔

ایگزیما۔ غدودوں کی سوجن کے ساتھ
ECZEMA WITH SWELLING OF GLANDS

جسم، چہرے، بازوؤں اور ٹانگوں کے غدود اور لمفاوی نالیوں کی سوجن، جلد میں دکھن یا خارش ہاتھوں کے جوڑوں کی جلد کا چھیلنا۔ "سیپیا"۔

ڈاکٹر ڈیوی کا کہنا ہے کہ جلد کی تمام تکالیف کے لئے "ٹیوبرکولینم اور سفلینم" بہت اہم ادویات ہیں۔ چونکہ دونوں کا مخصوص فیلڈ اور مخصوص علامات ہیں لہذا علاج

کرتے وقت ہیں ان کو نہیں بھولنا چاہیئے ۔ ایسے چھالے جن کے گرد سرخ رنگ کا دائرہ ہو اور اس میں خارش ہو۔ خصوصاً ناک ، گردن ، کندھوں اور پشت کان پہ جن کے ساتھ متلی اور کھانسی پائی جائے ۔" انٹی مونیم ٹارٹ" نیز ملاحظہ ہو اس عنوان کا نمبر ۳ ۔ سورج کی شعاعوں کے لئے جو اس تکلیف کا سبب بنیں ۔" ہائیڈراسٹس ، سکوکم چک ، ہمامیلس اور ایکی نیشیا" لوشن یا مرہم کی شکل میں استعمال کی جاسکتی ہیں۔

خارش کرنے والے ابھار بہت تیزی کے ساتھ پیپ دار بن جائیں اور موٹے ہونے کے بعد بہنا شروع کر دیں ۔ زرد رنگ کے مواد کا اخراج ہو۔ دائیں سے بائیں جانب کو پھیلیں اور انگلیوں ، پپوٹوں ، چہرے اور خصیوں ، چھاتی اور گردن کو متاثر کر دیں ۔ ناقابل برداشت خارش ۔" اناکارڈیم "۔

ہاتھوں اور کلائیوں کا ایگزیما ۔ ایک حملہ ابھی ختم ہونے والا ہی ہوتا ہے کہ دوسرا شروع ہو جاتا ہے ۔ ہاتھوں کے استعمال کرنے سے یہ رسنا شروع ہو جاتا ہے ۔ ناقابل برداشت خارش اور دکھن جس کے ساتھ بدہضمی اور کھانسی ہوتی ہے ۔ نیز غدود بھی متورم ہوتے ہیں ۔" جوگلانس سینیریا "۔

خشک مزمن ایگزیما ، بازوؤں کی جلد قدرتی جلد کے مقابلے میں زیادہ گاڑھی اور خراب تر ہوتی ہے ۔ گرم ہونے پہ خارش اور چبھن پائی جاتی ہے ۔ اس کے لئے "کالی آرس" دیں ۔

ایگزیما پھنسیوں کی مانند
ECZEMA BLISTER LIKE

مزمن اور حاد دونوں ۔ ایگزیما پھنسیوں کی مانند ہوتا ہے ۔ چھوٹے چھوٹے پھنسیوں کی مانند ابھار پائے جاتے ہیں ۔ بہت زیادہ خارش ، مریض ان کو کھرچتا ہے لیکن اس سے کوئی خاطر خواہ آفاقہ نہیں ہوتا ۔ تین بنیادی علامات موجود ہوتی ہیں ۔ بے چینی ، پیاس اور سردی کا لگنا ۔ رسٹاکس "۔

ایگزیما ۔ کانوں کا
ECZEMA OF EARS

ا ۔ کانوں کے پیچھے سے رطوبت رستی ہے ۔" لائیکو "۔
۲ ۔ رونے والا ایگزیما ، کھرچنے پہ مواد کا اخراج

ہوتا ہے۔ "گریفائیٹس" دوسو سے ایک ہزار طاقت تک دیں (مزمن حالتوں میں) اور حاد حالتوں میں نچلی طاقت میں چھ مرتبہ روزانہ دیں۔ خارجی طور پر "گریفائیٹس" مرہم استعمال کرائیں۔

ایگزیما۔ چہرے پر
ECZEMA ON FACE

ضدی قسم کا ایگزیما چھوٹے بچوں کے چہرے پر اور سر پر۔ اس کے لئے مفید ہے۔ "کالی میور"۔

ایگزیما ہاتھوں کا اور جس سے مواد نکلے
ECZEMA OF HANDS AND WEEPING ECZEMA

۱۔ ہاتھوں کی پشت پر کلائیوں پر، بازوؤں پر، کہنیوں تک چھالے جن میں خارش ہو۔ کھرچنے سے خارش میں اضافہ، کھرچنے کے بعد ابھاروں سے مواد رستا ہو۔ دھونے سے ابھاروں میں اضافہ۔ "میزیریم"۔

۲۔ رسنے والا ایگزیما، کھرچنے پر ابھاروں سے پانی کی مانند مواد کا اخراج، مزمن حالتوں میں "گریفائیٹس" دوسو طاقت سے ایک ہزار طاقت تک اور حاد حالتوں میں نچلی طاقت میں دینی چاہیئے۔

ایگزیما ہاتھوں کی پشت پر
ECZEMA ON BACK OF HANDS

ہاتھوں کی پشت پر ایگزیما جس سے رطوبت خارج ہوتی ہے۔ بیکرز کا ایگزیما، نیز گھٹنوں کے جوڑوں میں بھی ایگزیما۔ "بووسٹا"۔

ایگزیما ہاتھوں اور انگلیوں پر
ECZEMA ON HANDS AND FINGERS

ہاتھوں اور انگلیوں پر ایگزیما "کاربوویج، مرک سال، سلفر اور سیپیا"۔

ایگزیما بالوں کی جڑوں میں
ECZEMA HAIR FOLICLES

کچے زخم اور ورم خصوصاً بالوں کے کناروں پر زیادہ۔ ایسے ابھار جن سے

چھلکے اتریں خصوصاً بازوؤں اور ٹانگوں کے جوڑوں کی جلد پہ پائے جاتے ہیں۔ نیز کھوپڑی کے کناروں اور کانوں کے پیچھے بالوں کی جڑوں کو متاثر کرتے ہیں۔ اس کے لئے "نیٹرم میور" دیں۔

۲۔ چھوٹی چھوٹی پھنسیاں بالوں کی جڑوں میں جن کو کھرچنے سے خون نکلے "کلکیریا کارب"۔

ایگزیما مقعد پہ
ECZEMA ON ANUS

یہ دوا مقعد کی عمدہ دواؤں میں سے ایک ہے اس میں عموماً مقعد کے گرد ایگزیما پایا جاتا ہے یہ مقعد کی پھٹن کے لئے بھی مفید ہے۔ "گریفائیٹس" (ڈاکٹر بورک)

ایگزیما سر کا
ECZEMA ON HEAD

سر کا ایگزیما، اخراج تیزابی ہوتا ہے اور جس جگہ پہ لگتا ہے اس کو جلا دیتا ہے۔ اس کے لئے مفید ہے۔ "آرم ٹرائی فیلم"۔

ایگزیما پپوٹوں کا
ECZEMA ON LIDS

"گریفائیٹس" ایگزیما جیسی پپوٹوں کی تکالیف میں اولیت کی حامل ہے اور "سٹافی سیگریا" ثانوی حیثیت رکھتی ہے۔

ایگزیما، ناک پہ
ECZEMA ON NOSE

ایگزیما ناک اور ہونٹوں پہ ہو تو اس کے لئے مفید ہیں۔ "ایلومینا، کالی کارب اور فاسفورس"۔

ایگزیما رسنے والا
ECZEMA DOZING

پیپ کا یا سادہ مائع کا رسنا، کھرچنے کے بعد داغوں والی جگہ میں جلن، ہونٹوں پہ ابھار، منہ اور ہونٹوں کے گرد چھالے۔ "سیپیا"۔

ایگزیما۔ بالوں والے حصوں پہ
ECZEMA ON HAIRY PARTS

بالوں والے حصوں پہ ناقابل برداشت خارش، بہت زیادہ اخراج، سر چہرے

کی مانند چھلکوں سے ڈھانپا ہوا جس کے نیچے پیپ جمع ہو، بال آپس میں جڑے ہوئے، پیپ بدبودار ہو۔ ''میزیریم''۔

ایگزیما مزمن — ECZEMA CHRONIC

جلد پہ شدید ابھار جو کئی سالوں سے ہوں۔ ''بیسی لینم''۔

ایگزیما بیرونی کان اور سوراخوں پر — ECZEMA ON EXTERNAL EAR AND MEATUS

بیرونی کانوں اور ان کے سوراخوں پہ ایگزیما، جن سے مواد رستا ہو۔ جو چمکیلا اور کچھ حصہ کرنڈدار ہو۔ زخموں سے نکلنے والا مواد خشک ہو کر کھرنڈ کی شکل اختیار کر لیتا ہے اس کے ساتھ گلے کی تکلیف بھی ہوتی ہے۔ ''میڈرینم'' اور ''بیسی لینم'' ایک ایک ہزار طاقت ہیں۔

ایگزیما خارش والا اور دوبارہ ہونے والا — ECZEMA ITCHING AND RECURRING

ایگزیما شدید خارش والا ''انا کارڈیم''۔

۲۔ ایگزیما کا بار بار ہو جانا جس میں شگاف پڑ جائیں اور ان میں سے خون نکلتا ہو۔ مریض کو کھرچنے سے سکون ہوتا ہو۔ ''سٹرپٹو کوکین'' ایک ہزار یا سی ایم طاقت ہیں۔

ایگزیما ہتھیلیوں پہ — ECZEMA ON PALMS

تمام ہتھیلی پھنسیوں سے ڈھکی ہوئی ہو اس میں خارش اور درد ہوتا ہو۔ ہتھیلی پہ گاڑھے کھرنڈ ہوں ڈاکٹر رنویل نے ایسی حالت کو چار ہفتے میں ''پیٹرولیم'' دو سو طاقت سے شفایاب کیا ہے۔

۲۔ چھالوں کی مانند پھنسیاں ہتھیلیوں پر۔ ''رننکولس بلب'' (ڈاکٹر نیش)

ایگزیما کھوپڑی پہ — ECZEMA ON SCALP

کھوپڑی پہ ایگزیما جس کے ساتھ کھرنڈ ہوں، کھوپڑی پہ خارش ہو خصوصاً صبح کو جاگنے پہ ''اگاری کس''۔

۲۔ بچوں کی کھوپڑی پہ ایگزیما جس سے بدبودار اخراج ہو جس سے چھلکے بن جائیں ۔ "رسٹاکس" دوسو طاقت میں ہر ہفتے دیں اور اس کے بعد ایک ہزار طاقت میں ایک ماہ بعد۔ اگر کھوپڑی کو ایگزیما ٹوپی کی مانند ڈھانپ لے تو پھر "سائیکیوٹا" دوسو طاقت میں۔

ایگزیما اور دیگر جلدی تکالیف
ECZEMA AND OTHER SKIN TROUBLES

جلد ٹھنڈی، موٹی اور اس پر پسینہ آتا ہو تو اس کے لئے مفید دوا ہے۔ "کلکیریا کارب"۔

ایگزیما چھالوں کی شکل کا
ECZEMA OF VESICULAR TYPE

چھالوں کی مانند ایگزیما، چھالوں میں زرد رنگ کا پتلا مواد بھرا ہوا ہو اور ہاتھوں اور انگلیوں کی اندرونی جانب زیادہ مقدار میں، گرمی اور گرم کمرے سے ذکی الحس، کھلی ہوا کی خواہش، ماہواری بہت جلد اور اخراج بہت زیادہ۔ "کالی سلف"۔

ایگزیما کافی عرصہ تک رہنے والا
ECZEMA OF LONG DURATION

ایگزیما جو کافی عرصہ تک رہے جلد پر شدید ابھار جو اعضائے تناسل آنکھوں کے پپوٹوں اور آنکھوں کے سفید پردوں تک پھیل جائیں۔ "آرم میٹ" چھ گرام سے اس کا علاج شروع کریں۔ تین مرتبہ روزانہ دیں۔ اس کے بعد "مرک سال" نچلی طاقت میں دیں اور آخر میں "کالی کلوریٹم" کا استعمال کرائیں۔

آنکھوں کے سفید پردے کے ورم کے لئے اور آنکھوں کی تکالیف کے لئے "جیکوائی ریٹی" ۲x طاقت میں پانی میں ملا کر صبح اور رات کو استعمال کرائیں (ڈاکٹر برنٹ)

ایگزیما کی دوا خارجی استعمال کے لئے
ECZEMA DRUG FOR EXTERNAL USE

مدر ٹنکچر النس یا ڈاکٹر بہار کے مطابق "آئل آف لیونڈر" تمام

قسم کے بیرونی استعمال کے لئے بہت مفید ہے۔

۲۔ ٹنکچر ایڈرینالین کلورائیڈ ا ایک اور ایک ہزار کی نسبت سے سلوشن تیار کر کے لگائیں)

۳۔ متاثرہ حصہ پر سوڈا بائی کاربونیٹ تھوڑے سے گرم پانی میں ملا کر لگانی چاہیئے۔

ایگزیما رطوبت والا
ECZEMA WET

رطوبت والا ایگزیما جس سے چپکنے والا مواد خارج ہو اس کے لئے مفید ہے۔
"گریفائیٹس" دو سو طاقت میں۔

ایگزیما کلائیوں پہ
ECZEMA ON WRISTS

کلائیوں پہ ایگزیما جو بازو کے اگلے حصّے تک پھیل جائے۔ ہاتھوں پر کھرنڈ اور جلن ہو۔ ہاتھوں کی پشت پر بھورے داغ۔ "پری مولا آبکونیا"

ٹانگوں کا پھول جانا
ELEPHANTASIS

اس موذی تکلیف کی اہم دوا "مائیر سٹیکا بسی فورا" ہے اس کو کافی عرصہ استعمال کرنا چاہیئے اور طاقت بتدریج بڑھاتے جانا چاہیئے۔ یہ ابتداء مرض میں برموقع دینے سے بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔

۲۔ جلد موٹی سخت اور اس میں خارش ہوتی ہے "ایلیس جوئی نینس" مدر ٹنکچر پانچ سے بیس قطرے فی خوراک (ڈاکٹر بلیک وڈ)

۳۔ جلد خشک ابھاروں سے ڈھکی ہوئی جس پہ عموماً خشک کھرنڈ ہوتے ہیں جو اس کی مخصوص علامت ہے۔ "ہائیڈروکوٹائیل ایشیاٹیکا" مدر ٹنکچر آٹھ قطرے فی خوراک۔

لاغری
EMACIATION

مریض کمزور اور لاغر جلد زرد اور عضلات ڈھیلے، بازو اور ٹانگیں پتلی اور پیٹ بڑا، سر بڑا، چہرہ لاغر، قبض میں مبتلا، عمر کے مطابق نہ بڑھے "سلیشیا"

لاغری، جسم کا سوکھتے جانا کمیٔ خون کی وجہ سے
EMACIATION DUE TO ANAEMIA

خون کی کمی کی وجہ سے۔
"پلمبم"۔

لاغری، بچوں کے سر پر پسینہ کے ساتھ
EMACIATION WITH SWEATING ON HEAD OF CHILDREN

بچوں کا سوکھیا جن کے سر پہ بہت پسینہ آئے، نشو نما سست، سر کے تالو دیر سے جڑیں۔ "کلکیریا فاس"۔

لاغری جو نیچے کی جانب بڑھے
EMACIATION EXTENDING DOWNWARD

اچھا کھانے پینے کے باوجود جسم سوکھتا جائے، لاغری نیچے کی جانب بڑھے۔ چہرے اور گردن کے گرد بہت زیادہ سوکھا پن۔ "نیٹرم میور"۔

لاغری خسرے کے بعد
EMACIATION AFTER MEASLES

خسرے کے بعد لاغری ہو جائے تو مفید دوا ہے۔
"ہائیڈراسٹس"۔

لاغری ٹی بی میں
EMACIATION IN T.B

یہ دوا دق کے مریض کو موٹا کر دیتی ہے بہت مفید ہے۔
"اگاری کس"۔

خون کی نالیوں میں رکاوٹ
EMBOLISM

خون کی نالیوں میں ڈاٹ لگنے کی سی حالت یا خون کی نالیوں میں رکاوٹ کا پیدا ہو جانا اس کے لئے مفید ہیں۔
"کیکٹس گرینڈی فلورس، زنکم ناس اور کالچی کم" علامات کے مطابق دیں۔

احتلام — EMISSION

پاخانہ کرتے وقت منی کا خارج ہونا اور غدہ قدامیہ کے رس کا اخراج، صبح کے وقت شہوت ہو لیکن بہت کم، بار بار سوزاک میں مبتلا ہونے کی ہسٹری پائی جائے۔ مریض کثرت جماع اور بداعمالیوں میں مبتلا رہا ہو اور اب اعضائے تولید ڈھیلے اور ٹھنڈے ہو چکے ہوں تو "اگاری کس"۔

احتلام ہر رات کو — EMISSION NIGHTLY

ا۔ ہر رات کے وقت انزال جس کے ساتھ بہت زیادہ کمزوری پائی جائے۔ ہر ایستادگی کے بعد بہت جلد جنسی کمزوری، غدہ قدامیہ کے رس کا اخراج۔ "فاسفورک ایسڈ"۔

۲۔ اگر یہ دوا پانچ سے سات قطرے فی خوراک مدر ٹنکچر میں دی جائے تو احتلام پر کسی دوسری دوا کے مقابلہ میں جلد قابو پا لیتی ہے۔ "تھوجا" ڈاکٹر رابرٹ۔

نیجوں میں ہوا کی موجودگی — EMPHYSEMA

اس بیماری میں پھیپھڑوں میں ہوا کا سپیس زیادہ ہو جاتا ہے یا جسم کی نیجوں میں ہوا کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔ اس میں سانس کی تکالیف ہوتی ہیں۔ جلد کی رنگت نیلی ہو جاتی ہے (نیلا یرقان) اور تنگی تنفس پائی جاتی ہے۔ اُٹھ کر بیٹھنے سے اضافہ، ورزش سے دل کے گرد درد ہوتا ہے اور سرسراہٹ والی کھانسی۔ مریض دل پر ہاتھ رکھتا ہے اور سانس لینے کے لئے ہانپتا ہے۔ "لاروسیراسس"۔

دماغ اور اس کی جھلیوں کا ورم — ENCEPHALITIS

چکر، سر کا بھاری پن جس کے ساتھ پپوٹوں میں بوجھ پایا جائے۔ سر درد جس کے بعد اندھا پن پایا جائے۔ "جلسی میم"۔

دل کے غلاف کی سوزش — ENDOCARDITIS

دل کی کمزوری یا دل کی جھلیوں کا ورم یا اس کی کیوڑیوں کا ورم یا دل کا بڑھ جانا، دل کی گنٹھیلی

حالت جو کسی دبا دینے والے طریقہ سے درست کی گئی ہو۔ "آرنم میٹ"

بچوں کی انتڑیوں اور قولون کی سوزش

ENTERO-COLITIS OF CHILDREN

بچوں کی قولون اور انتڑیوں کی سوزش، پاخانہ کی رنگت اور خاصیت میں تبدیلی ہوتی رہے یعنی ایک رنگ اور شکل کا کبھی بھی نہ ہو۔ پاخانہ موسم گرما کے دوران سبز، زرد، سفید، پانی کی مانند اور کیچڑ کی مانند۔ "پلساٹیلا"

تپ محرقہ ENTERIC FEVER

"بپٹیشیا، برائی اونیا، آرسینکم البم، رسٹاکس، فاسفورس اور اپی کاک"

علامات کے مطابق اس کی اہم ادویات ہیں۔

نیز ملاحظہ ہو "ٹائیفائیڈ بخار"

پیشاب کا غیر ارادی اخراج بچوں میں

ENURESIS-INCONTINENCE URINE OF CHILD

پیشاب سفید جو بہت جلد گدلا ہو جائے۔ شدید بھوک یا اسہال، بچہ چڑچڑا، چلائے اور ٹھوکریں مارے، بدمزاج، چھوا جانا برداشت نہ کرے۔ "سائنا"

پیشاب کا غیر ارادی اخراج

ENURESIS-INVOLUNTARY DISCHARGE OF URINE

ایسے لوگ جن کو نیند بہت کم آئے، بہت زیادہ کھائیں، خواہش بہت زیادہ اور پیشاب کے دوران اور بعد پیشاب کی نالی کے سوراخ میں جلن، رات کو کھانستے اور ریاح خارج کرتے وقت پیشاب کا غیر ارادی اخراج۔ ڈاکٹر ایم۔جی بلیکی کے مطابق اس بیماری کے لئے یہ ایک عمدہ دوا ہے۔ "پلساٹیلا"

مرگی EPILEPSY

۱۔ مرگی کے تشنج جن کے بعد متلی اور قے ہو، رات کو مرگی کے دورے۔ "ہائیوسائمس" ۳۰ طاقت میں چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ مرگی کا حملہ خواہ مزمن بھی ہو، اگر جسم کے گلنے سڑنے کے بعد یا ایسی ہی کسی دوسری تکلیف کی وجہ سے ہو اور اس کی کوئی دوسری وجہ نہ ہو تو ہمیشہ کے لئے بروقت اس دوا کے استعمال سے اس سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔ "اگنیشیا" (ڈاکٹر ہانیمن)

۳۔ مرگی کے ہر کیس میں اس دوا کو قطروں کی شکل میں چار مرتبہ روزانہ دیں۔ "وینا سیٹم۔" (ڈاکٹر پیرسن)

۴۔ مرگی کے بگڑے ہوئے کیسوں میں اس کے بار بار کے حملوں سے محفوظ رکھنے میں اس دوا کا کوئی ثانی نہیں۔ "کیوپرم میٹ۔" (ڈاکٹر شوارٹ)

۵۔ جب مرگی کا دورہ نئے چاند میں ہو اور دورے کے بعد سر میں درد ہو۔ مردوں میں اس کا سبب جنسی زیادتیاں اور جنسی بے راہ روی ہو۔ عورتوں میں دورے ماہواری کے ایام میں یا اس کے قریبی ایام میں ہوں۔ بہت سے مصنفین اس دوا کو مانع مرض کے طور پہ مانتے ہیں۔ "کالی برومیٹم۔" اس کے بعد دوسرا نمبر "گلونائن" کا ہے۔

۶۔ جب مشت زنی یا کثرت جماع کے سبب ہو۔ دورا مباشرت کے دوران ہو گلے سے قبل چڑچڑا پن پایا جائے۔ حملہ نیند کے دوران ہو، حملے سے قبل آنکھوں کی پتلیاں پھیلی ہوئی اور روشنی کا ان پہ کوئی اثر نہ ہو۔ "بیوفو۔"

۷۔ مرگی سفلیٹک ہسٹری کے ساتھ۔ آدھی رات کے بعد دورہ پڑے تو "نائیٹرک ایسڈ۔"

۸۔ اچانک اکڑ جانا (اینٹھن) جس کے بعد پھڑکنیں اور اعضاء کا بدوضع ہونا پایا جائے۔ سانس لینے میں دقت، دانت آپس میں جڑ جائیں، چہرہ سیاہی مائل سرخ منہ پر جھاگ، حملے کے بعد بہت زیادہ کمزوری اور تھکاوٹ۔ "سائیکوٹا وائی روسا۔"

۹۔ مرگی کے حملے بار بار ہوں۔ جب دورے کے اختتام پہ کپکپی اور چکر آئیں، حملے کے بعد یادداشت ختم ہو جائے۔ "ابسنتھیم" مدر ٹنکچر میں دیں۔

۱۰۔ "سلفر اور سوڈائیم" عموماً مرگی میں باہمی ربط پیدا کرنے والی ادویہ کے طور پر دی جاتی ہیں۔

۱۱۔ شدید حملے کے بعد "بیلاڈونا"۔۔ ۲ طاقت میں دیں۔ (ڈاکٹر جے ایچ کارشام)

۱۲۔ ڈاکٹر ہیرنگ کے مطابق بہت تیزی کے ساتھ ہونے والے مرگی کے حملوں کے لئے یہ دوا دینی چاہیئے۔ "ابسنتھیم"۔

۱۳۔ مرگی کے حملے سے قبل کسی قسم کا عجیب و غریب احساس نہ ہو۔ "زنکم ویلیرین" (ڈاکٹر داس گپتا)

۱۴۔ پورے چاند کے دوران مرگی کا حملہ ہو۔ مرگی میں پورے چاند کے دوران اضافہ عموماً اس دوا کا طالب ہوتا ہے۔ "سلیشیا"

۱۵۔ اگر ماہواری کے دوران مرگی کی شدید اینٹھن پائی جائے اور مریضہ کو جب تک بتایا نہ جائے اس کا احساس نہ ہو۔ "بیوفو" (ڈاکٹر کینٹ)

۱۶۔ ڈاکٹر نیش "اگنیشیا" کے ساتھ "ایمائل نائیٹریٹ" کی سفارش کرتے ہیں یہ مرگی کے دوروں پر قابو پانے میں اچھی شہرت کی حامل ہے اور مریض کی قوت لامسہ کی حس کو بحال کر کے اس کو ہوش میں لے آتی ہے۔ اس کو تیس طاقت کے قطروں کی شکل میں سونگھایا جائے۔ ان دونوں دواؤں کو حملے سے قبل استعمال کے لئے ہر وقت تیار رکھنا چاہیئے۔

جلد پر تھوڑا سا دباؤ پڑنے سے چھالے بن جائیں EPIDERMOLYSIS

اس بیماری کی واحد دوا ہے "رینن کولس بلب" (آر۔ بی۔ داس)

مرگی اور تشنج
EPILEPSY AND CONVULSIONS

عموماً ہسٹیریا اور مرگی کی صورت ہیں جس کے ساتھ منہ سے جھاگ آئے چہرے کے عضلات آہستہ آہستہ ہلیں اور پھر رک جائیں اور پھر اسی طرح چہرے کے دوسرے حصے میں ہو۔ آنکھوں کے پپوٹے

آہستہ آہستہ ہلیں۔ دانت بہت لمبے محسوس ہوں۔ زبان آہستہ آہستہ ہلتی ہو" اگاریکس"
موازنہ کریں "سکیہارم آف" سے۔

مرگی حاد EPILEPSY RECENT

بلا ہوش و حواس پڑا ہو اور نیلا ہو جائے، شدید تشنج، "کالی کارب"۔

۲۔ شدید تشنج، سختی، منہ پہ جھاگ یا بد ہضمگی۔ "بیلا ڈونا" روزانہ رات کو ایک خوراک ایک ہفتہ تک دیں۔ اس کے بعد ایک ہفتہ "اوپیم" دیں اور اس کے بعد ایک ہفتہ کے لئے دو مرتبہ روزانہ "ہائیڈراسٹس" دیں۔

مرگی کے تشنج بچوں میں EPILEPTIC SPASMS OF CHILDREN

"سلیشیا" دو سو طاقت میں۔

نکسیر پھوٹنا EPISTAXIS

چمکیلا سرخ خون جس کے ساتھ متلی ہو۔ "اپی کاک"۔

۲۔ جب نکسیر کی وجہ معلوم نہ ہو اور "برائی اونیا" ناکام ہو جائے تو پھر "ملی فولیم" بہت عمدہ دوا ہے۔

۳۔ ڈاکٹر کارٹر کے مطابق "ٹریلیم" بہت عمدہ دوا ہے۔ خون کو روکنے کے لئے مدر ٹنکچر کا بیرونی استعمال کرنا چاہیئے۔

۴۔ ناک سے جریان خون کو بند کرنے کے لئے یہ دوا بہت مفید ہے۔ "نیٹرم نائیٹریکم" تیس طاقت میں۔

ڈکاریں ERUCTATIONS

ڈکار اونچی آواز کے ساتھ بہت زیادہ اور بلا درد، "آرجنٹم نائیٹریکم"۔

۲۔ معدہ پھولا ہوا۔ کھائی ہوئی غذا کے ذائقہ کے ڈکار، کلیجے کی جلن یا بغیر جلن کے "کاربو ویج"۔

۳۔ ڈاکٹر کلارک کے مطابق حملے کے دوران جب صحیح منتخب شدہ ادویہ ناکام ہو جائیں تو "کیمو میلا" مدر ٹنکچر ایک قطرہ گرم پانی میں ملا کر آدھے گھنٹہ کے وقفہ سے تین یا چار گھنٹے دیتے رہیں۔ عموماً آفاقہ ہو جاتا ہے۔

پھنسیاں دائیں طرف کی ERUPTIONS RIGHT SIDED

۱۔ ورم دائیں طرف سے شروع ہوتا ہے اور بائیں طرف کو جاتا ہے۔ اس کے لئے "لائیکو پوڈیم" دیں۔

۲۔ تمام اقسام کی پھنسیاں اس دوا سے شفایاب ہو جاتی ہیں۔ بہت مفید ہے۔ "جگلنس سائی نیریا"

پھنسیاں خسرہ میں کم نکلیں ERUPTIONS IN MEASLES RETAR-DED

"برائی اونیا" اور "سلفر" بہت عمدہ دوائیں ہیں لیکن ان کے فیل ہو جانے پر ڈاکٹر جہار "دریٹرم البم" کی سفارش کرتے ہیں۔

۲۔ چیچک میں پھنسیاں پوری طرح نہ نکلیں۔ "ویریولینم" دینے کے باوجود کم مقدار میں ہوں تو "سلفر" دیں۔ اگر نتیجہ تسلی بخش نہ ہو تو "برائی اونیا" بار بار دھرائیں۔ "برائی اونیا" کے بعد ایک خوراک "سلفر" پھنسیوں کو باہر نکالنے میں مددگار ثابت ہو گی۔

۳۔ پھنسیوں اور خارش میں کھرچنے سے اس وقت تک اضافہ ہو جب تک کہ جلن نہ شروع ہو جائے اور پھر خون نکلنے سے آفاقہ ہو۔ "پٹرولیم"

۴۔ چھپاکی کی مزمن حالت۔ تمام جسم پر چھپاکی اور خارش ہوتی ہو، تو "اسٹاکس فلیوریاٹیلس"

۵۔ کھوپڑی کی شدید خارش جیسا کہ جوؤں سے ہو، کھرچنے کے بعد درد ہو، چھالوں سے گندی بُو آئے۔ ابھاروں میں شدید خارش ہو، خون نکلے اور

رہنے والے ابھار۔ "اولینڈر"۔

۶۔ آبلہ نما پھنسیاں جن میں شدید جلن اور خارش ہو۔ چھوٹی چھوٹی پھنسیاں بہت زیادہ تعداد میں ایک دوسری کے ساتھ مل جائیں۔ ابھار اور خارش آنکھوں کے گرد کھوپڑی پر خصوصاً اعضائے تولید، خصیوں اور آلۂ تناسل پر۔ "کروٹن ٹگلیم"۔

پھنسیاں جن کے ساتھ ورم اور سرخی پھیل جائے

ERUPTIONS WITH SWELLING BLISTERS SPREADING READNESS

پھنسیاں جن کے ساتھ سرخی اور سوجن پھیلے، چھوٹے چھوٹے آبلہ نما ابھار ہوں۔ بہت زیادہ خارش ہو اور مریض متواتر ان کو کھرچتا رہے جس سے اس کو کوئی خاطر خواہ آفاقہ نہ ہو لیکن ان کے ساتھ بے چینی، وضع بدلنے سے عارضی آفاقہ (۱)، بہت زیادہ مقدار میں پانی کی پیاس (۲)، سردی لگنا جس کو کپڑا لپیٹنے یا گرم چیزوں کے ملنے سے آفاقہ ہو، کا ہونا ضروری ہے۔ "رسٹاکس"۔

ERUPTIONS ON COVERED PARTS — پھنسیاں ڈھانپے ہوئے حصوں پر

صرف ڈھانپے ہوئے حصوں پر پھنسیاں جن میں کھرچنے سے اضافہ ہو، تو "تھوجا" دیں۔

پھنسیاں اعضائے تولید پر چھوٹے اور بڑے آبلوں کے ساتھ

ERUPTIONS ON GENITALS WITH SMALL VESICLES AND LARGE BLEBS

مرد اور عورت دونوں کے اعضائے تولید پر پھنسیاں۔ "پٹرولیم" چھوٹے آبلوں کے لئے اور "رسٹاکس" بڑے چھالوں کے لئے مفید ہیں۔

پھنسیاں چہرے پر — ERUPTIONS ON FACE

چہرے پر پیپ دار پھنسیاں جو اکٹھی گاڑھی

اور زرد رنگ کی ہوتی ہیں۔ سر کو پورے طور پر ڈھانپ دینے والی اور ٹوپی کی مانند سخت پھنسیاں۔ نیز جسم کے دوسرے حصوں پر۔ "سائیکوٹا وائی روسا" دوسو طاقت میں دیں۔

پھنسیاں بالوں میں پیشانی پر
ERUPTIONS IN HAIRS ON FOREHEAD

چہرے پر خارش کرنے والی پھنسیاں خصوصاً پیشانی میں بالوں کے کناروں پر، بازوؤں اور ٹانگوں کے جوڑوں میں کھوپڑی کے کناروں پر، کانوں کی پشت پر کھرنڈ دار پھنسیاں جو بالوں کی جڑوں کو متاثر کریں۔ "نیٹرم میور"

پھنسیوں کی مانند ایگزیما سر پر
ERUPTIONS LIKE ECZEMA ON HEAD

اس دوا میں چند جلدی ابھار پائے جاتے ہیں خصوصاً ایگزیما کی مانند ہوتے ہیں اور سر پر زیادہ، جن سے خراشدار مواد کا اخراج ہوتا ہے جو جس حصے پر لگتا ہے اس کو چھیل دیتا ہے۔ "آرم ٹرائی فیلم"

پھنسیاں خارش کرنے والی
ERUPTIONS ITCHING

خارش اور جلن، کھرچنے سے اور دھونے سے اس میں اضافہ، پھنسیاں، آبلے اور پیپ دار پھوڑوں کے لئے "سلفر" دیں۔

پھنسیاں رطوبت والی
ERUPTIONS MOIST

مرطوب پھنسیاں، خارش کرنے والی یا خشک جو بالوں کے کناروں پر بڑھیں۔ "نیٹرم میور"

پھنسیاں کھوپڑی پر عمر بھر کی
ERUPTIONS ON SCALD LIFELONG

کھوپڑی پر تانبہ کی مانند ابھار، سانس بدبودار، مزمن بے خوابی "سفلینم"

اور اس کے بعد " سپرٹ گلینڈیم "

پھنسیاں سرخ تمام جسم پہ ERUPTION SCARLET ON WHOLE BODY

تمام جسم سرخ جیسا کہ سرخ پھنسیوں سے بھرا ہوا ہو ، پھٹے زخم ۔ چبھن دار جلن کا احساس ۔ " امونیم کارب "

پھنسیوں کا رجحان ERUPTIONS TENDENCY

جلد پہ پھنسیوں کا رجحان ٹھوڑی ، گردن اور کہیں دوسری جگہ ۔ " سلیشیا "

پھنسیاں گاڑھی اور بڑی ERUPTIONS THICK AND LARGE

چیچک کی مانند گاڑھی عموماً پیپ دار اور مٹر کے دانے کے برابر بڑی بڑی پھنسیاں ۔ " انٹم ٹارٹ "

پھنسیاں آبلے ERUPTIONS - VESICLES

تمام جسم پہ زرد رنگ کے آبلے ۔ جن میں خارش ہوتی ہو " اناکارڈیم " موازنہ کریں " رسٹاکس " سے ۔

پھنسیوں والا بخار ، دانے صحیح طور پہ نہ نکل سکیں ERUPTIONS FEVERS - RASH FAILING

دانوں والا بخار مثلاً سرخ بخار خسرہ ، چیچک ، چھاکے عموماً بجائے چمکیلے سرخ ہونے کے نیلگوں ہوتے ہیں ۔ دانے باقاعدگی سے باہر نہیں نکل پاتے لیکن ان کی جگہ سرخ داغ دکھائی دیتے ہیں جو ان کا اظہار کرتے ہیں ۔ ابھاروں کا باقاعدہ پھیلاؤ یا تو دب جاتا ہے یا نکلنے میں ناکام ہو جاتا ہے ۔ ناک اور مسوڑھوں سے جریان خون ۔ بہت زیادہ کمزوری اور بدحواسی ہو ۔ " ایلینتھس "

سرخباد ERYSIPELAS

بہت زیادہ بخار، سرخباد کے نشان پر شدید سُرخی جو کہ چھوٹی سی پھنسی یا ابھار وغیرہ سے شروع ہوتا ہو۔ مریض بہت زیادہ پیاسا ہوتا ہے۔ جلد سُرخ، ہموار اور چمکیلی ہوتی ہے اور ساتھ ہی اس پہ چھوٹے چھوٹے آبلے ہوتے ہیں مریض تیز بخار کی وجہ سے ہذیان میں مبتلا ہوتا ہے۔ "رسٹاکس"۔

سرخباد سے محفوظ رکھنے والی دوا ERYSIPELAS PROPHYLACTIC

"گریفائیٹس" تیس طاقت میں۔

خون میں ایوسینوفیل کا بڑھ جانا EOSINOPHILIA

اس بیماری میں خون میں یا ٹشوز میں ایوسینوفیلز کی تعداد نارمل سے بڑھ جاتی ہے۔ اس بیماری کی علامات یہ ہیں کہ مریض گہرا سانس لیتا ہے جو ٹھنڈا سانس لینے سے مشابہت رکھتا ہے سانس لینے میں دقت ہوتی ہے۔ چھاتی میں گھٹن ہوتی ہے اور دن کے وقت تکلیف میں اضافہ ہوتا ہے۔ یہ ایک خفیہ مجموعہ علامات ہے جو خاصیت میں الرجک ہے۔ تنفس مشکل کے ساتھ۔ سانس کی نالی میں دمہ کی مانند گھٹن بار بار سانس میں کمی کا پایا جانا۔ "لیکیسس" ایسے خطرناک حالت کے لئے یقینی دوا ہے۔

بھاگ نکلنا ESCAPE

بخار میں بھاگنا چاہے۔ "اوپیم"۔

۲۔ ہسٹیریا میں بھاگ نکلنا چاہے۔ دوسری ادویہ "بیلاڈونا، وریٹرم البم اور لائیکوپوڈیم" ہیں جو کہ علامات کے مطابق دی جاسکتی ہیں۔

امتحان کا خوف EXAMINATION FEAR

طلباء میں امتحان کا خوف۔ "اناکارڈیم"۔

۲۔ امتحان کے سخت خوف کے لئے مخصوص دوا ہے۔ "ارجنٹم نائیٹریکم"۔

امتحان پریشان بچوں کا EXAMINATION FUSSY CHILDREN

شور مچانے والے بچے جو اپنے سکول میں امتحان کے متعلق پریشان ہوں "جلسی میم"۔

امتحان سے زود حسی EXAMINATION NERVOUSNESS

کمزور دل، چڑچڑے، قوت برداشت کی کمی والے اور ناامید، سکول کے امتحان میں بے حد زود حس۔ "سلیشیا"۔

۲۔ امتحان میں پاس ہونے کے متعلق پژمردگی۔ "لائیکوپوڈیم"۔

جنسی خواہش کی زیادتی EXCESSIVE SEXUAL DESIRE

"فاسفورس" دونوں جنسوں میں جنسی خواہش کو ابھارتی ہے۔ یہ عموماً ناقابل مزاحمت ہوتی ہے اور مریض کو جنون میں مبتلا کر دیتی ہے جس میں کہ وہ اپنے آپ کو ننگا کر دیتا ہے۔ یہ دوسری جانب بھی اسی انتہا تک اثر انداز ہوتی ہے۔ مریض کی خواہش موجود ہوتی ہے۔ لیکن عملی طور پہ بالکل ناقابل ہو جاتا ہے۔ "فاسفورس"۔

سردی لگنا EXPOSURE TO COLD

کوئی بھی بیماری جو سرد خشک موسم میں ننگا ہونے یا سرد ہوا لگنے سے ہو۔ عموماً ابتدائی حالت میں "اکونائٹ" کے دائرہ اثر میں آتی ہے۔ یہ بہت زیادہ گرم موسم کی تکالیف میں بھی تجویز کی جاتی ہے۔ خصوصاً معدے اور آنتوں کی تکالیف میں، نزلہ اور بہت زیادہ چھینکوں میں، نیز کابوس (رات کے ڈراؤنے خوابوں میں) رات کے بڑبڑانے میں۔ "اکونائٹ"۔

جسم سے بیرونی اجسام کا باہر نکالنا EXPULSION OF FOREIGN BODIES

بیرونی اجسام کو جسم کے ٹشوز سے باہر نکلنے میں مدد دیتی ہے۔ مثلاً

مچھلی کا کانٹا، سوئیاں، ہڈیوں کی کھپچیاں اور کانٹے وغیرہ "سلیشیا"

خارجی طور پر استعمال ہونے والی ہومیوپیتھک دوائیں

EXTERNAL HOMOEOPATHIC MEDICINES

خارجی طور پہ استعمال ہونے والی دوائیں عموماً مقامی استعمال میں لائی جاتی ہیں تاکہ اندرونی طور پہ استعمال ہونے والی دوا کے اثر میں مدد مل سکے۔ عموماً جو دوا اندرونی طور پہ استعمال ہوتی ہیں اسی کا مقامی اور خارجی استعمال کرایا جاتا ہے۔ جیساکہ چوٹوں کے لئے "آرنیکا" مدر ٹنکچر خارجی طور پہ استعمال ہوتی ہے اور آرنیکا ۳۰ طاقت میں اندرونی طور پہ دی جاتی ہے۔

بیرونی ادویہ کا استعمال مندرجہ ذیل طریقوں پر کیا جاتا ہے۔

زخموں پہ، کٹ جانے پہ، رگڑ یا خراش وغیرہ پہ۔ جب جلد پہ رگڑ یا زخم ہو جائے تو خالص مدر ٹنکچر کا استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ بلکہ ایک حصہ دوا اور دس حصے ڈسٹل واٹر (اُبلا ہوا پانی) ملاکر اس کے لوشن سے زخمی حصے کو دھونا چاہیئے یا اس پہ پٹی کرنی چاہیئے۔ پرانے زخموں یا چھالوں کی صورت میں دوا کے ایک حصہ میں گلیسرین کے دس حصے ملاکر مرہم تیار کر کے یا ایک حصہ دوا کو دس حصے تیل میں ملاکر لوشن کی شکل میں لگانا چاہیئے۔ ایسے حصوں میں جہاں جلد زخمی نہ ہوئی ہو، خالص مدر ٹنکچر کا استعمال کیا جا سکتا ہے یا اس کو ڈائیلوٹ کر کے پٹی کی شکل میں یا کسی تیل میں ملاکر مثلاً زیتون کے تیل میں، روغن بادام میں یا گلیسرین میں ملاکر مساج کیا جا سکتا ہے۔ تیل وغیرہ میں ملانے کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ زخم میں اکڑاؤ پیدا نہیں ہوتا، وہ نرم رہتا ہے۔

۱۔ **اکونائٹ** مدر ٹنکچر کا استعمال مقامی ورم کی صورت میں کیا جاتا ہے۔ جو کہ پسینہ کے دب جانے کی وجہ سے ہوا ہو۔ ایک حصہ مدر ٹنکچر کو ۹ حصے پانی میں ملا کر تہہ کی ہوئی پٹی کرنی چاہیئے۔ اعصابی درد کی صورت میں تھوڑی سی گلیسرین یا تیل

ملاکر درد والی جگہ پہ مالش کرنی چاہیئے۔

۲۔ ایپس مدر ٹنکچر کا استعمال شہد کی مکھیوں یا بھڑ کے ڈنگ کے لئے کیا جاتا ہے۔ ڈنگ کے ارد گرد کے حصہ پہ خالص مدر ٹنکچر ملنا چاہیئے۔

۳۔ آرنیکا مدر ٹنکچر۔ رگڑ، خراش، موچ آنے یا پاؤں پہ چلنے کے بعد چھالوں، گھوڑے پہ سواری کرنے کی وجہ سے یا چلنے کی وجہ سے بہت زیادہ دکھن میں، بستر میں ایک طرف لیٹنے کی وجہ سے دکھن، خارش، بوائیاں، چنڈیاں، پاؤں کے انگوٹھے کی سوجن، تازہ زخم جو تیز دھار یا کند آلے سے ہوا ہو۔ پالتو جانوروں کی صورت میں یہ اسی طریقہ پہ استعمال کی جا سکتی ہیں۔ لوشن تیز ہونا چاہیئے۔ ایک اور تین کی نسبت سے۔

۴۔ بیلاڈونا مدر ٹنکچر، گلے کی دکھن، آواز کا بیٹھ جانا، آواز کا ضائع ہو جانا، خشک اور سخت کھانسی، گلے اور گردن کو خالص مدر ٹنکچر سے ملیں یا گلیسرین یا تیل میں ملاکر۔ نیز غدودوں کے بڑھ جانے کی صورت میں کن پیڑوں اور پیٹ کے درد میں بھی ملیں۔

۵۔ بیلس مدر ٹنکچر۔ تل وغیرہ پہ خالص مدر ٹنکچر دو مرتبہ روزانہ لگانا چاہیئے

۶۔ برائی اونیا مدر ٹنکچر گردن کے اکڑ جانے، گنٹھیا، کمر کے درد، جوڑوں کے سخت ہو جانے اور درد کے لئے۔ درد والے یا سخت حصے کو خالص ٹنکچر سے یا گلیسرین یا تیل وغیرہ میں ملاکر ملنا چاہیئے۔

۷۔ کیلنڈولا مدر ٹنکچر۔ گہرے اور کھلے زخموں، پھوڑوں وغیرہ پہ ایک حصہ دوا اور ۹ حصے ابلا ہوا پانی ملاکر پٹی کرنی چاہیئے۔

۸۔ کینتھرس مدر ٹنکچر اور کاسٹی کم مدر ٹنکچر۔ یہ دونوں مدر ٹنکچر آگ سے جل جانے یا بھاپ پانی وغیرہ سے جل جانے کی صورت میں مفید ہیں۔ ایک حصہ دوا اور ۹ حصے ابلا ہوا پانی (ڈسٹل واٹر) ملاکر پٹی کرنی چاہیئے۔

۹۔ سیانوتھس مدر ٹنکچر جگر اور تلی کے بڑھ جانے کی صورت میں ان حصوں پر

پر ملنا چاہیئے۔ خصوصاً ملیریا کے بعد خالص یا گلیسرین یا تیل میں ملا کر اس کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔

۱۰۔ **یوفریزیا** مدر ٹنکچر۔ آنکھوں سے اخراج کی صورت میں پانچ قطرے ایک اونس شیر گرم ابلے ہوئے پانی میں (ڈسٹل واٹر) ملا کر ان کو دھونا چاہیئے۔

۱۱۔ **گلیسرین** اس کو دکھتے ہاتھوں اور پاؤں کے پھٹ جانے کی صورت میں ان پر ملنا چاہیئے۔ اس کو خارجی استعمال کے مدر ٹنکچر کے ساتھ ملا کر نرم رکھنے کے لئے استعمال کرنا چاہیئے۔

۱۲۔ **ھامیلس** مدر ٹنکچر۔ جسم کے کسی حصے کے زخموں سے خون نکلتا ہو یا خونی بواسیر ہو، وریدیں متورم اور درد کریں۔ مسوڑھوں سے خون آتا ہو۔ ایک حصہ مدر ٹنکچر اور ۹ حصے ابال کر ٹھنڈا کیا ہوا پانی ملا کر لگانی چاہیئے۔

۱۳۔ **ھائیڈراسٹس** مدر ٹنکچر، کینسر کے زخموں، گلے سڑے زخموں اور چیچک میں اور لیکوریا اور سوزاک میں انجکشن کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ پانچ سے دس قطرے دوا ایک اونس (ڈسٹل واٹر) اُبلے ہوئے پانی میں ملا کر استعمال کرنی چاہیئے۔

۱۴۔ **ھائپریکم** مدر ٹنکچر۔ یہ سرخ رنگ کا ٹنکچر ہائپریکم پرفوریٹم سے حاصل کیا جاتا ہے جو کہ کٹ جانے سے، کچلنے سے یا رگڑ سے پیدا ہونے والے زخموں کے لئے جن میں شدید درد ہوتا ہو بہت شہرت رکھتی ہے۔ اس کے ٹنکچر کا استعمال مخصوص علامت درد کا عضو کی پوزیشن کے مطابق نیچے سے اوپر کو جانا خاص اہمیت کا حامل ہے۔ یہ آرنیکا مدر ٹنکچر کی طرح ہی استعمال کی جاتی ہے (ایک حصہ دوا اور ۹ حصے شیر گرم پانی) اندرونی طور پر ہائپریکم ۳x طاقت میں دینی چاہیئے۔

۱۵۔ **آیوڈیم** مدر ٹنکچر۔ اس کو گلے، چھاتی، دل، جگر، خصیوں، ٹانگوں اور جسم کے دوسرے حصوں کی سوجن میں استعمال کرنا چاہیئے۔ اس کے خالص مدر ٹنکچر کو متورم حصے پر ہر تین دن میں ایک مرتبہ لگانا چاہیئے۔ ایک یا دو حصے پانی کے ساتھ ملا کر تازہ زخموں کو صابن اور پانی سے صاف کرنے کے بعد ان پر لگایا جاسکتا ہے

۱۶۔ لیڈم مدر ٹنکچر ۔ جوڑوں کے متورم یا سخت ہو جانے میں جو گنٹھیا کی وجہ سے ہوں ۔ اس کو زیتون کے تیل یا گلیسرین میں ملا کر مالش کرنی چاہیئے ۔ یہ کتوں، بلیوں کے کاٹنے یا کیڑوں کے ڈنگ اور دیگر زہریلے زخموں مثلاً مچھلی کے کاٹنے سے زخم وغیرہ میں خالص مدر ٹنکچر میں استعمال کرنی چاہیئے ۔

۱۷۔ فائیٹولاکا مدر ٹنکچر ۔ اس کو خالص یا گلیسرین میں یا زیتون کے تیل میں ملا کر (ایک حصہ ٹنکچر اور ۹ حصے گلیسرین یا تیل) متورم اور بڑھے ہوئے کانوں کے غدودوں، گلے کے، چھاتی کے غدودوں (پستانوں) پر ملنا چاہیئے ۔

۱۸۔ رسٹاکس مدر ٹنکچر ۔ جوڑوں کے گنٹھیاوی دردوں یا چھوٹی کمر کے درد زور لگ جانے یا کلائیوں میں موچ آجانے ، عضلات کے پھول جانے ، پٹھوں کے اکڑ جانے میں گلیسرین یا زیتون کے تیل میں ایک اور ۹ کی نسبت سے ملا کر ان جگہوں پر ملنا چاہیئے ۔

۱۹۔ روٹا مدر ٹنکچر ۔ روٹا بھی آرنیکا اور کیلنڈولا کی مانند ایک اعلیٰ دوا ہے جس کا ہومیوپیتھک میڈیکل کے خزانہ میں ہونا ناگزیر ہے ۔ یہ جانگوں میں چلنے سے یا سواری کرنے سے درد کی صورت میں ہڈیوں کے غلاف کی چوٹ ، ناخنوں کی چوٹ ، نیز اندر کی طرف بڑھنے والے ناخنوں میں جن میں پیپ پڑ رہی ہو استعمال کی جاتی ہے ۔ نیز بستر کے زخموں کے لئے بھی ۔ اس کے دس قطرے ایک اونس پانی میں ملا کر لگائیں ۔ کلائیوں یا ٹخنوں کی موچ یا جوڑوں کے اتر جانے کی صورت میں خالص ٹنکچر یا تیل یا گلیسرین کے ساتھ ملا کر مالش کرنی چاہیئے ۔ آنکھوں کے زیادہ استعمال کے بعد ان کو اس دوا کے لوشن سے دھونا چاہیئے ۔ ایک یا دو قطرے دوا ایک اونس ابال کر ٹھنڈا کئے گئے پانی میں ڈال کر لوشن تیار کرنا چاہیئے ۔ ان تمام حالتوں میں "روٹا" کم ازکم تیس کی طاقت میں اندرونی طور پر دینی چاہیئے ۔

۲۰۔ اسٹاکس ریکس بالسم یہ خارش کو شفایاب کرتی ہے اور خارش کے جراثیم کو تباہ کرتی ہے ۔ اس کو پھوڑے پھنسیوں کے اوپر ملنا چاہیئے نہ کہ تمام

جلد پر۔ دس گھنٹے کے بعد صابن اور گرم پانی سے دھو ڈالنا چاہیئے۔ اس کو تین یا چار دن استعمال کرنا چاہیئے۔ چونکہ یہ بالسم شعلہ پکڑ لیتی ہے لہٰذا اس کو آگ کے قریب نہیں لانا چاہیئے۔

۲۱۔ سمفائیٹم مدر ٹنکچر۔ ہڈیوں کے ٹوٹ جانے اور ہڈیوں کے غلاف کی چوٹ یا زخم میں ایک حصّہ دوا کو پانچ حصّے پانی میں ملا کر پٹی کرنی چاہیئے۔ فریکچر کو پہلے اپنی جگہ پر درست کر کے کھپچیاں وغیرہ پٹی کرنے سے پہلے لگا لینی چاہیئیں۔ اگر پیپ بننے کا عمل شروع ہو جائے تو یہ سمفائیٹم کے دائرہ اثر سے باہر ہو جاتا ہے۔

۲۲۔ تھوجا مدر ٹنکچر۔ موہکوں کے لئے خصوصاً ملائم موہکوں کے لئے پاؤں کی انگلیوں کے اندر کی طرف بڑھنے والے ناخنوں کے لئے بھی۔ خالص مدر ٹنکچر یا گلیسرین یا تیل کے ساتھ ملا کر لگانا چاہیئے۔ اندرونی طور پر تھوجا کی تین ڈیسی مل طاقت استعمال کرانی چاہیئے۔

۲۳۔ آرٹیکا لیودنس مدر ٹنکچر۔ جل جانے کے پہلے درجے میں چھالے بنے ہوں یا نہ بنے ہوں۔ اس کو خالص یا برابر پانی میں ملا کر جلی ہوئی جگہ پر لگانا چاہیئے اندرونی طور پر اس کی تین ڈیسی مل طاقت کا استعمال کرنا چاہیئے۔

۲۴۔ ویزلین۔ اس کو کسی دوسری دوا کے ساتھ ملا کر مرہم بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ متاثرہ جگہ کو نرم اور چکنا رکھتی ہے۔

۲۵۔ جلدی بیماریوں خصوصاً داد، کھجلی، چہرے کے دانے، مہاسے وغیرہ کی صورت میں مقامی طور پر روغن زیتون اور ویزلین کو چار اور آٹھ کی نسبت سے ملا کر لگانا چاہیئے۔ اس کو احتیاط کے ساتھ استعمال کرنا چاہیئے کیونکہ اس میں ورم پیدا کرنے کی خاصیت بھی پائی جاتی ہے۔ اندرونی طور پر تین سے چھ طاقت میں استعمال کرنی چاہیئے۔ (گائیڈ ٹو ہیلتھ آف دی ہومیوپیتھک ڈسپنسری کانکلا ڈی بنگلور)

۲۶۔ زخموں، موچ، جریان خون کے لئے فیرم فاس لگانی چاہیئے (ڈاکٹر شسلر)

۲۷- ایگزیما کے لئے ہائیڈراسٹس، سکوکم چک، ہیما میلس، کیلن ڈولا اور ایکی نیشیا لوشن کی صورت میں مقامی طور پر استعمال کی جا سکتی ہیں۔

۲۸- مقعد میں فسچولا کے لئے، ہر پاخانہ کے بعد کیلن ڈولا لوشن سے دھونا چاہیئے اور اس کے بعد کیلن ڈولا مرہم لگانی چاہیئے۔ کیلن ڈولا لوشن ایک حصہ دوا اور نو حصے پانی ملا کر تیار کیا جائے۔ (ڈسٹل واٹر)

۲۹- بچھو کے کاٹے کے لئے خارجی طور پر لیڈم مدر ٹنکچر لگانا چاہیئے۔ امونیم کا پانی بھی خارجی طور پر لگانے کے لئے بہت مفید ہے۔

۳۰- کنکھجوروں اور مکڑوں وغیرہ کے کاٹے کے لئے اکیلی ملی فیا عمدہ ترین دواؤں میں سے ایک ہے۔ اس کو بیرونی اور مقامی طور پہ لگایا جا سکتا ہے۔

۳۱- مقعد کے زخموں سے جریان خون کے لئے ہیما میلس مدر ٹنکچر میں روئی ترکر کے لگائی جائے۔

۳۲- پائیونیا مدر ٹنکچر کو مقعد کے زخموں پر ملنا چاہیئے۔ یہ بستر کے زخموں کے لئے بھی مفید ہے۔

۳۳- بستر کے زخموں پر آرنیکا مدر ٹنکچر کو ڈسٹل واٹر میں ملا کر دھونے کے بعد تین مرتبہ روزانہ کیلن ڈولا مدر ٹنکچر کا لیپ کرنا چاہیئے۔

۳۴- آنکھوں کو دھونے کے لئے پندرہ قطرے کیلن ڈولا مدر ٹنکچر ایک چائے کی پیالی بھر ابلے ہوئے شیر گرم پانی میں ملا کر استعمال کرنا چاہیئے۔

۳۵- آگ سے جل جانے یا بھاپ وغیرہ سے جل جانے کے لئے، اگر جلد پھٹ گئی ہو تو کینتھرس کا مرہم، اور اگر جلد کچی ہو تو آرٹیکا یورنس کا مرہم۔

۳۶- چھلی اور پھٹی ہوئی جلد کے لئے کیلن ڈولا مدر ٹنکچر ملیں۔ ٹیمس کا لوشن بھی لگایا جا سکتا ہے۔

۳۷- دانت درد کے لئے "پلانٹیگو" مدر ٹنکچر لگائیں۔

۳۸- چہرے پر پھنسیاں آرنیکا یا لیڈم مدر ٹنکچر کا لوشن۔ ایک حصہ دوا اور

دس حصے ابال کر ٹھنڈا کیا ہوا پانی۔

۳۹۔ درد کے لئے۔ فائیٹولاکا مدر ٹنکچر یا کرنار فیونٹم کا محلول تیل میں ملا کر یا چار سے آٹھ گرین ویزلین میں ملا کر لگائیں۔ یہ دوسری دوا بعض اوقات ورم پیدا کر دیتی ہے لہٰذا اس کو احتیاط سے استعمال کرنا چاہیئے۔ فائیٹولاکا کا استعمال پستانوں کے ورم کے لئے بھی کیا جا سکتا ہے۔

۴۰۔ گوہانجیوں کے لئے۔ کیلن ڈولا مدر ٹنکچر کے لوشن میں گرم روئی کو تر کر کے لگانے سے کافی آفاقہ ہوتا ہے۔

۴۱۔ ڈاکٹر انشٹر کے مطابق کیلن ڈولا سے زخموں کی پٹی کرنے سے زخم جلد درست ہوتے ہیں اور گلنے سڑنے سے محفوظ رہتے ہیں۔ نیز تشنج (ٹیٹنس) سے بھی بچاؤ کا سبب بنتی ہے۔

آنکھوں کی جلن EYES BURNING

آنکھیں جلیں لیکن آنسو خراشدار نہ ہوں
آنکھیں روشنی برداشت نہ کر سکیں۔

"ایلیم سیپا"

آنکھوں کے امراض EYES EFFECTIONS

آنکھوں کے تمام ممکنہ امراض، حاد یا مزمن، سفید پردے کا ورم، انگوری پردے کا ورم، داغ یا چھالے سب کے لئے یوفریزیا کو ذہن میں رکھنا چاہیئے۔

آنکھیں رنگوں میں تمیز نہ کر سکیں EYES COLOUR BLINDNESS

رنگ اور نظر میں ہر قسم کا قابل فہم دھوکا پایا جاتا ہے۔ مختلف قسم کے اجسام آنکھوں کے سامنے اڑتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ آنکھوں کے پپوٹے پھڑکتے اور چپکتے رہتے ہیں۔ "اگاری کس"

رنگوں میں تمیز نہ کر سکنے کی دوسری دوا ہے "فاسفورس"

آنکھوں کا موتیا، اس سے بچاؤ
EYES CATARACT- ITS PREVENTION

۱۔ ملائم موتیا۔ "کالچی کم"۔
۲۔ "سنفاریریا" موتیا کو شفایاب کرنے کے لئے چار یا پانچ مرتبہ روزانہ ایک قطرہ آنکھ میں ڈالنا چاہیئے اور اس عمل کو کئی ماہ تک جاری رکھا جائے۔ یہ جراحت کے کیسوں میں بھی مفید ہے۔

۳۔ ڈاکٹر اے۔ بی نورٹن نے موتیا کے حاد کیسوں میں "کاسٹیکم" کو بہت مفید پایا ہے۔

آنکھ کے ڈھیلے کا نکالنا
EYE BALL REMOVAL

آنکھ کے گڑھے میں جہاں سے ڈھیلا نکالا گیا ہو عجیب قسم کی ٹھنڈک کا احساس۔ پلکوں کا اعصابی درد جو ڈھیلے کو ہٹانے کے بعد ہوا ہو۔ یہ دوا بہت عمدہ سکون دیتی ہے۔ "میزیریم"۔

آنکھ کے پردے ریٹینا کا ہٹانا
EYES DETACHMENT OF RETINA

ریٹینا کا ہٹانا، ریٹینا پہ داغ، کورنیا پر جالا، ملائم موتیا۔ "نیفتھالینم"۔

آنکھ کے پپوٹے جھکے ہوئے متورم خارش اور پپوٹے زخمی
EYES LIDS DROOPING SWOLEN ITCHING AND ULCERS ALONG LIDS

آنکھ کے پپوٹوں کا بھاری پن، ان کو کھلا نہ رکھا جا سکے اور پپوٹے حاد حالت میں جھکے ہوئے مریض غنودگی میں ہوتا ہے۔ "جلسی میم"۔

ب۔ ۱۔ پپوٹے عموماً متورم، آنکھیں مکمل طور پہ بند، آنسو جلن پیدا کرنے والے جو پپوٹوں اور رخساروں کو جلا دیتے ہیں۔

۲۔ آنکھوں کے پپوٹوں میں دن کو خارشں ہوتی ہے اور رات کو آپس میں جڑ جاتے ہیں۔ کنارے گاڑھی بلغم سے ڈھکے ہوتے ہیں۔ "یوفریزیا"۔

۳۔ جب آنکھوں کے پپوٹے متورم اور صبح کے وقت زرد رنگ کے مواد کے ساتھ آپس میں چپکے ہوئے ہوں۔ "کیمومیلا"۔

۴۔ جب آنکھوں اور پپوٹوں میں سُرخی ہو اور پپوٹوں کے کناروں پہ زردی مائل چھالے ہوں جس سے زردی مائل مواد خارج ہوتا ہو۔ "مرک سال"۔

آنکھوں کا دھندلا پن EYES DIMNESS جب بغیر کسی واضح سبب کے دھندلا دکھائی دے۔ "امبرا"۔

آنکھیں غیر مشابہ EYES DISSIMILAR دونوں آنکھیں شکل میں مشابہ نہ ہوں۔ بائیں آنکھ بہت چھوٹی ہو اور پپوٹے دائیں آنکھ کے پپوٹوں کی طرح پورے طور پہ نہ کھلتے ہوں تو "سیلا" ایک ہزار طاقت میں ہر ماہ تین ماہ تک دہرائیں۔ اس کے بعد "سیلا" پینتالیس ہزار طاقت میں دیں۔ دونوں آنکھیں شکل میں ایک دوسری کے مشابہ ہو جائیں گی۔

آنکھوں کا لوشن EYES LOTION "یوفریزیا" کا لوشن۔ پانی کا ایک گلاس تیار کر لیں اور آنکھوں میں ریت یا مٹی کے احساس اور آنکھوں میں درد کے لئے پانچ قطرے ہر آنکھ میں ڈالیں۔

آنکھیں سرخ EYES RED بیک وقت دونوں آنکھیں سرخ، خون کا دباؤ، منہ اور گلا اندر سے بہت زیادہ سرخ اور خشک۔ "بیلاڈونا"۔

آنکھوں پہ بوجھ سر درد کے ساتھ EYES STRAIN WITH HEADACHE آنکھوں پہ بوجھ جس کے بعد سر میں درد ہو۔ آنکھیں سلائی یا پھر باریک بینی کا کام کرنے کی وجہ سے سرخ اور پر درد ہوں۔ پڑھنے میں شدید درد۔ "روٹا"۔

آنکھیں سفلیٹک
EYES SYPHILITIC

آنکھوں کی سفلیٹک تکالیف، آنکھوں کے ڈھیلوں پر چھالے اور زخم، کورنیا پر زخم جن کے ساتھ آنکھوں میں سن ہونے کا احساس پایا جائے اور جن کو کھلی ہوا میں آفاقہ ہو۔ آنکھوں کی سوجن جس کے ساتھ شدید تیز درد جو اندر سے باہر کی جانب آتا ہو۔ "ایسا فوٹیڈا"۔

ب۔ آنکھوں کے پپوٹے سخت اور پیپ دار پھوڑوں سے ڈھکے ہوئے اور متورم، زرد، سرخ، سوجے ہوئے اور رستے ہوں۔ "ٹیلوریم"۔

۲۔ چھوٹی چھوٹی پیپ دار پھوڑوں کی مانند پپوٹوں کے کناروں پر پھنسیاں۔ "سیپیا" مفید ہے۔

۳۔ سفلس کے ساتھ بہت زیادہ مقدار میں آنسوؤں کا نکلنا۔ "نائیٹرک ایسڈ"۔

آنکھ میں بیرونی جسم کا پڑ جانا
EYES FOREIGN BODY IN IT

کیڑا مکوڑا یا کوئی چھوٹا بیرونی جسم اگر آنکھ میں پڑ جائے تو یہ دوا فوراً اس کو باہر نکال دیتی ہے اور آنکھ کے ڈھیلے کو سکون پہنچاتی ہے۔ اگر آنکھ کے اوپر کے پپوٹے اور ڈھیلے کے درمیان کسی بھی بیرونی جسم کی موجودگی کا احساس ہو تو اس کے لئے بھی بہت مفید دوا ہے۔ "کوکس کیکٹائی"۔

پڑھنا آنکھوں کے درد کا سبب بنے
EYES READING CAUSING PAIN

تھوڑا سا پڑھنا بھی دونوں آنکھوں کی پشت اور سر کی پشت پر درد کا سبب بنے۔ "کونیم" نیز طاقت میں اور آنکھوں میں ڈالنے کے لئے "روٹا" مدر ٹنکچر کا لوشن۔

آنکھوں کی تکالیف اور آنکھوں کے آپریشن کے بعد کی تکالیف
EYES TROUBLES AND TROUBLES AFTER OPERATION ON EYES

۱۔ آنکھوں کی حاد تکلیف جس کے ساتھ روشنی میں نہ دیکھنا چاہے اور آنکھوں سے پانی آتا ہو۔ آنکھوں کی تمام ممکنہ تکالیف حاد اور مزمن دونوں، اگر آنکھوں میں سوزش کے ساتھ ہوں تو عموماً "یوفریزیا" سے شفایاب ہوتی ہیں۔

۲۔ کورنیا کی رسولی۔ "کلکیریا میوریٹیکا"۔

۳۔ آنکھوں کی پلکوں کا ضائع ہو جانا (گرنا) "پٹرولیم" موازنہ کریں "ایسڈ فاس" سے۔

۴۔ پپوٹے سرخ اور متورم۔ پپوٹوں پر چھالے جو سرخ ہو جائیں اور ان پر کھرنڈ جم جائیں۔ "گریفائیٹس"۔

۵۔ پپوٹوں کا ایگزیما جس پر سخت کھرنڈ ہوں۔ "میزیریم"۔

۶۔ رات کا اندھاپن جس کے ساتھ آنکھ کا موتیا ہو یا نہ ہو۔ "فائیسوسٹگما"

۷۔ رات کا اندھاپن۔ "لائیکو پوڈیم"۔

۸۔ حمل کے دوران رات اور دن کا اندھاپن۔ "رینن کولس بلب"۔

۹۔ آنکھوں کے اندر اور گرد شدید درد۔ "مرک کار"۔

۱۰۔ آنکھ کے پپوٹے پر فاسد مادے کی تھیلی سی بن جائے۔ "کلکیریا فلور" دیں اگر یہ ناکام ہو جائے تو "نائیٹرک ایسڈ" دیں۔

۱۱۔ آنکھ کا دھندلاپن موتیا۔ "ایسیریم" بعض حالتوں میں جادو کا سا اثر رکھتی ہے اور عموماً درد یکدم رفع ہو جاتے ہیں۔ ڈاکٹر جہار "فاسفورس" کی سفارش کرتے ہیں جبکہ ڈاکٹر فیلوز کے مطابق "جلسی میم اور سپائی جیلیا" بہت عمدہ اور مفید اثرات کی حامل ہیں۔ "فاسفورس" اعصابی قسم کے دردوں کو ختم کر دیتی ہے۔

۱۲۔ دانے دار پپوٹوں کے لئے "ہیپر سلف" کو آزمائیں اور اس کے بعد "گریفائٹس" کو آزمائیں۔

۱۳۔ دانے دار پپوٹے جبکہ پلکیں اندر کی طرف آنکھوں میں مڑ جائیں۔ آنکھوں میں ورم پیدا کر دیں۔ نچلا پپوٹا مکمل طور پر اندر کو مڑ جائے۔ "بوریکس"۔

۱۴- آبروؤں سے بالوں کا گرنا - "کالی کارب" اگر یہ ناکام ہو جائے تو پھر "انا تھیرم" دیں ۔

۱۵- پپوٹوں کی سوجن جس کے ساتھ ڈنگ لگنے کے سے اور گولی لگنے کے سے درد ہوتے ہوں ۔ "ایپس"۔

۱۶- چوٹ - تمام قسم کی آنکھوں کی تکالیف جو چوٹ لگنے کی وجہ سے ہوں تو "آرنیکا" دوایم طاقت میں دیں ۔ ابتدا میں دو یا تین خوراکیں چوبیس گھنٹے کے وقفہ سے دیں ۔ اگر اس سے کوئی فائدہ نہ ہو تو "ہائیپریکم" تیس طاقت میں ہر بارہ گھنٹے بعد دیں ۔

ب ۔ کوئی چیز آنکھ میں چبھ جائے تو مدر ٹنکچر "سمفائیٹم" بیرونی طور پہ استعمال کریں اور اندرونی طور پہ بھی ۔

۱۷- ا ۔ پلکیں اندر کی طرف بڑھ رہی ہوں تو پہلے "بوریکس" دیں ۔ اگر یہ فیل ہو جائے تو پھر "پلساٹیلا" دیں ۔

ب ۔ چندھیاپن یا کم دکھائی دینے کے لئے "فائیسوسٹگما" چار گھنٹے کے وقفہ سے ۳x تین ڈیسی مل طاقت میں ۔

۱۸- روشنی ناقابل برداشت حتیٰ کہ آنکھیں نہ کھول سکے ۔ آنکھوں کی اوڈیما کی مانند سوجن جس کے ساتھ سُرخی ہو اور خراشدار مواد کا اخراج ہو "رسٹاکس"۔

۱۹- ریٹینا میں جریان خون - اس دوا سے جریان خون اور سوجن غائب ہو جائے گی ۔ لیکیسس ۔

۲۰- گوہانجنیاں ۔ "پلساٹیلا" ڈاکٹر آر بی ۔ بشمبر داس کے تجربہ کے مطابق گوہانجنیوں کے لئے "سٹافی سگیریا" بہت مفید دوا ہے ۔ وہ اس دوا کو اس وقت دیتے ہیں جب پلساٹیلا ناکام ہو جائے ۔ ان کے تجربہ کے مطابق یہ دوا آنکھوں کی تمام قسم کی تکالیف میں خواہ وہ حاد ہوں یا مزمن. بہت مفید ثابت ہوئی ہے ۔ خواہ یہ تکالیف اوپر کے یا نچلے پپوٹوں کی ہوں ۔

جب گوہانجنیوں کے بار بار نکلنے کا رجحان پایا جائے تو "ہیپر سلف"۔

۲۱۔ رات کے اندھے پن کے لئے۔ "فائیسوسٹگما"۔

۲۲۔ بصارت کا اچانک ضائع ہو جانا۔ "آپوڈیم"۔ موازنہ کریں "اکونائٹ"

۲۳۔ آنکھوں کے سامنے سیاہ دھبے دکھائی دیں۔ "سلفر"۔

۲۴۔ ا۔ اوڈیما کی مانند سوجن، سرخی اور خراشدار اخراج، پپوٹوں کو کھولنے پر آنسو نکل پڑیں۔ آنکھوں کی ادویہ میں بہت اہم دوا ہے اور ایسی تکالیف کے لئے خاص اہمیت کی حامل ہے۔ "رسٹاکس"۔

ب: بائیں آنکھ کا اعصابی درد جس کے ساتھ سر میں دکھن ہو تو اس کے لئے۔ "کالی آیوڈائیڈ"۔

۲۵۔ آنکھوں کی گوہانجنیوں، غدودوں کی تکالیف اور آنکھوں کی گنٹھیادی تکالیف کے لئے بہت مفید دوا ہے۔ "مرک سال"۔

۲۶۔ آنکھ کے انگوری پردے کے ورم کے لئے مانی ہوئی دوا ہے۔ یہ ورم پر قابو پا لیتی ہے۔ عضلات کی اینٹھن کو درست کر دیتی ہے اور زخموں کو تحلیل کر دیتی ہے۔ "جبورانڈی"۔

۲۷۔ آبروؤں سے اوپر جلن دار دردوں کے لئے "ایسافوٹیڈا"۔

آنکھوں کے آپریشن کے بعد AFTER OPERATION ON THE EYES

۱۔ اعلیٰ دوا ہے۔ "اکونائٹ"۔

۲۔ کنپٹیوں میں شدید درد۔ "اگنیشیا"۔

۳۔ درد گولی کی مانند سر میں جائیں۔ "رسٹاکس"۔

۴۔ جھٹکے والے درد، قے اور اسہال کے ساتھ۔ "اسارم"۔

۵۔ عدسوں کے فاسد مواد کو تحلیل کرنے کی صلاحیت کو بڑھانے کے لئے "سینیگا"۔

۶۔ خصوصاً آنکھ کے ڈھیلے کو نکالنے کے بعد درد یں تیزی کے ساتھ نیچے کی جانب جاتی ہیں جس کے ساتھ ٹھنڈک کا احساس اور ہڈیوں کا سخت ہو جانا پایا جاتا ہے "میزیریم"۔

۷۔ چیزیں ایسی دکھائی دیتی ہیں جیسے کہ خون سے رنگی ہوئی ہوں۔ "سٹرونٹیم"۔

۸۔ آنکھوں میں ہتھوڑے اور جھٹکے لگنے کا احساس۔ "کروکس"۔ (ڈاکٹر ڈیوی)

۲۸۔ چیزیں اپنی اصلی حالت سے چھوٹی دکھائی دیتی ہیں۔ "پلاٹینا"۔

۲۹۔ اوپر کے پپوٹے کا پھول جانا جو پانی کی تھیلی کی مانند نیچے کو لٹکتا ہو اس کے لئے "کالی کارب"۔ جبکہ نچلے پپوٹے کے لٹکنے کے لئے "ایپس ملی فیکا" ہے۔

تمام آنکھوں کے گرد اور چہرے کی سوجن کے لئے۔ "فاسفورس"۔

اوپر کا آدھا حصہ دکھائی نہ دے EYE - UPPER HALF INVISIBLE

چیزوں کا اوپر کا آدھا حصہ دکھائی نہ دے۔ "آرم میٹ"۔

آنکھوں سے پانی آئے جس کے ساتھ سُرخی اور درد ہو

EYES WATERING WITH REDNESS AND PAIN

آنکھوں کی بہت زیادہ سُرخی جس کے ساتھ آنسو نکلیں۔ آنکھوں کے ڈھیلوں کا جلن اور چھالوں کی سی شکل کا دکھائی دینا، آنکھوں میں تیز گولی لگنے کے سے درد۔ حاد ورم کے بعد آنکھوں میں اجتماع خون۔ "ایسکولس ہپ"۔

چہرے کے دانے FACE ACNE

"اینٹیریس رینس اور کالی برومیٹم" یہ دونوں ادویہ چہرے کے دانوں کے لئے مخصوص ہیں۔

اگر یہ دونوں ناکام ہو جائیں تو "ریڈیم بروم تیس طاقت میں آزمانی چاہیئے اور بگڑی ہوئی شدید حالتوں میں "آرسینک آیوڈائیڈ اور سلفر آیوڈائیڈ" دینی چاہیئے۔

عورتوں کے چہرے اور ٹھوڑی پر بال اگیں۔
FACE - HAIRS ON LIPS AND CHIN OF WOMEN

"تھوجا" دو سو طاقت ہر ماہ اور "اولیم جبکیو ریس ایسیلیم" طاقت میں تین مرتبہ روزانہ ماسوائے اس دن کے جس کو "تھوجا" دی گئی ہو۔ ایلو پیتھک کیسٹ سے ویکس لے کر اس کو کسی برتن میں اچھی طرح پگھلا کر بالوں والی جگہ پر لیپ کریں اور اس کو بالکل ٹھنڈا ہونے تک اسی حالت میں رہنے دیں۔ جب اچھی طرح ٹھنڈا ہو جائے تو اس کی تہہ کو انگلی سے ہٹائیں۔ بال خود بخود بلا تکلیف اس کے ساتھ اتر جائیں گے۔ اگر بال دوبارہ پیدا ہو جائیں تو اسی طریقہ سے دوبارہ ان کو صاف کیا جا سکتا ہے۔

چہرہ - ہونٹوں پر زخم
FACE ULCERS ON LIPS

"سلیشیا اور نائیٹرک ایسڈ۔"

چہرے پر داد
FACE RINGWORM ON

ہیلی بورس، کلکیر کارب، پٹیلوریم۔ نیز دیکھئے درد چہرے اور چھاتی پر۔

چہرہ - اوپر کے ہونٹ کی سوجن
FACE SWELLING OF UPPER LIP

"ہیپر سلف اور ایپس۔"

چہرہ - بچے کا جس پر بندر کے چہرے کی مانند جھریاں ہوں اور نشو نما نہ ہو
FACE - CHILD CREASED LIKE MONKEY AND DOES NOT GROW

بچہ دبلا پتلا، بازو اور ٹانگیں پتلی، پچکا ہوا کمزور چہرہ جو بوڑھا دکھائی دے اور اس پر بندر کے چہرے کی مانند جھریاں پڑی ہوئی ہوں۔ بچے کا پیٹ بڑا ہوتا

ہے اور اپنی عمر کے مطابق نہیں بڑھتا۔ "سیلیشیا"۔

چہرے کے داغ FACIAL BLEMISHES

چہرے کے داغ جوان عورتوں میں۔ "اکٹیا ریسی"۔

چہرے کی رنگت میں تبدیلی پیشاب کی تکلیف کے ساتھ

FACIAL DISCOLOURATION WITH URINE TROUBLE

عورتوں میں ماہواری کی بے قاعدگیوں یا رحم کی تکالیف کے سبب چہرے کی جلد کی رنگت بدل جائے۔ "کاسٹیکم"۔

چہرے کا فالج اعصابی درد کے ساتھ

FACIAL PARALYSIS WITH NEURALGIA

۱۔ فالج ٹھنڈی ہوا یا ہوا کا جھونکا لگ جانے سے،

"کاسٹیکم" عمدہ دوا ہے۔

۲۔ اعصابی درد، پھڑکن اور سن ہونے والا فالج۔ "کاکوس انڈیکس"۔

غشی طاری ہونا اسباب کی وجہ سے جیساکہ خون دیکھنے سے وغیرہ

FAINTING DUE TO CAUSES LIKE SIGHT OF BLOOD ETC

ایسے لوگ جن پر آسانی سے غشی طاری ہو جائے۔

i۔ کھڑا ہونے سے۔ ii۔ خون دیکھنے سے۔

iii۔ لباس پہن کر دیکھنے سے۔ iv۔ اور جب پاخانہ کر رہے ہوں۔ ان کے لئے عمدہ دوا ہے۔ "ونکس موسکاٹا"۔

غش کھا جانا آسانی سے FAINTING EASILY

متواتر غشی اور کھاتے وقت اعصابی کپکپی کے دورے۔ مفید دوا ہے۔ "ورماسکس"۔

غشی کسی پرجوش واقعہ اور خوف کے وقت
FAINTING ON EXCITEMENT AND FRIGHT

۱۔ ہلکے سے ہیجان پر غشی کا دورہ، "ماسکس"۔

۲۔ جب ڈرا ہوا ہو۔" اوپیم"۔

غشی مشقت سے جس کے ساتھ پیشانی پر پسینہ آئے
FAINTING FROM EXERTION WITH SWEAT OF FOREHEAD

غشی کے دورے ہلکی سی مشقت سے جن کے ساتھ پیشانی پر پسینہ آئے۔ "وریٹرم البم"۔

غشی کے دورے افسردگی کے ساتھ
FAINTING FITS WITH DEPRESSION

وہ روتی ہے اور غشی کے دورے پڑتے ہیں جن کے ساتھ بہت زیادہ تھکاوٹ اور بہت بے سکونی ہوتی ہے اور حوصلہ میں پستی پائی جاتی ہے۔ امونیم کارب"۔

غشی ہسٹیریا والی عورت کی
FAINTING OF HYSTERICAL WOMEN

مریضہ عورت بہت آسانی سے غش کھا جائے اور ہسٹیریا کا مزاج رکھتی ہو، سردی اور گرمی دونوں سے حساس ہو جو بہت دبلی پتلی اور مشقت کے بعد بہت آسانی سے تھک جائے لیکن اس کے باوجود بہت تیز چلنے کی خواہشمند ہو۔ گرمی کے جھونکے ہاتھ اور پاؤں گرم ۔" سیپیا"۔

غشی ہسٹیریا کی مانند جس کے ساتھ دانت رگڑے
FAINTING HYSTERICAL WITH GRINDING OF TEETH

تمام مریض بلا وجہ یا بند کمرے کی وجہ سے غشی میں مبتلا ہو جائیں۔ جوش کی

یا کسی قسم کے دوسرے ذہنی خلل کی وجہ سے۔ ہسٹیریا ایسافوٹیڈا کی عام وجہ سے لیکن غشی بھی اس میں عام پائی جاتی ہے۔ اس میں ٹانکے لگنے کی سی علامت ہے جواچانک ہوتی ہیں اور ہڈیوں سے سطح کی طرف آتی ہیں یعنی اندر دردیں پائی جاتی ہیں سے باہر کی طرف۔ گلے میں گولے کا احساس یا ایسوفیگس کی ہسٹیریا کی سی اینٹھن۔ رات کو دانت رگڑنا۔ "ایسافوٹیڈا"۔

غشی حمل کے دوران سواری کرتے وقت یا بچے کو دودھ پلانے کے دوران

FAINTING IN PREGNANCY WHILE RIDING OR NURSING

شدید گرمی اور سردی سے، بھیگ جانے کے بعد، گاڑی میں سواری کرنے سے، حمل کے دوران دل ڈوبے اور غشی کا احساس، زچگی کے دوران، دودھ پلانے کے دوران۔ ہسٹیریا مزاج۔ "سیپیا"۔

غشی درد کے ساتھ

FAINTING WITH PAIN

غشی درد کے ساتھ ہو تو "ہیپر سلف"۔

غشی رقیق مادوں کے ضیاع کی وجہ سے

FAINTING DUE TO LOSS OF FLUIDS

رقیق مادوں کے ضیاع کی وجہ سے آنکھوں کے آگے اندھیرا اور کانوں میں گھنٹیاں بجنا۔ اگر خون کا اچانک ضیاع ہو جانے کی وجہ سے غشی ہو تو بہت ہی مفید دوا ہے۔ "چائنا"۔

گرنے کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی بیماریوں سے بچنے کے لئے

FALL TO PREVENT CONSIQUENTIAL ILLS

کوئی شخص سیڑھیوں سے گر جائے اور اس کو شبہ ہو کہ اس کا سر سیڑھی کے پائے کے ساتھ ٹکرایا جس کی وجہ سے اس کی ریڑھ میں شدید دکھن ہے تو فوراً

ہائیپر یکم دینی چاہیئے تاکہ ریڑھ کے ستون کی کسی ورمی کیفیت یا دوسری کسی قسم کی بیماری کے پیدا ہونے سے بچاؤ ہو سکے۔ "ہائیپر یکم"۔

بالوں کا گرنا FALLING OUT OF HAIRS

ا۔ عام کمزوری کی وجہ سے۔ "فاسفورک ایسڈ"

ب : بالوں میں جب بھی کنگھی کی جائے تو گریں۔ "نیٹرم میور"

ج : سر پہ گنج کے داغ۔ "فاسفورس"

۲۔ بالوں کا گرنا شدید خارش کے ساتھ۔ "ونکا مائینز"

جھوٹے دردِ زِہ FALS LABOUR PAINS

خصوصاً حمل کے آخری ماہ میں مخصوص دوا ہے۔

"کالوفائیلم"۔ ڈاکٹر ہیرنگ اس دوا کی سفارش کرتے ہیں۔ "اکٹیا ریسی موسا"

موٹا مریض چہرے کی پھولاوٹ کے ساتھ FAT PATIENT WITH PUFFINESS OF FACE

اس دوا کا مریض موٹا ڈھیلا ڈھالا دکھائی دیتا ہے اور چہرہ ارغوانی ہوتا ہے۔

یہ ارغوانی رنگت وریدی ہوتی ہے جس کے ساتھ چہرہ پھولا ہوا ہوتا ہے۔ یہ موٹے لوگوں کی دوا ہے اور بمشکل دبلے پتلے لوگوں کے لئے کارگر ہے۔ مریض جب باہر سردی میں ہو یا جب جوش میں آجائے تو ارغوانی رنگت کا دکھائی دیتا ہے۔ اس کے لئے مفید ہے۔ "ایسا فوٹیڈا"

دل میں چربی کا بگاڑ FATTY DEGENERATION OF HEART

ڈاکٹر برنٹ وینا ڈیم اور بیلس پیرینس کو ایک نعم البدل دوا ہونے کی سفارش کرتے ہیں۔

موٹا مریض موٹاپے کی طرف رجحان FAT PATIENT TENDENCY TO OBESITY

"کلکیریا کارب" ایک مفید دوا ہے اس کا مریض موٹا اور ڈھیلا ڈھالا

ہوتا ہے۔ مریض سست ہوتا ہے اور اس کی حرکات میں بھی سستی پائی جاتی ہے یہ دوا عموماً بچوں میں تجویز کی جاتی ہے۔ موٹاپے کی طرف رجحان خصوصاً بچوں اور جوان لوگوں میں اس کی مخصوص علامت ہے۔ پیٹ بڑھا ہوا اور اس میں ہوا بھری ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ خصوصاً بچوں میں۔ بچوں میں جسم کمزور اور سر بڑا ہوتا ہے "کلکیریا کارب"۔

مشقت جسمانی یا ذہنی درد کا سبب بنے، سر درد یا پریشانی

FATIGUE CORPOREAL OR MENTAL CAUSING PAIN HEADACHE OR CONFUSION

۱۔ وزن اٹھانے سے یا شدید جسمانی مشقت سے جوڑوں میں درد۔ "رسٹاکس" ہر چھ گھنٹے بعد۔

۲۔ سر درد، بے چینی، اعصابی اشتعال انگیزی، غیر فرحت بخش نیند، تھکاوٹ "نکس وامیکا" تین گھنٹے کے وقفہ سے۔

۳۔ مشقت جس کے ساتھ بہت زیادہ کمزوری ہو یا کسی قسم کی محنت سے بہت زیادہ تھکاوٹ ہو جائے۔ "آرسینکم البم"۔

۴۔ مشقت کافی عرصہ غذا نہ کھانے کی وجہ سے۔ "کافیا"۔

۵۔ مختلف اقسام کے تیزی کے ساتھ کامیابی سے ہمکنار ہونے والے ذہنی کاموں سے ذہنی تھکاوٹ ذہنی طور پہ پاگل اور کوئی کام کرنے کا نا اہل ہو جائے "ایتھیوزا سائی نیپیم"۔

۶۔ جب کسی وجہ سے اعصابی تھکاوٹ ہو جائے تو یہ دوا دینی چاہیئے اس میں تھکے ہوئے اعصاب کو درست کرنے کی صلاحیت بدرجہ اتم موجود ہے۔ "آرنیکا"۔

۷۔ پریشانی، پیشانی میں درد، کمزوری، دل ڈوبنے کا احساس اور بے خوابی کے لئے "چائنا"۔

خوف FEAR

۱۔ جب خوف اسہال کا سبب بنے۔ "ادیم"۔

۲۔ جانوروں کا خوف "بیلاڈونا"۔

۳۔ پانی سے جل جانے کا خوف، لوگوں کا خوف، زہر دیئے جانے کا خوف "ہائیوسائیمس"۔

۴۔ کسی ناگہانی اور ہولناک واقعے کا یا پریشانی آنے کا خوف، خوف بے حقیقت شے یا پاگل ہو جانے کا۔ "کلکیریا کارب"۔

خوف اکیلا رہنے کا | FEAR OF REMAINING ALONE | مریض کو خوف ہوتا ہے کہ اسے اکیلا چھوڑ دیا جائے گا۔ "فاسفورس"۔

خوف ہجوم کا | FEAR OF CROWDS | ہجوم کا خوف اور سینما میں کسی جوش پیدا کرنے والے منظر سے خوف۔ "اکونائٹ" ایک ہزار طاقت میں واحد خوراک۔

خوف اندھیرے کا | FEAR OF DARKNESS | مریض کو اندھیرے اور طوفان باد و برق و باران کا خوف ہوتا ہے۔ "فاسفورس"۔ موازنہ کریں "سیپیا" سے۔

خوف امتحان کا | FEAR OF EXAMINATION | طلباء میں امتحان کا خوف یا ڈر کے لئے "اناکارڈیم" مفید ہے۔

خوف اکیلا رہ جانے کا | FEAR OF LONELINESS | اکیلا رہ جانے سے ڈرے، "سیپیا" موازنہ کریں "فاسفورس" سے۔

خوف اکیلا رہنے اور طوفان برق و باران کا | FEAR OF LONELINESS AND THUNDERSTORM | مریض ڈرتا ہے کہ اس کو اکیلا چھوڑ دیا جائے گا اندھیرے میں اور طوفان برق و باران وغیرہ سے ڈرتا ہے۔ "فاسفورس"۔ موازنہ کریں "سیپیا" سے۔

پاؤں کی جلن پاؤں کو ڈھانپ نہ سکے
FEET BURNING KICKING FEET OUT OF COVER

پاؤں کے تلووں میں اس قدر جلن ہوتی ہے کہ وہ پاؤں کو ڈھانپ نہیں سکتا۔ ان کو کپڑے سے باہر نکال کر رکھتا ہے۔ "سلفر" موازنہ کریں "فاسفورس" سے جس میں مریض ہاتھوں کو نہیں ڈھانپ سکتا۔ "گریفائیٹس" مدر ٹنکچر زیتون کے تیل میں ملا کر بیرونی طور پر لگانا چاہیئے۔

جب سویا ہوا ہو تو پاؤں حرکت کریں اور خود بخود حرکات
FEET MOVING WHEN ASLEEP AND AUTOMATIC MOVEMENTS

جب سویا ہوا ہو تو پاؤں کی اعصابی حرکت۔ نیند کے دوران چیخ اٹھے اور پاؤں اور ہاتھوں کی خود بخود حرکت۔ سر کو تکیے میں گھسیڑے۔ "زنکم میٹ"۔

پاؤں۔ بدبودار
FEET OFFENSIVE

پاؤں کا اور بغلوں کا پسینہ بدبودار۔ پاؤں سے ہر شام کو بغیر پسینہ کے مردار کی سی ناقابل برداشت کھٹی بو آئے۔ پاؤں، ہتھیلیوں اور سر کے پسینہ کے دب جانے کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریاں خصوصاً بچوں میں۔ "سلیشیا"۔ موازنہ کریں "کلکیریا کارب" سے۔

پاؤں تلووں کی جلن کے ساتھ بستر سے باہر
FEET OUT WITH BURNING SOLES

مریض اپنے پاؤں بستر سے باہر نکال کر رکھے، رات کو تلووں میں جلن ہو۔

"کیمومیلا" موازنہ کریں "سلفر" سے۔

بخار کے آبلے
FEVER BLISTERS

"نیٹرم میور" آبلوں کے لئے بہت عمدہ دوا ہے اور کسی بھی درجے میں دی جا سکتی ہے۔

بخار۔ سردی اور سر پر پسینہ کے ساتھ
FEVER CHILL WITH SWEAT OVER HEAD

سردی دو بجے بعد دوپہر کے لگے۔ سردی اور حرارت بخار پسینہ کے ساتھ۔ نبض بھری ہوئی اور متواتر۔ بچوں کے سر پہ اتنا پسینہ آئے کہ تکیہ بھیگ جائے۔ "کلکیریا کارب"

بخار۔ سردی اور پیاس کے ساتھ
FEVER CHILLY WITH THIRST

اس دوا کے علاوہ کوئی دوسری دوا نہیں ہے جس میں سردی کے درجہ میں پیاس پائی جاتی ہو اور کسی دوسرے درجہ میں پیاس نہ ہو۔ "اگنیشیا"

بخار۔ تشنجی درد اور پسینہ کے ساتھ
FEVER COLICKY WITH SWEAT

ہلکی سی سردی لگے، تشنجی درد اور پیشانی پہ ٹھنڈا پسینہ، منہ اور ہونٹوں کے گرد زردی، آنکھوں کے گرد سیاہ نیلگوں دائرے، چہرہ ٹھنڈا اور ہاتھ گرم۔ "چائنا"

بخار دق کا FEVER CONSUMPTIVE

دق کے بخار یا رات کو شرابور کر دینے والا پسینہ، بخار میں پیاس کا نہ ہونا۔ "ایسٹک ایسڈ"

بخار کھانسی اور چھپاکی کے ساتھ FEVER WITH COUGH AND URTICARIA

بخار سردی کے ساتھ، پیاس صرف سردی کے دوران زیادہ مقدار میں پانی کی، چھپاکی، شدید جلن اور خارش، سردی کے درجہ میں کھانسی، کھانسی کی ابتداء سردی کا درجہ شروع ہونے پہ ہوتی ہے اور جونہی بخار کا درجہ شروع ہوتا، کھانسی ختم ہو جاتی ہے۔ بخار اور سردی دونوں کے دوران ہڈیوں میں درد ہوتا ہے۔ بہت تیزی کے ساتھ ہونے والے اسہال۔ دن اور رات بہت زیادہ بے چینی۔ اس کے لئے۔ "رسٹاکس"
(RHUSTOX)

بخار بچے کا کانپنے اور حواس باختہ ہونے کے ساتھ
FEVER OF CHILD WITH TREMBLING AND STARTLING

بچہ بخار کی حاد حالت میں حواس باختہ ہوتا ہے۔ نرس کو پکڑتا ہے اور چیخ مارتا ہے کہ جیسے وہ گرنے سے ڈرتا ہو۔ تمام کپکپیاں، جو اعصابی نظام کی کمزوری کی وجہ سے ہوں خصوصاً حاد بخاروں کی حالت میں تو اس دوا کی طرف رہنمائی کرتی ہیں اور اگر ان حالتوں میں پیاس بھی کم ہو تو یہ دوا اور بھی یقینی ہو جاتی ہے،

"جلسی میم"۔

بخار۔ ہذیان کے ساتھ
FEVER WITH DELIRIUM

اونچے درجے کی جلانے والی اور تیز حرارت اور پیاس کا نہ ہونا، پاؤں برف کی مانند ٹھنڈے، سردی لگنا، بچہ نیند سے چیخ مار کر اٹھے۔ ہذیانی کیفیت۔ عموماً چہرہ سرخ۔ "بیلاڈونا" موازنہ کریں۔ "اکونائٹ اور برائی اونیا" سے۔

بخار بچوں کا جس کے ساتھ پاخانہ بدبودار ہو
FEVER OF CHILDREN WITH FOUL STOOL

بچوں کا بخار، بچہ ہلکی سی نیند میں اور گھبرایا ہوا ہوتا ہے۔ منہ میں چھالے اور ساتھ ہی مُنہ سے گندی بُو آتی ہے۔ پاخانہ نرم اور گندی بُو والا، بہت زیادہ پسینہ آتا ہے زبان خشک ہوتی ہے۔ "بپٹیشیا"۔

بخار دانت نکالنے کے دوران
FEVER DURING DENTITION

تیز بخار جس کے ساتھ ایک رخسار سرخ اور گرم اور دوسرا رخسار زرد اور ٹھنڈا ہو۔ بچہ بے چین اور بے سکون اور چلائے۔ صرف اُٹھا کر پھرانے سے بچہ خاموش ہو۔ خشک کھانسی اور اسہال کے لئے مفید دوا ہے۔

"کیمومیلا" (CHAMOMILLA)

بخار پھنسیوں والا جس میں ابھار بے قاعدگی سے نکلیں
FEVER ERUPTIVE WITH IRREGULAR RASH

پھنسیاں عموماً بجائے چمکیلے سرخ رنگ کے نیلگوں اور ہلکی سی شکل میں دکھائی دیتی
پھنسیاں پورے طور پر نہیں نکلتیں بلکہ ان کی جگہ پر سرخ داغ دکھائی دیتے ہیں جو
اظہار کرتے ہیں۔ پھنسیاں با قاعدہ طور پر پھیلنے میں ناکام ہو جاتی ہیں یا دب جاتی ہیں
مسوڑھوں اور ناک سے خون کا اخراج ہوتا ہے۔ بہت زیادہ کمزوری اور بد حواسی

"ایلنتھس" (AILUNTHUS)

بخار غدودوں کا جو ٹانسلز کے بڑھ جانے اور ورم کی وجہ سے ہو
FEVER GLANDULAR DUE TO SWOLLEN AND ENLARGED TONS-ILS

ٹانسلز کی، گردن کے جوڑوں یا ناک کی سوجن کی وجہ سے گلے کے غدود
بڑھے ہوئے۔ درمیانی اور بیرونی کان میں چیرنے والی دردیں۔ گلا سکڑا ہوا محسوس
ہو، سردی محسوس ہو، بخار کے ساتھ پیاس نہ ہو۔ "بیلا ڈونا" موازنہ کریں
"کلکیریا کارب" سے۔

۲۔ اگر بخار کے ختم ہو جانے کے بعد بھی غدودوں کی سوجن باقی رہے۔ گلے کے
غدود متورم، کانوں میں گولی لگنے کے سے درد۔ "فائیٹولا کا" تیس طاقت میں۔ دیگر
جو ایسی حالت میں مفید ہیں وہ "برائیٹا کارب، کلکیریا آیوڈائیڈ، کالی آیوڈائیڈ اور
بیسی لینم" ہیں جو علامات کے مطابق دینی چاہئیں۔

بخار انفلوئنزا
FEVER INFLUENZA

۱۔ انفلوئنزا کے لئے اعلیٰ دوا ہے اور پچانوے فیصد مریضوں کو
شفایاب کر دیتی ہے۔ جن میں بے چینی، تھوڑی سی مقدار میں پانی کی پیاس، چھینکیں
اور ناک کا بہنا پایا جائے۔ "آرسینکم البم"۔

۲۔ سلفر کو انٹر کرنٹ ریمیڈی کے طور پہ ذہن میں رکھنا چاہیئے۔ اگر بخار اڑتالیس گھنٹے میں نہ اترے تو "سلفر" دوسو طاقت میں خالی پیٹ دینی چاہیئے۔ کم ازکم بارہ گھنٹے تک کوئی دوسری دوا نہیں دینی چاہیئے۔

۳۔ انفلوئنزا کی ابتدائی حالت میں جب چھینکیں آئیں، سردی لگتی ہو، ناک سے پانی کی مانند اخراج ہوتا ہو اور عضلات میں دردیں ہوتی ہوں تو اس دوا کو نہیں بھولنا چاہیئے۔ "جلسی میم"۔ (GELSEMIUM)

۴۔ بخار سردی کے ساتھ جس کے بعد صفراوی قے اور ہڈیوں کی گہرائی میں درد ہو۔ "یوپے ٹوریم پرفولی ایٹم" (EUPATORIUM PERFOL)

۵۔ بہت تیز بخار، چہرہ سرخ، ناک بند، آواز بھرائی ہوئی "کاسٹیکم"۔

بخار نوبتی مہلک FEVER PERNICIOUS INTERMITTENT

نوبتی بخار جو مہلک ہو یا جس کے ساتھ شدید سردی، پیاس، چہرہ اور پیشانی ٹھنڈے اور چہرے پر مردوں جیسی زردی "وریٹرم البم"۔

بخار ملیریا کھانسی اور سردی کے ساتھ FEVER MALARIA WITH COUGH AND CHILL

بے چینی، پیاس اور سردی لگنا بخار کے سردی کے درجے کے دوران کھانسی، بخار سردی سے شروع ہوتا ہے لیکن اس میں اہم چیز یہ ہے کہ اس کے ساتھ کھانسی ہوتی ہے اور یہ کھانسی جونہی سردی کا درجہ شروع ہوتا ہے۔ حاضر ہو جاتی ہے جونہی بخار کی حرارت کے درجہ کا آغاز ہوتا ہے کھانسی غائب ہو جاتی ہے یعنی درجہ حرارت بڑھتا ہے اور مریض مزید سردی محسوس نہیں کرتا تو کھانسی بھی ختم ہو جاتی ہے۔ "رسٹاکس"۔

بخار ملیریا نوبتی FEVER MALARIA INTERMITTENT

نوبتی یا ملیریا بخار سردی نو اور گیارہ بجے کے درمیان حرارت، شدید پیاس

جو بخار کے ساتھ بڑھتی ہے۔ منہ کی خشکی بہت زیادہ پیاس کے ساتھ، کافی مقدار میں پانی پئے۔ نچلا یا اوپر کا ہونٹ درمیان سے پھٹا ہوا۔ منہ کے کناروں پر چھوٹے چھوٹے موتیوں کی مانند چھالے جو بخار کے حملے کے دوران ہوتے ہیں۔ زبان پر سُرخ جزیروں کا نقشہ بنا ہوا ہوتا ہے۔ بخار وقفہ کے بعد ہوتا ہے یا دوسرے دن دس بجے کے قریب ہوتا ہے جس کے ساتھ بہت زیادہ نیند آتی ہے اور بہت زیادہ پیاس لگتی ہے پسینہ آنے سے علامات میں آفاقہ ہوتا ہے۔ ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں میں سن ہونے اور جھنجھناہٹ کا پایا جانا۔ جب بخار کا حملہ ختم ہو تو "نیٹرم میور" دو سو طاقت میں ایک خوراک دیں اور دوسری خوراک دوسری صبح بخار کے حملے سے چار یا چھ گھنٹے قبل دینی چاہیئے۔ نیٹرم میور بخار کے دورے کے دوران کبھی بھی نہیں دینی چاہیئے۔

بخار ملیریا متلی کے ساتھ FEVER MALARIA WITH NAUSEA

متواتر متلی، سر میں سخت درد، حرارت کے دوران پیاس۔ "اپی کاک"

بخار ملیریا جو معینہ وقفہ سے ہو FEVER MALARIA PERIODICAL

مزمن۔ ہر چھ ماہ بعد سردی لگے۔ مریض تمام جسم میں درد محسوس کرے۔ سردی کا احساس بعد دوپہر اور شام کے وقت اور بخار تمام رات۔ آنتوں میں جلندار درد ہو۔ بخار کے دوران بہت زیادہ بے چین ہو گرمی کے مقابلہ میں سردی سے زیادہ حساس۔ "سلفر"

۲۔ بخار مقررہ وقت پر لوٹ آئے۔ "سیڈرون" (CEDRON)

بخار ملیریا ہلا دینے والی سردی کے ساتھ FEVER MALARIA WITH SHAKING CHILL

بخار کا دورہ دس یا گیارہ بجے دن یا تین بجے بعد دوپہر اور دس بجے رات، شدید کپکپا دینے والی سردی جس کے ساتھ پیاس لگے۔ حرارت کا درجہ بہت شدید ہوتا ہے اور عموماً اس کے ساتھ جمائیاں اور چھینکیں آتی ہیں۔ پسینہ کمزور کر دینے والا ہوتا ہے اور

پیاس موجود ہوتی ہے۔ "چائنا سلف"۔ (CHINA SULPH)

بخار دودھ کا MILK FEVER | "بیلا ڈونا" کا استعمال کرلنے سے عمدہ نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ اگر

یہ ناکام ہو جائے تو ڈاکٹر فرنگٹن کے مطابق "برائی اونیا" بار بار دینی چاہیئے۔

۲۔ اگر ایسے بخار میں دردیں بھی ہوں تو ایسی حالت میں اس دوا کو کامیابی کے ساتھ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ "کالی کارب"۔ (KALI CARB)

بخار پرسوت کا FEVER PUERPERAL | ڈاکٹر جہار کا کہنا ہے کہ پہلے نکس وامیکا کی ایک خوراک دے کر اس کے بعد سلفر کی ایک خوراک دینی چاہیئے۔ ایسی حالت میں یہ جادو نما اثرات کی حامل ہے۔

بخار وقفے وقفے سے گھٹنے بڑھنے والا جس کے ساتھ سردی لگے

FEVER REMITTENT WITH CHILLINESS

بار بار حرارت کے جھونکے تمام جسم میں حرارت اور سردی کا احساس رات کے وقت پسینہ آئے۔ زبان کی نوک اور کنارے سرخ اور زبان پر میل جمی ہوئی ہو ہونٹوں کی رنگت چمکیلی سُرخ، کھوپڑی میں حرارت کا احساس، پاؤں میں جلن لیکن ٹھنڈے محسوس ہوں۔ "سلفر"۔

بخار پیچش کے ساتھ FEVER WITH DYSENTERY | شدید بخار کے ساتھ پیچش پائی جائے بہت زیادہ پیاس، پانی پئے اور قے کر دے۔ "اکونائٹ"۔ (ACONITUM)

بخار شدید درد اور گلے کی دُکھن کے ساتھ FEVER WITH RIGOURACHE AND WITH SORETHROAT | جلن والی حرارت۔ چہرہ بیلا ڈونا کی مانند سرخ اور گرم اور اس کے باوجود مریض

سی طرح ڈھانپنا چاہتا ہے اور جسم کا کوئی حصہ ننگا نہیں رکھ سکتا۔ اس کے باوجود بھی بہت سردی محسوس کرتا ہے۔ بخار کے ساتھ گلے میں دکھن، گنٹھیا دی درد یا معدے کی علامات کے ساتھ کوئی دوسری تکلیف پائی جاتی ہے۔ بازوؤں، ٹانگوں اور کمر میں درد بہت زیادہ شدت جس کے ساتھ انگلیوں کے ناخن نیلگوں، پسینہ کھٹا جو جسم کی صرف ایک طرف ہوتا ہے۔ مریض حرکت نہیں کر سکتا اور نہ ہی جسم کے کسی حصے سے تھوڑا سا کپڑا ہٹا سکتا ہے کیونکہ اس کو اس سے سردی لگتی ہے۔ سردی کا درجہ نمایاں ہوتا ہے۔ "نکس وامیکا"

بخار ملیریا موسمی یا انفلوانزا
FEVER SEASONAL MALARIA OR INFLUENZA

عام بخار ہو یا ملیریا یا انفلوانزا یا موسم کی تبدیلی کا بخار جس کے ساتھ بے چینی، پیاس اور سردی کا لگنا پایا جاتا ہے۔ بخار کے ساتھ کھانسی ہوتی ہے کھانسی اس وقت شروع ہوتی ہے جب سردی کا درجہ شروع ہوتا ہے اور اس وقت ختم ہو جاتی ہے جب درجہ حرارت بڑھتا ہے۔ "رسٹاکس" (RHUSTOX)

بخار بچوں کا جو تھوڑی دیر بعد گھٹتا بڑھتا ہو اور اس کے ساتھ غنودگی اور کپکپی پائی جائے
FEVER REMITTENT OF CHILDREN DROWSY WITH TREMBLING

بچہ غنودگی میں پڑا ہوتا ہے اور کمزوری کے سبب حرکت نہیں کرنا چاہتا پیاس نہیں ہوتی۔ جب حرکت کرنے کی کوشش کرتا ہے تو بازو اور ٹانگیں کانپتی ہیں اور زبان بھی کانپتی ہے بچہ بولنا نہیں چاہتا اور نہ ہی کسی کا باتیں کرنا برداشت کر سکتا ہے سوالوں کا جواب نہیں دیتا۔ بچوں کے گھٹنے بڑھنے والے بخار کے لئے یہ دوا بہت مفید ہے۔ یہ بخار شدت کے لحاظ سے نرم نوعیت کا ہوتا ہے جبکہ اکونائٹ اور ائی اونیا کا بخار شدید نوعیت کا ہوتا ہے۔ "جلسی میم"

بخار عفونتی — FEVER SEPTIC

۱۔ عفونتی بخار کے لئے یہ دوا بہت مفید ہے جبکہ بہت زیادہ بے چینی ہو اور زبان چپچپی ہو۔ "پائیروجینیم"
۲۔ بہت زیادہ کمزوری اور بے چینی۔ "آرسینکم البم"۔
۳۔ چوٹ یا زخم کی وجہ سے عفونتی بخار۔ "ایکی نیشیا"
۴۔ سرجری کے کیسوں میں یہ اعلیٰ اور مخصوص دوا ہے۔ اس کو تیس طاقت میں ہر تین گھنٹے بعد دینا چاہیئے۔ یہ عفونتی حالت سے محفوظ رکھے گی۔ "رسٹاکس"۔

بخار سادہ — FEVER SIMPLE

سادہ بخار کے لئے اے، بی، سی الیس سی (اکونائٹ، برائی اونیا، چائنا، اور آرسینکم البم) ہر گھنٹے یا دو گھنٹے بعد ادل بدل کر دیں۔ ہر دوا کا محلول الگ الگ گلاسوں میں پانچ سے دس قطرے ایک اونس پانی میں تیار کر لینا چاہیئے۔

بخار۔ میعادی بخار کے ساتھ مریض باتونی — FEVER – PATIENT TALKATIVE WITH INTERMITTENT FEVER

معیادی بخار، بخار کے دوران مریض بہت زیادہ باتیں کرے جتنا بخار تیز ہوتا ہے مریض اتنی ہی زیادہ باتیں کرتا ہے جب بخار ختم ہو جاتا ہے تو مریض پسینہ کے دوران سو جاتا ہے۔ سردی بہت شدید لگتی ہے اور اس کے بعد شدید بخار ہوتا ہے۔ گھٹنوں، ٹخنوں اور ہتھیلیوں میں درد ہوتا ہے۔ "پوڈوفائیلم"۔ (PODOPHYLLUM)

بخار بغیر پیاس کے اور ذائقہ خراب — FEVER WITHOUT THIRST AND BAD TASTE

سردی لگنا، پیاس کا نہ ہونا، سردی، اسہال اور متلی، جسم کے حصوں میں گرمی، یک طرفہ پسینہ، سردی تقریباً شام کو چار بجے لگے، منہ کا ذائقہ خراب، کسی چیز کا بھی ذائقہ معلوم نہ ہوتی کہ پانی کا بھی۔ دردیں اور بخار عموماً سردی کے ساتھ پائے جاتے ہیں

اور ان میں گرمی سے اضافہ ہوتا ہے۔ "پلساٹیلا"۔ (PULSATILLA)

بخار پیاس کے ساتھ
FEVER WITH THIRST

پیاس بہت زیادہ مقدار میں پانی کی اور بے چینی بے صبری اور پریشانی۔ سردی کا درجہ بہت نمایاں ہوتا ہے۔ سردی اور گرمی یکے بعد دیگرے، بخار بہت تیز، بچہ شدید بے چین اور ادھر ادھر ٹھوکریں مارے۔ بخار میں شام کے وقت اضافہ ہو یا پھر رات کو اضافہ۔ "اکونائٹ"۔ (ACONITE)

بخار ٹائیفائیڈ اور اس کا علاج
FEVER TYPHOID AND ITS TREATMENT

۱۔ اگر اس کا استعمال شروع سے کیا جائے جبکہ اعصابی تھکاوٹ اور کمزوری شروع ہو تو یہ دوا بیماری کے دورانیے کو کم کر دیتی ہے اور اس میں آسانی پیدا کرتی ہے۔ "جلسی میم"۔ موازنہ کریں "بپٹیشیا اور بیلاڈونا" سے۔

۲۔ ڈاکٹر رائے بہادر بشمبر داس کہتے ہیں کہ انہوں نے ٹائیفائیڈ بخار کا علاج بہت زیادہ کامیابی کے ساتھ کیا ہے۔ وہ "آرسینکم البم" سے علاج کا آغاز کرتے ہیں اور تین قطروں کی ایک خوراک ہر دو گھنٹے بعد دیتے ہیں (روزانہ چھ خوراکیں)۔

اگر بخار میں کوئی کمی نہ ہو تو پھر "سلفر" دو سو طاقت میں ایک خوراک خالی پیٹ دیتے ہیں۔ اس دن کوئی دوسری دوا نہیں دی جاتی۔ دوسرے روز دوبارہ پہلی دوا یعنی "آرسینکم البم" تیس طاقت سے دوا کا آغاز کیا جاتا ہے۔ اگر آئندہ چار دنوں میں کوئی بہتری نہ ہو تو وہ "سورائینم" دو سو طاقت میں صبح کے وقت خالی پیٹ دیتے ہیں، اس دن کوئی دوسری دوا نہیں دی جاتی۔ دوسرے روز سے دوبارہ آرسینکم البم تیس طاقت میں دیتے ہیں۔ اگر آئندہ چار روز کے دوران یہ بھی ناکام ہو جائے۔ تو وہ "ٹیوبرکولینم" دو سو طاقت یا ایک ہزار طاقت میں سلفر اور سورائینم کی طرح دیتے ہیں اور پھر آرسینکم البم سے شروع کرتے ہیں۔ آرسینکم البم کی نارمل علامات بے چینی، پیاس تھوڑی سی مقدار میں بار بار پانی کی اور کمزوری ہیں۔

۳۔ جب ٹائیفائیڈ اور نمونیہ مل کر الجھن پیدا کر دیں تو یہ دوا دینی چاہیئے۔ بہت مفید ہے۔ "فاسفورس"۔

۴۔ جب ٹائیفائیڈ اور اسہال آپس میں مل کر الجھن پیدا کریں تو یہ دوا دینی چاہیئے۔ "بپٹیشیا"۔

۵۔ آنتوں سے جریان خون میں۔ "ایسڈ میوریٹیکم"۔

۶۔ ٹائیفائیڈ بخار میں نیند نہ آنے کے لئے۔ "ابسنتھیم"۔

۷۔ ٹائیفائیڈ بخار میں بے ہوشی، پیشاب کے دب جانے، نبض کے بند ہونے پیٹ کے ڈھول کی مانند پھول جانے، بہت زیادہ کمزوری اور اعصابی جوش کے لئے۔ "کیوپرم میٹ" دوسو طاقت میں ہر بارہ گھنٹے بعد۔

۸۔ ٹائیفائیڈ کے بعد ہونے والی کمزوری اور تھکاوٹ کے لئے "ایسڈ فاس"۔

۹۔ ٹائیفائیڈ میں اپھارہ کے لئے اہم دوا کاربوویج ہے۔ اس کے بعد یہ دوائیں لائیکوپوڈیم، ایسافوٹیڈا، ٹیری بنتھینا اور اگاری کس بھی مفید ہیں۔

بخار ٹائیفائیڈ
FEVER TYPHOID

جریان خون۔ بہت ہی خراب حالتوں میں جب کہ مریض موت کے دھانے پر ہو تو یہ دوا مفید ہوتی ہے۔

"سیکیل کار" (SECALE CORNUTUM)

بخار ٹائیفائیڈ ہذیان اور اسہال کے ساتھ
FEVER TYPHOID WITH DELIRIUM AND DIARRHOEA

بے چینی، پیاس اور سردی لگنا، مریض آغاز سے ہی تھوڑا سا مدہوش ہوتا ہے۔ یعنی دماغ میں ہلکا سا الجھاؤ ہوتا ہے جس کے ساتھ نرم قسم کی ہذیانی کیفیت پائی جائے۔ زبان کی نوک پر تکون کی سی شکل بنی ہوتی ہے جبکہ باقی زبان پر تہہ جمی ہوتی ہے۔ ٹائیفائیڈ کی ابتدائی حالت میں اسہال کا موجود ہونا بھی اس دوا کی خاص علامت ہے۔

بخار ٹائیفائیڈ - درجہ حرارت اونچا

FEVER TYPHOID HIGH TEMPRATURE

درجہ حرارت اونچا، میعادی بخار۔ آدھی رات کے بعد اضافہ، تھوڑے تھوڑے وقفے بعد گھٹنے بڑھنے والا ٹائیفائیڈ

بخار۔ ٹائیفائیڈ کی نوعیت کے بخار کی عمدہ دوا ہے اور اسس کو "رسٹاکس" کے بعد دینا چاہیئے۔ "آرسینکم البم"۔

بخار ٹائیفائیڈ کانوں اور پھیپھڑوں کی تکالیف کے ساتھ

FEVER TYPHOID WITH EAR AND LUNGS COPLICATIONS

ا۔ ٹائیفائیڈ پھیپھڑوں کی خرابیوں کے ساتھ، مدہوشی اور آہستہ آہستہ بڑبڑانے والا ہذیان، سونے کے بعد آفاقہ، پیاس بہت زیادہ مقدار میں پانی کی جو برف کی مانند ٹھنڈا ہو، ہتھیلیوں میں جلن، صبح کے وقت، تمام جسم پر چلبلاہٹ "فاسفورس" مفید ہے۔

ب: ٹائیفائیڈ کے بعد بہرہ پن۔ "پیٹرولیم"

بخار ٹائیفائیڈ بڑبڑانے والے ہذیان کے ساتھ

FEVER TYPHOID WITH MUTTERING DELIRIUM

ٹائیفائیڈ، ٹائیفس بخار، مدہوشی یا بڑبڑانے والا ہذیان

گال پچکے ہوئے، نچلے جبڑے کا گرنا، زبان خشک، سیاہ اور باہر نکالنے پر کانپے پسینہ ٹھنڈا، پھیپھڑوں کی پیچیدگیاں۔ "لیکیسس"

بخار ٹائیفائیڈ دوبارہ لوٹ آئے

FEVER TYPHOID RELAPSE

اگر بخار غذا کے موافق نہ ہونے کے سبب ہو تو "انٹی مونیم کروڈم" عمدہ دوا ہے۔

اس کے بعد "اپی کاک" کا نمبر آتا ہے۔

بخار ٹائیفائیڈ ۔ مدہوشی اور جریان خون کے ساتھ

FEVER TYPHOID WITH STUPOR AND HAEMORRHAGE

"فاسفورک ایسڈ" دماغ اور اعصاب کی ناطاقتی پر بہت مضبوط گرفت رکھتی ہے ۔ مریض مدہوشی یا نیند میں پڑا ہوتا ہے اس کو اپنے اردگرد ہونے والے حالات و واقعات کی کوئی خبر نہیں ہوتی لیکن جب جاگتا ہے تو پوری طرح ہوش میں ہوتا ہے آنتوں سے سیاہ جریان خون ۔ "فاسفورک ایسڈ" موازنہ کریں "بپٹیشیا" سے ، جس میں پاخانہ بدبودار ہوتا ہے ۔ بپٹیشیا آنتوں سے سیاہ جریان خون میں فاسفورک ایسڈ سے زیادہ کارگر ہے جو کہ بہت بعد کی حالت میں آتی ہے ۔

۲۔ آنتوں سے جریان خون کی بہت مفید دوا ہے ۔ پاخانہ اور پیشاب کا اخراج متواتر ہوتا ہے جس کے ساتھ بے ہوشی پائی جاتی ہے ۔ دراصل مریض بالکل موت کے منہ میں پہنچ چکا ہوتا ہے "ایسڈ میور" (ACID MUR)

بخار نوبتی — FEVER PERIODIC

نوبتی بخار ، کپڑا اوڑھنے پر یا نیند کے دوران بہت زیادہ پسینہ آئے سردی لگنے سے قبل پیاس ۔ سردی عموماً قبل از دوپہر لوٹتی ہے لیکن رات کو کبھی بھی سردی نہیں لگتی ۔ نوبتی بخار ۔ "چائنا" (CHINA OFF)

بخار کی ابتدائی حالت — FEVER STAGE EARLY

بخار کی ابتدائی حالت میں لیکن زرد اور کمزور مریضوں کے لئے مفید ہے ۔ یہ اکونائٹ اور بیلاڈونا کی مانند بخار کی حاد حالت میں مفید ہے "فرم فاس"

بخار گلے کی تکلیف کے ساتھ — FEVER WITH THROAT TROUBLE

معدے کا صفراوی بخار ، بہت زیادہ پسینہ جس سے کوئی خاطر خواہ افاقہ نہ ہو زبان پچپچی اور متورم جس کے کناروں پر

دانتوں کے نشانات موجود ہوں۔ مریض بہت زیادہ سردی محسوس کرتا ہے لیکن کپڑا بھی اوڑھنا نہیں چاہتا۔ تمام منہ خراب دکھائی دیتا ہے اور اس سے گندی بُو آتی ہے۔ جسم پر سردی رینگتی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔ بخار کے ساتھ گلے کی تکالیف برانکائیٹس اور ٹانسلائیٹس وغیرہ پائی جاتی ہیں۔ گرمی اور کپکپی یکے بعد دیگرے۔ یعنی سردی اور گرمی آپس میں ادلتے اور بدلتے رہتے ہیں۔ شدید پیاس گو کہ منہ اور زبان مرطوب ہوتے ہیں۔ "مرک سال" (MERC-SOL)

بخار قے کے ساتھ FEVER WITH VOMITING

نبض تیز، منہ اور ہونٹ پھٹے ہوئے اور بہت زیادہ مقدار میں پانی کی پیاس گو کہ کافی لمبے وقفے کے بعد پئے زبان پر سفید رنگ کی گاڑھی تہہ ہوتی ہے۔ بیرونی ٹھنڈک کے ساتھ سردی لگتی ہے خشک کھانسی، بہت زیادہ پسینہ آئے۔ قبض اور صفراوی اور پانی کی قے "برائی اونیا"

بخار ٹیکہ لگنے کی وجہ سے FEVER DUE TO VACCINATION

پہلے "مرک سال" تیس طاقت کی دو خوراکیں دیں۔ اس کے بعد "ہیپر سلف" تیس طاقت کی دو خوراکیں دیں۔ آخر میں "تھوجا" تیس طاقت کی دو خوراکیں دیں۔ (ڈاکٹر بی۔ سی۔ گوہا)

بخار سے متاثر ہونا بچوں کا FEVERISHNESS OF CHILDREN

گرم اور خشک جلد بے چینی، پیاس اور نبض تیز۔ "اکونائٹ" ہر آدھے گھنٹے بعد۔

رحم کا ریشہ دار گومڑ یا مہلک رسولی FIBROMA OR FIBROID TUMOUR

بہت زیادہ جریان خون، "اپی فیگس" تیس طاقت ایک یا دو مرتبہ ہفتہ وار۔

۲۔ ایسی عورتوں میں جن میں تھائیرائیڈ کے بڑھنے کا رجحان پایا جائے۔ ان کو "تھائیرائیڈنیم" تین ڈیسی مل طاقت میں پانچ گرین صبح، دوپہر اور شام روزانہ۔

۳۔ خود سر جریان خون جو نہ رکے۔

ا۔ "فیکس ریلیجو سا" تین ڈیسی مل طاقت میں چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

ب۔ "تھلاسپی برسا پاسٹوریس" پانچ قطرے چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

ج۔ "ہائیڈراسٹینم میور" دو ڈیسی مل طاقت میں دو گرین۔

۴۔ تکونیہ ہڈی (سیکرم) سے پیڑو تک درد، اخراج چمکیلا لیکن وقفے سے
ہو۔ "سبائنا" تین طاقت میں دو گھنٹے کے وقفے سے۔

۵۔ ا۔ سیاہ خون کا اخراج لیکن بغیر درد کے۔ "ہماميلس" تین طاقت میں
دو گھنٹے کے وقفہ سے دہرائیں۔

ب۔ رحم کے پیندے کے قریب ریشہ دار گومڑ۔ "پلساٹیلا"

ج۔ رحم ریشہ دار گومڑوں سے بھری پڑی ہو۔ پاؤں میں جلن ہو اور بعض اوقات
کپکپی پائی جائے۔ "کالی آیوڈائیڈ"

د۔ ریشہ دار گومڑ جس کے ساتھ پر درد حیض پایا جائے "فریکس امریکانہ"
مدر ٹنکچر کے دس قطرے رات کو سوتے وقت اور "ورییٹرم البم" تیس طاقت میں صبح
کے وقت دینی چاہیئے۔

ڈ۔ ڈاکٹر بورک ریشہ دار گومڑ کے لئے "ٹریلیم" کی سفارش کرتے ہیں اور مہلک
رسولی کے لئے "ارگٹ اور لیپس" کی۔ ڈاکٹر نیش ریشہ دار گومڑ اور اسفنج کی مانند پیدائشی
کے لئے "فاسفورس" کی سفارش کرتے ہیں۔

ذ۔ ریشہ دار اجسام کے لئے علامات کے مطابق۔ "کلکیریا کارب" "پلاٹینم میٹ"
اور "تھوجا" بھی مفید ہیں۔

چلبلا پن مع ٹانگوں کا متواتر حرکت کرنا

FIDGETINESS INCLUDING CONSTANTLY MOVING LEGS

اس دوا میں تمام جسم پر مخصوص چلبلا پن پایا جاتا ہے۔ مریض ایک لمحہ بھر کے لئے بھی خاموشی سے نہ بیٹھ سکتا ہے اور نہ ہی کھڑا ہو سکتا ہے

بچہ ضرور حرکت میں رہتا ہے یا کچھ نہ کچھ کرتا رہتا ہے خواہ وہ جسم کے کسی نہ کسی حصّہ کو حرکت دیتا رہے ۔ "فاسفورس"۔

ب : اعصابی اور ہسٹریائی لوگ اپنی ٹانگوں کو متواتر حرکت میں رکھتے ہیں یا پھر جھٹکتے رہتے ہیں۔ "ویلیرین اور زنکم میٹ"۔

فائی لیریا سیس FILARIASIS

ا۔ جسم کے حصّوں کی سوجن جو سخت ہو جاتے ہیں۔ یہ مریض کی عام صحت کو بھی متاثر کرتی ہے ۔ "مرکیوریس سلفوریکس" مختلف طاقتوں میں ایم ایم تک ۔ ڈاکٹر ٹی۔ ایس لیر کے مطابق اس بیماری کے لئے یہ دوا مخصوص ہے اور ایسی حالتوں میں آسانی سے استعمال کی جا سکتی ہے ۔ ڈاکٹر روبن سن کے مطابق "کیپ سی کم" سے ایسے بہت سے مریض شفایاب ہوئے ہیں۔

ب : ڈاکٹر بینرجی کے مطابق "کلکیریا فلور" تیس ڈیسی مل طاقت اور "فیرم فاس" تیس ڈیسی مل طاقت میں تین گولیاں ہر دوا کی دو مرتبہ روزانہ دینی چاہیئیں۔

انگلی پھیرنا ناک میں اور نیند کے دوران دانت رگڑنا

FINGER BORING AND GRINDING TEETH DURING SLEEP

ناک میں انگلی پھیرے اور جب سویا ہوا ہو تو دانت رگڑے ۔ نیند کے دوران اچھلے اور جھٹکے ۔ "سائنا"۔

انگلیوں کے سرے پھٹے ہوئے FINGER CRACKS

انگلیوں کے سرے اور ہاتھوں کی پشت پھٹی ہوئی۔ جلد خراب یا زیادہ خارش کرنے سے اس میں سے خون نکلے ۔ "پیٹرولیم"۔

انگلی ٹوٹی ہوئی ۔ حرکت نہ کر سکے FINGER FRACTURED IMMOBILE

انگلیوں کا ناقابل حرکت اور سخت ہونا نیز دوسرے چھوٹے جوڑوں مثلاً پاؤں کی انگلیوں ، ٹخنوں وغیرہ کا ٹوٹ جانے کے

بعد ناقابل حرکت ہونا اور ان میں سختی کا پایا جانا۔ "کالوفاسیلم" ۳x صبح، دوپہر، شام۔

ہاتھوں یا پاؤں کی انگلیوں کے سروں یا ناخنوں کا زخمی ہونا

FINGER END OR TOE ENDS OR NAILS INJURED

جب اعصاب سے بھرپور حصہ جیسا کہ انگلیوں کے سرے یا پاؤں کی انگلیوں کے سرے زخمی ہو جائیں یا ناخن اتر جائیں یا اعصاب ہتھوڑے وغیرہ کے نیچے کچل جائیں اور ان میں ورم کی علامات اور درد کا اظہار ہو، درد اعصاب کے ساتھ اوپر کو جائیں تو "ہائپیریکم" دوا ہے۔

انگلیاں چیزوں کو پوری طرح قابو نہ کر سکیں اور چیزیں گر جائیں

FINGERS DROPPING THINGS AND NOT HOLDING PROPERLY

جب چیزوں کو پکڑنے کی کوشش کرے تو انگلیاں یکدم کھل جائیں۔ ہاتھوں اور انگلیوں کی بے ڈھنگی حرکات، چیزوں کا گرانا، مریض متواتر پلیٹیں اور برتن توڑتا ہے "اگاری کس"۔ (AGARICUS)

انگلیاں گنٹھیاوی — FINGERS RHEUMATIC

جوڑوں کی گنٹھیاوی تکالیف انگلیوں کی غیر ارادی سکڑن اگلے بازو کا جزوی فالج، لکھنے والوں کے ہاتھوں کا تشنجی درد۔ "ارجنٹم میٹ"۔

انگلیاں مردہ محسوس ہوں اور سرے متورم — FINGERS FEELS DEAD AND TIPS SWOLLEN

انگلیوں کے سرے متورم، سرخ اور مردہ محسوس ہوں۔ "تھوجا"۔

انگلیوں پر موکے — FINGERS WARTS ON

۱۔ پہلی انگلی دائیں پر موکے۔ "کاسٹی کم، لائیکو"

۲۔ پہلی انگلی بائیں پر۔ "تھوجا"۔

۳۔ چھوٹی انگلی پر۔ "کاسٹیکم، لیک کنی نم"۔

۴۔ درمیانی انگلی پر۔ "بربیرس، لیکیس"۔

۵۔ انگلی کی پشت پر۔ "لیکیس"۔

۶۔ چھوٹی انگلی کے ساتھ والی انگلی پر (رنگ فنگر) "نیٹرم سلف"۔

۷۔ چھوٹی انگلی کے ساتھ والی انگلی کی پشت پر۔ "ڈلکامارا، لیکیس"۔

۸۔ انگلی کی کسی طرف پر۔ "کلکیریا کارب، سیپیا، تھوجا"۔

۹۔ انگلی کے سرے پر۔ "کاسٹی کم، تھوجا"۔

۱۰۔ انگلیوں کے جوڑوں کے گرد۔ "سارساپریلا"۔

۱۱۔ انگوٹھے پر۔ "لیکیس، رینن کولس بلبوسس، تھوجا"۔

۱۲۔ بائیں ہاتھ پر۔ "سورائینم" ڈاکٹر ایم۔ ای۔ ڈی۔ ڈوگلس۔

مقعد کے کناروں کا پھٹنا

FISSURE ANI

۱۔ قبض جبکہ مقعد کے کنارے لمبے اور سخت پاخانے کی وجہ سے پھٹے ہوئے ہوں جو بلغم سے ڈھکا ہوا ہوتا ہے۔ مقعد میں شدید دکھن۔ "گریفائٹیس" چھٹی اور تیس طاقت میں۔

۲۔ بہت زیادہ درد جس کے ساتھ متواتر بدبودار مواد کا اخراج ہو، پاخانہ کی متواتر بے سود حاجت بنی رہے۔ "نائیٹرک ایسڈ" چھٹی طاقت میں۔

۳۔ پاخانہ کے بعد مقعد میں جلن، کاٹنے والے درد، قبض یا اسہال "ریٹینہا" تین سے چھ طاقت میں۔

۴۔ جب مقعد میں ہمہ وقت درد ہو۔ بہت زیادہ رساؤ۔ "پائیونا" تین طاقت۔

۵۔ جب مقعد میں رینگنے اور خارش کا احساس ہو۔ "پلاٹینا" چھٹی طاقت سے تیس طاقت تک۔

۶۔ ڈاکٹر بورک "لیڈم، گریفائٹیس اور پیٹرولیم" کو علامات کے مطابق دینے کی سفارش کرتے ہیں۔

۷۔ پاؤں کی انگلیوں کے درمیان پھٹن کے لئے "کیلن ڈولا" مرہم۔

مقعد کے کناروں پر پھٹن موہکوں کے ساتھ FISSURES WITH WARTS

مقعد میں پھٹنیں، چھونے سے درد، چپٹے موہکے یا مرطوب بلغمی موہکوں سے گھری ہوئیں۔ ایسی حرکات جیسے کوئی زندہ چیزیں ہوں۔ "کمروکس" بغیر درد کے لئے "تھوجا" بیرونی طور پر لگانے کے لئے اگر خون آتا ہو تو "ہیما میلس" مدر ٹنکچر۔

مقعد کا ناسور FISTULA

۱۔ ناسور ایک یا دو سوراخوں کے ساتھ خواہ اندر کی طرف ہوں یا باہر کی طرف۔ ہائیڈراسٹس، نائیٹرک ایسڈ۔

۲۔ آنسو خارج کرنے والا (رسنے والا) "سلیشیا"۔

۳۔ دق میں مبتلا لوگوں میں۔ "بیسی لینم ٹسٹی یم"۔ (BACILLINUM TESTIUM)

۴۔ مقعد میں شدید خارش جس کے ساتھ جلن دار درد ہو۔ "بربیرس ویگیرس"۔

۵۔ بیرونی طور پر "تھوجا یا سلیشیا" مدر ٹنکچر کا محلول لگائیں۔

۶۔ "نائیٹرک ایسڈ" ناسور مقعد کی اعلیٰ دوا ہے۔ اس کو دوسو طاقت میں ہر ہفتے دینا چاہیئے۔

۷۔ ابتدا میں جبکہ ابھی پھوڑے کا اظہار ہوا ہو اور تپکن دار درد سر ہوتا ہو، "بیلاڈونا" تین ڈیسی مل طاقت میں یا "مرک سال" چھٹی ڈیسی مل طاقت میں۔

۸۔ خراب حالتوں میں "کلکیر یا فلور" 12x اور "سلفر" دینی چاہیئے۔

۹۔ "ایسکولس" ۶ طاقت، "کاسٹی کم" ۶ طاقت، "چائنا" ۳۰ طاقت اور "ریٹینہا" ۶ طاقت میں علامات کے مطابق دیں۔

۱۰۔ جب مقعد زخمی ہو اور اس سے خون نکلے۔ "فاسفورس"۔

۱۱۔ ایسے لوگوں کے لئے جو ناسور مقعد کا آپریشن کرا چکے ہوں اور ناسور بند ہو چکا ہو لیکن درد پایا جائے۔ "بربیرس"۔ (BERBERIS-VULG)

ناسورِ مقعد FISTULA OF THE ANUS

مرک سال، گریفائیٹس، کلکیریا کارب، سلیشیا، متعلقہ حصے کو "کیلین ڈولا" لوشن سے دھوئیں اور اس کے بعد کیلین ڈولا مرہم لگائیں۔

مقعد کا ایگزیما ECZEMA OF THE ANUS

مقعد کی پھٹن اور فائبرڈما ہر پاخانے کے بعد متعلقہ حصے کو کیلین ڈولا لوشن سے دھوئیں اور کیلین ڈولا مرہم لگائیں۔

ناسور دانتوں کی جڑوں میں FESTULA AT THE ROOT OF TEETH

رسنے والا ناسور۔ "فلورک ایسڈ"

ناسور غدودوں کا FESTULA OF THE GLANDS

اس کے لئے "فاسفورس"، سلیشیا، مرک سال "مفید ہیں۔

ناسور آنکھوں کا FESTULA OF THE EYES

"سلفر"، پلساٹیلا اور ہیپر سلف، بیرونی طور پر کیلین ڈولا لوشن۔

ناسور آنکھوں کا آنسوؤں والا جس کے ساتھ کناروں میں خارش ہو FISTULA LACHRYMAL OF EYES WITH ITCHING CORNERS

ایسا احساس جیسے کہ ہوا آنکھوں میں پھونکی جا رہی ہو۔ آنکھوں کے اندرونی کناروں میں شدید خارش۔ "فلورک ایسڈ" ۶ سے ۳۰ طاقت میں۔

ناسور مقعد بواسیر کے ساتھ FISTULA WITH PILES

مقعد کے شگافوں میں اور بواسیر میں۔ "سلیشیا"

ناسورِ فرج FISTULA OF VAGINA

اسارم کین ، پلساٹیلا ، نائیٹرک ایسڈ ، پیٹرولیم ، تھوجا ، یکیس اور انٹی مونیم ٹارٹ علامات کے مطابق دیں۔

ریاح بدبودار اور گڑگڑ کرنے والی FLATUS OFFENSIVE AND GURGLING

ریاح کے تکلیف دہ ڈکار پیٹ میں گڑگڑاہٹ کی آوازیں ریاح بدبودار جو پیٹ میں گڑگڑاہٹ پیدا کرے ، پیٹ میں بھینچنے کے سے درد ۔ "اگاری کس"۔
"رہس گلیبرا" آنتوں کو عفونت سے پاک کر دے گی اور پاخانہ کی بدبو کو ختم کر دے گی۔

ریاح مرغن غذا کھانے کے بعد جس کے ساتھ گندے ڈکار آئیں اور پیٹ میں پر درد پھیلاوٹ پائی جائے FLATULENCE AFTER RICH FOOD WITH FOETED ERUCTATION AND PAINFUL DISTENSION

جب ریاح مرغن غذا کھانے کی وجہ سے ہو تو "پلساٹیلا" کی سفارش کی جاتی ہے۔ "آرسینکم البم" اس صورت میں مفید ہے جبکہ مریض کو ٹھنڈے مشروبات پینے سے بدبودار ڈکار آئیں۔ "کالوسنتھ" اس صورت میں دافع دوا ہوتی ہے۔ جبکہ پیٹ پھول جائے اور اس میں بھینچنے کی سی دردیں پائی جائیں۔

ریاح بچوں میں FLATULENCE IN CHILDREN

پیٹ میں مینڈک کے ٹرانے کی مانند گڑگڑ ہوتی ہو پیٹ پھول جائے اور بہت بڑا ہو خصوصاً بچوں میں۔ "تھوجا"

سن یاس پر پیٹ کا ریاح سے پھول جانا FLATULENT DISTENSION AT CLIMATERIC

پیٹ کا ریاح سے پھول جانا جس کے ساتھ

گندی بو والا لیکوریا ، ماہواری بہت زیادہ اور بدبودار ، ہاتھ اور پاؤں میں جلن ، "سینگونیریا کیناڈیس"۔

ریاحی بدہضمی FLATULENT DYSPEPSIA

۱۔ ریاحی بدہضمی جبکہ ہر چیز ریاح میں تبدیل ہو جائے۔ "نکس موسکاٹا"

۲۔ اس دوا سے ریاحی تکلیف رُک جاتی ہے اور بعد میں مکمل طور پر ختم ہو جاتی ہے۔ اس کو مدر ٹنکچر میں تین قطروں کی خوراکوں میں استعمال کرنا چاہیئے۔ "فیوکس ویزیکولوسس"۔

ریاح پیٹ کے نچلے حصے میں FLATULENCE LOWER REGION

بہت زیادہ ریاح جس کے ساتھ پیٹ میں گڑگڑاہٹ ہو۔ گیس نیچے کی جانب پیٹ کے نچلے حصے میں جائے۔ ڈکاروں اور ریاح کے اخراج سے آفاقہ ہو۔ "لائیکوپوڈیم"۔ موازنہ کریں "کاربوویج اور چائنا" سے۔

ریاح کو دور کرنے والی دوا FLATULENCE REMOVER

ڈاکٹر رنگرہ کے مطابق دس سے پندرہ قطرے "سلفیورک ایسڈ" تیسری طاقت میں ہر کھانے سے قبل دی جائے تو پیٹ کی جلن اور ڈکاروں سے نجات دلا دیتی ہے۔

ریاح اونچے ڈکاروں کے ساتھ FLATULANCE WITH LOUD ERUCTATIONS

پیٹ میں ہوا ہوتی ہے جو کہ ڈایافرام کی ہچکی کے ساتھ سکڑنے سے اوپر کو آتی ہے ہوا کا اخراج گولے کی سی آواز کے ساتھ ہوتا ہے۔ معدے سے ریاح اونچے ڈکاروں کے ساتھ خارج ہوتی ہے۔ اس کے لئے مفید ہے۔ "ایسافوٹیڈا"۔

ریاح پیٹ کے اوپر کے حصّے میں
FLATULENCE IN UPPER PORTION

پیٹ کے اوپر کے حصّے میں بہت زیادہ ریاح جو اوپر کی جانب چھاتی پر دباؤ ڈالتی ہے اور دل کی تکلیف کا سبب بنتی ہے۔ جو کچھ بھی وہ کھاتا ہے وہ ریاح میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ سادہ ترین غذا بھی ناموافق ہوتی ہے۔ ریاح کے ڈکاروں یا ہوا کے اخراج سے آفاقہ ہوتا ہے۔ "کاربوویج" موازنہ کریں "لائیکوپوڈیم اور چائنا" سے۔

ریاح پیٹ پورے میں FLATULENCE IN WHOLE ABDOMEN

ریاح کو ہوا کے اخراج سے آفاقہ نہیں ہوتا۔ ہاضمہ کی خرابی۔ "چائنا" پیٹ کے پھول جانے اور ریاح کو شفایاب کرتی ہے۔ مریض کہتا ہے کہ جو کچھ کھائے وہ ریاح میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ پورے پیٹ کا پھول جانا۔ مریض بے سکونی اور تکلیف محسوس کرتا ہے اور بمشکل باقاعدگی سے سانس لے سکتا ہے۔ "چائنا" موازنہ کریں "کاربوویج، لائیکو اور چائنا" کا جو کہ ہومیوپیتھک ریاحی ادویہ کی تکون کے تین زاویے ہیں۔

FLUIDS جوڑوں میں رقیق مادے کا انجذاب اور سوجن
ABSORPTION IN JOINTS AND SWELLING

جسم میں کسی جگہ بھی رقیق مادے کا پایا جانا جیسا کہ جوڑوں کا بڑھ جانا اور گنٹھیا پھیپھڑوں، دماغی پردوں، بلغمی جھلیوں اور سیرسی تھیلیوں میں رقیق مادے کا جمع ہو جانا۔ حاد علامات کے ختم ہونے کے بعد سوجن ہو جاتی ہے "سلفر" کی ایک خوراک عموماً اس رقیق مادے کے انجذاب میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ "سلفر"۔

دوڑنے پھرنے والے درد FLYING PAINS

پھاڑنے والے درد جو ایک حصّے

دوڑ کر دوسرے حصے میں چلے جائیں۔ جلد سے بمشکل گھرے درد، بعض اوقات اعصاب کے ساتھ ساتھ دوڑتے ہیں۔ دوڑنے والی گنٹھیا کی دردیں۔ "الیکولس ہپ"۔

دوڑنے پھرنے والے گنٹھیا کے درد
FLYING GOUT PAINS

تمام جوڑوں کی گنٹھیا وی تکالیف اعصابی تکالیف، خصوصاً یہ گنٹھیا کی دردوں کا رجحان کہنیوں سے ہاتھوں تک، بازوؤں کے اگلے حصے اور ہاتھوں میں پایا جاتا ہے۔ چیرنے والے درد جو اِدھر اُدھر دوڑتے پھریں جن کا کوئی مخصوص مقام نہ ہو، دردوں کو حرارت سے آفاقہ ہو۔ "الیسکولس ہپ"۔

خوراک کا زہریلا ہونا
FOOD POISONING

۱۔ قے، معدے میں درد، اسہال۔ "نکس وامیکا"۔

۲۔ آئس کریم یا بہت زیادہ گلے سڑے پھل کھانے کے بعد۔ "کاربو ویج"۔

۳۔ غیر مناسب اور خراب شدہ گوشت کھانے کے بعد۔ "کاربو ویج"۔

۴۔ زہریلی غذا کھانے کے دوران تشنج۔ "ہائیوسائیمس"۔

غذا کی خوشبو کی وجہ سے متلی ہو FOOD SMELL CAUSING NAUSEA

غذا کی خوشبو یا اس کا دیکھنا برداشت نہ کر سکے۔ یہ متلی کا سبب بنے۔ "آرسینکم البم"۔ موازنہ کریں "سیپیا اور کالچی کم" سے۔

بیرونی اجسام
FOREIGEN BODIES

جسم کے ٹشوز سے بیرونی اجسام مثلاً مچھلی کا کانٹا، سوئی، ہڈی کی کھپچی وغیرہ کو باہر نکال دیتی ہے۔ "سلیشیا"۔ (SILICEA)

بیرونی جسم کا آنکھ میں داخل ہو جانا
FOREIGN BODIES IN THE EYE

چھوٹی سی پیالی میں "کیلن ڈولا" لوشن لیں اور اس میں آنکھ کو ڈبوئیں اور پپوٹوں کو حرکت دیں تاکہ لوشن ڈھیلے

اور آنکھ کی اندرونی دیواروں تک پہنچ جائے۔"کیلن ڈولا" (CALENDULA)

نسیان جس کے ساتھ حاضر دماغی نہ رہے اور یادداشت جاتی رہے۔

FORGETFULNESS WITH ABSENT MINDEDNESS AND LOSS OF MEMORY

۱۔ حاضر دماغی کا نہ ہونا، بھول جانے والا، چیزیں خریدے اور وہیں چھوڑ کر چلا جائے۔"لیک کینی نم" (LAC-CANINUM)

۲۔ بوڑھے لوگ جو عمر کی زیادتی کی وجہ سے ذہنی صلاحیتوں سے محروم ہو جائیں۔"برائٹا کارب"۔

۳۔ لمحہ بھر پہلے کہی گئی بات بھی بھول جائے۔ یادداشت مکمل طور پہ ختم ہو جائے "ایلنتھس گلینڈولوسا" (AILANTHUS GLANDULOSA)

۴۔ یادداشت کمزور، بھول جانے والا، سوچنے کی طاقت سست۔"اولینڈر"

فریکچر (ہڈی کا ٹوٹ جانا)، ہڈی نہ جڑے، سوجن درد عفونت اور ہڈی ٹوٹ جانے کے ساتھ زخم بھی ہو

FRACTURE - NO UNION SWELLING PAIN SEPSIS AND COMPOUND FRACTURE

۱۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی تیزی سے نہ جڑے۔"کلکیریا فاس"۔

۲۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی کے جڑنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے اور بہت مفید ہے "سمفائیٹم"۔ بیرونی طور پہ استعمال کے لئے سمفائیٹم کا مدر ٹنکچر لوشن۔

۳۔ جونہی سرجن ٹوٹی ہوئی ہڈی کو سیٹ کر دے۔"آرنیکا" ایک ہزار طاقت میں ہر چار گھنٹے بعد بارہ گھنٹے تک دینی چاہیئے۔

۴۔ بہت زیادہ پریشانی بے سکونی اور بے چینی، بے خوابی، متاثرہ حصوں پہ سوجن جو نیلگوں سیاہی مائل دکھائی دے۔"لیکیسس"۔

۵۔ سوجن اور رنگت کی خرابی، نامکمل پیپ بننے اور عفونت کے لئے "کروٹیلس"

"موازنہ کریں۔" انتھراسینم" سے۔

۶۔ کمپاؤنڈ فریکچر کے لئے۔" ہائی پیریکم"۔ (HYPERICUM)

کمپاؤنڈ فریکچر میں پیپ پڑ رہی ہو
FRACTURE COMPOUND GETTING SUPPURATED

بعض اوقات ایسے فریکچر میں پیپ پڑ جاتی ہو اور نرم حصوں کے زخم میں کچلن پیدا ہو جاتی ہے۔ زخمی آدمی عفونتی بخار میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ ایسی حالتوں میں "آرنیکا" ۳۰x ہر گھنٹے چار سے پانچ قطرے اندرونی طور پر دینی چاہیئے اور بیرونی طور پر بھی اس کا ڈائیلوشن پٹی کو تر کر کے لگانا چاہیئے یہ درد پر قابو پالے گی اور پیپ بننے کا عمل بھی یقینی حد تک کم ہو جائے گا اور تسلی بخش حالت پیدا ہو جائے گی۔ ڈاکٹر وان گرا ووگل اپنے ہسپتال میں اس طرح کے علاج سے بہت زیادہ کامیابی حاصل کرتے رہے ہیں۔

فریکچر جس میں ہڈی مکمل طور پر نہیں ٹوٹتی خصوصاً بچوں میں
FRACTURE GREEN STICK OF CHILDREN

لمبی ہڈیوں کا فریکچر جو عموماً بچوں میں پایا جاتا ہے ہڈی مکمل طور پر نہیں ٹوٹتی بلکہ اندر کی طرف مڑ جاتی ہے۔ "کلکریا کارب"۔ ۲۰۰ طاقت میں۔

فریکچر، درد اور ہڈی کی جھلیوں کا بننا
FRACTURE PAINS AND FORMATION OF CELLUS

۱۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی کے درد کو سکون پہنچاتی ہے۔ "رسٹاکس" ۳۰ طاقت میں "برائی اونیا" ۳۰ طاقت کے ساتھ ادل بدل کر ہر دو گھنٹے بعد دینی چاہیئے جبکہ تپکن دار درد اور بے چینی ہو۔

۲۔ ڈاکٹر للین تھل کے مطابق "ردٹا" فریکچر کے بعد ہڈی بننے کے عمل میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ جبکہ زخمی حصہ میں بہت درد ہوتا ہو۔

فریکچر۔ مریض بے خوابی میں مبتلا ہو
FRACTURE SLEEPLESS PATIENT

مریض یہ شکایت کرے کہ حادثہ کے بعد اس کو نیند نہیں آتی تو اس کو "شکٹا پلمونیریا" ۲۰۰ طاقت کی ایک خوراک دیں اور اس کو دہراتے رہیں۔ فریکچر کے مظلوم مریض کو نیند آجائے گی۔ یہ نیند لانے کے لئے مارفین سے بہتر ہے۔

فریکچر۔ ہڈی کے جڑنے میں سختی اور لنگڑاپن
FRACTURE UNION STIFFNESS LAMENESS

ہڈی کے بننے اور ٹشوز کے ہڈی میں تبدیل ہونے کے لئے ہڈیوں کے جلدی جڑنے کے لئے۔ "کلکیریا کارب" ۲۰۰ کی چار خوراکیں دیں۔ ہر چار روز بعد ایک خوراک دینی چاہیئے۔

ہڈی کے دوبارہ جڑنے کے بعد سختی اور لنگڑاپن
STIFFNESS AND LAMENESS AFTER REUNION OF BONE

فریکچر کے دوبارہ جڑنے کے بعد یہ دوا لنگڑے پن اور سختی کے لئے بہت مفید ہے۔ اس کو ۱x طاقت میں دینا چاہیئے اور اس کو "رسٹاکس" ۳۰ طاقت کے ساتھ ادل بدل کر دینا چاہیئے دونوں دوائیں ایک ہفتہ تک دینی چاہیئیں۔ "روٹا"

جلد پر زردی مائل بھورے زرد داغ جو مختلف حصوں پر ہوں
FRECKLES (A YELLOWISH OR BROWNISH YELLOW SPOT ON THE SKIN) ON DIFFERENT PARTS.

۱۔ چھاتی پر سیاہ داغ۔ "نائیٹرک ایسڈ"

۲۔ چہرے پر۔ "کالی کارب" (KALI CARB)

۳۔ رخساروں پر۔ "سیپیا" (SEPIA)

۴۔ جلد کی رنگت زرد ہو جانے کے لئے "سیپیا" ۶۸ اور "کالی میور" ۶۸ ادل بدل کر چند دن استعمال کرائیں اور بیرونی طور پر مندرجہ ذیل دوائیں استعمال کریں۔ مدر ٹنکچر سیپیا اور مدر ٹنکچر ادلیم سنٹالی برابر مقدار میں تیس ملی لیٹر ڈسٹلڈ واٹر میں ملا کر۔ یہ محلول کم از کم دو مرتبہ روزانہ متاثرہ حصے پر ملیں۔

چڑچڑا پن
FRETFULNESS

اس کے لئے مفید دوا ہے "کلکیریا برومیٹا" (CALCARIA BROMATA)

خواہش بھنی ہوئی چیزوں کی
FRIED THINGS FOND OF

اس دوا کا مریض بھنی ہوئی چیزوں اور عمدہ گوشت کی خواہش کرتا ہے۔ "کلکیریا فاس"

خوف شور کی وجہ سے، آسمانی بجلی کی چمک کے سبب، بلا ارادہ پاخانہ نکل جائے
FRIGHT DUE TO NOISE LIGHTNING CAUSING INVOLUNTARY EVACUATIONS

اگر خوفزدہ مریض بہت ٹھنڈا ہو جائے اور اسہال میں مبتلا ہو جائے۔ جن کے ساتھ بلا ارادہ پاخانہ کا اخراج ہو۔ "وریٹرم البم"

۲۔ اچانک شور کے فوراً بعد ڈر جائے یا کوئی دوسری صدمہ پہنچانے والی چیز اس کا سبب بنے اور خوف کے بعد سر میں بہت تیز حرارت ہو، ٹھنڈا پسینہ آئے یا دورے پڑیں۔ بچوں میں خوف کی وجہ سے دورے پڑنا جس کے بعد بچہ چلائے اور کانپے۔ "اوپیم" (OPIUM)

۳۔ آسمانی بجلی کا خوف، گرج کے بعد متواتر چلانا، خوف کے بعد اسہال اور اسقاط حمل، اعصابی پریشانی۔ (گلنے والوں اور مقررین کی) لوگوں کے سامنے جانے کی وجہ سے۔ مفید دوا ہے۔ "جلسی میم"

خوف امتحان کا
FRIGHT OF EXAMINATION

طلباء میں امتحان کا خوف یا ڈر پایا جائے۔" اناکارڈیم"

خوف انٹرویو اور سٹیج کا
FRIGHT OF INTERVIEW AND STAGE

انٹرویو کے لئے جانا ہو یا سٹیج پہ تقریر کرنے کے لئے یا کھیلنے کے لئے جانا ہو تو اس دوا کو دو یا تین گھنٹے کے وقفہ سے استعمال کرنے سے۔ اعصابیت، کپکپی یا پسینہ وغیرہ سب دور ہو جاتے ہیں "اگنیشیا" ۳۰ طاقت۔

خوف بچہ نیند سے جاگے
FRIGHT ROUSING CHILD IN SLEEP

ایسے بچے جو نیند سے خوفزدہ اور پریشان حالت میں "لائیکو" کی مانند جاگیں تو یہ دوا مفید ہے۔" ایسکولس"۔

خوف سٹیج کا
FRIGHT STAGE

جس دن تقریر وغیرہ کے لئے سٹیج پر جانا ہو تو خوف۔ سے حفظ ماتقدم کے طور پر اس دوا کی چند خوراکیں دینی چاہئیں۔" اگنیشیا"۔

پالے سے کسی (عضو) کا مارا جانا، ڈنگ لگنا اور خارش
FROST BITE STINGING AND ITCHING

سردی اور گرمی کا احساس، ڈنگ لگنا، درد اور سوئیاں چبھنا، جہاں احساس کم ہو وہاں پر ڈنگ لگیں اور جلن ہو۔ مریض نہایت اعصابی مزاج اور سردی سے ذکی الحس ہوتا ہے۔ خارش اور چبھن، کانوں میں جلن۔" اگاری کس"۔

سفنج کی مانند بدگوشت
FUNGUS (A SPONGY MORBID EXCRESCENCES)

اسیاہی مائل نیلگوں رنگ کے فنگس، ، ہیماٹوڈز، سیاہ خسرہ، چیچک،

ہلک پھوڑے، کاربنکلز، مزمن السرا در بستر کے زخم وغیرہ کے لئے بہت مفید دوا ہے "لیکیسس"۔

۲۔ ہلکے سے زخم سے بھی بہت زیادہ خون نکلے۔ جریان خون کا یہ رجحان فنگس جیسی پیدائشوں سے ہو جو کہ بہت خطرناک اور تکلیف دہ ہے۔ "فاسفورس"۔

پتے کی پتھری کا درد اور پتھریاں بننے سے بچاؤ GALLSTONE COLIC AND PREVENTION OF FORMATION OF STONES

۱۔ "کلکیریا کارب" "چیونتھس ورجینیکا" پتے میں مزید پتھریاں بننے سے بچاتی ہے اور بنی ہوئی پتھریوں کو خارج کر دیتی ہے۔

۲۔ا۔ "کولسٹرینم" کو پتے کی پتھری کے درد کے لئے آزمانا چاہیئے۔ یہ اجتماع خون کو دور کرتی ہے اور پتے کی خرابی سے ہونے والے بخار کو شفایاب کر دیتی ہے۔

ب۔ "کارڈوس میریانس" پتے میں مزید پتھریاں بننے سے بچاتی ہے۔

ج۔ ڈاکٹر جی ڈبلیو بورک درد میں آفاقہ کے لئے ان دواؤں کا مرکب استعمال کرتے ہیں اور سب ادویہ کو برابر مقدار میں ملاتے ہیں۔ "چیلیڈونیم، چیونتھس اور ہائیڈراسٹس"۔ وہ "ڈائیسکوریا" کی بھی معاون اور شافی کے طور پہ سفارش کرتے ہیں۔ "کولسٹرینم" پتے کی پتھری کے درد کے لئے مخصوص دوا ہے اور تکلیف میں یکدم سکون پیدا کر دیتی ہے۔

پتے کی پتھری کا درد صفراوی GALL STONE COLIC BILIOUS

۱۔ سر درد اور صفراوی قے، درد میں گرمی پہنچانے سے آفاقہ ہو۔ مریض بہت زیادہ عصبی مزاج ہوتا ہے۔ بہت گھبرا جاتا ہے۔ بستر میں پاؤں ٹھنڈے۔ حیض کا اخراج جما ہوا، اخراج گاڑھا اور سیاہ، خودکشی کرنا چاہے۔ "نیٹرم سلف"۔

۲۔ متلی، قے، پیٹ کے عضلات میں شدید سکڑن، ہاتھ پاؤں ٹھنڈے اور پسینہ ٹھنڈا۔ "نکس وامیکا" ہر آدھے گھنٹے بعد۔

پتّے کی پتھری کا درد جگر کی تکالیف کے ساتھ
GALL STONE COLIC WITH LIVER TROUBLE

پتّے کا درد، پیٹ کا پھول جانا، آنتوں کی سستی، جگر بڑھا ہوا، جگر اور پتّے میں رکاوٹ کی وجہ سے یرقان، دائیں کندھے کی ہڈی (سکیپولا) کے نچلے زاویے کے نیچے متواتر درد۔ "چیلیڈونیم میجس" جگر کی ایک واضح دوا ہے اور اس کی مختلف قسم کی تکالیف کو دور کر دیتی ہے۔ "چیلیڈونیم" حملے کے دوران اس کو آدھے گھنٹے کے وقفہ سے دوہرانا چاہیئے۔

پتّے کی پتھری کا نوبتی درد GALL STONE COLIC PERIODICAL

روزانہ ایک مخصوص وقت پر پتّے کی پتھری کی وجہ سے درد ہوتا ہو تو "چائنا" دیں۔

پتّے کی پتھری، پتھری بننے سے بچنے کے لئے GALL STONE
PREVENTION OF FORMATION OF STONE.

"چیونتھس ورجینیکا" پتّے میں پتھری بننے سے بچاتی ہے اور بنی ہوئی پتھریوں کو خارج کر دیتی ہے۔

پتّے کی پتھری جگہ تبدیل کرنے والے درد کے ساتھ
GALL STONE SHIFTING

درد پتّے سے چھاتی، کمر اور بازوؤں میں درد اچانک مختلف حصوں میں چلے جائیں۔ گردے کا درد جس میں ٹہلنے سے آفاقہ ہو۔ پاخانہ کی بہت تیز حاجت۔ "ڈائسکوریا"۔

رگ یا پٹھے کی گانٹھ یا رسولی
GANGLION

روٹا، بنزوئیک ایسڈ، روٹا پچاس ایم طاقت میں اندرونی طور پہ دیں، یہ گانٹھ یا رسولی کو ختم کر دے گی۔

ب۔ "بنزوئیک ایسڈ" ۳۰ طاقت میں اندرونی طور پر دینی چاہیئے۔ جبکہ خارجی طور پر اس کا مرہم لگانے سے رگ یا پٹھے کی گانٹھ کا سائز کم ہو جائے گا۔

گنگرین مختلف حصوں کا جو کاربنکلز وغیرہ کی وجہ سے اور آپریشن کے بعد ہو
GANGRENE OF DIFFERENT PARTS
DUE TO CARBUNCLES ETC AND AFTER OPERATION

جسم کے کسی حصے میں زخم گلنا سڑنا شروع ہو جائے تو یہ دوا گنگرین کے شفایاب کرنے میں بہت اہمیت کی حامل ہے۔ "لیکیسس"۔

۲۔ ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کے گنگرین کے لئے بہت مفید دوا ہے "سیکیل کار"۔

۳۔ پھوڑے اور کاربنکلز گلنا سڑنا شروع کر دیں۔ "کاربو ویج"۔

۴۔ نیلگوں گنگرین جس سے رطوبت کا اخراج ہو، ہاتھ پاؤں سیاہ چھالوں سے ڈھکے ہوئے ہوں جن میں جلن ہوتی ہو اور بہت زیادہ سوجن پائی جائے۔ جن سے گندی بو آتی ہو۔ "کرہ وٹیلس"۔

۵۔ آپریشن کے بعد جب گنگرین ہو جائے۔ ٹشوز اس قدر مضبوط نہ ہوں کہ ورم کو درست کر سکیں۔ سیاہی رنگت پیدا ہو گئی ہو اور ٹانکے کھل جائیں تو ایسی حالت میں یہ دوا حیران کن اثر دکھاتی ہے۔ "سلفیورک ایسڈ"۔

معدے کا ورم
GASTRALGIA

معدے میں شدید جلن دار درد بھوک کا ختم ہو جانا، مفید دوا ہے۔ "نکس وامیکا"۔

معدے کا ورم مزمن، تیزابیت کا درجہ
GASTRITIS CHRONIC - ACID STAGE

"ہیپر سلف" مفید دوا ہے جبکہ بہت زیادہ کھٹی چیزوں مصالحے دار چیزوں اور چٹپٹے مصالحے دار گوشت کی خواہش پائی جائے۔ صبح کے وقت متلی اور کھٹے ڈکار۔ مریض چڑچڑا اور بہت جلد غصے میں آجائے، ہر قسم کے اثرات سے بہت زیادہ حساس ہو "ہیپر سلف"۔

معدے کا ورم مزمن ڈکاروں کے ساتھ
GASTRITIS CHRONIC WITH ERUCTATION

"لائیکوپوڈیم" معدے کی تیزابیت کی حالت میں بہت عمدہ دوا ہے۔ مزمن ورم معدہ میں جبکہ معدے میں جلن ہو اور کھٹے ڈکار آتے ہوں۔ آنتوں میں قبض پائی جائے۔

معدے کا مزمن ورم، معدہ کھائی ہوئی غذا کو قبول نہ کرے ہچکی آئے
GASTRITIS STOMACH REJECTING FOOD EATEN WITH HICCOUGH

معدے کا ورم جس کے ساتھ گرمی، سکڑنے کے سے درد، قے اور متلی پائی جائے۔ بہت تھوڑی سی مقدار میں غذا یا مشروب بھی قبول نہ کر سکے پیاس لگتی ہو۔ ہچکی اور بخار۔ "وریٹرم ویریڈ"۔

معدے اور آنتوں کا ورم
GASRO-ENTERITIS

۱۔ آنتوں میں بھینچنے کے سے، کاٹنے والے اور غشی پیدا کرنے والے درد، کپکپی، ہاتھ پاؤں ٹھنڈے اور نبض بے قاعدہ ہو جائے۔

"NARCISSUS POETICUS"

۲۔ دورہ بہت زیادہ پاخانہ کے ساتھ، قے اور ٹھنڈا پسینہ "وریٹرم البم"۔

۳۔ اسہال کھانے یا پینے کے فوراً بعد۔ پیٹ کے منہ پر درد اور مریض عصبی مزاج ہوتا ہے۔ "ارجنٹم نائیٹریکم"۔

معدے اور آنتوں کی خرابیاں
GASTRO INTESTINAL DISTURBANCES

معدے اور آنتوں سے متعلق تکالیف جیسا کہ قے، اسہال، پیٹ کا پھول جانا، شدید پیاس۔ "اکونائٹ"۔

۲۔ معدے کی شدید سوزش کے حملے کے بعد یہ دوا معدے کے لئے ایک صحیح ٹانک ہے یہ بھوک نہ لگنے کے لئے مفید ہے۔ "وانیڈیم"۔

معدے اور آنتوں کی تکالیف زیادہ سفر کرنے کی وجہ سے
GASTRO INTESTINAL TROUBLES DUE TO MUCH TRAVALLING

بہت زیادہ بیرون ملک سفر کرنے کی وجہ سے مسافر غیر ملکی جراثیم حاصل کر لیتے ہیں جو آنتوں کی خرابی پیدا کر دیتے ہیں اور اسہال یا پیچش کا سبب بنتے ہیں، ڈائی سنٹری کو یا مورگن جو کہ نوسوڈز ہیں۔ ایسی تکلیف پر قابو پا لیتی ہیں اور اس کو مکمل طور پر ختم کر دیتی ہیں۔ ایسی تکالیف سے بچنے کے لئے بھی ان کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ (ڈاکٹر نورٹن)

معدے کی مختلف قسم کی تکالیف
GASTRIC TROUBLES OF DIFFERENT TYPES

۱۔ غذا میں لاپرواہی سے مثلاً پیسٹری آئس کریم، خنزیر کا گوشت اور بہت زیادہ مرغن غذا، جس کی وجہ سے متواتر متلی ہو تو یہ دوا بہت مفید ہوتی ہے جبکہ غذا معدے سے باہر نکل جائے اور معدہ کم و بیش ہلکا محسوس ہو۔ "اپی کاک"۔ موازنہ کریں "پلساٹیلا" سے جو کہ اس وقت مفید ہے جبکہ غذا معدے میں ہو اور اسی طرح اس میں پڑی رہے۔

۲۔ کلیجے کی جلن کے لئے "پلساٹیلا"۔

۳۔ متلی جس کے ساتھ منہ سے کھٹا پانی نکلے۔ "کلکیریا کارب"۔

۴۔ تیزابیت کے لئے جس کے ساتھ ہاضمہ کی سستی اور ریاح پائی جائے،

"کاربوویج"۔

۵۔ ہر چیز کا ذائقہ کڑوا ہو اور کھٹے ڈکار آئیں۔ "چائنا"۔

۶۔ کلیجے کی جلن، بھوک کا ختم ہو جانا، کھانے کے بعد فوراً تکلیف۔ "لائیکو"۔

۷۔ دودھ کسی بھی شکل میں ناقابل برداشت ہو، اچانک شدید قے جمے ہوئے دودھ کی۔ "ایتھیوزا"۔

۸۔ کترنے کے سے مچلنے والے درد جن کو کھانے سے آفاقہ ہو، صفراوی ڈکار آئیں، یرقان، قبض۔ "چیلی ڈونیم"۔

۹۔ بدہضمی بوڑھے لوگوں کی یا کمزور، کمی خون میں مبتلا اور تھکے ہوئے مریضوں کی، کھانے کے بعد پیٹ کا ریاح سے پھول جانا۔ "کالی کارب"۔

۱۰۔ بوڑھے لوگوں کی بدہضمی کی تکالیف ہیں جن کے ساتھ دل کی فعلی علامات پائی جائیں۔ "ایبیس نائیگرا"۔

معدے اور ڈوڈینیم کے السرز، دونوں میں فرق
GASTRIC AND DUODENAL ULCERS-DISTINCTION BETWEEN THE TWO

معدے کے السر میں جب غذا کھائی جائے تو تھوڑے سے وقت کے لئے آفاقہ ہوتا ہے اور اس کے بعد درد شروع ہوتا ہے اور اس وقت ختم ہوتا ہے جب معدہ خالی ہو جائے۔

ڈوڈینیم کے السر میں جب غذا کھائی جائے تو لمحہ بھر کے لئے سکون ہوتا ہے، اور اس کے بعد درد شروع ہو جاتا ہے لیکن اس وقت تک درد میں آفاقہ نہیں ہوتا جب تک کہ دوبارہ غذا نہ کھائی جائے۔ یہ معدے کے السر کا درد۔ "ڈاکٹر ٹائیلر"۔

معدے اور ڈوڈینیم کا السر جریان خون کے ساتھ اور اس کی شفایابی کیلئے
GASTRIC AND DUODENAL ULCER WITH HAEMORRHAGE AND ITS CURE

معدے کے زخم جن سے معدے میں تھک جانے کا احساس،

جریان خون ہو۔ مریض خون کے ضائع ہو جانے کی وجہ سے مکمل طور پر پیلا ہو جائے یہ دوا علامات کو واضح کر دیتی ہے اور معدے اور ڈوڈینیم کے السر کو شفایاب کر سکتی ہے۔" اور نتھوگیلم"

معدے کا السر اور اس کے بننے پر قابو پانا
GASTRIC ULCER AND ARRESTING ITS FORMATION

۱۔ معدے کا السر بہت زیادہ جلن کے ساتھ۔ "میزیریم"

۲۔ معدے کا گول السر، معدے کی علامات میں کھانے کے بعد آفاقہ ہوتا ہے۔ چمکیلے زرد پانی کی قے۔ "کالی بائیکرومیکم"

۳۔ معدے کے زخم، خون کی اور کھائی ہوئی غذا کی قے، کترنے کے سے درد معدے کا پھول جانا۔ "ایسیٹک ایسڈ"۔ ڈاکٹر جہار "فاسفورس" کی سفارش کرتے ہیں۔

۴۔ "یورانیم نائیٹریکم" کے متعلق کہا جاتا ہے کہ یہ معدے میں السر بننے کے رجحان کو روکتی ہے۔

۵۔ معدے کے زخم، بائیں جانب پسلیوں کے نیچے درد، بجلی کے سے درد، پیٹ کا پھول جانا، میٹھی چیزوں کی خواہش، "ارجنٹم نائیٹریکم" مدر ٹنکچر کی شکل میں دو یا تین قطروں کی خوراکوں میں۔

اعضائے تولید اور ان پر ہاتھ رکھنا
GENITALS AND TOUCHING IT BY HANDS

۱۔ اعضائے تولید میں نیچے کی جانب بوجھ جس میں گاڑی کی سواری سے اضافہ ہو۔ "ایسافوٹیڈا"

۲۔ ہاتھ متواتر اعضائے تولید پر رکھے۔ "سٹرامونیم" ۳۰ طاقت میں روزانہ تین مرتبہ۔

اعضائے تولید عورتوں کے خارش کریں اور سوجن ہو
GENITALS FEMALES ITCHING WITH SWELLING

ماہواری کے دوران ناقابلِ برداشت خارش اور لیبیا کی

سوجن۔ "امبراگریسیا"

سرچکرانا GIDDINESS

۱۔ چکر گردن سے سر کی طرف پھیلیں، اوپر کی جانب دیکھنے سے اضافہ ہو۔ "سلیشیا"

۲۔ بستر سے یا سیٹ سے اُٹھنے پر چکر اور ادھر ادھر حرکت کرنے سے متلی۔ "سیلینیم"

۳۔ بستر میں کروٹ بدلنے سے یا لیٹی ہوئی حالت سے اُٹھنے پر چکر آئیں، تو مفید ہے۔ "بیلاڈونا"

۴۔ جب لیٹا ہوا ہو تو چکر آئیں، قبض ہو۔ "نیٹرم میور"

۵۔ بوجھ اُٹھانے یا حرکت دینے سے چکر آئیں جن کو سکون کے ساتھ لیٹنے سے آفاقہ ہو۔ "چائنا"

نوجوان لڑکیوں کو حیض نہ آئے GIRLS HAVING NO MENSES

نوجوان لڑکیاں جن کو حیض نہ آئے، نو ماہ تک بغیر ماہواری کے رہیں۔ ایک پستان دوسرے کے مقابلے میں چھوٹا ہو، پستانوں کی نشوونما میں کمی پائی جائے۔ "سباتنا"

غدود مختلف حصّوں کے مزمن بڑھے ہوئے GLANDS IN DIFFERENT PARTS CHRONIC ENLARGED.

۱۔ "آرم میٹ" غدودوں پر حیران کن اثر رکھتی ہے۔ کانوں کے غدود، جبڑوں کے غدود، پیٹ کے لمفادی غدود یعنی ہر جگہ کے غدود اس کے دائرہ اثر میں آتے ہیں۔ پستانوں کے غدود، خصیے اور بیضہ دانیاں متاثر ہوتے ہیں اور سختی کی حالت میں ہوتے ہیں۔ انفلٹریشن درست نہیں ہوتی۔ یہ دوا خصیوں کے مزمن بڑھ جانے کی حالت کے لئے پستانوں کے غدودوں میں گلٹیوں، رسولیوں وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ "آرم میٹ"

۲۔ غدودوں کا بڑھ جانا اور سخت ہو جانا، خصوصاً گردن کے غدودوں کا، اور غدودوں میں پتھر کی مانند سختی کے علاوہ ان میں پھیلنے اور سکڑنے کی صلاحیت بھی پائی جاتی ہے۔ "لیپس ایلبس"

غدود کانوں کے متورم
GLANDS EAR SWOLLEN

کانوں کے غدود متورم، تیز درد جو کانوں سے غدودوں میں جائیں۔ ڈاکٹر فرنگٹن اسس دوا کی سفارش کرتے ہیں۔ "کالی بائیکرومیکم"

غدود گردن کے بڑھے ہوئے
GLANDS ENLARGED OF NECK

گردن کے لمفاوی غدودوں کا بڑھ جانا اور جسم کی نشوونما نامکمل، "کلکیریا کارب"

غدود گردن کے دائیں کان کے نیچے بڑھے ہوئے
GLANDS OF NECK ENLARGED UNDER RIGHT EAR

غدود اخروٹ کی سائز میں کئی سالوں سے بڑھے ہوئے، ہر آٹھویں دن "بیسی لینم" ایک ہزار طاقت میں اور اسس کے بعد "کلکیریا فاس" ۳۰ صبح، دوپہر اور شام دیں اور آخر میں "بیسی لینم" ایک ہزار پر اختتام کریں۔

غدود گردن کے ٹکر لگنے کے سبب بڑھے ہوں
GLANDS OF NECK CAUSED BY A BLOW

بڑھے ہوئے غدود پیپ بننے کا سبب بنیں، پہلے بیسی ۲۰۰ دیں۔ اس کے بعد "ہیپر سلف" دیں۔

غدودوں یا ہڈیوں کے زخم
GLAND GLANDULAR OR BONY ULCERATION

ورم سے بچاتی ہے جو پیپ بننے کا سبب بنے، زخم جو جلدی درست نہ ہوتا ہو ہر چھوٹے سے زخم میں پیپ بننے کا رجحان

پایا جائے۔ "سلیشیا"

غدود دونوں بغلوں کے
GLANDS IN BOTH AXILLAE

دونوں بغلوں میں ورم اور مہلک پھوڑے پائے جائیں، قبض بھی ہو، "ہیپر سلف" ۶ طاقت میں چار مرتبہ روزانہ دینے سے پھوڑوں کا منہ کھول دے گی اور ان کو شفایاب کر دے گی۔ اس کے بعد "سلفر" دیں جو پھنسیاں بننے کو روکے گی اور آخر میں "نائیٹرک ایسڈ" ۳۰ دیں۔

غدود اور ہڈیوں کی سطح متورم ہو
GLANDS AND SURFACE OF BONES INFLAMED

سفلس کی وجہ سے غدودوں کا ورم، ہڈیوں کی سطح کو ڈھانپنے والی جھلیوں کا سخت ہو جانا اور ورم۔ "ایسا فوٹیڈا"

غدود گردن کی بیرونی جانب
GLANDS OUTSIDE NECK

گلے اور گردن کے غدود بڑھے ہوئے جو لوتھڑے کی مانند محسوس ہوں۔ تو "امونیم کارب"۔ موازنہ کریں "بیوفو" سے۔

غدودوں کی سوجن اور ان میں پیپ بنے
GLANDS SWELLING ALSO WITH SUPPURATION

۱۔ حاد سوجن جس کے ساتھ غدودوں میں ورم ہو اور گردن وغیرہ کے غدود، مریض کو پیاس لگتی ہو، بے چین ہو اور سردی لگے۔ "رسٹاکس"۔ موازنہ کریں، "مرک سال" سے جس میں مریض تھوڑا بہت بے چین ہوتا ہے اور عموماً کپڑا نہیں اوڑھ سکتا، بہت زیادہ پسینہ آتا ہے جس سے زیادہ آفاقہ نہیں ہوتا۔

۲۔ پیپ بننے اور ورم کے لئے، پستانوں میں گلٹیاں بنی ہوئی ہوں تو "سکروفولیریا"۔

۳۔ غدودوں کی سوجن درد کے ساتھ، غدود سخت اور سرخ، "مرک آیوڈائیڈ"

یہ بیلاڈونا کے بعد بہتر کام کرتی ہے۔

۴۔ بغلوں کے، گردن کے اور چڈوں کے غدودوں کا بڑھ جانا جس کے ساتھ جلدی علامات پائی جائیں۔ پیٹ بڑا اور سخت۔ "جگلنس ریجیا"۔

غدود سوجے ہوئے اور متورم
GLANDS SWOLLEN AND INFLAMED

غدودوں کی سوجن اور ورم، جن کا رجحان پیپ بننے کی طرف ہو مریض کم و بیش بے چین ہوتا ہے اور کپڑا اوپر نہیں لے سکتا۔ بہت زیادہ پسینہ آتا ہے جس سے خاطر خواہ آفاقہ نہیں ہوتا۔ "مرک سال" موازنہ کریں "رسٹاکس" سے۔

غدودوں کی سوجن ناک سے اخراج کی وجہ سے
GLANDS SWELLING DUE TO DISCHARGE FROM NOSE

ناک سے جلن پیدا کرنے والا خراشدار مواد خارج ہو، گردن کے غدود اور کانوں کی پشت کے غدود بھی سوجے ہوئے ہوں اور ان میں دکھن ہوتی ہو۔ "آرم ٹرائی فیلم"۔

غدود اور زخم گردن پر، ٹی بی کے
GLANDS AND ULCERS ON NECK TUBERCULAR

۱۔ غدود بڑھے ہوئے ہوں اور دق کی نوعیت کے، مریض بہت جلد تھک جائے، عموماً پاؤں کو گیلا کرنے سے نزلہ زکام میں مبتلا ہو جائے۔ حیض ہر تین ہفتے بعد، بہت زیادہ مقدار میں اور بہت چمکیلا سُرخ اخراج۔ "ٹیوبرکولینم" بہت اونچی طاقت ہیں۔

۲۔ دق کی نوعیت کے غدودوں کی ایک دوسری اہم دوا "ڈروسرا" ہے۔

۳۔ جب پیپ بننے کا عمل شروع ہو جائے اور پیپ نکلے۔ مریض کی بھوک ختم ہو جائے اور وہ کمزور ہوتا جائے۔ یہ دوا بہت مفید ہے "انسولین" ۳۰ سے ۲۰۰ طاقت میں۔

۴۔ دق کے زخم یا زخموں میں گڑھے بن جانے کی صورت میں "بیسی لینم" بہت اونچی طاقتوں میں۔ نیز "ادلیم جیکیڈلیس" اونچی طاقتوں میں۔

سوزاک مزمن GLEET

سوزاک کی مزمن حالت مردوں میں جس کے ساتھ پیپ دار بلغم کی مانند اخراج ہو۔ یہ اخراج زیادہ نہیں ہوتا بلکہ چند قطرے ہوتے ہیں جو صبح کو عضو مخصوص کی سطح سے چپک جاتے ہیں۔ یہ متواتر ہوتا ہے۔ منی کا اخراج پتلا اور پانی کی مانند ہو۔ "کالی آیوڈائیڈ"۔

گاڑھے اخراج کے لئے جو کافی عرصہ سے ہو اور پیشاب کرنے پہ شدید درد اور جلن کے لئے "کیپسی کم" "سیپیا"۔

آنکھ کا دھندلاپن اور اس کی روک تھام GLAUCOMA AND ITS CHECKING

ا۔ آنکھ کے اندرونی پردے کا کھچاؤ جس کے ساتھ ہی آنکھوں میں اچانک شدید درد ہو اور بینائی تیزی کے ساتھ ختم ہو رہی ہو۔ متعدد مریضوں میں "الیپیرینم" نے معجزہ نما اثر دکھایا ہے اور درد کو فوراً روک دیا۔ ڈاکٹر جہار کا کہنا ہے، کہ "فاسفورس" اس کے لئے یقینی دوا ہے اور فاسفورس گنٹھیاوی درد کے ساتھ ہونے والے آنکھ کے دھندلے پن کے لئے مفید ہے۔ اگر فاسفورس پوری تکلیف کو شفایاب نہ کر سکے تو ڈاکٹر جہار کے کہنے کے مطابق "لائیکو" اور "سلیشیا" مفید ہوتی ہیں۔

ڈاکٹر ڈی۔سی۔ داس گپتا نے اس تکلیف کو کامیابی کے ساتھ "ادسمیم" ۲۰۰ طاقت سے شفایاب کیا ہے۔ وہ ہفتے میں ایک بار چار یا پانچ ہفتے تک اس کا استعمال کراتے ہیں۔ ڈاکٹر ڈیوی "سپائی جیلیا" اور "فاسفورس" کی سفارش کرتے ہیں۔

ب: "جلسی میم گلوکوما" (آنکھ کے دھندلے پن) کے لئے بہت قیمتی دوا ہے۔

یہ عموماً شدید درد کو وقتی سکون دلاتی ہے اور مریض کی اعصابی علامات کو درست کر دیتی ہے۔ ''جلسی میم'' آنکھ کی پتلی کو عصب پر فالجی اثرات کی وجہ سے پھیلا دیتی ہے۔

۲۔ آنکھوں کے گنٹھیا دی درد میں جبکہ شدید درد آنکھوں کے ڈھیلوں سے پشت سر میں یا اوپر چوٹی کی طرف جائے اور اس میں آنکھوں کو حرکت دینے سے اضافہ ہو تو اس دوا کے متعلق خیال کرنا چاہیئے۔ ''برائی اونیا''

۳۔ شدید گولی لگنے کے سے درد جو مقررہ وقت پر ہوں۔ ''سیڈران''

۴۔ آنکھ کے دھندلا ہونے کے لئے جس کے ساتھ لنگڑی کا درد (عرق النسا) اور ریاح ہو۔ شدید جلن پیدا کرنے والے درد جن کو دباؤ سے آفاقہ ہو۔ رات کو آرام کرنے سے اور کھڑے ہونے سے اضافہ، جبکہ ایسا محسوس ہو کہ ابھی گر پڑے گا۔ ''کالوسنتھ''

۵۔ جب کم دکھائی دے تو ''سلفر'' دیں۔

ب: ''گلوکوما کا درد'' درد تشنجی جس کو حرارت سے اور دباؤ سے آفاقہ ہو، ''کالوسنتھ''

آنکھ کے دھندلے پن کا خطرہ
GLAUGOMA THREATENED

اس تکلیف کے لئے ''پلوکارپین'' کے قطرے آنکھ میں ڈالنے کے علاوہ مزاجی دوا کے طور پر ''لیڈم'' کا اندرونی استعمال کرنا چاہیئے۔

زبان کا ورم (GLOSSITIS)

۱۔ زبان کے ورم کے لئے ''مرک سال'' بہت اہم دوا ہے اور کبھی بھی شفایاب کرنے میں ناکام نہیں ہوتی۔ (ڈاکٹر کرٹس)

۲۔ اگر اوڈیما ہو تو ''ایپس'' عمدہ دوا ہوتی ہے اور اس سے عموماً اچھے نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

پیشاب میں شکر آنا GLYCOSURIA

پیشاب میں شکر آئے جس کے ساتھ اعصاب حرکی کا فالج پایا جائے، جب چلے تو ٹانگیں کانپیں اور چلنے سے جواب دے جائیں۔ "کورارے" ہم طاقت میں دینی چاہیئے۔ CURARE

گلہڑ GOITRE

گلہڑ کی وجہ سے ڈھیلوں کا آنکھوں کے حلقوں سے باہر نکل آنا۔ مریض گرمی سے بہت زیادہ حساس، گرم غذا کی خواہش کرے۔ گرم کمرے میں تکلیف میں اضافہ ہو۔ تازہ ہوا میں رہنا چاہے اچھی خاصی غذا کھانے کے بعد اسہال، حیض بے قاعدہ یا بہت زیادہ اور پُر درد ذہنی طور پہ بہت زیادہ حساس، مٹھائی پسند کرے۔ عموماً پریشان رہے، "لائیکو پوڈیم"۔

۲۔ جرمنی کے ڈاکٹر ذدفی جو بہت تجربہ کار تھے۔ ان کا دعویٰ ہے کہ "کلکیریا کارب" سادہ نوعیت کے کیسوں کو چند ہفتوں میں شفایاب کر دیتی ہے "کلکیریا آیوڈائیڈ" بھی بہت مفید دوا ہے۔ ایک ہفتے تک ایک خوراک روزانہ رات کو دینی چاہیئے اور اس کے بعد ایک ہفتہ انتظار کرنا چاہیئے۔

۳۔ گلہڑ پُر درد، نگلنے پر درد، وادیوں میں رہنے والے لوگوں کا گلہڑ جس کے ساتھ دل کی علامات بھی ہوں۔ "سپنجیا" (SPONGIA) ایک خوراک رات کو ایک صبح کے وقت چھ دن تک دیں اور اس کے بعد ایک ہفتہ انتظار کریں پھر دوبارہ دوہرائیں۔

۴۔ گنٹھ مالا کی قسم کے گلہڑ کے لئے "آیوڈین بہت عمدہ دوا ہے۔

۵۔ "تھوجا" اس وقت خصوصیت کے ساتھ تجویز کی جا سکتی ہے جبکہ سوجن والی جگہ کی سطحی وریدیں پھول جائیں اور ان میں درد ہو۔ ہر چھ گھنٹے بعد ایک خوراک دیں اور چار دن تک جاری رکھیں اور پھر چار دن تک کوئی دوا نہ دیں۔ اس کے بعد چار دن تک بارہ گھنٹے کے وقفہ سے دوبارہ شروع کریں اور پھر چھ دن کا وقفہ

کریں اور اس طرح کرتے جائیں۔ "ڈاکٹر جے لاری"۔

ب: یہ دوا موٹے مریضوں کے لئے مفید ہے۔ زرد رنگت کے لوگوں کے لئے بھی مفید ہے جو کمزور اور کمیٔ خون میں مبتلا ہوں، جو اعصابی کمزوری میں مبتلا ہوں اور ہلکی سی مشقت سے دھڑکن تیز ہو جاتی ہو۔ "تھائیرائیڈیئم" 3x روزانہ دو یا تین خوراکیں دیں۔ اس کو وقفے وقفے سے دوہرانا چاہیئے۔ نبض کا خیال رکھنا چاہیئے "تھائیرائیڈیئم، لائیکوپس" کے اثر کو جاری رکھتی ہے اور فیوکس ویزیکولس کی معاون دوا ہے۔

۲۔ سخت گلہڑ مرغی کے انڈے کی سائز کا، جس کے ساتھ "تھائیرائیڈ گلینڈ" بڑھا ہوا ہو۔ "برومیم"۔

۳۔ بہت سے معالجین کی رائے ہے کہ کنٹھ مالا والے گلہڑ کے لئے "لائیکوپس ورجینکس" عمدہ دوا ہے۔ اس کی بڑی علامت چھاتی کا سُکڑنا، نبض کمزور اور رُک رُک کر چلتی ہے۔

۴۔ کنٹھ مالا والے گلہڑ کے لئے یہ دوا بھی بہت اہمیت کی حامل ہے۔ "فیرم فاسفوریکم"۔

۵۔ وادیوں کے پانی سے پیدا ہونے والا گلہڑ، سادہ گلہڑ، ملائم قسم کا جو زیادہ سخت قسم کا نہیں ہوتا۔ "لیپس البس"۔ ڈاکٹر جے ایچ کنوپ کنٹھ مالا والے گلہڑ کے لئے فیوکس ورجینیکس" کے مخصوص دوا ہونے کی سفارش کرتے ہیں۔ اس دوا کی خوراک کے متعلق ان کا کہنا ہے کہ چائے کی ایک چمچ بھر مدر ٹنکچر روزانہ دو یا تین مرتبہ بگڑی ہوئی حالتوں میں دینی چاہیئے۔

سنِ بلوغت کے وقت گلہڑ GOITRE OF PUBERTY

"ہائیڈراسٹس"۔ مفید دوا ہے

سوزاک GONORRHOEA

۱۔ ثانوی حالت میں جبکہ سبزی مائل اخراج بن چکا ہو اور جلن اور متواتر حاجت

کابنے رہنا پایا جائے، پیشاب گرم، جلن دار، سست رفتار یا دبا ہوا قطروں کی شکل میں درد کے ساتھ آئے۔ "مرک کار"

۲۔ سوزاک جو کافی عرصہ سے ہو اور سفلس کے ساتھ پیچیدگیاں پیدا کر دے، "سنابیرس" موازنہ کریں "تھوجا" سے۔

۳۔ سوزاک مزمن جس کے ساتھ مثانے کے پچھلے حصے میں اور عضو مخصوص میں پیشاب کرنے سے قبل اور بعد کٹن دار جلن ہو۔ "کوپائیوا"

۴۔ سوزاک بہت زیادہ شدید جس کے ساتھ زرد رنگ کا اور سفید گاڑھا اخراج ہو، عضو مخصوص میں رینگن اور خصیوں میں جھٹکے لگیں۔ "ٹسی لیگو پٹاسائٹس"

سوزاک کے اثرات مابعد مزاجی بیماریوں کا سبب بنیں

GONORRHOEA AFTER EFECTS CAUSING CONSTITUTIONAL DISEASES

مزاجی بیماریوں کے لئے جو سوزاک کے مابعد اثرات کے سبب پیدا ہوں۔ یہ دوا ان اثرات کو زائل کرنے کی اعلیٰ صلاحیت رکھتی ہے۔ "تھوجا"

سوزاک مزمن اور پُر درد

GONORRHOEA CHRONIC AND PAINFUL

ٹھنڈے سوزاکی مادے کا اخراج۔ "اگاری کس" عضو مخصوص سے پرانے اخراج کو شفایاب کر دیتی ہے۔ جو مزمن سوزاک کے ہر قسم کے مقامی علاج کے باوجود شفایاب نہ ہوا ہو۔ درد ٹھنڈے اور سکیڑنے والے ہوتے ہیں۔ خصیوں سے اخراج کے ساتھ شدید درد ہوتا ہے، عضو مخصوص میں متواتر سرسراہٹ اور خارش، بہت چھوٹا سا قطرہ بھی کافی دیر میں خارج ہوتا ہے۔ "اگاری کس"۔ موازنہ کریں "پٹرولیم" سے۔

سوزاک عضوِ مخصوص سے گاڑھا بلغمی اخراج

GONORRHOEA GLEETY DISCHARGE

مزمن سوزاک، بلا درد کے تھوڑا سا زردی مائل اخراج جو عضو مخصوص کے ساتھ چپک

جائے۔ رات کے پسینے، ہڈیوں میں درد، پسینہ کے دوران تکلیف میں اضافہ کے لئے "سیپیا" اور اس کے بعد "مرک سال"۔

سوزاک پُر درد جس کے ساتھ ورم ہو
GONORRHOEA PAINFUL WITH INFLAMATION

عضو مخصوص کے سرے کی جلد اور غدودوں میں ورم، عضو مخصوص میں درد، سوزاک کے غلط علاج یا دبے ہوئے سوزاک کے اثرات بد مثلاً اعضائے تولید پر مو کے خصوصاً عورتوں میں "تھوجا"۔

سوزاک بار بار ہو
GONORRHOEA REPEATED

سوزاک کے بار بار ہونے کی ہسٹری مریض بداعمالیوں اور جنسی زیادتیوں میں مبتلا رہا ہو اور اب اعضائے تولید ڈھیلے ڈھالے اور ٹھنڈے ہوں۔ پاخانہ کرتے وقت منی کا اخراج ہو۔ مندرجہ بالا اسباب کی وجہ سے پریشان، غم زدہ اور خوف میں مبتلا ہو اور خودکشی کرنے کے خیالات، "اگنس" مفید ہے۔

سوزاک عضو مخصوص کے سرے کی جلد متورم
GONORRHOEA SWOLLEN PREPUCE

سبز اخراج، رات کو اضافہ پیشاب کی بے سود حاجت، جب آخری چند قطرے خارج ہو رہے ہوں تو عضو کے اگلے حصے میں ناقابل برداشت جلن، سرے کی جلد گرم اور سوجی ہوئی۔ "مرک سال"۔

گنٹھیا، شدید درد
GOUT ACUTE PAIN

"گلتھیریا آئل" دس سے بیس قطروں کی خوراکوں میں دینے سے گنٹھیا کے شدید درد، جوڑوں کے ورم اور جوڑوں کے درد کو قابو کرنے میں کبھی ناکام نہیں ہوتی۔ اسی طرح "آرٹیکا یورنس" مدر ٹنکچر دس قطروں کی خوراکوں میں دن میں تین مرتبہ دینی چاہیئے۔

گنٹھیا مختلف حصّوں میں معہ جوڑوں کی سوجن

GOUT IN DIFFERENT PARTS INCLUDING ARTHRITIS

چونکہ جوڑوں میں یورک ایسڈ عموماً گنٹھیا کی ذمہ دار ہوتی ہے۔ لہٰذا "آرٹیکا یورنس" مدر ٹنکچر پانچ سے دس قطرے ابال کر ٹھنڈا کئے ہوئے پانی میں ملا کر دینی چاہیئے۔ تاکہ اس کو ہٹایا جا سکے۔ اس دوا کے متعلق کہا جاتا ہے کہ کسی دوسری دوا کے مقابلہ میں گنٹھیا کے زیادہ کیسوں کو شفایاب کرتی ہے۔ اس دوا کے استعمال سے جوڑوں کا ورم ختم ہو جاتا ہے اور "یورک ایسڈ" کافی مقدار میں نکل جاتی ہے۔

۲۔ گنٹھیا سوزاکی سفلسی مزاج لوگوں میں مزید پیچیدگی کا سبب بنے۔ مزمن حالت جس کے ساتھ چلنے پھرنے والے درد ہوں خصوصاً اس وقت مفید ہے جبکہ پیشاب کی علامات پائی جائیں۔ پیشاب گھوڑے کے پیشاب کی مانند بدبودار۔ دائیں گھٹنے میں سوجن اور درد، پاؤں کے انگوٹھے میں چیرنے والے درد، یورک ایسڈ کے مزاج والے لوگوں میں جن میں جوڑوں کے درد کا رجحان پایا جائے۔ "بنزوئیک ایسڈ"۔

۳۔ ٹخنوں اور پاؤں، کی ہڈیوں میں درد، پاؤں کے کنارے اور ایڑیاں جیسا کہ گنٹھیادی ہوں۔ یورک ایسڈ کی وجہ سے مزمن جوڑوں کا درد۔ "لتھیم کارب"۔

۴۔ پاؤں کی انگلی کا اگلا حصہ سوجا ہوا اور پاؤں رکھنے پر درد کرے۔ ٹھنڈی دوا ہے۔ گرمائش سے اس کی تکلیف میں اضافہ ہوتا ہے اور ٹھنڈی چیزوں کے لگانے سے آفاقہ۔ گنٹھیادی سوجنیں، بازوؤں اور ٹانگوں میں درد، درد نیچے سے اوپر کے جانب چلتے ہیں اور دل متاثر ہو جاتا ہے۔ خاص طور پر گنٹھیادی ورم کے لئے مفید ہے جو گھٹنے کے جوڑ کو متاثر کرے۔ "لیڈم"۔

۵۔ گنٹھیادی مزاج جبکہ جوڑوں میں گلٹیاں اور سوجن ہو۔ مزمن کیسوں میں جبکہ جوڑوں میں یوریٹ آف سوڈا کا جمع ہونا پایا جائے اور یا تھ کا بننا شروع ہو جائیں تو "امونیم فاس" دیں۔

۶۔ ڈاکٹر ہربرٹ لکھتے ہیں کہ جوڑوں کے مزمن ورم میں بہت مفید ہے۔ اور ان کا خیال ہے کہ اس بیماری کا علاج ہومیو پیتھک اصول کے مطابق اس دوا سے کرنا مفید اور اعلیٰ نتائج کا حامل ہوگا۔ "پکرک ایسڈ۔"

۷۔ جوڑ سوجے ہوئے تمام اعضاء میں گنٹھیا وی چیرنے والے درد خصوصاً دائیں طرف، طوفان باد و باراں سے قبل یا دوران اضافہ، ٹھنڈے یا مرطوب یا بے قاعدہ موسم میں اضافہ۔ جب تک ٹانگیں نہ سکیڑے سو نہ سکے۔ جوڑوں کا بڑھ جانا لیکن گنٹھیا وی ڈیپازٹ سے نہ ہو۔ "روڈو ڈنڈران۔"

۸۔ ایڑیوں میں درد جس میں زیادہ بوجھ ڈالنے سے آفاقہ ہو۔ گنٹھیا وی اور جوڑوں کے درد کی حالت کے ساتھ گردے اور جگر کی پیچیدگیاں پائی جاتی ہیں، پیشاب دھوئیں کا سا، بھورے رنگ کا، جس میں گردے کی یا پتے کی پتھری کی تلچھٹ پائی جائے۔ "بربیرس ولگیرس" ۲۰۰ طاقت میں۔

۹۔ "سائیکوٹک" لوگوں میں سوزاک کے دب جانے کی وجہ سے جوڑوں کے درد پائے جائیں۔ "سارساپریلا" ۲۰۰ طاقت میں۔

۱۰۔ یہ دوا بوڑھے لوگوں کی بیماریوں میں اور قوی مزاج لوگوں میں جو گنٹھیا وی اور جوڑوں کی دردوں میں مبتلا ہوں، مفید ہے "کالچی کم۔"

گنٹھیا لمبی ہڈیوں کا — GOUT LONG BONES

پرانے گنٹھیا وی مزاج، کولہے کے جوڑ میں درد، جوڑوں کے درمیان کی ہڈیوں میں درد، حرکت سے تکلیف میں اضافہ۔ "فاسفورک ایسڈ۔"

گنٹھیا تمام جوڑوں میں — GOUT IN ALL JOINTS

تمام جوڑوں میں گنٹھیا وی اور جوڑوں کے درد کا رجحان "سٹافی سیگریا۔"

گنٹھیا سے بچانے والی دوا — GOUT PREVENTING

"کالچی کم" سٹرانگ ٹنکچر میں قطروں کی

خوراکوں میں دینے سے گنٹھیا کے حملے کو روک دیتی ہے اور ہونے والے حملے سے بچاتی ہے۔

گنٹھیا، جوڑ سوجے ہوئے
GOUT SWOLLEN JOINTS

۱۔ ٹانگوں اور بازوؤں کے جوڑوں میں درد، جوڑ سوجے ہوئے، سخت دباؤ سے آفاقہ، "چائنا"۔

۲۔ پاؤں کے تلووں اور ایڑیوں میں درد، "ایسڈ ٹارٹاریکم"۔

۳۔ کلائیوں اور ٹخنوں میں درد بخار کے ساتھ، "ٹرائی میتھائیلامینم"۔

۴۔ دائیں پاؤں کی انگلی کی بہت پر درد اینٹھن کے لئے مقوی دوا ہے، "کیوپرم ایسٹیکم"۔

۵۔ جوڑوں کا درد جو خصوصاً کہنی اور گھٹنے کے جوڑوں پر حملہ کرے جس کے ساتھ بہت زیادہ سوجن، سرخی اور بہت زیادہ بخار ہو "سیلی سائیلک ایسڈ"۔

۶۔ گنٹھیا جس کے ساتھ ذیابیطس بھی موجود ہو۔ "فاسی اولس"۔

گنٹھیا کی دردیں دوڑنے پھرنے والی
GOUT PAINS FLYING

تمام جوڑوں میں جب کہ گنٹھیا وی اور جوڑوں کے دردوں کی شکایات ہوں، اعصابی دردوں کی بیماریاں خصوصاً کہنیوں سے ہاتھوں تک گنٹھیا وی درد کا رجحان پایا جائے چیرنے والے درد بغیر کسی خاص مقام کے اِدھر اُدھر دوڑتے پھریں۔ جن کو حرارت سے آفاقہ ہو۔ "ایسکولس"۔

گنٹھیا اعصابی
GOUT NERVOUS

اعصابی مزاج لوگوں کے لئے یہ دوا گنٹھیا وی علامات اور جوڑوں کے دردوں کی علامات سے بھری پڑی ہے۔ گنٹھیا وی اور جوڑوں کے دردوں کی علامات سے عام علامات میں بہتری ہو جاتی ہے۔

"ایسافوٹیڈا"۔

گنٹھیا پاؤں کی انگلی اور ایڑی کا
GOUT OF TOE AND HEEL

گنٹھیا کا شدید حملہ، ہولناک درد
جوڑ سخت اور گرم، پاؤں کے انگوٹھے میں
ورم، ایڑی میں گنٹھیاوی درد، ٹانگیں اور
پاؤں سوجے ہوئے اور ٹھنڈے۔ "کالچی کم" ایلوپیتھ اس دوا کو کالچی سین اور پروبنی
کے نام سے ہائی یورک ایسڈ کو کنٹرول کرنے کے لئے استعمال کراتے ہیں۔

"ریڈرز ڈائجسٹ نومبر ۱۹۵۹ء"

پیٹ کے آپریشن کے بعد اندمال زخم
GRANULATIONS AFTER OPERATION OF ABDOMEN

اگر پیٹ کا اپریشن کیا گیا ہو اور اس کی اطراف غیر صحت مند دکھائی دیتی ہوں اور ان میں ڈنگ لگنے کے سے جلندار درد ہوتے ہوں تو یہ دوا زخم کو مندمل کرنے کے لئے اور صحت مند انگور لانے کے لئے بہت مفید ہے "سٹافی سیگریا"۔

مثانے کی پتھری
GRAVEL

گردے میں شدید اعصابی درد اور پتھریوں کا بننا اور پتھری کے ذرات کا اخراج

یہ دوا پتھری بننے کی تکالیف جس کے ساتھ گردے میں اعصابی تکالیف پائی جائیں کے لئے مفید ہے "سارساپریلا"۔

مثانے کی پتھری سے بچاؤ کے لئے
GRAVEL PREVENTION

۱۔ پیشاب میں پتھری کے ذرات کمر میں اور کمر کے نچلے حصے میں درد "بربیرس"۔

۲۔ پتھری بننے کا رجحان، گنٹھیاوی مزاج لوگوں کے ٹشوز میں یورک ایسڈ کا پایا جانا۔ "ارٹیکا یورنس"۔

بالوں کا سیاہی مائل سفید ہونا اور اس سے بچاؤ
GRAYNESS OF HAIR AND ITS PREVENTION

بالوں میں قبل از وقت سفیدی آجائے اور بال

کریں۔ "فاسفورک ایسڈ، ہائیڈراسٹس، اسپیریگس"۔

۲۔ سیاہی مائل سفید بال اُگنے سے بچاؤ کے لئے اور ان کو قدرتی رنگ میں لانے کے لئے "تھائیرائیڈینم" سے علاج شروع کریں۔ تیس طاقت میں روزانہ کم از کم ایک ماہ تک دیں اور اگر ضرورت ہو تو زیادہ عرصہ دیں۔ اس کے بعد اس دوا کو دو سو طاقت میں ہفتہ میں ایک مرتبہ ایک ماہ تک دیں۔

غم سے پیدا ہونے والی بیماریاں
GRIEF AILMENTS DUE TO

۱۔ آرم میٹ میں غم سے، ناکام محبت سے خوف یا غصے سے اور سخت شرم سے پیدا ہونے والی تکالیف پائی جاتی ہیں۔ ڈاکٹر جہار اعصابی عورتوں کے لئے اگنیشیا کی سفارش کرتے ہیں۔ جو غم کا بوجھ اٹھائے ہوئے ہوں اور غم کے مزمن اثرات جو عرصہ سے ہوں۔ مفید دوا ہے۔ "فاسفورک ایسڈ"۔

۲۔ جب مریض چڑچڑا، بدمزاج اور بے سکون، خوف زدہ اور متواتر خطرات اور غموں کی پیش بندی کرتا رہے۔ "سٹافی سگیریا"۔

۳۔ عرصہ کے غموں اور پریشانیوں سے ہونے والی مزمن تکالیف، بہت زیادہ غم اور پریشانی۔ "لیکیس"۔

۴۔ افسردہ اور ناخوش، چلّانے اور رونے کا میلان۔ "کالوسنتھ"۔

۵۔ ناکام محبت اور اگر اس کے ساتھ حسد بھی پایا جائے تو۔ "ہائیوسائمس"۔

دانت پیسنا
GRINDING OF TEETH

جب سویا ہوا ہو تو دانت پیسے نیند کے دوران بے چینی پائی جائے تو "سائنا" مفید ہے۔

جانگھ کا پھوڑا
GROIN ABSCESS INIT

بائیں جانگھ میں مزمن پھوڑا جس میں درد ہو "سلیشیا" ۳۰ طاقت صبح، دوپہر اور شام کو روزانہ۔

مسوڑھے سوجے ہوئے، زخمی جن کے ساتھ دانت بوسیدہ

GUMS SWOLLEN ULCERATED WITH DECAYED TEETH ETC.

۱۔ مسوڑھے اور دانت متورم، مسوڑھے سوجے ہوئے اور اسفنج کی مانند جن سے تھوڑا تھوڑا خون نکلے، تمام منہ گندا دکھائی دے اور اس سے گندی بُو آئے، زبان موٹی اور اس کے کناروں پر دانتوں کے نشان، منہ سے بہت زیادہ تھوک کا اخراج۔ "مرک سال" اس کو "بیلاڈونا" کے ساتھ ادل بدل کر دینا چاہیئے۔

۲۔ مسوڑھوں کے لئے جن میں بہت سی پھنسیاں ہوں اور دانت بوسیدہ ہوں۔ "ہکلالاوا"

۳۔ مسوڑھوں سے خون آئے۔ "فاسفورس" اور اگر یہ ناکام ہو جائے تو پھر "مرک سال" دیں۔

۴۔ مسوڑھے سخت اور آسانی سے خون نکلے، مضبوط دانتوں میں درد، مسوڑھے سوجے ہوئے اور چھونے سے خون نکلے۔ "ارجنٹم نائیٹریکم"

۵۔ مسوڑھے سوجے ہوئے ہوں اور دانت ڈھیلے نہ ہوں۔ ذائقہ کھٹا، تھوک خون آمیز۔ "میگنیشیا کارب"

۶۔ جب کیلشیم کی کمی ہو اور دانتوں کا انیمل ضائع ہو رہا ہو۔ "کلکیریا فلور"

۷۔ دانت تیزی سے بوسیدہ ہو رہے ہوں، مسوڑھے اسفنج کی مانند سوجے ہوئے ہوں، دانت سیاہ اور ریزہ ریزہ ہو رہے ہوں۔ "سٹافی سگیریا" موازنہ کریں "کریوزوٹ" سے۔

۸۔ دانت نکالنے کے بعد مسوڑھے درد کرتے ہوں تو ان ادویہ پر غور کریں۔ "ہائیپریکم، ہکس وامیکا اور ہائیوسائیمس"۔ سب سے پہلے "فاسفورس" دینی چاہیئے۔

مسوڑھوں کو کاٹنا GUMS-BITING

مسوڑھوں اور دانتوں کو کاٹنے کا بہت زیادہ رجحان۔ "فائٹولاکا"

مسوڑھوں کو دبانا GUMS PRESSING

بچوں میں دانت نکالنے کے زمانہ میں "پوڈوفائیلم" میں مسوڑھوں کو آپس میں دبانے کی خواہش پائی جاتی ہے۔ جب یہ علامت بہت واضح ہو۔ بچہ مسوڑھوں کو آپس میں ہمیشہ دباتا ہو تو ان بچوں کے اسہال میں "پوڈوفائیلم" مفید دوا ہوگی۔ اگر حاد اسہال میں یہ علامت پائی جائے تو "پوڈوفائیلم" پر غور کرنا چاہیئے۔

مسوڑھے ڈھیلے دانتوں سے دور ہٹ جائیں GUMS RECEDING WITH LOOSE TEETH

۱۔ مسوڑھے دانتوں سے دور ہٹ جائیں اور ان سے خون نکلے، دانت ڈھیلے ہو جائیں۔ تمام حالت میں "امونیم کارب"۔

۲۔ مسوڑھے دانتوں سے ہٹ جائیں، سفنج کی مانند ہوں اور آسانی سے خون نکلے، دانت ڈھیلے، کھٹے، چھونے سے اور چوسنے سے درد ہو اور منہ سے گندی بو آئے۔ "مرک سال"۔

۳۔ جب دانت ڈھیلے ہو جائیں اور مسوڑھوں سے الگ ہو جائیں۔ صاف کرتے وقت دانتوں سے خون نکلے۔ گرم، ٹھنڈی یا نمکین غذا سے درد ہو۔ "کاربوویج"۔

مسوڑھوں میں پھوڑے جن میں پیپ بنے GUMBOIL PUS FORMED

جب پیپ بن چکی ہو یا جب پانی کی مانند پتلی بدبودار پیپ پائی جائے، مسوڑھے ٹھنڈی ہوا سے حساس۔ "فسچولا" کی مانند سوراخ جو بہت آہستہ آہستہ شفایاب ہو تو "سلیشیا" دیں۔

مسوڑھوں کا پھوڑا جس میں ٹپکن دار درد ہو GUM BOIL THROBBING

۱۔ دانتوں میں ٹپکن دار درد کے لئے "بیلاڈونا"۔

۲۔ رخسار کی سوجن، منہ کی تمام بائیں جانب سوجن، مسوڑھوں کا پُر درد

پھوڑا، منہ گرم اور سخت، "برومیم"۔

۳۔ مسوڑھوں کا پھوڑا متورم، خون نکلے اور پر درد، درد کاٹنے والے اور جلنداز مسوڑھے سکروی۔ "کاربو اینی میلس"۔

۴۔ "مرک سال اور بیلا ڈونا" دونوں کو ادل بدل کر دینا چاہیئے جب بہت زیادہ چمکیلی سُرخی اور سوجن ہو۔ مسوڑھے اور منہ کا پیندا دونوں متاثر ہوں۔ ایک خوراک ہر تین گھنٹے بعد۔

مسوڑھوں پر ملنے کے لئے روغن GUM PAINT

۱۔ دانتوں میں درد ہو اور چھونے سے حساس اور دکھن ہو، دانتوں میں درد جس کے ساتھ پپوٹوں کا اعصابی درد ہو، دانتوں میں درد کے ساتھ تھوک آئے۔ "پلانٹیگو" مدر ٹنکچر مسوڑھوں پہ اور سوراخ والے دانتوں پہ ملنا چاہیئے جو کہ درد کو جادو کی طرح سکون پہنچائے گا، مسوڑھوں پہ اس کا مساج بھی کرنا چاہیئے۔

۲۔ ڈاکٹر پی۔ بینرجی مسوڑھوں کے لئے مندرجہ ذیل روغن کی سفارش کرتے ہیں جو مسوڑھوں کی سوجن یا پھوڑوں کے لئے مفید ہے۔ "اکونائٹ" مدر ٹنکچر کے پندرہ قطرے، "ایکی نیشیا" مدر ٹنکچر کے ۲۰ قطرے اور "پلانٹیگو" مدر ٹنکچر کے پچیس قطرے ایک جگہ ملالیں اور گرم پانی کے ساتھ ملاکر درد والے مسوڑھوں یا دانتوں پہ لگائیں۔ بہت مفید ہے۔

بندوق کی گولی کا زخم GUN SHOT WOUNDS

علامات کے مطابق، "ہائپیریکم یا سمفائیٹم"۔

۲۔ ڈاکٹر جھار کے مطابق بندوق کی گولی کے زخم کا علاج "کیلن ڈولا" سے کیا جائے تو زخمی حصّہ کو محفوظ کیا جا سکتا ہے۔

خون کی قے آنا HAEMATOMESIS

۱۔ سیاہ خون کی قے، "ہما میلس" ہر پندرہ منٹ بعد۔

چمکیلا خون۔ "اپی کاک" ہر پندرہ منٹ بعد۔

۳۔ مشینی زخم سے خون کی قے، "آرنیکا" ہر پندرہ منٹ کے وقفہ سے۔

۴۔ "اپی کاک" باربار خوراکوں میں دیں۔

۵۔ جب تشنج شروع ہو جائیں "سیکیل کار"۔

۶۔ جب نزع کی علامات پائی جائیں "دریٹرم البم"۔

پیشاب میں خون آنے HAEMATURIA

۱۔ ا۔ "کینتھرس، ہیمامیلس، ٹیری بنتھینا اور نائیٹرک ایسڈ، ملی فولیم" گردے کے درد کے لئے مخصوص دوا ہے۔

ب: ڈاکٹر جھار کا مشورہ ہے کہ اگر کوئی دوا خصوصی طور پر تجویز نہ کی جاسکے تو "کینابس انڈیکا" دیں اور اگر یہ آرام دینے میں ناکام ہو جائے تو "کینتھرس" دیں۔ اگر یہ دونوں ادویہ مفید ثابت نہ ہوں تو "ٹنکس وامیکا" آزمائیں۔

۲۔ پیشاب خون آمیز۔ جب پیشاب کر رہا ہو تو جلندار درد، یوریتھرا میں ڈنک لگیں۔ "ایپس"۔

۳۔ گردوں میں درد کے ساتھ سیاہ خون ملا پیشاب۔ "ہیمامیلس"۔

۴۔ مشینی زخم کی وجہ سے "یوریتھرا" سے خون کا اخراج ہو۔ "آرنیکا"۔

۵۔ مثانے کا مزمن نزلہ جس کے ساتھ مثانے میں کاٹنے والا درد ہو، پیشاب کرنے سے قبل کمر میں درد جو پیشاب کرنے کے بعد کم ہو جائے۔ پیشاب سست رفتاری سے آئے اور زور لگانا پڑے، بہت زیادہ مقدار میں سرخ تلچھٹ۔ "لائیکوپوڈیم" چند قطرے تین مرتبہ روزانہ دینے سے مفید ثابت ہوتی ہے۔

۶۔ پیشاب مشکل سے آئے مثانہ میں جلن ہو، پیشاب مشکل سے آنے کے ساتھ ساتھ پیشاب کرتے وقت حرارت اور درد بھی پایا جاتا ہے۔ پیشاب قطرہ قطرہ خارج ہوتا ہے جو خون کی مانند ہوتا ہے۔ تھوڑے سے پیشاب کے ساتھ زیادہ خون ہوتا ہے جس میں قہوہ کی شکل کی تلچھٹ پائی جاتی ہے۔ "ٹیری بنتھینا"۔

۷۔ پیشاب گہرے رنگ کا ہوتا ہے۔ خون آمیز اور البیومن ملا، مثانے سے خون آمیز بلغم کا اخراج، خون قطرہ قطرہ خارج ہو "کینتھرس"۔ جب اصل سبب کا پتہ نہ چلے تو خون آمیز پیشاب کے عموماً تمام کیسوں میں یہ دوا دینی چاہیئے "کینتھرس"۔ (ڈاکٹر لیوری)

۸۔ پیشاب خون ملا، سست رفتار، کیچڑ کی مانند اور ریت ملا، پیشاب کے اختتام کے قریب خون آمیز پیشاب آئے، مثانہ کی گردن کے قریب شدید درد "سارسا پریلا"۔

۹۔ جب متواتر متلی پائے جائے، سانس دقت سے آئے، پیٹ میں کاٹنے والے درد جن کے ساتھ خون آمیز پیشاب کا اخراج ہو۔ "اپی کاک"۔

۱۰۔ خود سر کیس یا جن کی سمجھ نہ آسکے، مدر ٹنکچر "تھلاسپی برسا، یا سینی شیو یا آرسینکم ہائیڈروجینیٹم" تین طاقت میں علامات کے مطابق دینی چاہیئے۔

۱۱۔ پیشاب میں خون آنے کے ساتھ گردوں میں درد ہوتا ہو تو ایسی حالتوں میں "ملی فولیم"

ہیموگلوبین کی کمی | HAEMOGLOBIN - ITS SHORTAGE

"وینا ڈیم" ہیموگلوبین کی مقدار کو بڑھا دیتی ہے اور اس کی آکسیجن کو بھی یکجا کر دیتی ہے جو اس کی ہلاکت آفرینی کا سبب ہوتی ہے۔

ہیموفیلیا | HAEMOPHILIA

یہ جنس سے متعلق بیماری ہے جو عورتوں سے ورثہ میں منتقل ہوتی ہے اس میں خون کو جمانے والے مادے کی کمی کی وجہ سے جریان خون کی صورت میں خون جم نہیں پاتا۔ یہ مردوں میں پائی جاتی ہے۔ مریض پیدائشی طور پر جریان خون میں مبتلا ہوتا ہے۔ ہر زخم کے کٹ جانے یا کھرچنے وغیرہ سے خون نکلنا شروع ہو جاتا ہے اور اس وقت تک نہیں رکتا جب تک کہ ختم نہ ہو جائے، گھٹنوں

اور کہنیوں میں گنٹھیا دی درد، گھٹنوں کی سوجن، جریان خون کی وجہ سے زرد ہو جانا، مسوڑھوں سے متواتر خون کا بہنا، چھوٹے سے زخم سے بہت زیادہ خون نکلے۔ چھوٹی سی رگڑ یا خراش اس کو سیاہ اور نیلا کر دے۔ پانی کی بہت زیادہ پیاس ہو۔ "لیکسیس"۔

پھیپھڑوں سے خون آنا
HAEMOPTYSIS

ا۔ ڈاکٹر جوسٹ "اپی کاک اور ملی فولیم" کو یکے بعد دیگرے دیتے ہیں اور ان پر بھروسہ کرتے ہیں جبکہ ڈاکٹر تھامس نے "ایکالیفا انڈیکا" سے پھیپھڑوں کے مریضوں کا علاج کامیابی سے کیا ہے۔

ب: ہلکا سا چمکیلا سُرخ جریان خون، مریض میں دق کا رجحان ہوتا ہے اور ہوا کی نالیوں کے نزلہ میں، درد سر اور نکسیر میں مبتلا رہتا ہے۔ "فیرم فاس" ڈاکٹر بیک ڈڈ۔

جریان خون مختلف حالتوں میں
HAEMORRHAGE UNDER DIFFERENT. CONDITIONS

ا۔ جریان خون پر قابو پانے کی صلاحیت اس بات کی متقاضی ہے کہ اس دوا کو عزت کی نگاہ سے دیکھا جائے اس دوا کا جریان خون چمکیلا سُرخ، زیادہ مقدار میں ہوتا ہے۔ سانس دقت سے آتا ہے اور متلی پائی جاتی ہے۔ جریان خون ناک سے، معدے، مقعد، رحم، پھیپھڑوں اور مثانے، تمام جسم کے قدرتی سوراخوں سے اس دوا کے زیر اثر آتا ہے۔ "اپی کاک" ۲۰۰۔ موازنہ کریں، "کروٹیس اور سیکیل کار" سے۔

۲۔ جریان خون تیزی کے ساتھ، چمکیلا سُرخ جس کے ساتھ خوف اور پریشانی پائی جائے "اکونائٹ"۔

۳۔ زخموں سے جسمانی مشقت اور زور لگانے سے "آرنیکا"۔

۴۔ خون گرم، تپکن دار، سر کی طرف اجتماع خون۔ "بیلاڈونا"۔

۵۔ عموماً مکمل حالتِ نزع، چہرہ پیلا، پنکھا کرانا چاہیے۔ "کاربوویج"۔

۶۔ بہت زیادہ خون کا ضائع ہو جانا، کانوں میں گھنٹیاں بجنا اور غشی کی اکسیر دوا ہے۔ "چائنا"۔

۷۔ ہذیان اور عضلات کا جھٹکنا اور پھڑکنا۔ "ہائیوسائیمس"۔

۸۔ خون جمتا نہ ہو، جلے ہوئے بھوسہ کی مانند تلچھٹ۔ "لیکیسس"۔

۹۔ تیز جریان چمکیلے سُرخ خون کا۔ "نائیٹرک ایسڈ"۔

۱۰۔ بہت زیادہ اور متواتر حتیٰ کہ چھوٹے سے زخم یا رسولی سے بھی جریان خون۔ "فاسفورس"۔

۱۱۔ کچھ حصہ مائع اور کچھ حصہ سخت سیاہ منجمد۔ "پلاٹینم"۔

۱۲۔ وقفے وقفے سے جریان خون۔ "پلساٹیلا"۔

جریان خون چمکیلا سُرخ
HAEMORRHAGE BRIGHT BLOOD

چمکیلے سُرخ خون کا جریان کسی بھی سطح سے ہو۔ "فیرم فاس" جریان خون کی عمدہ دوا ہے اور یہ خون کے اخراج کو روک دیتی ہے۔ "فیرم فاس"۔

جریان خون سیاہ
HAEMORRHAGE DARK BLOOD

منہ، ناک، آنتوں یا رحم سے سیاہ خون کا اخراج جس کے ساتھ غشی طاری ہو، آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جائے کانوں میں گھنٹیاں بجیں۔ اچانک اخراج خون۔ یہ دوا بار بار دینی چاہیئے۔ "چائنا"۔

جریان خون رحم سے ڈراپسی میں
HAEMORRHAGE FROM UTERUS IN DROPSY

ڈراپسی میں رحم سے جریان خون، اگرچہ ڈراپسی میں، امینوریا ہوتا ہے۔ تاہم اس میں بہت زیادہ ماہواری کا اخراج بھی پایا جاتا ہے جو کہ بار بار ہوتا ہے اور بہت دیر تک رہتا ہے۔ ماہواری کے خون کے زیادہ اخراج سے مریضہ کمی خون

اور ڈراپسی میں مبتلا ہو جاتی ہے۔ "اپوسائی نم"۔

جریان خون جسم کے کسی بھی سوراخ سے ہو
HAEMORRAGE FROM ANY ORIFICE

جسم کے کسی سوراخ سے یہ ناک سے، زخم سے، مقعد سے، معدے، رحم، پھیپھڑوں یا مثانے سے ہو سکتا ہے۔ جریان خون کے ساتھ متلی کا ہونا لازمی ہے خون چمکیلا سرخ ہونا چاہیئے۔ "اپی کاک"۔

جریان خون حمل کے دوران اگر اسقاط حمل کا خوف ہو اور خون متواتر جاری ہے
HAEMORRHAGE DURING PREGNANCY IF ABORTION APPREHENDED AND ALSO HAEMORRHAGE CONTINUOUS

ا۔ سبائنا، کروکس، کریوزوٹ اور سیکیل کار (ڈاکٹر نیش)

ب۔ خون کا متواتر جاری رہنا۔ "اپی کاک، سبائنا، آرنیکا اور سنا مونم۔

جریان خون وقفے وقفے سے ہو۔ "پلساٹیلا"

جریان چمکیلے سرخ خون کا۔ "اپی کاک، آرنیکا۔"

سیاہ خون کا۔ "سبائنا، کیمومیلا، سیکیل کار"۔

تشنج کے لئے۔ "اپی کاک، ہائیوسائیمس، پلاٹینا، سنا مونم۔

جب کسی دوا کی واضح علامت نہ ہو تو۔ "ملی فولیم"۔

جریان خون ٹائیفائیڈ میں
HAEMORRHAGE IN TYPHOID

کسی بھی بلغمی جھلی سے جریان خون ناک سے، پھیپھڑوں سے، آنتوں سے خون کا اخراج، آنکھیں ڈوبی ہوئیں ہونٹوں کی رنگت خراب، چہرہ مرجھایا ہوا، آہستہ آہستہ بے ہوشی کا آنا "فاسفورک ایسڈ"، ٹائیفائیڈ میں جریان خون کی دوسری دوا "نائیٹرک ایسڈ" ہے جس میں خون کی رنگت چمکیلی سرخ ہوتی ہے۔

جریان خون آنتوں سے ٹائیفائیڈ کے دوران
HAEMORRHAGE IN TYPHOID FROM BOWELS

۱۔ آنتوں سے سیاہ اور نہ جمنے والے خون کا اخراج جو کمزور کر دینے والی بیماریوں ٹائیفائیڈ وغیرہ میں ہوتا ہے "لیکیس"۔

۲۔ اگر خون بڑے بڑے منجمد ٹکڑوں میں آئے تو ڈاکٹر نیش کے مطابق ٹائیفائیڈ بخار میں جریان خون کے لئے یہ عمدہ دواؤں میں سے ایک ہے "ایلومینا"۔

جریان خون کسی بھی قسم کا
HAEMORRHAGE OF ANY KIND

جریان خون کے لئے جب کسی دوا کی کوئی واضح علامت موجود نہ ہو تو یہ دوا دیں جو کہ جریان خون کی مختلف اقسام کے لئے اعلیٰ مقام رکھتی ہے۔ خون چمکیلا سرخ ہوتا ہے "ملی فولیم"۔

جریان خون رحم سے
HAEMORRHAGE UTRINE

رحم کے جریان خون کی مزمن بیماریاں، کثرت حیض، خون کے بڑے بڑے چھیچھڑے جو مائع کے ساتھ ملے ہوئے ہوں۔ پاؤں ہمیشہ گیلے اور ٹھنڈے، موزے گیلے ہو جائیں، قبض ہو، گلے میں دکھن، اگر کسی شدید صدمہ یا ذہنی پریشانی یا خلل کے سبب رحم سے جریان خون ہو۔ "کلکیریا کارب"۔

جریان خون وریدی کسی بھی عضو سے اور خون سیاہی مائل
HAEMORRHAGE VEINOUS FROM ANY ORGAN AND BLACKISH BLOOD

کسی بھی عضو سے وریدی خون کا اخراج مثلاً پھیپھڑوں، معدے، آنتوں، رحم، ناک وغیرہ سے، سیاہی مائل خون نہ کہ سرخ شریانی خون، کمزور شدہ حالتوں میں جب خون سطح سے رسے۔ "چائنا اور کاربوویج" ایک دوسرے کی معاون دوائیں ہیں۔

جریان خون کی ان حالتوں میں "چائنا" اثراتِ مابعد کے لئے عمدہ دوا ہے۔

بواسیر خونی
HAEMORRHOIDS BLEEDING

خونی بواسیر کے لئے موکونا MUCUNA مدر ٹنکچر مخصوص دوا ہے۔ دو یا تین خوراکیں روزانہ دینے سے دو یا تین دن میں اس پر قابو پا لے گی۔

بواسیر بادی یا خونی
HAEMORRHOIDS BLIND OR BLEEDING

خونی یا بادی بواسیر مو کے باہر نکل جائیں، سکڑ جائیں، ارغوانی رنگ کے، ان میں چھینکنے یا کھانسنے سے ٹانکے لگنے کے سے درد ہوں۔ چھینکنے یا کھانسنے سے متواتر حاجت پائی جائے، مقعد میں متواتر حاجت، پاخانہ کے لئے نہیں، مقعد میں سکڑن کا احساس اور دھڑکن دار درد جیسا کہ چھوٹے ہتھوڑے پر درد بواسیر میں لگ رہے ہوں "لیکیسس"۔

بواسیر دونوں اقسام کی
HAEMORROIDS OF BOTH TYPES

ایسکولس ہپ دونوں اقسام کی بواسیر کو بادی ہو یا خونی شفایاب کرتی ہے، بواسیر ارغوانی رنگت کی ہوتی ہے مزمن قبض مقعد میں لکڑی کی کھپچیاں بھری ہوئی محسوس ہوتی ہیں۔ جس کے ساتھ جگر میں اجتماع خون ہوتا ہے۔ پاخانہ مقعد میں پھولی ہوئی وریدوں کے پیچھے جمع ہو جاتا ہے اور زخم بننا شروع ہو جاتے ہیں۔ بواسیر کی بہت بڑی دوا ہے۔ کمر میں اور چوتڑوں میں درد ہوتا ہے۔ "ایسکولس ہپ"۔

بواسیر مقعد کے گرد انگور کے گچھے کی مانند جس میں خارش ہو
HAEMORRHOIDS LIKE BUNCH OF GRAPES ROUND THE ANUS WITH ITCHING

۱۔ ایسی بواسیر کے لئے جو مقعد کے گرد انگور کے گچھے کی مانند ہو مخصوص دوا ہے۔ مقعد کے گرد ڈھیلا پن پایا جاتا ہے۔ مقعد باہر کو نکل آتی ہے اور خونی بواسیر ہوتی ہے۔ مقعد میں خارش اور جلن جو نیند کو اچاٹ

کر دیتی ہے۔ جلن اور خارش بہت شدید ہوتی ہے اور مریض کو نا امید اور بیزار
کر دیتی ہے۔ ٹھنڈی چیزیں لگانے سے خارش میں آفاقہ ہوتا ہے "ایلو"۔
۲۔ بچوں میں خارش اور مقعد کی سُرخی کے لئے "سلفر"۔

بواسیر پر درد HAEMORRHOIDS PAINFUL

بواسیر سے خون نکلے اور پر درد ہو
آنتوں کی خرابی اور ذہنی نا امیدی۔ "لائیکو"۔

بواسیر دوران حمل HAEMORRHOIDS PREGNANCY

حمل کے دوران یا بچے کی پیدائش کے بعد نیچے کی جانب بوجھ کے
ساتھ۔ "پوڈو فائیلم"۔

بواسیر زخموں کے ساتھ HAEMORRHOIDS WITH ULCERATION

بواسیر زخموں کے ساتھ مقعد
اور اس کے گھیرنے والے حصے ارغوانی
اور کھرنڈوں سے ڈھانپے ہوئے
ہوتے ہیں۔ مقعد کے اندر زخم جو بہت پُر درد ہوتے ہیں۔ تمام بلغمی جھلی میں چھالے
اور چبھن ہوتی ہیں۔ "پائیونیا"۔

بالوں کی مختلف تکالیف HAIR DIFFERENT COMPLAINTS

۱۔ بالوں کا گرنا۔ "امونیم کارب"۔
۲۔ بال گرتے ہوں اور دوبارہ نہ
اگیں، سفلس کی وجہ سے گنجا پن ہو تو
"فلواسٹی لیگو"۔ ممکنہ حد تک مخصوص دوا ہے "فلورک ایسڈ"۔
۳۔ بالوں کا گرنا سفید خشک کھرنڈ کی مانند سکری کی وجہ سے "تھوجا"۔
۴۔ بالوں کا گرنا خشکی کے ساتھ۔ "کالی کارب"۔
۵۔ بڑھاپے میں بالوں کا سفید ہونا۔ علاج کا آغاز "تھائیرائیڈینم" ۳۰ سے
کریں۔ بعد میں "جیبورانڈی" سی ایم طاقت میں ہر چودہ دن بعد تقریباً چار ماہ تک دیں۔

اگر یہ بھی ناکام ہو جائے تو پھر "لائیکو پوڈم" اور "ایسڈ فاس" یکے بعد دیگرے تیس طاقت میں دیں۔ اگر تین ماہ تک کوئی مفید نتیجہ حاصل نہ ہو سکے تو یہ دونوں ادویہ ایک ہزار طاقت میں یکے بعد دیگرے ہر چودہ دن بعد دیں۔

(ب) عورتوں کے ہونٹوں اور ٹھوڑی پر بالوں کے لئے "تھوجا" ۲۰۰ ہر ماہ اور "ادلیم جیکوریس" ۲x طاقت میں روزانہ تین مرتبہ ماسوائے اس دن کے جب "تھوجا" دی گئی ہو۔

۶۔ سر کی اطراف میں گنج کے داغ، سر پہ آسانی سے پسینہ آجائے، بہت اہم دوا ہے۔ "گریفائیٹس"۔

۷۔ عام کمزوری کی وجہ سے بالوں کا گرنا۔ "فاسفورک ایسڈ"۔

۸۔ بالوں کا گرنا، کھوپڑی پہ بہت زیادہ خارش کے ساتھ۔ "ونکا مائینر"۔

۹۔ بالوں کا گرنا بچے کی پیدائش کے بعد یا شدید بیماری کے بعد۔ "کاربوویج"۔

ب۔ بالوں کا ابتدائی عمر میں سیاہی مائل سفید ہونا اور گرنا۔ "فاسفورک ایسڈ"، ہائیڈراسٹس، اسپیرگیس"۔

۱۰۔ بالوں کا گرنا مزمن سر درد کے بعد۔ "سیپیا"۔

۱۱۔ بالوں کی خلاف معمول پیدائش۔ "ادلیم جیکوریس"۔

بالوں کا گرنا بیماری کے بعد اور حمل کے دوران

HAIR FALLING AFTER DISEASE AND IN PREGNANCY

سن یاس پہ یا مزمن سر درد کے بعد بالوں کا بہت زیادہ گرنا۔ "سیپیا اور نیٹرم میور" مفید ہیں۔

بالوں کی جڑوں میں چھالے

HAIR ERUPTIONS ON THE ROOT

چہرے پہ خارش کرنے والے چھالے خصوصاً پیشانی میں بالوں والے حصے کے کنارے پہ جو بالوں کی جڑوں کو متاثر کریں

"نیٹرم میور"

بالوں کا گرنا HAIR FALLING

۱۔ بال گرتے ہوں ۔ تھوجا

۲۔ سر کے، آبروؤں کے اور پلکوں کے اور اعضائے تولید کے بال گریں ۔ "ایسڈ فاس"۔

۳۔ کمیٔ خون میں مبتلا لوگوں کے بال گریں۔ اندرونی طور پر "فیرم فاس" ۶x میں دیں اور بیرونی طور پہ "گریفیم رو بر بیٹیانم" مدر ٹنکچر لگائیں۔

۴۔ سر پہ بہت زیادہ پسینہ بال گرنے کا سبب بنے۔ گنجا پن حاد اور کمزور کر دینے والی بیماریوں کے بعد ہو۔ "تھالیم"۔

بالوں کے تیزی کے ساتھ سیاہ رنگ میں پیدا ہونے کے لئے

HAIR FOR GROWING RAPIDLY WITH DARK COLOUR

بال بہت جلد پیدا ہوں گے اور سیاہ ہوں گے ۔ اس کے لئے مفید ہے "ولیس بیڈن" (جبورانڈی)

بال سفید ہو رہے ہوں

HAIR GRAY

ڈاکٹر بلیک وُڈ کا کہنا ہے کہ "جبورانڈی" اگر متواتر کافی عرصہ تک استعمال کی جائے تو یہ سیاہی مائل سفید بالوں کو اصلی رنگت میں لے آئے گی ۔ یہ دوا گنجے پن پر بھی مفید اثر رکھتی ہے ۔ "جبورانڈی" مدر ٹنکچر تیس ملی لیٹر اور ناریل کا تیل ایک سو ملی لیٹر ملا کر خارجی طور پہ استعمال کرنا چاہیئے ۔ جبکہ ڈاکٹر ڈاکس کا کہنا ہے کہ سفید بال تیزی سے سیاہ ہو جاتے ہیں ۔ ایسی حالتوں میں جبکہ بال گر رہے ہوں بھی مفید ہے ۔ "ولیس بیڈن"۔

بال مونچھوں کے گریں

HAIR LOSS OF MOUSTACHE

بالوں کے ضیاع کے لئے بہت مفید ہے ۔
"بیسی لینم" ۲۰۰ طاقت میں ۔

ٹھوڑی پر بغیر بالوں کے نشانات
HAIRLESS PATCHES ON CHIN

ٹھوڑی پر گول قسم کے بغیر بالوں کے نشانات دونوں اطراف میں پائے جاتے ہیں۔ "تھوجا" ۳۰ تین مرتبہ روزانہ لینی چاہیئے۔

سر درد آدھے سر کا ڈنگ لگنے کے سے درد اور متلی کے ساتھ
HALF SIDED HEADACHE WITH STINGING PAIN AND NAUSEA

سیپیا کے مزاج کی عورتوں کے آدھے سر کا درد جو رحم کی تکالیف میں مبتلا ہوں۔ درد اتنا ہولناک ہوتا ہے کہ بجائے مریض کے سر کو ہلا رکھ دیتا ہے ڈنگ لگنے کا سا درد اندر سے باہر کی جانب اور اوپر کی جانب ہوتا ہے۔ درد عموماً بائیں جانب یا پیشانی میں ہوتا ہے۔ جس کے ساتھ متلی، قے ہوتی ہے۔ کمرے کے اندر اور درد والی جانب لیٹنے سے، ماہواری کے دوران اس میں اضافہ ہوتا ہے۔ "سیپیا"۔

وہم، بھوتوں اور خوفناک جانوروں کو دیکھتا ہے HALLUCINATIONS
SEEING GHOSTS AND DREADFUL ANIMALS

ڈراؤنے اور دیو پیکر چہرے دیکھے، مریض بھوتوں اور خوفناک جانوروں کی تصوراتی شکلیں دیکھتا ہے۔ بچہ نیند سے چیخ کر اٹھتا ہے اور اپنے دانتوں کو رگڑتا ہے۔ "بیلاڈونا"۔

موازنہ کریں "سٹرامونیم" سے۔

ہاتھوں کی پشت پر موہکے
HANDS WORTS ON BACK

۱۔ آرسینکم البم، نیٹرم کارب، نائیٹرک ایسڈ۔
۲۔ بائیں ہاتھ پر۔ "فیرم میٹ"۔

۳۔ دائیں ہاتھ پر۔ "آرسینکم البم"۔

۴۔ ہاتھ کی اندرونی جانب۔ "روٹا"۔

ہاتھوں کے زخم
HANDS SORE

ہاتھوں میں شدید دکھن، پھٹے ہوئے اور خون نکلے اور عموماً گاڑھا زرد رنگ کا اخراج ہوتا ہو۔ "گریفائیٹس" ۶ طاقت۔

بخار کاہی، گھاس وغیرہ کے گلنے سڑنے سے ہونے والا، نزلہ بخار جو آنکھوں اور ناک اور چھاتی کو متاثر کرتا ہے
(HAYFEVER)

ڈاکٹر ایلن ارنڈو مایو ریٹانیکا ۳ طاقت کی سفارش کرتے ہیں۔ جبکہ ڈاکٹر مارش کر ومک سلفیور یکم ۳ ٹریچوریشن تجویز کرتے ہیں۔ یہ دونوں اس بخار کے لئے مخصوص ادویہ ہیں۔ جبکہ ڈاکٹر مونس نے سکینیکم ایسیڈم ۳x ٹریچوریشن کو ہمیشہ اس قسم کے بخار میں بہت مفید پایا ہے۔ مریض کی ناک متواتر بہتی رہتی ہے (نزلہ) اور تشنجی چھینکیں آتی ہیں۔ جن کے ساتھ آنکھوں سے پانی کا اخراج ہوتا ہے اور سر میں پریشان کن احساس ہوتا ہے۔ "سباڈیلا"۔

سر میں ابتری، اینٹھن کی سی حرکت
HEAD CONFUSED CONVULSIVE MOVEMENT

سر کی ابتری (انتہا منتہا) سر کا اونگھنا، "آرم سلفیوریٹم" سر میں سُن ہونے کا احساس (اوسٹیلا) سر میں خالی پن کا احساس "کالی برومیٹم" سر کی تشنجی حرکات "لائیکو، نکس موسکاٹا" دوران خون سر کی طرف "پائیونیا، سلفر"۔

سر کا متواتر اونگھنا
HEAD CONSTANT NODDING

سر کا متواتر اونگھنا، فالج کا رجحان پایا جاتا ہو تو۔ "آرم سلف"۔

سر بچوں کا بڑا
HEAD OF CHILDREN LARGE

بچوں کا سر بڑا ، گندی اور ناقابلِ ہضم چیزیں کھائیں ، لمفادی غدود بڑھے ہوئے ، پیٹ بڑھا ہوا ہو تو "کلکیریا کارب"۔

سر کا درد کمیٔ خون میں مبتلا لڑکیوں کا
HEADACHE OF ANAEMIC GIRLS

سکول کے اوقات کے بعد سکول جانے والی کمیٔ خون میں مبتلا لڑکیوں کے سر کا درد "کلکیریا فاس"۔ موازنہ کریں "نیٹرم میور" سے۔

ڈاکٹر نیش کے مطابق مزمن سر کے دردوں کے لئے "نیٹرم میور" بہت ہی مفید دوا ہے جبکہ یہ درد دوروں کی شکل میں شدید دھڑکن کے ساتھ ہوں۔

سر کا درد پھٹا دینے والا
HEADACHE BURSTING

جیسے کہ سر کی کھوپڑی پھٹ جائے گی ۔ چہرہ سُرخ ۔ "چائنا"۔

سر کا درد پھٹا دینے والا ، حرکت سے اور کھانسنے سے اضافہ
HEADACHE BURSTING FROM MOTION AND COUGHING

سر میں پھٹ جانے کا احساس کے ساتھ چبھن دار درد جس میں حرکت سے آگے کی جانب جھکنے سے ، کھانسنے سے اضافہ ہو ، چپ چاپ لیٹنے سے آفاقہ مریض کھانستے وقت سر اور چھاتی کو ہاتھوں سے تھامتا ہے ۔ آنکھوں کو حرکت دینے اور اِدھر اُدھر گھومنے سے اضافہ ۔ "برائی اونیا"۔

سر درد ، دماغ کی تہہ میں ہو
HEADACHE AT THE BASE OF BRAIN

دماغ کی تہہ میں شدید درد آنکھوں کے پپوٹوں میں بوجھ ، سر کو دبا کر باندھنے سے اور اونچا

رکھ کر لیٹنے سے آفاقہ ، سر درد میں ذہنی کام کرنے سے ، سر کو نیچا کر کے لیٹنے سے
کمرے کی گرمی سے یا سورج کی گرمی سے اضافہ ہوتا ہے۔ اس کو سخت دباؤ سے اور
پیشاب کے زیادہ اخراج سے آفاقہ ہوتا ہے۔ مریض سر کے نیچے اونچا تکیہ رکھ کر
لیٹنا چاہتا ہے اور بالکل سیدھا لیٹنا چاہتا ہے۔ "جلسی میم"۔

سر درد ، دائیں کنپٹی میں سوراخ کرنے کا سا درد
HEADACHE BORING PAIN IN RIGHT TEMPLE

دائیں کنپٹی میں
سوراخ کرنے کا
سا درد ، کھوپڑی
حساس اور اس میں دکھن ہو۔ "ہیپر سلف"۔

سر درد سن یاس پر
HEADACHE AT CLIMACTRIC

متلی ، غنودگی ، چکر آنا ، آنکھوں
کے سامنے دھبے دکھائی دیں اور کمزوری
ہو۔ دل کی دھڑکن تیز ، چہرہ زرد ، نیند
کے بعد درد میں اضافہ ہو۔ "لیکیس"۔

سر درد مزمن
HEADACHE CHRONIC

کھوپڑی اور دماغ کے درمیان مزمن درد سر
پشت سر کے کھلنے اور بند ہونے کا احساس ،
درد کے ساتھ ایسا احساس کہ سر پھٹ جائے گا
مفید دوا ہے۔ "کاکولس"۔

سر درد کاٹنے کا سا
HEADACHE CUTTING

دبانے والا سر درد جو دونوں کنپٹیوں سے
شروع ہو ، سر میں آگے پیچھے کو کھینچنے اور پھاڑنے
کا احساس ، سر میں گولی لگنے کا سا ، کچلنے کا سا
اور کاٹنے کا سا درد ، حرکت سے اضافہ ، بالکل سیدھا لیٹ جانے سے آفاقہ ،
سر میں ناک صاف کرنے سے درد ہو۔ بائیں طرف پیشانی اور پپوٹوں میں
دبانے والا درد۔ مفید دوا ہے۔
"امبرا گریسیا"۔

سر درد حیض سے قبل قبض کے ساتھ
HEADACHE BEFORE MENSES WITH CONSTIPATION

سر کی چوٹی میں درد جیسے چھوٹے چھوٹے ہتھوڑے لگ رہے ہوں، سر درد ماہواری سے قبل شروع ہوتا ہے۔ مزمن قبض، ہفتہ بھر پاخانہ کی حاجت نہ ہو اور پھر بمشکل درد کے ساتھ پاخانہ آئے۔ "سیپیا"۔

سر درد ذہنی مشقت سے
HEADACHE FROM MENTAL EXERTION

۱۔ ذہنی مشقت سے سر میں درد جس کے ساتھ متلی ہو، سر گرم اور بھاری محسوس ہو۔ مفید دوا ہے۔ "کلکیریا کارب"۔

۲۔ سر درد ذہنی بوجھ کی وجہ سے ہو، نیند نہ آئے، پریشانی، سر کی چوٹی میں درد ہو، پشتِ سر اور آنکھوں کے ڈھیلے درد کریں۔ "اکٹیا ریسی موسا"

سر درد جسمانی مشقت کے بعد
HEADACHE AFTER EXERTION PHYSICAL

صبح تقریباً دس بجے درد کا شدید دورہ، سر درد خصوصاً جسمانی مشقت کے بعد ہو، درد جیسے ہزاروں ہتھوڑیاں دماغ میں بج رہی ہوں، خصوصاً صبح کو جاگنے پر، ماہواری کے بعد، سورج طلوع ہونے سے غروب ہونے تک چہرہ زرد، متلی اور نوبتی قے کے لئے مفید دوا ہے۔ "نیٹرم میور"۔

سر درد دھوپ لگنے کی وجہ سے
HEADACHE DUE TO EXPOSURE TO SUN

۱۔ سورج کا سر درد، سورج کی گرمی لگنے کی وجہ سے ہو۔ مریض کو جب بھی تھوڑی دیر کے لئے سورج کی گرمی لگے۔ اس کے سر میں درد شروع ہو جائے مفید دوا ہے۔ "لیکیسس"۔

۲۔ روشنی اور آواز ناقابل برداشت ہو۔ "فلنڈریم"۔

سر درد سکول جانے والی لڑکیوں کا آنکھوں پر بوجھ پڑنے کی وجہ سے
HEADACHE OF SCHOOL GIRLS DUE TO EYE STRAIN

زیادہ دیر تک متواتر پڑھنے سے، باریک سوئیوں سے سلائی کرنے یا ٹانکے لگانے سے آنکھوں پر زیادہ بوجھ پڑنے کی وجہ سے درد ہو۔ کمی خون والی لڑکیاں۔ "کلکیریا فاس یا نیٹرم میور"۔

سر درد آنکھوں تک پھیلے
HEADACHE EXTENDING TO EYES

۱۔ پشتِ گردن میں شروع ہو اور اوپر سر کی جانب بڑھتا ہوا آنکھوں تک جائے، سر کو ڈھانپنے سے بائیں جانب لیٹنے سے یا سر کو گرم پانی سے دھونے سے آفاقہ ہو۔ "سلیشیا"۔

۲۔ بائیں آنکھ کے اوپر جس کے ساتھ تیزابیت پائی جائے۔ "کاربو ویج"۔

۳۔ سر درد دائیں آنکھ کے اوپر۔ "کالی بائیکروم"۔

سر درد پیشانی کا
HEADACHE FRONTAL

پیشانی کا درد سر جس میں آگے کی جانب جھکنے سے، پیٹھ کے بل لیٹنے سے اور آنکھوں کے پپوٹوں کو حرکت دینے سے اضافہ ہو۔ "کالوسنتھ"

سر درد معدے کی خرابی سے ہو
HEADACHE GASTRIC

سر درد جو پشتِ سر میں ہو یا آنکھوں کے اوپر، دماغی محنت سے، آواز سے یا کھلی ٹھنڈی ہوا میں درد میں اضافہ ہو، سر درد صبح کو سیر کرنے پر زیادہ ہو۔ کھانے کے بعد اور محرک اشیاء کے بے جا استعمال سے بھی اس میں اضافہ ہو، ایسا سر درد معدے، جگر، پیٹ کی اور بواسیر کی تکالیف کی وجہ سے ہوتا ہے۔ "نکس وامیکا"

سر درد نصف حصے میں
HEADACHE HALFSIDED

آدھے سر کا درد خصوصاً "سیپیا"

کے مزاج والی عورتوں کا جو رحم کی تکالیف میں بتلا ہوں۔ درد شدت کے ساتھ آتا ہے جو کہ سر کو ہلا دیتا ہے۔ ڈنگ لگنے کے سے درد اندر سے باہر اور اوپر کی جانب جائیں۔ عموماً بائیں طرف یا پیشانی میں جس کے ساتھ متلی اور قے ہو، درد میں کمرے کے اندر اور درد والی جانب لیٹنے سے اضافہ ہوتا ہے۔ ماہواری کے دوران اضافہ۔ "سیپیا"

سر درد کو سخت دباؤ سے آفاقہ ہو
HEADACHE HARD PRESSURE RELIEVES

سر میں پھٹ جانے کا سا درد، سخت دباؤ سے آفاقہ ہو، سر میں دراڑیں پڑنے کا احساس۔ "نکس موسکاٹا"

سر درد یکطرفہ، جو سر کی کسی ایک طرف ہو
HEADACHE MIGRAINE

۱۔ اعصابی دردِ سر جو کسی ہیجان یا زیادہ مشقت سے ہو۔ مفید دوا ہے۔ "سکوٹیلیریا"

۲۔ سر کی ایک طرف کا درد جو تیزابیت اور جگر کے نعل کی سُستی کی وجہ سے ہو۔ "چیونینتھس"

۳۔ نوبتی قسم کا اعصابی سر درد، مریض کڑوی صفراوی مادہ کی قے کرے جس سے اس کو آفاقہ ہو، آنکھوں کا یکطرفہ درد جس کے ساتھ قبض ہو تو "آئرس ورسی کولر" اگر یہ ناکام ہو جائے تو "سائی کلیمن"۔

۴۔ سر کی ایک طرف ہونے والے درد کے لئے بہت مفید ہے اس کو مدر ٹنکچر میں پندرہ سے بیس قطرے کی خوراکوں میں ہر دو گھنٹے بعد اور شدید حالتوں میں ہر آدھے گھنٹے بعد دینا چاہیئے۔ مریض دو خوراکوں کے بعد سو جائے گا۔ "ڈامیانا"۔

۵۔ دہلانے والے درد، روشنی ناقابل برداشت، حملے کے دوران آدھے گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔ "برائی اونیا"

سر درد مختلف اقسام کا اور اس سے سکون

HEADACHE OF DIFFERENT TYPES AND RELIEF FROM IT

۱۔ "پیپی فلوبلا" مدر ٹنکچر پندرہ قطرے۔

۲۔ "گلونائن" ۳۰ طاقت پانچ قطرے۔ یہ ادویہ یکے بعد دیگرے پندرہ یا تیس منٹ کے وقفہ سے دیں۔ یہ ایلوپیتھک سر دردوں یا اناسین کی مانند کام کریں گی اور درد کو بہت جلد دور کر دیں گی۔ ڈاکٹر بینرجی بھی بہت جلد آرام کے لئے گلونائن کی سفارش کرتے ہیں۔

سر کا درد گدی میں، سر پیچھے کو کھچ جائے
HEADACHE OF NAP HEAD DRAWN BACK

درد جس کو ٹھنڈے پانی سے دھونے سے آفاقہ ہو۔ پشت گردن کے عضلات کے سکڑنے سے سر پیچھے کو کھچ جائے۔ "اکٹیا ریسی موسا۔"

سر درد متلی کے ساتھ
HEADACHE WITH NAUSEA

سر درد کے ساتھ متلی اور سر کی ہڈیوں میں رگڑ لگنے کا احساس جو نیچے زبان کی جڑ تک جائے۔ سر درد کے ساتھ متلی ضرور پائی جائے۔ "اپی کاک۔"

سر درد اعصابی
HEADACHE NERVOUS

اعصابی سر درد جس کے ساتھ متلی، قے، اسہال، چہرے کی زردی اور پیشانی پر ٹھنڈا پسینہ ہو۔ "وریٹرم البم۔"

سر درد نوبتی جو سورج کے ساتھ بڑھے
HEADACHE PERIODICAL INCREASING WITH SUN

نوبتی سر درد جو صبح کو شروع ہو اور دن کے سورج کے ساتھ ساتھ شام تک بڑھے۔ سر میں ایسا محسوس ہو کہ سر پھٹ جائے گا یا جیسا کہ

آنکھیں باہر کو نکل پڑیں گی۔ سونے سے درد میں آفاقہ ہو۔ درد پشت سر میں شروع ہو اور اوپر کی جانب پھیلے اور آنکھوں کے اوپر خصوصاً دائیں آنکھ پر ٹھہرے سر درد دس یا سات پر ہر ساتویں روز لوٹ آئے۔ "سینگونیریا"۔

سر درد نوبتی HEADACHE PERIODICAL

نوبتی۔ "پلساٹیلا"۔ موازنہ کریں "نکولم سلفوریکم" سے

سر درد، درد دائیں سے بائیں کو جائیں HEADACHE PAINS FROM RIGHT TO LEFT

شدید درد، ایسا محسوس ہو کہ دماغ باہر کو نکل پڑے گا درد سر کی پشت میں محسوس ہو، پیشانی کا شدید سر درد جو دائیں سے بائیں کو جائے۔ بائیں طرف کی کھوپڑی کی ہڈی میں گولی لگنے کا سا درد جو بعد میں دائیں طرف ہو۔ "ایسکولس ہپ"۔

سر درد شدید پیشانی کا بائیں سے دائیں کو HEADACHE SEVERE FRONTAL LEFT TO RIGHT

شدید سر درد، جو پیشانی میں ہو۔ شدت درد سے آنکھیں روشنی نہ برداشت کر سکیں۔ تکلیف بائیں سے دائیں کو جائے۔ "ایلیم سیپا" موازنہ کریں "لیکیسس" سے۔

سر درد سکول جانے والی لڑکیوں کا جو بہت تیزی سے بڑھ رہی ہوں اور سر درد آنکھوں پر بوجھ کی وجہ سے HEADACHE OF SCHOOL GIRLS GROWING TOO FAST AND STRAIN

سکول جانے والی لڑکیوں کا جو بہت تیزی سے بڑھ رہی ہوں، اور بہت لمبے قد کی ہوں۔ آنکھوں کے زیادہ استعمال کی وجہ سے آنکھوں پر بوجھ جس سے سر درد ہو۔

"فاسفورک ایسڈ"۔

سر درد چیچک کے دوران
HEADACHE DURING SMALL POX

ڈاکٹر جہار "بیلاڈونا، برائی اونیا اور رسٹاکس" کی سفارش کرتے ہیں۔

سر درد سفلسی یا ہسٹریا کا
HEADACHE SYPHILITIC OR HYSTERICAL

سر کی ہڈیوں میں مزمن سفلسی درد بعض اوقات سر میں بہت زیادہ تکلیف دہ درد ہوتے ہیں۔ یہ درد عموماً اعصابی سر درد کہلاتے ہیں جو کہ یا تو سفلسی ہوتے ہیں یا ہسٹریائی یا پھر خنازیری۔ ان میں رات کے وقت اضافہ ہوتا ہے اور اندر سے باہر کی جانب بڑھتے ہیں۔ "ایسا فوٹیڈا"۔

سر درد پیشاب نہ کرنے کی وجہ سے
HEADACHE DUE TO NOT URINATING

پیشاب کی حاجت کو روکنے کی وجہ سے سر درد ہو۔ "اگاری کس"۔

سر درد گھومنے پھرنے والا
HEADACHE WANDERING

گھومنے پھرنے والا، ٹانکے لگنے کا سا درد، سر کے گرد ہو جو پھرے اور دانتوں تک بڑھے۔ سر کے اگلے حصے اور پیشانی میں درد، اعصابی درد جو دائیں کنپٹی کے حصے میں ہو۔ سر درد کو ٹھنڈی ہوا سے اور ٹھنڈے پانی سے آفاقہ ہو۔ مریض گرم کمرے اور بند کمرے میں تکلیف میں اضافہ محسوس کرتا ہے اور ٹھنڈی چیزیں لگانے سے اس کو سکون ہوتا ہے سر کو کس کر باندھنے سے بھی سر درد میں آفاقہ ہوتا ہے۔ "پلساٹیلا"۔

سر کی جوئیں
HEAD LICES

خارجی طور پہ بالوں کو سباڈیلا لوشن سے دھوئیں اور اندرونی طور پہ "نیٹرم میور" استعمال کریں۔

آواز کم سنائی دے
HEARING DULNESS

۱۔ کانوں کی کسی عضوی خرابی کے بغیر آواز صاف سنائی نہ دے۔ گانا سننے سے بہت سی جسمانی تکالیف میں اضافہ ہو جائے۔ "امبرا گریسیا"۔

۲۔ شنوائی میں پیدا ہونے والی خرابیاں، مُکہ لگنے سے، شدید شور سے ہوں۔ ناک اور کانوں سے خون نکلے۔ "آرنیکا"۔

۳۔ جب سننے کی طاقت میں کمی کے ساتھ گلے کے غدودوں کا بڑھ جانا یا ان کا متورم ہو جانا پایا جائے۔ کانوں میں ذہنی ابتری کی وجہ سے شور کا احساس ہو۔ "برائٹا کارب"۔

موازنہ کریں "نائیٹرک ایسڈ" سے

۴۔ اونچی آواز صحیح سنائی دے۔ آہستہ (دھیمی) آواز کے لئے بہرہ پن ہو (نہ سنائی دے) جبکہ اونچی آواز زیادہ فاصلے سے بھی صحیح سن سکے۔ انسانی آواز سننے میں نسبتاً بہرہ پن پایا جائے لیکن گاڑیوں کے گزرنے کی آواز سے ذکی الحس ہو نیز دھیمی آواز ناخوشگواریت کا احساس پیدا کرے۔ گلے کے غدود بڑھے ہوئے۔ کانوں میں گھنٹیاں بجیں۔ سننے کی وجہ سے چکر آئیں۔ "چینوپوڈیم"۔ (ڈاکٹر بورک)

دل
HEART

۱۔ ہاضمہ کی خرابی کی وجہ سے دل کی دھڑکن تیز ہو "نکس وامیکا، پلساٹیلا، کاربوویج"۔

۲۔ دل کی تیز دھڑکن اعصابی۔ "موسکس، اگنیشیا"۔

۳۔ دل کی دھڑکن تیز چھاتی کے گرد کھچاؤ۔ "کیکٹس"۔

۴۔ دل کی دھڑکن تیز جس کے ساتھ دل کا درد پایا جائے۔ "سپائی جیلیا"۔

۵۔ دل کی دھڑکن تیز جس کے ساتھ سر میں ٹپکن دار درد ہو اور شور سے ذکی الحسی پائی جائے۔ "بیلاڈونا"۔

۶۔ بہت زیادہ بے چینی، جسم میں جلن، بازو اور ٹانگیں ٹھنڈی۔ "آرسینکم البم"۔

۷۔ دل کی فیٹی ڈی جنریشن کے لئے ڈاکٹر برنٹ "ڈینیڈیم اور ہلیس پیرینس" کی سفارش کرتے ہیں۔

۸۔ دل میں درد جس کے بعد دھڑکن تیز ہو جائے، فمِ معدہ میں ڈوبنے کا احساس۔ "اکٹیا ریسی"۔

۹۔ ہلکی سی حرکت پر دھڑکن تیز، سانس کا بند ہو جانا، زردی اور اُٹھ کر بیٹھنے سے غشی۔ "ڈیجی ٹیلس" تین یا پانچ گرین ہر چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۱۰۔ دل کا درد اور دوران خون کے دباؤ میں اضافہ (ہائی بلڈ پریشر) ہاتھ پاؤں کا سُن ہو جانا اور ٹھنڈا ہونا۔ "سکیل کار"

۱۱۔ چھاتی میں دباؤ کی وجہ سے سانس لینے میں دقت، ہلکی سی ورزش کرنے پر دھڑکن میں تیزی، دل میں تیز درد۔ "میڈورہنیم"۔

۱۲۔ دل کا بڑھ جانا جس کے ساتھ میٹرل والوز میں سکڑن پائی جائے۔ سانس لینے کے لئے ہانپنے، قوت حیات کی کمی، چلنے پر سانس رُک جائے "لاروسیراسس"۔

۱۳۔ تمباکو یا سگریٹ پینے کی وجہ سے دل کی دھڑکن تیز ہو جائے۔ ہلکی سی مشقت دل کی تیز دھڑکن کا سبب بنے۔ یہ دوا دل کی قوت کو بڑھاتی ہے۔ اس کے افعال میں باقاعدگی پیدا کرتی ہے۔ "کونوالیریا میجالس" مدر ٹنکچر پانچ سے پندرہ قطرے چھوٹے گلاس پانی میں ملا کر۔

۱۴۔ دل کی دھڑکن تیز جس کے ساتھ چکر آئیں اور گلے میں بھرے ہونے کا احساس ہو۔ صبح دو بجے کے قریب تیز دھڑکن کے ساتھ جاگے۔ دل میں چبھن دار درد۔ دل کی تنگئ تنفس، دل کے بڑھ جانے کے ساتھ ڈراپسی۔ انفلوئنزا کے بعد دل کی کمزوری۔

"ایبرس" IBERIS 1X دو یا تین قطرے مدر ٹنکچر، صبح دوپہر اور شام۔

دل کا درد | HEART ANGINA PECTORIS | تیز دھڑکن ، درد ، تنگیٔ تنفس ، دل کا درد

(انجائنا پکٹورس) "آرسینکم البم"۔

دل کا رکنا | HEART BLOCK | بہت زیادہ کمزوری ، طاقت کا کم ہوتے جانا غشی جلد کا ٹھنڈا ہونا اور تنفس بے قاعدہ ، دل پھیلا ہوا ، تھکا ہوا بے قاعدہ اور کمزور نبض ۔ "ڈیجی ٹیلس"۔

۲۔ دل فیل ہونے کے لئے ۔ ایسا احساس کہ دل کی حرکت بند ہو گئی ہے پھر اچانک چلنا شروع ہو جائے ۔ "کونوالیریا میجالس"۔ مدر ٹنکچر کے ۱۵ قطرے دینے چاہئیں ۔

دل کی جلن | HEART BURN | زبان پہ گاڑھی تہ جمی ہوئی ، ذائقہ خراب ، انتڑیاں ڈھیلی ۔ "پلساٹیلا" نیز "کاربوویج ، نکس وامیکا اور سلفر"۔

دل کا ورم | HEART CARDITIS | دل کی جھلی پیری کارڈیم کا متورم ہونا ۔ "اکونائٹ ۳۰ پانی میں ملا کر دیں ۔ (ڈاکٹر جہار)

دل کی وریدوں اور شریانوں میں سکڑن | HEART CORONARY INSUFFICIENCY | ڈاکٹر ڈی ۔ایم فارسٹ اس بیماری میں مبتلا مریض کے لئے کولسٹرینم ۳۰ سے ۲۰۰ تجویز کرتے ہیں یہ اس وقت مفید ہے جبکہ دوسری ادویہ ناکام ہو جاتی ہیں ۔

دل میں چربی کا جمع ہو جانا | HEART DEGENERATION | دل ، جگر اور گردوں میں چربی کا اجتماع جس کے ساتھ کمیٔ خون کی حالت پائی جائے ۔ ذہنی مریض اکیلا رہنے سے

ڈرتا ہے۔ "فاسفورس"۔

دل پر ریاح کا دباؤ ہو
HEART FLATULENCE PRESSING

بہت زیادہ ریاح خصوصاً پیٹ
کے اوپر کے حصے میں جو اوپر کی جانب
چھاتی پر دباؤ ڈالتی ہے جس کی وجہ
سے دل کی تکلیف ہوتی ہے۔ "کاربوویج"۔

دل کا فیل ہو جانا متعدی امراض کے بعد
HEART FAILURE AFTER INFECTIOUS DISEASES

شدید متعدی مرض
کے خاتمے پر بہت
زیادہ کمزوری اور تھکاوٹ

ایسی حالتوں میں ایسا کہا جاتا ہے کہ مریض بڑی عمدگی سے صحت یاب ہو رہا تھا کہ
اچانک دل فیل ہونے سے فوت ہو گیا۔ مثلاً خناق کے بعد صحت کی بحالی ایسی
بہت سی حالتوں میں ایسی زندگیوں کو صرف اس دوا سے بچایا جا سکتا ہے
"امونیم کارب"۔

دل کو شور کی وجہ سے صدمہ ہو
HEART NOISE DISTURBS

اچانک شور سے دل پر صدمہ
محسوس ہو۔ بائیں طرف لیٹنے سے یا
کمر کے بل لیٹنے سے اضافہ ہو تو
"اگاری کس" مفید ہے۔

دل کی تیز دھڑکن اور درد
HEART PALPITATION AND PAIN

بہت تیز دھڑکن، دھڑکن کے
متواتر دورے خصوصاً جبکہ منہ ہی
سے گندی بو آئے، نبض کمزور اور
بے قاعدہ ہو۔ پیری کارڈیم کا درد جس کے ساتھ تنفس بند ہو جائے اور حرکت
سے اس میں اضافہ ہو۔

یہ دوا پیری کارڈیم کے ورم اور درد نیز دل کی دوسری تکالیف کے لئے
بہت اہم ہے۔ "سپائی جیلیا"۔

دل کی دھڑکن چلنے سے بڑھ جائے
HEART PALPITATION INCREASED BY WALKING

دل کی دھڑکن اور دل میں بھرے احساسات چلنے سے بڑھ جائیں دل کی مزمن کمزوری۔ "ناجا ٹرائیپوڈین"۔

دل کی دھڑکن سُنی جا سکے
HEART PULSATION AUDIBLE

دل کی دھڑکن کانوں میں سنائی دے۔ مفید دوا ہے۔ "ایسکولس"۔

دل کا فیل ہونا
HEART CARDIAL FAILURE

ڈاکٹر ایم۔ جی بلیک جلد سکون کے لئے "اومونیم کاسٹیکم" کا مشورہ دیتے ہیں۔

دل کی تکلیف، سانس لینے کی آواز سُنی جا سکے
HEART AUDIBLE RESPIRATION

دل کی دھڑکن تیز جس کے ساتھ پریشانی اور بہت تیز سنائی دینے والی تنفس کی رفتار، بہت زیادہ پسینہ آئے۔ نبض بے قاعدہ اور نرم، دل کی رُک رُک کر چلنے والی حرکات۔ "وریٹرم البم"۔ دل کو تحریک دینے والی بہت عمدہ ہومیو پیتھک دوا ہے اور برانڈی وغیرہ جیسی محرکات سے زیادہ مفید اثر کرتی ہے۔ "وریٹرم البم"۔ موازنہ کریں "آرسینکم البم" اور "کاربوویج" سے۔

دل کے مریض کا غش کھانا
HEART PATIENT FAINTING

جب مریض بغیر کسی واضح سبب کے غشی میں مبتلا ہو جائے تو یہ دوا دیں جو کہ ڈاکٹر بورک کے مطابق دل کے مریضوں کے لئے جو غش کھا جائیں بہت مفید ہے۔

"لینیریا ونگ"۔ (LINARIA VUL)

دل کی کمزوری یرقان کی وجہ سے
HEART WEAKNESS DUE TO JAUNDICE

سست اور کمزور دل بہت زیادہ یرقان ، مٹی کی مانند سفید پاخانہ ۔ "ڈیجی ٹیلس"۔

دل کی کمزوری گنٹھیا کی وجہ سے
HEART WEAKNESS DUE TO RHEUMATISM

دل کی کمزوری یا دل کی بلغمی جھلی کا ورم یا اس کے والوز کا ورم ، یا دل کا بڑھ جانا دل کی حالت جو گنٹھیا وی تکلیف کے نتیجہ میں ہو جس کو کسی دبا دینے والے ادویا سے ہٹایا گیا ہو ۔ "آرم میٹ"۔

دل کی تکلیف گھٹن کے ساتھ
HEART WITH SUFFOCATION

حاد یا مزمن تکلیف جس کے ساتھ مخصوص علامت ، گھٹن ، کھانسی اور سکڑنے سے اضافہ پایا جائے مفید دوا ہے "لیکیس"۔

دِل کمزور
HEART WEAK

امونیم کارب ، کمزور دل اور کمزور ہوتے جانے والے مریضوں کے لئے مفید دوا ہے ۔ اونچی طاقت کی واحد خوراک عموماً دھڑکن کی تیزی پر قابو پا لیتی ہے "امونیم کارب"۔ موازنہ کریں "کریٹیگس" مدر ٹنکچر ۔ کریٹیگس مدر ٹنکچر پانچ قطرے پانی میں ملا کر تین مرتبہ روزانہ دینے سے بعض اوقات بہت مفید نتائج حاصل ہوتے ہیں

دل کا کانپنا اور غشی
HEART TRIMBLING AND FAINTING

دل کے گرد کپکپی ، دل کی دھڑکن تیز ، نبض کمزور اور مریض کو غشی آئے ۔ ڈاکٹر پی ۔ بینرجی کے مطابق "ماسکس"۔ مدر ٹنکچر کے پانچ قطرے فی خوراک یا "کاربو ویج" ۲۰۰ ، ایلوپیتھی کی کورامین کی مانند اثر کرتی ہے ۔

دل کی تکلیف میں لیٹنے سے اضافہ ہو
HEART WORSE LYING DOWN

دل کی پھڑپھڑاہٹ جس کے ساتھ کمزوری اور غشی کا احساس ہو، لیٹنے سے اضافہ، بے قاعدہ اور وقفہ سے دل اور نبض کی ضربات، بائیں طرف لیٹنے سے اضافہ۔ دل کی شدید ضربات جو جسم کو ہلا دیں۔ "نیٹرم میور۔"

تپ دق
HECTIC FEVER

۱۔ دق کا بخار، بخار پسینہ کے ساتھ، سردی لگنا، حرارت، سر پر پسینہ، خصوصاً بچوں میں جس سے تکیہ گیلا ہو جائے۔ "کلکیریا کارب۔"

۲۔ دق کے آخری درجہ میں جس کے ساتھ زبان گیلی ہو اور اس پر تہ جمی ہوئی ہو۔ "پیٹیشیا۔"

۳۔ دق کے آخری درجہ میں جبکہ زبان خشک ہو۔ "آرسینکم البم۔"

ایڑیاں
HEELS

ڈاکٹر کلارک کے مطابق

۱۔ اگر ایڑیوں میں اور ٹخنوں میں چیرنے کے سے، موچ آنے کے سے درد ہوں تو "سلیشیا۔"

۲۔ پاؤں میں اینٹھن، پاؤں کے پنجوں میں اور پاؤں کے انگوٹھوں میں چیرنے کا سا درد ہو۔ "کالچی کم۔"

۳۔ ٹانگوں اور پاؤں میں گنٹھیا وی درد، کھڑے ہونے پر ایسا درد ہو جیسے زخم ہوں۔ ڈاکٹر بورک کا کہنا ہے کہ تھوڑی دیر چلنے کے بعد ٹانگوں کا سن ہونا، تھکاوٹ اور لنگڑا پن پایا جاتا ہے۔ پاؤں کی ایڑیوں میں قدم رکھنے پر درد ہوتا ہے۔ "بربیرس دیگرس۔"

۴۔ ایڑیوں میں درد ہو جس کو پاؤں اٹھانے سے افاقہ ہو۔ ٹانگوں میں درد مریض اُٹھنے کی کوشش کرتا ہے پاؤں سوج جاتے ہیں۔ ٹخنوں اور پاؤں میں درد، پاؤں کی انگلیوں میں اعصابی درد۔ "فائیٹولاکا۔"

ایڑیاں پُر درد
HEELS PAINFUL

ایڑیوں میں درد جیسا کہ کیل چُبھ گئی ہو، ... اخراج سیاہ اور جما ہُوا، پاؤں کو ٹھنڈا رکھے ... بستر سے باہر رکھے، کھلی ہوا میں آفاقہ، گرم ... میں اضافہ ہو، قبض، بھوک کا نہ ہونا اور نیند کا نہ آنا۔ "پلساٹیلا"

۲۔ ایڑیوں پر رگڑ کی وجہ سے زخم۔ "ایلیم سیپا"

۳۔ جب پاؤں میں چھالے ہوں تو بھی یہ دوا استعمال کرنی چاہیئے مفید ہے۔ "ایلیم سیپا"

۴۔ ایڑیوں میں درد۔ "سائیکلمین" ۳۰۔

آدھے سر کا درد
HEMICRANIA

شدید درد جو سر کی ایک طرف کو متاثر کرے۔ اگر درد سر کی دائیں طرف ہو تو پھر "سینگونیریا" ۲۰۰ دو مرتبہ دیں اور اگر درد بائیں جانب ہو تو "سپائی جیلیا" ... دو مرتبہ دیں۔ اگر درد وقتِ مقررہ پر ہوتا ہو تو "سیڈرون" ۳۰ چار مرتبہ روزانہ دیں۔ موازنہ کریں "سیپیا" سے جس کو ڈاکٹر بہار ایسی تکلیف کے لئے بہت مفید بتلاتے ہیں۔ (ڈاکٹر پی۔ بینرجی)

آدھا دکھائی دینا
HEMIANOPLA

۱۔ کسی چیز کا اوپر کا آدھا حصّہ دکھائی نہ دے تو "آرم میٹ"۔

۲۔ بائیں طرف کا آدھا حصّہ غائب ہو جائے۔ "لائیکو..."

۳۔ دونوں طرف کا عمودی نصف حصّہ غائب ہو۔ "میوریاٹک ایسڈ"۔

جگر کا ورم
HEPATITIS

۱۔ جگر کا ورم، جگر کی تنزلی جس کے ساتھ کمی خون کی حالت پائی جائے۔ مفید دوا ہے۔ "فاسفورس"۔

۲۔ ڈاکٹر جہار علاج "اکونائٹ" سے شروع کرتے تھے اور بقایا علامات کے لئے "بیلاڈونا، برائی اونیا اور مرک سال" کا استعمال کرتے تھے۔

جگر کا ورم ، جگر بڑھا ہوا
HEPATITIS LIVER ENLARGED

جگر بڑھا ہوا جبکہ جگر کے حصے میں شدید درد ہوں ۔ جن کی وجہ سے سانس نہ لے سکے ۔ پیٹ گیس سے پھولا ہوا ، اور مریض دائیں طرف لیٹے ۔ " مرک سال " ۔

ہرنیا HERNIA

۱۔ دائیں طرف کا خصوصاً بچوں کا ۔ " لائیکوپوڈیم " ۔

۲۔ " کاکولس " کے متعلق کہا جاتا ہے کہ یہ ہرنیا سے محفوظ کر دیتی ہے جبکہ پیٹ میں کمزوری کا احساس یہ ظاہر کرے کہ ہرنیا ہونے والا ہے ۔ جبکہ علامات مکمل طور پہ اعصابی نوعیت کی ہوں ۔

ہرنیا شیر خوار بچوں کا
HERNIA INFANTS

۱۔ شیر خوار بچوں کی ناف کا ہرنیا ہو تو " نکس وامیکا " ۔

۲۔ " پلمبم " آنتوں کے الجھن والے ہرنیا کو درست کر دیتی ہے جبکہ " اکونائٹ ، بیلاڈونا یا نکس وامیکا " ناکام ہو چکی ہوں ۔

ہرنیا کا درد HERNIA PAIN

اگر " لائیکو " کا مدر ٹنکچر پانی کی تھوڑی مقدار میں ملا کر درد والی جگہ پہ اس کی مالش کی جائے تو یہ ہرنیا کے درد کو آرام پہنچاتی ہے ۔

ہرنیا جس سے اختناق کا اندیشہ ہو
HERNIA THREATENED STRANGULATION

۱۔ پرانے ہرنیا میں درد " نکس وامیکا " ۔

۲۔ اختناق کا خطرہ پیدا ہو " نکس وامیکا " ہر دس منٹ کے بعد ۔

۳۔ رکاوٹ پیدا ہو جائے اور گلنا سڑنا شروع ہو جائے ۔ " لیکیسس " ۔

موٹے بچوں میں ۔ " کلکیریا کارب " ۔

دبلے پتلے بچوں میں ۔ " سلیشیا " ۔

۴۔ بوڑھے لوگوں کے اختناق شدہ ہرنیا میں جس کے ساتھ شدید کھینچنے کے

درد ہوں۔ "پچوٹریم" ۳۰ طاقت میں۔

اگر یہ محسوس ہو کہ پیٹ کے عضلات کی کمزوری کی وجہ سے ہرنیا ہو رہا ہے تو

ہرنیا۔ پیٹ کے عضلات کی کمزوری

HERNIA WEAKNESS OF ABDOMINAL MUSCLES

دوا ہے۔ "کاکولس"

ہرپس زوسٹر (ایک جلدی مرض جس میں جسم کی بائیں جانب چھلکے پڑ جاتے ہیں اور ران پر سوزش آجاتی ہے

HERPES _ ZOSTER

۱۔ معمول کی دوا "رسٹاکس" ہے جو بہت سی ایسی حالتوں کو شفایاب کر دیتی ہے۔

۲۔ اس کی بڑی دوا ڈاکٹر بہار کے مطابق "آرسینکم البم" ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ دس دن کے استعمال کے بعد ابھار اور درد ختم ہو جائیں گے۔ چھلکے اتنے لمبے اور گہرے ہوتے ہیں کہ ان کو ہٹانے سے خون نکلتا ہے۔ تھوڑی سی مقدار میں پانی کی کم وقفے کے بعد پیاس ہوتی ہے۔

۳۔ ہرپس جن میں جلن ہوتی ہے۔ خارش اور ٹانکے لگنے کے سے درد، بہت زیادہ خارش جیسا کہ ابھار خشک ہو گئے ہوں۔ ابھاروں میں بہت بڑے چھالے بننے کا رجحان پایا جاتا ہو، خارشدار مواد کا اخراج جو ارد گرد کے حصوں کو متاثر کر دیتا ہے "رینن کولس بلبوسس" ۳۰ تین مرتبہ روزانہ دینے سے بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ یہ اس کے دورانیہ کو ختم کر دیتی ہے جو کہ ۱۴ سے بیس دن تک ہوتا ہے۔

۴۔ ایک اور مفید دوا "آئرس ورسی کولر" ہے۔

۵۔ ڈاکٹر بہار کا خیال ہے کہ "میزیریم" اعلیٰ دوا ہے۔

۶۔ اعضائے تولید جیسا کہ گھونگھٹ کے ہرپس کے لئے "مرک سال، نائیٹرک ایسڈ اور نیٹرم میور" علامات کے مطابق دیں۔

ب: تمام حالتوں میں مقامی طور پر "کینتھرس" ۳x کا لوشن دس قطرے ایک اونس پانی میں ملا کر کپڑا تر کر کے لگائیں۔ مقامی استعمال کے لئے ایک اور میکسچر بھی مرہم کی شکل میں لگایا جا سکتا ہے۔ "زنک اوکسائیڈ اور کسٹرائیل" کو آپس میں ملا کر مرہم بنایا جائے اور اس کو چھالے پر لگائیں۔

۷۔ جب چھالے غائب ہو جائیں اور درد باقی ہو یا جب بغیر چھالوں کے درد ہو تو "پلانٹیگو" مدر ٹنکچر تمام حصوں پر ملا جائے۔

۸۔ اعضائے تولید پر "فائیٹولاکا" لگانا چاہیئے۔

۹۔ ڈاکٹر مورے "کیلن ڈولا" کے چند قطرے ہرپیس زوسٹر کے زخموں پر کپڑے کو گیلا کر کے پٹی کرنے کی سفارش کرتے ہیں۔

ہچکی HICCOUGH

۱۔ ہسٹریکل حالتوں میں ہر دس منٹ کے بعد "ماسکس" دیں۔

۲۔ مزمن حالتوں میں ہر دس منٹ بعد "سائیکلیمن" دیں۔ حمل کے دوران بھی یہی دیں، مفید ہے۔

۳۔ بگڑی ہوئی حالتوں میں "ہائیڈروسیانک ایسڈ"، سلفیورک ایسڈ اور کالی بروميٹم" مفید ہے۔

ب۔ "میگنیشیا فاس" کے متعلق کہا جاتا ہے کہ یہ ہچکی کی مخصوص دوا ہے۔ اس کو ۶x۱۲ کی خوراکوں میں دیں یا مدر ٹنکچر "جنسنگ" دیں جو کہ معدے کی خرابیوں کے لئے بہت مفید دوا ہے اور معدے کی خرابی ہی ہچکی کا سبب بنتی ہے۔

ج: دارچینی کا تیل تین قطرے چینی میں ملا کر دینے سے ہچکی رک جائے گی۔

د: شدید اور تیزی سے ہونے والے ہچکی کے لئے "سکوٹیلریا" مدر ٹنکچر ہر دو گھنٹے بعد دیں۔

بچوں کی ہچکی HICCOUGH OF INFANTS

علامات کے مطابق "نکس وامیکا یا کیمومیلا"
دیں۔

ہائی بلڈ پریشر HIGH BLOOD PRESSURE

۱۔ اعصابی نظام کی خرابی کی وجہ سے وریدوں کا سخت ہو جانا۔ مفید دوا ہے "آرم میور نیٹرونیٹم"۔

۲۔ ہائی بلڈ پریشر کی اعلیٰ دوا ہے۔ "لیکسیس"۔

۳۔ ہائی بلڈ پریشر اور اس کے اثرات کے لئے۔ "ایڈرینالین ۲۰۰ سے ۱۰ ایم تک دیں۔

۴۔ ڈاکٹر ڈبلیو لانگ جب علامات بالکل واضح نہ ہوں تو ان ادویہ کو یکجا کر کے روزانہ دینے کی سفارش کرتے ہیں۔ ان کے تجربہ کے مطابق ان ادویہ کو ملا کر روزانہ ایک خوراک دینے سے مریض کو سکون ہو جاتا ہے اور اس کی عام صحت میں مزید کوئی بگاڑ پیدا نہیں ہوتا۔ "کریٹیگس، گلونائن اور پیسی فلورا"۔

۵۔ ہائی بلڈ پریشر کے ساتھ دل کی تکلیف ہو۔ دل بڑھا ہوا اور پوری چھاتی بھری ہوئی محسوس ہو، بائیں جانب لیٹنے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ بدلنے والا مزاج ہو۔ آنکھوں میں درد اور خارش ہو۔ "سنگریس کونٹورٹیکس"۔ جو کہ حیران کن صحت بحال کرنے والی اور گہرا اثر کرنے والی دوا ہے۔

۶۔ ٹنکچر کریٹیگس پانچ قطرے، پیسی فلورا مدر ٹنکچر پانچ قطرے اور گلونائین 6X ہر دوا کے دو قطرے دو گھنٹے کے وقفے سے دینے سے بلڈ پریشر بہت کم وقت ہی نیچے آجاتا ہے۔

ہائی بلڈ پریشر HIGH BLOOD PRESSURE OR HYPERTENSION

۱۔ جب غصے کے دب جانے یا آزردگی کی وجہ سے ہو۔ شدید سر درد، چکر آئیں۔ "آرم میٹ"۔

۲۔ چکر آئیں اور کانوں میں شور ہو۔ وریدوں کی سکڑن، جسم برف کی مانند ٹھنڈا، شریانوں کا موٹا ہو جانا اور دل کا پھیل جانا۔ "براٹا میور"۔

۳۔ مخالفت کرنے سے چڑچڑاپن اور جوش، سر درد اور قبض جس کے ساتھ خارش کرنے والی بواسیر ہو۔ "گلگونائن"۔

۴۔ بری خبر سننے سے صدمہ جو بلڈ پریشر کا سبب بنے۔ "جلسی میم" ۱۰۰۰ طاقت میں دیں۔

بلڈ پریشر کم ہو جائے
LOW BLOOD PRESSURE

کمزور شدہ، تیزی سے بڑھنے والے لوگ۔ "کلکیر یا فاس"۔

۲۔ چکر آئیں، غشی، کانوں میں شور، حیاتی مادوں کا ضیاع۔ "چائنا آف"۔

۳۔ قوت مدافعت کی کمی اور پیٹ کے اوپر کے حصے میں ریاح۔ "کاربوویج"۔

۴۔ جب مریض کی صحت گر رہی ہو تو "ٹیوبر کولینم" انٹر کرنٹ ریمیڈی کے طور پر دینی چاہیئے۔

۵۔ سردی کے موسم اور ٹھنڈے طوفانی موسم میں تکلیف میں اضافہ۔ متواتر چکر آئیں، جوڑوں میں درد، گنٹھیا اور شیاٹیکا، کانوں میں بھنبھناہٹ اور بند ہونے کا احساس۔ "دسکم البم"۔

ہائی بلڈ پریشر دل کی کیواڑیوں کا
HIGH BLOOD PRESSURE VALVULAR

کیواڑیوں کی خرابیاں وریدوں کی سکڑن کی قسم کی۔

"آرم میٹ" ۳۰۔

کولہے کی بیماریاں، ہڈیوں کا مزمن ورم
HIP DISEASES CHRONIC INFLAMATION OF BONES

۱۔ کولہے سے گھٹنے تک بہت تیز درد ہو "کالی کارب"۔

۲۔ حرکت کرنے سے جوڑوں میں بہت زیادہ درد اور حرارت۔ "برائی اونیا"۔

چھ گھنٹے کے وقفہ سے۔

۳۔ بہت زیادہ تکلیف مریض آرام نہ کر سکے خصوصاً رات کو متواتر پہنچتا ہے "کیمومیلا" ہر ایک یا دو گھنٹے بعد۔

۴۔ جب جوڑوں میں سوجن اور ورم تمام اقدامات کے باوجود باقی ہو مفید ہے۔ "مرک آیوڈائیڈ"۔

۵۔ کولہے کے گرد بہت شدید کھودنے کا سا درد۔ "کونیم" چار سے چھ گھنٹے کے وقفہ سے۔

۶۔ کولہے کے جوڑ کا درد۔ "ابیلم سیپا"۔

۷۔ بائیں کولہے میں درد۔ "اوی گالینا پیلی کولا"۔

آواز کا بیٹھ جانا ، مقررین کے گلے کی دُکھن
HOARSENESS CLERGYMAN'S SORE THROAT

مریض بمشکل اونچی آواز سے بول سکے۔ "فاسفورس" کی آواز گلا صاف کرنے سے واضح ہو جاتی ہے۔ مثلاً آلہ صوت سے بلغم ہٹانے سے آواز صاف ہو جاتی ہے۔ مقررین کے گلے کی دُکھن، شام کے وقت یا رات کے پہلے حصے میں اضافہ ہو جائے۔ نرخرے میں درد، درد کی وجہ سے بات نہ کر سکے۔ گلے میں جلن۔ "فاسفورس" موازنہ کریں "آرم ٹرائی فیلم" سے۔

آواز کا بیٹھ جانا ، آلۂ صوت کی کمزوری
HOARSENESS WEAKNESS OF VOCAL CARD

آواز کا بیٹھ جانا ووکل کارڈ (آلۂ صوت) کی مزید کمزوری اور ابتدائی سختی آلہ صوت کے متواتر استعمال سے ختم ہو جاتی ہے۔ یعنی اس کے استعمال سے جب یہ گرم ہو جائے تو صحیح ہو۔

مفید دوا ہے۔ "رسٹاکس"۔

موازنہ کریں "آرم ٹرائی فیلم" سے۔

آواز کا بیٹھ جانا نزلاوی جس کے ساتھ بلغم کا اخراج ہو
HOARSENESS CATARRHAL WITH EXPECTORATION OF MUCUS

آواز کی حاد تکالیف ، نزلاوی آواز کا بیٹھ جانا ، نرخرے سے بہت زیادہ بلغم کا اخراج ۔ " ایلیم سیپا "

آواز کا بیٹھ جانا مرطوب ہوا میں HOARNESS IN DAMPAIR

جس میں مرطوب ہوا میں اور شام کے وقت اضافہ ہو ۔ " کاربو ویج "

آواز کا اچانک بیٹھ جانا
HOARSENESS SUDDEN

گلنے والوں ، مقررین اور وکلاء کی آواز کا اچانک بیٹھ جانا ۔ مقررین کے گلے کی دکھن ہو ، " آرم ٹرائی فیلم " مقرر کو اس قابل بنا دیتی ہے کہ وہ واضح اور صاف طور پہ بول سکے ۔ اگر آواز غیر یقینی طور پہ اور اچانک بیٹھ جائے یا متواتر اس کے انداز میں تبدیلی واقع ہوتی ہو ۔ " آرم ٹرائی فیلم " موازنہ کریں " رسٹاکس اور فاسفورس " سے ۔

گھر کی یاد ستائے
HOME SICKNESS

۱ ۔ اگر مریض بھوکا ہوتا ہو ، تھکا ماندہ اور کمزور ہو ۔ " فاسفورس "

۲ ۔ اگر خاموشی سے کڑھتا رہتا ہو اور دوسروں کو پتہ نہ چلے ۔ " اگنیشیا "

۳ ۔ گھر کی یاد کے ستانے کے لئے یہ بہت اعلیٰ دوا ہے ۔ نیز نیند نہ آنے کے لئے بھی ۔ " کیپسیکم ۲۰۰ " ۔

ہارمون ۔ اس کی کمی کے سبب بال سفید ، گنجا پن اور ذیابیطس ہو
HARMONE ITS DEFICIENCY CAUSING GRAY HAIRS BALDNESS AND DIABETES

ہارمون ایک عضو یا مخصوص عضو کے خلیات کی مخصوص پیداوار ہے جو خون جسم کے دیگر مادوں کے ذریعے مخصوص مقامات تک پہنچائی جاتی ہے اور متعلقہ اعضا میں مخصوص باقاعدگی قائم رکھتی ہے ۔ یہ ٹرم بغیر نالی کے اندرونی غدودوں کے اخراج کے لئے استعمال کی جاتی ہے جو " ایڈرینالین ، تھائیڈائیڈین اور انسولین وغیرہ کا اخراج کرتے ہیں ۔ جب ان بے نالی کے غدودوں میں نقص پیدا ہو جائے تو مختلف بیماریوں کا سبب بنتا ہے جن کو صرف ہومیوپیتھک ادویات کے ذریعے غدودوں کے افعال کو درست رکھ کر ہی شفایاب کیا جا سکتا ہے ۔ مثال کے طور پہ قبل از وقت بالوں کا سفید ہونا " تھائیرائیڈ غدود کی کمی سے ہوتا ہے ۔ " تھائیرائیڈینم ۳۰ یا ۲۰۰ کا استعمال نہ صرف بالوں کو سفید ہونے سے بچاتا ہے بلکہ ان کے قدرتی رنگ کو قائم رکھنے میں بھی مدد دیتا ہے ۔ اسی طرح انسولین ۳۰ یا ۲۰۰ طاقت ذیابیطس میں انٹرکرنٹ ریمیڈی کے طور پہ انسولین مہیا کرنے والے غدودوں کو فعال بنانے کی غرض سے دینی چاہیئے ۔

گرم مریض — HOT PATIENT

" لائیکو " کا مریض گرم ہوتا ہے کھلی ہوا کی خواہش کرتا ہے اور ہر گرم چیز کا خواہاں ہوتا ہے ۔ گرم غذا بنسبت ٹھنڈی چیز کے زیادہ پسند کرتا ہے ۔

گرم موسم کی شکایات — HOT WEATHER COMPLAINTS

" اکونائٹ " بہت گرم موسم سے ہونے والی تکالیف کے لئے مفید دوا ہے ۔ خصوصاً معدے اور آنتوں کی خرابیوں کے لئے ۔" اکونائٹ "۔

بھوک بغیر اشتہا کے — HUNGER WITHOUT APPETITE

بغیر اشتہا کے " چائنا "

بھوک کتوں جیسی — HUNGER CANINE

کتوں کی مانند بھوک پائی جاتی ہے لیکن اس کے باوجود

سوکھا پن جاری رہتا ہے۔ کھانے کے بعد مریض تھکا ہوا ہوتا ہے اور اس کو نیند آتی ہے۔ کھانے کے بعد اس کو بہتر محسوس نہیں ہوتا۔ وہ بوجھ اور سستی محسوس کرتا ہے وہ معدے اور جگر کے حصے میں بے سکونی کے احساس کے ساتھ لیٹنا چاہتا ہے۔ "نیٹرم میور"۔

بھوک بچوں میں بہت جلد جی بھر جائے
HUNGRY IN CHILDREN SATIETY SOON

لائیکو میں بھوک کی کمی پائی جاتی ہے یا اس میں بھوک کا بہت زیادہ احساس ہوتا ہے جس میں یہ خصوصیت ہوتی ہے کہ مریض کھانے کے لئے میز پر بھوکا بیٹھتا ہے اور چند لقمے کھانے کے بعد اس کی بھوک ختم ہو جاتی ہے اور بے سکونی کے ساتھ پیٹ بھرا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ یہ بھوک اور خودسیری کا یکے بعد دیگرے ہونا اس دوا میں بہت واضح ہوتا ہے خصوصاً بچوں میں جلدی سے جی بھر جانے کا احساس ہوتا ہے۔ "لائیکوپوڈیم"۔

بھوک، بچہ سوکھا ہوا
HUNGER EMACIATED CHILD

بچہ بہت بھوکا ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود سوکھتا چلا جاتا ہے اور غذا کے جزو بدن ہونے کے نقص کی وجہ سے اس کی نشوونما سست ہوتی ہے۔ کمزور شدہ اور غیر مناسب پرورش پانے والے بچے سر لمبا، پیٹ بڑا، بازو اور ٹانگیں پتلی، سوکھا ہوا چہرہ، چل نہ سکے یا چلنا دیر سے سیکھے، قبض میں مبتلا ہو۔ "سیلیشیا"۔

موازنہ کریں "کلکیریا کارب" سے۔

بھوک، رات کو کھانے کے لئے جاگے
HUNGER- GETS UP AT NIGHT TO EAT

معدے میں غشی کا احساس اور اس وقت ضرور کھائے۔ رات کو کھانے کے لئے جاگے۔ "فاسفورس"۔

بھوک، پیٹ میں کترن ہو جس کو کھانے سے افاقہ ہو

HUNGER GNAWING RELIEF BY EATING

کترن والی بھوک، معدے کے متعلق اہم علامت خصوصی طور پہ خالی پن کا احساس یا کترنے کی سی بھوک ہے اور مریض کترن شروع ہونے پر فوراً کوئی چیز کھانا چاہتا ہو۔ "سیپیا"۔

بھوک کا ختم ہو جانا

HUNGER LOST

۱۔ بھوک کا مکمل طور پر ختم ہو جانا، غذا، مشروب یا تمباکو کی طرف سے جی بھر جائے۔ "اگنیشیا"۔

۲۔ ہر چیز کی بھوک نہ رہے۔ "رسٹاکس"۔

۳۔ چند لقمے کھانے کے بعد ایسا احساس کہ بہت زیادہ کھا لیا ہے۔ مفید ہے۔ "پرونس سپائی نوسا"۔

۴۔ بلاوجہ بھوک کا ختم ہو جانا یا حاد بیماری کے بعد۔ "جنٹیانا لوٹیا"۔

بھوک معدے میں بیٹھ جانے کا احساس۔ ہر تین یا چار گھنٹے کے بعد کھائے

HUNGER SINKING SENSATION EATING EVERY 3 OR 4 HOURS

۱۔ معدے میں کمزوری خالی پن اور بیٹھ جانے کا احساس جس کے ساتھ گیارہ بجے دن کو بھوک لگے۔ "سلفر"۔

۲۔ اگر تین یا چار گھنٹے بعد کچھ نہ کھائے تو غشی محسوس کرے۔ "آیوڈیم"۔

بچوں کے خصیوں میں پانی پڑ جائے

HYDROCELE OF BOYS

"ابراٹینم"۔ ABROTANUM.

خصیوں میں پانی پڑنا مزمن

HYDROCELE CHRONIC

۱۔ خصیے متاثر ہوتے

ہیں اور ان میں سختی اور انفلٹریشن کی کیفیت پائی جاتی ہے (رقیق مادوں کو سیلز یا ٹشوز کے خلاؤں میں پہنچانا) یہ دوا خصیوں کے بڑھ جانے کی مزمن حالت کو شفایاب کر دیتی ہے۔ "آرم میٹ"۔

ب: بائیں خصیے میں عرصے سے پانی پڑا ہوا ہو، خصیہ متورم، پر درد اور اوپر کو کھچا ہوا ہو، ظاہر طور پہ کوئی سبب معلوم نہ ہو، حاد حالت میں مفید ہے۔
"روڈوڈنڈران"۔

۲۔ خصیوں کی جلن اور درد بغیر سوجن کے یا سوجن کے ساتھ۔ درد ایک حصے سے دوسرے حصے میں گردش کرے۔ اہم دوا ہے "پلساٹیلا"۔

۳۔ رقیق مادے کو تحلیل کرنے میں مدد دیتی ہے۔ عضو پر درد کے سے ابھار، خصیوں کی تھیلی میں پانی پڑ جانے کی سی سوجن۔ "گریفائیٹس"۔

۴۔ خصیے سوجے ہوئے اور سخت مادے کے تحلیل کرنے کا سبب بنتی ہے۔ جنسی طاقت کا ختم ہو جانا۔ اعضائے تولید پہ بدبودار پسینہ، خصیے سوکھے ہوئے اہم دوا ہے "آیوڈیم"۔

۵۔ جب خصیوں کا سبب کوئی چوٹ ہو اور دکھن پائی جائے۔ "آرنیکا"۔

۶۔ خصیوں کا اور منی کی ڈوری کا اعصابی درد "اولیم اینیمل"۔

خصیوں میں پانی پڑنا پیدائشی ہو
HYDROCELE CONGENITAL BY BIRTH

یہ "برائی اونیا" کے دائرہ اثر میں آتا ہے۔ موازنہ کریں "پلساٹیلا" سے۔

خصیوں میں پانی پڑنا، خصیے سخت
HYDROCELE INDURATED TESTES

۱۔ "کلکیریا فلور" اندرونی طور پہ، خارجی طور پہ "ہیمامیلس" مدر ٹنکچر گرم پانی میں ملا کر پھُیاں کریں۔

۲۔ بڑھے ہوئے خصیوں کو "مولین آئل" سے طلا کے طور پہ آہستہ آہستہ

مالش کریں۔

دماغی پردوں میں پانی پڑ جانا
HYDROCEPHALUS

۱۔ بچے کو سردی لگتی ہے اور اس کے ساتھ بخار ہوتا ہے۔ کھوپڑی بھربھری ہو جاتی ہے۔ اس کا آخری درجہ دماغی پردوں میں پانی پڑ جانا ہے جس کے ساتھ بہت زیادہ بے ہوشی ہوتی ہے جب بہت زیادہ کمزوری ہو، جسم کے گوشت کا سوکھتے جانا، بازوؤں اور ٹانگوں کا سخت ہو جانا۔ جس کے ساتھ ڈراپسی کی سی سوجن پائی جائے تو ایسی صورت میں "ایپس، کلکیریا کارب اور اپوسائی نم" گہرا اثر کرنے والی اور اس حالت پر قابو پانے والی ادویہ ہیں۔ اپوسائی نم کین اور ایپس کی پہلی نشانی یہ ہوتی ہے کہ یہ پیشاب کے اخراج میں اضافہ کر دیتی ہے جو کہ اس سے قبل بہت کم اور سست رفتار ہوتا ہے "اپوسائی نم" دماغی پردوں میں پانی پڑنے کے لئے "ٹیوبرکولینم" کو بھی ذہن میں رکھنا چاہیئے۔

ب: دماغی پردوں میں پانی پڑنے کے مزمن تشنج اور ہذیان کے لئے عمدہ اثر رکھنے والی دوا ہے۔ "ہیڈرا ہیلکس"۔ اس کے مدر ٹنکچر کا ایک قطرہ واحد خوراک دیں۔ دوسری صبح ناک سے واضح اخراج شروع ہو جائے گا۔ دوسری خوراک اس صورت میں دیں جبکہ اس کے دوبارہ شروع ہونے کا اندیشہ ہو۔

۲۔ دماغی پردوں میں پانی پڑنا، ریڑھ اور دماغ کی جھلیوں کا ورم، بہت زیادہ کمزوری اور بے چینی، سر کو تکیہ میں ٹھونسے اور زور سے چیخ مارے، پپوٹے متورم ہوں تو "ایپس"۔

۳۔ بچہ سر کو ادھر اُدھر مارے، سر کو پیچھے کی طرف پھینکے اور نیند میں چلائے یا جاگ جائے، سوراخ کرنے کے سے درد۔ سر درد جس کے ساتھ سردی لگے اور کپکپی ہو۔ بے خبری میں پیشاب کا اخراج ہو۔ پانی کی مانند پاخانہ جس کے ساتھ ریاح پائی جائے۔ مفید دوا ہے۔

"آرجنٹم نائیٹریکم"۔

چھاتی میں پانی پڑنا
HYDROTHORAX

لیکٹوسا ، رینن کولس بلب ، کالی کارب ، مرک سال ، سلفر ، فلورک ایسڈ ، ایڈونس علامات کے مطابق دیں۔

تیزابیت کی زیادتی
HYPER ACIDITY

۱۔ کھٹاس کے لئے جس کے ساتھ تیزابیت اور سر کے اگلے حصے میں درد ہو۔ بہت مفید دوا ہے "روبینا ۳x"۔

۲۔ زبان کی جڑ میں زرد رنگ کی تہ ، کھٹے ڈکار اور کھٹا ذائقہ جس کے ساتھ قے ہو۔ "نیٹرم فاس" ۶x۔

۳۔ ان لوگوں کے لئے جو امیرانہ غذا کھانے ، امیرانہ رہن سہن کے عادی ہوں جس کے نتیجہ میں غذا ، ریاح میں تبدیل ہو جائے ، دودھ سے نفرت "کاربو ویج" ۳۰۔

۴۔ شام کے وقت صفراوی ڈکار آئیں اور مریض کو پیاس بالکل نہ لگتی ہو تو "پلساٹیلا"۔

دماغ میں اجتماع خون
HYPERAEMIA OF THE BRAIN

۱۔ سر گرم جس کے ساتھ شدید اجتماع ہو ، پشت گردن سے درد شروع ہو نبض نرم اور سست ، "وریٹرم ویرائیڈ"۔

۲۔ بے کیف شدید درد سر جس کے ساتھ پپوٹوں میں بھاری پن اور رگڑ کا احساس ہو اور سر کو باندھنے سے اور اونچا رکھ کر سونے سے آفاقہ ہو۔ کنپٹیوں میں درد ، کھوپڑی چھونے سے دُکھے۔ سر کو تکیہ پر اونچا رکھنا چاہے۔ "جلسی میم"۔

بہت زیادہ ذکی الحس
HYPERSENSATIVENESS

درد سے۔ جوانوں کے لئے "کیمومیلا" بہت اہم دوا ہے۔ اس کی خصوصیت یہ ہے کہ درد کا احساس ، اس کے اصل سبب سے کہیں بہت زیادہ ہوتا ہے۔ مریض میں بدمزاجی اور چڑچڑا پن کا پایا جانا ضروری ہے جو کہ "کیمومیلا" کی مخصوص ذہنی علامت ہے۔ "کیمومیلا"۔

ہومیوپیتھی میں بیش حساسیت
HYPER SENSITIVITY IN HOMOEPATHY

بسا اوقات ایسے مریضوں سے واسطہ پڑتا ہے جو کہ صحیح تجویز شدہ دوا سے حساس ہوتے ہیں۔ حتیٰ کہ اس کی واحد خوراک سے بھی شدید ردّعمل کا اظہار ہوتا ہے۔ اس حالت کو ہومیوپیتھی میں بیش حساسیت کہا جاتا ہے۔ ایسے لوگوں کی ہسٹری سے عموماً اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ وہ شدید قسم کے موذی مرض میں مبتلا رہ چکے ہیں جس نے ان کے نظام کو اس حد تک حساس کر دیا ہے۔ بیش حساسیت کو عموماً مخصوص نوسوڈ دے کر دور کیا جاتا ہے اور اس کے بعد تجویز شدہ دوا کو بغیر کسی ناخوشگوار قسم کے اضافے کے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ جب تک بیش حساسیت کو دور نہ کیا جائے یہ اضافہ شفا کی راہ میں رکاوٹ کا سبب بنتا ہے۔

بیش حساسیت اور شفا میں رکاوٹ (BLOCK) میں فرق یہ ہے کہ BLOCK ہومیوپیتھک دوا کے احساس کے فقدان کا سبب بنتی ہے اور مریض صحیح تجویز شدہ دوا کے خلاف کسی ردّعمل کا اظہار نہیں کرتا۔ جبکہ بیش حساسیت دوا سے بہت زیادہ حساس ہونے کا اظہار کرتی ہے۔

جگر کا حصّہ (کوکھ)
HYPOCHONDRIUM

جگر کے حصے میں درد، جلن اور بھرے ہونے کا احساس "ایلو" وقتی سکون دلانے والی دوا کے طور پر کام کرے گی۔ اور اس کے بعد "سلفیورک ایسڈ، سلفر، کالی نائیٹریکم یا سیپیا، ایلو"

"کالی نائیٹریکم" عموماً دمہ کی مجوزہ دوا ہوا کرتی ہے یہ دل کے متعلقہ دمہ میں بھی مفید ہے۔

پھیپھڑوں کا اجتماع خون ڈراپسی میں
HYPOSTATIC CONGESTION OF LUNGS IN DROPSY

ڈراپسی میں پھیپھڑوں کا اجتماع خون۔ پھیپھڑوں کا اجتماع خون عرصہ سے بستر میں پڑا رہنے کی وجہ

ہے جو مریض کو اٹھ کر بیٹھنے کے لئے مجبور کر دے ۔ یہ حالت آہستہ آہستہ اوپر کی طرف رینگتی ہے اور سانس لینے والے کافی حصے کو تباہ کر دیتی ہے ۔ اس میں کھڑکھڑاہٹ والا تنفس پایا جاتا ہے ۔ نیز سانس لینے میں دقت بھی ۔ سانس لینے کے لئے ہانپنا پڑے ۔ نبض چھوٹی اور بے قاعدہ ۔ "اپوسائی نم کین"

ہسٹریا HYSTERIA

مریض بہت جلد غش کھا جائے ۔ اعصابی تیز دھڑکن اور ہیجان جبکہ دل کی کوئی عضوی بیماری نہ ہو ۔ ہلکے سے ہیجان سے شدید غصہ آ جائے یا جب تک بے ہوش نہ ہو جائے طعن و ملامت کرتی رہے ۔ ایک گہرا سانس لینا چاہے ۔ گلے میں سکڑن کا احساس ۔ ایسے ہسٹریا کے دورے کو خواہ یہ کافی دیر تک بے ہوشی میں گزرا ہو یہ دوا ختم کر دے گی ۔ "موسکس" (MOSCHUS)

۲۔ مریضہ مغرور اور متکبر ، دوسروں کو حقارت کی نظر سے دیکھے ۔ دورے سے پہلے اور بعد دمہ کی سی حالت کا پایا جانا ، مریضہ کو ماہواری کا اخراج زیادہ ہو یا پھر ماہواری رکی ہوئی ہو ۔ "پلاٹینا"

۳۔ بہت زیادہ باتونی پن ، ڈرا دینے والا وہم ، بھوتوں کو دیکھے ، آوازیں سنے اور جذبے کے ساتھ ان سے باتیں کرے ۔ مخلصانہ ، سنجیدہ ، ملتجیانہ اور مسلسل باتیں کرے ۔ ہذیان جس کے ساتھ بھاگ جانے کی خواہش ہو ، تشنج جس کے ساتھ ہوش و حواس قائم ہوں ۔ "سٹرامونیم"

۴۔ ہسٹریا کے دورے جن کے ساتھ پیٹ میں درد پایا جائے ، درد جو کہ بتدریج بڑھا اور ختم ہو جائے ، درد کو دباؤ سے آفاقہ ہو ۔ "سٹرامونیم"

۵۔ ہسٹریا سے قبل جب چہرے بازوؤں اور ٹانگوں کا اکڑ جانا ہو ۔ دورہ ماہواری شروع ہونے کے وقت ہو ۔ "تھائیرائیڈ ینم"

۶۔ ہسٹریا کے حملے کا رجحان شفایاب ہونے پہ ڈاکٹر آر ۔ بی بشمبر داس مندرجہ ذیل ادویہ کا مشورہ دیتے ہیں ۔ "زنکم ویلیریانیکم ۳ ، نکس موسکاٹا ۳۰ ، سیپیا ۳۰ ، پلاٹینا ۲۰۰ ،

ماسکس ۶، کالی فاس ۳۰ اور سکوٹیلیریا مدر ٹنکچر۔

ہسٹیریا کے حملے سے بچاؤ کے لئے
HYSTERIA ATTACKS TO PREVENT IT

"کیمفر مونو برومیٹا" حملے کے دوران چینی میں ڈال کر ہر پانچ یا دس منٹ کے بعد دینی چاہیئے۔

ہسٹیریا، حوصلہ افزائی سے اضافہ
HYSTERIA CONSOLATION AGGRAVATES

رونا اور ہنسنا آپس میں ادلتے بدلتے رہیں۔ حوصلہ افزائی کرنے سے تمام ذہنی علامات میں اضافہ خصوصاً چڑچڑے پن اور رونے میں، ناراضی اور غمگین حتیٰ کہ بہت خوشی کے موقع پر بھی۔ ارد گرد کے حالات سے لاپرواہ اور ہر ایک چیز پر غمزدہ، ذہنی اور جسمانی کمزوری اس کی واضح علامت ہے۔ "نیٹرم میور"

۲۔ پوتھوز مدر ٹنکچر میں دس قطرے دی جائے تو یہ ہسٹیریا کے لئے مخصوص ہے۔

ہسٹیریکل مزاج HYSTERICAL DISPOSITION

۱۔ سردی اور گرمی کی شدت سے، بھیگ جانے سے، گاڑی کی سواری کرنے سے غشی ہو۔ حمل کے دوران، غشی کے متعلق سوچنے یا احساس سے، نیز بچے کی پیدائش کے بعد یا دودھ پلانے کے زمانہ میں ہسٹیریا "سیپیا"

۲۔ اگنیشیا خصوصاً ایسی عورتوں کے لئے مفید ہے جو بہت حساس ہوں اور بہت جلد جوش میں آجاتی ہوں۔ ڈر اور پریشانیوں کے اثرات اور ماہواری بے قاعدہ۔ "اگنیشیا"

ہسٹریکل تشنج
HYSTERICAL CONVULSION

ہسٹیریا کے سے تشنج اور اینٹھن، ذہنی افسردگی اور اداسی کی سی حالت، جسمانی حالت کے ساتھ بدل جائے۔ لڑکیوں کی کمر میں درد اور سر درد۔ "اکٹیا ریسی موسا"

ہسٹیریا کی غشی اور دماغی پردوں میں ورم
HYSTERICAL FAINTING AND ALSO FOR CEREBROSPINAL MENINGITIS

ہسٹیریا ایسا فوٹیڈا میں عام پایا جاتا ہے۔ تمام مریض بلا وجہ غشی میں مبتلا ہو جاتے ہیں یا بند کمرے سے، جذبات کے جوش سے یا کسی دوسرے ذہنی خلل سے بعض اوقات ان کو غشی کے بجائے اینٹھن کے دورے پڑتے ہیں۔ لیکن غشی اس میں نمایاں طور پہ پائی جاتی ہے۔ مریض کی ہڈیوں میں اچانک درد ہوتی ہے جو اندر سے باہر کو آتی ہے۔ گلے میں گولے کا احساس یا گھٹن، غذا کی نالی کی اینٹھن ہسٹیریا کی ایک قسم ہے۔ رات کو دانتوں کا رگڑنا۔ "ایسا فوٹیڈا"

۲۔ ہوش و حواس کا ختم ہو جانا جس کے ساتھ عضلات میں غیر ارادی طور پہ پھڑکن اور جھٹکے پائے جائیں۔ یہ دماغی پردوں کے ورم کے لئے بھی مفید ہے جبکہ سر ایک طرف مڑ جائے یا ایک طرف ہلتا ہو۔ "سائی کیوٹا وائی روسا"

ہسٹریکل دورے جماع کے بعد
HYSTERICAL FITS AFTER INTERCOURSE

عورتوں میں جماع کے بعد۔ "اگاری کس"۔

ہسٹریکل جوڑ
HYSTERICAL JOINTS

مفید دوا ہے۔ "کاٹی لیڈن"۔

ہسٹریکل ہنسی
HYSTERICAL LAUGHING

دورے بناوٹی ہوتے ہیں مریض کو بے حد درجہ ہنسی آتی ہے جس پر وہ قابو نہیں پا سکتا۔ "ٹیرن ٹولا ہسپانیہ"۔

ہسٹیریکل کپکپی
HYSTERICAL SHIVERING

بچے کی پیدائش کے ابتدائی درجہ میں ہسٹیریکل کپکپی۔ مفید ہے۔ "اکٹیا ریسی موسا"۔

ہسٹریکل قے HYSTERICAL VOMITING

"کربورڈ..." ایک گھنٹہ کے وقفے...

ہسٹیریکل رونا HYSTERICAL WEEPING

مریضہ روتی ہے اور بے سکونی کے ساتھ ذہنی... کے دورے پڑتے ہیں اور کمزوری ہوتی ہے۔ حوصلہ کی کمی ہوتی ہے۔ "امونیم کارب..."

فاترالعقلی، جسمانی طور پر پست قد IDOICY PHYSICALLY DWARFT

بچے جسمانی اور ذہنی طور پر پست ہوتے ہیں اور بڑھتے نہیں۔ گلے کے غدود سوجے ہوئے، پیٹ سوجا ہوا... "براٹا کارب" اعلیٰ دوا ہے۔ اس کے ساتھ ہر چودہ دن کے وقفہ سے "ٹیوبرکو..." ایک ہزار طاقت میں دینی چاہیئے۔

اثراتِ بد کاربن مونو اوکسائیڈ گیس کے ILL EFFECTS OF CARBON MONOXIDE GAS

اس گیس کے سونگھنے سے پیدا ہونے والے اثرات بد سے بچاتی ہے "نیٹرم میور"۔

اثراتِ بد کلوروفارم کے ILL EFFECTS OF CHLOROFORM

اپریشن کے بعد متلی اور قے کے لئے "کیمومیلا" دینی چاہیئے۔

اثراتِ بد سطح سمندر سے زیادہ بلندی پر رہنے کے ILL EFFECTS OF HIGH ALTITUDE

کوہ پیماؤں کے لئے پہاڑوں پر چڑھنے کے ضمن میں ہونے والی مختلف شکایات مثلاً دل کی دھڑکن کا تیز ہو جانا، تنگیٔ تنفس، پریشانی اور بے خوابی، جسمانی اور ذہنی دباؤ سے اعصابی نظام کی تھکاوٹ، آواز کا بیٹھ جانا یا بند ہو جانا

بلڈی پریشر بڑھنے سے سر درد، پیٹ کا پھول جانا۔ "کوکا ایری تھراکسائی لون"
(COCA – ERYTHROXYLON)

ب۔ ۱۔ جوہری توانائی کے پھٹ جانے کے اثرات بد کے لئے مفید ہیں۔ "فاسفورس اور سٹرونٹیم کارب"۔

۲۔ ایٹم یا ہائیڈروجن بم پھٹ جانے کے اثرات بد سے بچنے کے لئے "بائیو فلاوین"۔

۳۔ سلفونامائیڈ گروپ کی ڈرگز کے اثرات بد کے لئے "سلفا پائیریڈین"۔
(SULPHAPYRIDINE)

۴۔ کاربن مونواوکسائیڈ کے اثرات بد کے لئے۔ "ایسیٹک ایسڈ"۔

۵۔ تارکول کے دھوئیں کے اثرات بد کے لئے۔ "امونیم کارب" موازنہ کریں "بووسٹا" سے۔

۶۔ بالوں کو رنگ دینے کے اثرات بد کے لئے۔ "ٹیوبرکولینم"۔

اثراتِ بد چیرنے پھاڑنے کے
ILL EFFECTS OF STRETCHES

کسی عضلہ کے آپریشن یعنی چیر پھاڑ سے جب سردی لگے، سر میں اجتماعِ خون ہو اور شدید چیرنے کے سے درد یا کسی حساس حصہ کی چیر پھاڑ شروع ہو جائے تو "سٹافی سگیریا" بہت عمدہ دوا ہے۔

اثراتِ بد ریڈیائی مادہ کے پھٹ جانے یا ایسی دوسری چیزوں کے
ILL EFFECTS OF RADIATION EXPLOSIONS AND OTHER SUCH THINGS

"فاسفورس اور سٹرونٹیم کارب"۔

وہم
(ILLUSION)

جب ذہن تھوڑا سا متاثر ہو، اس کو وہم کہتے ہیں۔ اس میں جو کچھ وہ دیکھتا ہے اس

کو معلوم ہوتا ہے کہ ایسا نہیں ہے۔ حوصلہ کی کمی۔ ڈرتا ہے کہ اس کا ذہن جا رہا ہے۔ چوروں کو دیکھتا ہے اور دشمنوں کا خیال کرتا ہے "لاناکاڈینم"

۲۔ سانپوں کے متعلق توہم "لیک کینی نم"۔ (LAC-CANINUM)

آبلہ دار خارش (IMPETIGO)

ایگزیما جس کے ساتھ شدید ابتری پائی جائے، پھنسیاں، اور پیپ دار چھالے، پھوڑے جن میں جلن اور خارش ہو، رات کو اضافہ۔ "اینٹی مونیم کروڈم"۔

نامردی، خواہش ہو لیکن نا اہلیت IMPOTENCY DESIRE BUT INABILITY

۱۔ جنسی خواہش موجود رہتی ہے لیکن عملی طور پر کچھ کرنے کی اہلیت ختم ہو جاتی ہے مفید دوا ہے "فاسفورس"۔

۲۔ بغیر خواب کے منی کا اخراج، بھروسہ کا فقدان، نامردی کے خوف سے شادی کرنے سے گھبرائے، بڑھاپے کا جنون، سوزاک کے بعد نامردی کے لئے مفید ہے "تھوجا"۔

۳۔ منی کا نیند کے دوران ٹپکنا، مادہ منویہ پتلا اور بے بُو، ایستادگی دیر سے ہو (سست) ناکافی بہت جلد، دیر تک ہیجان رہے۔ جماع کی کوشش پر عضو ڈھیلا۔ ڈاکٹر ہربرٹ کا خیال ہے کہ نا اہلیت کی زیادہ واضح حالت دماغی ہوتی ہے جو کہ اس دوا کی اہم علامت ہے "سیلینیم"۔ اور اگر سیلینیم ناکام ہو جائے تو "اگنس کاسٹس" ۳ جس کے بعد "چائنا" اور "لائیکو" دیں۔ مریض کی حالت کو یکسر بدل دیتی ہے اور صحت مند مرد بنا دیتی ہے۔

۴۔ جماع کے دوران احساس کا فقدان، مادہ منویہ کا اخراج نہ ہو۔ "گریفائٹس"۔

نامردی، اخراج قبل از وقت IMPOTENCY EMISSON PREMATURE

ایستادگی کی طاقت نہ ہو اور قبل از وقت اخراج عضو مخصوص چھوٹا

ڈھیلا اور ٹھنڈا، مشت زنی کے اثرات بد یا کثرت مباشرت کے برے اثرات، خواہش بہت مضبوط لیکن عملی طور پہ ناقابل۔ "لائیکو" اونچی طاقت میں واحد خوراک ایک ہفتہ یا زائد وقفہ سے دیں۔ "لائیکو" نامردی کے لئے عمدہ دوا ہے۔

نامردی۔ مشت زنی کی وجہ سے IMPOTENCY DUE TO MASTURBATION	بہت زیادہ کمزوری جس کے ساتھ آنکھوں کے نیچے سیاہ حلقے پائے جائیں، شرمیلا اور اداس ہو۔

"سٹافی سگیریا"

۲۔ سر درد۔ رات کو متواتر خود بخود مادہ منویہ کا اخراج، ہاضمہ کمزور مفید دوا ہے۔ "نکس وامیکا"

نامردی۔ شہوت نہ ہو IMPOTENCY NO ORGASM	عضو لمبا محسوس ہو، مرجھایا ہوا، ڈھیلا اور ٹھنڈا۔ جب کچی نیند میں ہو تو ایستادگی، جب پوری طرح جاگ جائے

ایستادگی ندارد، ہیجان کے دوران عضو ڈھیلا، بوس وکنار کرنے سے شہوت نہ ہو اور نہ ہی اخراج ہو۔ "کلاڈیم"۔ اعضائے تناسل پر بہت عمدہ اثر رکھتی ہے اور اس حصے کی خارش کے لئے بھی مفید ہے۔ "کلیڈیم"

نامردی۔ جنسی زیادتیوں کی وجہ سے IMPOTENCY DUE TO SEXUAL EXCESS	مریض جنسی زیادتیوں کا مرتکب رہا ہو اور اب اعضائے تولید ڈھیلے ڈھالے اور ٹھنڈے، مادہ

منویہ کا اخراج، پاخانہ کرتے وقت غدہ قدامیہ کے مادہ کا اخراج، صبح کے وقت ایستادگی ہو لیکن اس کے بعد نہیں، بار بار سوزاک میں مبتلا رہنے کی ہسٹری موجود ہو۔ "ایگنس کاسٹس"۔

غیر مناسب طریقہ سے غذا دیئے گئے بچے IMPROPERLY FED BABIES	غیر مناسب طریقہ سے غذا دیئے گئے بچے، جن

کی آنتیں کمزور اور ڈھیلی، بچہ جب تھوڑی دیر بعد روتا اور چلاتا ہے تو ماں اس کو ہر وقت کھلاتی پلاتی رہتی ہے۔ نتیجتہً اس کا معدہ مکمل طور پہ خراب ہو جاتا ہے تو مفید ہے۔ "ایتھیوزا"۔

پیشاب کا فی الفور اور بلا ارادہ اخراج ۔ پیشاب کا غدہ قدامیہ کی وجہ سے ٹپکنا

INCONTINENCE INVOLUNTARY AVACUATION OF URINE DRIBBLING DUE TO PROSTATE

ا۔ ڈاکٹر جہار اور ڈاکٹر ہیرنگ سب پہلے "سلفر" کی طرف رجوع کرتے ہیں اور آٹھ دن کے اندر اس کی دو یا تین خوراکیں دیتے ہیں۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو پھر ڈاکٹر جہار "سیپیا، بیلا ڈونا، پلساٹیلا" دیتے ہیں اور معصوم موٹے بچے کی صورت میں "کلکیریا کارب" دیتے ہیں۔ "سلیشا" بھی "بیلا ڈونا" کے بعد مفید ہوتی ہے۔ جبکہ کاسٹی کم میں بھی یہ صلاحیت پائی جاتی ہے کہ سردی کے موسم میں پہلی نیند میں بچہ پیشاب کر دیتا ہو تو اس کو روک دے۔

ب: پیشاب کا متواتر ٹپکتے رہنا، رات کو پیشاب کی زیادتی جس کا کافی عرصہ تک علاج کیا جاتا رہا ہو۔ "وربیسکم" ۳ طاقت میں۔

۲۔ بلا ارادہ پیشاب کا اخراج، متواتر پیشاب نکلے۔ بچے بہت زیادہ مقدار میں پیشاب کرتے ہوں۔ بستر کو بھگو کر رکھ دیں۔ بالغ اس بیماری میں جنسی زیادتیوں یا مشت زنی کے سبب مبتلا ہوئے ہیں۔ "فاسفورک ایسڈ"۔

۳۔ پیشاب کر رہے ہونے کے خواب، رات کے پہلے حصے میں پیشاب کا غیر ارادی طور پہ اخراج۔ جب پیشاب کرنے کی حاجت ہو تو بہت جلدی کرے۔ "کریوزوٹ"

۴۔ بوڑھے لوگ جن کو رات کے وقت بار بار پیشاب آتا ہو اور بعض اوقات پیشاب کو نہ روک سکیں۔ غیر ارادی طور پہ خارج ہو جاتا ہو۔ اخراج اچانک ڈرک

جائے اور دوبارہ جاری ہو جائے ۔ "کونیم"۔

۵۔ بوڑھے آدمیوں میں جن کا غدہ قدامیہ بڑھا ہوا ہو۔ "ایلو"۔

۶۔ عورتوں میں ہر موج کے ساتھ یا کھانسنے سے چند قطرے خارج ہو جائیں ۔ "ریومیکس"۔

۷۔ پیشاب کا مثانے سے متواتر ٹپکنا ، پیشاب کا غیر ارادی اخراج ، عموماً رات کو۔ "وربیکم" ۳ طاقت میں ۔

ہاضمہ کی خرابی مزمن — INDIGESTION CRONIC AND ATOMIC

سخت غذا بہت زیادہ درد کا سبب بنے ، ہاضمہ کی سستی ، ریاح کا بہت زیادہ جمع ہو جانا اور کھانے کے کافی دیر بعد غیر منہضم غذا کی قے ہو۔ "لائیکو"۔

زخم تیز دھار آلے کے — INCISED WOUNDS

تیز دھار آلے سے لگائے گئے صاف اور واضح چیرے ہوئے زخم خواہ یہ سرجن کے نشتر سے لگائے گئے ہوں۔ "سٹافی سگیریا"۔

عضلات کا آپس میں بے ربط ہو جانا — INCOORDINATION OF MUSCLES

ہاتھوں اور انگلیوں کی بے ڈھنگی حرکات ، چیزوں کا گرا دینا۔ جب چیزوں کو تھامنے لگے تو انگلیاں بالکل کھل جائیں ۔ مریض متواتر پلیٹوں کو توڑتا رہتا ہے ۔ "اگاری کس"۔

لاپرواہی — INDIFFERENCE

تمام چیزوں سے لاپرواہی ، غم سے خوشی سے ، لوگوں سے وغیرہ "امبرا گریسیا"۔

جوانوں کے ہاضمہ کی خرابی متواتر کھاتے رہنے کی وجہ سے — INDIGESTION OF ADULTS FROM CONSTANT EATING

جب ذہنی تکلیف اور ہیجان سے ہاضمہ مکمل طور پہ ختم ہو جائے۔ "ایتھیوزا" ایسے لوگوں کی بدہضمی کو شفایاب کر دیتی ہے جو ہر وقت کرتے رہتے ہوں۔ ایسے بھوکے لوگ جو ہر وقت کھاتے رہتے ہوں، ہر وقت کچھ نہ کچھ کرتے رہتے ہوں۔ ہر وقت خستہ بسکٹ وغیرہ اپنی جیب میں رکھیں تاوقتیکہ معدہ ہضم کرنے سے مکمل طور پہ جواب دے جائے۔ "ایتھیوزا"۔

پیشاب کا غیر ارادی اخراج مثانہ کے فالج کی وجہ سے

INCONTINENCE OF URINE DUE TO PARALYTIC BLADDER

پیشاب خارج کرنے کے لئے بہت زیادہ زور لگانا پڑے اور پیشاب کرنے کی غیر موثر کوشش جس کے ساتھ بہت کم مقدار میں پیشاب آئے۔ بوڑھے لوگوں میں پراسٹیٹ کے بڑھ جانے کی وجہ سے پیشاب متواتر ٹپکتا رہے۔ "نکس وامیکا"۔

ہاضمہ کی کمزوری، معدے میں تیزابیت

INDIGESTION ACID DYSPEPSIA

کھٹے ڈکار، کھٹا ذائقہ اور کھٹی کڑوی قے۔ "میگنیشیا کارب"۔

معدے کی کمزوری ہسٹیریکل عورتوں میں

INDIGESTION HYSTERICAL WOMEN

ہسٹیریکل عورتوں کا ضعفِ معدہ، خصوصاً حمل کے دوران، ہچکی اور ہاضمہ کمزور، "نکس وامیکا"۔

معدے کی کمزوری بوڑھے لوگوں میں

INDIGESTION OF OLD MEN

ضعف معدہ بوڑھے یا کمزور کمیٔ خون والے لوگوں کا جن کی صحت زیادہ عرصہ رہنے والی بیماری کی وجہ سے گر چکی ہو۔ کلیجے کی جلن، یرقان اور اسہال کے لئے مفید ہے۔ "کالی کارب"۔

معدے کی کمزوری شیر خوار بچوں میں جو زیادہ غذا دینے کی وجہ سے ہو اور دودھ ناقابل برداشت ہو

INDIGESTION OF BABIES DUE TO OVER FEEDING AND INTOLERANCE OF MILK

غذا کی بے قاعدگی سے پیدا ہونے والی بچوں کے معدے کی کمزوری ، بعض بچے موسم گرما میں بیمار پڑ جاتے ہیں جبکہ راتیں گرم ہوتی ہیں ۔ ان کو ذہنی تکلیف ہوتی ہے اور اس وقت سے معدہ کام چھوڑ دیتا ہے ۔ آنتیں ڈھیلی پڑ جاتی ہیں ۔ جو چیز بھی معدے میں پہنچتی ہے یا تو قے کے ذریعے واپس آ جاتی ہے یا اسہال کے ذریعے نکل جاتی ہے ۔ یہ ایسے بچے ہوتے ہیں جن کو مائیں متواتر دودھ پلاتی رہتی ہیں ۔ جونہی بچہ تھوڑے سے وقفہ کے بعد روتا ہے ۔ ماں چھاتی پہ لٹا لیتی ہے اور دودھ پلانا شروع کر دیتی ہے ۔ یا پھر بہت کم وقفہ کے بعد اس کو غذا دی جاتی ہے ۔ ان کو غذا کھلانے کا کوئی وقت یا اصول نہیں ہوتا ۔ ایسے بچوں کا معدہ جب مکمل طور پر غذا ہضم کرنے سے جواب دے جاتا ہے تو ایسی حالت میں یہ واحد دوا ہے جو بچے کو شفایاب کر سکتی ہے ۔ " ایتھیوزا "

۲۔ " ایتھیوزا " ایسی حالت میں بھی مفید ہے جبکہ بچہ دودھ بالکل برداشت نہ کر سکے ۔ جب دودھ کسی بھی شکل میں اس کے معدے میں پہنچتا ہے تو جمے ہوئے پنیر کی مانند قے ہو جاتا ہے ۔

معدے کی کمزوری ، منہ کا ذائقہ خراب

INDIGESTION WITH BAD TASTE IN MOUTH

ہاضمہ کمزور ، منہ کا ذائقہ خراب ، کسی چیز کا ذائقہ اچھا نہ لگے ۔ حتیٰ کہ پانی کا بھی ۔ منہ خشک لیکن پیاس نہ ہو ، معدے کی کمزوری جو کسی مرغن غذا کے کھانے سے ہو ، معدے کی خرابیوں کے دوران مریض مرغن اور چربیلی چیزوں کی خواہش نہیں کرتا اور نہ ہی ان کو برداشت کر سکتا ہے ۔ اس دوا کے مریض کو ٹھنڈی چیزیں

موافق ہوتی ہیں ۔ "پلساٹیلا"۔

معدے کی کمزوری ذہنی تکلیف کی وجہ سے ہو یا پر جوش واقعات کے سبب

INDIGESTION FROM BRAIN TROUBLE OR EXCITEMENT

جب معدہ ذہنی تکلیف کے سبب یا پر جوش واقع کی وجہ سے مکمل طور پر اپنا فعل انجام دینے کے قابل نہیں رہتا۔ مخصوص علامات زیادہ تر ذہنی اور اعصابی نظام سے تعلق رکھتی ہیں جو معدے اور آنتوں کی تکلیف کا سبب بنتی ہیں۔ "ایتھیوزا"۔

معدے کی کمزوری ، بدہضمی

INDIGESTION- DYSPEPSIA

مزمن ضعفِ معدہ ، بھوک کا ختم ہوجانا ، غذا سے نفرت ، بھوک لگے، لیکن اشتہا نہ ہو۔ "کاکولس"۔ ڈاکٹر جونز "نکس اور گریفائیٹس" کو یکے بعد دیگرے دینے کی سفارش کرتے ہیں۔ "نکس وامیکا" ۱۲ طاقت کھانے سے ایک گھنٹہ قبل اور "گریفائیٹس" ۱۲ طاقت کھانے سے ایک گھنٹہ بعد۔

معدے کی کمزوری ، ریاح اور السر

INDIGESTION FLATULENCE ULCERS

ریاح بہت زیادہ ہوتی ہے۔ ہر کھانے کے بعد ڈکار آتے ہیں۔ ہلکی سی سادہ غذا درد میں اضافہ کر دیتی ہے۔ معدے کا السر۔ "آرجنٹم نائیٹریکم"۔

جی بھر کر مزے لینا

INDULGENCES

جی بھر کر مزے لینے کا تختہ مشق بننے والا بے چارہ جو شراب اور عورت کو زندگی کا مقصد سمجھے چڑچڑا ، عصبی مزاج اور ضعف معدہ میں مبتلا ، قبض جس کے ساتھ پاخانہ کی بے سود حاجت پائی جائے ۔ نیند کا نہ آنا۔ "نکس وامیکا" کی ایک خوراک روزانہ سوتے وقت دیں۔

بچوں کا جگر INFANTILE LIVER

۱۔ بچوں میں جگر اور تلی بڑھے ہوئے۔ "کلکیریا آرس"۔

۲۔ ہلکا بخار جس کے ساتھ رات کو پسینہ آتا ہو، مزمن قبض۔ اسہال جس کے ساتھ ٹانگیں اور پاؤں سوجے ہوئے ہوں۔ "ایسیٹک ایسڈ"۔

۳۔ معدے کی خرابیاں، جونہی دودھ پئے اس کو باہر نکال دے۔ کھائے اور دوبارہ قے کر دے۔ دودھ برداشت نہ کر سکے۔ "ایتھوزا"۔

۴۔ بے سکونی اور جگر میں درد، کھانے کے فوراً بعد پاخانہ کر دے۔ یرقان لیکن بخار نہ ہو۔ پیشاب کرتے وقت یا ہوا خارج کرتے وقت پاخانہ کا بلا ارادہ اخراج۔ "ایلو"۔

۵۔ جگر کے درد، ضدی قبض، مرض کی ابتدائی حالت میں مفید ہے۔ "ایلومینا"۔

۶۔ ڈاکٹر ڈی۔ این۔ رائے بچوں کے جگر کی خرابیوں میں ملیریا کی وجہ سے ہوئی ہوں۔ اس دوا کو بہت بھروسے کی دوا قرار دیتے ہیں۔ "کلکیریا آرس"۔

۷۔ یرقان ہلکے سردرد کے ساتھ، منہ کا ذائقہ کڑوا، زبان درمیان سے سفید ہونٹ اور ان کے کنارے سرخ، متلی جس کے ساتھ قے ہو اور پاخانہ چپک جانے والا۔ "کارڈوس میریانس"۔ ڈاکٹر ڈی۔ سی۔ داس گپتا۔

۸۔ یرقان جس کے ساتھ جگر میں دکھن ہوتی ہو، پیشاب زرد، جگر بڑھا ہوا ہو، "چیونینتھس"۔

۹۔ جگر سکڑ جائے، سوکھیا مسان، یرقان، کمزوری اور ضدی قسم کا قبض ہو۔ "ہائیڈرراسٹس"۔

۱۰۔ جب بچہ ہوا سے بھرا ہوا دکھائی دے، جگر بڑھا ہوا اور سخت، قبض جس کے ساتھ پیٹ میں درد ہو، بھوک کا خاتمہ، پاخانہ سخت، پیشاب میں کیلشیم اوگزیلیٹ اور یوریٹس کا اخراج۔ SENNA "سنا" مفید دوا ہے۔

بچوں میں پیدائشی جگر کی خرابی
INFANTILE LIVER CONGENETAL

کسی استحالی تبدیلی میں خرابی کی وجہ سے جب کسی ماں کے ہاں بچہ پیدا ہوتا ہے تو وہ پیدائشی طور پر جگر کی خرابی میں مبتلا ہوتا ہے۔ اگر یہ دوا حمل کے دوران دی جائے تو ایسی خرابی کو دور کر دیتی ہے۔ "میڈورینم"۔

بچے کی ناک بند ہو
INFANTS NOSE BLOCKED

سردی لگنے اور ہوا کے جھونکے سے سُوں سُوں کرے۔ پتلی گھٹن پیدا کرنے والی کھانسی، سانس نہ نکال سکے "سمبوکس"۔ رات کو اور صبح کے وقت۔

نومولود بچہ پیدا ہوتے ہی مرجاتا ہو اور بڑا ہونے والا ابتدائی عمر میں
INFANCY BABY DYING IN INFANCY AND GROWN UP CHILD IN EARLY AGE

ا۔ اگر بچہ پیدا ہوتے ہی مرجاتا ہو تو ماں کو حمل کے دوران "سلفر" چھ طاقت اور "کلکیریا فاس" ۶ طاقت روزانہ یکے بعد دیگرے ایک خوراک دیں۔

ب: اگر بچہ کچھ عمر پاکر کمزوری کی حالت میں مرجاتا ہو تو "الفلفا" مدر ٹنکچر پانچ سے دس قطرے فی خوراک کئی مرتبہ روزانہ چھ ماہ تک دیں۔

ورم حاد
INFLAMMATION ACUTE

مختلف اعضاء میں حاد ورم "مرک سال"۔

ورم پر گرم پٹی
INFLAM-MATION COMPRESSES

اگر کسی جگہ ورم اور سُرخی پائی جائے تو "کیلن ڈولا" کی گرم پٹی کرنی چاہیئے اس سے اس کی تکلیف میں سکون ہو جائے گا۔

ورم دماغ
INFLAMMATION OF BRAIN

اچانک ہیجانی جذبات سے دماغی جھلیوں میں ورم

شور اور روشنی سے اضافہ۔ "اکونائٹ نیپلس"

۲۔ دماغ میں اجتماع خون اور ہیجان جس کے ساتھ سرگرم، کنپٹیوں میں ٹپکن اور سر میں درد، چکر آئیں جن کے ساتھ بائیں طرف یا پشت کی جانب گرے، نزلہ کا اخراج رک جانے سے سر میں درد۔ درد اور بھاری پن خصوصاً پیشانی میں "بیلاڈونا"

۳۔ اجتماع خون کی وجہ سے سر میں درد، دماغ میں اجتماع خون جو گرمی یا سردی سے ہو۔ ٹپکن دار سر درد، سر میں جھٹکے، ماہواری کے عوض سر میں درد۔ "گلونائن"۔

۴۔ دماغ کا ورم جس کے ساتھ بے ہوشی ہو اور دماغ ڈھیلا محسوس ہو تو "ہائیوسائیمس" دیں۔

ورم ریڑھ کا
INFLAMMATION OF CORD

"ہائیپریکم" بہت جلد دینی چاہیئے تاکہ ورمی تبدیلیوں کے سبب پیدا ہونے والی پیچیدگیوں سے محفوظ رہا جا سکے۔ "ہائیپریکم"

ورم جلدی ابھاروں کی وجہ سے
INFLAMMATION DUE TO ERUPTIONS ON SKIN

جلدی ابھاروں کی پُر درد سوجن مریض اس کو چھوا جانا برداشت نہ کر سکے۔ جب پیپ بن چکی ہو یا بن رہی ہو۔ "ہیپر سلف" کو "مرک سال" کے بعد دینے سے عموماً بہت مفید نتائج حاصل ہوتے ہیں۔ خصوصاً پھوڑوں اور ورمی سوجن میں۔ "ہیپر سلف"۔

آنکھوں کے پپوٹوں کا ورم۔ پلکوں کے بالوں کا گرنا اور ایگزیما
INFLAMMATION OF EYELIDS LOSS OF LASHES AND ECZEMA

۱۔ آنکھوں کی پلکوں کے بال گرنے کے لئے۔ "پٹرولیم"۔

۲۔ آنکھوں کے پپوٹے متورم اور سرخ "گریفائٹیس"۔

۳۔ آنکھوں کے پپوٹے سوجے ہوئے جن پر ایگزیما ہو اور ان سے سخت

کھرنڈ اتریں۔ "میزیریم"۔

گردے کا ورم
INFLAMMATION OF KIDNEY

ا۔ خون میں یوریا کی زیادتی جس کے ساتھ بے ہوشی ہو، پتلیاں پھیلی ہوئیں تشنج۔ "ہیلی بورس" ۳۰ طاقت میں دو گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ گردے کی دانے دار تنزلی، گنٹھیا دی گردہ۔ "پلمبم"۔

ورم مقامی
INFLAMMATION LOCALISED

مقامی ورم کے لئے جس کے ساتھ بہت زیادہ سرخی اور سوزش پائی جائے۔ "بیلاڈونا" ایسے ورم کی اولین دوا ہے۔ یہ کوئی بات نہیں کہ ورم کہاں واقع ہے۔ خواہ گلے میں ہو یا سر میں یا کسی دوسری جگہ۔ ہلکی سی کھڑکھڑاہٹ یا بستر کے ہل جانے سے بھی متورم حصّہ میں درد ہوتا ہو۔ "بیلاڈونا" میں کافی حد تک مقامی ورم پایا جاتا ہے۔ "بیلاڈونا" موازنہ کریں "اکونائٹ" سے۔

انفلوئنزا، مزمن ناک کا نزلہ
INFLUENZA OLD NASAL CATARRH

بار بار ہونے والا بخار اور پسینہ، عام کمزوری، سر درد، بھوک کا ختم ہوجانا "آرسینک آیوڈائیڈ، جلسی میم اور یوپے ٹوریم پرف" ہر دوا تیس طاقت میں ادل بدل کر تین چار مرتبہ روزانہ دیں، جبکہ دوسری ادویہ فیل ہو جائیں۔ کسی بھی درجہ میں استعمال کی جا سکتی ہیں۔

۲۔ معدے کی علامات کے ساتھ گلے میں دکھن، قے جس کے ساتھ چکناہٹ ہو۔ "سنا مونیم اور کیڈ میم سلف" ہر ایک تین سے تیس طاقت میں ہر دو گھنٹے کے وقفہ سے۔ ڈاکٹر نیش کا کہنا ہے کہ "کیڈ میم سلف" ۳۰ اور "سنا مونیم" ۳۰ ہر دو گھنٹے کے بعد یکے بعد دیگرے دیں۔

ورم زخمی اعصاب کا
INFLAMMATION OF NERVE INJURED

جب اعصاب سے بھرپور حصّہ مثلاً انگلی کا سرا یا پاؤں کی انگلی کا سرا

زخمی ہو جائے یا اس میں کوئی کیل چبھ جائے یا عصب ہتھوڑے وغیرہ سے کچلا جائے اور عصب میں ورم کی علامات کا اظہار ہو اور درد عصب کے ساتھ ساتھ اوپر کو جاتا ہوا محسوس ہو تو "ہائیپریکم" دوا ہے۔

ورم میں پیپ بننے کا رجحان ہو
INFLAMMATION TENDING TO PUS

"سلیشیا" ورم میں پیپ بننے کے رجحان کو ختم کر دیتی ہے۔ ہڈیوں ٹشوز اور غدودوں کا ورم۔ سلیشیا پیپ بننے سے بچاتی ہے اور عموماً "ہیپر سلف" کے بعد دی جاتی ہے۔ زخموں سے ہونے والے اخراج کو شفایاب کرنے کے لئے جو "ہیپر سلف" نے بنائے ہوں، اور پھوڑے پھٹ چکے ہوں "سلیشیا"۔

ڈاکٹر نیش کے مطابق ورم کی ادویہ میں "سلیشیا" اول نمبر کی دوا ہے۔ ایسے ورموں میں جن کا اختتام پیپ بننے کے عمل پر ہو۔

ورمی پیچیدگیاں زخموں میں
INFLAMATORY COMPLICATION IN THE WOUNDS

"لیڈم" نہ صرف زخموں میں ورمی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھتی ہے بلکہ گودا لگنے کے سے دردوں سے بھی بچاتی ہے جو کہ اعصاب کے زخمی ہو جانے سے قدرتی طور پر ہوتے ہیں۔ "لیڈم"۔

انفلوئنزا کھانسی کے ساتھ
INFLUENZA WITH COUGH

بہت زیادہ کھانسی اور بلغم کے ساتھ۔ جبکہ آنکھوں میں سوزش ہو۔ "یوفریزیا"۔

انفلوئنزا بخار کے ساتھ
INFLUENZA WITH FEVER

۱۔ بخار کھانسی کے ساتھ، کھانسی سردی کے درجہ کے شروع ہونے پر ہوتی ہے اور اسی وقت ختم ہوتی ہے۔ جب درجہ حرارت بڑھتا ہے۔ "رسٹاکس"۔

۲۔ بخار سردی کے ساتھ جس کے بعد قے اور ہڈیوں میں درد ہوتی ہو تو

"یوپے ٹوریم پرف" EUPATORIUM-PERF

۳۔ تیز بخار، ناک بند، خشک کھانسی۔ "کاسٹی کم" ایک ہزار طاقت۔

۴۔ ناک سے پانی کی مانند اخراج۔ عضلات میں اور سر میں درد۔ "جلسی میم"

۵۔ "سلفر" ۲۰۰ انٹر کرنٹ ریمیڈی کے طور پہ صبح سویرے خالی پیٹ دینا مفید ہوتی ہے۔

۶۔ ذہنی ابتری، سانس بدبودار، بے چین، گلا پہ درد، دائیں کان میں درد، زہریلا پن، پیاسا، تمام جسم میں شدید درد۔ "بوریکس"

۷۔ سکون سے لیٹا رہنا چاہیے۔ حرکت کرنے سے درد میں اضافہ، زبان پر گاڑھی سفید رنگ کی تہ، سر درد کو دباؤ سے آفاقہ ہوتا ہے۔ قبض، بھوک نہیں لگتی، کھانسنے سے چھاتی میں درد۔ "برائی اونیا"

۸۔ بخار آہستہ آہستہ بڑھتا ہے، بے چینی، متواتر حرکت کرنے سے اور حالت بدلنے سے آفاقہ، نیند بے سکونی کی، زبان چمکیلی سرخ، چھینکوں کے دورے کھانسی جس کے ساتھ چھاتی میں درد ہو۔ پیٹ میں شدید درد۔ "رسٹاکس"

۹۔ بہت زیادہ بخار، بے چینی، گرمی محسوس کرے لیکن ہوا کے جھونکے سے حساس سر سے پاؤں تک تمام جسم میں درد۔ منہ خشک جس کے ساتھ ٹھنڈے پانی کی کافی مقدار میں پیاس، ناک سے گاڑھے مواد کا اخراج، کانوں میں گھنٹیاں بجیں۔ آنکھوں میں درد معدے کی خرابی، درد ٹانگوں میں شروع ہو کر اوپر کی جانب بڑھے۔ درجہ حرارت اور نبض کی رفتار میں بہت واضح فرق ہو۔ "پائیروجینم"

۱۰۔ انفلوئنزا بخار کا اچانک حملہ جس کے ساتھ سردی لگے، سر میں ٹپکن دار درد اور بہت زیادہ بے چینی۔ "اکونائٹ"

۱۱۔ انفلوئنزا بخار جس کے ساتھ بہت زیادہ چھینکیں آئیں جو تمام جسم کو ہلا دیں گلا سوجا ہوا اور سر میں درد۔ "سباڈیلا"

انفلوئنزا جس کے ساتھ ناک بہتی ہو
INFLUENZA WITH RUNNING OF NOSE

ناک کا بہنا، اخراج پتلا پانی کی مانند اور خراشدار، ناک بند محسوس ہو، چھینکیں آئیں جن سے آفاقہ نہ ہو

انفلوئنزا کے لئے مخصوص دوا ہے "آرسینکم البم"۔

INFLUENZA POST WEAKNESS انفلوئنزا کے بعد کمزوری

ڈاکٹر ڈیوی ٹانک کے طور پہ "فاسفورس" کی سفارش کرتے ہیں۔

انفلوئنزا سے بچاؤ
INFLUENZA PREVENTIVE

ڈاکٹر گوہا "تھوجا ۲۰۰" ہفتہ میں ایک مرتبہ اور "جلسی میم" ۳۰ روزانہ تین مرتبہ۔ انفلوئنزا کی وبا کے دوران بچاؤ کے لئے استعمال کراتے ہیں۔ حملہ کے دوران "جلسی میم ۲۰۰" تین مرتبہ روزانہ دینی چاہیئے۔ نویل پوڈی خاٹ "آرسینکم البم" ہر رات کو اور صبح بچاؤ کے لئے دینے کی سفارش کرتے ہیں۔ انفلوئنزا کے علاج کے لئے مندرجہ ذیل ادویات علامات کے مطابق دینی چاہیئں۔

"ایکونائٹ" سے علاج کا آغاز کریں اور اس کو "مرک سال" ۳۰ کے ساتھ ادل بدل کر دیں۔ "رسٹاکس اور بیلا ڈونا" بھی انفلوئنزا کے لئے استعمال ہوتی ہیں انفلوئنزا کی وبا کے دوران اس سے محفوظ رکھنے والی ادویہ کے طور پہ مندرجہ ذیل ادویہ ہندوستان ٹائمز میں شائع ہوئی تھیں۔

"آرسینکم البم" شفا بخش دوا کے طور پہ اور "انفلوئنزینم" ۳۰۔ دیگر ادویہ جن کی سفارش کی جاتی ہے ان میں "یوپے ٹوریم پرف، ایلیم سیپا، جلسی میم اور بپ ٹیشیا" شامل ہیں۔

انفلوئنزا سے محفوظ رکھنے والی
INFLUENZA PROPHYLACTIC

تھوجا ۲۰۰ ہفتہ میں ایک مرتبہ اس کے ساتھ روزانہ ایک خوراک جلسی میم ۳۰ استعمال کرنی چاہیئے اور

وبا کے پورے دورانیہ میں ایسے کرتے رہنا چاہیئے۔ یہ دونوں ادویہ انفلوئنزا سے محفوظ رکھتی ہیں۔ "بپ ٹیشیا x ۳" اور ۳۰ بھی مفید ہے

زخم یا چوٹ
INJURY

چوٹ لگنے کے ابتدائی درجہ میں "آرنیکا" بہت مفید دوا ہے جبکہ متاثرہ جگہ پہ رگڑ آئی ہو اور شدید درد ہو جو ہائیپریکم کی مانند عصب کے ساتھ اوپر کو نہ چلتا ہو۔

۲۔ نرم حصے کے اعصاب میں کیل، سوئی یا دال پن وغیرہ چبھ جائے۔ نیز کیڑوں کے ڈنگ یا جانوروں کے کاٹ جانے کے لئے بھی۔ "ہائیپریکم"۔

۳۔ جب کسی آدمی کے نیچے سے بیٹھتے وقت کرسی کھینچ لی جائے اور وہ گر پڑے جس کے سبب بازوؤں کا یا ٹانگوں کا فالج ہو جائے۔ "رسٹاکس"۔

۴۔ حاملہ عورت گر جائے اور درد محسوس کرے تو۔ "آرنیکا"۔ اگر درد شدید ہو جائے تو پھر "کیمومیلا" "آرنیکا" کے بعد دینی چاہیئے۔

۵۔ زیادہ بوجھ اُٹھانے سے قدم غلط جگہ پڑ جانے سے زور لگ جائے تو "آرنیکا اور رسٹاکس"۔

۶۔ موچ آنے کے بعد پاؤں میں سوجن ہو۔ ڈاکٹر ہیرنگ کا کہنا ہے کہ "بودسٹا" پانی پڑ جانے کی سی پاؤں کی سوجن کے لئے مفید ہے۔ خواہ یہ موچ آنے کے بعد ہوئی ہو۔ "بودسٹا"

۷۔ ہڈی ٹوٹ جانے سے درد ہوں۔ جب درد ناقابلِ برداشت ہوں تو پہلے "کیمومیلا" دیں۔ اس کے بعد "ہائیپریکم" اس کے بعد کے درد میں "روٹا"، کالچی کم، اور مرک سال" مفید ہیں۔

۸۔ ٹوٹی ہڈی کے جڑنے میں مدد کے لئے "سمفائیٹم" دیں۔ اور کیلس کی نشوونما کو بڑھانے کے لئے "کلکیریا فاس"

۹۔ موچ آنے کے بعد لنگڑے پن کے لئے خصوصاً کلائی اور ٹخنے میں "روٹا"۔

۱۰۔ جل جانے کے لئے ڈاکٹر ہیرنگ کا کہنا ہے کہ کینتھرس مدر ٹنکچر پانچ سے

...قطرے آدھے گلاس پانی میں ملا کر خارجی طور پہ لگانے سے بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ اندرونی استعمال کے لئے "کینتھرس اور کیپسی کم" کا استعمال جلن کو ...بجھانے کے لئے بہت مفید ہے

اگر ہاتھ اور پاؤں یا پورا جسم بہت زیادہ سوج جائے تو "کلکیریا کارب"۔ مزمن ...کے لئے "کاسٹی کم" مفید ہے۔

زخم۔ بچوں کے جن میں پیپ بن جانے کا رجحان ہو
INJURY CHILDREN TENDING TO FORM PUS

چھوٹے سے زخم میں بھی پیپ بن جاتی ہو۔ خصوصاً بچوں میں۔ "ہیپر سلف" ...تجویز کریں "سلیشیا اور کلکیریا کارب" سے۔

زخم۔ عضلات کے سکڑ جانے کا سبب بنے
INJURY CAUSING CONTRACTURE

کسی زخم یا عفونتی تکلیف کی وجہ سے عضلات اور پٹھے سکڑ جائیں تو یہ دوا اونچی طاقت میں استعمال کرنے سے ایسی سکڑن کو ختم کر دیتی ہے۔ "کاسٹی کم"۔

زخم آنکھوں کا
INJURY EYE

کسی کند چیز سے جو آنکھ میں گھس جائے تو اس دوا کا کوئی ثانی نہیں ہے۔ مدر ٹنکچر اندرونی اور خارجی طور پہ استعمال کرنی چاہیئے۔ "سمفائیٹم"۔

زخم۔ انگلی پر جو بغل میں ورم کا سبب بنے
INJURY TO FINGER CAUSING INFLAMATION IN ARM PIT

انگلی کا زخم جس کی وجہ سے بغل میں کبوتر کے انڈے کے برابر ورم ہو جس میں سختی پائی جائے۔ بہت زیادہ بے چینی اور درد، "ہیپر سلف" ۶ طاقت میں ہر دو گھنٹے بعد اور "اکونائٹ" ۳ سوتے وقت۔

زخم۔ ہڈی کا ٹوٹ جانا
INJURY FRACTURE

ہڈی کے جڑنے میں مدد دیتی ہے اور ہڈی کی ٹوٹی ہوئی جگہ پر پیدا ہونے والی سوزش کو روکتی ہے۔ "سمفائیٹم"۔

زخم یا چوٹ سر کی جو حادثہ کے سبب ہو
INJURY HEAD CAUSED BY ACCIDENT

سر درد جو بہت شدید ہو۔ مریض کسی چیز پر دھیان نہ رکھ سکے اور نہ کوئی کاغذی کام کر سکے اور نہ ہی سفر کر سکے۔ "نیٹرم سلف" چوٹ یا زخم کے مابعد کی ادویہ میں سے ایک عمدہ دوا ہے۔

۲۔ سر کی چوٹ کے بعد سر میں درد۔ ایسے زخم یا چوٹ کے لئے عموماً "اوپیم" دی جاتی ہے۔

۳۔ کسی مریض کی کھوپڑی کی ہڈی ٹوٹ جائے۔ اس کے بعد شدید سر درد ہو لیکن ٹوٹی ہوئی جگہ سے کوئی دباؤ نہ ہو۔ "نیٹرم سلف"۔

زخم کو گلنے سڑنے سے روکنا
INJURY PREVENTING FROM PUTRIFICATION

"کیلن ڈولا" چھلے ہوئے یا پیپ پیدا ہونے والے زخم کو گلنے سڑنے سے بچاتی ہے اور زخمی حصّے کی قوت مدافعت بحال کرتی ہے۔ خصوصاً جبکہ حصّہ ٹوٹا ہوا ہو۔ ڈاکٹر ایم۔ جی۔ بلیک۔

زخمی ٹنٹھ
INJURY STUMP

یہ دوا کسی عضو کے کاٹ دینے کے بعد ٹنٹھ کی سوزشی حالت کے لئے بھی مفید ہے۔ "سمفائیٹم"۔

پاگل پن
(INSANITY)

"آرم میٹ" پاگل پن کی دوا ہے اور پاگل پن جو ذہنی بے راہ روی کی وجہ سے شروع ہو۔ ایسی نوعیت کا پاگل پن یا تو کافی عرصہ سے رہنے والی پریشانی یا غیر معمولی

ذمہ داری یا جائیداد کے بہت نقصان اور آخر کار وراثت میں ملے ہوئے سفلس کی وجہ سے ہوتا ہے۔ پارے کا بے جا استعمال بھی اس کی ایک وجہ ہو سکتا ہے۔ "آرم میٹ" (اناکارڈیم، ہائیوسائیمس، سٹرامونیم اور بیلاڈونا) چار ستون ہیں جو دہمی ذہن کو اپنی اصلی حالت میں لاتی ہیں۔

۲۔ چیزوں کو تباہ کرنا چاہے، اپنے کپڑوں کو پھاڑ دے، زچگی کا جنون اور تشنج جس کے ساتھ ٹھنڈک اور ٹھنڈا پسینہ پایا جائے۔ "وریٹرم البم"۔ ڈاکٹر ہانین کے مطابق "وریٹرم البم" ایک تہائی پاگل پن کے مریضوں کو شفایاب کرتی ہے۔

۳۔ مریض باتونی، جھگڑالو، بے چین ہوتا ہے اور کپڑا اوپر نہیں لینا چاہتا بے وقوفانہ ہنسی، جسم کو ننگا کرنا چاہے، جنسی اعضاء کو ننگا کرے اور فحش گانے گائے۔ "ہائیوسائیمس"۔

۴۔ کسی قسم کا بھی جنون ہو جو جنسی خواہش کو بڑھائے۔ "برائٹا میور"۔

۵۔ مریض دور بھاگنا چاہے، اپنے آپ کو مارنا چاہے، دوسروں کو مارنے کی دھمکی دے، فرار کا جنون۔ "ملی لوٹس"۔

۶۔ پاگل پن نوجوان لڑکیوں میں جو حیض کی خرابیوں کے ساتھ ہو تو مفید دوا ہے۔ "تھائیرائیڈ ینم"۔

۷۔ پاگل پن مشت زنی کی وجہ سے ہو، طعن و ملامت کرنا چاہے۔ اور ہر ایک کو گالیاں دے جو اس کی پہنچ میں ہو۔ "سٹافی سیگیریا"۔

۸۔ کوئی خاص نام سننے سے اور کسی خاص چیز کو دیکھنے سے بے قابو ہو جائے۔ "کالی برومیٹم"۔

۹۔ پاگل پن، سخت غصہ میں بے قابو، اپنے بہت پیارے دوست یا کسی رشتہ دار کو مارنے کے لئے چھوٹ پڑے اور اس کے فوراً بعد پچھتائے، "ہائیکروکس" اہم دوا ہے۔

۱۰۔ مریض بار بار اپنے ہاتھوں اور پاؤں کو دھوتا رہے "سفلینم سی ایم"
اگر مریض بار بار ٹھنڈے پانی سے نہانا پسند کرے تو ان ادویہ میں سے کوئی
ایک دینی چاہیئے۔ "پلساٹیلا، اسارم اور آرجنٹم نائیٹریکم"

کیڑے مکوڑوں کا کاٹنا یا ڈنگ مارنا
INSECT BITES OR STINGS

۱۔ کاٹنے کے بعد بہت زیادہ سوجن اور ورم، دکھن اور ذکی الحسی کے لئے "ایپس ملی فیکا"

۲۔ زہریلے کیڑوں کے ڈنگ۔ "آرسینکم البم"

۳۔ کیڑوں یا مچھروں کا کاٹنا شدید درد، زخم کی وجہ سے کزاز (ٹیٹنس) "لیڈم"

جوڑوں کو درست کرنا INSERTION OF JOINTS

مفید دوا ہے "روٹا"

بے خوابی
INSOMNIA

۱۔ نیند کا نہ آنا، بچہ رات کو چلائے "سائی پری پیڈیم"

۲۔ بے چین اور جاگتا رہے۔ کمزوری کے نتیجہ میں خصوصاً کمزور، بچوں اور بوڑھے لوگوں میں اور ذہنی طور پہ پریشان اور زیادہ کام کرنے والوں کے لئے جن میں تشنج کا رجحان پایا جائے۔ "پیسی فلورا" مدر ٹنکچر ۳۰ سے ۶۰ قطرے کئی بار دوہرانے چاہیئیں۔

۳۔ جاگتا رہے۔ صبح تین بجے تک سوئے اور اس کے بعد صرف اونگھتا رہے۔ نیند میں خوابوں سے خلل پڑے۔ ذہنی کاموں کی وجہ سے نیند نہ آئے۔ نیند میں مقعد کی خارش کی وجہ سے خلل پڑے۔ "کافیا کروڈا"

۴۔ سونے کے بالکل ناقابل، خواب بھیانک قسم کے، نیند کے لئے لیٹنے پہ حواس باختہ ہو جائے جس کے ساتھ سردی لگے۔ "ڈفنی انڈیکا"

۵۔ ہسٹریکل لوگ جو بہت جلد جوش میں آجاتے ہوں اور جن کو معدے کی تکالیف اور پریشانیاں ہوں۔ "امبرا گریسیا"

۶۔ اعصابی مزاج کے لوگوں کے لئے جو سابقہ بیماری سے بہت کمزور ہو چکے ہوں

"جانا آرس" ۶ یا ۲۰۰ طاقت ہیں۔

۷۔ وہ لوگ جو افسردہ ہوں اور درد میں مبتلا ہوں۔ "کالی فاس" ۲۰۰ اور "میگنیشیا فاس" ۲۰۰ یکے بعد دیگرے۔

۸۔ ان لوگوں کے لئے جو چائے پینے کے عادی ہوں۔ "ویلریانیکم" ۳۰ اور "اکواریجیا" ۳۰ یکے بعد دیگرے۔

۹۔ مریض کو "جلسی میم" ۱x ایک خوراک سونے سے آدھا گھنٹہ قبل اور ایک خوراک سوتے وقت کھانی چاہیئے۔ اگر وہ رات کو جاگتا ہے تو اس کو یہ دوا اس وقت ہر آدھے گھنٹہ بعد کھانی چاہیئے۔ جب تک کہ وہ دوبارہ سو نہ جائے۔

بے خوابی ، نیند ناممکن
INSOMNIA - SLEEP IMPOSSIBLE

بے چین، سونا اس کے لئے ناممکن ہو پیٹ میں کھچاؤ، جس کو پاخانہ کرنے سے قدرے سکون ہو یا ہوا کے اخراج سے آفاقہ آنتوں میں اعصابی اینٹھن، سانس لینے میں دشواری۔ "مدر ٹنکچر لیکٹو سا وائی روسا" پانچ مرتبہ روزانہ۔

توہین ، اور اس کے اثراتِ بد اور سخت شرم
INSULT - BAD EFFECTS OF INSULT AND MORTIFICATION

مالیخولیا اور سخت شرم کی وجہ سے یاد داشت کا ضائع ہو جانا، ہر بات کو غلط پہلو سے لے، سخت غصے میں آجائے اور غیر مہذب زبان استعمال کرے "اناکارڈیم"۔

۲۔ چلانے اور بھڑنے کا میلان، ناراض، انتہائی چڑچڑاپن، پیٹ کا شدید درد، اسہال اور قے، ہر وقت جب بھی غذا کھائے۔ بے خوابی۔ "کالوسنتھ"۔

۳۔ خیالی تکلیف پر کڑھتا رہے۔ اکیلے رہنے کو ترجیح دے، خاموشی سے بیٹھے اور خلا میں گھورے۔ نیند میں دیر اور بے چینی ہو، کھانے کی خواہش نہ ہو۔ "اگنیشیا"۔

۴۔ متکبر اور اپنے متعلق اونچی رائے قائم کرے۔ دوسروں میں خامیاں نکالے مفید دوا ہے۔ "پلاٹینا"۔

۵۔ زخمی ہونے کے بعد متکبر، اتنی تعریف نہ حاصل کر پائے جتنی کہ دوسروں سے اس کو توقع ہو۔ اثر آفرین زبان استعمال کرے اور شدید جذبات کا اظہار کرے۔ "پلاڈیم"۔

نوبتی بخار INTERMITTENT FEVER

۱۔ نوبتی، شام کے قریب سردی لگے جس کے ساتھ ہلکی یا شدید پیاس ہو اور پسینہ آنے کے بعد بہت زیادہ کمزوری ہو۔ "چینی نم سلفیوریکم"۔

۲۔ بچوں میں ملیریا کی حالتوں میں، سردی پاؤں سے شروع ہو۔ مریض سردی کے دوران چاہتا ہو کہ اس کو پکڑ کے رکھا جائے تاکہ وہ ہلنے سے بچ سکے۔ سردی کا مخصوص وقت دوپہر کو ہے۔ غنودگی، چکر آنا اور اداسی۔ پیاس واضح نہیں ہوتی۔ "جلسی میم" اہم دوا ہے۔

۳۔ تلی اور جگر بڑھے ہوئے، سردی تقریباً صبح دس بجے شروع ہو جس کا آغاز کمر سے ہو، بہت زیادہ پیاس لگتی ہو، ہڈیوں میں درد، سر درد اور کمزوری سانس کا پھول جانا، ہونٹوں پہ بخار کے چھالے، زبان پہ سفید تہہ جمی ہوئی ہو، دن کو سو جائے اور رات کو نیند نہ آئے۔ "نیٹرم میور"۔

۴۔ سردی کا غلبہ ہو، شدید پیاس، پانی پینا تکلیف میں اضافہ کا سبب بنے حرارت کے درجہ میں پیاس نہیں ہوتی۔ "کیپسی کم"۔

نوبتی بخار سے محفوظ رکھنے والی INTERMITTENT FEVER PROPHYLACTIC

"آرسینکم البم" یا "چائنا سلف" رات کو اور صبح کے وقت لینی چاہیئے۔ در اصل اس کو لمبے عرصہ تک جاری رکھنا چاہیئے۔

نوبتی بخار، تیسرے روز کا یا روزانہ
INTERMITTENT FEVER TERTIAN OR QUOTIDIAN TYPE

"چائنا آف" نوبتی بخار میں مفید ہے خواہ یہ روزانہ ہوتا ہو یا دوسرے روز یا تجاری، (تیسرے روز) یا بخار کا دورہ ساتویں یا چودھویں دن ہو جو چند گھنٹے رہے اور سردی کے ساتھ شروع ہوتا ہو۔ "چائنا آف"۔

دودھ برداشت نہ کر سکے
INTOLERANCE OF MILK

دودھ کسی بھی شکل میں برداشت نہ کر سکے۔ جونہی یہ پیا جائے دہی کی مانند جما ہوا قے ہو جائے۔ اس کے بعد کمزوری جو غنودگی کا سبب بنے۔ "ایتھیوزا"۔ موازنہ کریں "میگنیشیا کارب" اور "نیٹرم کارب" سے۔

بچوں میں پاخانہ کا نادانستہ طور پر خارج ہونا
INVOLUNTARY STOOL OF CHILDREN

بچوں میں پاخانہ کا نادانستہ اخراج۔ خواہ یہ سخت ہی کیوں نہ ہو بچہ تمام دری پہ پاخانہ کر دیتا ہے اور اس کو علم بھی نہیں ہوتا کہ اس نے ایسا کیا ہے۔ "ایلو"۔

آنکھ کے انگوری پردے کا ورم
IRITIS

آنکھ کے سفید پردے کا حاد اور مزمن ورم، آنکھوں میں مطابقت کا فالج، آنکھ کے پردہ شبکیہ (ریٹینا) میں اجتماع خون جس کے ساتھ تطابقت کی کمزوری ہو۔ آنکھ کے اوپر درمیان اور رخساروں میں درد۔ "ڈوبوائیسیا"

حیض کے اخراج میں بے قاعدگی
IRREGULARITY OF MENSTRUAL FLOW

یہ بہت زیادہ ہو، دب جائے یا کم مقدار میں ہو، پورے دورانیہ

میں شدید درد۔ جتنا اخراج زیادہ ہو اتنا ہی درد بھی شدید ہوتا جائے تو اس کے لئے مفید ہے۔ "اکٹیا ریسی موسا"

بچے کا چڑچڑا پن
IRRITABILITY OF CHILD

بچہ بلا کسی وجہ کے روئے اور چلائے یا بخار کے ساتھ یا اسہال کی وجہ سے یا دانت نکلتے وقت یا کسی اور تکلیف سے یا اگر بچہ کوئی چیز مانگے اور جب دی جائے تو دور پھینک دے، ایسے بچے صرف اٹھائے پھرنے سے خوش ہوتے ہیں۔ بچہ بہت بے سکون اور ادھر اُدھر ٹھوکریں مارے۔ "کیمومیلا" بچوں کے چڑچڑے پن اور دوسری علامات کے لئے بہت مفید دوا ہے۔ "کیمومیلا"۔

خارش جسم کے مختلف حصّوں میں
ITCH IN DIFFERENT PARTS OF BODY

۱۔ شدید خارش جس میں بستر کی گرمی سے اضافہ ہو تو مفید ہے۔ "سورائینم"۔

۲۔ مٹر کے دانے کے برابر چھالے جو جسم کے مختلف حصّوں پر ہوں۔ ہلکے سے زخم یا خراش میں پیپ پڑنے کا رجحان پایا جائے۔ "ہیپر سلف" کی ایک خوراک رات کو اور ایک صبح کے وقت دیں۔

۳۔ چھوٹی سی خارش کرنے والی پھنسیاں زخم کی شکل اختیار کر جائیں "مرک سال" ایک خوراک رات کو اور ایک صبح۔

۴۔ جوڑوں کی جلد کی تہوں میں خارش خصوصاً ٹخنوں کے جوڑوں میں "سیلینیم"

۵۔ کھوپڑی میں شدید خارش جیسا کہ جوؤں سے ہو، کھرچنے کے بعد درد ہو۔ "اولینڈر"۔

۶۔ ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر چھالے اور خارش۔ "اناگیلس"۔

۷۔ کھرنڈ دار پھنسیاں جن میں شدید خارش اور جلن ہو اور ایک دوسری کے بہت قریب ہوں اور آپس میں مل جائیں۔ آنکھوں کے گرد پھنسیاں اور خارش خصوصاً اعضائے تناسل پر، خصیوں کی تھیلی اور عضو تناسل پر۔ "کروٹن ٹگلیم"۔

خارش پر خارجی استعمال کے لئے
ITCH APPLICATION EXTERNAL

"کیلن ڈولا" زیتون کے تیل میں ایک اور دس کی نسبت سے ملا کر خارش والی جگہ پر ملنا چاہیئے۔

خارش مقعد کی
ITCHING ANUS

مقعد میں جلن اور خارش جو نیند کو اچاٹ کر دے۔ خارش بہت زیادہ ہوتی ہے اور مریض مایوس ہو جاتا ہے۔ مقعد میں انگلی پھیرنے پر مجبور ہوتا ہے۔ خارش اس قدر شدید ہوتی ہے کہ مریض کا دھیان مقعد پہ ہی رہتا ہے ٹھنڈی چیزیں لگانے سے خارش میں افاقہ ہوتا ہے۔ جبکہ مرہم لگانے سے جلن بڑھ جاتی ہے۔ "ایلو" خارجی طور پہ "ہائیڈراجائیرم" لوشن لگائیں۔

۲۔ بچوں کی مقعد کی خارش اور سُرخی کے لئے۔ "سلفر"

خارش جگہ بدلے
ITCHING CHANGING

بغیر ابھاروں کے، کھُرچنے پر جگہ بدلے۔ مفید دوا ہے۔ "اگاری کس"

خارش بہت زیادہ رنجیدہ کرنے والی
ITCHING DISTRESSING EXTREMELY

رنجیدہ کر دینے والی خارش کے لئے عمدہ دوا ہے "سلفیورک ایسڈ" جس میں سرسراہٹ اور چیونٹیاں چلنے کا احساس ہو۔ جو کہ جسم کی جلد کی مزمن درم پیدا کرنے والی بیماری جس میں زرد رنگ کے چھوٹے چھوٹے چھالے ہوتے ہیں میں پایا جاتا ہے۔ نیز یہ دوا جلدی تکالیف جن میں سخت قسم کے چھالے جو جلد پر مبالغہ آمیز قسم کے نشان چھوڑ جائیں۔ ایسے چھالے بہت گہرے ہوتے ہیں اور بازوؤں اور ٹانگوں کے پھیلانے والی سطحوں پر بہت نمایاں ہوتے ہیں۔ یہ دوا اندرونی طور پہ دینی چاہیئے۔ یہ دوا مزمن خارش والی چھپاکی کے لئے بھی مفید ہے۔ "سلفیورک ایسڈ"

خارش زنانہ اعضاء تولید کی
ITCHING FEMALE ORGANS

اعضائے تولید پہ شدید خارش جس کے ساتھ حیض کے دوران فرج کے لبوں کی سوجن پائی جائے، مفید دوا ہے۔ "امبرا"

خارش مونچھوں کی داد کے ساتھ
ITCHING ON MOUSTACHES WITH RING WORM

" ملاحظہ ہو داد میں خارش۔ اور مونچھوں پر داد۔

خارش شدید
ITCHING INTENSE

شدید خارش، لیکن مریض کھرچ نہ سکے۔ کیونکہ کھرچنے سے درد ہوتا ہے اور کھرچنا برداشت نہیں ہوتا۔ آہستہ آہستہ ملنے سے خارش پہ قابو پاتا ہے۔ چھالوں میں ڈنگ لگنے کے سے تیز درد۔ "کرو ٹن ٹگلیم"۔

خارش ناک کی
ITCHING OF NOSE

ناک کی بلغمی جھلیوں میں سرسراہٹ کا احساس، سرسراہٹ اور خارش کا احساس اس قدر شدید ہوتا ہے کہ ناک سے خون بہنے کے درد کو محسوس نہیں کیا جا سکتا۔ ناک کی خارش میں "آرم ٹرائی فیلم" کا مریض کہتا ہے کہ اس کی ناک اتنی گرم ہے جیسے آگ پر رکھی ہوئی ہو۔ ناک سے تیزابی اخراج ہوتا ہے۔ غدود اور گردن حتیٰ کہ پشت کان کے غدود متورم اور ان میں درد ہو۔ "آرم ٹرائی فیلم"۔

خارش کھرچنے سے جلن ہو
ITECHING SCRATCHING CAUSING BURNING

جلد کی فرحت بخش خارش جس کے ساتھ ابھار ہوں یا نہ بھی ہوں، کھرچنے کے بعد جلن پیدا کرے۔ "سلفر"۔

خارش بوڑھے لوگوں کی جلد کی
ITCHING SKIN OF OLD PEOPLE

ہاتھوں اور پاؤں پر بھی خارش ہو۔ "انٹی مونیم سلف"۔

خارش بغیر ابھاروں کے
ITCHING WITHOUT ERUPTIONS

بوڑھے لوگوں کی جلد حساس ہوتی ہے جس پر ناقابل برداشت خارش، جس کے ساتھ چھالے یا ابھار نہ ہوں۔

"بیرائٹا کارب"۔

کرخت آواز JAR

ہلکی سی کرخت آواز یا بستر کے ہل جانے سے بھی متورم حصے کے درد میں اضافہ ہو جاتا ہے۔
مقامی ورم میں۔ جب سوجن اور بہت زیادہ سرخی پائی جائے تو یہ دوا اولین حیثیت کی حامل ہے۔ "بیلا ڈونا"

یرقان JAUNDICE

۱۔ جگر اور پتے میں رکاوٹ یا پھیلاؤ کے سبب یرقان۔ جلد پیلی اور دائیں کندھے کی تکونی ہڈی کے نچلے زاویے کے نیچے متواتر درد، دل بڑھا ہوا، پتے کی پتھریوں کے لئے "چیلیڈونیم میجس" اس کو "سلفر" کے ایک دن بعد دینا چاہیئے۔ علاج "سلفر" سے شروع کریں۔

۲۔ یرقان جس کے ساتھ پیٹ کا پھول جانا، قبض، پاخانہ مٹیالے رنگ کا، ملائم، زرد اور چپکنے والا، زبان میلی، یرقان جس کے ساتھ حیض بند ہو جائے، تلی بڑھی ہوئی۔ جگر کی ایک واضح دوا ہے۔ "چیونتھس" "ڈاکٹر ڈیوی"۔

۳۔ یرقان بچوں کا خوف یا غصے کے سبب۔ "کیمومیلا"

۴۔ آنکھیں زرد، کھٹے ڈکار یا قے، ریاح اور زبان پر زرد رنگ کی تہہ جمی ہوئی ہو۔ "نیٹرم فاس"۔

۵۔ پاخانہ کبھی سفید اور کبھی سیاہ، منہ کا ذائقہ خراب، زبان پر تہہ جمی ہوئی دائیں طرف اور دائیں کندھے میں درد، جلد زرد، صفراوی قے اور اسہال کے دورے "آرم میوریٹیکم نیٹرونیٹم اس کو ویریٹیکا آنیٹینیلس کی اونچی طاقت کے بعد

دینا چاہیئے ۔ (ڈاکٹر نیش)

۶۔ یرقان جس کے ساتھ پتہ میں پتھریاں ہوں ، ضدی قسم کا جگر کا اجتماع خون جگر کا سرطان ۔ "کولسٹرنیم"۔

..یرقان مزمن JAUNDICE CHRONIC

مزمن قسم کا یرقان جس کے ساتھ صفراوی حالت پائی جائے زبان پر میل کی تہہ جمی ہوئی ، سانس بدبودار ، جگر کے حصے میں بھراؤ اور بھاری پن کا احساس ، پیٹ کے سارے حصے میں ٹانکے لگنے کے سے درد ، بدبودار ریاح کے لئے "ایلو" دیں۔

یرقان ۔ جگر سخت اور پر درد JAUNDICE LIVER HARD AND PAINFUL

۱۔ جگر سخت اور پر درد آنکھیں اور جلد زرد ، پاخانہ سفید یا ہلکے رنگ کا ، پیشاب سیاہی مائل زرد ، پیٹ کے دائیں حصے میں جگر کے قریب درد ، پیٹ میں ریاح کا پایا جانا۔ حاد یا مزمن یرقان ، خصوصاً بچوں میں۔ "چائنا"

۲۔ متلی اور قے ۔ زبان متورم اور اس پر دانتوں کے نشانات دکھائی دیں اس پر سفید یا زرد رنگ کی تہہ جمی ہوئی ۔ "ہائیڈراسٹس"

یرقان مُہلک JAUNDICE MALIGNANT

مہلک یرقان کے آخری درجہ میں جس کے ساتھ بخار اور بے چینی ہو اور تھوڑی سی مقدار میں پانی پینے کی پیاس پائی جائے "آرسینکم سلف" یا "کولسٹرنیم"۔

یرقان ، جگر پر درد JAUNDICE LIVER PAINFUL

جگر کا حصہ پر درد ، ملنے سے آفاقہ ، پیٹ میں بے سکونی ، پیٹ کے بل سکون سے لیٹ سکے ۔ "پوڈوفائیلم"

یرقان۔ جگر پہ درد جس کے ساتھ شدید بھوک ہو

JAUNDICE LIVER SORE WITH GNAWING HUNGER

جگر پہ درد، جس کو بائیں طرف لیٹنے سے آفاقہ ہو۔ پیٹ میں نیچے کی جانب بوجھ کا احساس، معدے میں شدید بھوک کا احساس اور مریض کچھ نہ کچھ ضرور کھاتا رہے۔ "سیپیا"

یرقان JAUNDICE

جو غصے، الکوحل یا جلاب اور دواؤں کے استعمال کے نتیجہ میں ہو، یرقان جو غصہ کے دورے پڑنے کے نتیجہ میں ہو۔ نیز جگر میں دورے، جگر میں اجتماع خون، جبکہ جگر میں ٹانکے لگنے کے سے درد اور دکھن پائی جائے۔ الکوحل کا زیادہ استعمال یا جلاب آور اشیاء کے استعمال کی ہسٹری پائی جائے۔ "نکس وامیکا"

نوٹ: نیٹرم سلف ۶x + نیٹرم فاس ۶x دو گولیاں مندرجہ بالا علاج کے ساتھ تین مرتبہ روزانہ دینی چاہییں۔ "ڈاکٹر بورک"

جبڑے کا ناسور یا کڑکڑ کرنا جس کے ساتھ رسولی کی پیدائش ہو، اور آسانی سے اپنی جگہ سے ہٹ جائے

JAW-CARIOUS OR CRACKING WITH GROWTH OF TUMOUR AND EASY DISLOCATION

۱۔ جبڑے کا گلنا سڑنا یا ناسور۔ "فاسفورس"۔ اگر یہ فیل ہو جائے تو پھر "سلیشیا"

۲۔ جبڑے یا جوڑوں میں کڑکن کی آواز۔ "رسٹاکس"

۳۔ جبڑے کے جوڑ میں درد جیسا کہ نگلتے وقت موچ آ گئی ہو۔ "آرم ٹرائی فیلم"۔

۴۔ جبڑے کا آسانی سے اتر جانا۔ "پیٹرولیم"

۵۔ جبڑے پہ پیدائشین۔ "تھوجا"

۶۔ جبڑے کی رسولی ۔" ہکلا لاوا ، پلمبم "۔

جبڑے میں فاسد مادے کی تھیلی بن جائے JAW CYST	جبڑے میں فاسد مادے کا جمع ہوجانا اور رخسار کی اندرونی جانب

سوجن ، یہ پر درد ہوتی ہے اور زیادہ سے زیادہ بڑھنا شروع ہوجاتی ہے۔ "سمفائیٹم"۔ ڈاکٹر بورک۔

جبڑے کی سوجن JAW SWELLING	دانت نکلنے کے بعد جبڑے کی سوجن جس میں شدید درد

ہو تو ۔" ہکلا لاوا "۔

بدگمانی JEALOUSY	ا۔ بدگمانی کے اثرات بد ، قتل کرنے کی کوشش کرے ۔سخت غصہ اور بے اعتمادی،

جنسی جنون کے ساتھ ۔" ہائیوسائیمس "۔ ایسی بدگمانی کا احساس رکھنے والی عورت کے لئے ۔" ایپس ملی فیکا "۔

ب : اگر مریض چڑچڑا اور کینہ پرور ہو اور اپنے مسائل کے متعلق بے اطمینانی کے ساتھ ہر ایک سے بات کرے ۔" لیکیسس "۔

۲۔ اگر مریض لوگوں کو مار دینے کا رجحان رکھتا ہو جن کی آج سے قبل وہ عزت کرتا ہو یا محبت کرتا ہو یا ان کو ذلیل سمجھتا ہو ۔" پلاٹینا "۔

جوڑوں میں مادہ کا جمع ہونا JOINTS DEPOSITE	جوڑوں میں مواد کا اجتماع ، گومڑ اور لوتھڑوں کے جمع ہوجانے سے جوڑ سخت ہوجائیں ۔ اس کے لئے اہم

دوا ہے ۔" روٹا ۳۰ "۔

خوشی JOY	بہت زیادہ خوشی کے اثرات۔ " کافیا کروڈا "۔

گردے کی تکالیف
KIDNEY AFFECTIONS

۱۔ گردے کا ورم جس کے ساتھ پیشاب دب جائے، ریڑھ کے حصے میں کاٹنے والا درد پیشاب قطروں میں خارج ہوتا ہے اور اس میں خون ملا ہوتا ہے، پیشاب کی بہت زیادہ بے سود حاجت "کینتھرس"

۲۔ ٹیری بنتھینا گردے کی بیماریوں کے ابتدائی درجہ میں بڑی بھروسے کی دوا ہے اور جب اجتماع خون واضح طور پہ پایا جائے اور جب کمر میں بہت زیادہ درد ہو جو کہ پیشاب کی نالی کے ساتھ جاتا ہو تو عموماً مفید ہوا کرتی ہے۔ گردے میں پانی پڑ جاتا ہے اور پیشاب خون آمیز ہو جاتا ہے۔ اس میں البیومن کا اخراج ہوتا ہے۔ "ٹیری بنتھینا"

۳۔ حمل کے دوران گردے کا ورم جس میں البیومن کا اخراج ہو "مرک کار"

۴۔ پیشاب میں چربی آنے کی حاد حالت کے لئے چہرے اور بازوؤں اور ٹانگوں میں پانی پڑ جانے کی سی سوجن، زردی، جلودر، سر میں درد، کمر میں درد، بازوؤں اور ٹانگوں میں درد، پیشاب میں بہت زیادہ البیومن کا اور خون کے ذرات کا پایا جانا، پیشاب کا دب جانا اور جلد پہ چھپاکی کی مانند چھالے ظاہر ہوں۔ "ایپس ملی فیکا"

۵۔ گردن میں ورلنے دار تنزلی، جس کے ساتھ خون میں زہریلے پن کے سے تشنج۔ "پلمبم"

۶۔ خون میں یوریا کے زہر کے پھیل جانے سے تشنج کے لئے بہت مفید دوا ہے۔ "کیوپرم میٹ"

۷۔ گردوں کی خرابیوں میں چہرے پہ سوجن کا ہونا عموماً پایا جاتا ہے۔ اگر اوپر کے پپوٹے سوجے ہوئے ہوں تو کالی کارب، اور اگر نچلے پپوٹے سوجے ہوں تو "ایپس ملی فیکا"

گردوں کا تیرنا
KIDNEY FLOATING

گردوں کے تیرنے کے لئے

"آرم میٹ اور کلکیریا فلور" مفید ہیں۔

گردوں کا فعل، ٹائیفائیڈ میں رک جائے
KIDNEY FUNCTION STOPPED IN TYPHOID

ملاحظہ ہو "ٹائیفائیڈ میں گردے کا فعل"

گردے سے پتھری کا نکالنا اور آپریشن سے بچنا
KIDNEY REMOVAL OF STONE AND AVOIDING OPERATION

ایک گردے کے حصے میں کھود نے کا سا، ٹانکے لگنے کا سا درد جو ایک نشان سے دونوں طرف یا اوپر اور نیچے کو جاتا ہے۔ تمام کمر متاثر ہوتی ہے جس میں بے سکونی اور سختی پائی جاتی ہے مریض اٹھنے میں دقت محسوس کرتا ہے مثانے میں جلن، گردے سے مثانے تک ٹانکے لگنے کا سا شدید درد، پیشاب عموماً زرد ہوتا ہے۔ جس کے ساتھ لیسدار مواد کا اخراج ہوتا ہے۔ اس میں خون بھی ہو سکتا ہے۔ ان تمام علامات کے ساتھ گردے کے لئے بالکل ممکن ہے کہ "بربیرس" دینے کے بعد پتھری کو خارج کر دے۔

گردے میں پتھری
KIDNEY STONE IN

مثانے میں شدید ٹانکے لگنے کے سے درد جو گردے سے بورپتھرا تک جائیں۔ جس کے ساتھ پیشاب کرنے کی بے سود حاجت پائی جائے۔ یہ گردے کے درد کے لئے اعلیٰ دوا ہے "بربیرس ولگیرس"۔

۲۔ تھکا دینے والا درد، لوٹ پوٹ ہو جائے۔ چیخ مارے اور کراہتا ہو پیشاب سرخ جس میں اینٹ کی مانند تلچھٹ ہو۔ "اوسی مم کین"۔

۳۔ اینٹھن پیدا کرنے والے درد جن سے لوٹ پوٹ ہو ملیک جگہ ٹھہر نہ سکے، گھومے پھرے۔ "ڈائیسکوریا"۔

۴۔ پیشاب کرنے کے بعد بہت جلد کیچڑ کی مانند گدلا ہو جائے۔ پیشاب

کے اختتام پر شدید درد، پیشاب میں سفید ریت، پیشاب پتلا کیچڑ کا سا، سفید برف کے گولے کی مانند، مثانے میں پیشاب کی حاجت کا متواتر پایا جانا، "سارسا پریلا"۔

۵۔ جب ساری دوائیں ناکام ہو جائیں تو "پریوا بریوا" مدر ٹنکچر گرم پانی میں پانچ قطرے ملا کر ہر آدھے گھنٹے بعد دینی چاہیئے۔

ب: ڈاکٹر جہار کا کہنا ہے کہ "پلساٹیلا، کینابس انڈیکا، سارسا پریلا اور لائیکو" نے ان کے ہاتھوں گردے کے درد کو قابو کرنے اور پتھری کے اخراج میں بہت حیران کن اثرات کا اظہار کیا ہے۔

۲۔ ڈاکٹر جوسٹ کہتے ہیں کہ بلا امتیاز مرض کہ کس نے گردے میں درد پیدا کیا ہے۔ "بیلا ڈونا اور کیمومیلا" یکے بعد دیگرے درد کی شدت کے دوران دینا مفید ہے۔

۳۔ ڈاکٹر پرسٹن جب چھوٹی کمر کے ساتھ ساتھ اور مثانے کے حصے میں درد ہو۔ پیشاب کرتے وقت جلن ہو اور یوریتھرا میں ورم محسوس ہو۔ پیشاب میں خون آئے تو اس دوا کا استعمال کرتے ہیں۔ "آرجنٹم نائیٹریکم"۔

۴۔ ڈاکٹر جیکب جیمز پتھری کو گردے سے مثانے میں خارج کرنے کے لئے "اپومیا" کا استعمال کرتے ہیں۔ ڈاکٹر ہیمپل نے گردے کے درد کے کافی کیس ریکارڈ کئے ہیں جن کو "کوکس کیکٹائی" سے شفایاب کیا گیا ہے۔

۵۔ جب پیشاب میں زیادہ مقدار میں پتھریاں پائی جائیں۔ گردے کے مقام پر شدید درد ہو، پیشاب میں بلغم ملی ہو، پیشاب کی متواتر حاجت پائی جائے تو یہ دوا دینی چاہیئے۔

"لیوپے ٹوریم پرپوریم"۔

۶۔ "گیلیم اپارین" پیشاب کے اعضاء پر بہت عمدہ اثر رکھتی ہے۔ بہت پیشاب آور دوا ہے۔ ڈراپسی میں اور گردے کی پتھریوں کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

گردے اپنا فعل چھوڑ دیں
KIDNEY CESSATION OF ITS FUNCTION

پیشاب کافی دیر سے رکا ہوا ہو یا گردے کا فعل مکمل طور پہ بند ہو جائے جس کے ساتھ اس کے منہ میں ڈنگ لگیں اور جلن ہو۔ "زنجیر"

۲۔ ایسے درد کے لئے جس کا دارومدار مثانے، پیشاب کی نالی یا گردے سے پتھری یا یورک ایسڈ وغیرہ کے اخراج پر ہو تو یہ دوا دیں۔ "ہائیڈرنجیا"

گردے تیرتے یا حرکت کرتے ہوں
KIDNEY FLOATING OR MOVING

اگر اس طرح کی پوزیشن ہو تو "کلکیریا آیوڈائیڈ" دیں اور اگر یہ فیل ہو جائے تو "سیپیا" دیں۔

دونوں گردوں کے فعل میں خرابی ہو
KIDNEYS BOTH DERANGED

پیشاب کی متواتر حاجت بنی رہے جو بعض اوقات ہٹ جائے، پیشاب گرم اور جلانے والا، پیشاب بھورے رنگ کا یا اینٹ کی دھول کی رنگت کی تلچھٹ، پاخانہ مکمل طور پہ بے رنگ، یرقان ہو جانے، نبض دھیمی جو تیزی میں بدل جائے (کبھی دھیمی کبھی تیز یکے بعد دیگرے) سانس لینا دشوار، جب باتیں کرتا ہو تو سانس لینے کی کوشش کرے، نبض کمزور، بہت زیادہ کمزوری اور طاقت کا کمزور ہوتے جانا بہت زیادہ متلی اور جگر بڑھا ہوا۔ "ڈیجی ٹیلس ۲۰۰" وقفے وقفے سے۔

گھٹنوں میں رگڑن اور کمزوری سوجن کے ساتھ
KNEES GRATING AND WEAKNESS WITH SWELLIN

۱۔ شدید کمزوری، درد اور رگڑن کا احساس "ڈائسکوریا"

۲۔ سخت ہو جانا، ڈکھن، درد اور سوجن۔ "بربیرس"

۳۔ گھٹنوں کی سوجن، ہاتھوں کے جوڑوں اور انگلیوں کے جوڑوں پر
"سلفر" دیں اور اس کے بعد "کلکیریا کارب"۔

۴۔ گھٹنے کا پھوڑا۔ "ٹیکسس باکاٹا"۔

۵۔ گھٹنوں کے جوڑ کا درد۔ "پلساٹیلا نٹالیانا"۔

۶۔ گھٹنوں کی کمزوری "کاکولس انڈیکا"۔

۷۔ گھٹنوں کی سفید سوجن۔ "کالی کارب"۔

۸۔ گھٹنوں میں کڑکن۔ "وائیلڈ بیڈ"۔

نشتر کا زخم KNIFE CUT

نشتر یا تیز چاقو کا زخم "سٹافی سگیریا"۔

ہومیوپیتھی کا نشتر KNIFE HOMOEOPATHIC

"مائیر سٹیکا سبی فیرا" ۳x سے اوپر کا استعمال عموماً نشتر سے محفوظ کر دیتا ہے۔ یہ دوا کاربنکلز، پھوڑوں اور فسچولا وغیرہ کے منہ کو کھول دیتی ہے اور ان کے لئے مخصوص ہے۔

وضع حمل کا درد اندھے پن کا سبب بنے LABOUR PAIN CAUSING BLINDNESS

مریضہ بچے کی پیدائش کے دوران اچانک اندھی ہو جائے۔ اس کو ایسا محسوس ہو کر کمرے سے تمام روشنیاں بند کر دی گئی ہیں۔ دردزہ ختم ہو اور تشنج شروع ہو جائیں۔ پیشاب کم مقدار میں اور اس میں البیومن پائے جائیں۔ ڈاکٹر کینٹ اس دوا کی سفارش کرتے ہیں۔ "کوپرم میٹ"۔

وضع حمل میں آسانی کے لئے LABOUR CONFINEMENT MADE EASY

اگر حاملہ بچے کی پیدائش سے ایک ماہ قبل اس دوا کا استعمال کرے تو پیدائش کے وقت کسی قسم کی پیچیدگی نہیں ہوتی اور وضع حمل آسان ہو جاتا ہے۔ "کالو فائیلم"۔

وضع حمل کے درد ، اصلی اور جھوٹے دردِ زہ میں فرق
LABOUR PAINS DISTINCTION BETWEEN TRUE AND FALSE PAINS

اصلی دردِ زہ TRUE LABOUR PAIN

۱۔ درد باقاعدگی سے آتا ہے اور چلا جاتا ہے اس کی سرعت اور شدت میں بتدریج اضافہ ہوتا ہے۔

۲۔ یہ درد کمر اور جنگاسوں میں واقع ہوتے ہیں۔

۳۔ یہ درد وضع حمل کی حالت کے مطابق نیچے کو بوجھ ڈالنے والے ہوتے ہیں۔

۴۔ یہ رحم کے انقباض سے ہوتے ہیں اور ان کی مزاحمت رحم کے منہ کو کھولنے میں مدد دیتی ہے۔

۵۔ ہر درد تھوڑے سے پانی کی مانند اخراج کے ساتھ ہوتا ہے اور رحم کے منہ کو پھیلانے کا میلان رکھتا ہے۔

جھوٹے دردِ زہ FALSE LABOUR PAINS

۱۔ یہ بے قاعدہ ہوتے ہیں اور کسی حد تک مسلسل ہوتے ہیں۔

۲۔ یہ زیادہ تر پیٹ کی حد تک ہوتے ہیں۔

۳۔ یہ قولنجی نوعیت کے ہوتے ہیں۔

۴۔ یہ سردی۔ ریاح، معدے کی خرابی، اینٹھن، مشقت وغیرہ کے سبب ہوتے ہیں اور ان کا رحم کے منہ پہ کوئی اثر نہیں ہوتا جو کہ بند ہوتا ہے۔

۵۔ جھوٹے دردِ زہ کے ساتھ پانی کی مانند مواد کا اخراج نہیں ہوتا لہٰذا وہ رحم کا منہ نہیں پھیلاتے۔

اگر درد کی خصوصیت اصلی درد کی طرف راہنمائی کرتی ہو گو کہ پیدائش کا

مقررہ وقت قریب نہ ہو تو "پلساٹیلا" عموماً اس بے قاعدگی کو درست کر دے گی
اگر اس کی چند خوراکیں چالیس سے پچاس منٹ کے وقفہ سے دینے کے بعد علامات
جاری رہیں تو "سمی سی فیوگا" اسی طریقہ سے دینی چاہیئے۔ اگر اس کے باوجود
بھی درد بڑھے تو پھر اس کا علاج "اسقاطِ حمل" کے زیرِ عنوان دیئے گئے طریقہ
سے کرنا چاہیئے۔

۱۔ اگر بچے کی پیدائش کا مخصوص وقت ہو چکا ہو اور وضع حمل کی علامات کا اظہار
ہو چکا ہو تو معالج سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ "مشکل وضع حمل کے لئے تدابیر"
کے عنوان کے تحت دیئے گئے طریقہ کے مطابق اقدام کرے۔

۲۔ اس کے علاوہ سخت اور ڈھیلی نہ ہونے والی (اوس یوٹیری) رحم کے منہ
کو ڈھیلا کرنے کے لئے پہلے "جلسی میم" کو آزمائیں۔ یہ ہر آدھے گھنٹہ بعد ایک سے
پانچ قطرے مدر ٹنکچر دیں۔

۳۔ بہت زیادہ چڑچڑی اور حساس مریضہ کے شدید درد کے لئے "کیمومیلا"
مندرجہ بالا طریقہ سے دیں۔

۴۔ بہت زیادہ تیز اور شدید درد کے لئے "کافیا" دیں۔

۵۔ ایسے دردوں کے لئے جو کچھ وقت کے لئے باقاعدہ ہوں اور پھر رک جائیں
دو تین خوراک "چائنا" کی کافی ہیں۔

۶۔ جب درد مضبوط اور نارمل ہوں لیکن رحم کی ظاہری قوت مدافعت بذاتِ خود
اس کی بہتری میں رکاوٹ پیدا کر دے تو "بیلاڈونا" مفید دوا ہے۔ اس دوا کو
ہر پندرہ، بیس یا تیس منٹ کے وقفہ سے کیس کی شدت کی نوعیت کے مطابق
دینا چاہیئے۔

۷۔ فرج کا نارمل اخراج خشک ہو چکا ہو، درمیانی راستہ گرم اور خشک ہو
تھکا دینے والا وضع حمل۔ "جیورانڈی" دیں۔

۸۔ اگر درد اچانک رک جائے اور چہرہ سرخ ہو اور بے ہوشی پائی جائے اور

مریضہ خراٹے بھر رہی ہو۔ "ادیہیم"۔

۹۔ درد کا نہ پایا جانا، مزاجی کمزوری یا ناپائیداری جیسا کہ پرجوش، مخالفت یا برہمی، "پلساٹیلا، سیکیل کار اور ادیہیم" کی چھوٹی طاقتیں مفید ثابت ہوں گی۔

مشکل وضع حمل کے لئے تدابیر
LABOUR PROPHYLACTIC FOR DIFFICULT LABOUR

۱۔ ڈاکٹر ڈیوی ایسی عورت کے لئے جو پردرد وضع حمل کی عادی ہو "جلسی میم" کی سفارش کرتے ہیں۔ وہ "سمی سی فیوگا" اور "کالوفائیلم" کی بھی سفارش کرتے ہیں۔ اگر پہلے سے استعمال کی گئی ہوں تو وضع حمل کو آسان بنانے میں مدد دیتی ہیں۔

وضع حمل کے بعد پیٹ بڑا — ABDOMEN LARGE AFTER LABOUR

"سیپیا، کالوسنتھ"۔

وضع حمل کے بعد بخار
FEVER AFTER LABOUR

۱۔ بڑبڑانے والا ہذیان، بے ہوشی اور منہ سے گندی بُو۔ ڈاکٹر جہار کا کہنا ہے کہ "سلفر" کی واحد خوراک جو "نکس وامیکا" کی ایک خوراک کے بعد لی جائے جادو کا سا اثر دکھاتی ہے۔

۲۔ جب رحم سے بدبودار اخراج ہو اور ہیجان پایا جائے تو "ادیہیم" دینی چاہیئے۔

۳۔ جب بخار بہت زیادہ کمزوری کے ساتھ پایا جائے اور مریضہ اتنی کمزور ہو کہ سوالوں کا جواب بھی نہ دے سکے تو "کالی کارب" دینی چاہیئے۔ وضع حمل کے بعد کالی کارب ایک عمدہ دوا ہے۔

وضع حمل کے درد تشنجی — LABOUR PAINS SPOSMODIC

۱۔ مریضہ چلاتی ہو۔ ہائے میں یہ برداشت نہیں کر سکتی۔ چڑچڑی اور غصیلی اور جھلاتی ہو۔ درد زہ ناقابل برداشت۔ "کیمومیلا"

۲۔ ڈاکٹر جہار کا خیال ہے کہ جب درد بہت شدید ہو تو یہ دوا بہت مددگار ہوگی۔ "کافیا"

وضع حمل کے درد غیر مؤثر
LABOURE PAINS INEFFECTUAL

۱۔ غیر مؤثر درد زہ، صبح کے وقت اضافہ ہو۔ "نیٹرم میور"

۲۔ درد اچانک آتے اور جاتے رہیں تو۔ "بیلاڈونا"

وضع حمل کے درد غیر موثر جن کے ساتھ پیشاب کرنے کی خواہش ہو
LABOUR PAINS INEFFECTUAL WITH DESIRE TO URINATE

۱۔ درد زہ غیر موثر جو مقعد کی طرف بڑھیں اور پاخانہ کی خواہش ہو یا بار بار پیشاب آتا ہو۔ ایسے دردوں کو اس دوا کے استعمال سے بہت جلد آفاقہ ہو جاتا ہے اور باقاعدہ ہو جاتے ہیں۔ "نکس وامیکا" ۲۰۰ طاقت میں ایک خوراک۔

۲۔ جب رحم کا منہ کھلنے میں سستی کی وجہ سے ہو۔ "پلساٹیلا، سیکیل کار"

وضع حمل کے درد بے قاعدہ
LABOUR PAINS IRREGULAR

وضع حمل کے درد بے قاعدہ، وضع حمل کے درد جانگھ کے دردوں میں بدل جائیں یا اچانک کسی اور درد میں تو "اکٹیاریسی موسا" ایسے دردوں کو باقاعدہ بنا دے گی اور جب دوسرا درد آئے گا تو نتیجہ خیز ثابت ہوگا۔ وضع حمل کے ابتدائی درجہ میں ہسٹریکل کپکپی "اکٹیاریسی موسا"

وضع حمل، پیشاب کا رکنا
LABOUR RETENTION OF URINE

۱۔ ایسی عورت کے مثانے کی فالجی کمزوری جو سخت مشکل وضع حمل سے گزری ہو جس کے بعد پیشاب

رک جاتا ہو تو یہ دوا اس کو جادو کی مانند دور کر دے گی۔ "کاسٹی کم"۔

۲۔ بلا ارادہ پیشاب کے اخراج کے لئے "سیپیا" دیں۔

۲۔ حمل کے آخری مہینوں میں قبض۔ "کالنسونیا"۔

زخم کٹے پھٹے LACERATED WOUND

"ہائیپریکم" مفید دوا ہے۔

زخم اعصاب سے پُر حصّے میں کٹے پھٹے LACERATED WOUNDS IN NERVE AREA

زیادہ اعصاب والے حصے میں کٹے پھٹے زخم جو چھوٹے اعصاب کو متاثر کریں۔ حسی اعصاب کا متاثر ہونا "ہائیپریکم" دیں اور لیڈم سے علاج شروع نہ کریں۔

بلا ارادہ آنسوؤں کا اخراج LACHRYMATION

۱۔ کھلی ہوا میں اور صبح سویرے "کلکیریا کارب" دینی چاہیئے۔

۲۔ آنسوؤں کی تھیلی کا ناسور۔ ڈاکٹر ہیمپل "سلیشیا" اور "پلساٹیلا" کی سفارش کرتے ہیں۔

دودھ پلانا چھاتی سے LACTATION

۱۔ دودھ دیر سے آتا ہو یا بعد میں مقدار کے لحاظ سے کم ہوتا جائے۔ "ایسافوٹیڈا"۔

۲۔ دودھ چھوڑانے کے بعد دودھ کو روکنا۔ "ارٹیکا یورنس"۔

۳۔ دودھ کا بخار۔ "اکونائٹ"۔

۴۔ جب اچانک طاقتور جذبات، سردی لگ جانے وغیرہ سے دودھ کا آنا رُک جائے جس کے بعد اندرونی یا مقامی اجتماع خون ہو۔ "پلساٹیلا" اور "کلکیریا کارب" دیں۔

۵۔ دودھ کا بخار "بیلاڈونا" دیں۔ اگر یہ فیل ہو جائے تو "برائی اونیا" باربار دیں۔

۶۔ دودھ کا اظہار نہ ہو۔ "ملی فولیم"

۷۔ دودھ نارمل نہ ہو۔ "ریوم"

دودھ پلانا۔ حیض آنے میں ناکامی
LACTATION FAILURE TO MENSTRUATION

دودھ پلانے کے زمانہ میں جب عورت کو حیض آنا بند ہو جائے۔ ایسی عورت جو بچے کو دودھ پلاتی ہو اس کو حیض نہیں آتا۔ لیکن جب بچہ دودھ پینا چھوڑ دے اور عورت کو پھر بھی حیض نہ آئے اور اس کو تمام اقسام کی ذہنی اور پیڑو کی تکالیف محسوس ہوں تو یہ دوا عموماً حیض کو درست کر دیتی ہے۔ اور دوسری تمام علامات کو شفایاب کر دیتی ہے۔ "سیپیا"

آرام کرنے کے بعد لنگڑاپن
LAMENESS AFTER REST

آرام کرنے کے بعد پہلی حرکت کرنے پہ یا صبح کے وقت اُٹھنے پر لنگڑاپن جوڑوں میں سختی اور درد، جس کو متواتر حرکت کرنے سے آفاقہ ہو۔ "رسٹاکس"

ٹوٹی ہوئی ہڈی کے جڑنے کے بعد لنگڑاپن اور سختی
LAMENESS AND STIFFNESS AFTER REUNION OF FRACTURE

"کلکیریا کارب" ۲۰۰ کی چار خوراکیں دیں۔ ہر خوراک چوتھے روز دینی چاہیئے۔

نرخرہ LARYNX

نرخرے اور سانس کی نالی میں خارش، چھیلن اور دُکھن گلے اور نرخرے میں سرسراہٹ کے لئے "امبرا" دیں۔

نرخرہ، بچے نرخرے کو ہاتھ سے پکڑیں
LARYNX IN CHILDREN WHO GRASP LARYN

نرخرے کی شدید کھانسی جو بچے کو نرخرہ پکڑنے پر مجبور کر دے۔ ایسا محسوس کرے کہ

جیسے کھانسی گلے کو پھاڑ دے گی، آواز کا بیٹھ جانا۔ "ایلیم سیپا"۔

نرخرے کا خناق LARYNGEAL DIPHTHERIA

گلے میں مصنوعی جھلی بن جائے "اکٹیا ریسی موسی"۔ ڈاکٹر بورنز ایسی بیماری کے لئے "کالی بائیکرومیکم" کو مخصوص دوا بتاتے ہیں۔

نرخرے کا ورم جس کے ساتھ آواز بیٹھ جائے LARYNGITIS WITH HOARSENESS

نرخرے میں درد جس کے ساتھ آواز بیٹھ جائے۔ درد میں باتیں کرنے سے اضافہ ہو لیکن نگلنے سے اضافہ نہ ہو۔ "فاسفورس"۔

ہنسی قہقہے کے ساتھ LAUGHTER

ہنسی جس پر قابو نہ پایا جا سکے۔ گائے اور ہنسے اور پھر ناراض ہو جائے۔ خوشی اچانک غم میں بدل جائے "کروکس سٹائیوا"۔

۲۔ رونا ہنسی کے دورے میں بدل جائے۔ "فاسفورس"۔

۳۔ بے ساختہ ہنسی۔ "زنکم اوکسیڈیٹم یا زنکم سلفوریکم" موازنہ کریں "ماسکس" سے۔

دبلے پتلے لوگ LEAN PEOPLE

"لائیکو" دبلے پتلے لوگوں کی دوا ہے۔ جن کے عضلات کمزور ہوں۔

بائیں ٹانگ میں چھوٹے ہونے کا احساس، کھچاؤ اور لنگڑاپن LEFT LEG FEELING OF SHORTNESS CONTRACTION AND LAMENESS

۱۔ بائیں ٹانگ دائیں ٹانگ کے مقابلے میں چھوٹی محسوس ہو۔ "سنا بیرس"۔

۲۔ ٹانگوں میں لنگڑا بنا دینے والے درد۔ "ڈائسکوریا"۔
۳۔ ٹانگوں کی پنڈلیوں میں چلتے وقت پر درد کھچاؤ۔ "کاربالک ایسڈ"۔
۴۔ ٹخنوں سے ٹانگ کے آدھے حصے تک درد جو لنگڑے پن کا سبب بنے۔ "گوائیکم"۔

ٹانگوں کی اینٹھن LEGS CRAMPS

ٹانگوں کی پنڈلیوں میں اینٹھن جس میں آدھی رات کے بعد اضافہ ہو صرف بستر سے اُٹھ کر باہر نکلنے اور کھڑے ہونے سے آفاقہ ہو۔ "کوپرم آرس" (ڈاکٹر بورک)

جلد پر سفید داغ (پھلبہری) LEUCODERMA

ڈاکٹر رائے بہادر بشمبر داس پھلبہری کا علاج "ٹیوبرکولینم" ۲۰۰ طاقت سے شروع کرتے ہیں اور اس کا استعمال ہر ماہ ایک مرتبہ مندرجہ ذیل ادویہ کے ساتھ کراتے ہیں۔

۱۔ "آرسینکم سلفوریکم فلیوم" جو کہ پھلبہری کی ادویہ میں اعلیٰ درجہ کی حامل ہے۔ اس کا استعمال کافی عرصہ تک کرانا چاہیئے۔ ابتداء میں اس کو ۳x طاقت میں دینا چاہیئے اور دو ماہ کے بعد اگر اس سے کوئی واضح مفید نتائج حاصل نہ ہوں تو اس کی ۳۰ طاقت استعمال کرائیں۔ اگر ۳۰ طاقت بھی ناکام ہو جائے یا تین چار ماہ کے عرصہ میں مکمل طور پر شفایاب نہ کر سکے تو ۲۰۰ طاقت میں ہر ہفتے استعمال کرائیں۔

اگر "آرسینکم سلفوریکم فلیوم" ناکام ہو جائے تو "ہائیڈروکوٹائیل" کو آزمائیں۔ اس کو نچلی طاقتوں ۳x یا ۳۰ طاقت میں دیں اور لمبے عرصہ تک تین مرتبہ روزانہ استعمال کرائیں۔

لیکوریا تیزابی LEUCORRHOEA ACRID

تیزابی اور پانی کی مانند "نیٹرم میور"۔

لیکوریا تیزابی زیادہ مقدار میں اور متعلقہ حصوں کو جلا دینے والا

LEUCORRHOEA ACID PROFUSE AND MAKING PARTS RAW

۱۔ خراشدار لیکوریا جو متعلقہ حصوں کو جلا دے۔ "فلورک ایسڈ"۔

۲۔ لیکوریا بہت زیادہ مقدار میں، سیاہ اور خون آمیز۔ "اگاری کس"۔

لیکوریا، جلن اور چبھن پیدا کرنے والا

LEUCORRHOEA BURNING AND PUNGENT

"امونیم کارب" کی مخصوص علامت تمام اخراج کا تیزابی ہونا ہے جو جسم کی جس سطح پر لگتے ہیں اس کو جلا دیتے ہیں۔ لہٰذا جلن اور چبھن پیدا کرنے والا اخراج جو عورت کے اعضائے تولید میں دکھن پیدا کرتا ہے اور ان کو جلا دیتا ہے اسی دوا کے دائرہ اثر میں آتا ہے۔ "امونیم کارب"۔

لیکوریا سفید رنگت کا زیادہ مقدار میں خارج ہو

LEUCORRHOEA COPIOUS WITH DISCHARGE

سفید یا انڈے کی سفیدی کی مانند لیکوریا۔ "ایگنس کاسٹس"۔

لیکوریا بدبودار LEUCORRHOEA FETID

لیکوریا بدبودار اور نہایت گندی بو اور کمزور کر دینے والا۔ "کریوزوٹ"۔

لیکوریا حیض کے بجائے ہو

LEUCORRHOEA INSTEAD OF MENSES

لیکوریا بہت زیادہ مقدار میں، خراشدار اور جلانے والا جو حیض کے بدلے میں ہو۔ مفید دوا ہے

"فاسفورس"۔

لیکوریا مختلف اقسام کا
LEUCORRHOEA OF DIFFERENT TYPES

۱۔ انڈے کی سفیدی کی مانند جس کے ساتھ ایسا احساس پایا جائے جیسا کہ رانوں کے ساتھ پانی بہہ رہا ہو۔ نیز حیض کے درمیانی وقفہ میں ہو۔ "بوریکس"۔

۲۔ موٹی عورتوں کا جو سن یاس کے قریب ہو۔ پانی کی مانند اخراج۔ جس کے ساتھ کمر میں درد پایا جائے۔ "فاسفورس"۔

۳۔ زرد رنگ کا اخراج جو بدبودار ہو اور فرج کے حصے میں خارش ہو "کریوزوٹ"۔ ۳۰ طاقت میں تین مرتبہ روزانہ۔

لیکوریا دودھ پلانے والی عورت کا
LEUCORRHOEA OF NURSING MOTHER

زرد رنگ کا جو عموماً ماہواری کے بعد ہو اور اس کے ساتھ خارش پائی جائے۔ ایسی عورت کے لئے مفید ہے جس نے عرصہ دراز تک بچے کو یا جڑواں بچوں کو دودھ پلایا ہو۔ "فاسفورک ایسڈ"۔

لیکوریا مزمن جس کے ساتھ کولہوں میں درد ہو
LEUCORRHOEA OLD WITH PAINS IN HIPS

لیکوریا کے پرانے کیس، اخراج گہرے زرد رنگ کا گاڑھا، چپچپا مواد جس کے ساتھ کمر میں کولہے اور تکونیہ ہڈی کے جوڑ میں لنگڑاپن ہو۔ جب چلے تو کولہوں میں دبانے والے درد ہوں۔ "ایسکولس ہپ"۔

خون میں سفید ذرات کا بڑھ جانا
LEUK EMIA

اس مرض میں جسم میں گردش کرنے والے خون میں سفید ذرات کی تعداد زیادہ ہو جاتی ہے۔ ڈاکٹر بیلوکوسی کے مطابق ان کے تجربہ میں اس مرض کے لئے "نیٹرم سلف" سے بڑھ کر مفید دوا کوئی نہیں آئی۔ مصنف کو ایسے مریضوں کا علاج کرنے کا تجربہ نہیں ہوا۔

جھوٹا (دروغ گو) LIARS

دنیا کے بدترین جھوٹے جن کا اخلاقی معیار بالکل گر چکا ہو۔ ان کے لئے مفید دوا ہے۔ "اوپیم"۔

جوئیں LICE

ا۔ سر کی جوؤں کے۔ لئے اعلیٰ دوا ہے۔ "کاربالک ایسڈ"۔

۲۔ پیڑو کے بالوں میں جوئیں۔ "سٹافی سگیریا"

۳۔ جلد کی جوؤں کے لئے مخصوص دوا ہے۔ "لائیکوپوڈیم"۔

۴۔ سر کے بالوں میں جوئیں۔ "سورائینم"۔

۵۔ ڈاکٹر للین تھل نے جوؤں کے لئے کئی ادویہ کی سفارش کی ہے ان میں سے تین یہ ہیں۔ "اولینڈر، سورائینم اور سلفر"۔ خارجی استعمال کے لئے مدر ٹنکچر "سٹافی سگیریا ایک ڈرام ناریل کے ایک اونس تیل میں ملا کر متاثرہ حصوں پر ملیں۔

لنگڑانا LIMPING

اگر کسی چوٹ یا جراحت کی وجہ سے ہو تو "آرنیکا"، اگر کمزوری یا مزاجی نقص کی وجہ سے ہو تو "سلفر" ۳۰ اور "کلکیریا کارب" ۳۰۔

نرم چربیلا پھوڑا LIPOMA

یہ پھوڑے کی ایک قسم ہے جس میں زیادہ تر چربیلا مواد ہوتا ہے۔ خوردبینی طور پر عموماً یہ چربی کے خلیات سے بنا ہوتا ہے اور پختہ ہوتا ہے لیکن اس کا کچھ حصہ۔ پورے طور پر ناپختہ بھی ہو سکتا ہے۔ "برائٹا کارب اور بورک ایسڈ" کو یکے بعد دیگرے دیں۔ خارجی طور پر "تھوجا" مدر ٹنکچر لگائیں۔

موازنہ کریں "لیپس ایلبس اور فائیٹولا کا" سے۔

ہونٹوں کا کینسر LIPS CANCER

کونیم، ہائیڈراسٹس، سیپیا۔ ڈاکٹر یادھویر سنگھ کے مطابق مفید ادویہ ہیں۔

ہونٹ پھٹے ہوتے
LIPS CRACK

۱۔ اوپر کے اور نچلے ہونٹوں کے درمیان میں گہرے شگاف ۔ "نیٹرم میور"۔
۲۔ ہونٹوں کو کھرچنا ۔ اس وقت تک ہونٹوں کو کھرچتا رہے جب تک کہ ان میں سے خون نکلنا نہ شروع ہو جائے ۔ "آرم ٹرائی فیلم"۔

ہونٹوں کی رسولی اور سوجن
LIPS TOMOUR AND SWELLING

۱۔ سخت رسولی ۔ "کونیم"۔
۲۔ نرم رسولی ۔ "سٹافی سگیریا"۔
۳۔ اوپر کے ہونٹ کی سوجن اور دکھن ۔ "ہیس ویپی نیٹا"۔

جگر کا پھوڑا
LIVER ABSCESS

جگر کا مزمن ورم ، جگر کا پھوڑا جس میں پیپ کے لئے سوراخ ہو لیکن زہریلی علامات باقی ہوں ۔ "ہیپر سلف"۔

جگر اور اس کی مختلف تکالیف
LIVER AND ITS VARIOUS TROUBLES

جگر سست یا مزمن طور پہ اس میں اجتماع خون ۔ جبکہ اسہال پائے جائیں ۔ جگر متورم اور حساس چہرہ اور آنکھوں کا زرد ہونا جس کے ساتھ مُنہ کا ذائقہ خراب ، زبان پہ سفید رنگ کی تہہ جمی ہو ۔ "پوڈو فائیلم"۔

۲۔ جگر بڑھا ہوا ، جگر کے حصے میں درد ، مریض دائیں جانب لیٹ نہ سکے جلد اور آنکھوں کے ڈھیلے زرد ۔ "مرک سال"۔

۳۔ جگر کے حصے میں دکھن اور ٹانکے لگنے کے سے درد ، جگر کا ورم ، سردی لگنا ، بخار ، یرقان اور زبان پہ زرد رنگ کی تہہ جمی ہوئی ، ذائقہ کڑوا ، تیزابی اور کھٹی چیزوں کی خواہش ۔ "چیلی ڈونیم"۔

۴۔ سر میں ہلکا سا درد جس میں صبح کے وقت اضافہ ہو ، یرقان ، آنکھوں میں بھدا سا نسدو رنگ کا گھیرا ، زبان پہ زرد رنگ کی تہہ جمی ہوئی ۔ بازوؤں اور ٹانگوں میں درد

پیشاب سیاہ۔ ان علامات کے لئے یہ جگر کی بہت اہم دوا ہے۔" مائیریکا میری فیرا" (ڈاکٹر ڈیوی)۔

۵۔ قبض، مٹیالے رنگ کا پاخانہ، جگر کا بڑھ جانا اور اس میں رکاوٹ کا پایا جانا۔ مزمن یرقان۔ "چیونتھس"۔

۶۔ جگر کا حصہ چھونے سے ذکی الحس، جگر کا ورم، کمر میں دائیں طرف درد، رنگت زرد۔ ڈاکٹر الفرڈ پوپ کا دعویٰ ہے کہ "لائیکو پوڈیم" کسی دوسری دوا کے مقابلہ میں مزمن جگر کے اجتماع خون میں بہت مفید ہے۔ اور جگر پہ بہت طاقتور اثر رکھتی ہے۔ "لائیکو پوڈیم"۔

۷۔ جگر اور تلی کا بڑھ جانا جس کے ساتھ بخار نہ ہو۔ "فیرم کوک"۔

۸۔ کمزور ہوتے جانا، شدید پیاس، منہ میں چھالے اور زخم، اسہال، ٹانگیں اور پاؤں متورم، ہلکا بخار جس کے ساتھ رات کو پسینہ آئے۔ "ایلسٹک الیسٹر"۔

۹۔ دودھ ناقابل برداشت۔ جب بھی دودھ پیا جائے دہی کی مانند پھٹکیوں میں باہر نکل آئے۔ معدے کی خرابیاں۔ "ایتھیوزا سائی نیپیم"۔

۱۰۔ نومولود کے جگر کی خرابی جس کے ساتھ سانس کی نالی کی تکلیف پائی جائے "انٹی مونیم ٹارٹ"۔

۱۱۔ ڈاکٹر ڈی این رائے بہت زیادہ کمزوری اور سوکھیا مسان، جگر کی تکالیف کے لئے جن کا انجام مہلک ڈراپسی ہو۔ اس دوا کی بہت زیادہ تعریف کرتے ہیں۔ "ارجنٹم نائیٹریکم"۔

۱۲۔ جگر کی کافی عرصہ سے ہونے والی تکالیف جن کی وجہ سے ڈراپسی ہو۔ یرقان جس کے ساتھ سر درد ہو۔ منہ کا ذائقہ کڑوا، ہونٹ اور آنکھیں سرخ۔ متلی پاخانہ پچپچا۔ ڈاکٹر ڈی سی داس گپتا نے اس کو مدر ٹنکچر میں استعمال کیا ہے۔ وہ اس کے پانچ سے دس قطرے فی خوراک استعمال کراتے ہیں اور جگر کی مختلف انواع کی تکالیف میں تسلی بخش نتائج حاصل کرتے ہیں۔ "کارڈوس میریانس"۔

۱۳- یرقان جس کے ساتھ جگر میں دکھن پائی جائے۔ پیشاب زردی مائل، جگر کے بڑھ جانے کی حالت میں۔ "چیونینتھس"۔

۱۴- جگر کا ورم جبکہ پیٹ میں پانی پڑ جانے کی حالت پائی جائے۔ "لائیکو پوڈیم"۔

۱۵- یرقان جگر سخت اور بڑھا ہوا، پاخانہ سفید۔ "چائنا"۔

جگر کا مزمن پھوڑا — LIVER ABSCESS CHRONIC

ڈاکٹر کوپر کا کہنا ہے کہ جگر کے مزمن پھوڑے کے لئے، پتے کی پتھری کو نکالنے کے لئے یہ دوا بہت مفید ہے۔

۱- ارم میور نیٹرونیٹم"۔

۲- پتے کی پتھریاں "پوڈوفائیلم" کی ایک گرین کی خوراک سوتے وقت اور صبح کو تین اونس زیتون کا تیل استعمال کرنے سے ختم ہو جاتی ہیں۔

جگر کی ورثہ میں ملی ہوئی بیماریاں — LIVER EFFECTION INHERITED

جب جگر کی کسی بھی قسم کی بیماری جو مریض کو اپنے خاندان سے ورثہ میں ملی ہو۔ "لائیکو پوڈیم"۔

جگر بچوں کا، بھوک کے ساتھ — LIVER CHILDREN WITH HUNGER

بچوں کے جگر کی مزمن تکلیف جس کے ساتھ شدید بھوک ہو۔ لیکن تھوڑا سا کھانے کے بعد عموماً پیٹ میں ریاحی تکلیف اور اس کا پھول جانا پایا جائے۔ غیر منہضم غذا کا پاخانہ، میٹھی چیزوں کی خواہش کرے اور شام کو چار بجے سے آٹھ بجے تک تکلیف میں اضافہ ہو، جگر کے افعال شدید بے قاعدہ۔ "لائیکو پوڈیم"۔

جگر صفراوی اور معدہ خراب — LIVER BILIOUS AND DERANGED DIGESTION

جگر کی مزمن دکھن، معدہ خراب، صفراوی حالتوں میں جن کے ساتھ زبان ہونٹوں اور حلق میں سرسراہٹ اور سُن ہو جانا پایا جائے۔ "نیٹرم میور"۔

جگر مزمن طور پر بڑھا ہوا
LIVER CHRONIC ENLARGED

۱۔ جگر کے بڑھ جانے کی مزمن تکلیف جس کے ساتھ جگر کے حصے میں شدید دکھن سر میں بھاری پن کا احساس، پیشاب کم مقدار میں، منہ کا ذائقہ نہایت خراب، ماہواری سے قبل لیکوریا، ہمیشہ تیز چلے اور ہاتھوں اور پاؤں کی جلن، ماہواری کا اخراج بدبودار، بہت زیادہ ریاح کا پایا جانا، غذا اور ہوا کے ڈکار آئیں۔ "نیٹرم سلف" کو "لائیکو" کے بعد دیں۔

۲۔ جگر کا بڑھ جانا، صفرا کی زیادتی، منہ کا ذائقہ خراب، زبان میلی، کمر میں شدید درد، جس کے ساتھ خوفناک کپکپی پائی جائے۔ آبروؤں کے اوپر سر میں درد۔ مفید دوا ہے "یونانی مس یورپیس"۔ (ڈاکٹر ایم۔ جی۔ بیلی)

جگر بچوں کا پیدائشی طور پر بڑھا ہوا مع تلی کے
LIVER INFANTILE WITH SPLEEN

بچوں کا جگر اور تلی پیدائشی طور پر بڑھے ہوئے ہوں تو "کلکیریا آرسینکا ۲۰۰"۔

جگر متورم جس کے ساتھ تنزلی پائی جائے
LIVER INFLAMED WITH DEGENERATION

۱۔ جگر کا ورم، جگر کی تنزلی جس کے ساتھ کمی خون کی حالت پائی جائے تو "فاسفورس" دیں۔

۲۔ حاد یا مزمن خصوصاً بچوں میں، پیٹ میں دائیں جانب جگر کے حصے کے قریب درد، جگر بڑھا ہوا، سخت اور چھونے سے درد کرے۔ یرقان جس کے ساتھ جلد اور آنکھوں کی زردی پائی جائے۔ پیشاب گہرا زرد۔ پاخانہ چمکیلے رنگ کا یا سفید پیٹ میں ریاح کا بھر جانا۔ "چاٹنا ۲۰۰"۔

جگر کی دُکھن
LIVER SORE

جگر کی مزمن دکھن جس کے ساتھ معدے کی ابتری صفراوی حالت جس کے ساتھ زبان، ہونٹوں اور ناک میں سُن ہونے کا احساس اور سرسراہٹ پائی جائے۔ "نیٹرم میور"۔

جگر کمزور، سست اور بے عمل جس کے ساتھ پاخانہ سفید
LIVER TORPID SLUGGISH AND INACTIVE WITH WHITE STOOL

جگر کی سستی، صفراء کا اخراج کم، بھوک کا نہ ہونا، حوصلہ کی پستی، آنکھیں زرد، انتڑیوں میں قبض۔ "مرک سال"۔

جگر کے داغ (جسم پر تانبے کے سے داغ)
LIVER SPOTS - i - e - FINE BRANNY DESQUAMATION OF SKIN

۱۔ "نیٹرم ہائیپو سلف" خارجی اور اندرونی طور پہ ایسے داغوں کے لئے مفید ہے۔
۲۔ داغ خصوصاً پیٹ پر "لائیکو"۔
۳۔ داغ ہلکے چمکیلے رنگ کے جسم کے جوڑوں میں۔ "ایپس ملی فیکا"۔
۴۔ داغ سیاہ رنگ کے چھاتی اور بازوؤں پر "میزیریم"۔
۵۔ داغ سن یاس کے دوران یا کثرت حیض میں۔ "پلمبم میٹ"۔

جگر کی تکلیف بچوں میں قبض کے ساتھ
LIVER TROUBLE IN CHILDREN WITH CONSTIPATION

مریض کو کئی کئی روز تک پاخانہ کی حاجت نہ ہو، جگر سخت حس کے ساتھ پیٹ کی سوجن پائی جائے۔ "میگنیشیا میور"۔

جگر کی تکلیف سوجن کے ساتھ
LIVER TROUBLE WITH SWELLING

پاؤں اور ٹانگوں کی سوجن، بائیں جانب سکون سے نہ لیٹ سکے، سانس لینے میں گھٹن ہو تو "ٹیلیا ۳۰" مفید ہے۔ ڈاکٹر بورک کے مشورے کے مطابق یہ دوا معدے اور جگر کی تکالیف میں بہت عمدہ اثر رکھتی ہے۔

بچے کی پیدائش کے بعد رحم سے اخراج
LOCHIA (DISCHARGE FROM UTERUS AFTER LABOUR)

۱۔ جب اخراج کافی دیر تک ہو اور بہت زیادہ مقدار میں جاری رہے تو "کر دکس" دینی چاہیئے۔

۲۔ رحم کے اخراج کا اچانک رُک جانا۔ "پلساٹیلا"۔

بچے کی پیدائش کے بعد ابتدائی چند ہفتے رحم اور فرج سے اخراج
LOCHIA (THE DISCHARGE FROM THE UTERUS AND VAGINA DURING FIRST FEW WEEKS AFTER LABOUR

پریشانی یا کسی جذباتی خلل کی وجہ سے اخراج کا بند ہو جانا۔ "اکٹیا ریسی موسا"

تشنج (ٹیٹنس) میں دانتوں کا بند ہو جانا LOCK JAW IN TETANUS

"ملاحظہ ہو ٹیٹنس حصہ ۶"۔

حرکت کی نااہلیت LOCOMOTOR ATAXIA

ریڑھ کے ستون کے پچھلے حصے میں کسی پیچیدگی کی وجہ سے ٹانگوں کے عضلات میں تعاون کی طاقت نہیں رہتی۔

۱۔ نچلا دھڑ بھاری محسوس ہو۔ مریض مشکل سے ان کو اٹھائے۔ جب چلنے لگے تو لڑکھڑاتا ہو اور ٹانگوں میں چیرنے کے سے درد محسوس کرے۔ پنڈلیوں اور رانوں میں بھی درد ہو۔ "ایلومینا"۔

۲۔ چلنے میں بے قاعدگی، بے ڈھنگی چال، لڑکھڑائے بغیر نہ چل سکے۔ ٹانگوں میں ایسا احساس جیسا کہ لکڑی کی بنی ہوئی ہوں۔ "ارجنٹم نائیٹریکم"۔

۳۔ واحد عضلات کا فالج، اُٹھ نہ سکے یا ہاتھ سے کسی چیز کو اٹھا نہ سکے عضو کو

چھپانا مشکل ہو۔ رانوں کے عضلات میں درد۔ "پلمبم میٹ"۔

۴۔ "بیسی لینم" ۲۰۰ طاقت کی ایک خوراک سے علاج شروع کریں۔ اس کی خوراک خالی پیٹ دیں اور تین دن انتظار کریں۔ ہر چودہ دن کے وقفہ سے "سٹرکنین سلف" ایک ہزار طاقت اور "اٹروپین سلف" ایک ہزار طاقت میں یکے بعد دیگرے انٹرکرنٹ دوا کے طور پر دیں۔ اس کے تین دن قبل اور تین دن بعد کوئی دوسری دوا نہ دیں۔

اکیلا پن LONELINESS

اکیلا رہنے سے خوف کھائے، "سیپیا" مفید ہے۔ موازنہ کریں "فاسفورس" سے۔

اکیلاپن، اندھیرے کا خوف LONELINESS FEAR OF DARKNESS

مریض ڈرتا ہے کہ اس کو اکیلا چھوڑ دیا جائے گا۔ اندھیرے سے ڈرتا ہے گرج اور بادو باران سے خوف کھاتا ہے۔ "فاسفورس"۔

بھوک کی اشتہاء کا ختم ہو جانا LOSS OF APPETITE

کسی قسم کی غذا کھانے کی اشتہاء نہیں ہوتی اور پیاس ناقابل برداشت ہوتی ہے۔ ذائقہ کڑوا، کھانے کے بعد پیٹ پھولا ہوا۔ "رسٹاکس"۔

جسم کے وزن کا کم ہوتے جانا LOSS OF BODY WEIGHT

کام کی زیادتی کی وجہ سے جسم کا وزن بتدریج کم ہوتا جائے۔ مایوسی، حیض دیر سے اور کم مقدار میں۔ جب تشفی کی جائے تو غصے میں آجائے۔ "نیٹرم میور" مختلف طاقتوں میں۔

حرکات پر قابو نہ ہو LOSS OF CONTROL OVER MOTIONS

مریض اپنی حرکات پر قابو نہیں پا سکتا۔ گو کہ وہ ابھی مفلوج نہیں ہوتا اگر اس حالت کا علاج نہ کیا جائے تو بعد میں فالج ہو جاتا ہے۔ "پلمبم میٹ"۔

آنکھوں کے لئے لوشن
LOTION FOR EYES

خارشدار مواد کا اخراج، آنکھوں میں خارش، آنکھوں کے شفاف پردے قورنیا کا ورم، آنکھیں سُرخ اور پُر درد، دونوں آنکھوں میں مطابقت کا نہ ہونا، دھندجالا، آنکھوں کے چھپر کا فالج۔

۱۔ مدر ٹنکچر "یوفریزیا" بیس قطرے۔

۲۔ مدر ٹنکچر "روٹا" بیس قطرے۔

۳۔ مدر ٹنکچر "زنکم سلف" بیس قطرے۔

۴۔ بورک ایسڈ۔

ان سب کو ایک اونس گلاب کے عرق یا ڈسٹل واٹر میں ملائیں اور تین مرتبہ روزانہ ڈراپر کے ساتھ آنکھوں میں ڈالیں۔ ایک مرتبہ رات کو سوتے وقت بھی ڈالنا چاہیئے۔

ناکام محبت LOVE DISAPPOINTED

۱۔ جب ناکام محبت کے سبب خاموشی اور غم میں کڑھتا ہو۔ "اگنیشیا"۔

۲۔ محبت میں مایوسی، تعلقات توڑنا چاہے۔ "نیٹرم میور"۔

خون کے دباؤ کا کم ہو جانا
LOW BLOOD PRESSURE

۱۔ جوڑوں کے اور گنٹھیا کی دردوں میں مبتلا لوگوں میں خون کا دباؤ کم ہو جانا نبض باریک۔ جب بائیں طرف لیٹتا ہو تو گھٹن کا احساس ہو، دل کی دھڑکن تیز، متواتر چکر آئیں۔ "وسکم البم"۔

۲۔ ریاحی گڑگڑاہٹ جس میں چار سے آٹھ بجے شام اور صبح کو اضافہ ہو معدے کی خرابی والے لوگوں کے خون کا دباؤ کم ہو جائے۔ بہت زیادہ سوکھیا پن اور

کمزوری، رات کے وقت دل کی دھڑکن تیز، دبانے والا سر درد، رات کو جاگتا رہے۔ "لائیکو"

۳۔ قوت حیات کی کمی اور پیٹ کے اوپر کے حصے میں ریاح، عورتوں میں بہت زیادہ مقدار میں حیض کا آنا۔ "کاربو ویج"

۴۔ ایسے لوگوں میں جو صحت کے لحاظ سے کمزور ہوتے جا رہے ہوں تو "ٹیوبر کولینم" دیں۔

۵۔ نڈھالی، ہلکی سی مشقت پر کمزور اور تھکا ہوا۔ کمیٔ خون، کانوں کا بجنا، نیند کا نہ آنا، سر میں درد، پیشاب بہت زیادہ زرد۔ "کالی فاس"

۶۔ "امبرا گریسیا" ۲۰۰ اور "دسکم البم" ۲۰۰ یکے بعد دیگرے دو مرتبہ روزانہ دینی چاہیئے۔

کمر کا درد LUMBAGO

۱۔ کمر میں شدید درد، چلنا عموماً ناممکن، بمشکل جھک کر کھڑا ہو سکے یا بیٹھنے کے بعد اٹھ سکے۔ خصوصاً قبض اور بواسیر کے ساتھ، ریڑھ کی تکونیہ ہڈی اور کولہے کی ہڈی پر زور پڑنے سے کمر میں درد، درد کو کھڑا ہونے سے آرام ہوتا ہے۔ مفید دوا ہے۔ "ایسکولس ہپ"

۲۔ "نیفالیئم" (GNAPHALIUM) بعض اوقات مزمن کمر درد کو شفایاب کر دیتی ہے۔ ریڑھ کے حصے میں تھکا دینے والا درد جو آدمی کی طاقت اور ہمت کو نچوڑ کر رکھ دیتا ہے۔ متواتر حرکت کرنے سے اس میں اضافہ ہوتا ہے۔ سکون کی حالت میں آفاقہ ہوتا ہے۔ خصوصاً کمر کے بل لیٹنے سے یا ٹیک لگانے سے آفاقہ، جتنا کمر درد زیادہ مزمن ہو اتنی ہی یہ دوا زیادہ مفید ہے۔

ب: "اکونائٹ" حاد حالتوں میں مفید ہوتی ہے اور عموماً بہت جلد آرام پہنچاتی ہے۔ ڈاکٹر باٹیر ٹارٹار ایمیٹک کو ترجیح دیتے ہیں۔ نیز "رسٹاکس" اور "آرنیکا" کو بھی۔

ج : گردن کی پشت میں درد اور گردن کے سخت ہونے ، کندھے کی دکھن کے لئے ۔ "گوائیکم"۔

۳۔ حمل کے دوران کمر کا درد بھی عموماً "ایسکولس" کی طرف راہنمائی کرتا ہے خصوصاً جبکہ اس میں جھکنے اور چلنے سے اضافہ ہوتا ہو۔

۴۔ کمر میں پیچ وتاب کمر میں اینٹھن ، بل پڑنا وغیرہ "سکیل کار" کے دائرہ اثر میں آتے ہیں ۔ "موازنہ کریں ماکر ڈین سے"۔

۵۔ ڈاکٹر فرنگٹن کا کہنا ہے کہ کمر کے درد کے لئے "رسٹاکس" بہت عمدہ دوا ہے۔ خواہ درد وں میں حرکت کرنے سے آفاقہ ہو یا نہ ہو۔ ڈاکٹر جہار عموماً "رسٹاکس" کے باقی رہنے والے دردوں کو "بیلا ڈونا ، نکس وامیکا ، پلمبم اور پلساٹیلا" سے شفایاب کرتے ہیں ۔

"بیلاڈونا" میں تکونیہ ہڈی کے حصے میں شدید درد پایا جاتا ہے اور مریض بہت تھوڑے وقت کے لئے بیٹھ سکتا ہے ۔ یہ حصہ بہت زیادہ سخت ہو جاتا ہے ۔ اور مریض دوبارہ اٹھنے کے قابل نہیں رہتا ۔ "نکس وامیکا" میں مریض کو یہ احساس ہوتا ہے کہ متاثرہ حصہ میں خراش یا رگڑ آگئی ہے اور بستر میں پہلو بدلنے پہ درد ہوتا ہے ۔ پہلو بدلنے کے لئے مریض کو پہلے اٹھ کر بیٹھنا پڑتا ہے ۔ مریض سردی بہت زیادہ محسوس کرتا ہے اور گرم مشروب سے اور گرمی پہنچنے سے آفاقہ ہوتا ہے۔

۶۔ کمر میں درد ، صفراویت ، منہ کا ذائقہ خراب ، زبان پہ تہہ جمی ہوئی اور نبض ، رخساروں کی ہڈیوں میں کاٹنے والے درد ، جن کے ساتھ شدید کپکپی ہو ، جگر کی خرابی اور معدے کی خرابیاں پائی جائیں ۔ ڈاکٹر ایم ۔ جی ۔ بلیکی اور ڈاکٹر لوبرک یونائیم یوروپیا کی ایسی تکالیف میں کامیاب دوا ہونے کی سفارش کرتے ہیں۔

کمر درد اور سختی
LUMBAGO AND STIFFNESS

۱۔ کمر میں سختی ، حرکت سے درد ہو سرد مرطوب موسم سے خراشدار اور جلن دار درد ، اٹھنے کی کوشش کرنے پہ دیڑھ

کے حصے میں درد، حرکت کرنے کے آغاز پر درد میں اضافہ۔ مزمن کمر درد،
"رسٹاکس" مفید ہے۔

۲۔ کمر میں سختی خصوصاً صبح کو اٹھنے پر اور مرطوب موسم میں، گردوں کے حصے
میں درد اور کمزوری، ریڑھ کے حصے میں درد، درد پوری ریڑھ میں اوپر نیچے
رینگتا ہو۔ "فائیٹولاکا"

ریڑھ کا ناسور LUMBAR ABSCESS

"سائی سگیریا" مفید دوا ہے۔

پیٹ میں گلٹی LUMP IN ABDOMEN

جگر کے حصے کے قریب گلٹی۔ مندرجہ ذیل ادویہ کو
علامات کے مطابق دینا چاہیئے۔

۱۔ "کونیم" ۲۰۰ طاقت۔

۲۔ "کالی کاربونیکم" ۲۰۰ فم معدہ میں گلٹی کا احساس۔ "کالی کارب" ۲۰۰
طاقت میں صبح نہار منہ استعمال کریں۔ یہ وضع حمل کے بعد کے لئے بھی ایک عمدہ
دوا ہے۔

۳۔ پانی والے پھوڑے، اسفنجی رسولیاں۔ "تھوجا" ۱۰۰۰ طاقت میں۔

۴۔ پتھروں کی مانند سخت غدودوں کے لئے ایک طاقت ور دوا ہے۔
"کلکیریا فلور" ۱۰۰۰ طاقت میں۔

۵۔ "تھوجا" ۳۰ اور اس کے بعد ہر چھٹے روز "گریفائیٹس" ۱۰۰۰ طاقت
میں دیں۔

۶۔ "ٹیوبرکولینم" ایک ہزار طاقت میں۔ تین ہفتے بعد "گریفائیٹس" ۱۰۰۰ طاقت میں۔

پستانوں کی گلٹی LUMP IN BREAST

۱۔ پستانوں کی گلٹی خواہ دودھ پلانے کے
زمانہ میں ہو یا کسی بھی وقت "ہیپر سلف، فائیٹولاکا
اور کونیم" ایسی گلٹیوں کو عموماً تحلیل کر دیتی ہیں اور

سرجری کی شاذ ہی ضرورت پڑتی ہے۔

۲۔ پستانوں میں گلٹیوں کے اظہار کا شبہ ہو تو عموماً اس دوا کے اثر سے ختم ہو جاتا ہے۔ "سورائینم"۔

پھیپھڑوں کا پھوڑا LUNGS ABSCESS

"ہیپر سلف" میں ایسے تمام پھوڑوں کو ختم کرنے کی صلاحیت ہے جن میں پیپ بننے کا رجحان پایا جائے۔

پھیپھڑوں میں سانس لینے سے گھٹن LUNGS BREATHING OPPRESSED

"آرسینکم البم" پھیپھڑوں کی بہت سی بیماریوں میں مفید ہے جبکہ سانس میں بہت زیادہ گھٹن ہو، سانس خراٹے دار ہو جس کے ساتھ گاڑھا بلغم خارج ہو۔ مریض لیٹ نہ سکتا ہو، سانس لینے کے لئے اس کو ضرور اٹھ کر بیٹھنا پڑے۔ ہوا کے راستہ میں تنگی محسوس ہو تو "آرسینکم البم" دیں۔

پھیپھڑوں میں لیٹنے کی وجہ سے اجتماع خون LUNGS CONGESTION DUE TO LYING DOWN

پھیپھڑوں میں متواتر لیٹنے سے اجتماع خون اور چھاتی میں بہت زیادہ کھڑکھڑاہٹ جس کے ساتھ بہت زیادہ کمزوری ہو اس کی اہم علامت بہت زیادہ تھکاوٹ اور کمزوری ہے۔ "امونیم کارب"۔

پھیپھڑوں میں اجتماع ڈالپسی کے دوران LUNGS CONGESTED IN DROPSY

پھیپھڑوں کی استسقائی حالت میں اجتماع خون، عرصہ سے بستر میں لیٹے رہنے کی وجہ سے پھیپھڑوں میں اجتماع خون جو مریض کو اٹھ کر بیٹھنے پر مجبور کر دے۔ اجتماع خون کی یہ حالت بتدریج اوپر کی جانب رینگتی ہے اور سانس کی نالی کا بہت زیادہ حصہ تباہ ہو جاتا ہے۔ اس میں سانس میں دقت اور خرخراہٹ

پائی جاتی ہے۔ سانس لینے کے لئے ہانپنا، نبض چھوٹی اور بے قاعدہ۔ "اپوسائی نم کین"۔

پھیپھڑوں میں آکسیجن کی کمی LUNGS LAKE OF OXYGEN

یہ دوا پھیپھڑوں کی ڈیجی ٹیلس ہے۔ خون میں آکسیجن کو بڑھاتی ہے اور کاربن ڈائی اوکسائیڈ کو خارج کرتی ہے

"اسپیڈوسپرما" مدر ٹنکچر (ڈاکٹر بورک)

چہرے کی جلد کا دق LUPUS

یہ جلد اور بلغمی جھلیوں کا مزمن مرض ہے جس میں نسیجوں میں گانٹھیں سی بن جاتی ہیں۔ "بیسی لینم" ۲۰۰ طاقت میں دیں اور ایک ہفتہ بعد "ریڈیم برومائیڈ" دیں جو اس کے لئے مخصوص دوا ہے۔

اگر بہت زیادہ کمزوری، بے چینی، گرم چیزیں لگانے سے آفاقہ ہو تو "آرسینکم البم" دیں۔ مندرجہ بالا تینوں ادویہ کافی عرصہ تک استعمال کرنی چاہئیں۔ ڈاکٹر برنٹ کے مطابق اگر ناک اور دونوں رخساروں پہ چھالے ہوں اور جلد پہ سے چھلکے اترنے شروع ہو جائیں اور نیچے کی جلد سرخ نکل آئے۔ وہ "بیسی لینم" دیتے ہیں اور اگر مریض کو ایک سے زیادہ مرتبہ ٹیکہ لگ چکا ہو تو پھر وہ "تھوجا" ۳۰ طاقت میں دیتے ہیں۔

پاگل جانوروں کا کاٹنا MAD ANIMALS THEIR BITES

پاگل جانوروں کے کاٹنے اور زہریلے زخموں میں مفید ہے۔
"سِسٹس کیناڈینسیس"۔

ملیریا MALARIA

۱۔ نوبتی بخار یا ملیریا۔ صبح ۹ بجے سے گیارہ بجے کے درمیان سردی لگے۔ حرارت شدید پیاس جو بخار کے ساتھ ساتھ بڑھے۔ منہ میں خشکی جس کے ساتھ بہت زیادہ پیاس ہو۔ کافی مقدار میں پانی پئے۔ نچلے یا اوپر کے ہونٹ کے درمیان میں گہرا شگاف،

بخار کے دوران منہ کے کناروں پر چھوٹے چھوٹے موتیوں کی مانند چھالے، زبان پر جزیروں کی مانند سرخ رنگ کا نقشہ بنا ہو۔ بخار وقفے کے بعد ہو یا ہر دوسرے روز تقریباً دس بجے، بخار کے دوران نیند آئے اور پیاس بہت زیادہ لگتی ہے ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں میں سرسراہٹ اور سُن ہونا پایا جائے، کونین کا بے جا استعمال کیا گیا ہو۔ بخار کا دورہ ختم ہونے کے بعد "نیٹرم میور" ۲۰۰ طاقت میں ایک خوراک دیں۔ بخار کے دورے کے دوران "نیٹرم میور" کبھی بھی نہیں دینی چاہیئے۔

۲۔ سردی لگے لیکن ابتدائی سردی اور حرارت کے دونوں درجوں میں پیاس نہ لگتی ہو۔ پیاس ثانوی درجے میں لگتی ہو جبکہ بخار ختم ہونے کے قریب ہو۔ پیاس پسینہ آنے کے درجہ میں واضح طور پہ پائی جاتی ہے۔ "چائنا" مزمن حالتوں میں یہ دوا اونچی طاقتوں ۲۰۰ یا مزید اونچی طاقت میں دینی چاہیئے۔

۳۔ بخار وقت مقررہ پہ لوٹ آئے۔ "سیڈران"۔

۴۔ بخار بہت زیادہ رہنے والی سردی کے ساتھ، ہاتھ اور پاؤں برف کی مانند ٹھنڈے۔ "مینی انتھس" ۲۰۰ یا ۱۰۰۰ طاقت میں دیں۔

۵۔ ملیریا بخار جس کے ساتھ جگر اور تلی بڑھے ہوئے ہوں۔ "فیرم آرس"۔

۶۔ ملیریا بخار جس کے ساتھ صفراوی قے، قبض، معدے کی جلن اور متلی ہو۔ شدید پیاس جس کے ساتھ سردی اور ڈراپسی کی مانند پسینہ پایا جائے۔ "نائیکلانتھس"۔

۷۔ بخار کا دورہ صبح دس یا گیارہ بجے یا شام کو تین بجے اور رات کو دس بجے ہو، صبح زیادہ سردی اور پیاس ہو، حرارت کا درجہ بہت شدت کے ساتھ ہوتا ہے جس کے ساتھ متواتر جمائیاں اور چھینکیں آتی ہیں۔ پسینہ کے درجہ میں پیاس لگتی ہے۔ پسینہ کمزور کر دینے والا اور کافی دیر تک رہنے والا ہوتا ہے۔ "چینی نم سلف"۔

۸۔ ہڈیوں میں درد جیسا کہ ٹوٹی ہوئی ہوں۔ متلی اور سردی لگنا۔ متلی سردی کے ختم ہوتے پہ بڑھ جاتی ہے اور اس وقت تک رہتی ہے جب تک کہ مریض کڑوا

پانی کی مانند مواد قے نہیں کر دیتا۔ زبان پر گاڑھی تہہ جمی ہوئی ہوتی ہے۔ ذائقہ کڑوا ہوتا ہے۔ "یوپیٹوریم پرفولیٹیم"۔

۹۔ سردی لگنے سے قبل خشک کھانسی، پیشانی اور آنکھوں میں جلن، منہ میں رطوبت، پاخانہ زرد پانی کی مانند۔ "رسٹاکس"۔

۱۰۔ بہت زیادہ کمزوری اور بے چینی، شدید جلن، پیاس جس کے ساتھ معدے میں ہیجانی کیفیت پائی جائے۔ شدید ہلا دینے والی سردی جس کے ساتھ تھوڑی سی مقدار میں بہت کم وقفے کے بعد پانی پینے کی پیاس ہو۔ مفید دوا ہے۔ "آرسینکم البم"۔

ا۔ متواتر متلی ایک درجے میں یا بخار کے تمام درجات میں۔ "اپی کاک"۔

ب: بے قاعدگی کے ساتھ ہونے والا دورہ، حرارت کے دوران تھوڑی سی مقدار میں پانی کی پیاس۔ "آرسینکم البم"۔

ج: ہڈیوں میں درد، سردی کے آخر میں صفراء کی قے، صبح سات سے نو بجے کے اوقات میں۔ "یوپے ٹوریم پرفولی ایٹم"۔

د: سردی لگے جس کے ساتھ چہرہ سرخ ہو اور بیرونی حرارت سے اس میں آفاقہ ہو، متواتر آہیں بھرنا۔ "اگنیشیا"۔

ہ: سردی کندھوں کے درمیان سے شروع ہو اور پھیلے۔ "کیپسی کم"۔

و: حرارت کے دوران کپڑا نہ ہٹا سکے، جونہی کپڑا ہٹے سردی لگنا شروع ہو جائے۔ "نکس وامیکا"۔

س: صبح ۱۰ سے ۱۱ بجے تک سردی لگے، بخار کے دوران پھٹا دینے والا سردرد، پسینہ آنے سے آفاقہ۔ "نیٹرم میور"۔

ش: سردی لگنے کے دوران کھانسی، بے چینی اور بخار کے دوران زبان خشک، پہلو بدلتا رہے۔ "رسٹاکس"۔

ص: سردی اور بخار کے دوران بہت زیادہ باتونی پن، یرقان۔ "پوڈوفائیلم"۔

ض : بخار اور پسینہ کے دوران بہت زیادہ نیند کا آنا اور چہرہ زرد،
" انٹی مونیم ٹارٹ "۔ (ڈاکٹر نیش)

ملیریا اور متلی
MALARIA AND NAUSEA

" اپی کاک " ملیریا کی جانی پہچانی دوا ہے جو کونین کے بے جا استعمال کے بعد بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ اس میں متواتر متلی کا پایا جانا ضروری ہے۔ بخار کے دوران شدید سر درد اور پیاس ہوتی ہے۔

پستانوں کا پھوڑا
MAMMORY ABSCESS

۱۔ پستان متورم، بہت زیادہ گرم، سوجے ہوئے اور پر درد اور تپکن دار ہوتے ہیں جب تک کہ پھٹ نہ جائیں۔ " بیلا ڈونا، مرکیورس وائیوس " ہر دو گھنٹے کے وقفہ سے یکے بعد دیگرے۔ اگر مریض کا پتا ہو اور پستان پھٹ پڑیں تو " بیلا ڈونا اور ہیپر سلف " تین یا چار روز تک دینی چاہئیں اور " ہائیڈراسٹس " تین مرتبہ روزانہ۔

۲۔ " کونیم " عورتوں کے پستانوں پر مخصوص اثر رکھتی ہے اور رسولیوں، پستانوں کی چوٹ کے لئے جو مکے وغیرہ سے لگی ہو یا دباؤ پڑنے یا ورزش سے آئی ہو۔ مفید دوا ہے۔

۳۔ دودھ پلانے کے دوران پستان حساس اور دودھ کا اخراج زیادہ ہو جائے۔ " فائیٹولا کا "

۴۔ پستانوں کی نشو ونما نہ ہو رہی ہو۔ " سیبل ساریولاٹا " (ڈاکٹر ڈیوی)

جنون عاشقانہ یا مذہبی
MANIA AMOROUS OR RELIGIOUS

کاٹنے اور پھاڑنے کی خواہش خصوصاً کپڑوں کو، عیاشی، شہوت پرستی کی عاشقانہ یا مذہبی باتیں کریں۔ " ویریٹرم البم " موازنہ کریں " ہائیوسائیمس اور سٹرامونیم " سے۔

۲۔ جنون کی کوئی بھی شکل ہو جس کے ساتھ جنسی خواہش بڑھی ہوئی ہو تو

"برائٹا میور" مفید ہے۔

۳۔ مذہبی جنون۔ "کلکیریا کارب"۔

۴۔ بلاوجہ ہنسے، ننگا ہونا چاہے۔ "ہائیوسائیمس"۔

جنون بے انتہا گندگی کا - MANIA MARKED BY EXTREME UNCLEANLINESS

ایسا مریض جو بلا امتیاز کسی بھی وقت اور کسی بھی جگہ پاخانہ یا پیشاب کر دے

"امونیم کارب"۔

سوکھیا مسان MARASMUS

جسم کے نسائج پوری اور مکمل غذا نہ ملنے کی وجہ سے یا غذا کے جزو بدن ہونے میں کمی کی وجہ سے بتدریج گھٹتے چلے جائیں مریض سوکھیا مسان میں مبتلا ہو تو یہ دوا ایسے سوکھیا میں مبتلا بچوں کے لئے بہت مفید ہے۔ سوکھیا نچلے دھڑ سے شروع ہوتا ہے۔ یعنی پہلے ٹانگیں سوکھتی ہیں اور اس کے بعد بتدریج اوپر کے دھڑ کی جانب بڑھتا ہے لہٰذا چہرہ آخر میں متاثر ہوتا ہے۔

یہ دوا "لائیکوپوڈیم، نیٹرم میور اور سورائینم" کے برعکس ہے۔ "ابراٹینم"۔

سوکھیا مسان بھوک اور بخار کے ساتھ MARASMUS WITH HUNGER AND FEVER

بہت زیادہ بھوک لگے اور اس کے باوجود مریض تیزی سے سوکھتا چلا جائے حاد حالتوں میں کم و بیش بخار کا اثر ہو۔ چہرہ زرد اور مرجھایا ہوا۔ غدودوں کا فعل ناقص "آیوڈین"۔ مفید ہے۔

۲۔ سوکھیا مسان نقص تغذیہ کی وجہ سے گردن پتلی اور شدید بھوک، بہت زیادہ پیاس ہمہ وقت پانی کی خواہش، منہ اور گلا خشک، نمک کی خواہش کا پایا جانا بھی ضروری ہے۔ "نیٹرم میور"۔

۳۔ سست بچے جن کی یادداشت کمزور ہوتی ہے۔ گردن کے غدود سوجے ہوئے

ایسے بچے جو بہت کاہل ہوتے ہیں۔ پیٹ بڑے اور ہر وقت کھانا چاہتے ہیں۔
"برائٹا کارب"۔

۴۔ جلد کا سوکھتے جانا جس کے ساتھ پیٹ بڑھا ہوا ہو۔ جلد پر شکنیں پڑی ہوئی ہوتی ہیں۔ "کلکیریا کارب"۔

۵۔ کمئی خون کی وجہ سے سوکھیا مسان۔ "پلمبم میٹ"۔

مشت زنی کی عادت اور اس کا چھوڑنا

MASTURBATION HABITE AND ITS ERADICATION

ا۔ باتیں کرتے سے چھاتی میں کمزوری کا احساس۔ اگر مریض جوان آدمی ہے شادی شدہ یا غیر شادی شدہ۔ اگر وہ ذہنی طور پر کمزور تھکا ہوا، بے حس، اور خاموش دکھائی دے۔ نیز اگر وہ تیزی کے ساتھ بڑھ رہا ہو تو یہ تمام چیزیں اس دوا کی طرف راہنمائی کرتی ہیں۔ "فاسفورک ایسڈ"۔

۲۔ لڑکوں میں مشت زنی کی عادت چھوڑانے کے لئے "سٹافی سگیریا"۔

کن پٹی کی ہڈی پر رسولی

MASTOID ABSCESS

ا۔ کن پٹی کی ہڈی کی سوجن، دکھن اور ناسور "کیپسی کم"، "آرم میٹ" اور "نائیٹرک ایسڈ" ڈاکٹر فرنگٹن۔

۲۔ ڈاکٹر جارج رائل کے مطابق "کیپ سی کم" ۱۰ ایم۔ اندرونی اور بیرونی دونوں طریقوں سے دی جاسکتی ہے اور ایسا کرنے سے یہ دوا کان کے درد کو بہت جلد آرام پہنچائے گی۔ "کیپ سی کم ۱۰ ایم"۔

کن پٹی کی ہڈی کی رسولی اور اس کو جراحی سے بچانا

MASTOID AND ITS PREVENTION FROM SURGERY

"کیپ سی کم ۱۰ ایم" جراحی سے محفوظ کرے گی۔ جبکہ مریض کی خاندانی ہسٹری

ہیں گلے کی تکلیف پائی جائے۔ موازنہ کریں "کلکیریا کارب اور سلفر" سے جو کہ بہت کم وقت میں اس کو دامنج کر دیں گی۔ دونوں کانوں سے پیپ نکلتی ہو۔

خسرہ باقاعدگی سے باہر نہ نکل رہا ہو
MEASLES NOT COMING OUT PROPERLY

"پلسائیلا" خسرہ کو باہر نکالنے میں مدد دیتی ہے بے چینی، گرمی کا احساس کھلی ہوا کی خواہش، خسرہ کے بعد اسہال۔ اگر "پلسائیلا" کے علاوہ علامات پائی جائیں تو موازنہ کریں "رسٹاکس اور آرسینکم البم" سے۔

۱ ڈاکٹر جہار کے مطابق دبے ہوئے ابھاروں کے لئے "وریٹرم البم" بہت عمدہ دوا ہے۔

۲۔ ابھاروں والا بخار، چھالے باہر نہ نکل رہے ہوں۔ مثلاً سرخ بخار، خسرہ چیچک، ابھار عموماً ہلکے نیلگوں رنگ کے ہوتے ہیں۔ ان میں چمکیلی سرخ رنگت نہیں پائی جاتی۔ ابھار باقاعدہ طور پہ باہر نہیں نکلتے بلکہ ان کی جگہ گلابی رنگت کے سرخ نشان ظاہر ہوتے ہیں۔ باقاعدہ اور معمول کے ابھار نکلنے اور پھیلنے میں ناکام ہو جاتے ہیں یا دب چکے ہوتے ہیں۔ ناک اور مسوڑھوں سے خون نکلتا ہے۔ بہت زیادہ کمزوری اور بدحواسی ہوتی ہے۔ "ایلنتھس"۔

۳۔ خسرہ کے بعد اسہال جو کہ عموماً پائے جاتے ہیں۔ "پلسائیلا"

۴۔ "برائی اونیا" خسرہ کے لئے بہت عمدہ دوا ہے۔ یہ بیماری کو باہر نکال دیتی ہے اور اس کے دورانیہ کو یقینی طور پہ کم کر دیتی ہے۔ یہ پھیپھڑوں کو متاثرہ ہونے سے بچاتی ہے۔ جو کہ اس بیماری میں ایک عام پیچیدگی کے طور پہ پائی جاتی ہے۔

۵۔ ابتداء میں اس دوا کو اکیلے یا تمام دورانیہ میں کسی دوسری صحیح تجویز شدہ دوا کے ساتھ دینا چاہیئے۔ یہ دوا ایک ہزار طاقت میں خسرہ کے مختلف مابعد اثرات کے لئے بہت مفید ہے۔ "مار بیلینم"۔ (ڈاکٹر شیفرڈ)

۶۔ نزلہ کی علامات سردی لگنا اور بے چینی، جلد خشک، رات کو پیاس "اکونائٹ" مفید ہے۔

۷۔ خسرہ کے بعد بہرہ پن۔ "پلساٹیلا"

۸۔ گلے میں دکھن، چہرہ متورم، سر درد، خشک کھانسی۔ "بیلاڈونا"

۹۔ آنکھوں اور ناک کی بلغمی جھلیوں کا ورم، آنکھوں سے خراشدار پانی کا اخراج اور آشوب چشم۔ "یوفریزیا"

۱۰۔ رات کو خشک کھانسی ہوتی ہے۔ بچہ کھانسنے کے لئے اُٹھ کر بیٹھتا ہے، کان درد کا رجحان پایا جاتا ہے اور بعض اوقات معدے میں کمزوری ہوتی ہے۔ مفید دوا ہے۔ "پلساٹیلا"

۱۱۔ خسرہ میں اخراج خون، خسرہ مناسب حالت میں کورس پورا نہ کرے، بہت زیادہ کمزوری اور بے چینی ہو "آرسینکم البم"

۱۲۔ خسرہ کے بعد کھانسی۔ "سلیشیا" (ڈاکٹر ڈیوی، ڈاکٹر کلارک اور ڈاکٹر رائے بہادر بشمبر داس)

۱۳۔ خسرہ کے بعد سوکھتے چلے جانا۔ "ہائیڈراسٹس"

۱۴۔ خسرہ میں آشوب چشم اور روشنی ناقابل برداشت۔ "فیرم فاس"

خسرہ تنفس کی علامات کے ساتھ پیچیدہ ہو
MEASLES COMPLICATED BY RESPIRATORY SYMPTOMS

حاد برانکائیٹس یا برانکو نمونیہ۔ آنکھ کے سفید پردے کا ورم جس کے ساتھ آنکھوں سے پیپ دار مواد کا اخراج ہو زرد بلغم، کھانسی کے ساتھ تاردار بلغم کا اخراج۔ "کالی بائیکرومیکم"

خسرہ جرمن
MEASLES GERMAN

۱۔ "اکونائٹ" ۳ طاقت میں ایک گھنٹے کے وقفہ سے۔ اگر ضروری ہو تو اس کے بعد "بیلاڈونا" ۳ طاقت میں ایک گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔

۲۔ اس تکلیف کے لئے "انٹی پائیرین" بہت مفید دوا ہے۔ اس کی پیچیدگیاں اور نتائج خسرہ کی مانند ہی ہوتے ہیں اور اسی طریقہ سے علامات کے مطابق علاج کرنا چاہئے۔

خسرہ سے محفوظ رہنے کے لئے
MEASLES PROPHYLACTICS

"اکونائٹ، آرسینکم البم، پلساٹیلا" اگر یہ مفید ثابت نہ ہوں تو "اکونائٹ" ۳ اور "پلساٹیلا" ۳ ہر ایک دو مرتبہ روزانہ (ڈاکٹر کلارک) یا "ماربلینم" ۲۰۰ دو خوراکیں ایک ماہ کے وقفہ سے۔

خسرہ میں بے چینی
MEASLES RESTLESSNESS

مریض بے چین ہوتا ہے۔ کافی مقدار میں پانی پینا چاہتا ہے لیکن ڈھانپا رہنا چاہتا ہے۔ "رسٹاکس" موازنہ کریں "پلساٹیلا" سے۔

مالیخولیا
MELANCHOLIA

مریض بہت زیادہ مالیخولیا اور مایوس آدمی ہوتا ہے جو کہ ہر چیز کے تاریک پہلو کو لیتا ہے۔ اپنی مایوسی کی حالت میں وہ ہمیشہ خودکشی کی طرف مائل رہتا ہے۔ اپنے آپ کو برا بھلا کہنا اور اپنے آپ پر نکتہ چینی کرنا اہم علامات ہیں۔ وہ اندازہ کرتا ہے کہ لوگ اس کو پسند نہیں کرتے یا وہ دوسروں کو اور اپنی ذمہ داری کو نظر انداز کر دیتا ہے۔ "آرم میٹ"۔

یادداشت کا جنسی زیادتی سے ختم ہو جانا
MEMORY LOSS DUE TO EXCESSES

ایسے مریضوں کی یادداشت کا ختم ہو جانا جو جنسی زیادتیوں کی وجہ سے کمزور ہو چکے ہوں مایوسی، خودکشی کے خیالات اور چڑچڑاپن۔ مفید دوا ہے۔

"اگنس کاسٹس"۔

یادداشت کمزور بوڑھے لوگوں کی
MEMORY FAILING OF OLD PERSON

ا۔ بوڑھے لوگوں کی یادداشت کا ختم ہو جانا، اپنے بیان میں غلط الفاظ استعمال کرے اور لکھتے وقت ہجوں کی غلطیاں کرے اور چیزوں کو خلط ملط کر دے۔ دماغی طاقت کی کمزوری کی وجہ سے کوئی ذہنی کام کرنے کے ناقابل۔ "لائیکوپوڈیم"۔

۲۔ ذہن سے چیزوں کو بھول جائے۔ ایک لمحہ پہلے کی بات کو خواب تصور کرے۔ "اناکارڈیم"۔

ب: "اناکارڈیم" کمزور شدہ یادداشت کو بحال کرنے کے لئے بھی مفید ہے۔ یہ مریض کی تمام دوسری تکالیف کو بھی عموماً شفایاب کر دیتی ہے۔ ایسی صورت میں چند ہی دوسری ادویہ ہیں جو اس سے موافقت رکھتی ہیں۔

ج: "روس میرینس" یادداشت کی کمزوری کے لئے واضح دوا ہے۔

یادداشت کا چیچک کے بعد ضائع ہو جانا
MEMORY LOSS AFTER SMALL POX

"اناکارڈیم"۔

یادداشت کمزور، پڑھنے اور سیکھنے میں سست
MEMORY - SLOW IN LEARNING

ایسے بچے جو سکول کی پڑھائی میں کمزور ہوں اور جو غلطیاں کریں اور چیزوں کو یاد نہ رکھ سکیں۔ "اگاریکس"۔

دماغ کی جھلیوں، ریڑھ کے مغز کی جھلیوں کی چوٹیں
MANINGES - MEMBRANE OF SPINAL CORD INJURIES

دماغ کی جھلیوں اور ریڑھ کے مغز کی جھلیوں میں چوٹیں بعض اوقات بہت تکلیف دہ ثابت ہوتی ہیں۔ اور عرصہ دراز تک ان کے اثرات رہتے ہیں۔ اعصاب کے ساتھ چیرنے کا سا جلن دار

اور ڈنگ لگنے کا سا درد ہوتا ہے۔ "ہائپریکم"۔

دماغی جھلیوں کا ورم
MENINGITIS

شدید ہذیان، غنودگی، درجہ حرارت تیز، ڈاکٹر جہار کا خیال ہے کہ "بیلاڈونا" کو اولیت دینی چاہیئے کیونکہ یہ ایسی حالت میں شفائیہ اثرات کی حامل ہے۔

ڈاکٹر بائیر کا قول ہے کہ اگر دماغی جھلیوں کے ورم کو کوئی دوا شفایاب کر سکتی ہے تو وہ صرف "اکونائٹ" ہے۔

۱۔ "ایپس ملی فیکا" ۶ سے ۳۰ طاقت تک دماغی اور ریڑھ کی جھلیوں کے ورم کے لئے بہت مفید دوا ہے۔

۲۔ دماغی سوزش میں بچہ نیند سے خوف کے ساتھ جاگتا ہے اور اپنا سر اِدھر اُدھر مارتا ہے اور چلاتا ہے اور نیند میں بڑبڑاتا ہے۔ کمی خون والے بچوں میں بہت مفید دوا ہے۔ "زنکم میٹ"۔

۳۔ عام تشنج اعضاء کا خوفناک توڑ مروڑ جس کے ساتھ بے ہوشی پائی جائے سر تشنجی طور پہ پیچھے کی جانب کھچ جاتا ہے۔ گردن سخت ہو جاتی ہے، پتلیاں پھیل جاتی ہیں۔ "سائیکوٹا وائیروسا" عمدہ دواؤں میں سے ایک ہے جس کا کلینیکل ریکارڈ خصوصیت کا حامل ہے۔ (ڈاکٹر ڈیوی)

۴۔ "آئیڈوفارم" ۶x ٹیوبرکولر ورم دماغ کے لئے عمدہ اثرات کی حامل ہے اس کو مقامی طور پہ بھی بچہ کا سر منڈوانے کے بعد سر پہ لگانا چاہیئے۔

دماغی جھلیوں کا دقی ورم
MENINGITIS TUBERCULAR

۱۔ دماغی جھلیوں کے دق کے ورم میں یہ دوا مددگار ثابت ہوتی ہے۔ جبکہ یاداشت مکمل طور پہ ختم ہو جائے۔ ذہنی افسردگی اور پریشانی اور خود ارادی عضلات کا نامکمل فالج۔ "اناکارڈیم"۔

۲۔ تشنجی نوعیت کے دماغی جھلیوں کے ورم کے لئے جس کے ساتھ غشی پائی جائے۔ "ایتھیوزا"۔

سن یاس — MENOPAUSE

سن یاس سے متعلق زیادہ تر شکایات اس دوا کے زیر اثر آتی ہے

سر کی چوٹی پہ دباؤ کا احساس جو عموماً ایسی عورتوں میں پایا جاتا ہے جو سن یاس کے قریب ہوتی ہے۔ "لیکیسس"۔ موازنہ کریں "سلفر" سے جو کر انٹر کرنٹ دوا کے طور پہ استعمال کی جاتی ہے۔

سن یاس میں جریان خون — MENOPAUSE BLEEDING

سن یاس یا حمل کے دوران غیر معمولی جریان خون، مریضہ کے چہرے اور گردن پہ عموماً مسے ہوتے ہیں جو بعد میں بھورے رنگ کے ہو جاتے ہیں۔ "سیپیا"۔

سن یاس میں کان کا درد — MENOPAUSE EAR ACHE

"جلسی میم" دیں جس سے درد کو افاقہ ہو جائے گا اور مریضہ کو پیشاب کی حاجت ہوگی۔

سن یاس میں جوڑوں کا گنٹھیاوی درد — MENOPAUSE RHEUMATIC ARTHRITIS

ہاتھوں اور پاؤں کے چھوٹے جوڑ متاثرہ ہوتے ہیں۔ "کالوفائیلم"۔

سن یاس کا گنٹھیا — MENOPAUSE RHEUMATISM

یہ دوا سن یاس کے گنٹھیا اور اعصابی دردوں کے لئے مفید ہے۔ ٹانگیں سُن اور سخت محسوس ہوتی ہیں۔ ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلووں میں جلن ہوتی ہے۔ "لیک کنی نم"۔

حیض کا کثرت سے آنا — MENORRHAGIA

کثرت حیض کے لئے یہ عمدہ دواؤں میں سے ایک ہے جبکہ کمر میں شدید درد ہوتا ہو۔ جو کہ نیچے رانوں تک کولہوں سے ہوتا ہوا جائے اور

نیچے کی جانب دباؤ پڑے۔ حیض کے دورانیہ میں شدید درد، جتنا اخراج زیادہ ہو اتنا ہی درد کی شدت میں اضافہ ہو۔ "اکٹیا ریسی موسا"۔

حیض کا کثرت سے آنا ڈراپسی میں
MENORRHAGIA IN DROPSY

"اپوسائی نم" میں عموماً ڈراپسی کے دوران قلت حیض پایا جاتا ہے لیکن اس میں کثرت حیض بھی ہوتا ہے۔ جو کہ متواتر ہوتا ہے اور کافی عرصہ تک رہتا ہے۔ مریضہ زیادہ خون حیض کے اخراج سے کمیٔ خون میں مبتلا ہو جاتی ہے اور پھر ڈراپسی میں۔ "اپوسائی نم کین"۔

حیض تھوڑی دیر کے لئے ہو
MENSES SHORT

حیض پر درد، دیر سے، اور کم مقدار میں ہو اور صرف ایک گھنٹہ تک رہے۔ "یوفریزیا"۔

حیض کا نہ آنا
MENSES ABSENT

اگر حیض نہ آئے اور اس کے بجائے ناک یا پھیپھڑوں سے جریان خون شروع ہو جائے۔ "فاسفورس"۔

یہ دوا رحم کے کینسر یا پستانوں کے کینسر کے لئے بھی مفید ہے۔

حیض میں ناک اور پھیپھڑوں سے خون کا اخراج
MENSTRUATION-BLEEDING FROM NOSE OR LUNGS

حیض بہت جلد اور کم مقدار میں، حیض سے قبل روئے۔ اگر حیض نہ آئے تو عموماً اس کے بجائے عوضی حیض کے طور پہ ناک اور پھیپھڑوں سے خون خارج ہوتا ہے یا رحم سے دو حیضوں کے درمیان خون کا اخراج ہو۔ "فاسفورس"۔

حیض زیادہ مقدار میں اور جلد
MENSTRUATION COPIOUS AND EARLY

حیض سے قبل سر درد، پیٹ میں درد، سردی لگنا، لیکوریا، حیض سے قبل اور بعد متعلقہ اعضاء

میں جلن اور خارش ، حیض بہت جلد ، بہت زیادہ اور کافی دیر تک رہے ۔ بعد ازاں حیض رک جائے ، کمی خون اور چکر ، موٹی لڑکیوں کے حیض کا دب جانا ۔ "کلکیریا کارب"۔

حیض پیٹ درد ، اسہال اور قے کے ساتھ

MENSTRUATION WITH COLIC AND DIARRHOEA AND VOMITING

ناپختہ ، کثرت کے ساتھ ، سیاہی مائل ، عموماً لوتھڑوں کی شکل میں جس سے قبل پیٹ میں مروڑ اٹھیں اور درد ہو ۔ پیڑو کے تمام حصہ میں دکھن کا احساس ہوتا ہے جیسا کہ اندرونی حصے زخمی ہوں ۔ دکھن کا احساس بہت گہرا ہوتا ہے جو کہ حیض کے تمام دورانیہ میں موجود رہتا ہے ۔ ہر ماہواری پر کمزوری محسوس ہوتی ہے جس کے ساتھ حیض کے پہلے دن بہت زیادہ اسہال ہوتے ہیں ۔ ہیضہ کا سا دورہ یا جس کو حیض کے پہلے دن غلطی سے ہیضہ سمجھا جاسکتا ہے ۔ "امونیم کارب"۔

حیض دقت کے ساتھ اعضاء میں دکھن

MENSTRUATION DIFFICULT PARTS SORE

حیض بہت دیر سے بہت کم وقت کے لئے ، بہت کم مقدار میں اور تکلیف کے ساتھ ، اخراج گاڑھا ، سیاہ ، خراش پیدا کرنے والا جو متعلقہ حصوں میں دکھن پیدا کرے ۔ "سلفر"۔

حیض کی خرابیاں ہسٹریا اور گنٹھیا میں مبتلا عورتوں میں

MENSTRUAL DISORDER IN HYSTERICAL AND RHEUMATIC WOMEN

ہسٹریائی اور گنٹھیاوی مزاج عورتوں میں حیض کی بے قاعدگی ، یہ زیادہ مقدار میں ہو ، دبا ہوا ہو یا کم مقدار میں ، دوران حیض شدید درد ہو ۔ جتنا اخراج زیادہ ہو اتنی ہی درد کی شدت میں زیادتی پائی جائے ، عموماً بہت زیادہ شدید درد کا حملہ حیض کا اخراج شروع ہونے پر ہوتا ہے اور بعض عورتوں میں جب حیض کا اخراج

ختم ہو جائے۔ اس وقت ہوتا ہے۔ ہر عورت کے لئے مختلف اصول ہے۔" اکٹیا ریسی موسا"

حیض کی خرابیاں ہسٹریائی اور گنٹھیاوی مزاج عورتوں میں اور لوتھڑے، اخراج زیادہ دیر تک ہو

MENSTRUAL DISORDER IN HYSTERICAL AND RHEUMATIC AND CLOTS FLOW LASTING LONG

حیض بہت جلد ہو اور سات سے دس دن تک جاری رہے۔ اخراج سیاہ اور جما ہوا لوتھڑوں کی شکل میں تین یا چار دن۔ آغاز میں شدید درد ہو لیکن جھلیاں یا لوتھڑے خارج ہو جانے کے بعد آفاقہ ہو جائے۔ ماہواری سے قبل انڈے کی سفیدی کی مانند لیکوریا۔ درد عموماً درد زہ جیسے ہوتے ہیں جو کمر تک جائیں اور کمر میں اوپر تک بڑھیں۔ "جلسی میم"۔ نیچے کو رانوں تک جائیں "کیمومیلا"۔ اور بعض اوقات معدے تک جائیں اور قے کا سبب بنیں۔ "بوریکس"۔

حیض دقت کے ساتھ یا پر درد حیض وضع حمل جیسے درد کے ساتھ

MENSTRUATION - DYSMENORRHOEA DIFFICULT OR PAINFUL MENSTRUATION WITH LABOUR LIKE PAINS

سن بلوغت سے تکلیف دہ یا پر درد حیض۔ حیض چند دن قبل ہو اور زیادہ مقدار میں پانچ دن تک رہے۔ وضع حمل کی مانند درد ہوں۔ "کلکیریا فاس" اونچی طاقتوں میں دیں۔

حیض پر درد یا دقت کے ساتھ ٹانگوں میں درد

MENSTRUATION DYSMENORRHOEA WITH DIFFICULT OR PAINFUL MENSTRUATION WITH PAINS IN LEGS

حیض بمشکل یا پر درد۔ ہر ماہواری کے آغاز پر شدید درد میں مبتلا ہو جائے۔ ہر تیسرے ہفتے حیض۔ رحم میں اور نچلے

دھڑ ٹانگوں میں درد ۔ زیادہ دیر تک اپنی ٹانگوں پر کھڑی نہ ہو سکے۔ کھڑا ہونے سے درد میں اضافہ ہو۔ پاؤں ٹھنڈے ۔ "کلکیریا فاس"۔

حیض لڑکیوں میں بہت جلد اور بہت زیادہ
MENSTRUATION OF GIRLS TOO EARLY AND EXCESSIVE

لڑکیوں میں بہت جلد زیادہ مقدار میں اور چمکیلا خون ۔ اگر دیر سے ہو تو خون سیاہ، بعض اوقات پہلے چمکیلا اور پھر سیاہ جس کے ساتھ شدید سر درد ہو۔ سن بلوغت کے دوران کی شکایات جو دوران حیض پاؤں گیلے کرنے سے ہوں۔ مفید دوا ہے ۔ "کلکیریا فاس"۔

حیض جلد ہو اور زیادہ دیر تک رہے
MENSTRUATION EARLY AND LASTING LONGER

حیض تھوڑے بہت قبل از وقت ہوں، بہت زیادہ مقدار میں ہوں اور معمول سے چند دن زیادہ دیر تک رہیں اور تمام تکالیف میں حیض کے دوران اضافہ ہو جائے ۔ یہ اضافہ حیض ختم ہونے کے بعد تک بھی رہے ۔ خون سیاہ جس کے ساتھ غشی کا دورہ پڑے ۔ اعصابیت اور ذکی الحسی بڑھ جائے "نکس وامیکا"۔ موازنہ کریں ۔ "پلساٹیلا" سے جس میں حیض دیر سے ہوتا ہے اور اخراج کم مقدار میں ہوتا ہے ۔ اخراج معمول سے بہت کم وقت تک ہوتا ہے ۔ اور کلکیریا کارب سے بھی۔

حیض جلد زیادہ مقدار میں جس کے ساتھ فرج کے لبوں میں خارش اور سوجن ہو
MENSTRUATION EARLY PROFUSE WITH ITCHING AND SWELLING OF LABIA

حیض بہت جلد اور زیادہ مقدار میں حیض وقت سے سات دن پہلے ہو ۔ حیض کے دوران اعضائے تولید میں شدید خارش

اور لبہائے فرج کی سوجن۔ حیض کے دوران بائیں ٹانگ وریدوں کے پھول جانے اور دباؤ کی وجہ سے نیلی ہو جائے۔ ٹانگ میں درد ہو۔ ہر چھوٹے سے حادثے کے بعد دو حیضوں کے درمیانی عرصہ میں جریان خون، لیٹنے سے رحم کی تمام علامات میں اضافہ۔ "امبراگریسیا"

حیض کے بجائے پر درد لیکوریا

MENSTRUATION IN ITS PLACE PAINFUL LEUCORRHOEA

حیض کے معمول کے مطابق اخراج کے بجائے خون آمیز لیکوریا کا اخراج ہو "چائنا" مفید ہے۔

حیض بے قاعدہ دودھ چھڑانے کے بعد حیض نہ آئے

MENSTRUATION IRREGULAR FAILURE AFTER NURSING STOPPED

اخراج کم یا زیادہ، خواہ یہ دیر سے ہو یا جلد، خواہ یہ پر درد ہو یا گرم، حیض کی بے قاعدگی کی ہر حالت، حیض کا بند ہو جانا، پر درد حیض، ایسی لڑکیوں کا جو نازک مزاج اور پیلی رنگت کی ہوں۔ عورت جب بچے کو دودھ پلا رہی ہو تو حیض نہیں آتا، لیکن جب بچہ دودھ پینا چھوڑ دے اور اس کے بعد اس کو حیض نہ آئے تو وہ تمام قسم کی حیض کی اور پیڑو کی تکالیف محسوس کرتی ہے۔ ایسی صورت میں یہ دوا ماہواری کی تمام قسم کی تکالیف کو شفایاب کر دیتی ہے اور اس کی دیگر علامات بھی درست ہو جاتی ہیں۔ "سیپیا"

حیض کا اخراج کمر میں درد کے ساتھ

MENSTRUAL FLOW WITH PAIN IN BACK

حیض مشکل کے ساتھ یا پر درد، جب کمر میں شدید درد پایا جائے۔ جو نیچے رانوں تک کولہوں سے ہوتا ہوا جائے۔ "اکٹیا ریسی موسا"

حیض کے بجائے چھاتیوں میں دودھ آجاتے

MANSTRUATION IN ITS PLACE MILK IN THE BREASTS

غیر حاملہ عورت کی چھاتیوں میں حیض کے دنوں میں دودھ آجائے۔ حیض کے اخراج کے بجائے چھاتیوں میں دودھ۔ "مرک سال ر"

(ڈاکٹر ڈبلیو بورک)

حیض کی بے قاعدگیاں، ناک سے جریان خون کے ساتھ

MENSTRUATION IRREGULARITIES WITH BLEEDING FROM NOSE

حیض کی بے قاعدگیاں درد کے ساتھ اور پیٹ اور پیڑو میں بہت زیادہ دکھن اور معدے کی علامات کا پایا جانا جب حیض کا اخراج ہونا چاہیئے اس وقت ناک سے جریان خون ہو۔ "برائی اونیا"

حیض بہت تھوڑے وقت کے لئے رہے

MENSTRUATION LASTING ONLY FOR SHORT TIME

پردرد، دیر سے کم مقدار میں اور صرف ایک گھنٹہ تک رہے

"یوفریزیا"

حیض کم مقدار میں، دیر سے اور دبا ہوا

MENSTRUATION SCANTY LATE AND SUPPRESSED

رحم کی تکالیف میں یہ دوا بہت مفید ہے، لیکن اس دوا کی ذہنی علامات حلیم الطبع اور جلد مان جانے والے اور رونے والے مزاج کا موجود ہونا ضروری ہے۔ حیض کا بند ہو جانا (ایمنوریا) حیض عموماً دیر سے بہت کم مقدار میں اور تھوڑے عرصہ کے لئے ہوتا ہے۔ اخراج شروع ہوتا ہے اور پھر رک جاتا ہے اور دوبارہ جلد شروع ہو جاتا ہے۔ حیض کا دب جانا۔ حیض سے فوراً پہلے پاؤں گیلے کرنے سے حیض کی تکالیف، حیض پر درد، بہت زیادہ بے چینی کے ساتھ۔ ہر طرف پہلو بدلے، پیاس ندارد، کھلی ہوا میں آہستہ آہستہ ٹہلنے سے آفاقہ، کمر میں

درد ، متلی ، حیض کے دوران یا بعد اسہال ۔ "پلساٹیلا"۔
موازنہ کریں "نکس وامیکا" سے جو علامات کے لحاظ سے ۔ اس کے برعکس ہے ۔

حیض کے دردوں میں اخراج سے آفاقہ اخراج کم مقدار میں اور تھوڑے وقت کے لئے

MENSTRUATION PAINS RELIEVED BY FLOW
SCANTY AND SHORT

۱۔ گو کہ حیض باقاعدہ ہوتا ہے لیکن بہت کم مقدار میں اور کمزور ، تمام دردوں میں اخراج سے آفاقہ ہوتا ہے ۔ حیض کے دوران ہمیشہ آفاقہ ۔ "لیکیسس"۔

۲۔ حیض بہت کم وقت کے لئے ، کم مقدار میں اور ناکافی ۔ "پلساٹیلا"۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو "سلفر" دوبارہ پلساٹیلا کے بعد دیں ۔

حیض سن بلوغت پر شروع نہ ہو جس کے ساتھ نشوونما سست

MENSTRUATION NOT STARTING AT PUBERTY WITH SLOW
DEVELOPMENT

لڑکیوں میں سن بلوغت پر حیض شروع نہ ہو اور نشوونما سست ہو ۔ ڈاکٹر کینٹ کا مشورہ ہے کہ ایسے کیسوں میں "لائیکو پوڈیم" دیں ۔ وہ یہ بھی دعویٰ کرتے ہیں کہ ایسی حالتوں میں یہ جنسی طاقت کو مضبوط کر دیتی ہے ۔

حیض کم مقدار میں جس کے ساتھ رونے کا رجحان اور قے ہو

MENSTRUATION SCANTY WITH WEEPING TENDENCY AND
VOMITING

۱۔ حیض عام طور پر کم جس کے ساتھ عام آفسردگی ، پست حوصلگی اور رونے کا رجحان پایا جائے ۔ حوصلہ افزائی کرنے سے رونے میں زیادہ جوش پایا جاتا ہے ۔ حیض بے قاعدہ ، فرج خشک ، منہ کے کناروں پر موتیوں کی مانند چھالے ، حیض درد کے ساتھ ۔ "نیٹرم میور"۔

۲۔ اخراج کم، اینٹھن جس کے ساتھ قے ہو۔ "کوپرم میٹ"۔

حیض کا اخراج شروع ہونے سے قبل شدید پیٹ درد
MENSTRUATION SEVERE COLIC PAIN BEFORE FLOW

۱۔ حیض سے قبل شدید درد، حیض کا اخراج شروع ہونے سے دو گھنٹے قبل شدید درد، مریضہ عموماً غش کھا جاتی ہے۔ پیٹ میں اینٹھن والی دکھن۔ ہر چوتھے یا پانچویں ہفتے اخراج جو کم مقدار میں ہو اور ڈیڑھ سے دو دن تک رہے۔ پہلے دن سیاہ لوتھڑے۔ دونوں کندھوں کے درمیان درد اور بعض اوقات سر درد ہو تو "لیپس ایلبس"۔

۲۔ حیض کے دوران اور قبل درد، مریضہ بے چین۔ "اکٹیا ریسی موسا"

۳۔ حیض سے قبل شدید درد جو دوہرا کر دے، نچلے پیٹ میں قولنجی درد "وائی برنم اوپولس"۔ مدر ٹنکچر تین قطرے۔

حیض دبا ہوا MENSTRUATION SUPPRESSED

یہ دوا عورتوں کے اعضائے تولید کی زیادہ تر علامات کو شفایاب کر دیتی ہے جو کہ حیض کے دب جانے کے بعد پیدا ہوئی ہوں۔ لہٰذا جب بھی حیض کے دب جانے کے بعد ایسی تکالیف پیدا ہوں تو اسی دوا کے متعلق غور کرنا چاہیئے۔ "پلساٹیلا"

حیض جس کے ساتھ پستانوں کی نشوونما نامکمل ہو، حیض کئی ماہ تک نہ ہو
MENSTRUATION WITH UNDEVELOPED BREASTS SUPPRESSED FOR MONTH TOGETHER

نوجوان لڑکی جس کو ۹ ماہ تک حیض نہ آئے ایک پستان دوسرے کے مقابلے میں چھوٹا ہو۔ پستانوں کے غدودوں کی نشوونما کے لئے یہ بہت مفید دوا ہے۔ "سیبل ساریولاٹا" مدر ٹنکچر تین مرتبہ روزانہ کم از کم

تین ماہ تک دیں۔

حیض کا دب جانا پر خون لڑکیوں میں
MENSTRUATION SUPPRESSED IN PLETHORIC GIRLS

پر خون لڑکیوں میں حیض کا دب جانا یا حیض کی بے قاعدگی ۔" اکونائٹ"۔

حیض عوضی، حیض کے بجائے خلاف معمول اخراج کی عادت
MENSTRUATION VICARIOUS-I-E HABITUAL DISCHARGE OCCURING IN AN ABNORMAL SITUATION

حیض کے بجائے غیر معمولی طور پر جریان خون ہو ۔ "یوفریزیا"۔

ذہنی نشوونما بچوں میں سست اور دیر سے ہو
MENTAL DEVELOPMENT SLOW AND LATE IN CHILDREN

"اگاری کس" میں بچے کی ذہنی نشوونما سست ہوتی ہے بچے کی یاداشت میں کمی، کوئی بات یاد نہیں رکھ سکتا۔ غلطیاں کرتا ہے اور پڑھنے میں سست ہوتا ہے۔ مریض سست اور کاہل ہوتا ہے۔ موازنہ کریں "نیٹرم میور" سے جس میں بچہ دیر سے باتیں کرنا سیکھتا ہے اور "کلکیریا کارب" سے جس میں بچہ دیر سے چلنا سیکھتا ہے۔ یہ دونوں باتیں اس دوا میں مشترک ہیں۔ "اگاری کس"۔

ذہنی صلاحیتیں کند، نیند بہت آئے اور وحشیانہ حرکات
MENTAL FACULTIES DULL SLEEPY AND DREADING MOVEMENTS

اس دوا کا مریض سست اور نیم خوابی کی حالت میں رہتا ہے اور وحشیانہ حرکات کرتا ہے۔ ذہنی صلاحیتیں مفقود ہوتی ہیں۔ واضح طور پر سوچ نہیں سکتا اور سوالوں کے جواب دینا نہیں چاہتا۔ وہ خاموش رہنا چاہتا ہے۔ وہ نہ کسی سے بات

کرنا چاہتا ہے اور نہ ہی یہ چاہتا ہے کہ اس سے کوئی بات کرے۔ وہ چاہتا ہے کہ بالکل اکیلا رہے اور کوئی بھی اس سے مخل نہ ہو۔ "جلبسی میم"۔

ذہنی صدمہ اعصابی کمزوری کا سبب بنے
MENTAL SHOCK CAUSING NERVOUSNESS

ایک مضبوط اور چاق و چوبند آدمی گھبرا جائے، کانپے اور آسانی سے جوش میں آ جائے۔

یہ عموماً ایک بڑے ذہنی صدمے کے بعد ہوتا ہے۔ "امبرا گریسیا"۔

پارہ کے استعمال سے جوڑوں کا درد اور دل کا متاثر ہونا
MERCURY INDUCING RHEUMATISM AND EFFECTING HEART

مریض تمام عمر پارے کا استعمال کرتا رہا ہو اور اس کا جگر بڑھ گیا ہو۔ جوڑ بڑھ گئے ہوں۔ پارے کے خارجی اثر سے گنٹھیا وی حالت پیدا ہو گئی ہو جو اس کے لیپ سے ختم ہو چکی اور دل متاثر ہو گیا ہو جس کی وجہ سے وہ ناامید ہو جائے اور خودکشی کرنا چاہے۔ چاہ و لگن نہ رہے تو یہ دوا سفلس اور پارے کے اثرات کو زائل کر دیتی ہے۔ "آرم میٹ"۔

ایک مرض کا دوسرے مرض میں بدلنا
METASTASIS

ایک نام نہاد مرض کا دوسرے مرض میں تبدیل ہو جانا۔ مثلاً کن پیڑوں کا خصیوں کے ورم میں۔ "ابراٹینم"

موازنہ کریں "کاربو ویج یا پلساٹیلا" سے۔

سوزاک کا خصیوں میں چلا جانا
METASTASIS GONORRHOEA TO TESTICLES

ایک مرض کا اپنی ابتدائی شکل سے سیلز، خون کی نالیوں بالمفادی چینل کے ذریعے دوسری جگہ چلا جانا۔ سوزاکی درد خصیوں میں چلے جائیں۔ خصیوں کا ورم۔ "پلساٹیلا"

کن پیڑوں کا خصیوں میں چلا جانا۔ "پلساٹیلا"۔

رحم کا ورم — METRITIS

رحم کی گردن سخت، رحم کا مزمن ورم اور رحم کا ٹل جانا، بیضہ دانیاں سخت ہو جائیں، حیض بہت زیادہ اور اسقاط حمل کی عادت۔ "آرم میورنیٹرونیٹم"۔

رحم سے جریان خون خصوصاً دو حیضوں کے درمیانی وقفہ میں — METRORRHAGIA

۱۔ دو حیضوں کے درمیانی عرصہ میں بہت زیادہ بھورے رنگ کا بدبودار اخراج جو کہ تار دار ہو۔ حیض کمر اور رانوں میں درد کے ساتھ، یہ اسقاط حمل یا بچے کی پیدائش کے بعد یا زیادہ مشقت کرنے سے ہو سکتا ہے۔ "نائیٹرک ایسڈ"۔

۲۔ اسہال جو عموماً حیض سے قبل ہوتے ہیں یا حیض کے اخراج کے ساتھ جو کہ بہت جلد اور بہت زیادہ خواہ رات کو یا صبح کے وقت ہو۔ حیض کے درمیانی وقفہ میں کبھی کبھار جریان خون۔ یہ دوا کثرت حیض اور لیکوریا میں بھی مفید ہے۔ "بووسٹا"۔

۳۔ حیض ہر دو ہفتے بعد ہو اور سات سے آٹھ دن تک رہے۔ درمیانی وقفہ میں خون آمیز لیکوریا جو مریضہ کو کئی خون میں مبتلا کر دے۔ ہلکی سی حرکت کرنے پر چمکیلا سرخ خون اچھل کر نکلے۔ سن یاس کی تکالیف میں اور اس تکلیف میں مفید دوا ہے۔ "ٹریلیم پنڈولم"۔

پیشاب آنا، شادی کے بعد اور زچگی کے بعد — MICTURITION AFTER MARRIAGE AND LABOUR

۱۔ جوان بیویوں میں درد کے ساتھ "سٹافی سگیریا"۔

۲۔ زچگی کے بعد پیشاب متواتر ٹپکتا رہے۔ "آرنیکا"۔

۳۔ زچگی کے بعد، آپریشن کے بعد پیشاب کا رک جانا۔ "کاسٹی کم"۔

پیشاب درد کے ساتھ اور قابو سے باہر — MICTURITION PAINFUL AND UNCONTROLLABLE

بار بار پیشاب آئے جس کے ساتھ درد ہو، پیشاب

کرنے کی حاجت اچانک اور بہت جلد لیکن اس پر قابو نہ پایا جا سکے۔ "تھوجا"

پیشاب بدبودار اور اس میں تلچھٹ
MICTURITION SEDIMENTS IN OFFENSIVE URINE

مثانے پر بوجھ، اور پیشاب کی بار بار حاجت، جس کے ساتھ پیٹ کے نچلے حصے میں کھچاؤ پایا جائے۔ پیشاب میں چکنی مٹی کی مانند تلچھٹ پیشاب بہت بدبودار۔ "سیپیا"

پیشاب کا آنا نوجوان عورتوں میں شادی کے بعد
MICTURITION IN YOUNG WIVES AFTER MARRIAGE

جوان عورتوں میں پیشاب درد کے ساتھ آئے۔ شادی کے بعد جوان اعصابی عورتوں میں پیشاب کی تکلیف۔ پیشاب کرنے کی حاجت عورت کے لئے بہت تکلیف دہ ہو۔ ایسی حالت میں یہ دوا بہت زیادہ سکون پہنچاتی ہے۔

"سٹافی سیگیریا"

آدھے سر کا درد (دردِ شقیقہ)
MIGRAIN

اعصابی سر درد جو کہ پرجوش واقعات اور زیادہ مشقت کی وجہ سے ہوتے ہوں، جن کے ساتھ متواتر تھوڑی مقدار میں پیشاب آتا ہو۔ یہ دوا مدر ٹنکچر میں پانچ قطرے فی خوراک کے حساب سے دینی چاہیئے۔ "سکوٹیلیریا"۔

۲۔ آدھے سر کا درد اور اعصابی تکالیف۔ "ٹانگو"

۳۔ آدھے سر کا نوبتی درد جو اعصابی قسم کا ہو اور جو مریض کو ذہنی کام سے فارغ ہو کر سستانے کے بعد ہو۔ مریض کو عموماً کڑوی صفراوی قے ہوتی ہے اور قے سے اس کے سر درد میں افاقہ ہوتا ہے۔ "آئرس ورسی کولر"۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو "سائیکلمین" دینی چاہیئے۔ جبکہ آدھے سر درد کے ساتھ آنکھوں کے سامنے ستارے سے اڑتے دکھائی دیتے ہوں۔

۴۔ "ڈامیانا" آدھے سر کے درد کے لئے عمدہ دوا ہے۔ اس کو مدر ٹنکچر میں

پندرہ سے بیس قطرے فی خوراک کے حساب سے ہر دو گھنٹے بعد دینا چاہیئے۔ شدید حالتوں میں اس کا استعمال ہر آدھے گھنٹے بعد کرانا چاہیئے اور مریض دو خوراکوں کے بعد سو جائے گا۔

۵۔ دہشتناک قسم کا شدید سر درد جس کے ساتھ ہائی بلڈ پریشر بھی ہو۔ سر درد جو کہ دھڑکن دار، آدھے سر درد کی انتہائی بگڑی ہوئی حالت۔ "نیٹرم میور"۔

۶۔ آدھے سر کا درد جو تیزابیت اور جگر کی سستی کی وجہ سے ہو۔ "چیونٹھس"۔

۷۔ بچوں کے آدھے سر درد کے لئے "کاربالک ایسڈ" ۱۲ طاقت میں۔

۸۔ آدھے سر درد کے حملوں کو ختم کرنے کے لئے "کینابس انڈیکا"۔

۹۔ دائیں طرف کے آدھے سر درد کے لئے۔ "پرونس سپائی نوسا ۶ یا پھر سینگو نیریا ۲۰۰۔

بائیں طرف کے آدھے سر درد کے لئے "سپائی جیلیا ۳۰" یا "تھوجا" ۲۰۰ طاقت میں دیں۔

۱۰۔ ایسے آدھے سر درد کے لئے جو مشقت، تھکاوٹ اور کمزوری کے نتیجہ میں ہو۔ سر درد سے قبل آنکھوں کے سامنے روشنی کی چمک سی دکھائی دے اور اس کے ساتھ چکر آئیں۔ "کوکا"۔

۱۱۔ سر درد پشتِ گردن سے شروع ہو اور سر کے اوپر کی جانب بڑھتا ہوا دائیں کنپٹی پر ختم ہو جو آدھے سر درد کا سبب بنے۔ پسینہ آئے جو بدبودار ہو، پاؤں پر بدبودار پسینہ۔ "سلیشیا"۔

۱۲۔ مریضہ عورت مہینے میں دو یا تین مرتبہ صبح شدید سر درد کے ساتھ جاگے، نظر متاثر ہو اور سر درد میں ہمیشہ حیض کے دوران اضافہ ہو۔ بلڈ پریشر اونچا ہو۔ "نیٹرم میور" دیں۔

۱۳۔ ایسا احساس ہو کہ دونوں کنپٹیاں اکٹھی کھلی جا چکی ہیں۔ گال کی ہڈی کے زاویے (ذائی گوما) اور کان کے قریب اعصابی درد۔ "ان دردوں میں باتیں کرنے سے،

چھینکنے سے یا دانتوں کو آپس میں دبانے سے اضافہ ہوتا ہے"۔ وربیسکم تھاپس ر"

۱۴۔ پُرخون اور صحت مند لوگوں کا سر درد۔ جس کا سبب دوران خون کے نظام میں کوئی خلل ہو۔ سر درد شدید اور دھڑکن دار ہو" بیلا ڈونا"

۱۵۔ ہسٹریا کی مریضہ میں جبکہ کسی خوف کی وجہ سے ہو۔ عورت حساس اور جلد جوش میں آجانے والی نوعیت کی ہو۔ سر کو آگے کی جانب جھکائے"۔ اگنیشیا"

دودھ شروع ہونے کے بعد ختم ہونا شروع ہو جائے
MILK CEASING AFTER STARTING

دودھ شروع ہونے کے بعد ختم ہونا شروع ہو جائے یا اچانک کم ہو جائے، ایسی عورتوں میں جن کی سابقہ ہسٹری میں جنسی زیادتی پائی جائے " اگنس کاسٹس"

دودھ چھوڑانے کے بعد کم نہ ہوتا ہو
MILK NOT DIMINISHING AFTER WEANING

"بیلا ڈونا" دیں۔

کھوپڑی پر پکنے والی داد تکیہ گیلا کر دے
MILK CRUST ON SCALP WETTING THE PILLOW

کھوپڑی پر خارش ہو، بہت زیادہ پسینہ آئے جس سے تکیہ گیلا ہو جائے۔ "کلکیریا کارب"

دودھ موافق نہ ہو
MILK DISAGREEABLE

ہمیشہ دودھ پینے کے بعد تکلیف میں اضافہ ہو تو "سیپیا" مفید ہے۔

دودھ ہضم نہ ہو اسہال کے ساتھ
MILK NOT DIGESTED WITH DIARRHOEA

بچوں میں دودھ ہضم کرنے کی واضح نا اہلیت، اسہال کے ساتھ جونہی دودھ پیا جائے۔ جما ہوا پنیر

کی مانند تے ہو جائے۔ پھر کمزوری کی وجہ سے غنودگی ہو جاتی ہو۔ "ایتھیوزا" موازنہ کریں "میگنیشیا کارب اور نیٹرم میور" سے۔

دودھ کا بخار	MILK FEVER	"بیلاڈونا" اگر یہ ناکام ہو جائے تو پھر "برائی اونیا" بار بار

دوہرانی چاہیئے۔

ذہن ، رونے کا رجحان MIND-WEAPING TENDENCY	"سیپیا" کی ذہنی علامات بہت مخصوص ہیں اور ان کا جسمانی علامات کے ساتھ پایا جانا بہت ضروری ہے۔ مریضہ	

میں انتہائی حد تک رونے کا رجحان پایا جاتا ہے۔ وہ پریشان رہتی ہے اور ہر موقعہ پر بغیر کسی وجہ کے رونا دھونا شروع کر دیتی ہے جب وہ اپنی تکالیف بیان کرتی ہے تو اس کی آنکھوں میں آنسو بھر آتے ہیں۔ وہ غیر جانبدار رہتی ہے۔ "سیپیا"۔ موازنہ کریں "پلساٹیلا" سے۔

ابتدائی مہینوں میں اسقاطِ حمل اور اس کا رجحان MISCARRIAGE AND ITS TENDENCY	خدشہ ، بخار ، بے چینی ، پیاس اور موت کا خوف "اکونائٹ"

ایک گھنٹہ کے وقفہ سے۔

ا: اسقاط کا رجحان ، اعضائے تولید کی ذکی الحسی "زنکم میٹ"۔

ب: حمل کے ابتدائی نصف حصے میں اسقاط کا رجحان "سبائنا" ایک گھنٹے کے وقفہ سے دیں۔

ج: ثانوی نصف حصے میں اسقاط کا رجحان ہو۔ "سکیل کار" ایک گھنٹے کے وقفہ سے۔

د: ایسی عورت جو حمل کے یقینی عرصہ میں اسقاط کا شکار ہونے کی عادت میں مبتلا ہو۔ "وائی برنم اوپولس" معینہ وقت سے کچھ عرصہ پہلے دینی چاہیئے۔

ذ : اگر سفلس کی وجہ سے ہو تو "مدر ٹنکچر لیوٹیکم" دیں۔ "سفلینم ۲۰۰" ہفتہ میں دو مرتبہ حمل کے پورے دورانیہ میں دینی چاہیئے ۔ (ڈاکٹر کلارک)

ر : اسقاط حمل کی عادت کے لئے "ہیلونیاس"۔

ز : "سمی سی فیوگا" اسقاط حمل کو روکنے کے لئے ایک طاقتور دوا ہے۔

س : "وائی برنم اوپولس" اگر جھلیوں کے زخمی ہونے سے قبل دی جائے۔ جبکہ دردیں تشنجی ہوں یا خدشہ پایا جائے تو یہ اسقاط حمل سے محفوظ کر دے گی۔

ابتدائی مہینوں میں اسقاط حمل کی عادت
MISCARRIAGE HABITUAL

ناپختہ اسقاط ہو یا ابارشن خواہ دونوں میں سے کوئی ہو یا خواہ اسقاط کا خدشہ ہو یا حادثاتی اسباب ہوں۔ یہ رحم کے ٹانک کے طور پہ بھی کام کرے گی۔ بانجھ عورتوں کی حیض کی بے قاعدگیاں جن کے ساتھ رحم کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا پایا جائے تو مفید ہے۔ "وائی برنم پرونی فولیم"۔

اسقاط حمل سفلسی مزاج عورتوں کا
MISCARRIAGE OF SYPHILITIC ORIGIN

کمزور عورتیں جو رحم سے جریان خون اور اسقاط حمل میں مبتلا رہتی ہوں "سفلینم"۔

اگر ان میں سفلس کی ہسٹری موجود نہ بھی ہو تو "مرک سال" اونچی طاقت میں دیں۔ اس کے بعد "سلفر" اور "کلکیریا کارب" پہ غور کریں۔

ابتدائی مہینوں میں اسقاط حمل کا خدشہ
MISCARRIAGE THREATENED

اسقاط حمل کا رجحان خصوصاً تیسرے ماہ۔ اسقاط حمل کے بعد رحم اور بیضہ دانیوں کا ورم۔ یہ رہی سہی جھلیوں اور آنول کو رحم سے باہر نکالنے میں مدد دیتی ہے۔ "سبائنا"۔

۲۔ مشینی چوٹ یا زخم سے اسقاط حمل کا خدشہ۔ "آرنیکا"۔

۳۔ متواتر جریان خون جس کے ساتھ درد اور متلی ہو۔ "اپی کاک"۔

غلطیوں کا مرتکب ہو
MISTAKES COMMITING

ا۔ حساب کتاب میں، ہجوں میں اور لکھنے میں غلطیاں کرے۔ "لائیکوپوڈیم"۔
۲۔ ناپنے اور تولنے میں غلطیاں کرنا ہو تو "نکس وامیکا"۔
۳۔ عام الفاظ کے غلط ہجے کرے یا غلط الفاظ استعمال کرے۔ "چائنا"۔
۴۔ جگہ بھول جائے، جگہ کی غلطی کرے۔ "گلونائن، نکس موسکاٹا" اور "پٹرولیم" یہ تینوں ادویہ یکے بعد دیگرے استعمال کرائیں۔

مذاق اڑائے
MOCKING

دوسروں کا اور رشتہ داروں کا ہنسی مذاق اڑائے۔ "لیکیسس، پلاٹینم"۔

افیون کی عادت
MORPHIA HABIT

افیون کی عادت چھوڑانے کے لئے بیس قطرے "ایوناسٹائیوا" مدر ٹنکچر کے گرم پانی میں ملا کر چار مرتبہ روزانہ دیں۔ اس عادت سے مکمل چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے اس دوا کا زیادہ عرصہ استعمال کرنا چاہیئے۔

مارفیا سے آپریشن کے بعد قے
MORPHIA VOMITING AFTER OPERAT-ION

حساس آدمیوں پر آپریشن کے بعد مارفیا کے اثرات بہت تکلیف دہ ہوتے ہیں۔ ڈکار اور ابکائیاں آنا، قے اور قے کے ساتھ کچھ بھی نکلنے کے لئے نہیں ہوتا۔ "کیمومیلا" دیں جو چند منٹوں میں ان کو روک دے گی اور عملی طور پہ یہ صرف واحد دوا ہے جو مارفین سے ہونے والی قے کو روکتی ہے۔ "کیمومیلا"۔

مچھر کا کاٹنا
MOSQUITO BITE

"لیڈم پال" مچھر کے کاٹے کو بہت جلد سکون پہنچاتی ہے۔ "لیڈم"۔

منہ سونے کے بعد بدبودار
MOUTH OFFENSIVE AFTER SLEEP

سونے کے بعد منہ بدبودار بلغم سے بھر جائے۔ "ریوم"

منہ نیند کے دوران کھلا ہو — MOUTH OPEN IN SLEEP

نیند کے دوران منہ کھلا رکھے۔ "اوپیم"

منہ میں زخم بننے والے ہوں — MOUTH ULCERATIVE

منہ میں زخم اور ورم جس کے ساتھ زبان پر سفید تہہ جمی ہوئی اور سخت تار دار تیزابی تھوک آئے "کالی کلوریکم"۔

منہ کو اندر سے دھونے کے لئے — MOUTH WASHED

منہ کو اندر سے صاف کرنے کے لئے جبکہ گلے میں دکھن اور مسوڑھوں کی تکالیف ہوں تپ دق کی کھانسی میں بھی مفید ہے

دس سے بیس قطرے مدر ٹنکچر ایک چمچ پانی میں سالو-آف (SALV - OFF) جسے سیگ (SAG) کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ منہ اور گلے کو صاف کریں۔ موازنہ کریں "کیلن ڈولا" سے۔ جس کو منہ دھونے کے لئے ایک پیالی گرم پانی میں قطرے ملا کر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مسوڑھوں کو آہستہ آہستہ مساج کرنے سے نرم کر دیتا ہے۔

منہ میں ورم اور زخم — MOUTH STOMATITIS

پارے کا ورم، مسوڑھے زخمی، زبان پھٹی ہوئی اور منہ انتہائی بدبودار ہو۔ "بیپ ٹیشیا" ڈاکٹر ڈیوی۔

منہ کا ذائقہ خراب — MOUTH BADTASTE

منہ کا ذائقہ خراب کسی چیز کا ذائقہ بھی اچھا نہ لگے۔ حتیٰ کہ پانی کا بھی۔ منہ میں خشکی پیاس کے بغیر جو چکنی اور مرغن غذا کے سبب ہوئی ہو۔ اس دوا کی طرف راہنمائی کرتی ہے۔ "پلساٹیلا"

موازنہ کریں "مرک سال" سے جس میں منہ کا ذائقہ ایسا ہی ہوتا ہے لیکن اس کی

خصوصیت یہ ہے کہ اس میں منہ میں رطوبت ہوتی ہے اور کم و بیش زیادہ تھوک ہوتا ہے جس کے ساتھ شدید پیاس پائی جاتی ہے۔

منہ کے کناروں پر چھالے
MOUTH BLISTERS NEAR CORNERS

منہ خشک جس کے ساتھ بہت زیادہ پیاس، ہونٹ اور منہ زخمی اور پھٹے ہوئے۔ بخار کے حملے کے دوران یا حیض کے ایام میں منہ کے کناروں کے قریب موتیوں کی مانند چھوٹے چھوٹے چھالے ہوں "نیٹرم میور"۔ موازنہ کریں "مرک سال اور پلساٹیلا" سے۔

منہ پھٹا ہوا
MOUTH CRACKED

منہ کے کنارے پھٹے ہوئے ہوں "گریفائیٹس"۔ اگر پھٹے ہونے کے ساتھ زخم بھی ہوں تو۔ "نائیٹرک ایسڈ"۔

منہ کا تمام حصہ متورم
MOUTH WHOLE OF IT INFLAMED

ورم شدید ہوتا ہے۔ جو منہ کے تمام حصہ کو اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے۔ گلا، کوّا، مسوڑھے سفنج کی مانند ہوتے ہیں اور خون آلود ہوتے۔ "مرک سال"۔

منہ بدبودار اور دُکھے
MOUTH OFFENSIVE AND RAW

منہ کی چھت اور نچلے جبڑے میں دکھن اور کچے پن کا احساس، منہ کے کنارے پھٹے ہوئے ہوں اور دکھیں۔ مُنہ سے گندی بُو آئے اور تیزابی تھوک کا اخراج ہو۔ "آرم ٹرائی فیلم"۔

منہ سے گندی بُو آئے اور مسوڑھے متورم ہوں
MOUTH OFFENSIVE ODOUR AND SWOLLEN GUMS

تمام منہ گندا دکھائی دے اور اس سے بدبُو آئے دانت اور مسوڑھوں کا متورم ہونا، شدید پیاس۔ گو کہ منہ اور زبان گیلی ہو۔ ایسی حالت شدید بخار یا کسی عضو کی ورمی کیفیت میں خصوصاً

غدودوں یا آنتوں میں پائی جاسکتی ہے۔ "مرک سال"

منہ خشک	MOUTH PARCHED	منہ اور ہونٹ خشک ہوتے ہیں اور زیادہ وقفہ کے بعد کافی مقدار میں

پانی کی پیاس ہوتی ہے۔ بلغمی جھلیوں کی خشکی۔ "برائی اونیا"

منہ، بچے کے منہ میں زخم MOUTH-ULCERS IN CHILD'S MOUTH		منہ زخموں سے بھرا ہوا، عموماً منہ سے گندی بُو آئے، بچہ عموماً کمزور اور تھکا ہوا اور غنودگی میں ہوتا ہے۔

"بپٹیشیا" مفید ہے۔

منہ کے زخم جوان لوگوں میں MOUTH-ULCERS OF ADULTS		مسوڑھوں، زبان، گلے اور رخساروں کی اندرونی جانب زخم جس کے ساتھ تھوک کی زیادتی پائی جائے۔ منہ

سے گندی بُو آئے، زخموں کے کنارے بے قاعدہ اور ناقابل تعین جن کی تہہ غیر صحت مند اور سیاہ دائرے سے گھرے ہوئے ہوں۔ منہ میں رطوبت اور شدید پیاس پائی جائے۔ "مرک سال"

حرکت کرنے سے تمام تکالیف میں اضافہ ہو MOVEMENTS INCREASE IN ALL COMPLAINTS		کسی بھی قسم کی حرکت سے تمام تکالیف بڑھ جاتی ہیں۔ تمام قسم کی بلا ارادہ حرکات عموماً مریض

سے یا جسم کے متاثرہ حصے میں ہوں۔ خواہ تمام جسم کی حرکت ہو یا کسی ایک حصہ کی، خواہ تمام جسم کی تکلیف ہو یا جسم کے کسی حصے کی حرکت سے اس میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ بیماری کا کیا نام ہے اگر مریض کو چپ چاپ اور بلا حرکت پڑے رہنے سے آفاقہ ہو اور ہلکی سی حرکت کرنے پہ اس کی تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔ یعنی جتنی زیادہ وہ حرکت کرے اتنا ہی تکلیف میں اضافہ ہو جائے تو ایسی صورت میں یہ پہلی دوا ہے جس کے متعلق خیال کرنا

چاہیئے۔ "برائی ادنیا" (ڈاکٹر ڈیوی)

سانس کی نالیوں میں بلغم کا جمع ہو جانا MUCUS ACCUMULATION IN AIR PASSAGES

۱۔ سانس کی نالیوں میں بہت زیادہ بلغم کا جمع ہو جانا جس کی وجہ سے چھاتی میں کھڑکھڑاہٹ اور بلغم نکالنے کی نااہلیت پائی جائے، پھیپھڑوں کا جزوی فالج۔

۲۔ بلغم کا بہت زیادہ جمع ہو جانا، شدید درجے کی تنگیٔ تنفس جس کے ساتھ گہری کھانسی بہت زیادہ متلی اور پریشانی۔ اس دوا کو ایسی صورت میں بھی استعمال کیا جا سکتا ہے جبکہ بلغم جمع ہونے کے سبب گھٹن پائی جائے۔ "اپی کاک"۔

۳۔ گاڑھی تار دار چپچپی بلغم کا اخراج ہو جس کو دھاگے کی مانند دور تک کھینچا جا سکے۔ "کالی بائیکرومیکم"۔

موازنہ کریں "ہائیڈراسٹس، لائی سین اور آرس درسی کولر" سے جبکہ بلغم گلے اور منہ سے آرہی ہو۔

بڑی آنت کا ورم بلغم کے ساتھ MUCUS COLITIS

۱۔ بلغمی اخراج ریاح، قبض اور درد۔ "آرجنٹم نائیٹریکم"۔

۲۔ "جیلی میم" کی مانند چپچپا پاخانہ، آنتوں اور گردوں میں کاٹنے والے درد "کوڈیئم سلفوریٹم"۔

۳۔ پاخانہ آنتوں کے ٹکڑوں کی مانند، درد، متلی، پیاس اور قے کے لئے "دکینتھرس" مفید ہے۔

کن پیڑے MUMPS

۱۔ "بیلاڈونا" کن پیڑوں کے لئے بہت مفید دوا ہے اس کو ہر آدھے گھنٹے بعد "مرک آیوڈائیڈ" ۳۰ کے ساتھ ادل بدل کر دینا چاہیئے۔ اگر یہ دونوں ناکام ہو جائیں تو پھر "فائیٹولاکا" دیں جبکہ رسولی سخت اور جلد زرد ہو۔

ب : جب کان متاثر ہو اور درد بہت زیادہ شدید ہو تو "پلساٹیلا" دیں۔
پیروٹائیڈینم" جو کہ ایک نوسوڈ ہے ۔ اس کی ایک خوراک ۲۰۰ طاقت میں دیں اور
اس روز کوئی دوسری دوا نہ دیں ۔

کن پیڑے خصیوں کے ورم میں بدل جائیں
MUMPS CHANGING TO TESTES

کن پیڑوں کا ورم خصیوں کے ورم میں بدل جائے یا پستانوں کے ورم میں
بدل جائے ۔ "ابراٹینم"۔

کن پیڑوں سے بچانے والی
MUMPS PREVENTIVE

"پلوکارپینم" اور "پیروٹائیڈینم"
دوسری دوا ایک نوسوڈ ہے ۔ اس کو ہفتہ میں
ایک بار ۲۰۰ طاقت میں دو یا تین ہفتے تک حفظ
ماتقدم کے طور پہ دینا چاہیئے ۔ جب دوسری تمام ادویہ ناکام ہو جائیں تو اس دوا
کو شفایابی کے لئے بھی استعمال کرنا چاہیئے ۔ ایسی صورت میں اس کی صرف ایک ہی
خوراک دینی چاہیئے اور اس روز کوئی دوسری دوا استعمال نہیں کرنی چاہیئے ۔

کن پیڑوں کی مخصوص دوا MUMPS PROPHYLACTIC

"ٹرائی فولیم ریپنس"۔

کن پیڑوں کو بہت جلد نکالنا اور ان کے دورانیہ کو کم کرنا MUMPS
ABORTING AND SHORTENING THE DURATION

اگر "پیروٹائیڈینم" ہر دو یا تین گھنٹے کے وقفہ سے کن پیڑوں کے آغاز پر دی
جائے تو یہ اس مرض کے دورانیہ کو کافی حد تک کم کر دیتی ہے (ڈاکٹر کلارک)

کن پیڑوں کی تکلیف خصیوں میں MUMPS TROUBLE IN TESTICLES

کن پیڑوں کی تکلیف کا خصیوں کی تکلیف میں بدل جانا۔ "پلساٹیلا" موازنہ کریں "ابراٹینم اور کاربو ویج" سے۔

گانا علامات میں اضافہ کرے MUSIC AGGRAVATING SYMPTOMS

گانا ناقابل برداشت، گانا سننا بعض اوقات کئی جسمانی علامات میں اضافہ کر دیتا ہے۔ "امبرا گریسیا" موازنہ کریں "کلکیریا کارب" سے۔

عضلات کی مختلف تکالیف مع کمزور ہو جانے کے MUSCLES DIFFERENT TROUBLES INCLUDING ATROPHY

۱۔ عضلات ڈھیلے آسانی سے تھک جائیں، ٹانگوں کی کمزوری، بازوؤں اور ٹانگوں کی طاقت کا ضائع ہو جانا۔ "جلسی میم"۔

۲۔ عضلات میں بھیگ جانے اور سردی لگنے کے سے درد ہوں۔ "ڈلکا مارا"

۳۔ تمام عضلاتی نظام میں کمزوری، جوڑوں، بازوؤں اور ٹانگوں میں کھینچنے والے درد اور اینٹھن، کمر میں درد۔ "وریٹرم ورائیڈ" دو گھنٹے کے وقفہ سے۔

۴۔ کندھوں میں سختی، دباؤ اور کمزوری۔ اعضاء میں، بازوؤں اور ٹانگوں میں فالج کا سا بھاری پن۔ "کاسٹی کم"۔

۵۔ عضلات کا سوکھتے جانا۔ "پلمبم" چوٹی کی دوا ہے اور سوزش سے لیکر عضلات کے مکمل ضیاع تک کی علامات کو قابو میں کر لیتی ہے۔ گردن میں احساس کا مکمل ضیاع، کمزوری، کاٹنے والے، گولی لگنے کے سے درد، عضلات کا چھوٹا ہو جانا، عضلات کے سوکھ جانے کے لئے "کالی بائیکرومیکم" دیں۔ اس کے استعمال سے اس حالت سے متعلقہ وائرس تباہ ہو جائے گا۔ (ڈاکٹر کلارک اور ڈاکٹر آر۔ بی۔ بشمبر داس۔)

۶۔ عضلات کا سکڑنا۔ "سائیمیکس"۔

۲۔ گردن کے عضلات کی کمزوری، مشکل سے سر کو اونچا رکھ سکیں۔" کاکولس انڈیکا زنکم میٹ، اگنیشیا اور اگاری کس" مختلف عضلات کے جھٹکنے اور پھڑکنے پر قابو پانے کے لئے مفید ہیں۔

عضلات سخت MUSCLES RIGID	زیادہ تر گردن اور کندھوں کے۔" سینی شیو"
ورم حرام مغز MYELITIS	ا۔ جب ریڑھ کا اوپر کا حصّہ متاثر ہو۔ ریڑھ میں گولی لگنے کے سے گھونپنے کے سے درد ہوں اور اونچے درجے کا بخار ہو۔" بیلاڈونا"

۲۔ حرام مغز کا درد اور ورم۔ جب کسی چوٹ سے یا ریڑھ پہ مُکا لگنے سے، ہلکی سی حرکت سے درد ہو۔" آرنیکا، ہائیپریکم"

۳۔ نچلے دھڑ میں بہت زیادہ سختی، درد اور سردی لگنا۔" اوگزالک ایسڈ"

۴۔ ریڑھ کا مزمن فالج۔" پلمبم"

۵۔ حرام مغز میں گاڑھاپن، پنڈلیوں میں اینٹھن، مسوڑھے متورم، معدے میں درد، قبض، پاخانہ سخت، ڈھیلوں کی شکل میں، پاخانہ یا پیشاب کرتے وقت زور لگانا پڑے۔ نچلے دھڑ کا فالج، پیشاب کے قطروں کا اخراج۔" پلمبم آیوڈائیڈ" ۳۰ طاقت میں۔

۶۔ پاخانہ کا نادانستہ اخراج، پاخانہ نکلنے کا احساس نہ ہو۔ مقعد بالکل کھلی، رحم میں جلندار درد، نیند کا نہ آنا اور بے چینی، پریشان، خوفزدہ، مثانے کا فالج کھٹی چیزوں کی خواہش، کپکپی، لڑکھڑاتی چال، پھولے ہوئے زخم، چھونے سے جلد ٹھنڈی محسوس ہو، اوپر کپڑا لینا برداشت نہ کر سکے، جسم کے حصّوں کو ننگا رکھنا چاہے، گندے ڈکار آئیں۔" سیکیل کار"

۷۔ اینٹھن میں پاؤں کو دبا کر رکھنے سے آفاقہ ہو۔ ٹانگوں میں سن ہونے اور مفلوج ہونے کا احساس، پاخانہ کی متواتر حاجت، منہ خشک، ریڑھ کے حصّے میں

درد، ٹانگوں کی پنڈلیوں میں درد، گُردے کے فعل میں کمی، چکر آنا، پیشاب کا وزنِ مخصوص بڑھا ہوا۔ ریڑھ کے حصّے اور کندھے کی ہڈیوں کے نچلے زاویے میں درد۔ "کوپرم آرس"۔

۸۔ سردی لگنے سے ضرور پیشاب آئے، سردی لگنے سے مثانے کا نزلہ، پیشاب میں گاڑھا بلغم ہو، پیپ دار اجزا پائے جائیں، حیض کا رُک جانا، کھانسی، گردن سخت، چھوٹی کمر میں درد جیسا کہ کافی دیر تک آگے کی جانب جھکنے سے ہو۔ ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر پسینہ آئے۔ "ڈلکا مارا" ۳۰۔

۹۔ حرام مغز میں درد اور ورم۔ جب ریڑھ پر چوٹ یا مُکا لگنے کی وجہ سے ہو، ہلکی سی حرکت سے درد ہو، چھونے سے نہایت ذکی الحسی، کھڑے ہونے کی کوشش کرنے سے ڈرے۔ "امونیم میور ۳۰"، اور ہائیپریکم ۳۰"۔

۱۰۔ تمام جسم میں سرایت کر جانے والی کمزوری، تھکاوٹ اور بے چینی، جلندار دردیں، تنزلی تبدیلیاں، بہت پریشانی اور بے چینی، پنڈلیوں میں اینٹھن سر کو تکیہ پہ اونچا رکھے، آگ کی مانند جلن دار بواسیر، پیشاب نادانستہ خارج ہو، تنزلی تبدیلیاں۔ "آرسینکم البم"۔

۱۱۔ حرام مغز میں خون کی کمی، ریڑھ میں جلن، درد اور کمزوری، پاؤں ٹھنڈے اور چپکنے، ریڑھ اور گردن کے نظام میں کمزوری اور طاقت کا ختم ہو جانا۔ مفید ہے "سٹرکنیا فاس" ۳ طاقت میں۔

قریب نظری MYOPIA

۱۔ "فائیسوسٹگما ۳x" چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ اس قسم کے لئے یہ دوا بہت مفید ہے۔ مریض جو کہ کام کرنے کی طرف راغب نہ ہو اور آسانی سے تھک جاتا ہو اور جو آنکھوں کے سامنے جھلملاہٹ کی شکایت کرتا ہو۔ "سائیکلیمن"۔

آنکھوں کی پتلیوں کا مکمل سکڑاؤ MYOSITIS

پتلیوں کے سکڑنے کی ترقی پذیر حالت

عضلات کا ورم خصوصاً غیر ارادی عضلات کا۔ "کلکیریا فلور" بہت مفید دوا ہے اور اس کا استعمال عرصہ دراز تک کرنا چاہیئے۔ یہ سخت، مضبوط غدودوں، وریدوں کے پھول جانے اور ہڈیوں کی نشوونما میں کمی کے لئے بہت مفید ٹشوز ریمیڈی ہے۔ اگر اس دوا سے کوئی واضح مفید نتیجہ حاصل نہ ہو سکے تو مندرجہ ذیل ادویہ یکے بعد دیگرے استعمال کرانی چاہیئیں (ڈاکٹر بشمبر داس)۔

۱۔ کلکیریا فاس، ۲۔ ایسڈ فلور، ۳۔ سمفائیٹم۔

تھائی رائیڈ گلینڈ کی فعلی خرابی سے استسقاء بلغمی
MYXODEMA

یہ ایک مرضیاتی حالت ہے جو تھائیرائیڈ غدود کے فعل میں کمی یا تھائیرائیڈ غدود کے نکال دینے یا اس کے سکڑ جانے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔ جس سے بالوں کا گرنا، بالوں کا موٹا ہونا، جلدی خشکی، وزن کا بڑھ جانا ذہنی نشوونما میں کمی، میٹابولزم کا کم ہو جانا یا ختم ہو جانا، جس کے ساتھ چہرہ اور ہاتھ متورم، پسینہ نہ آنا، ناخنوں کا ٹوٹنا، کمزوری اور تھکاوٹ پائی جاتی ہیں۔ ان کے لئے "تھائیرائیڈینم ۳۰" طاقت میں کم از کم تین ماہ تک دینی چاہیئے۔ اگر اس دوران کوئی مفید اثر ظاہر نہ ہو تو پھر "سپانجیا" دیں اور اس کے بعد "آیوڈین" کا استعمال کرائیں۔ ڈاکٹر آر۔ بی۔ بشمبر داس اس کے بعد "لیپس ایلبس، اوڈیم جیکولس اور سلفر" غدودوں کی تمام تکالیف کے لئے استعمال کرنے کی سفارش کرتے ہیں۔

پیدائشی نشانات داغ وغیرہ
NAEVUS BIRTH MARKS

۱۔ "تھوجا" ۳۰ طاقت میں اندرونی طور پر دینی چاہیئے اور خارجی طور پر تھوجا مدر ٹنکچر دو مرتبہ روزانہ۔

"ریڈیم برومائیڈ" ۳۰ طاقت میں ہفتہ میں ایک بار دیں۔ اس دوران تھوجا کا استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ "ویکسی نینم" ۲۰۰ طاقت میں ہر چودہ دن کے

بعد ایک مرتبہ دیں۔

ب : ڈاکٹر اگاروال کے مطابق "لائیکوپوڈیم اور فلیورک ایسڈ" پیدائشی داغوں، نشانات وغیرہ کو ختم کرنے کے لیئے بہت عمدہ دوائیں ہیں۔

ناخن نیلے، ناخنوں کا گرنا، درد، ناخن ملائم
NAILS BLUE FALLING PAINS AND SOFT NAILS

۱۔ ناخن نیلے، "اوگزالک ایسڈ"۔

۲۔ ناخن نرم اور ملائم۔ "ویس بیڈن" موازنہ کریں "تھوجا" سے۔

۳۔ ناخنوں کا گرنا۔ "ہیلی بورس فوٹیڈس"۔

۴۔ ناخنوں کے نیچے درد۔ "سیپیا"۔

۵۔ ناخنوں کا ٹوٹنا۔ "سٹینم"۔

ناخن کاٹنا دانتوں سے
NAILS BITING

۱۔ انگلیوں کے ناخنوں کو کاٹے حتیٰ کہ خون نکل آئے۔ "آرم ٹرائی فیلم"۔

۲۔ "امبرا" ناخن کاٹنے میں اچھا کام کرتی ہے۔

۳۔ "سینی کولا" ناخن کاٹنے میں ایک مزید مؤثر دوا ہے۔

۴۔ اعصابی ہیجان کی وجہ سے ناخن کاٹے۔ "امونیم برومیٹم"۔

ناخن بدشکل ہوجائیں NAILS MISSHAPEN

ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کے ناخن موٹے اور بدشکل پیدا ہوں۔ "گریفائیٹس"۔

ناخن انگلیوں کے زخمی ہوجائیں
NAILS OF FINGERS HURT

جب اعصاب کی اکثریت والا حصہ جیسا کہ انگلیوں کے سرے پاؤں کی انگلیوں کے سرے زخمی ہوجائیں اور اعصاب پہ ورم آجائے، ناخن اتر جائیں یا انگلی ہتھوڑے کے درمیان آنے سے اعصاب کچلے جائیں تو ایسی صورت میں "ہائیپریکم" دوا ہے۔

ناخنوں کی نشونما میں کمی
NAILS GROWTH DEFICIENT

ناخنوں کی نشونما میں کمی ہو، ناخن ٹوٹیں تو مفید دوا ہے۔ "اینٹی مونیم کردڈم"۔

پاؤں میں لوہے کا کیل چبھ جائے یا ہاتھ کی انگلی کے ناخن کے نیچے پھچی وغیرہ
NAIL OF IRON IN THE FOOT OR UNDER FINGER

جب مریض کا پاؤں کسی کیل پر پڑ جائے یا لکڑی کی کھپچی ہاتھ کی انگلی کے ناخن کے نیچے چبھ جائے یا کسی دوسرے حساس حصّہ میں تو ایسی صورت میں ایک خوراک "لیڈم پال" دیں۔ یہ ہمیشہ ٹیٹنس سے محفوظ رکھے گی۔

ناخن، سفنج کی مانند بدگوشت اور ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کے ناخنوں کی غیر معمولی پیدائش
NAILS – FINGERS ABNORMAL

OUT GROWTH OF FINGERS AND TOES NAILS

ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کے ناخن میں سفنج کی مانند پیدائش، ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلووں میں پردرد دراڑیں (پھٹے ہوئے) ناخنوں کی خارش جس کو گرم تکمید سے آفاقہ ہو۔ ٹھنڈے پانی کا استعمال جلن پیدا کرے۔ حیض سے قبل چڑچڑاپن، بہت جلد جوش میں آجائے۔ جب اکیلی ہو تو پریشان ہو جائے، نمک کی خواہش، مزید نمک ڈالنا پسند کرے۔ "سیپیا" ۲۰۰ سے علاج شروع کریں اور بتدریج سی ایم تک لے جائیں۔ اس کے بعد چند دنوں کے لئے "مائیر سٹیکا" ۳۰ دینی چاہئیے۔ خارجی طور پہ "کیلن ڈولا" مرہم لگائیں۔

ناخن پاؤں کی انگلیوں کے اندر کی طرف بڑھیں
NAILS IN GROWING TOES NAILS

"میگنیٹس پولس اسٹرالس" ۳۰ سے ۲۰۰ طاقت میں ہر چار گھنٹے بعد۔ الخ

خارجی طور پہ "ہائیڈراسٹس" مرہم۔

ناخن بدشکل ہوں نیز تنگ جوتوں کی وجہ سے بھی NAILS MISS-SHAPEN ALSO DUE TO TIGHT SHOES

۱۔ ناخن سخت جو جلد ٹوٹ جائیں اصل شکل میں نہ ہوں۔ ریزہ ریزہ ہو جائیں، بدشکل ہوں یا نرم۔ "تھوجا"

۲۔ ناخن تیزی سے بڑھیں۔ ناخن سخت جو جلد ٹوٹ جائیں اور ریزہ ریزہ ہو جائیں، ناخن کے نیچے کھپچی کا احساس ہو۔ "فلورک ایسڈ"

۳۔ ہاتھوں کی انگلیوں کے ناخن موٹے، سیاہ اور خراب، ناخن بے قاعدہ اور بدشکل ہوں، ناخن پر درد اور دکھتے ہوں۔ "گریفائیٹس"

۴۔ ناخنوں کی تہہ میں ورم ہو۔ "سلیشیا" خارجی استعمال کے لئے "کیلن ڈولا" مدرٹنکچر۔

۵۔ اگر ناخن متورم ہو جائیں یا ان میں پیپ پڑ جائے اور ناخن کے گرد کا ملائم حصّہ تنگ جوتی پہننے کی وجہ سے سوج جائے تو "ایسڈ نائیٹرک یا میگنٹ اسٹرالس" ۳۰ طاقت میں اندرونی طور پہ استعمال کرائیں اور خارجی طور پہ "ہائیڈراسٹس" مدرٹنکچر استعمال کرائیں۔

ناخنوں میں درد NAIL PAIN

ہاتھوں کی انگلیوں کے نیچے درد، پاؤں ٹھنڈے، ہاتھوں کی انگلیوں کے جوڑوں کی سوجن۔ "بربیرس"

ناخنوں کی داد NAIL PSORIASIS

ڈاکٹر بینرجی "کرائی سوفینٹنک ایسڈ" ۳x تین مرتبہ روزانہ کی سفارش کرتے ہیں۔ یہ داد اور دیگر جلدی تکالیف میں خارجی طور پر بھی استعمال کی جاسکتی ہے۔ اس کا مرہم چار سے آٹھ گرین ایک اونس ویزلین میں ملا کر

بنایا جا سکتا ہے جیسا کہ ڈاکٹر بینرجی نے سفارش کی ہے۔

ناخنوں کی جلد پھٹی ہو NAIL SKIN CRACKING

ناخنوں کے گرد کی جلد خشک اور پھٹی ہوئی۔ "نیٹرم میور"

ناخنوں پر سفید داغ NAIL - WHITE SPOTS

ہاتھوں کی انگلیوں کے ناخنوں کی تکالیف خصوصاً جب ناخنوں پر سفید داغ ہوں۔ "سیلیشیا"

ناخن زرد NAILS YELLOW

ہاتھوں کی انگلیوں کے ناخن پیلے ہو جائیں۔ "امونیم کارب"

پشتِ گردن کے عضلات کا کھچ جانا NAPE - MUSCLES DRAWN

گردن کے عضلات کے سکڑنے سے سر پیچھے کو کھچ جائے۔ "اکٹیاریسی موسا"

ناک کا سُرخ ہو جانا NASAL ERYTHEMA

جلد کا اجتماع خون جو ٹکڑیوں میں ہوتا ہے اور مختلف سائز اور اشکال میں ہوتا ہے۔ تمام ناک سُرخ اور متورم ہوتی ہے۔ رخساروں تک پھیل جاتا ہے جس میں آنکھیں بھی شامل ہوتی ہے۔ ورمی اثر لئے۔ اگر ناک اندر سے بند ہو جائے تو "کالی بائیکرومیکم" پانچ قطرے پانی میں ملا کر رات کو اور صبح کے وقت۔ خارجی طور پر ہلکا سا محلول اسی دوا کا ایک اور دو ہزار کی نسبت سے تیار کر کے استعمال کرائیں۔ "تھوجا" ۳۰ سرخی کے لئے۔ (ڈاکٹر کلارک)

ناک کا گومڑ NASAL POLYPUS

۱۔ ڈاکٹر جوسٹ دو خوراکیں "کلکیریا کارب" کی روزانہ ایک ماہ تک استعمال کرنے کی سفارش کرتے ہیں اور اس کے بعد دس دن تک ناغہ کرنے کے بعد دوبارہ شروع کرنے کو کہتے ہیں۔

۲۔ ناک کے گومڑے سے خون نکلنے کے لئے "سنیگا فاسفورس"۔

متلی، معدے میں بھاری پن جس کو دبانے سے آفاقہ ہو
NAUSEA HEAVINESS IN STOMICH RELIEF BY PRESSURE

معدے میں بھاری پن اور متلی جس کی یہ خصوصیات ہیں۔

۱۔ حرکت سے اضافہ۔

۲۔ بہت زیادہ مقدار میں پانی پینے کی پیاس۔

۳۔ اور دباؤ سے آفاقہ۔ "برائی اونیا" مفید ہے۔

متلی اور قے حمل کے دوران
NAUSEA MORNING SICKNESS IN PREGNANCY

روزانہ کئی مرتبہ قے، درد اور آباک، اینٹھن، رات دن بے چینی ڈاکٹر ہوبنی نے اس دوا سے ۲۴ گھنٹے کے اندر مریضاؤں کو شفایاب کیا ہے۔ "کیوپرم ایسیٹیکم" ۳x۔

متلی متواتر
NAUSEA PERSISTENT

متواتر متلی جس کو قے کرنے سے بھی آفاقہ نہ ہو، قے کے بعد چہرہ عموماً زرد اور نیند کا آنا، زبان صاف۔ یہ دوا ہر قسم کی متلی کو شفایاب کر دیتی ہے۔ "اپی کاک"۔ موازنہ کریں "پلساٹیلا" سے۔

متلی حمل کے دوران پکے ہوئے کھانے کا خیال کرنے سے یا اس کی خوشبو سے
NAUSEA IN PREGNANCY DUE TO THOUGHT OR SMELL OF FOOD

حمل کے دوران جب بھی پکے ہوئے کھانے کا خیال کرنے سے یا اس کی خوشبو آئے تو متلی ہو یا قے، مریضہ باورچی خانہ کے قریب سے بھی نہ گزر سکے۔ "کالچی کم" اس کے لئے مفید دوا ہے۔ لیکن "سیپیا" بہتر ہے۔ موازنہ کریں "آرسینکم البم" سے۔

متلی کھانے کی خوشبو سے
NAUSEA SMELL OF FOOD

کھانے کی خوشبو یا اس کا دیکھنا متلی کا سبب بنے۔ "آرسینکم البم"، حمل میں "سیپیا" اور "کالچی کم" سے موازنہ نہ کریں۔

متلی اُباک کے ساتھ جس میں قے نہ ہو
NAUSEA WITH RETCHING WITHOUT VOMITING

متلی اور اُباک، بغیر قے کے۔ معدے میں بہت زیادہ گڑگڑاہٹ۔ "پوڈوفائیلم"۔

ناف زخمی اور اس سے خون نکلے
NAVEL BLEEDING AND ULCERATION

۱۔ نومولود کی ناف سے خون نکلے۔ "ابراٹینم"۔
۲۔ نومولود بچوں کی ناف زخمی۔ "نکس موسکاٹا"۔

گردن کے غدود متورم اور ناک سے اخراج
NECK GLANDS WITH DISCHARGE FROM NOSE

ناک سے خراشدار مواد کے ساتھ گردن کے غدود اور کان کی پشت کے غدود متورم ہوں اور ان میں دُکھن ہوتی ہو۔ "آرم ٹرائی فیلم"۔

گردن کے غدود بڑھے ہوئے
NECK GLANDS ENLARGED

غدود بڑھے ہوئے ہوں، ان میں پیپ پڑ رہی ہو، گلے میں بھی دکھن ہو، خاندانی ہسٹری میں ٹی بی پائی جائے تو "بیسی لینم، سلیشیا اور برائٹا کارب" کے زیر اثر یہ قدرتی طور پہ کھل جائیں گے۔ خارجی طور پہ "کیلن ڈولا" مدر ٹنکچر کا محلول استعمال کرائیں۔

گردن کی موچ
NECK SPRAIN

اگر نیند کے دوران گردن کے غلط حالت میں اِدھر اُدھر حرکت کرنے سے گردن میں موچ آجائے تو اس حالت میں "رسٹاکس" ۲۰۰ طاقت

میں دیں جو ایک دن میں درد کو آفاقہ کر دے گی۔

گردن کے غدودوں کی سوجن
NECK GLANDS SWELLING

گردن کے غدودوں کی سوجن، یا جسم کے کسی حصے کی سوجن۔ "مرک سال"۔

گردن کا سخت ہو جانا NECK STIFF

ہوا کے جھونکے سے یا سردی لگ جانے کی وجہ سے گردن کا سخت ہو جانا اور اس میں درد، گردن کو حرکت دینے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ "اکونائٹ" ایک گھنٹہ کے وقفہ سے۔

نچلے جبڑے کی ہڈی کا گلنا سڑنا
NECROSIS OF BONE OF LOWER JAW

خصوصاً نچلے جبڑے کا، لیکن دوسرے حصوں کا بھی، جیسا کہ ریڑھ اور ٹانگ کی لمبی ہڈی "ٹبیا" کا ناسور "فاسفورس، کلکیریا فلور اور سلیشیا" ہڈیوں کے گلنے سڑنے کو روکنے کے لئے اور شفایابی کے لئے یکے بعد دیگرے دینی چاہئیں

اوپر کے دائیں جبڑے کی ہڈی کا گلنا سڑنا
NECROSIS OF BONE OF UPPER RIGHT JAW

ڈاکٹر لوتھر آف بلائی ماوتھ مچی گان نے دائیں جانب کے اوپر کے جبڑے کی ہڈی کے گلنے سڑنے کے کیسوں کو مکمل طور پہ "سلیشیا" اور اس کے بعد "فلورک ایسڈ" اور پھر "کلکیریا فلور" دے کر شفایاب کیا ہے۔

گردے کا ورم بچوں میں
NEPHRITIS - CHILDREN

بچوں کے گردے کا ورم۔ جس کے ساتھ گردن کے غدود بڑھے ہوئے ہوں، دانت دیر سے نکل رہے ہوں، سردی سے بہت جلد متاثر ہو، آنتوں کا فعل سست، پیٹ بڑھا ہوا، دانت دگڑے ہوئے، بخار ہو، پیشاب کم، چھوئے جانے سے نفرت۔ "کلکیریا کارب"۔

گردے کا ورم
NEPHRITIS

۱۔ پیشاب سیاہ، بہت زیادہ مقدار میں البیومن اور کیسٹ کا اخراج، جلد زرد، پانی کی مانند اسہال اور بہت زیادہ پیاس۔ ڈاکٹر پوپ "آرسینکم البم" کو حاد ورم گردہ کے لئے بہت مفید بتاتے ہیں۔ "اکونائٹ" پہلی دوا ہے اور اس کے بعد مکمل طور پہ اور جلد شفا کے لئے "آرسینکم البم" کا استعمال کرنا چاہیئے۔

۲۔ بہت اونچے درجے کا ورم، پیشاب کم مقدار میں خون آمیز، سست رفتار اور پر درد، سانس بدبودار، کمر میں سخت درد، بیماری کی ابتدائی حالت میں یہ دوا مفید ہے۔ "ٹیری بنتھینا"

۳۔ چہرے، بازوؤں اور ٹانگوں پر پانی پڑ جانے کی سی سوجن، زردی، سر میں درد، کمر اور دوسرے حصّوں میں درد، گردوں میں ہلکا سا درد، پیشاب کم مقدار میں اور بار بار آئے۔ پیشاب میں البیومن بہت زیادہ اور خون کے ذرات کا پایا جانا مرض کے آخری درجہ میں مفید ہے۔ "ایپس"

۴۔ پیشاب زرد، زیادہ مقدار میں، جس میں البیومن کا اخراج ہو، پیشاب میں یوریا کی کمی، متلی اور گندے ڈکار آئیں۔ "آرم کلورائیڈ ۲x" طاقت میں تازہ تیار کی ہوئی ہر کھانے سے قبل اور سوتے وقت دی جائے تو بہت اچھے اثرات کا اظہار کرتی ہے۔

۵۔ حمل کے دوران البیومن یوریا کے لئے "ہیلونیاس"

اعصاب کا زخمی ہو جانا
NERVES INJURY

۱۔ کچل جانے کے لئے۔ "ہائیپریکم"

۲۔ زخمی ہونے کے بعد نیچے سے اوپر کو جانے والا عصبی ورم۔ "ہائیپریکم"

۳۔ عصب کے ساتھ ساتھ چیرنے کے سے، جلندار ڈنگ لگنے کے سے درد۔ "ہائیپریکم"

عصب، ریڑھ کی جھلّی
NERVE SHEATH SPINE

ریڑھ کی چوٹ سالہا سال تک قائم رہتی ہے لیکن حرام مغز اور دماغی جھلیوں کے فعل کے لئے جبکہ چیرنے کے سبب، جلندار اور ڈنگ لگنے کے سبب درد، جو عصب کے ساتھ ساتھ ہوں۔ "ہائپیریکم"۔

اعصابی اندھاپن اچانک اور رنگوں میں تمیز نہ کر سکنا

NERVOUS SUDDEN BLINDNESS AND COLOUR BLINDNESS

نظر کا اچانک چندھیا جانا، آنکھوں کے سامنے سیاہ دائرے، رنگوں میں تمیز نہ کر سکے۔ "سینٹونیم"۔

اعصابی کمزوری NERVOUS BREAK DOWN

باتوں میں اور افعال میں دیر تک سوچتا رہے۔ کسی کام میں لگاؤ نہ ہو۔ بلڈ پریشر زیادہ ہو اور کسی بات پہ دھیان نہ دے۔ مایوس اور ناامید زندگی سے نفرت کرے۔ خودکشی کے خیالات۔ "آرم میٹ"۔

اعصابی بہرہ پن NERVOUS DEAFNESS

اس کی اعلیٰ دوا "لیکیسس" ہے۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو پھر "دناجا دیں۔ ڈاکٹر جوسٹ نے "ایلیپس کورالینس" سے بہت ہی مفید نتائج حاصل کئے ہیں۔

اعصابی اسہال NERVOUS DIARRHOEA

اعصابی قسم کے اسہال جو جوش جذبات سے، خوف اور بری خبروں سے پیدا ہوں۔ "جلبی میم"۔

اعصابی معدے کی خرابی جذبات کے جوش سے

NERVOUS DYSPEPSIA FROM EXCITMENT

جب معدہ مکمل طور پہ کام کرنا چھوڑ دے جس کی وجہ ذہنی تکلیف اور جوشِ جذبات ہو۔ مخصوص علامات زیادہ تر ذہن اور اعصابی نظام سے

تعلق رکھتی ہیں جن کا تعلق معدے اور آنتوں کی خرابیوں سے ہوتا ہے۔ "ایتھیوزا"

اعصابی معدے کی خرابی جس کے ساتھ معدے میں درد ہو
NERVOUS DYSPEPSIA WITH PAIN IN THE STOMACH

معدے کی خرابی اعصابی قسم کی، معدے کے حصے میں بڑی علامت درد ہے جس کو بعض اوقات کھانے سے آفاقہ ہوتا ہے۔ "اناکارڈیم"

اعصابی کمزوری اور تھکاوٹ
NERVOUS EXHAUSTION

"فاسفورک ایسڈ" کے کیس میں کمزوری عموماً اعصابی قسم کی ہوتی ہے اور اسہال کی وجہ سے رقیق مادے کے ضیاع سے نہیں ہوتی۔

اعصابی زود حسی اور نڈھالی
NERVOUS IRRITABILITY AND PROSTRATION

مریض میں مخصوص قسم کی نڈھالی نشوونما پاتی ہے۔ اعصابی نڈھالی، مریض کمزور اور لاغر ہوتا ہے۔ "نیٹرم میور"

اعصابی مریض
NERVOUS PATIENT

"ٹیلا ریبنیا" ایسے مریضوں کو پرسکون بنا دیتی ہے۔ یہ دوران خون کے جوشش کو کم کر دیتی ہے۔ نیند بڑھا دیتی ہے اور سکون اور آرام کا احساس پیدا کرتی ہے۔

اعصابی نڈھالی وبائی امراض کے بعد
NERVOUS PROSTRATION AFTER INFECTIOUS DISEASES

تمام حالتوں میں بہت زیادہ تھکاوٹ اور نڈھالی، خصوصاً شدید وبائی امراض جن کے آخر میں اسفنجی پیدائشوں کی وجہ سے جیساکہ ڈفتھیریا، سُرخباد اور نمونیا وغیرہ میں۔ "امونیم کارب"

موازنہ کریں "آرسینکم البم" سے اعصابی نڈھالی کے لئے۔

اعصابی گھبراہٹ، عوام کے سامنے جانے کا حوصلہ نہ ہو
NERVOUSNESS NO STAMINA TO APPEAR BEFORE PUBLIC

مریض کمزور دل، چڑچڑا اور نا امید ہوتا ہے۔ عوام کے سامنے جانے اور کچھ کہنے کی جرأت نہیں ہوتی۔ وہ اپنے سے اونچی پوزیشن کے لوگوں کو ملنے سے ڈرتا ہے۔ جلد اشتعال میں آجانے والا، پریشان، خیالات متعین کرتا ہے۔ "سلیشیا" اس کے ذہنی حوصلہ کو مضبوط کر دے گی۔ اس کی جرأت بڑھ جائے گی اور اس کی عام کمزوری اور ذہنی پریشانی پہ قابو پائے گی۔ "سلیشیا"

اعصابی سر درد سفلیٹک
NARVOUS HEADACHE SYPHILITIC

سر کی ہڈیوں میں پرانا سفلسی درد، یہ سر کے درد، بعض اوقات بہت پریشان کر دینے والے ہوتے ہیں۔ یہ سر کی ہڈیوں کے درد عموماً اعصابی سر درد یا سفلسی سر درد کہلاتے ہیں یا خنازیری، درد، اندر سے باہر کی طرف شروع ہوتے ہیں۔ رات کو ان میں اضافہ ہوتا ہے۔ "ایسا فو ٹیڈا"

اعصابیت۔ بیٹھے رہنے کی عادت کی وجہ سے
NERVOUSNESS DUE TO SEDENTARY LIFE

"نکس وامیکا" کا مریض اعصابی اور چڑچڑا ہوتا ہے۔ وہ عموماً دبلا پتلا، تیز اور ہوشیار ہوتا ہے وہ زیادہ تر ذہنی کام کرتا ہے اور بیٹھا رہتا ہے۔ مفید دوا ہے "نکس وامیکا"۔

اعصابی نظام مخالفت سے بہت حساس
NERVOUS SYSTEM VERY SENSATIVE TO OPPOSITION

"چائنا" اعصابی نظام میں بہت ذکی الحس ہے۔ ضعف شدید ہوتا ہے۔ ذہن ذرا بھر مخالفت یا توہین سے حساس ہوتا ہے، سننے میں بہت زیادہ

شدت، سردی سے، سرد جھونکے سے، چھونے سے اور آواز سے ذکی الحس
مفید ہے۔ "چائنا"

اعصابی تکلیف وضاحت یا عمل درآمد کا فقدان

NERVOUS TROUBLE WANT OF CLARITY OR APPLICATION

مریض میں کوئی کام کرنے کی جرأت نہ ہو خواہ وہ ذہنی کام ہو یا جسمانی، بہت زیادہ تضاد، واضح طور پہ نہ سوچ سکے۔ اپنے آپ کو پڑھنے یا ذہنی کام کرنے کی طرف راغب نہ کر سکے۔ خیالات بہت آہستہ آہستہ آئیں یا بالکل نہ آئیں "فاسفورس"۔

چھپاکی NETTLERASH

۱۔ ہر وقت "ایپس" دیں۔ اگر دو یا تین دن میں کوئی بہتری نہ ہو تو پھر "کلورالم ہائیڈریٹم" آٹھ گھنٹے کے وقفہ سے دیں۔

۲۔ سردی لگنے اور بھیگ جانے سے ہو۔ "ڈلکامارا"

۳۔ جب رات کو بستر کی گرمی سے سوزش ہو۔ "سلفر"

۴۔ ڈنگ لگنے کا احساس، بہت زیادہ سوزش "ارٹیکا یورنس"۔

۵۔ خارجی استعمال کے لئے "ارٹیکا یورنس" مدرٹنکچر کا محلول یا "کیلنڈولا" مدرٹنکچر کا محلول۔

۶۔ جب جگر کی تکالیف کے ساتھ ہو۔ "اسٹیک فلوویاٹیس" چار گھنٹے کے وقفہ سے دیں۔

۷۔ بگڑی ہوئی حالتوں میں جبکہ قبض بھی ہو "نیٹرم میور" آٹھ گھنٹے کے وقفہ سے

۸۔ مختلف اقسام کے چھپاکی کے ابھار "ہائیڈراسٹس"۔

اعصابی درد آنکھ کا NEURALGIA - EYE

بائیں آنکھ کا اعصابی درد، جس کے ساتھ سر میں دھمک ہو۔ "کالی آیوڈائیڈ"۔

اعصابی درد چہرے کا، اعصاب میں ننگا رہنے کی وجہ سے درد

NEURALGIA OF FACE - PAIN IN NERVES DUE TO EXPOSURE

چہرے کا اعصابی درد، سردی میں ننگا رہنے سے یا سرد ہوا کے جھونکے سے، جوڑوں میں درد، چہرہ سرخ اور پُرخون لیکن زرد۔ "اکونائٹ"

اعصابی درد چہرے کا، درد اینٹھن والا، دباؤ سے آفاقہ

NEURALGIA OF FACE - PAIN CRAMPY PRESSURE RELIEVES

اعصابی درد کی نوعیت اینٹھن والی ہوتی ہے اور اس کو سخت دباؤ سے اور گرمائش سے آفاقہ ہوتا ہے۔ اگر "کالوسنتھ" کوئی مدد نہ کر سکے تو اس کے بعد "میگنیشیا فاس" دیں۔ جبکہ درد کو گرم تکمید سے جلد آفاقہ ہوتا ہو "کالوسنتھ"

اعصابی درد بائیں جانب کا

NEURALGIA OF LEFT SIDE

بائیں طرف کا اعصابی درد، بائیں آنکھ، بائیں آنکھ کے گڑھے ہیں، اور بائیں طرف کی ہوا کی نالیوں کے اعصاب میں درد گولی لگنے کے سے، جلن پیدا کرنے والے اور چیرنے والے، گردن اور کندھوں میں درد۔ "سپائی جیلیا"

اعصابی درد جو اعصاب میں بجلی کی چمک کی مانند ہو

NEURALGIA PAIN IN NERVES LIGHTNING LIKE

"میگنیشیا فاس" اعصابی دردوں کی مانی ہوئی دوا ہے۔ اس کی دردیں خصوصیت کے ساتھ بجلی کی چمک کی طرح آناً فاناً آتی ہیں اور چلی جاتی ہیں۔ جو تیز اینٹھن والی اور جگہ بدلنے والی ہوتی ہیں۔ یہ درد اعصاب کے ساتھ یا معدے کے عضلات یا پیٹ یا پیڑو کے حصے میں پائے جا سکتے ہیں۔ درد کو دباؤ سے یا گرم تکمید سے

آفاقہ ہوتا ہے۔ "میگنیشیا فاس"۔

اعصابی درد جسم کے کسی حصّہ میں جن کو دباؤ سے آفاقہ ہو
NEURALGIC PAIN ANYWHERE IN THE BODY RELIEF BY PRESSURE

۱۔ اگر درد میں تکلیف والی جانب لیٹنے سے، سخت دباؤ سے اور گرمائش سے آفاقہ ہوتا ہے۔ "کالوسنتھ"۔

۲۔ نوبتی سر دردوں کے لئے اور پشت سر کے درد کے لئے "نکولم سلفیوریکم"۔

اعصابی درد جن کے ساتھ سُن ہو جانا پایا جائے
NEURALGIA PAINS WITH NUMBNESS

درد کا احساس اس کی حقیقت سے کہیں زیادہ ہو، درد کے ساتھ سن ہو جانا۔ مریض بدمزاج، بچوں کے علاوہ بڑوں کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ "کیمومیلا"۔

اعصابی درد دائیں جانب کا
NEURALGIA OF RIGHT SIDE

دائیں طرف کا اعصابی درد، دائیں آنکھ، دائیں آنکھ کے گڑھے اور دائیں طرف کی سانس کی نالیوں کے اعصاب میں درد۔ "سینگونیریا"۔

اعصابی درد جن کے ساتھ اعضاء میں کپکپی ہو
NEURALGIC NERVE PAIN WITH TRIMBLING OF LIMBS

بہت زیادہ تھکاوٹ یا اعضاء کا کانپنا موجود ہو ذہنی صلاحیت مفقود، کسی سے بات نہ کرنا چاہے۔ اور نہ ہی یہ چاہے کہ اس سے کوئی بات کرے۔ اس دوا کا دائرہ اثر اعصابی نظام پہ ہے اور اس کی مختلف تکالیف اور اعصابی نظام کے فالج کے لئے مفید ہے۔
"جلسی میم"۔

اعصابی کمزوری صحت کے گر جانے اور مختلف اسباب سے

NEURASTHENIA DUE TO DEBILITY AND DIFFERENT CAUSES

۱۔ صحت کے گر جانے کی وجہ سے یا اعصاب کے مراکز کی کمزوری کی وجہ سے طاقت کی کمی اور کوئی کام نہ کر سکے "نیٹرم میور"۔

۲۔ اعصابی کمزوری، ذہنی پریشانی یا تھکاوٹ، رات کو احتلام ہو جانا اور جنسی طاقت کا ختم ہو جانا اہم علامات ہیں۔ جن کے لئے یہ دوا بہت مفید ہے۔ "کالی فاس"۔

۳۔ یہ دوا نچلی طاقت میں دینے سے اعصابی نظام کو تقویت دیتی ہے۔ "میفائیٹس"۔

۴۔ اعصاب کمزور، دماغ تھکا ہوا اور مریض چڑ چڑا۔ یہ دوا مادی خوراکوں میں دینے سے اعصاب کو مضبوط بنا دیتی ہے۔ "ایوینا سٹائیوا"۔

۵۔ ذہنی پریشانی، کسی کام کو کرنے کا رجحان نہ ہو اور عام کمزوری۔ "کوکا"

۶۔ کمزوری جو متواتر غم، زیادہ ذہنی مشقت، جنسی زیادتیوں، جسم یا ذہن پہ اعصابی دباؤ۔ جب بھی وہ پڑھنے کی کوشش کرے تو سر اور اعضاء میں بھاری پن پیدا ہو جائے۔ "فاسفورک ایسڈ"۔

۷۔ مزمن غم، بدقسمتی کا خوف، ہلکا سا شور برداشت نہ کر سکے۔ "اگنیشیا"۔

اعصابی ضعف اور عام کمزوری

NEURASTHENIA AND GENERAL WEAKNESS

خصوصاً جس کے ساتھ الکوحل، ہذیان، وہم اور آدھے سر کا درد پایا جائے۔ ہسٹیریا اور بے خوابی آپس میں بدلتے رہیں۔ روزانہ تین یا چار خوراکیں "کینابس انڈیکا" دیں۔

اعصابی ضعف پست حوصلگی کے ساتھ

NEURASTHENIA WITH DEPRESSION

"اناکارڈیم" ضعف اعصاب میں مبتلا لوگوں کے لئے مفید ثابت ہوتی ہے جن کی یادداشت کمزور، حوصلہ پست، سونگھنے، دیکھنے اور سننے کی حس میں کمی، اسفل مزاج عموماً ان حالتوں میں مبتلا ہوتے ہیں۔ یہ ایسی حالتوں کے لئے بھی مفید ہے جو معدے کی کمزوری یا اعصابی ضعف معدہ کی وجہ سے ہوں۔ "اناکارڈیم"

ضعفِ اعصاب جنسی زیادتی یا اعصابی تھکاوٹ ذہنی پریشانی یا کمزوری کے بعد

NEURASTHENIA AFTER SEXUAL EXCESS OR NERVOUS PROSTRATION BRAIN FAG OR EXHAUSTION

جنسی زیادتی کے بعد، ناامیدی، پریشانی، مندرجہ بالا اسباب کی وجہ سے خوف اور چڑچڑاپن۔ "اگنس کاسٹس"

ذکی الحس مریض

NEUROTIC PATIENT

ایسے مریض دراصل کسی مرض میں مبتلا نہیں ہوتے اور نہ ہی حقیقت میں وہ بیمار ہوتے ہیں۔ لیکن ان کے لئے نارمل زندگی گذارنا بہت مشکل ہوتا ہے اور کوئی کام کرنے سے خوفزدہ ہوتے ہیں۔ وہ سوچتے ہیں کہ وہ کئی بیماریوں کی علامات میں مبتلا ہیں۔ لیکن ان کو عموماً کئی شکایات ہوتی ہیں۔ جن کے لئے ان کو "کافیا" یا "لائیکوپوڈیم" جیسی دوا نچلی طاقت میں دینی چاہیئے جو ان کی بے خوابی میں مددگار ثابت ہو یا "ارجنٹم نائیٹریکم" ایسے مریض کو جو اکیلا بازار میں خریداری کرنے جانے سے ڈرے۔ اگر مریض مایوس ہو تو اس کو "آرم میٹ" 6 طاقت میں دی جا سکتی ہے۔ اگر مریض یہ محسوس کرے کہ زندگی میں اس کے ساتھ اچھا سلوک نہیں ہو رہا تو اس کو "نیٹرم میور" 6 طاقت میں۔ موازنہ کریں "کافیا" بے خوابی کے لئے۔ جیسا کہ ڈاکٹر ایم اے ایلینٹ نے مشورہ دیا ہے)

آنکھ کے ڈھیلے کے پچھلے حصے کا ورم اعصاب

NEURITIS IN RETRO-BULBAR AREA

آنکھ کے ڈھیلے کے پچھلے اعصاب کا ورم۔ ڈاکٹر نورٹن کے مطابق نظر کے ضائع ہو جانے کے لئے یہ دوا مخصوص صلاحیت کی حامل ہے۔ "آرسینکم البم"۔

ٹنڈ میں اعصابی ورم
NEURITIS IN STUMP

ٹنڈ میں عموماً ہونے والی تکالیف میں یہ دوا معجزہ نما اثر دکھاتی ہے جو عضو کے کٹ جانے کے بعد یا شدید زخم سے ہوتی ہے۔ دردیں عموماً ناقابل برداشت ہوتی ہیں جو تیزی کے ساتھ مریض کی طاقت کو کمزور کر دیتی ہیں۔ "ایلیم سیپا"۔

رات کو تکلیف میں اضافہ
NIGHT AGGRAVATION

رات کو تکلیف میں اضافہ "مرک سال" کی مخصوص علامت ہے۔ درد رات کو بڑھ جاتا ہے پسینہ آئے جس سے تکلیف میں آفاقہ نہ ہو اور منہ میں تھوک بہت زیادہ آتا ہو۔ "مرک سال"۔

رات کا اندھاپن
NIGHT BLINDNESS

۱۔ "بیلا ڈونا" ہر چار گھنٹے بعد۔
۲۔ "ہیلی بورس نائیگر"۔
۳۔ "لائیکوپوڈیم" رات کے اندھے پن کے لئے عمدہ دوا ہے۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو "چائنا آف" دینی چاہیئے۔
۴۔ اگر اس کے ساتھ نظر کی کمزوری یا آنکھ کا دھندلا پن بھی ہو۔ "فائیسوسٹگما"۔
۵۔ اگر اس کے ساتھ کپکپی طاری ہو یا جھٹکے لگتے ہوں تو۔ "ہائیوسائیمس"۔
۶۔ رات کا اندھاپن جبکہ مریض کو دن کے وقت اچھی طرح نظر آتا ہو۔ مفید ہے۔ "رینن کولس بلبوسس"۔

بھیانک خواب
NIGHT MARES

رات کو بڑبڑانا، رات کا ہذیان جس میں انتقامی دیویاں نظر آئیں۔ "اکونائٹ"۔
۲۔ ایسے خواب جن میں بہت زیادہ پریشانی جس میں خوف اور گھٹن کا احساس ہو اور نیند میں منہ کھلا اور آنکھیں نیم وا ہوں۔

۱۔ اگر غیر دانشمندانہ غذا کی وجہ سے ہو تو۔ "نکس وامیکا"
۲۔ اگر کسی خاص سبب کا پتہ نہ چل سکے تو سوتے وقت "کالی برومیٹم"۔
۳۔ "پائیونیا" ۱ چار گھنٹے کے وقفہ سے۔
۴۔ سونے سے خوف کھائے، گھٹن کا احساس، خیال کرے کہ وہ مر جائے گی مفید ہے۔ "لیڈم"۔
۵۔ دل کی بیماریوں میں "اموینم کارب"۔
۶۔ جریان منی کی صورت میں۔ "ڈیجی ٹیلس"۔
۷۔ گہرے خراٹے بھرے، منہ کھلا اور آنکھیں نیم وا ہوں، سانس تقریباً رکا ہوا، ٹھنڈا پسینہ آئے۔ "اوپیم"۔
۸۔ نیند میں چیخنا چلانا اور کراہنا۔ جب معدے کے افعال میں خرابی جو مرغن اور چربیلی غذا، کیک یا گوشت وغیرہ کھانے سے ہو۔ "پلساٹیلا"۔
۹۔ چڑچڑا اور کینہ پرور، نیند کے دوران جسم میں صدمہ، اعضاء میں جھٹکے نیند غیر فرحت بخش، بہت زیادہ غیر حقیقی، پریشان کن اور خوفناک خواب، منہ بدبودار۔ "نائٹرک ایسڈ"۔
۱۰۔ سانس بمشکل، سانس بدبودار، رات کو خوفزدہ ہو کر جاگے، مردوں کی طرح اور چلاتا ہوا دکھائی دے۔ "ٹیری بنتھینا"۔
۱۱۔ ایسے لوگ جن کو متواتر بہت اونچائی سے گرنے کے خواب آتے ہوں۔ ان کو ڈاکٹر بینرجی کے مشورہ کے مطابق۔ ایسے پر درد اور خوفناک خوابوں سے سکون دلا دیتی ہے۔ "تھوجا"۔

رات کے پسینے
NIGHT SWEATS

۱۔ دق کے بخار کے ساتھ نچوڑ کر رکھ دینے والا رات کا پسینہ "ابراٹینم"۔
موازنہ کریں "ایسٹک ایسڈ" سے۔
۲۔ ٹی بی میں جبکہ زبان مرطوب اور اس پر تہہ جمی ہوئی ہو۔ "بپ ٹیشیا"

دو گھنٹے کے وقفہ سے اور خشک ہو تو "آرسینکم البم" دو گھنٹے کے وقفہ سے۔ موازنہ کریں "بیلوکارپین" سے۔

رات کو نیند میں اُٹھ کر چلنا NIGHT WALKING

جب سویا ہوا ہو تو نیند میں اُٹھتا ہے۔ اِدھر اُدھر گھومتا ہے اور دوبارہ سو جاتا ہے۔ "سلیشیا"۔

رات کو پہرہ دینا اثرات بد کا سبب بنے NIGHT WATCHING CAUSING ILL EFFECTS

اگر رات کو جاگنا ہمیشہ ناتوانی کا سبب بنے اور معمول سے زیادہ کمزوری پیدا کرے۔ مفید دوا ہے۔ "فاسفورک ایسڈ"۔

۲۔ مُنہ خشک، غذا سے نفرت، ڈکار، متلی، جس کے ساتھ غشی ہو۔ مریض ناراض اور نیند میں بڑبڑائے۔ "کاکولس"۔

۳۔ جب روح اور جسم نہ سونے کی وجہ سے پریشان ہو، سر میں حرارت کا احساس ہو اور مریض دل شکستہ ہو۔ "کیوپرم میٹ"۔

بھٹنیوں کی لاغری، نیز پھٹی ہوئی اور زخمی NIPPLE ATROPHY ALSO CRACKED AND ULCERATED

۱۔ نومولود بچے کی ماں کی بھٹنیوں میں بہت جلن ہوتی ہو تو۔ "سلفر" دیں۔

۲۔ بھٹنیاں دکھیں یا پھٹی ہوئی ہوں۔ "ہیمامیلس" مدر ٹنکچر لگائیں۔ آہستہ آہستہ "گریفائیٹس" مرہم ملیں۔ اندرونی طور پہ "ٹینہا" چھٹی طاقت میں دیں۔ یہ زخمی بھٹنیوں کے لئے بھی مفید ہے۔

بھٹنیاں اندر کو مڑی ہوئیں NIPPLES RETRACTED

بھٹنیاں ہموار ہوں اور اندر کو مُڑی ہوئی ہوں جو باہر کو نہ نکالی جا سکیں۔ گو کہ کسی قسم کی رسولی بھی نہ ہو۔ "سارسا پریلا"۔

گانٹھیں ، ہڈیوں پر سخت گانٹھیں اور ہڈیوں کا خلاف معمول باہر کی طرف بڑھ جانا
NODES - A HARD SWELLING OF BONES AND ABNORMAL OUT GROWTH OF BONES

۱۔ کھوپڑی کی ہڈیوں پر۔ "کالی بائیکرومیکم"۔

۲۔ ہڈیوں کا باہر کی طرف بڑھنا۔ "کلکیریا فلور" موازنہ کریں "رسٹاکس" سے۔

۳۔ لمبی ہڈیوں کا باہر کو بڑھنا۔ "فاسفورس"۔

شور خوفزدہ اور پریشان کرے
NOISE FRIGHTENING AND DISTURBING

ہلکا سا شور خوفزدہ اور پریشان کر دے۔ "نکس وامیکا"

ناک کا پھوڑا NOSE ABSCESS

"آرم میٹ" ۲۰۰ بہت اچھی دوا ہے ڈاکٹر کینٹ "ہیپر سلف" x۶ کی سفارش کرتے ہیں جو عمر کے مطابق دن میں تین مرتبہ دینی چاہیئے۔

ناک کے پچھلے حصے اور گلے کے درمیان اسفنجی ٹشوز گلٹی کی مانند
NOSE ADENOIDS

۱۔ علاج "بیسی لینم" ۲۰۰ سے شروع کرنا چاہیئے جو ہر چودہ دن بعد دی جائے۔ اس سے دو دن قبل اور بعد کوئی دوسری دوا نہ دی جائے۔

۲۔ دُبلے پتلے اور کمزور بچوں کے لئے جن کے گلے کے غدود بھی بڑھے ہوئے ہوں "کلکیریا فاس"۔

۳۔ موٹے اور زرد رنگ کے بچوں کے لئے جن کے سر پہ رات کو پسینہ بہت زیادہ آتا ہو۔ "کلکیریا کارب"۔

۴۔ اسفنجی نسیجوں کی گلٹی کے لئے بہت عمدہ دوا ہے۔ "اگرافس نوٹانس" x۳

طاقت میں دیں۔
۵۔ ایسی ناک کی گلٹیوں کے لئے ایک اور عمدہ دوا "مرک آیوڈائیڈ" ہے۔
۶۔ ضدی قسم کی گلٹیوں کے لئے جبکہ تمام دوسری ادویہ ناکام ہو جائیں تو "سلفر کلکیریا کارب، لائیکوپوڈیم اور سلیشیا" یکے بعد دیگرے دیں۔

ناک سے خون آنا
NOSE BLEEDING

۱۔ ناک سے خون آئے جس کے ساتھ چہرہ سرخ، ناک سرخ اور متورم۔ "بیلاڈونا"
۲۔ خون کا بار بار آنا جبکہ کوئی واضح سبب معلوم نہ ہو تو "فیرم فاس" دیں۔
۳۔ "ملی فولیم" ایک اور دوا ہے جبکہ سبب کا پتہ نہ چلتا ہو۔
نوٹ: ایسے جریان خون کی تمام صورتوں میں "ہیمامیلس" مدر ٹنکچر" روئی کے ٹکڑے پر لگا کر نتھنوں میں ٹھونس دینی چاہیئے۔

ناک صاف کرتے وقت نکسیر پھوٹے
NOSE BLEEDING WHILE BLOWING

ناک صاف کرتے وقت نکسیر آئے۔ بچوں کی نکسیر عموماً "کاسفورس" کی ایک خوراک سے شفایاب ہو جاتی ہے۔ خصوصاً جب بچہ ناک صاف کرے تو تھوڑی سی مقدار میں تازہ خون نکلے۔ ایام حیض کے درمیانی عرصہ میں حیض کے بجائے ناک سے خون آئے۔ "فاسفورس"۔

ناک سے خون آئے جو بجائے حیض کے ہو
NOSE BLEEDING INSTEAD OF MENSES

جب حیض آنا چاہیئے اس وقت ناک سے خون آئے، ناک کی چوٹی پر سوجن، حرکت سے تکلیف میں اضافہ۔ "برائی اونیا"۔

ناک سے صبح کے وقت خون آئے
NOSE BLEEDING IN MORNING

صبح کے وقت ناک سے اور دوسرے سوراخوں سے بہت زیادہ جریان خون، ناک میں خشک خون جمع ہو جائے۔ "امبرا"۔

ناک سے منہ ہاتھ دھوتے وقت خون آئے
NOSE BLEEDING WHEN WASHING FACE OR HANDS

جب منہ یا ہاتھ دھوئے تو ناک سے خون آئے۔ خون آسانی سے جمنے نہ پائے، اور سیاہ رنگ کا ہو۔ خشک خون ناک میں جمع ہو جائے۔ "امونیم کارب"۔

ناک لیٹنے پر بند ہو جائے
NOSE BLOCK ON LAYING

ا۔ ناک لیٹنے پہ بند ہو جائے۔ خصوصاً رات کو، خشکی کا احساس، اخراج کم اور چھیلن پیدا کرنے والا۔ کھرنڈ اور لچکدار ڈاٹیں۔ مریض منہ کے ذریعے سانس لے۔ "لائیکوپوڈیم"۔

ب: چھوٹے بچوں کی ناک بند ہو جائے۔ سانس نہ لے سکیں۔ سانس لینے کے لئے چلائے۔ "سمبوکس"۔ رات کو اور صبح کے وقت۔

ناک کی ہڈی کی تکلیف، ناک کی چوٹی سُرخ اور درد
NOSE DISEASED BONE OF NOSE RED TIPPED AND PAIN

ا۔ ہڈیاں سوجی ہوئیں اور نتھنوں سے بلغم خارج ہو۔ ناک کی بلغمی جھلیاں دلدل کی مانند ہوں۔ مفید دوا ہے "مرکیورس بن آیوڈائیڈ"۔

۲۔ ناک میں درد۔ "ریوم"۔

۳۔ ناک کی چوٹی میں سُرخی۔ "سلیشیا"۔

ناک کھاتے وقت ٹپکے
NOSE DRIPPING WHILE EATING

ناک سے روانی کے ساتھ اخراج ہو۔ جونہی مریض کھانا شروع کرے ناک ٹپکنا شروع ہو جائے۔ "ٹرامبیڈیم"۔

ناک کے نتھنوں کی جلد کی سوزش
NOSE NASAL DERMATITIS

نتھنوں کی سوزش جس کے ساتھ پھنسیاں ہوں چھلکے اتریں اور جو رخساروں تک پھیل جائیں۔ چہرے کی کیل چھائیوں کی مانند دکھائی دیں۔ مریض ضدی قسم کے قبض میں مبتلا ہو، ناک اور چہرے کی پھنسیوں سے ہلکا سا سفید رنگ کا مادہ قطروں کی شکل میں نکلے اور مریض کو دوبارہ ٹیکہ لگ چکا ہو۔ "تھوجا" ۳۰ اور اس کے بعد"... ا۔

ناک کھرچنا — NOSE PICKING

ناک کو اس وقت تک کھرچتا رہے جب تک کہ اس سے خون نکلنا شروع ہو جائے۔ "آرم ٹرائی فیلم"۔

ناک کی چھیدیائی — NOSE PERFORATION

مفید دوا ہے "کالی بائیکرومیکم"۔

ناک کا گومڑ — NOSE POLYPI

ا۔ ناک میں گومڑ جس سے گندی بو آئے۔ "کلکیریا کارب"۔

۲۔ ناک کے گومڑ کے لئے اول نمبر کی دوا ہے "لیمنا مائینر"۔

۳۔ "تھوجا" ۳۰ اندرونی طور پہ دیں اور اس کا مدرٹنکچر خارجی طور پہ لگائیں

۴۔ ناک بند ہونے کے لئے "ٹیوکریم"۔

۵۔ جب ناک کی ہڈی کے بڑھ جانے کی وجہ سے ہو "لیمنا مائینر"۔

ناک کی چوٹی سرخ ہو — NOSE RED TIPPED

شرابیوں میں، ناک سرخ جیسا کہ پالے سے ماری گئی ہو۔ "اگاری کس"۔

ناک کے نتھنوں کے درمیانی پردے میں زخم ہوں — NOSE SEPTUM ULCERATED

گندی بو، گاڑھا اخراج، شدید چھینکیں، سونگھنے کی طاقت کا ختم ہو جانا۔ ورم سامنے کے سوراخوں تک پھیل جائے۔ "کالی بائیکرومیکم"۔

ناک میں بدبُو ہو
NOSE SMELL FETID

۱۔ ناک کے نزلہ میں گندی بُو "سلیشیا"۔
۲۔ کافی عرصہ سے رہنے والے زکام سے گندی بُو آئے۔ "مرک سال"۔
۳۔ گندی بُو جس کے ساتھ پانی کی مانند اخراج ہو۔ "کالی بائیکرومیکم"۔
۴۔ نزلہ کی وجہ سے سونگھنے کی طاقت کا ضائع ہو جانا۔ "پلساٹیلا اور نیٹرم میور"۔
۵۔ سونگھنے کی طاقت میں بے قاعدگی جس کے ساتھ گلے میں دُکھن ہوتی ہو "مرک کارر" مفید ہے۔
۶۔ ٹائیفائیڈ بخار میں سونگھنے کی طاقت ختم ہو جائے۔ "آرجنٹم نائیٹریکم"۔
۷۔ سونگھنے کی طاقت کا خفتہ سفلس کی وجہ سے یا مزمن نزلہ وغیرہ کی وجہ سے ختم ہو جانا۔ "آرم میٹ"۔

ناک بند ہو جائے جب باہر جا رہا ہو
NOSE STOPPED WHEN GOING OUT

ناک زکام اور کھانسی کی وجہ سے بند ہو جائے۔ ہر وقت جب بھی مریض باہر کھلی ہوا یا سرد ہوا میں جائے ناک بہنا شروع کر دے۔ ٹھنڈی ہوا سے نہایت ذکی الحس، ٹھنڈی ہوا سے چھینکیں آنا شروع ہو جائیں یا ناک بہنا شروع ہو جائے۔ "ہیپر سلف"۔

حاد بیماریوں میں بچے ناک کھرچیں
NOSE CHILDREN SCRATCHING IN ACUTE DISEASES

منہ اور ناک کی بلغمی جھلیوں میں سرسراہٹ کا احساس۔ بچے جب حاد بیماریوں میں مبتلا ہوں، تو وہ اپنے ہونٹوں کو دباتے اور کھرچتے ہیں اور ناک میں انگلیاں پھیرتے ہیں حتیٰ کہ ان کو کھرچنے سے ان سے خون نکلنا شروع ہو جاتا ہے۔ حاد بیماریوں مثلاً ٹائیفائیڈ بخار اور سرخ بخار اور دیگر نچلے درجے کی حاد تکالیف میں یہ راہنما علامت ہے۔ نچلے درجے کے حاد بخاروں میں جن کے ساتھ ہذیان ہیجان اور جنون کی کیفیات پائی جائیں۔ سرسراہٹ کا احساس جو اس قدر زیادہ ہوتا

ہے کہ خون نکلنے کا احساس تک نہیں ہوتا۔ اس کا پایا جانا ضروری ہے۔ ناک سے خراش پیدا کرنے والا اخراج۔ اس خراشدار اخراج کے ساتھ گردن کے غدود اور پشتِ کان کے غدود متورم ہوتے ہیں اور ان میں دکھن ہوتی ہے۔ "آرم ٹرائی فیلم"

ناک کے نتھنوں کا درمیانی پردہ زخمی
NOSE SEPTUM ULCERATED

گندی بُو، اخراج گاڑھا، رسی کی مانند ناک سے گاڑھے لچکدار ڈاٹ نکلیں جن سے سطح میں کچا پن پایا جائے۔ "کالی بائیکرومیکم" ۳۰ اور اونچی طاقتیں۔

ناک پچکی ہوئی
NOSE DEPRESSION

جب ناک درمیان سے پچکی ہوئی ہو۔ اخراج بدبودار ہو جس کے ساتھ پیپ اور خون ملا ہوا ہو۔ "کالی بائیکرومیکم"۔

ناک سفلسی
NOSE SYPHILITIC

"آرم میٹ" میں زیادہ تر ناک کی تکالیف اور بدبودار اخراج پایا جاتا ہے۔ ناک کی ہڈیاں گلی سڑی، ناک پچکی ہوئی، ناک کی ایسی سفلسی حالتوں کو شفایاب کرنے کی صلاحیت چند ادویہ میں پائی جاتی ہے۔ جن میں سے تین ادویہ یہ ہیں۔ "آرم میٹ، مرک سال اور ہیپر سلف"۔

ناک سے پانی آئے جس کے ساتھ آنکھوں میں سوزش ہو
NOSE WATERING WITH IRRITATION IN EYES

ناک اور آنکھوں دونوں سے پانی آئے لیکن آنکھوں میں سوزش ہو اور ناک میں نہ ہو۔ "یوفریزیا"۔ موازنہ کریں "ایلیم سیپا" سے جبکہ آنکھوں سے نکلنے والا پانی سوزش پیدا نہ کرے اور ناک سے نکلنے والا پانی سوزش پیدا کرنے والا ہو۔

ناک سے نکلنے والا پانی سوزش کا سبب بنے
NOSE WATERING CAUSING RAWNESS

ا۔ پانی کا اخراج ،ناک سے پانی کی مانند اخراج متواتر ٹپکے جو آگ کی مانند جلائے اور اوپر کے ہونٹ اور نتھنوں کو جلائے۔ حتیٰ کہ ان میں سُرخی اور کچاپن پیدا ہو جائے "ایلیم سیپا"

۲۔ "نکس وامیکا" ۳ طاقت میں دینے سے زکام سے بچاتی ہے۔ بشرطیکہ اس کا استعمال ناک بہنے سے قبل کیا جائے۔ موازنہ کریں "اکونائٹ" سے۔

بچہ پیٹ کے کیڑوں کی صورت میں ناک میں اُنگلی پھیرے
NOSE CHILD BORING FINGERS IN WORMS

بچہ جب سویا ہوا ہوتا ہے تو عموماً ناک میں انگلیاں پھیرتا ہے اور دانت پیستا ہے۔ جب سویا ہوا ہو تو بہت بے چین ہوتا ہے۔ نیند میں اُچھلتا ہے اور جھٹکے لگتے ہیں۔ متواتر نگلتا رہتا ہے۔ جیسا کہ گلے میں کوئی چیز اوپر کو آ رہی ہو۔ یہ خصوصی مرکب علامات اکیلی "سائنا" میں موجود ہیں۔

"سائنا" کا مریض ناک میں خارش بھی محسوس کرتا ہے لیکن یہ عموماً اعصابی ہوتی ہے نہ کہ اجتماع خون کی وجہ سے۔ اس میں ناک سے نکلنے والا اخراج سوزش پیدا کرنے والا نہیں ہوتا۔ "سائنا" موازنہ کریں "آرم ٹرائی فیلم" سے جس میں ناک کا اخراج سوزش پیدا کرنے والا ہوتا ہے۔

نوسوڈز NOSODES

نوسوڈز ایسی ادویہ ہیں جو بیمار نسیجوں سے اور بیماریوں کے مخصوص وائرس کے اخراج سے تیار کی جاتی ہیں۔ ان ادویہ کی اہمیت میں شب و روز اضافہ ہو رہا ہے اور ان کی خصوصیات کو تسلیم نہ کرنا آنکھیں بند کرنے کے مترادف ہے۔ نوسوڈز کا استعمال علامات کے مطابق کرنا چاہیئے نہ کہ مرض کے مطابق۔

ایسی حالتوں میں جبکہ مزمن تکالیف میں ردعمل کا فقدان ہو یہ اپنا ایک مخصوص شفائیہ اثر رکھتی ہیں۔ یہ ممکن نہیں ہے کہ اس کتاب میں ان کی تمام خصوصیات بیان کی

جاسکیں۔ تاہم ان میں سے چند ایک جو دوسری ادویہ کے ساتھ عموماً میں اپنی پریکٹس کے دوران استعمال کرتا ہوں۔ حوالۂ قلم کی جاتی ہیں۔

۱۔ ایڈرینالین ADRENALIN

یہ جریان خون کو بہت جلد روکنے کے لئے بہت عمدہ صلاحیت کی حامل ہے اور جسم کے کسی حصّے کی خون کی چھوٹی نالیوں کے جریان خون کو بہت جلد روکتی ہے۔ مثلاً ناک، کان منہ، گلے، نرخرے، معدے، مقعد، رحم، مثانے، دمہ اور شریانوں کے سخت ہو جانے میں نیز پھیپھڑوں کے حاد اجتماع خون میں۔ ڈاکٹر جوسٹ لکھتے ہیں کہ انہوں نے دل کے دورے، پیٹ کے درد اور دل فیل ہو جانے کے کئی کیسوں کا اس دوا سے شاندار کامیابی کے ساتھ علاج کیا ہے۔

۲۔ امبرا گریسیا AMBRA GRISEA

ہسٹیریا کے مزاج والوں میں یا ان لوگوں میں جو کہ خصوصی جذبات میں مبتلا ہوں استعمال کی جاتی ہے۔ ایسے لوگوں میں بھی جو عمر کے لحاظ سے کمزور ہو چکے ہوں یا زیادہ کام کرنے کی وجہ سے، جو کمئی خون میں مبتلا ہوں اور نیند نہ آتی ہو۔ بوڑھے لوگوں کے لئے بہت مفید ہے جبکہ ان کے تمام افعال میں نقص واقع ہو گیا ہو۔ کمزوری یا ٹھنڈا ہو جانا اور سن ہو جانا پایا جائے۔ یک طرفہ تکالیف اس دوا کا مطالبہ کرتی ہیں۔ ہاتھوں میں اینٹھن انگلیوں میں اینٹھن جس میں کسی چیز کو زور سے پکڑنے سے اضافہ ہو۔

۳۔ انتھراسینم ANTHRACINUM

عفونتی درم، کاربنکلز اور مہلک زخموں میں مفید ہے۔ غدود متورم، جال کی مانند نسیجوں کا استقلاد اور سخت ہو جانا، خون میں زہریلے مادے کا سرایت کر جانا زخموں کا گلنا سڑنا اور ناقابلِ برداشت جلن، سیاہ اور نیلے چھالے وغیرہ۔

۴۔ بیسی لینم BACILLINUM

یہ تپ دق میں کامیابی کے ساتھ دی جاتی ہے۔ یہ خصوصاً بوڑھے لوگوں کے پھیپھڑوں کی تکالیف میں تجویز کی جاتی ہے۔ جو مزمن نزلاوی حالت میں مبتلا ہوں۔ گھٹن پیدا کرنے والا نزلہ، متواتر

سردی لگنے کا میلان طبیعت۔

۵۔ بیسی لس کولی BACILLUS-COLI

۱۔ یہ کولی کے انفیکشن میں مفید ہے۔

۲۔ زچگی کی عفونت اور زچگی کے بعد مزمن اسہال میں جبکہ بخار موجود ہو۔ ۳۰ سے ۲۰۰ طاقتوں میں مفید ہے۔

۶۔ کینتھرس CANTHARIS

یہ پیشاب کے اور جنسی اعضاء پر حملہ کرتی ہے پیشاب کی حاجت کا متواتر قائم رہنا اس کی مخصوص علامت ہے حمل کے دوران معدے کی خرابیاں، جنسی نوعیت کا حاد جنون، دھڑکن میں تیزی، خصیوں کی تھیلی اور جنسی اعضاء کے ایگزیما کی ثانوی حالت جس کے بعد بہت زیادہ پسینہ آئے۔

۷۔ کولسٹرینیم CHOLESTERINUM

یہ جگر کے ضدی قسم کے اجتماع خون میں اور کسی عضو یا حصے کے اجتماع خون میں جس کے ساتھ مقامی اڈیما کی حالت پائی جائے مفید ہے۔ ڈاکٹر سوان کے مطابق یہ پتے کی پتھری کے درد کے لئے مخصوص دوا ہے اور تکلیف کو فوراً آرام پہنچاتی ہے ڈاکٹر امیکی کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے جگر کی ایسی تکالیف جن میں کینسر کی تشخیص ہوئی تھی یا ایسی اجتماع خون کی حالتوں میں جن کے مہلک ہونے کا گمان تھا اس دوا کو بہت مفید پایا ہے۔

ڈاکٹر برنٹ کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے دو مرتبہ جگر کے کینسر کی ایسی حالتوں کو جن کی تشخیص مشتبہ تھی شفایاب کیا ہے۔ خصوصاً اگر مریض کو پتے کے درد کے باربار حملوں کا شکار ہونا پڑتا ہو تو ڈاکٹر برنٹ کے دعوے کے مطابق "کولسٹرینیم" کا اثر بہت تسلی بخش اور بروقت ہوتا ہے۔

۸۔ ڈفتھیرینم DIPHTHERINUM

یہ دوا ڈفتھیریا (خناق) اور اس کے بعد کے فالج کے لئے مفید

ہے ۔ ابتدا ہی سے مہلک حالت کا پایا جانا۔ ایسے لوگوں کے لئے تجویز کی جاتی ہے جو نظام تنفس کی نزلا دی حالتوں میں مبتلا رہتے ہوں۔

۹۔ الیکٹری سٹاس
ELECTRICITAS

ہر معالج اس بات سے اچھی طرح واقف ہے کہ بعض لوگ الیکٹرک فلیوڈ سے کتنے حساس ہوتے ہیں اور بجلی کی گرج اور چمک کے موقع پہ یا اس کا کرنٹ لگ جانے سے کیسی تکالیف میں مبتلا ہوتے ہیں۔ یہ دوا پریشانی، اعصابی کپکپی بے چینی، دل کی دھڑکن کی تنزلی، سر درد اور طوفان باد و باراں کے موقع پہ مفید ہے اس کی طاقتیں ملک شوگر کو کرنٹ دے کر تیار کی جاتی ہیں۔

جب سردی سے کوئی تکلیف ہوئی ہو اور اگر چھاتی متاثر ہوئی ہو تو الیکٹری سٹی کا استعمال نہیں کرنا چاہیئے اور نہ ہی الیکٹر و تھرمل غسل لینا چاہیئے ورنہ خطرناک نتائج برآمد ہو سکتے ہیں (ڈاکٹر ایچ سی ایلن)

۱۰۔ الیکٹری سٹی
ELECTRICITY

یہ رونے والے نرم مزاج اور خوفزدہ مریض کے لئے مفید ہے۔ یہ اس وقت مفید ہے جبکہ مریض طوفانِ باد و باراں کے موقع پہ بجلی کی گرج اور چمک سے خوفزدہ ہو اور بجلی کے طوفان کے دوران اور اس سے قبل ذہنی پریشانی میں مبتلا ہو جائے۔ ان لوگوں کے لئے بھی مفید ہے۔ جن کو غیر ارادی طور پہ ہسٹریا کی سی ہنسی آتی ہو کم دکھائی دینے، اندھے پن، متواتر اور غیر ارادی طور پہ پیشاب آنے، ایسے دمے کے لئے جو زندگی بھر ساتھ چلتا رہے۔ جس کے ساتھ دل کی دھڑکن تیز اور دورہ پڑنے کے رجحان اور بازوؤں کے فالج کے لئے بھی مفید ہے۔

۱۱۔ انسولین
INSULIN

لبلبے کا یہ ہارمون شوگر کے میٹابولزم میں بہت اہم فعل انجام دیتا ہے۔

ا۔ یہ آنتوں کی مزمن خرابیوں میں جبکہ آنتیں ڈھیلی ہوں اور جگر بڑھا ہوا ہو، تجویز کی جاتی ہے۔

۲۔ زخم، پھوڑے پھنسیاں، بستر کے زخم۔

۳۔ جگر کی مزمن تکالیف میں مبتلا مریضوں کے ایگزیما میں جس پہ قابو نہ پایا جا سکتا ہو۔

۴۔ گردن کے غدودوں میں پیپ پڑ جانے کے لئے ۲۰ طاقت قابلِ ترجیح ہے۔

۵۔ ذیابیطس شکری میں، خون میں شوگر ہو، جبکہ جگر نارمل اور پیشاب میں شوگر نہ ہو۔

۱۲۔ لیک کنی نم (کتیا کا دودھ)
LAC-CANINUM

یہ گلے کی دکھن، خناق اور جوڑوں کے دردوں میں جبکہ درد اچانک یکے بعد دیگرے اطراف میں ہوں۔ مفید ہے۔ یہ دودھ کو خشک کرنے میں حتمی اثر رکھتی ہے۔ یہ گردن کے اکڑ جانے اور زبان کے اکڑ جانے میں تجویز کی جاتی ہے۔ حیض بہت جلد، زیادہ مقدار میں اچھل کر خارج ہو دائیں طرف کا ریح کا درد (شیاٹیکا) (ڈاکٹر ڈبلیو بورک)

۱۳۔ لیک فیلینم (بلی کا دودھ)
LAC-FELINUM

بہت زیادہ پست ہمتی۔ ڈاکٹر سوان نے آنکھوں کی تکالیف میں اس دوا کو بہت ہی کامیابی کے ساتھ استعمال کیا ہے جبکہ آنکھ کے گڑھے کی پشت میں شدید درد ہو جس سے کورائیڈ کے ورم کا اظہار ہو۔ یہ پپوٹوں کے اعصابی درد میں بھی مفید ہے۔ نیز نظر کی کمزوری اور دھندلے پن اور پر درد حیض کے لئے بھی مفید دوا ہے۔

۱۴۔ لیک ویکسینم گائے کا دودھ
LAC-VACCINUM

سر درد، جوڑوں کی دردیں، تبخیر اور دونوں رانوں کے جوڑوں کے لئے بھی مفید ہے۔

۱۵۔ لیک ویکسینم جما ہوا (دہی)
LAC-VACCINUM COAGULATUM

حمل کے دوران کی متلی۔

۱۶- لیک وکسینیم فلورک (کریم)
LAC-VACCINUM FLOC (CREAM)

خناق ، لیکوریا ، کثرت حیض کسی چیز کے نگلنے میں دقت کے لئے۔

۱۷- میگنیٹس پولس آسٹرالس
MAGNETIS POLUS AUSTRALIS

میگنٹ کا شمالی پول ، پاؤں کے انگوٹھے کے ناخن کی اندرونی جانب شدید درد ، پاؤں کی انگلیوں کے ناخنوں کا اندر کی طرف بڑھنا ، پاؤں کے جوڑوں کا آسانی سے اُتر جانا۔

۱۸- میلنڈرینم
MALANDRINUM

جو کچھ پڑھا تھا اس کو یاد رکھنے میں بہت زیادہ دقت ، مسوڑھے سوجے ہوئے ، زخمی ، دانتوں سے ہٹ جائیں۔ جب ان کو چھوا جائے تو آسانی سے ان میں سے خون نکلے۔ مسوڑھوں کی دکھن اور ان میں سے خون نکلنے کی وجہ سے دانتوں میں برش نہ کر سکے۔ پاؤں میں بہت زیادہ پسینہ جس سے مُردار کی سی بُو آئے۔ چیچک سے محفوظ رکھنے والی (مانع چیچک) دوا ہے۔ چیچک کے ٹیکہ کے اثراتِ بد جن کے سبب ایگزیما ہو جائے۔

۱۹- ملیریا آفیشینلس
MALARIA OFFICINALIS

پڑھنے کی حالت سے اٹھنے پہ سر چکرائے سر درد کے بار بار حملے ، آنکھیں کمزور ، بینائی دھندلی پڑھنا دشوار ، کچھ چیز کھا نہ سکے ، ہر چیز کی قے کر دے ، نوبتی ، ہر روز آنے والا ، ہر دوسرے روز آنے والا بخار۔

۲۰- مورگن کو
MORGAN CO

یہ آنتوں کی نوسوڈ ہے اور مزمن ورم معدہ میں بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ پیٹر د کے اعضاء کے عام اجتماع خون میں یا دوران خون کی خرابیوں میں ، پاؤں میں پانی پڑ جانے اور اجتماع خون میں اور بہت سی جلدی تکالیف میں مفید ہے۔

(ڈاکٹر ایم۔ جی۔ بیلکی)

۲۱- میڈورہینم
MEDORRHINUM

دبے ہوئے سوزاک کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریوں میں مفید ہے۔ چھوٹے قد کے بچے جن کی نشوونما رک گئی ہو، ہاتھوں اور پاؤں میں پانی پڑ جانا (اڈیما) جوڑوں کا مزمن درد، جگر اور تلی میں درد، پیٹھ کے بل زیادہ سکون سے لیٹ سکے، یادداشت کمزور، نامردی، بانجھ پن، وقت بہت آہستہ آہستہ گزرتا ہو۔ جس کے ساتھ خودکشی کے خیالات پائے جائیں۔

۲۲- ناجا
NAJA

اس کا اثر دل کے گرد قیام کرتا ہے۔ دل کی کیوڑیوں کی تکلیف، ایسی بیماریاں جو بنیادی طور پر خیالات کی تنزلی پر منحصر ہیں۔ پریشان کن کھانسی جس کا انحصار دل کی تکالیف پر ہو۔ دل کے فالج کا خطرہ، جسم ٹھنڈا، نبض سست، کمزور، بے قاعدہ اور تھرتھرانے والی دل کو متعدی بیماریوں کے بعد نقصان پہنچا ہو۔

۲۳- پچوٹرین
PITUITARIN

یہ پچوٹرین گلینڈ کے پچھلے لوتھڑے کا عنصر ہے۔ یہ ہرنیا میں آنتوں کے آپس میں اُلجھ جانے (سٹرینگولیٹڈ ہرنیا) دمہ، بلوغت میں تاخیر دل کی جھلی کے دردوں کے لئے مفید ہے۔ ۳۰ طاقت میں دینی چاہیئے۔

۲۴- سپسین
SEPSIN

ڈاکٹر سوان اور ڈاکٹر شیڈ نے اس کو عفونتی پیپ اور پرڈمیس ولگیرس سے پوٹنٹائیز کر کے روشناس کرایا ہے یہ ٹائیفائیڈ، تمام اقسام کی عفونتی حالتوں مثلاً خون کا زہریلا ہو جانا (سپٹیسیمیا) جو اسقاط حمل کے بعد ہو۔ جانداروں اور نباتات کے گلنے سڑنے سے پیدا ہونے والی عفونت، گیس کے زہر، بدبودار اسہال، نبض بے قاعدہ اور تیز، آپریشن کے بعد عفونت پر قابو پانے کے لئے مفید ہے۔

۲۵- سٹیفائیلوکوکین
STAPHYLOCOCCIN

یہ پیچش کی مزمن حالتوں میں جن میں خون اور

پیپ کا اخراج ہوتا ہو۔ نیز کیل چھائیوں اور پھوڑوں میں بھی مفید ہے۔

۲۶۔ سٹرپٹو کوکین
STREPTO COCCIN

یہ جراثیمی خونی پیچش کی حاد حالتوں میں جن کے ساتھ بخار اور زہریلے خون کے لئے نیز متعدی بیماریوں کی عفونتی علامات کے لئے مفید ہے۔

۲۷۔ سائیکوٹک کو
SYCOTIC CO

یہ آنتوں کی ایک اہم نوسوڈ ہے۔ یہ بار بار ہونے والی مثانے کی تکلیف کے لئے مفید ہے مثانے کے مزمن ورم کے لئے بہت مفید ہے۔

۲۸۔ ٹیوبر کولینم
TUBERCULINUM

یہ تپ دق کے ابتدائی درجہ کے علاج میں بلاشبہ ایک قیمتی دوا ہے۔ نیز مرگی، اعصابی ضعف اور اعصابی بچوں میں بھی مفید ہے۔

جب علامات متواتر تبدیل ہو رہی ہوں اور صحیح منتخب شدہ دوائیں مفید اثرات ظاہر کرنے میں ناکام ہو جائیں۔ مریض کو ہلکی سی ٹھنڈ لگ جانے سے زکام ہو جاتا ہو۔ مزمن ایگزیما۔ چھوٹی چھوٹی پھنسیاں بے شمار نکلیں۔ اس کو سلفر کے ساتھ تمام جلدی تکالیف میں استعمال کرنا چاہیئے۔

۲۹۔ تھائیرائیڈینم
THYROIDINUM

گلہڑ، جوڑوں کا گنٹھیاوی درد، بچوں کے خصیوں کی تھیلی میں نہ اُترنے کے لئے موثر ہے۔ پستانوں کی رسولی، رحم کی ریشہ دار رسولی، پستانوں کی ریشہ دار رسولیاں۔ مختلف قسم کے استسقاء کے لئے بہت طاقتور اثرات کی حامل ہے اور بہت زیادہ موٹاپا۔

۳۰۔ اسٹی لاگو میڈس
USTILAGO MAYDIS

مالیخولیا، حوصلہ کی پستی، عصبی مزاج، عورتوں میں حیض کی بے قاعدگیوں سے اعصابی سر درد، بالوں اور ناخنوں کا گرنا، مکمل گنجاپن سر پر ایک بال بھی نہ ہو۔ چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکلنے کا رجحان۔

۳۱۔ ویکسی نینم VACCININUM

کالی کھانسی، شدید جلدی ابھار، سردی لگنا، معدے کی خرابی جس کے ساتھ بہت زیادہ ریاح اور پیٹ کا پھول جانا پایا جائے۔ پیشانی کا سردرد، پپوٹے متورم اور سُرخ ہوں۔

۳۲۔ ایکسریز X_RAY

ذہنی عوامل واضح نہ ہوں۔ غلط الفاظ اور حروف لکھے۔ مرد میں جنسی خواہش کا ختم ہوجانا، شام کے وقت تیز دھڑکن جو کھانسی کا سبب بنے۔ بانجھ پن، کمیٔ خون اور خون میں سفید ذرات کا بڑھ جانا۔

نتھنے پھٹے ہوئے NOSTRILS CRACKED

"انتھروکوکائی" مفید دوا ہے

سُن ہوجانا پاؤں کا چلنے میں لڑکھڑاہٹ NUMBNESS IN FEET STAGGRING WHILE WALKING

انگلیوں اور پاؤں کے تلووں کا سن ہوجانا، مریض چلتے وقت لڑکھڑائے، انگلیوں کی حرکات غیر مناسب، چھوٹی سی چیز نہ پکڑ سکے۔ درد بازوؤں اور ٹانگوں سے اور کمر سے ہوتے ہوئے جائیں۔ "ایلومینا"۔

سُن ہوجانا سر کا جس کے ساتھ درد ہو NUMBNESS OF HEAD WITH PAIN

سن ہوجانا "ایسافوٹیڈا" کی اہم خصوصیت ہے۔ کھوپڑی کا سُن ہوجانا یا سر کی گہرائی میں سن ہونے کا احساس، ہر جگہ سن ہونا پایا جائے اور اس سُن ہوجانے کے ساتھ درد ہوتا ہے۔ اس میں مزمن حرکات پائی جاتی ہیں۔ "ایسافوٹیڈا"

سُن ہوجانا یا جسم کے مختلف حصوں کے اعصاب کی حِس کا ختم ہوجانا

NUMBNESS OR INSENSIBILITY OF NERVES IN DIFFERENT PARTS OF BODY

۱۔ اچانک اور مکمل طور پہ حس کا ختم ہو جانا۔ "ہائیڈروسیانک ایسڈ"۔

۲۔ کمر کا، بازوؤں اور ٹانگوں کا سُن ہو جانا، انگوٹھے کے سرے میں سن ہونے اور سوجن کا احساس۔ "اوگزالک ایسڈ"۔

۳۔ ایسا احساس جیسا کہ ٹانگوں اور بازوؤں کے عضلات کی گہرائی اور جلد میں چیونٹیاں رینگ رہی ہوں۔ مفلوج حصوں میں رینگنے کا احساس "کاربونیم سلفیوریٹم"۔

۴۔ تمام حصوں کی حس کا ختم ہو جانا، دوران خون سُست، دُکھن، اور گانا ناقابل برداشت۔ "امبراگریسیا"۔

۵۔ بازو اور ٹانگیں مُن حس کے ساتھ فالج، تمام جسم کا سُن ہو جانا، ہاتھوں کا ٹھنڈا ہونا۔ "سائی کوٹا وائی روسا"۔

۶۔ حصے جسم کے ٹھنڈے اور نیلے۔ مُردہ ہونے کا احساس۔ جیسا کہ جمے ہوئے ہوں۔ "اگاری کس"۔

۷۔ انگلیوں کا سُن ہونا اور پوروں میں چبھن کا احساس، سُن ہو جانا، احساس کا ختم ہو جانا اور ٹھنڈا پن، سرسراہٹ کا احساس، حرارت سے اضافہ۔ انگلیاں اور پاؤں نیلگوں یا پیچھے کی جانب مڑے ہوئے اور سُن۔ "سیکیل کار"۔

۸۔ ہاتھوں اور انگلیوں کا سن ہو جانا، صبح جاگنے پہ پٹھوں میں سُکڑن اور اکڑاؤ ایسے مریضوں میں جن میں باتونی پن اور رات کے دوران تکلیف میں اضافہ ہوتا ہو یا صبح سویرے تکلیف بڑھے اور دن چڑھنے کے ساتھ ساتھ آفاقہ ہوتا جائے۔ حرارت سے اور سونے کے بعد تکلیف میں اضافہ۔ "لیکیس"۔

۹۔ ہاتھوں اور پاؤں کے تلووں کا سُن ہو جانا۔ "ریلفے نس"۔

۱۰۔ تمام جسم پہ سن ہونے کا احساس۔ "دکونیم"۔

۱۱۔ رات کے وقت بازو کے اگلے حصے کا سن ہو جانا۔ "آرجنٹم نائیٹریکم"۔

۱۲۔ بائیں بازو کا سن ہو جانا۔ "کیکٹس"۔

بازو درد کرے۔ "اکونائٹ"۔

۱۳۔ زبان، ہونٹوں اور ناک کا سُن ہو جانا، جو جگر کی مزمن دکھن، معدے کی خرابی مثلاً صفراوی حالت وغیرہ کی وجہ سے ہو۔ "نیٹرم میور"

سُن ہو جانا، دوران خون کی سُستی اور بازوؤں اور ٹانگوں کا سو جانا

NUMBNESS FEEBLE CIRCULATION AND SLEEPING OF LIMBS

مختلف نشانات پہ سن ہونے کا احساس، دوران خون سُست، ہلکے سے دباؤ سے بازوؤں اور ٹانگوں کا سو جانا۔ جب لیٹے تو بازو سو جائیں۔ "امبرا گریسیا"

سُن ہو جانا اعصابی دردوں کے ساتھ اور وجع المفاصل میں

NUMBNESS WITH PAIN NEURALGIC AND IN RHEUMATISM

سُن ہو جانا جس کے ساتھ درد پایا جائے۔ یہ جوڑوں کے دردوں اور اعصابی دردوں کو قابو میں رکھتی ہے۔ لہٰذا اگر سن ہو جانا درد سے بہت زیادہ ذکی الحس کے ساتھ پایا جائے اور مریض چڑچڑا ہو تو اس دوا کے متعلق غور کرنا چاہیئے۔ "کیمومیلا"

دودھ پلانے کے زمانے میں بالوں کا گرنا

NURSING WITH FALLING OF HAIR

جب بچے کو دودھ پلانے کے زمانے میں بال گریں۔ "سلفر، لائیکو پوڈیم یا کلکیریا کارب" مفید ہیں۔ (ڈاکٹر سی۔ ہیرنگ)

عورتوں میں جنسی خواہش کی زیادتی، جس کے ساتھ رحم کی تکالیف اور جنسی ہذیان پایا جائے

NYMPHOMANIA (EXCESSIVE SEXUAL DESIRE IN WOMEN) WITH OVARIAN TROUBLE AND SEXUAL DELIRIUM

ا۔ جنسی خواہش بڑھی ہوئی خصوصاً کنواری لڑکیوں میں، بلوغت سے قبل یا جنسی خواہش کا زیادہ نشوونما پانا بیضہ دانیوں کی تکالیف

اور رحم کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا جس کے ساتھ بہت زیادہ حیض آئے اور اعضائے تولید بہت حساس ہوں، چھونا برداشت نہ ہو سکے۔ اس تکلیف کے لئے زچگی سے قبل اور بعد۔ یہ ایسی عورتوں کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔ "پلاٹینا"

ب: عموماً جنسی خواہش قابو سے باہر ہو۔ "میوکیس پر پیور یا"۔

ج: جنسی ہذیان، پیار و محبت کی باتیں کرے۔ حیض کا بہت زیادہ اخراج ہو۔ "سٹرامونیم"۔

د: اعضاء کی سوزشی حالت جس کے ساتھ اجتماع خون پایا جائے۔ "گریشی اولا"۔

۳۔ ڈاکٹر نیش کے مطابق دوسری دو ادویہ جن کا نام "للیم اور پلاٹینا" ہے۔ عورتوں کی جنسی خواہش کی زیادتی کے لئے ضرور ذہن میں رکھنی چاہئیں۔

موٹاپا OBESITY

۱۔ موٹاپے کی طرف رجحان۔ خصوصاً بچوں اور نوجوان لوگوں میں، موٹا اور ڈھیلا، لمفاوی غدود بڑھے ہوئے خصوصاً گردن کے۔ "کلکیریا کارب"۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو اس کے بعد "نیوکس ویز یکولوسس"۔

ب: موٹاپے کی طرف خصوصی رجحان۔ ڈاکٹر نیش "گریفائیٹس" کی سفارش کرتے ہیں۔

موٹاپا سن یاس کے زمانے میں OBESITY DURING MENOPAUSE

"گریفائیٹس" جو کہ حیض کے جریان میں اضافہ کر دیتی ہے۔ اگر سن یاس قبل از وقت ہو۔

موٹاپا عام OBESITY GENERAL

۱۔ "فائیٹولاکا" اگر یہ ایک ماہ تک استعمال کرنے کے بعد ناکام ہو جائے تو پھر "امونیم برومیٹم"۔

۲۔ نوجوان لوگوں میں موٹاپا۔ "انٹی مونیم کروڈم"۔

۳۔ پیٹ کے آپریشن کے بعد موٹاپا۔ "کلکیریا کارب"۔

۴۔ نوجوان لوگوں میں موٹاپا۔ "انٹی مونیم کروڈم"۔

۵۔ موٹاپا۔ "بلاٹا اورینٹالس" مضبوط اعضاء والے چست لوگوں کے لئے مفید ہے۔

وضع حمل کی تاریخ کا تعین کرنا
OBSTATRIC TABLE

اگر اس مہینہ کی دنوں کی تعداد کو جس میں آخری حیض ہوا تھا، مندرجہ ذیل ٹیبل میں درج شدہ مہینہ میں جمع کیا جائے تو پیدائش کی ممکنہ تاریخ کا تعین کیا جاسکتا ہے۔

مہینہ جس میں آخری حیض کا اجراء ہوا تھا	پیدائش حمل کی ممکنہ تاریخ۔ مہینہ کے دن جو اس میں جمع کرتے ہیں۔
جنوری	اکتوبر میں ۷ دن جمع کئے جائیں
فروری	نومبر " ۷ " " "
مارچ	دسمبر " ۵ " " "
اپریل	جنوری میں ۴ " " "
مئی	فروری " ۴ " " "
جون	مارچ " ۷ " " "
جولائی	اپریل " ۶ " " "
اگست	مئی " ۷ " " "
ستمبر	جون " ۷ " " "
اکتوبر	جولائی " ۷ " " "
نومبر	اگست " ۷ " " "
دسمبر	ستمبر " ۶ " " "

فرض کیجئے آخری حیض ۲۰۔ جنوری کو ہوا تھا تو ممکنہ پیدائش ۲۷۔ اکتوبر

تک ہو گی۔

ضدی OBSTINATE

۱۔ ضدی بچوں کو جب کسی چیز کے کرنے کو کہا جائے تو وہ نہیں کرتے۔ "کیمو میلا"

۲۔ ضدی بچوں میں موٹاپے کا رجحان پایا جائے۔ "کلکیریا کارب"

۳۔ دوسروں کی خواہشات کا مقابلہ کرے۔ "نکس وامیکا"

۴۔ بہت زیادہ ضدی بچے کے لئے "ٹیوبر کولینم" ۳۰ یا ۲۰۰ طاقت میں۔

بُو، پھولوں کی ODOUR FLOWERS

پھولوں کی خوشبو سے بہت حساس۔ "ایلیم سیپا"

بُو، مُنہ کی ODOUR MOUTH

"لیکیسس" میں منہ سے گندی بُو آتی ہے اور منہ میں گاڑھی بلغم جمع ہو جاتی ہے۔ "لیکیسس"۔ موازنہ کریں "مرک سال، اور کالی کارب" سے۔

بُو، ناک اور منہ سے ODOUR FROM NOSE AND MOUTH

۱۔ ناک اور منہ سے گندی بُو آتی ہے چہرہ سیاہ اور بہت زیادہ نڈھالی۔ "ایلنتھس"

۲۔ رات کا کھانا کھانے کے بعد منہ سے خراب بُو آئے، کھٹی بُو والا سانس "نکس وامیکا"

۳۔ لہسن کی سی بُو آئے۔ "فاسفورس"

بُو تیز چیزوں کی ODOUR STRONG THINGS

مریض کسی دوا کی یا پیٹرولیم فینائل" تیز بُو برداشت نہیں کرسکتا۔ تیز بُو سے اس کو غشی آجاتی ہے۔ "نکس وامیکا"

اوڈیما (استسقاء) چہرے اور ہونٹوں کا ODEMA FACE AND LIPS

کمی خون میں مبتلا اور پیلا دکھائی دے، چہرے کا پھولنا، پھولاوٹ آنکھوں کے

گرداگرد یا تمام چہرے پر۔ "فاسفورس"۔ موازنہ کریں "کالی کارب اور ایپس" سے۔ پہلی میں اوپر کے ہونٹ کا پھولنا اور دوسری میں نچلے ہونٹ کا پھول جانا پایا جاتا ہے۔

اوڈیما (استسقاء) مختلف حصّوں کا مختلف اسباب کی وجہ سے۔

OEDEMA OF DIFFERENT PARTS DUE TO DIFFERENT CAUSES

دل کے امراض میں دل کے بڑھ جانے (ہائپر ٹرافی) کی وجہ سے۔ "آرسینکم البم"۔

۲۔ ورم گردہ میں اسہال اور کمی خون کے ساتھ۔ "فاسفورس"۔

۳۔ کمزوری اور کمی خون کے ساتھ "چائنا"۔

۴۔ گردوں کے اجتماع خون سے گردوں کی تکالیف کے ساتھ نڈھالی پائی جائے۔ "ٹیری بنتھینا"۔

۵۔ پیشاب میں البیومن کے اخراج کے ساتھ، نوبتی بخار کے ساتھ، جگر یا تلی کی بیماروں سے۔ "آرم میور"۔

۶۔ اوڈیما بازوؤں اور ٹانگوں کا اور چہرے کا جس کا واضح سبب معلوم نہ ہو "تھائیرائیڈنیم"۔

۷۔ حاد استسقائی سوجن جس کے ساتھ پیشاب دب گیا ہو۔ "سیلا"۔

۸۔ اوڈیما (استسقاء) گردوں کے مکمل طور پر فیل ہو جانے کی وجہ سے جو کہ پیشاب خارج کرنا بند کر دیں۔ گردوں کے فعل کے بند ہو جانے کی وجہ سے پیشاب خارج نہ ہو۔ "ولیبی کیریا" مدر ٹنکچر ایک قطرے کی خوراکوں میں دیں۔

۹۔ حمل کے دوران ٹانگوں کا اوڈیما (استسقاء) عمدہ دوا ہے برائے اوڈیما پھر "سلفر"۔

۱۰۔ ذکر کا، فرج کا اور منہ کے گرد کا استسقاء۔ "رسٹاکس"۔

۱۱۔ پھیپھڑوں کا استسقاء، پھیپھڑوں کے استسقاء میں کریمی رنگ کا بلغم خارج ہوتا ہے اور یہ برائٹ ڈیزیز میں رونما ہوتا ہے۔ یہ دوا پھیپھڑوں کے دق کو بھی شفایاب کرتی ہے ”کالی ہائیڈرو آیوڈیکم“۔

۱۲۔ بائیں ہاتھ کا اوڈیما (استسقاء) نیز بائیں پاؤں اور بائیں ٹانگ کا ”کیکٹس گرینڈی فلورس“۔

۱۳۔ استسقاء عام یا مقامی، چہرے، کانوں، نچلے پپوٹوں، اعضائے تولید کا، پانی پڑ جانے کی عام حالت، پیٹ میں پانی پڑ جانا۔ ”ایپس ملیفیکا“

الیوفیگس ہسٹیریائی
OESOPHAGUS HYSTERICAL

گلے میں گولا یا گھٹن الیوفیگس کی ہسٹیریائی اینٹھن کی ایک قسم ہے ”ایسا فوٹیڈا“

پاؤں کا پسینہ بدبودار OFFENSIVE FOOT SWEAT

”کلکیریا کارب“ موازنہ کریں سیلیشیا سے۔

بڑھاپا اور اس سے متعلقہ علامات
OLD AGE AND ITS RELATED SYMPTOMS

۱۔ درمیانی عمر کا آدمی بوڑھا دکھائی دے اور اس سے بڑھاپے کی علامات کا اظہار ہو۔ نیز ایسے لوگوں کے لئے جو عمر کے لحاظ سے یا زیادہ کام کرنے کی وجہ سے کمزور ہو چکے ہوں جو کمیٔ خون میں مبتلا ہوں اور ان کو نیند نہ آتی ہو ”امبرا“ بوڑھے لوگوں کے لئے اعلیٰ دوا ہے جن کے تمام افعال میں بے قاعدگی، کمزوری، ٹھنڈک اور سُن ہو جانا۔ عموماً واحد حصّے کا مثلاً انگلیوں، بازوؤں وغیرہ کا یک طرفہ شکایات اس دوا کا مطالبہ کرتی ہیں سُست ہو جانا اور بھول جانا۔ ”امبرا گریسیا“۔

۲۔ ڈاکٹر ہارڈ بڑھاپے کو روکنے کے لئے جس کے ساتھ معدے، مقعد کی تکالیف خون کی نالیوں کے سخت ہو جانے سے چکر اور اعصاب میں کسی فائبرس تبدیلی کی

وجہ سے بہرہ پن۔ اس دوا کا مشورہ دیتے ہیں۔ اس کو ۲x طاقت میں استعمال کرنا چاہیئے یہ بڑھاپے پہ قابو پالے گی۔ "تھیوسینامینم" ۲x۔ صبح شام۔

۳۔ "لائیکوپوڈیم" دوسری اہم دوا ہے جو بڑھاپے سے پیدا ہونے والی عام کمزوری کے لئے مفید ہے۔

۴۔ جسم اور دماغ کی کمزوری، کانپنا اور دل کی تیز دھڑکن، کوئی دماغی کام کرنے کے ناقابل، رات کی کھانسی اور مزاجی کمزوری۔ "کونیم" چھٹی طاقت۔

۵۔ "ارٹیکا یوریٹس" بڑھاپے میں پیدا ہونے والی کمزوری سے نجات دلاتی ہے۔

بڑھاپا جنسی زیادتی سے
OLDAGE FROMEXCESSES

کثرت جماع اور جنسی بداعتدالیوں کے سبب صحت کا گر جانا، غمگین اور پریشان زرد رنگ کا اور بیمار دکھائی دے۔ مفید ہے "ایلنتھس"۔ موازنہ کریں۔ "آرکائی ٹینم" سے۔

یک طرفہ تکالیف
ONE SIDEDCOMPLAINTS

یک طرفہ تکالیف عموماً جسم کی ایک طرف پسینہ آئے یا صرف متاثرہ طرف پسینہ، اگر بال کو چھوا جائے تو سر کی ایک طرف درد یا کسی ایک نقطہ پر درد، جسم کی ایک طرف چھونے سے بہت زیادہ ذکی الحس۔ "امبرا"۔

ناخن کے گودے کا ورم
ONYCHIA

۱۔ ہاتھوں کی انگلیوں کے ناخنوں کی تکالیف خصوصاً ناخنوں پر سفید داغ۔ پاؤں کی انگلیوں کے ناخنوں کا اندرون جلد بڑھنا۔ "سائیشیا"۔

۲۔ انگلیوں کے ناخنوں کے گرد چھالے۔ "سورائینم"۔ کھلے کٹے پھٹے زخموں کے لئے جن کے ساتھ جلد بھی ضائع ہوئی ہو "کیلن ڈولا" لگائیں۔ اور اندرونی طور پر بھی "کیلن ڈولا" استعمال کرائیں۔

آپریشن کے بعد حالت نزع
OPERATION COLLAPSE

۱۔ سرجیکل آپریشن کے بعد حالت نزع کی علامات، جسم کا سرد ہو جانا، ٹھنڈا سانس اور بہت زیادہ پسینہ ۔ "سٹرونٹیم کارب" کا طالب ہوتا ہے۔ یہ صدمے کو فوراً سکون پہنچاتی ہے ۔ "سٹرونٹیم کارب"۔

۲۔ اگر پیٹ کے آپریشن سے ایک روز قبل اونچی طاقت میں "فاسفورس" کی واحد خوراک دے دی جائے تو آپریشن کے بعد متلی اور دوسری تکالیف سے محفوظ رکھتی ہے۔

آپریشن کے بعد پیشاب کا رُک جانا
OPERATION - AFTER IT URINE RETEMTION

"کاسٹی کم" آپریشن کے بعد پیشاب کے رُک جانے سے محفوظ رکھتی ہے ۔ یہ عموماً بہت جلد اثر کرتی ہے اور "کتھیٹر" کے استعمال سے بچا دیتی ہے۔ یا جب آپریشن کے بعد پیشاب کی کوشش کرنے پر مقعد میں درد ہوتا ہو ۔ یہ آپریشن کے بعد انٹی بائیٹنگ کے استعمال سے محفوظ رکھتی ہے ۔

افیون کھانے کی عادت
OPIUM EATING HABIT

افیون کھانے کی عادت کے اثراتِ بد کے لئے ۔ "دریٹرم البم"۔

افیون کے اور تمباکو چبانے کے اثراتِ بد اور تمباکو کے اثراتِ بد دل پہ
OPIUM - ILL EFFECTS OF TOBACCO AND CAUSING TOBACCO HEART

افیون اور اس کے اثرات بد، افیون کھانے اور تمباکو چبانے کے بد اثرات، تمباکو چبانے کے دل پر اثرات ۔ "دریٹرم البم"۔

آنکھوں کی سکڑن
OPTIC ATROPHY

۱۔ ریٹینا کا سکڑ جانا جس کے ساتھ آنکھوں کے استعمال سے شدید درد ہو ، روشنی ناقابل برداشت صبح کے وقت اضافہ ۔ "نکس وامیکا"۔

۲۔ آپٹک نرو (عصب بینائی) کا سکڑ جانا جس کے ساتھ موتیا ہو، "فاسفورس"۔

۳۔ جب عصب بصارت کے فالج کی وجہ سے ہو۔ "بوتھروپس"۔

۴۔ ڈاکٹر بلیک ووڈ کا کہنا ہے کہ آپٹک نرو (عصب بینائی) کے سکڑنے اور آنکھ کے سیاہ پردے کے ورم میں "سینٹونائین" بہت کارآمد دوا ہے۔ (امبلی اوپیا) دھندلے پن کے لئے بھی مفید ہے۔

مندرجہ ذیل علاج بہت مفید پایا گیا ہے۔

۱۔ "فاسفورس" ۲۰۰ طاقت میں تین دن کے لئے پہلے ہفتے میں دیں۔

۲۔ دوسرے ہفتے سے پہلے تین دن "نکس وامیکا" ۲۰۰ طاقت میں دیں۔

۳۔ تیسرے ہفتے سے پہلے تین دنوں کے لئے "ارجنٹم نائیٹریکم" ۲۰۰ طاقت میں دینا مفید ہے۔

۴۔ چوتھے ہفتے کے پہلے تین دنوں کے لئے "کاربونیم سلفوریٹم" ۲۰۰ طاقت میں دیں۔

ہفتے کے بقایا چار دنوں میں کوئی دوا نہ دی جائے۔

آنکھ کے عصبِ بصارت کے ملحقہ ریشوں کا سخت ہو جانا
OPTIC NERVE SCLEROSIS OF THE OPTIC NERVE

۱۔ "فاسفورس" ۳ دو گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ "سٹرکنینم نائیٹریکم" 3x دو گھنٹے کے وقفہ سے۔

۳۔ "کاربونیم سلفوریٹم" ۳۰ چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

عصب بصارت کی لاغری (ATROPHY) خون کی شریانوں کی زردی اور وریدوں کے اجتماع خون کے لئے "کاربونیم سلفیوریٹم" پہلی طاقت میں۔ ڈاکٹر بلیک ووڈ کے مطابق آنکھ کے سیاہ پردے کے ورم کے لئے "سنٹونائینم" انتہائی

مفید دوا ہے۔ نیز عصب بصارت کی لاغری (سکڑن) اور دھندلے پن میں بھی بہت مفید اثرات کی حامل ہے۔

آنکھ کا اعصابی ورم
OPTIC NEURITIS

۱۔ ابتدائی حالت میں " ایپس ۳x " دو گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ "کاربونیم سلف ۳۰"

۳۔ دوسرے درجے میں جبکہ ورمی تبدیلیاں اور اخراج ہو " آرسینکم البم "۔

۴۔ لاغری (سکڑن) پر قابو پانے کے لئے " فاسفورس " چار گھنٹے کے وقفہ سے دیں۔

ب؛ "نکس وامیکا" دو گھنٹے کے وقفہ سے۔

مانع حمل کے لئے کھانے کی دوا
ORAL CONTRACEPTIVE

اگر عورت کو حیض کے ایام کے خاتمے پر پہلے دوسرے اور تیسرے روز تین خوراکیں "نیٹرم میور x۲۰۰" طاقت میں استعمال کرائی جائے تو یہ مانع حمل ہے۔ ان خوراکوں کو اس وقت تک ہر مہینے ایام کے اختتام پر مندرجہ بالا طریقے سے دہرانا چاہیئے جب تک کہ استقرارِ حمل کی خواہش نہ ہو۔

خصیوں کا ورم
ORCHITIS

۱۔ خصیوں کا ورم سوزاکی یا جو سردی سے ہوا ہو، جبکہ خصیے پتھر کی مانند سخت ہوں اور بہت زیادہ درد ہوتی ہو "کلیمیٹس اریکٹا"۔

۲۔ دائیں طرف کے خصیے میں ورم جس کے ساتھ درد پیٹ میں اور خصیوں کی تھیلی میں جائے۔ "مرک کار"۔

۳۔ خصیے سخت اوپر کو چڑھے ہوئے اور متورم۔ "بیلاڈونا"۔

۴۔ منی کی ڈوری کی اور خصیوں کی سوجن خصیے ملائم اور درد کریں۔ "سپنجیا"۔

۵۔ باہمی ربط کے طور پہ ہر چودہ دن بعد "فائیٹولاکا ۲۰۰" اور "آرم میٹ"

"۲۰۰" دیں۔

خصیوں کا ورم، درد جگہ بدلے
ORCHITIS PAIN TRANSFERRED

۱۔ خصیوں کا ورم، سوزاکی درد خصیوں میں چلا جائے۔ "پلساٹیلا"۔

۲۔ خصیے بڑھے ہوئے اور بہت سخت، جو چوٹ لگنے کے نتیجہ میں ہوں۔ "کونیم"۔

کان کا ورم
OTITIS

۱۔ کان کا ورم، چھالوں سے بدبودار سڑے ہوئے گوشت کی مانند اخراج، ناک کا گومڑ، نگلنے پر کڑ کڑ کی آواز آئے "تھوجا"۔

۲۔ جب بیرونی کان سوجا ہوا، سُرخ، شدید درد اور خارش اور بعض اوقات بیرونی کان کی نالی بند ہو جائے۔ ڈاکٹر جوسٹ اور ڈاکٹر فرنگٹن "پلساٹیلا" کی سفارش کرتے ہیں۔ اگر "پلساٹیلا" کوئی مدد نہ کر سکے تو "مرک سال" پر غور کریں۔

۳۔ پیپ پتلی، بدبودار، کافی عرصہ تک رہے اور کان کی نالی چھونے سے ذکی الحس ہو۔ "ٹیلوریم" ورمِ کان میں بہت مفید دوا ہے۔

۴۔ درمیانی کان کی ورمی حالت کے لئے بہت اعلیٰ دوا ہے۔ یہ اسٹچن ٹیوب (درمیانی کان کی نالی) کو کھول دیتی ہے جو کہ ایسی حالتوں میں بند ہو جایا کرتی ہے۔ "کالی میور"۔

کان سے بدبُودار اخراج
OTORRHOEA OFFENSIVE

پشتِ کان کی ہڈی کی بیماری، کنپٹی کے حصے میں درد جس میں اندر سے باہر کی جانب دبانے کا احساس پایا جائے۔ کان میں جلن جس کے ساتھ بدبودار پیپ کا اخراج اور اندر سے باہر کی طرف چبھن جیسا کہ ٹانکے لگ رہے ہوں (سفلسی لوگوں) کا۔ "ایسا فوٹیڈا"۔

کان کا بہنا (بیرونی کان سے اخراج ہو)
OTORRHOEA (DISCHARGE FROM THE EXTERNAL AUDIATORY MEATUS

۱۔ کان کے بیرونی سوراخ سے اخراج حاد اور مزمن دونوں قسم کی تکالیف ہیں خصوصاً بچوں میں، پیپ گاڑھی اور سبزی مائل، پیاس کا نہ ہونا، گرمی کا احساس اور بے چینی جس کو ٹھنڈی اور کھلی ہوا میں آہستہ آہستہ ٹہلنے سے آفاقہ ہو شنوائی دشوار جیسا کہ کان بند ہوں۔ اخراج بدبودار، شنوائی کی شدت کا ختم ہو جانا "پلساٹیلا"

ب: "کیمومیلا" بچوں کے کان درد کی مخصوص دوا ہے۔

۲۔ جب کان سے پھوڑے کی وجہ سے اخراج ہو، کانوں میں ٹیسیدن کے لئے۔ "ہیپر سلف"

۳۔ درمیانی کان میں پیپ پڑ جانے میں جبکہ اخراج پتلا اور خراش پیدا کرنے والا ہو۔ خصوصاً کان کی سفلسی حالتوں میں، گلے کے غدودوں کے متورم ہو جانے کی وجہ سے اونچا سنائی دے، سننے میں دقت۔ "مرکیورس سال"

۴۔ "برائٹا کارب" جبکہ بہرہ پن ٹانسلز کے متورم ہونے کی وجہ سے ہو نیز خون کی نالیوں کے پھول جانے کی وجہ سے ہو، کانوں میں شور کے لئے بھی مفید ہے۔

۵۔ بہرہ پن جو پیپ پڑنے یا کان کے سوراخ کے ورم کے بعد ہو۔ ڈاکٹر ڈیوی "کالی میور" کی سفارش کرتے ہیں جو اس کے لئے بہت مفید دوا ہے۔

۶۔ اخراج غدودوں کی سوجن کے ساتھ۔ "مرک سال، پلساٹیلا"

۷۔ ڈاکٹر ڈیوی کا کہنا ہے کہ کان کے مزمن اور متواتر اخراج کے لئے "سیلیشیا" زیادہ مستند دوا ہے۔

ڈاکٹر موفات کا مشورہ ہے کہ "سلیشیا" کافی دیر تک استعمال کے بعد "لیپس ایلبس" کا استعمال کرانا چاہیئے۔

۸۔ جب بہت زیادہ بدبودار اخراج ہوتا ہو۔ گو کہ "سورائینم" بدبودار اخراج کے لئے بہتر ہے تاہم "مرک سال" دینی چاہیئے۔

بیضہ دانی۔ دائیں بیضہ دانی میں درد OVARY PAIN IN RIGHT OVARY

دائیں بیضہ دانی میں درد جو دائیں طرف کے کولہے تک جائے۔ "پوڈوفائیلم"۔ جب بغیر سوجن کے شدید درد ہو تو "ناجا" دیں۔

بیضہ دانی کی ریشہ دار رسولی
OVARY FIBROUS BODY

رحم کی رسولیوں کے لئے، "کلکیریا کارب، پلاٹینا، سٹافی سیگریا اور تھوجا" مفید ہیں۔

بیضہ دانی کا درد، پسینہ کے ساتھ
OVARY PAIN WITH SWEATING

دائیں بیضہ دانی میں اور تمام جسم میں درد، مریضہ بے چین اور پیاسی، پسینہ آئے اور سردی لگے۔ بیٹھنے کی حالت میں درد میں اضافہ ہو۔ "مرک سال"۔

بیضہ دانی کا قولنج، دائیں طرف کا
OVARIAN COLIC RIGHT SIDED

بیضہ دانی کا قولنجی درد، بھینچنے والے درد جن کو دہرا ہونے سے آفاقہ ہو، دائیں بیضہ دانی کے حصے میں گہرے ٹانکے لگنے کے سے درد۔ "کالوسنتھ"۔

بیضہ دانی کا اعصابی درد
OVARIAN NEURALGIA

"لیکیسس" عورتوں کے اعضائے تولید کی عمدہ دوا ہے۔ یہ بیضہ دانی کے سادہ درد میں مفید ہے۔ علاوہ ازیں سادہ درد سے لے کر حقیقی بیضہ دانی کی رسولی اور کینسر کے لئے جو بائیں بیضہ دانی میں ہو۔ نیز رحم کی مختلف قسم کی مل جانے کی تکالیف میں کارآمد ہے۔ بیضہ دانی کا درد بائیں سے دائیں کو جاتا ہے۔ "لیکیسس"۔

بچوں کا زیادہ کھا جانا
OVER FEEDING OF CHILDREN

۱۔ قے جس کے ساتھ اسہال بھی ہوں کو روکنے کے لئے "اپی کاک" دیں۔ اگر کوئی آفاقہ نہ ہو تو پھر "پلساٹیلا" دیں۔

۲۔ اسہال جن کے ساتھ غیر منہضم غذا خارج ہو

اور بچہ اسہال سے کمزور ہو چکا ہو۔ "دچائنا"

۲۔ تے جس کے ساتھ قبض ہو۔ "دنکس وامیکا"

زیادہ بوجھ اُٹھانا ۔ غلط قدم پڑنا اور کھچاؤ پڑنا
OVERLIFTING MIS-STEP AND STRAIN

ا۔ اگر بھاری وزن اٹھانے یا کسی اچانک جسمانی مشقت کے سبب عضلات میں درد ہو تو۔ "رسٹاکس"

۲۔ اگر زیادہ بوجھ اٹھانے کی وجہ سے چھوٹی کمر میں چیرنے کے سے درد ہوں جن میں ہر قسم کی حرکت کرنے سے اضافہ ہو تو "برائی اونیا" دیں۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو "سلفر" دیں۔

۳۔ اگر اس مشقت سے سر میں درد ہونے لگے تو "کلکیریا کارب" یا "رسٹاکس" دیں۔

ب: غلط قدم پڑنا۔

i۔ ٹانگوں اور بازوؤں میں درد کو "برائی اونیا یا رسٹاکس" سے آرام ہوگا۔

ii۔ اگر درد ہڈیوں میں رہتا ہوا محسوس ہو تو "سمفائیٹم" استعمال کرنی چاہیئے۔

iii۔ اگر معدہ متاثر ہو تو "پلساٹیلا"

ان تمام مندرجہ بالا حالتوں میں "کالچی کم، مرک سال، کلکیریا کارب اور سلفر" کافی مددگار ثابت ہو سکتی ہیں جبکہ حالت زیادہ مزمن صورت اختیار کر گئی ہو۔

ج: کھچاؤ پڑنا۔ جب کسی شخص کے کشتی کرتے وقت، اونچے جنگلے یا اونچے درخت پر چڑھتے وقت کھچاؤ پڑ جائے یا اس پہ زیادہ بوجھ پڑ جائے اور وہ معدے میں تکلیف محسوس کرے تو اس کو "دریٹرم البم" دیں۔

بیش حساسیت
OVER SENSATIVENESS

مریض چھونے سے ذکی الحس ہوتا ہے وہ درد سے حساس ہوتا ہے۔ ٹھنڈی ہوا سے بھی حساس ہوتا ہے۔ مریض درد سے اتنا حساس

ہوتا ہے کہ وہ درد سے بے ہوش ہو جاتا ہے جبکہ درد اتنا زیادہ نہیں ہوتا جتنا وہ محسوس کرتا ہے۔ اگر ورم یا پر درد سوجن یا جلد پہ ابھار ہوں تو وہ بہت حساس ہوتے ہیں اور مریض اس سطح پہ ہوا کا جھونکا بھی برداشت نہیں کر سکتا۔ "ہیپر سلف" موازنہ کریں "چائنا آف" سے۔

زیادہ بوجھ یا زیادہ کام OVER-STRAIN OR OVER-WORK

۱۔ زیادہ بوجھ جسمانی یا ذہنی دونوں۔ "کاکولس"

۲۔ کام کی زیادتی۔ "بیلیس پیرونس"

پیشاب میں کیلشیم اوگزالیٹ اور فاسفیٹ کی زیادتی اور بچے کے پیٹ کا درد OXALURIA AND INFANTILE COLIC

۱۔ پیشاب گدلا، پیشاب کی نالی اور عضو تناسل میں جلن، بھوک کا احساس، جس کو کھانے سے افاقہ نہ ہو، فاقہ کشی، قبض، منہ زخمی۔ "نائیٹرو میوریٹک ایسڈ" اس تکلیف کے لئے مخصوص دوا ہے۔ اس کے تین سے پانچ قطرے تین مرتبہ روزانہ دینے چاہئیں۔

۲۔ بچے کے پیٹ کا درد۔ بچہ ریاح سے بھرا ہوا دکھائی دیتا ہے، سبزی مائل بلغم کا اخراج جس کے ساتھ درد ہو۔ "سینا" (۱۲، ۳۰، ۲۰۰، ڈی)

ناک کا مزمن نزلہ، بدبودار اخراج اور نتھنوں میں زخم OZENA

۱۔ سفلسی زخم اور اخراج۔ یہ ناک کا مزمن مرض ہے جس کے ساتھ بدبودار اخراج ہوتا ہے۔ یہ ناک کے ورم، سفلسی زخموں یا ہڈی کے ناسور کی وجہ سے ہوتا ہے۔ بدبودار مزمن نزلہ۔ "ایسا فوٹیڈا" موازنہ کریں "آرم میٹ، آرم میور" اور کیڈمیم سلف" سے۔

۲۔ نیچوں کا ضائع ہونا اور ناک کی ہڈی کا ناسور۔ "آرم میٹ"۔

۳۔ ناک میں زخم جن سے چپکنے والا گاڑھا مواد خارج ہوتا ہے "مرک کار"۔

۴۔ ناک کے نتھنوں میں کھرنڈ بننا اور ان کا پھٹ جانا۔ "پیٹرولیم"۔

۵۔ ناک کی جڑ میں زخم اور سوجن جس کے ساتھ گاڑھا پیپ دار اور بدبودار مواد خارج ہو۔ "کلکیریا کارب"۔

بسا اوقات یہ بیماریاں ناک کے دق کی وجہ سے ہوا کرتی ہیں۔ لہٰذا انٹر کرنٹ ریمیڈی کے طور پر "ٹیوبر کولینم" دینی چاہیئے۔

مقامی طور پر "ہائیڈراسٹینم میوراٹیکم" مدر ٹنکچر استعمال کرنا چاہیئے۔

پستانوں میں درد
PAIN IN THE BREASTS

۱۔ اگر دونوں پستانوں میں درد ہو اور حیض کم مقدار میں ہو۔ "کونیم"۔

۲۔ اگر درد دائیں پستان میں ہو تو "سینگونیریا" دیں۔

۳۔ اگر درد بائیں پستان میں ہو تو "سمی سی فیوگا" دیں۔

درد کھانا کھانے کے فوراً بعد ہو
PAIN IMMEDIATELY AFTER TAKING FOOD

"ابیس نائیگرا"۔

ہتھیلیوں اور سر پر پسینہ آئے
PALMS AND HEAD SWEATING

ہتھیلیوں اور سر پر پسینہ خصوصاً بچوں میں "سلیشیا"۔

ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلووں پر پسینہ آئے
PALMS AND SOLES SWEATING

ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلووں پر پسینہ آتا ہو تو مفید ہے۔

"کلکیریا کارب"۔

دل کی دھڑکن کھانے کے بعد رات کے وقت تیز حبس کے ساتھ گھٹن ہو

PALPITATION AFTER EATING AT NIGHT WITH OPPRSSION

۱۔ رات کو کھانے کے بعد دھڑکن تیز حبس کے ساتھ سردی کا احساس ایسے جیسے اور چھاتی میں گھٹن پائی جائے۔ "کلکیریا کارب"

۲۔ دل کی دھڑکن کی تیزی نیند سے جگا دے "کنابس انڈیکا"

دل کی دھڑکن چلنے سے بڑھ جائے

PALPITATION INCREASED BY WALKING

دیکھئے چلنے سے دل کی دھڑکن میں اضافہ۔ "ناجا ٹرائی پوڈینز"

دل کی دھڑکن کا شور سے بڑھ جانا اور بوڑھے لوگوں کے دل کا فیل ہو جانا

PALPITATION FROM NOISE AND HEART FAILURE OF AGED

۱۔ اچانک شور سے دل میں صدمہ محسوس ہوتا ہے۔ جب بائیں طرف لیٹا ہوا ہو تو ڈکاروں سے، کھانسنے پر صدمہ، اعصابی دل کی تیز دھڑکن، شام کے وقت اضافہ۔ "اگاری کس"

۲۔ دل کا درد، بوڑھے لوگوں کے دل کا فیل ہو جانا "سٹروفانتھس ہسپائیڈس"

دل کی دھڑکن کمئ خون میں پورے جسم کو ہلائے

PALPITATION SHAKING THE BODY IN ANAEMIA

"نیٹرم میور" کے کمئ خون کے ہر کیس میں بہت زیادہ تیز دھڑکن اور دل میں بے سکونی پائی جاتی ہے۔ دل کی دھڑکن شدید ہوتی ہے جو جسم کو ہلا دیتی ہے۔ "نیٹرم میور"

دل کی دھڑکن تیز حبس کے ساتھ پسینہ آئے اور نبض بے قاعدہ اور سانس کا پھول جانا پایا جائے

PALPITATION OF HEART WITH SWEATING IRREGULAR PULSE AND BREATHLESSNESS

۱۔ "اموینم کارب" دل کی بہت عمدہ دوا ہے جس میں شدید دل کی دھڑکن پائی جاتی ہے اور اس میں ذرا سی حرکت سے اضافہ ہو جاتا ہے جس کے ساتھ بہت زیادہ کمزوری ہوتی ہے۔ اس دوا کی تکلیف صبح تین بجے ہوتی ہے جن کے ساتھ دل کی دھڑکن میں تیزی، کمزوری، ٹھنڈا پسینہ، تنگی تنفس، دل کی کمزوری، عموماً نبض کا نہ ہونا، چہرہ زرد اور ٹھنڈا۔ اس دوا کی واحد اونچی طاقت کی خوراک دھڑکن پر قابو پالیتی ہے۔

"اموینم کارب"

۲۔ دھڑکن کی تیزی جس کے ساتھ نبض بے قاعدہ اور وقفے وقفے سے چلتی ہو تو "ڈیجی ٹیلس" دیں۔

دل کی دھڑکن نیند کے دوران سنائی دے جس کے ساتھ کمیٔ خون ہو

PALPITATION AUDIBLE THROBBING DURING SLEEP WITH ANAEMIA

۱۔ "ایکولس" ایسے لوگوں کے لئے مفید دوا ہے جو دل کی تیز دھڑکن میں مبتلا ہوں جبکہ یہ دھڑکن بازوؤں اور ٹانگوں تک پھیلے اور دل کی دھڑکن کی آواز نیند کے دوران سنی جا سکے اور نبض کی آواز بھی سنی جا سکے۔ "ایکولس ہپ"۔

۲۔ دھڑکن کی تیزی، دل کی کمزوری اور کمیٔ خون کی وجہ سے ہو۔ "سٹروفانتھس"۔

لبلبہ کی تکالیف کھانے کے بعد متلی کے ساتھ

PANCREATIC TROUBLES AFTER EATING WITH NAUSEA

۱۔ آنتوں کی بدہضمی کھانے کے کم و بیش ایک گھنٹے بعد درد، جگر میں دکھن، متلی، بھوک کی اشتہا کم "آئرس ورسی کولر" مدر ٹنکچر سے اونچی طاقت میں۔

۲۔ لبلبہ کا نزلہ، لبلبہ کا ورم جس کے ساتھ خون کا جریان ہو۔ "بیلا ڈونا"۔ ترش مادے کی شدید قے جس کے ساتھ فوم کی مانند پاخانہ کے اسہال ہوں۔ جن میں چربی پائی جائے۔ اچھا کھانے کے باوجود کمزور ہوتا جائے۔ "آیوڈیم"۔

دل کی دھڑکن شدید اجتماع خون کے ساتھ

PALPITATION

VIOLENT AND WITH CONGESTION

شدید دھڑکن پریشانی کے ساتھ یا چھاتی میں اجتماع خون کے ساتھ دل کی اور کنپٹیوں کی شریانوں کی آواز سنائی دے۔ "آرم میٹ"۔

فالج، یادداشت کو متاثر کرے

PARALYSIS AFFECTING MEMORY

بہت جلد جوش میں آجائے اور ناراض ہو جائے۔ یادداشت کمزور، "آرجنٹم نائیٹریکم"۔

فالج بجلی کے سبب ہو

PARALYSIS CAUSED BY ELECTRICITY

صدمہ خوفزدہ ہونے سے جو بجلی کی وجہ سے ہوا ہو۔

فالج آنکھوں کا سردی لگنے کی وجہ سے ہوا ہو

PARALYSIS DUE TO EXPOSURE

آنکھوں کے عضلات کا فالج جو سردی لگنے کے بعد ہوا ہو، "کاسٹی کم اور کونیم"۔

فالج بتدریج اثر کرے

PARALYSIS GRADUALLY AFFECTING

اوپر کی طرف جانے والے فالج کے لئے "کونیم میکولیٹم"۔ جبکہ نیچے کی طرف جانے والے فالج کے لئے "زنکم میٹ" اور "برائٹا کارب" دینی چاہئیں

فالج آنتوں اور مثانے کا

PARALYSIS OF INTESTINES AND BLADDER

جزدی یا مکمل فالج، انتڑیوں کی حرکات مکمل طور پہ رک جائیں۔ پاخانے کی حاجت نہ ہو حتیٰ کہ حرکت کی بھی، پاخانہ جمع ہو جائے جس کو حقنے سے نکالنا پڑے۔ مثانے کی بندی

کے فالج کی وجہ سے پیشاب بھی رُک جائے۔ عضلاتِ ماصرہ کے فالج کی وجہ سے پیشاب یا پاخانہ کا خود بخود اخراج۔ "اوپیم"۔

فالج آنکھ کے اوپر کے دائیں پپوٹے کا
PARALYSIS OF UPPER EYE-LID OF RIGHT SIDE

گنٹھیادی مزاج لوگوں میں جن کو آنکھوں کے عضلات کے فالج کی وجہ سے سردرد ہوتا ہے۔ پپوٹے بھاری دکھائی دیں اور آنکھوں کو بند کرنے کا رجحان پایا جائے تو "کاسٹی کم" دیں۔

فالج آنکھ کے اوپر کے بائیں پپوٹے کا
PARALYSIS OF UPPER LID OF LEFT SIDE

جس کے ساتھ مقعد کی سستی پائی جائے جس کے نتیجہ میں قبض ہو "ایلومینا" جو کہ خشک۔ ٹھنڈے کیسوں کے زخموں کے اندمال میں مفید ہے۔

فالج چہرے کا (بائیں اور دائیں)
PARALYSIS OF FACE (LEFT AND RIGHT)

۱۔ چہرے کی بائیں طرف کا فالج، چہرے میں حرارت اور ہونٹوں کے کناروں پر جلن دار چھالے "سینیگا"۔

۲۔ چہرے کی دائیں طرف کا فالج۔ "کاسٹی کم"۔

فالج بائیں بازو اور ٹانگ کا
PARALYSIS OF LEFT ARM AND LEG

۱۔ بچے کے بائیں بازو اور بائیں ٹانگ کا فالج مفلوج عضلات میں جھٹکے جو بچے کو نیند سے جگا دیں۔ پاؤں بستر سے باہر رکھے۔ جب اس کو کوئی راستہ دکھائی نہ دے تو روئے۔ مفید دوا ہے "کاسٹی کم"۔

۲۔ ٹانگیں اتنی وزنی ہو جائیں کہ مریض ان کو بمشکل کھینچے۔ بیٹھنے سے تھکاوٹ ہو جائے۔ "ایلومینا"۔

فالج نچلے دھڑ کا بچپن میں
PARALYSIS LOWER LIMBS IN INFANCY

بچپن میں نچلا دھڑ مفلوج ہو جائے حلق اور ناک کا نزلہ بار بار ہو جائے، حیض کے بجائے لیکوریا ہو۔ چہرہ سرخ سردی سے حساس "ریڈ فاسفورس"۔

فالج نچلے دھڑ کا حمل کے دوران اور مثانے کا بڑھاپے میں
PARALYSIS - LOWER LIMBS IN PREGNANCY AND OF BLADDER IN OLD AGE

۱۔ کپکپی اور کمزوری یا صرف نچلے دھڑ کا فالج، حاملہ ہونے کے فوراً بعد نچلے دھڑ کی فالجی کمزوری۔ "اگاری کس"۔

۲۔ نچلے دھڑ کا فالج، بوڑھے لوگوں میں مثانے کا فالج۔ "نکس وامیکا"۔

فالج جسم کی ایک طرف کا جس کے ساتھ ناقابل فہم بات کرے
PARALYSIS OF ONE SIDE OF BODY WITH UNINTELLIGIBLE SPEECH

۱۔ خصوصاً بوڑھے لوگوں میں ذہنی اور جسمانی کمزوری۔ "برائٹا کارب"۔

۲۔ بات چیت ناقابل فہم ہو۔ "ہائیوسائیمس" چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۳۔ بہت زیادہ ناامیدی اور رونے کے رجحان کے ساتھ۔ "آرم میٹ"۔

۴۔ پشتِ سر میں درد، سن ہونا، لرزہ، بولنا مشکل۔ "جلسی میم" چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۵۔ آہستہ بولے۔ "لیکیسس"۔

فالج پردرد یا بغیر درد کے
PARALYSIS PAINFUL OR PAINLESS

پر درد حالت کے لئے "کاکولس" مفید دوا ہے۔ جبکہ بغیر درد کے لئے "پلمبم میٹ" دینی چاہیئے۔

فالج واحد عضلات کا اور ہاتھ کا
PARALYSIS SINGLE MUSCLES AND HAND

واحد عضلات کا فالج ، ہاتھ سے کسی چیز کو نہ اٹھا سکے اور نہ ہی رکھ سکے۔ پھیلانا مشکل ہو۔ پھیلانے والے عضلات کو زیادہ مشقت کی وجہ سے فالج پیانو بجانے والوں میں۔ "پلمبم میٹ"

فالج سے پیشاب اور پاخانے کا رُک جانا
PARALYSIS RETENTION URINE AND STOOL

فالج پیشاب اور پاخانے کے رک جانے کا سبب بنے۔ "اوپیم"

فالج سفنکٹر کا
PARALYSIS OF SPHINCTER

پاخانہ خود بخود خارج ہو جائے ، پیشاب رُک رُک کر آئے ، مثانے کا جزوی فالج۔ (جلیسی میم)

فالج زبان اور چہرے کا جس کے ساتھ بات چیت غیر واضح ، مثانے کا فالج
PARALYSIS TONGUE AND FACE WITH INDISTINCT SPEECH BLADDER PARALYSIS

ا۔ ا۔ زبان کا فالج جس میں بات چیت واضح نہ ہو۔ "کاسٹی کم"

ب : جوان لوگوں کا فالج (چہرے کا) جس کے ساتھ زبان متاثر ہو "براٹا کارب"

ج : چہرے کا فالج ، ٹھنڈی اور خشک ہوا لگنے سے ہوا ہو۔ "اکونائٹ"

۲۔ مقامی فالج آلۂ صوت کا ، نگلنے کے عضلات کا ، زبان کا ، پپوٹوں کا ، مثانے کا اور بازوؤں کا اور ٹانگوں کا حس کی خصوصیات ، جلن ، کچاپن اور دکھن ہو "کاسٹی کم"

۳۔ "جلیسی میم" زبان کے فالج یا مقامی نرم قسم کے فالج میں جیسا کہ مثانے کا جزوی فالج جس میں پیشاب رُک رُک کر خارج ہو ، مثانے کے پٹھے کا فالج جو مثانے کو خالی نہ کر سکے۔

فالج آلۂ صوت کا
PARALYSIS OF VOCAL CORD

جب بچہ نیند کے دوران تکلیف میں اضافہ

محسوس کرے۔ آواز بند ہو جائے، نرخرہ ہلکا سا چھونے سے حساس، اس سے گھٹن پیدا ہو۔ "لیکیس"۔

فالجی حالت، حرکی عضلات کا مکمل فالج مع آنکھوں کے عضلات کے

PARALYTIC CONDITION COMPLETE MOTOR PARALYSIS INCLUDING EYES MUSCLES

۱۔ نظام عضلات کا مکمل ڈھیلا پن، جس کے ساتھ ظاہری یا حقیقی فالجی حالت پائی جائے۔ "جیلسی میم" کا مرکزی اثر اعصابی نظام پر ہوتا ہے۔ حرکی اعصاب کے فالج کی مختلف بیماریاں پیدا کرتی ہے۔ "جیلسی میم"۔

۲۔ آنکھوں کے عضلات کا فالج۔ ڈفتھیریا کے بعد ہونے والے فالج اور بچپن کے فالج کے لئے بھی "جیلسی میم"۔

فالج مقعد کا

PARALYSIS OF RECTUM

دیکھئے مقعد کا ٹل جانا اور فالج۔ سیپیا۔ ٹبیکم۔

فالجی حالت سفنکٹر کی زچگی کے بعد

PARALYTIC CONDITION OF SPHINCTER AFTER LABOUR

زچگی کے بعد پیشاب کا متواتر ٹپکنا اور جو سفنکٹر کی اور مثانے کی فالج حالت کے سبب ہوتا ہے جو کہ زچگی کے دوران رگڑ لگنے سے پیدا ہوتی ہے اس کو ہمیشہ یہ دوا صحت یاب کرتی ہے۔ "آرنیکا"۔

فالجی کمزوری نچلے دھڑ کی

PARALYTIC WEAKNESS OF LOWER LIMBS

نچلے دھڑ کا بھاری پن اور فالجی کمزوری۔ "امبرا"۔

فالجی کمزوری حمل کے دوران نچلے دھڑ کی

PARALYTIC WEAKNESS IN PREGNANCY OF LOWER LIMBS

حاملہ ہو جانے کے فوراً بعد نچلے دھڑ کی فالجی کمزوری۔ یہ ہر حمل کے بعد ہو اور مریضہ کو بستر کا رُخ

کرنا پڑے۔ ٹانگیں وزنی، ٹانگیں بھاری محسوس ہوں، نچلے دھڑ میں کانپنے اور جھٹکنے کی حرکات۔ "اگاری کس"۔

فالجی کمزوری گلے کے عضلات کی ڈفتھیریا کے بعد PARALYTIC WEAKNESS OF THROAT MUSCLES AFTER DIPHTERIA

اگر گلے کی دکھن خصوصاً ڈفتھیریا کے بعد گلے کی متورم حالت میں گلے کے عضلات کی فالجی کمزوری ہو جائے جس میں کوئی مائع چیز یا غذا نگلنی ناممکن ہو جائے اور جب غذا ایسوفیگس میں جانے کے بجائے ناک میں چلی جائے۔ "آرم میٹ" خصوصی طور پر دافع دوا ہے۔

کانوں کے غدود (پیروٹڈ گلینڈز) خسرہ کے بعد سوج جائیں اور ان میں گولی لگنے کا سا درد ہو PAROTID GLANDS WITH SHOOTING PAIN AND SWOLLEN AFTER MEASLES

ڈاکٹر فرنگٹن کانوں کی علامات تیز درد جو گولی کی طرح کانوں سے غدودوں میں جانے کے لئے اس دوا کی سفارش کرتے ہیں۔ "کالی بائیکرومیکم"۔

چڑچڑا PEEVISH

۱۔ چڑچڑا بچہ۔ "کیموملا"۔

۲۔ چڑچڑاپن، جھگڑالو اور تردید ناقابل برداشت ہو۔ "فیرم میٹ"۔

پیلاگرا PELLAGRA جلدی بیماری

گرم ہونے پر خارش، ایگزیما جس سے رطوبت نکلے، پھنسیاں تمام جسم کو ڈھانپ لیں۔ چھپاکی صبح جاگنے پر جس میں نہانے سے اضافہ ہو۔ "بووسٹا"۔

پیٹرو کی نسائج میں ورم PELVIC INFILTRATION

پیٹرو کی نسیجوں میں ورم، ڈاکٹر بلیک وڈ

"میگنیشیا سلف" کو پیڑو کے ورم کو گھٹانے کے لئے بہت مفید بتاتے ہیں، جو پیڑو کے ورم (حاد) کے بعد پیدا ہوا ہو۔ ایسی حالتوں میں اس دوا کو بتی (شیاف) کی صورت میں فرج میں داخل کرنا چاہیئے۔

پیڑو میں نیچے کی طرف بوجھ کا احساس
PELVIS BEARING DOWN SENSATION

عورت میں بہت واضح علامت پیڑو میں نیچے کی جانب بوجھ کے احساس کا پایا جانا ہے۔ جیسا کہ تمام اعضاء خصوصاً رحم باہر نکل پڑے گی۔ رحم میں زہ جیسے درد۔ "سیپیا"

پیڑو اور کمر کے نچلے حصے میں کھینچنے کے سے درد جن کے ساتھ لیکوریا ہو
PELVIS LOWER BACK DRAGGING PAIN IN WITH LEUCORRHOEA

پیڑو میں کھینچنے کے سے درد جن کے ساتھ لیکوریا پایا جائے اور جب چلے تو کولہوں میں دبانے والے درد ہوں۔ اس دوا کا دائرہ اثر زیادہ تر نچلی کمر اور پیڑو پر ہے اور اس کی واضح علامات بھی اس سے متعلق ہیں "ایسکولس"

عضو تناسل کی مختلف تکالیف
PENIS DIFFERENT COMPLAINTS

۱۔ عضو تناسل پر کرمی ہڑیوں کی سی سوجن۔ "سبائنا"

۲۔ ورم۔ "ہیڈرائی سارم اڈلی فین سی یئدم"

۳۔ دردوں کے لئے "جیم رائی ویل"

۴۔ زخموں کے لئے۔ "ادسی مم کین"

عضو تناسل کی خارش
PENIS ITCHING

جب عضو تناسل میں خارش ہو۔

۱۔ جب عضو تناسل چھوٹا اور سکڑا ہوا ہو تو۔ "اگنیشیا"

۲۔ جب مشت زنی کے سبب عضو تناسل چھوٹا ہو جائے۔ "لائیکوپوڈیم"

۳۔ جب جماع کے وقت اس میں جلن ہوتی ہو اور سوجن پائی جائے۔ "کریوزوٹ"

معدے کا السر PEPTIC ULCER

۱۔ نہایت کھٹے ڈکار، معدے کی علامات میں بہت زیادہ تیزابیت کا پایا جانا اس دوا کی واضح علامات ہیں۔ معدے کے السر میں مفید دوا ہے "روبنیا"۔

۲۔ "پینسیلین" ہومیوپیتھک طاقتوں میں معدے کے السر کے لئے بہت مفید دوا ہے۔

۳۔ معدے کا السر جس کے ساتھ خون کا اخراج ہو اور آنتوں کا دق پایا جائے۔ "ایلومینا فاسفیٹ"۔

۴۔ معدے کے السر کی وجہ سے مکمل رکاوٹ "پوڈ فائیلم۔سی ایم"۔

۵۔ معدے کے السر میں جب چھید پڑ جائیں تو ڈاکٹر ریکسون کے مطابق یہ دوا بہت مفید ہے "کالی بائیکرومیکم"۔

عمل احساس PERCEPTION

۱۔ ٹائیفائیڈ میں ادراک یا احساس کا ختم ہو جانا۔ "کالچی کم"۔

۲۔ مزاجی طور پر کمزور بچوں میں عمل احساس کا ختم ہو جانا "برائٹا کارب"۔

دل کے غلاف کی سوزش PERICARDITIS

بخار، نیم اگاہی، چھاتی میں درد جو فم معدہ سے شروع ہو اور پھیپھڑوں کے اوپر کے حصے میں پہلی پسلی کے پچھلے حصے میں جائے۔ مفید ہے "کالی ہائیڈرائیڈیکم" ۳۰ اور بعد میں اس کی ۲۰۰ طاقت میں چند خوراکیں۔

نوبت PERIODICITY

کسی قسم کی تکالیف یا امراض میں مثلاً بخار، اسہال یا درد میں نوبت کا پایا جانا، "چائنا" موازنہ کریں "پوپے ٹوریم پرپھیوریم، ایپی کاک، نیٹرم میور اور ارسینکم البم" سے

ہڈی کے غلاف کی سوزش PERIOSTITIS

ٹانگ کی اندر کی طرف کی لمبی ہڈی (ٹبیا) کی جس کے ساتھ جلد ارغوانی رنگ کی ہو۔ گہرے چپٹے زخم جو ہڈی اور اس کے

غلاف کی بیماریوں کے سبب ہوں جن سے پانی کی مانند خون آمیز اخراج ہو جو کہ بہت بدبودار ہو۔ زخموں سے خون نکلے اور چھونے سے ذکی الحس ہوں۔" ایسا فوٹیڈا"

پیری ٹونیم کی سوزش PERITONITIS

۱۔ پتھر کی مانند بوجھ، متلی اور قے، حرکت سے تکلیف میں اضافہ، بہت زیادہ مقدار میں پانی کی پیاس دباؤ سے آفاقہ۔" برائی اونیا"

۲۔ پیٹ سوجا ہوا جو ڈھول کی مانند تنا ہوا ہو، اُبکائیاں اور قے" بیلاڈونا"

۳۔ بخار جس کے ساتھ" پیری ٹونیم میں درد ہو۔" اکونائٹ"

۴۔ ا۔ پیٹ ڈھول کی مانند جس سے سڑاند خارج ہو اور پسینہ آئے، " مرک سال"

ب۔ پیپ بننے کے عمل کو مزید پھیلانے کے لئے" مرک سال" دیں۔ (ڈاکٹر فرنگٹن)

متواتر متلی PERSISTANT NAUSEA

مریض جیسا کہ قے سے قبل بیمار تھا ویسا ہی قے کے بعد ہے اس کو متواتر متلی کہا جاتا ہے۔ یہ حالت عموماً معدے کی تکالیف میں پائی جاتی ہے جو کہ غذا کی بداعتدالی کے سبب ہوتی ہے۔ متواتر متلی عموماً تمام تکالیف میں پائی جاتی ہے جس کے ساتھ خالی ڈکار آتے ہیں۔ منہ میں بہت زیادہ تھوک جمع ہوتا ہے مریض قے کرنے کی کوشش کرتا ہے جس سے متلی کو آفاقہ نہیں ہوتا یہ اس دوا کی بہت اہم علامت ہے۔" اپی کاک"

موازنہ کریں" پلساٹیلا" سے۔

پسینہ آنا، پسینہ نہ آئے اور ایسا پسینہ بھی آئے جو مکھیوں کو اپنی طرف راغب کرے

PERSPIRATION AND ITS ABSENCE AND ALSO PERSPIRATION WHICH ATTRACTS FLIES

۱۔ ا: نیند کے دوران اوپر کپڑا لینے سے

پسینہ آئے۔ "چائنا"۔

ب: بہت زیادہ پسینہ جو کمزوری کی وجہ سے آئے اور بہت زیادہ پسینہ جو نیند کے دوران آئے۔ "رہس گلیبرا"۔

۲۔ پسینہ نہ آتا ہو۔ "لیکیسس"۔

۳۔ ہسٹریا کا پسینہ۔ "نکس وامیکا"۔

۴۔ پسینہ بہت زیادہ آئے۔ "فاسفورک ایسڈ"۔

۵۔ جب سویا ہوا ہو تو بہت زیادہ اور کمزور کر دینے والا پسینہ آئے "چائنا آرس"۔

۶۔ جسم کے ننگے حصّوں پر پسینہ آئے۔ "تھوجا"۔

۷۔ میٹھی بُو والا پسینہ آئے جو مکھیوں کو اپنی طرف مائل کرے۔ "کلاڈیم"۔

۸۔ پسینہ بدبودار۔ "پٹرولیم، سلیشیا اور سٹافی سگیریا"۔

۹۔ پسینہ موٹے لوگوں میں یا بچوں میں جو تکیہ گیلا کر دے۔ "کلکیریا کارب"۔

پسینہ ٹھنڈا PERSPIRATION COLD

۱۔ کسی بھی مرض میں ٹھنڈا پسینہ آئے خواہ وہ اسہال ہوں یا اسہال نہ ہوں۔ جوڑوں میں شدید درد ہو یا پیٹ میں یا کسی اور جگہ درد۔ "ویریٹرم البم"۔

۲۔ جب سویا ہوا ہو تو پسینہ بہت زیادہ اور کمزور کر دینے والا آتا ہو۔ "چائنا آرس"۔

پسینہ جسم کا بدبودار PERSPIRATION OFFENSIVE OF BODY

۱۔ جسم سے نہانے دھونے کے باوجود گندی بُو آئے۔ "سلفر"۔

۲۔ پسینہ بدبودار خصوصاً بغلوں میں جب مریض کمرے میں داخل ہو تو کمرہ بدبو سے بھر جائے۔ مفید ہے۔ "پٹرولیم"۔

پسینہ پاؤں پر بدبودار
PERSPIRATION ON FOOT OFFENSIVE

پاؤں کا پسینہ دب جانے سے بیماریاں پیدا ہوں جو کہ اگر موجود ہو تو بہت زیادہ اور بعض اوقات بدبودار ہوتا ہے "سلیشیا"

سلیشیا ہتھیلیوں، ہاتھوں اور پاؤں کے تلوؤں پر پسینہ آنے کے لئے بھی اعلیٰ دوا ہے

پسینہ جسم کی ایک طرف
PERSPIRATION ONE SIDED

جسم کی ایک طرف پسینہ آئے، یک طرفہ شکایات "امبرا"

پسینہ ہتھیلیوں اور سر پہ
PERSPIRATION ON PALMS AND HEAD

پسینہ ہتھیلیوں اور سر پر خصوصاً بچوں میں جو تکیہ گیلا کر دے۔ مفید دوا ہے "کلکیریا کارب"

پسینہ بہت زیادہ اور اس سے بچاؤ
PERSPIRATION PROFUSE AND ITS PREVENTION

"اپومارفیا" نہ صرف اس تکلیف کے لئے تحفظ فراہم کرتی ہے بلکہ ایسی خراب حالتوں میں جن کے ساتھ بہت زیادہ پسینہ آتا ہو۔ واضح دوا بھی ہے۔

پسینہ آئے، بغیر کسی افاقہ کے
PERSPIRATION WITHOUT ANY RELIEF

بہت زیادہ پسینہ جس سے کسی علامت میں کوئی افاقہ نہ ہو مثلاً بخار کے احساس یا سر درد میں افاقہ نہ ہو۔ یہ حالت کسی بھی مرض میں جیسا کہ گلے کی دکھن "برانکائیٹس، پلورسی، پھوڑے پھنسیاں اور جوڑوں کے درد میں پائی جاسکتی ہے "مرک سال"

کج روی (گمراہی) کی بیماریاں
PERVERTED AFFECTIONS

"آرم میٹ" کی ذہنی علامات میں بہت اہم نقطہ یہ ہے کہ اس کی تمام تر بیماریاں گمراہی کی ہیں۔ مریض زندگی سے

بیزار ہوتا ہے۔ مرنے کی خواہش کرتا ہے۔ خودکشی کرنے کے طریقے تلاش کرتا ہے۔ اپنے آپ کو طعن و ملامت کرنا اور خود پر نقطہ چینی کرنے کے طریقے تلاش کرنا اہم علامات ہیں۔ ایک فضول زندگی کا نقشہ۔ "آرم میٹ"۔

ذہنی کج روی PERVERTED MIND

"اناکارڈیم، ہائیوسائیمس، سٹرامونیم اور بیلاڈونا" یہ ہومیوپیتھی میں چار ستون ہیں جو بے راہ رو ذہن کو فہم و فراست کی راہ پر لاتی ہیں۔ "اناکارڈیم"۔

سوزش حلقوم، سلور نائیٹریٹ کی وجہ سے اور بار بار ناک صاف کرنے کی خواہش PHARYNGITIS DUE TO SILVER NITRATE AND CONSTANT DESIRE TO BLOW NOSE

۱۔ جب مقامی طور پر سلور نائیٹریٹ استعمال کیا گیا ہو۔ "نیٹرم میور"۔

۲۔ گلے میں مچھلی کے کانٹے کا احساس۔ "کالی بائیکرومیکم"۔

۳۔ حاد ٹانسلائیٹس، گلے میں دونوں طرف اجتماع خون جو کم و بیش چمکیلا سرخ ہو۔ حلقوم جیسے اندر سے روغن کی گئی ہو۔ گلا خشک، اس میں درد اور جلن نیز یہ سفلی گلے کی سوزش میں بھی مفید ہے۔ "گوائیکم ۳x"۔

۴۔ مزمن سوزشِ حلقوم اور نرخرے کے ورم میں جبکہ بار بار گلا صاف کرنے کی متواتر خواہش ہو تاکہ صاف اور واضح گفتگو کر سکے۔ اس کے لئے عمدہ دوا ہے۔ "روبیتھیا" ۳۰ طاقت میں۔

۵۔ بار بار ناک صاف کرنے کی خواہش۔ حاد یا مزمن نزلہ جس کے ساتھ ناک کی جڑ میں دباؤ اور بھراؤ کا احساس پایا جائے۔ "سٹکٹا پلمونیریا"۔

سرِ ذکر کی چمڑی کا تنگ ہونا (پیچھے نہ ہٹ سکے) PHIMOSIS

۱۔ اس کے لئے "مرکیورس آیوڈائیڈ" بہت عمدہ دوا ہے۔

۲۔ پیپ کا اخراج، تپکن والے درد ۔ "ہیپر سلف"۔

۳۔ سفلیٹک سوجن کے ساتھ ۔ "نائیٹرک ایسڈ" اعلیٰ دوا ہے۔

۴۔ فیموسس جس کے ساتھ خشفہ پر درد اور متورم ہو۔ "جاکرانڈا"۔

ورم ورید PHLEBITIS

وریدوں کا پھول جانا اور السرز، وریدی اجتماع خون، غیر متحرک وریدی جریان خون بواسیر کی وریدوں کا پھول جانا۔ جن میں سے بہت زیادہ جریان خون ہو۔ "ہیمامیلس" یہ مقامی طور پر پٹی گیلی کر کے لگائی جا سکتی ہے۔ اور اندرونی طور پہ بھی استعمال ہوتی ہے۔

پیشاب میں فاسفیٹ کا آنا PHOSPHATE UREA

۱۔ جب پیشاب میں سفید ذرات پائے جائیں۔ نیز بچپن میں پیشاب کی خرابیوں کے لئے بھی جبکہ پیشاب دودھیا ہو تو مفید ہے "ایسڈ فاسفوریکم"۔

۲۔ جب زیادہ عرصہ تک دودھ پلانے کی ہسٹری، لیکوریا کا اخراج اور عام کمیٔ خون ہو۔ "کالی ہائیپو فوسورسم"۔

روشنی برداشت نہ ہو PHOTOPHOBIA

آنکھوں کے سامنے ستاروں کی مانند اجسام کی بوچھاڑ ہو۔ آنکھوں کے گرد اور ڈھیلوں میں بہت زیادہ دکھن، چیزیں آگ کی مانند دکھائی دیں۔ "آرم میٹ"۔

تپ دق وراثتی PHTHISIS INHERITED

۱۔ تپ دق ورثہ میں ملی ہوئی، کمزور ہوتے جانا، بھوک کا ختم ہو جانا، زرد اور بیمار دکھائی دینے والے مریضوں کی تکالیف کے لئے بہت مفید دوا ہے۔ "ایسٹک ایسڈ"۔

۲۔ ڈاکٹر جوسٹ تپ دق کی تیزی کی حالت میں جس کے ساتھ بخار بھی ہو۔

"آرسینک آیوڈائیڈ اور کلکیریا فاس" یکے بعد دیگرے یعنی ادل بدل کر دینے کی سفارش کرتے ہیں۔

تپ دق کا ابتدائی درجہ اور تیزی کے ساتھ مریض کمزور ہوتا جائے۔
PHTHISIS INCIPIENT AND GALLOPING CONSUMPTION

۱۔ شام کے قریب تشنجی کھانسی جس کے ساتھ پسینہ آئے، نبض رُک رُک کر چلے پیپ کی مانند بلغم کا اخراج جس میں صبح کے وقت اور جب بستر پر لیٹے اضافہ ہو اور تپ دق کے سوکھے ہوئے مریض کو یہ دوا موٹا کر دیتی ہے۔ "اگاری کس"۔

۲۔ جب جسم تیزی کے ساتھ گھل رہا ہو اور کمزوری ہو رہی ہو تو "فاسفورس اور آرسینکم البم" ادل بدل کر دینی مفید ہیں۔

تپ دق کو وقتی سکون دینے والی
PHITHISIS PALIATIVE

۱۔ تپ دق کو وقتی طور پر سکون پہنچانے کے لئے یہ دوا مفید ہے۔ اس کے مریض کی چھاتی میں کھانستے وقت جلن اور دکھن کا احساس ہوتا ہے۔ یہ دکھن کا احساس سانس کی نالی کے ساتھ اور چھاتی میں ہوتا ہے۔ "آرم ٹرائی فیلم"۔

۲۔ ڈاکر جہار پہلے ہفتے "سلفر" کی دو یا تین خوراکیں پھر دوسرے ہفتے دو یا تین خوراکیں "کلکیریا کارب" اور پھر تیسرے ہفتے دو یا تین خوراکیں "لائیکو پوڈیم" دیتے تھے جبکہ تپ دق کا بخار اور پیپ بننے کا عمل یقینی ہو۔

۳۔ پھیپھڑوں کے دق کی ترقی پذیر حالت میں "فیرم میٹ" کو وقتی افاقہ دینے والی اعلیٰ دوا پایا گیا ہے۔

جسمانی افعال جن میں قوت درکار ہو
PHYSICAL ACTS REQUIRING STRENGTH

"کوکا" ایسے جادوگروں اور مداریوں کے لئے بہت مفید دوا ہے جو مظاہرہ کرتے ہیں اور بازوؤں کو بہت

زیادہ قوت درکار ہوتی ہے۔ نیز پہاڑ کی چوٹیوں پر چڑھنے والوں کے لئے بھی جن کی تنگی، تنفس دل کی دھڑکن کی تیزی اور خون تھوکنے کو قابو میں رکھتی ہے "کوکا"

تنگ چھاتی
PIGEON CHEST

لمبے اور دُبلے پتلے لوگ جن میں لاغری اور کمزوری پائی جائے اور جن کی چھاتی تنگ ہو اس دوا سے بہت زیادہ مستفیض ہو سکتے ہیں اور اپنی چھاتی کو نارمل حالت میں لا سکتے ہیں۔ اگر وہ اس دوا کو کافی عرصہ تک یا کم از کم تین ماہ تک باقاعدگی سے استعمال کریں کیونکہ یہ ایک واحد دوا ہے جو تنگ چھاتی پر مخصوص اثر رکھتی ہے۔ "فاسفورس"

بواسیر خونی میں خارجی استعمال کے لئے
PILES BLEEDING EXTERNAL APPLICATION

"ایسکولس، ہیمامیلس اور فائیٹولاکا" زیتون کے تیل میں ایک اور دس کی نسبت سے ملا کر خارجی طور پر لگائیں۔

بواسیر بادی اور خونی دونوں
PILES BOTH BLIND AND BLEEDING

۱۔ بادی اور خونی دونوں قسم کی بواسیر جن میں درد پایا جائے۔ خونی بواسیر جو مصالحے دار غذاؤں یا بیٹھے رہنے کی عادت کی وجہ سے ہو اور جس کے ساتھ ذہنی اور جسمانی دباؤ اور شب بیداری اور مریضوں کی دیکھ بھال کرنا وغیرہ پایا جائے۔ مزاجی علامات کا ہونا ضروری ہے۔ ابتدائی طبی امداد کے معمول کے طور پر عارضی شفایابی کے لئے "نکس وامیکا" ۲۰۰ رات کو سوتے وقت اور "سلفر" ۲۰۰ صبح کو دیں۔

۲۔ "موکونا" مدر ٹنکچر ایک قطرہ فی خوراک خونی بواسیر کے لئے مخصوص دوا ہے روزانہ اس کی دو یا تین خوراکیں دینے سے دو یا تین دن میں مرض پر قابو پا لے گی۔

بواسیر جس کے ساتھ مقعد کی وریدیں پھول جائیں
PILES WITH DISTENDED VEINS IN RECTUM

۱۔ بواسیر ارغوانی رنگ کی۔ مقعد جیسے کچھیوں سے بھری ہوئی ہو اور اس کے ساتھ جگر میں اجتماع خون ہو۔ مقعد میں ان متورم وریدوں کے مقابلے میں پاخانہ منجمد ہو جائے اور پھر زخم بن جائیں۔ بواسیر کی بہت بڑی دوا ہے۔ "ایسکولس ہپ"۔

۲۔ مقعد میں درد ہو، بواسیر کا باہر کو نکل آنا۔ "رٹینہیا"۔

بواسیر جس کے ساتھ بہت جلد پاخانہ آئے
PILES IMPENDING THE STOOL

مریض سرد مزاج بواسیر جلن اور چبھن پیدا کرنے والی جس میں دھونے سے اضافہ ہو مقعد پھٹی ہوئی۔ آنکھیں کمزور اور ان میں سوزش پائی جائے جن سے کھلی ہوا میں آنسو نکلیں۔ "کاسٹی کم"۔

بواسیر متورم PILES INFLAMED

"پلانٹیگو میجر" مدر ٹنکچر خارجی استعمال کے لئے بہت مفید دوا ہے اس کو دو یا تین مرتبہ روزانہ استعمال کرنا چاہیئے۔

بواسیر خونی بار بار ہو، نیز حمل کے دوران
PILES INCESSANT BLEEDING ALSO IN PREGNANCY

۱۔ ڈاکٹر برٹ کا کہنا ہے کہ ضدی قسم کی بواسیر میں جس میں خون بار بار نکلتا ہو اس دوا کے مقابلے میں کوئی دوسری دوا اتنی مفید نہیں ہو سکتی۔ "کالن سونیا"۔ مقعد میں خارش، ضدی قسم کا قبض جو اسہال کے ساتھ بدل جائے۔ یہ حاملہ عورت کے لئے مفید ہے جو بواسیر کے ساتھ فرج کی خارش میں بھی مبتلا ہو۔

۲۔ خونی بواسیر کے لئے جس کے ساتھ فرج کی خارش ہو۔ اس کی مفید دوا ہے۔ "کیپ سی کم"۔

۳۔ خونی بواسیر کے لئے جس کے ساتھ بہت زیادہ جلن، خارش اور ڈنگ لگیں۔ "کیپ سی کم"۔

بواسیر میں خارش ہو PILES ITCHING

مقعد میں خارش، شدید جلن، مقعد کے گرد سُرخی۔ "سلفر"۔

بواسیر کے آپریشن کے بعد ورم ہو جائے PILES AFTER OPERATION PILES SWOLLEN

۱۔ بواسیر کے آپریشن کے بعد مقعد کے ٹانکوں میں تکلیف۔ "شافی سگیریا"۔ مقعد متورم، بیٹھنے سے درد میں اضافہ جس کے ساتھ مقعد میں جلن اور چبھن ہو۔ "تھوجا"۔

۲۔ بواسیر بادی، کمر اور کولہوں میں بہت زیادہ درد۔ "ایسکولس ہپ"۔

بواسیر سے بلغمی مواد کا رسنا PILES - OOZING OF MUCUS

متواتر بلغمی مواد رسے جو کپڑے پر داغ چھوڑے۔ مریض کے لئے ناقابل برداشت "انٹی مونیم کروڈم"۔

بواسیر کے دوبارہ ہونے سے بچاؤ PILES PREVENTION OF RECURRENCE

"ٹیوبر کولینم" ۱۰۰۰ بواسیر کے دوبارہ ہونے کے رجحان کو روکنے کے لئے انٹر کرنٹ دوا کے طور پر بہت عمدہ دوا کا کام کرتی ہے۔

بواسیر دونوں اقسام کی ٹپکن دار درد کے ساتھ PILES THROBBING PAINS IN BOTH TYPES OF PILES

خونی یا بادی، خون کا سیاہ ہونا ضروری ہے۔ مقعد میں سکڑن کا احساس۔ جس کے ساتھ ٹپکن دار درد ہو۔ جیسا کہ چھوٹی چھوٹی ہتھوڑیاں لگ رہی ہوں۔ گرمی یا گرمائش سے عموماً اضافہ ہوتا ہے۔ "لیکیسس"۔

بواسیر جس کے ساتھ مقعد کے کنارے پھٹے ہوئے ہوں
PILES WITH FISSURES

ہر پاخانہ کرنے کے بعد بواسیر سے خون نکلے۔ مقعد میں اینٹھن اور درد جیسا کہ کھپچیاں چبھ رہی ہوں اور پاخانہ کی بار بار حاجت ہو یا بار بار پاخانہ آئے۔ مریض ٹھنڈا، پتلا اور سیاہ رنگت کا جس کو بہت سردی لگتی ہو۔ مالیخولیا اور چڑچڑے پن سے پیار کرنے والا۔ "نائیٹرک ایسڈ"۔

بواسیر درد اور زخموں والی پھنسیوں کے ساتھ
PILES WITH PAIN AND ULCERATED PIMPLES

۱۔ بواسیر بڑی متورم، پر درد اور خارش کرے۔ مقعد کے گرد زخموں والی پھنسیاں، خون کا بہت زیادہ اخراج جس کے ساتھ پاخانہ قدرتی ہو۔ "ریکٹم" اور مقعد میں جلن۔ "کالی کارب"۔

۲۔ بواسیر زخموں کے ساتھ، مقعد اور ارد گرد کے حصے کھرنڈوں سے ڈھکے ہوئے۔ مقعد کے زخم بہت زیادہ پر درد، تمام بلغمی جھلی زخمی اور پھٹی ہوئی ہو "پایونیا" مفید ہے۔

بواسیر، جس کے ساتھ نظر کی کمزوری، مرگی اور ہسٹریا ہو۔
PILES WITH WEAKNESS OF SIGHT EPILEPSY AND HYSTERIA

ڈاکٹر بلیکی کے مطابق ایسی تکالیف کے لئے "روٹا" کے متعلق بہت اچھا تاثر پایا جاتا ہے۔ جبکہ بواسیر موجود ہو اور آنتوں کے فعل میں سکوت پایا جائے۔ پاخانہ تکلیف کے ساتھ آتا ہو۔ یہ عموماً ایسی صورت میں بہت مفید ہے جبکہ بواسیر شروع ہونے پر مریض کی تمام علامات مکمل طور پر صاف ہو جائیں۔

کیل چھائیاں، پھنسیاں
PIMPLES

سادہ کیل چھائیاں خصوصاً نوجوان لوگوں میں "کاربو ویج"۔
اگر پر خون ہوں تو "بیلا ڈونا"۔
اگر زرد ہوں تو "پلساٹیلا"۔

بہت زیادہ مزمن حالتوں میں "کالی برومیٹم اور ریڈیم برومائیڈ" ۳۰ ہفتہ میں ایک مرتبہ۔ مندرجہ بالا کسی بھی دوا کے ساتھ "سلفر" انٹرکرنٹ ریمیڈی کے طور پر دینی چاہیئے۔

پھنسیوں پر خارجی استعمال کے لئے PIMPLES EXTERNAL APPLICATIO

"آرنیکا یا لیڈم" کا لوشن۔

پھنسیاں چہرے اور کانوں پر PIMPLES ON FACE AND EARS

چہرے یا کانوں کے گرد پھنسیوں کے لئے اور بالوں کی جڑوں میں پھنسیوں کے لئے جن کے ساتھ کھوپڑی پر کھرنڈ ہوں جن سے تھوڑا تھوڑا مواد خارج ہوتا ہو یہ دوا بہت مفید ہے۔ "کلیمیٹس"۔

طاعون اور اس سے محفوظ رکھنے والی دوا
PLAGUE ALSO ITS PROPHYLACTIC

۱۔ ڈاکٹر ڈی این رائے کا خیال ہے کہ "بوبونینم" ۱۲۔۱۳ طاقت میں استعمال کرنے سے طاعون سے محفوظ رکھتی ہے اور نچلی طاقتوں میں شفایاب کر دیتی ہے۔

ڈاکٹر مہندرا سرکار اور ڈاکٹر ہیوننگ برگر نے "اگنیشیا" کو محفوظ رکھنے والی اور بیماری کی صورت میں شفایاب کر دینے والی دوا پایا ہے۔

۲۔ "ناجا" ہندوستان میں مفید تسلیم کی جاتی ہے۔

۳۔ حالتِ نزع کے دوران ۔ "ہائیڈروسیانک ایسڈ"۔

اصولِ مرض اور اصول شفاء

PLANE OF DISORDER AND PLANE OF CURE

سائنسی دنیا میں تجربات اور تجزیات پر انحصار کا رجحان پایا جاتا ہے۔ جن کا انتخاب ادراک سے کیا جاتا ہے۔ لیکن غیر مادی سائنس کو دلائل کے ساتھ تسلیم کر لینا چاہیئے۔ انسان مرض سے اندرونی طور پر متاثر ہوتا ہے اور یہ اثر ہر خلیہ میں پایا جاتا ہے۔ خام دوا تقلیل شدہ دوا کے برعکس اثر کرتی ہے۔ خام شراب نشے کی حالت پیدا کرتی ہے جبکہ اس کی تقلیل شدہ (پوٹنٹائزڈ) شکل اس کے برعکس اثر کر کے آدمی کو اپنی صحیح اور نارمل حالت میں لے آتی ہے۔ پوٹنسی کی صورت میں دوا ابتدائی اور ثانوی اثرات کا اظہار کرتی ہے۔ لوگوں کا ایک طبقہ جو سائنسی سکول سے تعلق رکھتا ہے اس کی دریافت کے مطابق بیماری کا اصل سبب جراثیم ہوتے ہیں۔ اگر جراثیم مرض کا سبب ہوتے ہیں تو بہت سی چیزیں ایسی ہیں جن کے متعلق ہمیں سوچنا ہوگا۔ کیا یہ جراثیم ہیں جو مرض کا سبب بنتے ہیں یا زمین جو جراثیم کی پیدائش اور نشوونما کے لئے تیار کی گئی ہے جو مرض کی علامات پیدا کرتے ہیں۔

گھر کی شمالی جانب سائے میں جہاں زمین میں بہت پانی دیا گیا ہو اور وہاں پہ کاہی کی گھاس جھرمٹ کی شکل اختیار کر گئی۔ لہٰذا کسی قسم کی پیداوار کے لئے زمین کا پہلے سے تیار کیا جانا ضروری ہے۔ اگر زمین کی تیاری پہلے سے نہ کی گئی ہو تو وہاں کسی قسم کی پیداوار کا نشوونما پانا ممکن نہیں ہوگا۔

صحت میں کسی قسم کی خرابی سے خون میں خود بخود رونما ہونے والی تبدیلیوں کے لئے جسم میں ایسی زمین یعنی ایسے حالات پہلے سے پیدا ہوتے ہیں اور صحت کے بگاڑ کا سبب بنتے ہیں۔ اس بات کو فرض کر لینا کہ خود بخود ہونے والی پیدائشیں یا پودے بیماری کا سبب بنتی ہیں۔ یہ سچائی کے برعکس ہے۔ کسی پیدائش اور جراثیم کی پیدائش میں کوئی فرق نہیں ہے۔ جو ماتحات جراثیم بتائے جاتے ہیں وہ جھوٹ کے ایجنٹ کا کام

سرانجام دیتے ہیں۔ آپ بیکٹیریا یا جراثیم کو تباہ کر سکتے ہیں اور مائعات کو خون میں داخل کر کے جسم میں ایسی حالت پیدا کر سکتے ہیں جس سے کہ خون لیا گیا تھا لہٰذا حقیقت یہ ہے کہ عفونت پہلے آتی ہے اور جراثیم بعد میں پیدا ہوتے ہیں۔ خون میں عفونت کی نشوونما خود بخود ہوتی ہے۔ اگر جراثیم زیادہ عرصہ رہیں تو یہ زہر کو ختم کر دیتے ہیں۔ یہ مثال ایک مردہ سے دی جا سکتی ہے۔ پوسٹ مارٹم کے دوران ہاتھ میں جو نشتر چبھ جاتا ہے اس سے زیادہ زہریلا ہوتا ہے جو ایک لاش کی چیر پھاڑ کے دوران چبھ جائے جو چھ ہفتوں سے پڑی ہوئی ہو اور گل سڑ گئی ہو اور سبز رنگت اختیار کر گئی ہو۔

پھیپھڑوں کے پردوں کی سوزش PLEURISY

چھاتی میں ٹانکے لگنے کے سے درد جن میں درد والی جانب لیٹنے سے آفاقہ ہو۔ اعضاء کی حرکات سے درد میں اضافہ ہو تو "برائی اونیا"۔

پسلیوں کا درد یا پسلیوں کے درمیانی عضلات کا درد
PLEURODYNIA

یہ پسلیوں کے عضلات کی بیماری ہے، حرکت کرنے سے، کھانسنے سے، چھینکنے یا گہرا سانس لینے سے اطراف میں درد اور چبھن ہوتی ہے۔ "رینن کولس بلبوسس ۳۰" اس کی بہت بڑی دوا ہے۔

پھیپھڑوں کے پردوں کی سوزش خشک اور مرطوب
PLEURISY DRY AND WET

۱۔ نمونیہ اور تپ دق کے دوران خشک پھیپھڑوں کی سوزش۔ پہلے "اکونائٹ" اور پھر "برائی اونیا" دیں۔

۲۔ پیپ کی مانند اخراج، جس کے ساتھ برانکائیٹس کی پیچیدگی ہو۔ "ہیپر سلف"۔

۳۔ جب پھیپھڑے کے پردے میں پیپ ہو جس کے ساتھ دق کا بخار اور بہت زیادہ کمزوری ہو۔ "چائنا"۔

۴۔ سیرمی اور ریشہ دار جھلیوں سے بہت زیادہ اخراج جس کے ساتھ تنگئ تنفس دل کی تیز دھڑکن، بہت زیادہ پسینہ، کمزوری، غشی کا رحجان، پیشاب کا کم مقدار میں آنا اور اس میں البیومن کا اخراج پایا جائے۔ "کینتھرس"۔

۵۔ پھیپھڑوں کے پردوں کے اخراج کے لئے ایک عمدہ دوا ہے۔ "آرسینکم البم"

(ڈاکٹر نیش)

نمونیہ PNEUMONIA

۱۔ "اپی کاک" ۱۲ اور "برائی اونیا ۶" ادل بدل کر روزانہ کم از کم دو خوراکیں دینے سے مفید نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

۲۔ درجہ حرارت اونچا ہو اور تنفس تیز جس کے ساتھ معدے کی ذکی الحسی پائی جائے متلی ہو۔ "وریٹرم ورائیڈ"۔

۳۔ اگر نمونیہ مزمن نوعیت کا ہو۔ بلغم بدبو دار اور بُری زنگت کا ہو۔ "کاربو ویج"۔

۴۔ دق کا بخار اور سوکھا پن، سانس لینے میں دقت اور گرمائش ناقابلِ برداشت بہت جلد پسینہ آجائے۔ پہلے "ہیپر سلف" دیں اور اس کے بعد "آیوڈم"۔

نمونیہ کے ساتھ خون کا اخراج ہو PNEUMONIA WITH BLOOD DISCHARGE

ابتدائی درجہ میں یہ بیماری پر قابو پا لیتی ہے جس کے ساتھ بہت زیادہ خون کا اخراج ہوتا ہو۔ یہ بہت قیمتی دوا ہے اور عموماً بہت جلد شفایاب کر دیتی ہے۔ "فیرم فاس"۔

نمونیہ جس کے ساتھ سانس پھول جائے PNEUMONIA WITH BREATHLESSNESS

۱۔ سانس کا بہت زیادہ پھول جانا۔

۲۔ ناک کے نتھنے پنکھے کی مانند

حرکت کریں۔

۳۔ پیشانی پر شکنیں پڑ جائیں۔ تکلیف میں اضافے کا مخصوص وقت چار سے آٹھ بجے شام بھی اسی حالت میں ہونا ضروری ہے۔ بیماری میں لاپرواہی برتی گئی ہو یا غلط علاج کیا گیا ہو۔ یہ دوا بلغم کو جلد تحلیل کرنے میں یا جلد باہر نکالنے میں بہت مفید ہے "لائیکوپوڈیم"۔

نمونیہ جلن اور دُکھن کے احساس کے ساتھ
PNEUMONIA WITH BURNING AND RAW FEELING

کھانستے وقت چھاتی میں جلن اور دکھن کا احساس ہوتا ہے۔ دکھن کا احساس سانس کی نالی کے ساتھ اور چھاتی میں ہوتا ہے۔ آرم ٹرائی فیلم نے ان علامات کے ساتھ نمونیہ کو شفایاب کیا ہے۔ پیشاب کم اور بعض اوقات دبا ہوا ہوتا ہے۔ "آرم ٹرائی فیلم"۔

نمونیہ کھانسی اور تکلیف دہ سانس کے ساتھ
PNEUMONIA WITH COUGH AND OPPRESSED BREATHING

بوڑھے لوگوں کا اور پھیپھڑوں کے پردوں کے اخراج میں "آرسینکم البم" پھیپھڑوں کی بہت سی بیماریوں میں مفید ہے جبکہ سانس بہت زیادہ تکلیف کے ساتھ آئے۔ سانس خراٹے دار جس کے ساتھ کھانسی اور جھاگدار بلغم کا اخراج ہو۔ مریض لیٹ نہ سکتا ہو۔ سانس لینے کے لئے اس کو ضرور اٹھ کر بیٹھنا پڑے۔ ہوائی نالیوں میں سکڑنے کا احساس ہو۔ رات کو بارہ بجے کے بعد اضافہ۔ "آرسینکم البم"۔

نمونیہ میں رساؤ PNEUMONIA EXUDATION

خون کے مختلف اجزاء خون کی نالیوں کی دیواروں سے ملحقہ نسائج میں یا ورم میں خالی حصے میں رسیں۔ رساؤ کی ترقی یافتہ حالت جس کے ساتھ ذہنی پریشانی اور بے چینی کی علامات پائی جائیں۔ فوراً "سلفر" دیں۔

سطحی علامات کا علاج مندرجہ ذیل ادویات سے کریں۔

"اکونائٹ" یا "آرسینکم البم"۔

نمونیہ، ناقص علاج شدہ دق کا آخری درجہ
PNEUMONIA MALTREATED CONSUMPTION

"لائیکوپوڈیم" لاپرواہی برتی گئی اور ناقص علاج شدہ حالتوں یا غیر یقینی طور پر شفایاب نمونیہ کی حالتوں میں جو تیزی کے ساتھ جسم کو کمزور کر رہی ہوں۔ مفید دوا ہے۔

نمونیہ چھوٹے بچوں کا
PNEUMONIA OF INFANTS

بچوں کا نمونیہ جس میں برانکائیٹس کی مانند علامات پائی جائیں۔ چھاتی بلغم سے بھری ہوئی ہو۔ تیز اور خراٹے دار سانس چہرہ زرد یا نیلگوں، متلی۔ "اپی کاک"۔

نمونیہ ٹائیفائیڈ میں PNEUMONIA IN TYPHOID

"لیکیس" ٹائیفائیڈ میں عمدہ دوا ہے جس کے ساتھ پھیپھڑوں کی تکالیف پائی جائیں۔

تارکول کے دھوئیں کا زہریلا اثر
POISONING CHARCOAL FUMES

تارکول کے دھویں کے زہریلے اثر کے لئے، "امونیم کارب"۔

سیسہ کا زہریلا اثر POISONING BY LEAD

مفید دوا ہے۔ "ایتھیوزا"۔

ریڑھ کے ستون کا ورم POLIOMYELITIS

حرام مغز کے پیلے مادے کا ورم اور اس سے بچاؤ کے لئے۔ "لیتھائی رس"۔

ریڑھ کے ستون کا ورم اور اس سے بچاؤ
POLIOMYELITIS ITS PREVENTIVE

"لتھائیرس" 1000 اس مرض سے بچاتی ہے ڈاکٹر بانڈ کا کہنا ہے کہ انہوں

نے اس دوا سے سو فیصد مریضوں کو شفایاب کیا ہے۔

ناک کا گومڑ گندی بُو کے ساتھ
POLYPI WITH OFFENSIVE ODOUR

ناک میں گومڑ جس سے گندی بُو آئے۔ "کلکیریا کارب"۔

موازنہ کریں "تھوجا" سے۔

ناک کا گومڑ جس سے اخراج ہو
POLYPI IN NOSE WITH DISCHARGE

ناک کا گاڑھا اخراج اور ناک میں کھرنڈ بنیں۔ مزمن نزلہ گاڑھا سبز بلغم۔ "تھوجا"۔

گومڑ، ناک، رحم یا اندام نہانی میں
POLYPUS IN NOSE UTERUS OR VAGINA

نرم گومڑ ناک، رحم یا فرج میں جو ڈنٹھل سے جڑا ہوا ہو۔ اگر اس کو آپریشن سے نکالا جائے تو کچھ عرصے کے بعد دوبارہ ہو جائے۔ "فارمیکا روفا ۳x" بہت مفید دوا ہے۔ اگر اس سے خون نکلتا ہو تو "فاسفورس" ۳۰ سے ۲۰۰ طاقت میں ہفتہ وار دیں اور خارجی طور پر "سینگونیریا ۱x" پاؤڈر لگائیں۔ (ڈاکٹر وائی سنگھ)

گومڑ کان اور مقعد میں
POLYPUS IN EAR AND RECTUM

ا۔ کان میں "ہائیڈراسٹس"۔
ب۔ مقعد میں جس کے ساتھ ورم ہو "فاسفورس"۔

ناک کا گومڑ نتھنوں کو ڈھانپ لے
POLYPUS COVERING NOSTRILS

گومڑ تمام نتھنوں کو ڈھانپ لے۔ جس طرف لیٹے اس طرف کا نتھنا بند ہو جائے۔ سبزی مائل سفید اخراج ہو "ٹیوکریم" ناک کے گومڑ کی اعلیٰ دوا ہے۔

پیشاب کا زیادہ مقدار میں آنا POLYURIA

"دیکھئے پیشاب کا زیادہ اخراج"۔

حالت بدلنے سے سکون ہو
POSITION CHANGING GIVING RELIEF

متواتر حالت بدلے جس سے اس کو تھوڑی دیر کے لئے آفاقہ ہو۔ زیادہ دیر تک ایک حالت میں نہ لیٹ سکے۔ مریض متواتر اپنی حالت بدلتا ہے، پہلو بدلتا ہے اُٹھ کر بیٹھتا ہے، لیٹتا ہے یا تھوڑا سا گھومتا ہے لیکن زیادہ دیر تک ایک حالت میں نہیں لیٹ سکتا۔ "رسٹاکس" کا مریض سکون سے نہیں رہ سکتا۔ یہ "برائی اونیا" کے بالکل برعکس ہے جس میں چپ چاپ لیٹنے سے آفاقہ ہوتا ہے۔ "رسٹاکس"

آپریشن کے بعد کی پیچیدگیاں POST OPERATIVE COMPLICATIONS

مثلاً خون میں سمیت کا سرایت کر جانا۔ "رسٹاکس"

آپریشن کے بعد ریاحی درد POST OPERATIVE GASPAIN

"چائنا" مفید دوا ہے۔

آپریشن کے بعد قے POST OPERATIVE VOMITING

کلوروفارم کے استعمال سے بے حس کرنے کے بعد "فاسفورس"

بڑے پیٹ والے بچے POT- BELLIED CHILDREN

"سینی کولا"

ادویہ کی پوٹنسیاں
POTENCIES OF MEDICINES

ا۔ "سنٹیسی مل سکیل" ایک قطرہ مدر ٹنکچر اور ننانوے قطرے الکوحل ملانے سے پہلی طاقت بنتی ہے۔ ایک قطرہ دوا کی پہلی طاقت اور ننانوے قطرے الکوحل ملانے سے دوسری طاقت۔ تمام مندرجہ ذیل

طاقتیں اسی طریقہ پر تیار کی جاتی ہیں۔ یعنی پچھلی طاقت دوا کا ایک قطرے ننانوے قطرے الکوحل میں ملاکر اگلی مطلوبہ طاقت تیار کی جاسکتی ہے۔ ان طاقتوں کو ۱، ۲، ۳، ۴ یا ۲۰۰ وغیرہ کہتے ہیں۔

ب: ڈیسی مل سکیل۔ کیونکہ مدر ٹنکچر میں دوا کی طاقت ایک نسبت دس ۱/۱۰ ہوتی ہے۔ لہٰذا یہ پہلی طاقت شمار کی جاتی ہے۔ ایک قطرہ مدر ٹنکچر اور نو قطرے ڈسٹلڈ واٹر ملانے سے ۱x طاقت تیار ہوگی۔ ایک قطرہ ۱x طاقت اور نو قطرے الکوحل ملانے سے ۲x طاقت دوا تیار ہوگی۔ اسی طرح مزید طاقتیں تیار کرنے کے لئے ایک قطرہ دوا نو ۹ قطرے الکوحل میں ملانے چاہئیں۔ ان طاقتوں کو ۱x، ۲x، ۳x وغیرہ کہا جاتا ہے۔

رقیق مادے کو تحلیل کرنے کی طاقت
POWER OF ABSORPTION OF FLUID

جسم میں کسی جگہ بھی رقیق مادے کا پایا جانا۔ مثلاً گنٹھیا میں جوڑوں کا بڑھ جانا۔ سیرمی تھیلیوں میں سیرم کا رسنا، پھیپھڑوں کے پردوں، دماغ کی یا حرام مغز کی جھلیوں کا ورم، پیری ٹونیم کی جھلی میں ورم جبکہ حاد علامات ختم ہو چکی ہوں لیکن ورم ابھی باقی ہو۔ "سلفر" کی ایک خوراک عموماً اس مادے کو تحلیل کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہے۔

حمل اور اس سے متعلقہ بیماریاں
PREGNANCY ITS AFFACTIONS

۱۔ حاملہ کے دانت کا درد ہو "میگنیشیا کارب"۔

۲۔ حاملہ کی قبض "سیپیا ۲۰۰" اگر یہ ناکام ہو جائے تو پھر "اوپیم"۔

۳۔ ا۔ ٹانگ کی سوجن جو خون کی نالیوں میں رکاوٹ کی وجہ سے ہو۔ مفید دوا ہے "ہیما میلس"۔

ب: ورم گردہ جس کے ساتھ البیومن کا اخراج ہو۔ "مرک کار"۔

۴۔ زچگی کے بعد جب پستان متورم اور پر درد ہوں جن کے ساتھ دودھ بہت

کم، بہت زیادہ دبا ہوا اخراج ہو "پلسا ٹیلا"۔

۵۔ دودھ کا بخار جبکہ پستان پتھر کی مانند سخت ہوں، چھونے سے ذکی الحس اور بھاری محسوس ہوں۔ "برائی اونیا"۔

موازنہ کریں "بیلاڈونا" سے۔

۶۔ جب بچہ رحم مادر میں شدت کے ساتھ حرکت کرے، حاملہ کو جگا دے اور مثانے میں کاٹنے والے درد ہوں، پیشاب کرنے کی بہت زیادہ حاجت بنی رہے "تھوجا"۔

۷۔ اسقاط حمل کا خطرہ خصوصاً تیسرے ماہ کے قریب، جھوٹے درد زہ جن کے ساتھ خون ملا اخراج ہو "سیکیل کار"۔

موازنہ کریں "ٹسپائنا" "کروکس سٹائیوا اور کریوزوٹ" سے۔

۸۔ جنین کی شدید حرکات، حمل کے ثانوی درجہ میں خوفناک غم کی وجہ سے اسقاط حمل کا خطرہ۔ "اوپیم"۔

۹۔ درد زہ غیر واضح درد آئے اور اچانک چلا جائے۔ "بیلاڈونا"

۱۰۔ بچہ پیدائش کے وقت زرد، سانس پھولا ہوا، ہانپے جبکہ کارڈ ابھی تک دھڑکتا ہو۔ نومولود میں سانس لینے کی نااہلیت۔ "انٹی مونیم ٹارٹ"۔

۱۱۔ سفلس، بچہ بیماریاں لئے ہوئے اور سفلس کی وجہ سے غیر معمولی اعضاء کے ساتھ پیدا ہو۔ "دیکھئے سفلس عام"۔

۱۲۔ نومولود میں سانس لینے کی اہلیت نہ ہو پہلے ایک چھوٹی گولی "انٹی مونیم ٹارٹ" خشک حالت میں زبان پر رکھیں۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو اسی طریقہ سے "اوپیم"۔ اگر سانس لئے بغیر ہانپنا پایا جائے، چہرے پر نیلاہٹ اور چہرے کے عضلات میں پھڑکن پائی جائے تو "لاروسیراسس" عمدہ دوا ہے۔

۱۳۔ نومولود کی ناف سے خون نکلتا ہو۔ "ابراٹینم"۔

۱۴۔ حاملہ عورت کے پیٹ کا درد، پیٹ درد اتنا ہی متواتر ہوتا ہے جتنا حمل کے دوران، قے اور بھوک کا ختم ہو جانا۔ عموماً یہ تکلیف حمل کے پہلے ماہ کے دوران

کی اینٹھن کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اگر آنتوں میں ریاح ہو تو "کیمومیلا" عمدہ دوا ہے
اگر یہ ناکام ہو جائے تو "نکس یا کالوسنتھ"۔ اگر درد بہت شدید ہوں اور مریضہ کو
آرام نہ کرنے دیں۔

۱۵۔ گندی چیزیں کھانے کی خواہش ۔مٹی یا لائم وغیرہ کی۔ "نائیٹرک ایسڈ"
ریت یا راکھ کھانے کی ۔ "ٹیرن ٹیولا کیوبنس"
غیر منہضم چیزیں کھانے کی ۔ چاک اور چارکول وغیرہ۔ "ایلومینا"

۱۶۔ ہچکی حمل کے دوران ۔ ہر دو منٹ کے بعد "سائیکلیمن" دیں۔

۱۷۔ حمل کے دوران ہسٹیریکل عورت کی بدہضمی ۔"نکس موسکاٹا"

۱۸۔ حاملہ کا گر جانا۔ پہلے "آرنیکا" دیں۔ اگر درد شدت اختیار کر جائیں تو "آرنیکا"
کے بعد "کیمومیلا" دیں۔

۱۹۔ جب استحالی خرابیوں یا نقائص کی وجہ سے بچے پیدا ہوئے ہوں
جو کہ پیدائشی طور پر جگر کی خرابی میں مبتلا ہوں تو حاملہ کو حمل کے دوران یہ دوا دینے
سے یہ نقص دور ہو جائے گا۔ "میڈورہینم"

۲۰۔ زچگی کے فوراً بعد دورہ پڑتا ہو تو "ہائیوسائیمس ۳۰ یا سٹریکینم ۳۰" کو
نہ بھولنا چاہیئے۔ یہ تکلیف کے دوران آدھے گھنٹے یا ایک گھنٹے کے وقفہ سے دینا
بہت مفید ہے۔

حمل کے دوران جریان خون PREGNANCY BLEEDING

حمل کے دوران غیر معمولی جریان خون یا ثانوی درجے میں یعنی پانچویں سے
ساتویں ماہ تو یہ "سیپیا" سے شفایاب کیا جا سکتا ہے۔

حمل ۔ زچگی کے بعد کی شکایات PREGNANCY COMPLAINTS AFTER DELIVERY

اگر نئی ہونے والی ماں کا درجہ حرارت بڑھ جائے

اور عام طور پہ وہ بہت تکلیف محسوس کرے۔ "لیکیسس"۔

حمل کے دوران کی تکالیف

PREGNANCY DISORDERS Or

۱۔ پیشاب میں البیومن کا اخراج ہو "ایپس مل فیکا یا یونائی مین x ۱ ٹریچوریشن۔

۲۔ غذا سے نفرت "لاروسیراسس"۔

۳۔ ا۔ کمر کا درد جس کے ساتھ کمزوری کا احساس اور کولہوں میں لڑکھڑاہٹ پائی جائے۔ "کالی کارب" چار گھنٹے کے وقفہ سے پاخانہ کرنے سے قبل یا دوران کمر میں شدید درد۔ "سارساپریلا"۔

ب: زچگی کے بعد "کالی کارب" عمدہ دواؤں میں سے ایک ہے۔

۴۔ مثانے کی تکلیف، ہلکی سی مشقت سے، کھانسنے سے یا چھینکنے سے پیشاب نکل جائے۔ "کاسٹی کم" چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۵۔ ا۔ پستان پہ درد۔ "کونیم"۔

ب۔ زچگی کے دوران یا دودھ پلانے کے دوران غشی۔ "سیپیا"۔

۶۔ متواتر خشک کھانسی۔ "کالی بائیکرومیکم"۔

۷۔ اینٹھنیں۔ "وریٹرم البم" چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۸۔ بچے کی پیدائش کے بعد رحم سے بہت زیادہ اخراجِ نفاس جو کافی عرصہ تک اور متواتر رہے۔ "کروکس"۔

۹۔ کھانے کی غیر معمولی چیزوں کی خواہش۔ "چیلیڈونیم"۔

۱۰۔ جنین کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ "پلساٹیلا" بچے کو صحیح جگہ رکھنے کے لئے بہت عمدہ دوا ہے۔

۱۱۔ حمل کے دوران پاگل پن۔ "سٹرامونیم ۲۰۰"۔

۱۲۔ کلیجے کی جلن تیزابیت کے ساتھ۔ "کلکیریا کارب"۔

۱۳۔ کلیجے کی جلن بغیر تیزابیت کے۔ "پلساٹیلا"۔

ب : ریاحی درد ڈکاروں کے ساتھ ۔" لائیکو پوڈیم"۔

۱۴۔ حمل کے دوران متلی اور قے ۔" سمفوری کارپس ریسی موسا ۲۰۰" بگڑی ہوئی حالتوں کے لئے بہت اعلیٰ دوا ہے۔

۱۵۔ ا ۔ منہ سے تھوک کا اخراج ۔" مرک سال"۔

ب ۔ بالوں کا بہت زیادہ گرنا۔" سیپیا اور نیٹرم میور"۔

۱۶۔ پاؤں اور چہرے کی سوجن ۔" ایپس ملی فیکا"۔

۱۷۔ جس عورت کے ہمیشہ مُردہ بچے پیدا ہوتے ہوں ۔ یہ دوا زندہ بچے پیدا کرنے میں یقینی مانی جاتی ہے ۔" اکٹیا ریسی موسا"

۱۸۔ حمل کے دوران کی معدے کی تکالیف کے لئے بہت مفید دوا ہے اور اگر آخری مہینوں میں دی جائے تو پیدائش حمل میں آسانی پیدا کر دیتی ہے ۔" کلکیریا فلور"۔

۱۹۔ نیند کا نہ آنا اور پریشان کن خواب ۔ یہ معدے کی اعصابی خرابیوں کے لئے بھی مفید ہے ۔" انا کارڈیم"۔
موازنہ کریں " کافیا " سے۔

۲۰۔ ٹانگوں کا اوڈیما عمدہ دوا ہے " برائی اونیا " اور پھر " سلفر "۔

۲۱۔ بے خوابی جس کے ساتھ ہذیان پایا جائے ۔" اکٹیا ریسی موسا"

۲۲۔ رات کے وقت خوفناک خیالات ۔" کالی برومم"۔

۲۳۔ دردِ زہ کی مانند درد کے لئے عمدہ دوا ہے ۔ یہ زیادہ تر حالتوں میں شفا بخش ثابت ہوتی ہے ۔" کالو فائیلم"۔

۲۴۔ حمل کے دوران قبض ۔" سیپیا ۲۰۰" طاقت میں ۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو عموماً " اوپیم " شفایاب کر دے گی۔

۲۵۔ ٹانگوں کی سوجن کے لئے " ہیمامیلس " بہت مفید دوا ہے۔

۲۶۔ حمل کے دوران پیشاب رُک جانے کے لئے " نکس وامیکا ، کیمفر اور پلساٹیلا" بالترتیب دینی چاہئیں۔

۲۷۔ حمل کے دوران مقعد میں جلن۔ "کیپسی کم"۔

۲۸۔ بار بار پیشاب کرنے کی حاجت، پیشاب کے چند قطرے پیشاب کے برتن تک پہنچنے سے قبل نکل جائیں۔ "سیپیا اور کاسٹی کم"۔

۲۹۔ ا۔ دن رات متواتر متلی کا احساس بغیر قے کے۔ "ٹوبیکم"۔

ب۔ زچگی کے ابتدائی درجہ میں ہسٹیریا کی مانند کپکپی۔ "اکٹیا ریسی موسا"

۳۰۔ کمر میں درد جس کے ساتھ کولہوں میں لنگڑے پن اور کمزوری کا احساس ہو۔ "کالی کارب"

لنگڑے پن اور چلنے کی نا اہلیت کے ساتھ۔ "بیلس پرینس ۳۰" چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

"کالی کارب وضع حمل کے بعد عمدہ دواؤں میں سے ایک ہے۔ موازنہ کریں حمل کے دوران کمر درد کے لئے "ایسکولس ہپ" سے۔

۳۱۔ اسہال، پاخانہ عموماً رات کو۔ "پلساٹیلا" ہر چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

موازنہ کریں "نکس موسکاٹا اور کیمومیلا" سے۔

۳۲۔ اسہال جن کے ساتھ کمزوری اور گوشت کا سوکھتے جانا پایا جائے۔ "فاسفورک ایسڈ" دو قطرے ہر چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۳۳۔ مریضہ کی صحت کے پیش نظر اگر اسقاط حمل کی ضرورت ہو تو "گوسی پیم مدر ٹنکچر" قطروں کی خوراکوں میں دینے سے اسقاط حمل ہو سکتا ہے۔ چونکہ ہومیوپیتھی میں اس غرض کے لئے کوئی ایسی دوا نہیں ہے جو مرض پیدا کرے لہٰذا اگر یہ ناکام ہو جائے تو یہ عام اصول کے مطابق ہو گا۔

(ڈاکٹر کلارک اور ڈاکٹر آر۔ بی۔ لشمبر داس)

۳۴۔ پچوٹرین رحم پر اثر انداز ہو کر پیدائش حمل کے بعد کے جریان خون کو روکتی ہے۔ مفید دوا ہے۔

۳۵۔ پیدائش حمل کے بعد کے بخار اور عفونتی بخار کے لئے۔ "پائیروجینم"۔

۳۶۔ حمل کے دوران وریدوں کے پھول جانے کے لئے "پلساٹیلا" جس کے بعد "لیکیسس"۔ اگر قبض، بواسیر اور چڑچڑے مزاج کے ساتھ ہو تو "نکس وامیکا"۔

۳۷۔ اندھاپن۔ نیز رات کا اندھاپن بھی جو حمل کے دوران ہو "رٹین کولس طب"۔

۳۸۔ ا۔ دودھ چھوڑانے کے بعد پستانوں میں بھراؤ ہو۔ "پلساٹیلا" بہت مفید ہے۔ اس کے بعد "کلکیریا کارب" دینی چاہیئے۔

ب۔ متواتر دودھ کے فلو کے لئے "بیلاڈونا، کلکیریا کارب اور برائی اونیا" بہت عمدہ دوائیں ہیں۔

۳۹۔ وضع حمل کے بعد پیٹ لٹک جائے۔ "پوڈوفائیلم"۔

۴۰۔ بچے کی پیدائش کے بعد یا خون کے ضیاع کے بعد تشنج۔ "چائنا"۔

۴۱۔ حاملہ عورت کی تنگئ تنفس۔ "نکس وامیکا"۔

۴۲۔ حمل کے دوران بواسیر، حمل کے دوران یا بچے کی پیدائش کے بعد جس کے ساتھ مقعد باہر نکل آئے۔ "پوڈوفائیلم"۔

۴۳۔ حمل کے دوران چلنے کے قابل نہ ہو۔ "بلیس پیرینس"۔

حمل ہسٹیریا والی عورتوں کا جن کی علامات تبدیل ہوں PREGNANCY OF HYSTERICAL WOMEN CHANGING SYMPTOMS

ہسٹیریا کے مزاج والی عورتوں کی تمام قسم کی حالتوں اور علامات کو شفایاب کرتا ہے نیز اعصابی، گنٹھیاوی اور چلبلی عورتوں کے لئے بھی جن کے عضلات میں جھٹکے لگے ہوں۔ جن کی علامات اور تکالیف ایک دوسرے کے ساتھ ادل بدل جائیں۔ یہ تبدیلی یا ادل بدل ایسی مریضہ کی خصلت میں پائی جاتی ہے۔ مریضہ کو ایک وقت میں متلی ہوتی ہے اور اس کے لئے آپ کے پاس آتی ہے۔ ایک وقت وہ علامات کا ایک گروپ لے کر آتی ہے اور چند ہی ہفتوں میں جب دوبارہ آتی ہے تو پہلی علامات سے بالکل مختلف علامات پائی جاتی ہیں۔ "اکٹیا ریسی موسا"۔

حاملہ کے مردہ بچے پیدا ہوں
PREGNANCY GIVING BIRTH TO DEAD BABIES

ایسی عورت جس کے ہاں مردہ بچے پیدا ہونے کی عادت پائی جائے، اس کو پیدائش کے صحیح وقت سے کم از کم دو ماہ قبل "اکٹیا ریسی موسا x ۱" روزانہ دیں۔ انشاء اللہ زندہ بچے پیدا ہوں گے۔

حمل کے دوران ورمِ گردہ
PREGNANCY NEPHRITIS

"اپوسائی نم کین" اس تکلیف کے لئے اہم دوا ہے۔ جب کہ پیشاب میں البیومن کا اخراج ہو۔ پیشاب میں کھار آنا اور تشنج پائے جائیں۔

حمل کے دوران نچلے دھڑ میں فالجی کمزوری
PREGNANCY PARALYTIC WEAKNESS IN LOWER LIMBS

حاملہ ہونے کے فوراً بعد نچلے دھڑ میں فالجی کمزوری پائی جائے۔ یہ کمزوری ہر دفعہ حاملہ ہونے پر ہو اور مریضہ کو ضرور بستر کی طرف رجوع کرنا پڑے۔ ٹانگوں میں وزن، ٹانگیں بھاری محسوس ہوں۔ نچلے دھڑ میں کانپنے اور پھڑکنے کی حرکات پائی جائیں۔ "اگاری کس"۔

حمل کے دوران، سوجن مع پیدائش کے بعد رحم کا اخراج، آنول کی تکالیف اور بچے کا سر پیدائش میں رکاوٹ بنے
PREGNANCY SWELLING INCLUDING LOCHIA PLACENTA TROUBLES AND BABY'S HEAD

ا۔ و۔ ٹانگوں اور پاؤں کی سوجن، کولہوں کی یا جنسی اعضاء کی بیرونی سوجن۔ اوڈیما جس کے ساتھ بہت زیادہ کمزوری اور بے قاعدہ نبض، بازوؤں اور ٹانگوں کا ٹھنڈا ہو جانا۔ "آرسینکم البم"۔

ب۔ بہت زیادہ سوجن جس کے ساتھ پیشاب کی تکالیف پائی جائیں۔ "اپس ملی فیکا"۔

ج ۔ جلدی تکالیف ۔ "سلفر"۔

۲۔ اگر نفاس کا اخراج تین ہفتے سے زیادہ عرصہ تک اور غیر معمولی طور پر زیادہ عرصہ تک رہے تو "سیکیل کار ×۳" یا "سبائنا ×۳"۔ اگر نفاس اچانک بند ہو جائے تو "اکونائٹ ×۳"۔ اگر اس کی گندی بُو آئے تو "کریوزوٹ ×۳ یا کاربوویج ×۳"۔

د ۔ اگر آنول کا اخراج نہ ہو اور نہ ہی وضع حمل کے بعد ایک گھنٹے کے اندر اندر جلا نہ ہو تو "پلسا ۳۰ یا سیکیل کار ۳۰" ہر پندرہ منٹ کے وقفہ سے۔

س ۔ جہاں تک بچے کے سر کا بڑا ہونے کا تعلق ہے جو کہ وضع حمل میں رکاوٹ کا سبب بنے تو "پلساٹیلا" استعمال کریں یا "سیکیل کار"۔ بعض اوقات "کلکیریا کارب، سلفر یا سلیشیا" کام میں آسانی پیدا کر دیتی ہیں۔

حمل کے دوران قے
PREGNANCY VOMITING

ا۔ کھانے کے متعلق سوچنے یا کھانے کی خوشبو سے قے، مریضہ باورچی خانہ کے پاس سے بھی گزر نہیں سکتی ۔ "کالچی کم" اس کے لئے عمدہ دوا ہے۔ لیکن حمل کے دوران "سیپیا" بہت بہتر ہے۔

ب ۔ ڈاکٹر ایڈیسن کے مطابق "امائی کا ڈالس پیر سکا" حمل کے دوران کی قے کو کسی دوسری دوا کے مقابلے میں جلد روکتی ہے۔ اس کے استعمال سے ہر قسم کی متلی اور قے رُک جاتی ہے۔

بالوں کا قبل از وقت سفید ہو جانا
PREMATURE GRAY HAIR

یہ عمل کافی طویل ہے جس کے لئے مریض کی طرف سے صبر درکار ہوتا ہے۔

ا۔ "تھائیرائیڈینم ۳۰" ایک ماہ تک تین مرتبہ روزانہ دیں۔

۲۔ اس کے بعد "تھائیرائیڈینم" کی طاقت بڑھا دیں یعنی ۲۰۰ میں دوسرے ما

ہفتہ وار دیں۔

۳۔ اگر اس سے کوئی مفید اثر نہ ہو تو " ایسڈ فاس ۳۰ " طاقت روزانہ تین مرتبہ پہلے ہفتے دیں۔ دوسرے ہفتے " لائیکو پوڈیم " ۳۰ طاقت میں تین مرتبہ روزانہ۔

۴۔ تیسرے ہفتے " وائیس بیڈن " ۳۰ طاقت میں روزانہ تین مرتبہ دیں اور اس عمل کو کم از کم چھ ماہ تک جاری رکھیں۔ اگر اس کے باوجود بھی کوئی فائدہ نہ ہو تو " پلوکارپس " ... ا طاقت میں ہر ماہ ایک مرتبہ دیں۔ اور اس عمل کو تین چار ماہ تک متواتر جاری رکھیں اور اگر ضروری ہو تو زیادہ عرصہ۔

۵۔ کمزوری کر دینے والی بیماریوں کی وجہ سے بالوں کا سفید ہو جانا۔ " نیٹرم میور " ۳۰ طاقت میں روزانہ تین مرتبہ ایک ماہ تک دیں۔

دوسرے ماہ " فاسفورس " ۳۰ روزانہ تین مرتبہ دیں۔

بڑھاپا قبل از وقت جنسی زیادتی کی وجہ سے
PREMATURE OLD AGE DUE TO EXCESS

جنسی زیادتیوں اور کثرت جماع کے سبب مزاجی کمزوری، ناامیدی اور پریشانی، چہرہ زرد اور کمزوری۔ " اگنس کاسٹس "

بڑھاپا قبل از وقت، تمام افعال میں کمی
PREMATURELY OLD WITH IMPAIRMENT OF ALL FUNCTIONS

ایک درمیانی عمر کے آدمی میں بڑھاپے کی علامات کا اظہار ہو۔ نیز ایسے مریض جو عمر کے لحاظ سے یا زیادہ کام کرنے کی وجہ سے کمزور ہو چکے ہوں اور کمی خون میں مبتلا ہوں اور بے خوابی کا شکار ہوں۔ بوڑھے لوگوں کے لئے بہت اعلیٰ دوا ہے جن کے تمام افعال میں کمی آ چکی ہو۔ کمزوری، ٹھنڈا پن، اور سن ہو جانا، خصوصاً واحد حصے کا، انگلیوں، بازوؤں وغیرہ کا۔ جسم کی یک طرفہ علامات اس دوا کا مطالبہ کرتی ہیں۔ سستی اور بھول جانا۔ " امبرا گریسیا " موازنہ کریں " براٹا کارب " سے۔

خشفہ پر چھالے اور موہکے PREPUCE ERUPTIONS AND WARTS

۱۔ خشفہ پر چھالے۔ "سلیشیا"

۲۔ خشفہ پر موہکے "فاسفورک ایسڈ"

دباؤ سے آفاقہ ہو PRESSURE AMELIORATES

دباؤ سے افاقہ ہوتا ہے اسی وجہ سے مریض درد والی جانب لیٹنا چاہتا ہے۔ (بیلاڈونا میں مریض درد والی جانب نہیں لیٹ سکتا) درد میں عموماً درد والی جانب لیٹنے سے آفاقہ ہوتا ہے "برائی اونیا"

دباؤ سے بازو، ٹانگیں اور پاؤں وغیرہ سو جائیں PRESSURE CAUSES SLEEPING OF LIMBS

ہلکا سا دباؤ پڑنے سے بازو ٹانگیں اور پاؤں وغیرہ سو جائیں۔

جب لیٹا ہوا ہو تو بازو سو جائیں "امبرا گریسا"

دباؤ سے آرام ہو PRESSURE RELIEF

سخت دباؤ پڑنے سے درد والے حصے میں آرام آنا۔ اس دوا کی مخصوص علامت ہے "چائنا"

موازنہ کریں "برائی اونیا" سے۔

زکام سے بچاؤ کے لئے PREVEN-TION OF COLD

آواز کا بیٹھ جانا، گلے میں سرسراہٹ سے کھانسی، تنگ چھاتی والا مریض۔ "فاسفورس"

ورم سے بچاؤ کے لئے PREVANTION OF INFLAMATION

چوٹ کے بعد ورم سے بچنے کے لئے "لیڈم، ہائپریکم"۔

برانکائیٹس سے بچاؤ کے لئے PREVENTION OF BRONCHITIS

دیکھئے برانکائیٹس اور اس سے بچاؤ۔

سردی سے بچاؤ کے لئے PREVENTION OF COLD

ابتدائی درجہ میں جبکہ جسم میں سردی کا احساس ہو، جمائیاں آئیں اور تمام جسم میں رگڑ اور خراش کا احساس پایا جائے دو یا تین قطرے "کیمفر" مدرٹنکچر کے چینی یا ملک شوگر میں ڈال کر ہر ایک یا دو گھنٹے کے وقفہ سے دینے چاہئیں۔ یہ عموماً حملے کے دورانیہ کو بہت کم وقت میں ختم کر دیتی ہے۔

کند آلے سے یا گولی وغیرہ کے زخموں میں بچاؤ کے لئے PREVENTIVE FOR PUNCTURED WOUND

"لیڈم" مفید ہے۔

سانپ کے زہر کے اثر سے بچاؤ کے لئے PREVENTIVE FOR SNAKE POISON

"یوفوربیا پروسٹیٹا" EUPHORBIAPROSTATA

گرمی دانے PRICKLY HEAT

۱۔ سادہ گرمی دانوں کے لئے "سلفر، ایپس"۔

۲۔ سرخ دانے چہرے اور گردن پر۔ کھوپڑی سرخ جس میں رات کے وقت شدید خارش ہو چھوٹے سرخ چھالوں میں خارش اور پیپ "جوگلنس ریجیا"۔

شفاء کے اصول PRINCIPAL OF CURE

تمام ہومیوپیتھک شفاء کے دو تہائی حصے کا دارومدار

مندرجہ ذیل دو اصولوں پر مبنی ہے۔

۱۔ مخصوص علامت کا حاصل کرنا اور ان علامات کے عین مطابق دوا کی خوراک کا دینا۔

۲۔ بیماری کی شفا میں حائل رکاوٹ کو دور کرنا اور اس کے بعد علامات کے مطابق تجویز شدہ دوا دینا۔ دیگر مزمن تکالیف جو کہ ایک تہائی سے زیادہ نہیں ہوتیں ان کو علامات کے اظہار کے مطابق صحیح تجویز شدہ دوائیں دے کر شفایاب کرنا۔

ہاضمہ کا عمل PROCESS OF DIGESTION

ہاضمہ کا عمل منہ سے شروع ہوتا ہے اور معدے اور چھوٹی آنت تک جاری رہتا ہے۔ جب ہاضمہ مکمل ہو جاتا ہے تو بعض اجزا خون کی چھوٹی نالیوں کی دیواروں کے ذریعے جو کہ چھوٹی آنتوں کی لائننگ میں ہوتی ہیں۔ خون میں شامل ہو کر جسم کے دوسرے حصوں میں پہنچ جاتے ہیں۔ آنتوں میں جو کچھ باقی رہ جاتا ہے اس میں پانی اور مختلف دیگر اجزا ہوتے ہیں۔ پانی جسم کی ضرورت کے مطابق بڑی آنت سے خون میں تحلیل ہو جاتا ہے۔ جو کچھ باقی بچتا ہے وہ ہماری غذا کا ایک اہم جزو ہوتا ہے۔ غیر منہضم اجزا پتوں، پھلوں اور سخت چیزوں کی فائبرز پر مشتمل ہوتے ہیں جو آنتوں میں بچے کھچے مواد کو صاف کرنے کے لئے برش کا کام سرانجام دیتے ہیں۔ بعض چیزیں جو چھوٹی آنت سے خون میں تحلیل ہوتی ہیں ان میں ضائع شدہ مواد بھی پایا جاتا ہے یہ مواد گردوں کے ذریعے پیشاب کی شکل میں خارج ہوتا ہے۔

جسم کی نسیجوں کے ٹوٹنے اور بننے کا عمل متواتر جاری رہتا ہے۔ ٹوٹنے کے عمل کو کیٹابولزم کے نام سے اور بننے کے عمل کو اینابولزم کے نام سے پہچانا جاتا ہے اور ان دونوں کے بیلنس کو میٹابولزم کہا جاتا ہے۔ جسم کی نشوونما کے سالوں کے دوران جسم کے میٹابولزم کا دارومدار اینابولزم پر ہوتا ہے۔ بڑھاپے کے دوران اور کمزور کرنے والی بیماریوں میں کیٹابولزم کی زیادتی پائی جاتی ہے۔ زندگی کے زیادہ تر حصے میں یہ دونوں برابر رہتے ہیں۔ لیکن میٹابولزم میں کبھی رکاوٹ نہیں پڑتی۔ پرانے حصے ضائع ہو جاتے ہیں

اور ان کی جگہ نئے مہیا ہو جاتے ہیں۔

عضلات کے سکڑنے یا سوکھنے کی ترقی یافتہ حالت
PROGRESSIVE MUSCULAR ATROPHY

۱۔ یہ ایک مہلک مرض ہے اور اس کی صحت یابی کا تناسب بھی بہت ہی کم ہے۔ کوئی بھی طریقہ علاج آریو ویدک یا یونانی حتیٰ کہ نیا طریقہ علاج بھی (ایلوپیتھی) میرے علم کے مطابق اس کو یقینی طور پر شفایاب کرنے کے قابل نہیں ہے تاہم ہومیو پیتھی نے اس مرض کے لئے ہلکی سی اُمید کی کرن دکھائی ہے۔ ڈاکٹر رائے بہادر بشمبر داس کے مطابق "پلمبم میٹ" اس کی اعلیٰ دوا ہے اور سادہ سوزش سے لے کر عضلات کے مکمل ضائع ہونے تک کی تمام علامات کا احاطہ کرتی ہے۔ یہ نہ صرف دماغ کے عضلات کو محفوظ کرتی ہے بلکہ پھیپھڑوں، بازوؤں، ٹانگوں اور دوسرے اعضاء کے عضلات کو محفوظ کرتی ہے۔ احساس کا مکمل طور پر ضائع ہو جانا، کمزوری گھٹن، بھینچن، پھڑکن، کانپنا، گردن میں گولی لگنے کا سا درد، ڈیلٹائیڈ مسلز کا سوکھنا اوڈیما اور عضلات کا گھٹنا اور کمزور ہونا۔ رات کے وقت اور حرکت سے تکلیف میں اضافہ، دوران خون کے دباؤ میں اضافہ (ہائی بلڈ پریشر) اور خون کی نالیوں میں رکاوٹ کا پیدا ہو جانا۔ ڈاکٹر این بورک اور ڈاکٹر بلیک ووڈ نے بھی اس کو آزمایا ہے اور ان کے مطابق یہ دوا عضلات کے سکڑنے کی ترقی پذیر حالت میں بچوں کے فالج اور عضلات کی سُست حرکات کے لئے بہت مفید ہے۔ "پلمبم میٹ" ۲۰۰، ۱۰۰۰ طاقت میں۔

۲۔ ریڑھ کی ذکی الحسی کے لئے، ریڑھ میں شدید درد جس میں رات کے وقت اضافہ ہو، عام کپکپی اور بازوؤں اور ٹانگوں کی کمزوری، پنڈلیوں میں سختی اور کمزوری، کھڑا ہونا اور چلنا مشکل ہو، رات کے وقت سردی سے اضافہ ہوتا ہو اور تازہ ہوا میں آنے سے افاقہ ہو۔

بے ربطی کی علامات، قابو پانے کی سکت کا نہ ہونا اور ذہنی اور جسمانی طور پر توازن رکھنے کا فقدان، پژمردہ اور خشک مزاج۔ اگر عورت ہو تو لیکوریا بدبودار،

اور رحم سے جریان خون۔ خوفزدہ اور عصبی مزاج۔ "آرجنٹم نائیٹریکم"۔

۳۔ کسی عضو کا مرضیاتی طور پہ بڑھ جانا (ہائیپرٹرافی) پایا جائے اور دوسرے اعضاء میں لاغری (اٹرافی) پائی جائے۔ مریض کی جسمانی بناوٹ کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ ایک لمبا تنگ چھاتی والا جس کا مزاج دقی یا سفلی ہو۔

جلن جس کے ساتھ کانپنا، سُن ہو جانا، کمزوری کی اہم علامات پائی جائیں، بازو اور ہاتھ سُن ہو جائیں۔ پاؤں کی انگلیوں کے سروں سے جسم کی اوپر کی طرف چڑھتا ہوا حرکی اور حسی فالج۔ "فاسفورس"۔

۴۔ اعصابی لاغری کے لئے اس مرض سے متعلقہ وائرس کو ختم کرتی ہے اور ہڈیوں کے ساتھ چلنے والے درد، سردی سے اضافہ، چل نہ سکے، گر دے، دل اور جگر بھی متاثر ہوں۔ علامات میں صبح کے وقت اضافہ ہو۔ درد تیزی کے ساتھ دوسری جگہ چلے جائیں، گنٹھیاوی اور معدے کی علامات آپس میں بدل جائیں۔ "کالی بائیکرومیکم"۔

۵۔ "آرنیکا، کیوپرم میٹ اور برائٹا آیوڈائیڈ" بالترتیب مندرجہ بالا ادویہ کے ناکام ہونے پر دیں۔

ٹل جانا ریکٹم کا PROLAPSE OF RECTUM

ریکٹم میں بیرونی جسم کا جیساکہ گولے کا یا بوجھ کا احساس۔ "سیپیا"۔

ٹل جانا ریکٹم کا، بچے میں یا بچے کی پیدائش کے بعد PROLAPSE OF RECTUM IN CHILD OR AFTER CHILD BIRTH

بچوں میں اسہال کے ساتھ یا بغیر اسہال کے یا پھر عورتوں میں بچے کی پیدائش کے بعد۔ "پوڈوفائیلم"۔ موازنہ کریں "رسٹاکس اور نکس وامیکا" سے۔ بچوں کے لئے "فیرم فاس" بھی مفید ہے۔

ٹل جانا رحم کا وضع حمل کے بعد PROLAPSE OF UTERUS AFTER DELIVERY

خصوصاً بچے کی پیدائش کے بعد زیادہ وزن اُٹھانے سے یا زور لگانے سے،
"پوڈو فائیلم" موازنہ کریں "رسٹاکس اور نکس وامیکا" سے

ٹل جانا رحم کا PROLAPSE OF UTERUS | دباؤ کے احساس کے ساتھ جیساکہ کوئی چیز باہر نکل پڑے گی "سیپیا"

ٹل جانا رحم کا اسہال کے ساتھ PROLAPSE OF UTERUS WITH DIARRHOEA | "ایلو" رحم کے ٹل جانے کی بہت سی مریضاؤں کو شفایاب کرچکی ہے۔ جبکہ یہ بگاڑ اور جسم کی سطحی حرارت کے ساتھ پایا جائے صبح کے وقت اسہال کا رجحان اور رحم کا باہر آنا۔ "ایلو"

ٹل جانا فرج کا اخراج کے ساتھ PROLAPSE OF VAGINA WITH DISCHARGE | فرج بہت ڈھیلی، انڈے کی سفیدی کی مانند بہت زیادہ مقدار میں لیکوریا کا اخراج
"ایگنس کاسٹس"

ٹل جانا فرج کا درد کے ساتھ PROLAPSE OF VAGINA WITH PAIN | فرج پُر درد خصوصاً جماع کے وقت۔ "سیپیا"

پراسٹیٹ غدود سے اخراج PROSTATE DISCHARGE

پاخانہ کرتے وقت پراسٹیٹ غدود سے اخراج ہو۔ "ایگنس کاسٹس"

پراسٹیٹ کا بڑھ جانا عمر رسیدہ لوگوں میں PROSTATE ENLARGED OF AGED PERSONS | پیشاب مشکل سے آئے، کمر میں شدید درد پیشاب کا بند ہوجانا جس کا انحصار کنکریوں یا یورک ایسڈ کے خارج ہونے پر ہو۔ "ہائیڈرانجیا" مثانے، پیشاب

کی نالی یا گردوں کے درد کو بہت جلد سکون دیتی ہے۔ "پوٹنسی" ۲۰۰ یا ۱۰۰ ایم

پراسٹیٹ غدہ اور اس کی بیماریاں
PROSTATE GLAND AND ITS AFFECTIONS

۱۔ بڑھے ہوئے اور متورم پراسٹیٹ کی حاد حالتوں، پیشاب کرنے میں مشکل، پیشاب کرتے وقت جلن، غدہ سخت متورم اور پر درد۔ "سیبل سارپولاٹا"۔

۲۔ عمر رسیدہ لوگوں میں پراسٹیٹ کا بڑھ جانا۔ "فیرم پکریکم"۔

۳۔ پیشاب کے لئے متواتر دباؤ جس کے ساتھ تھوڑا سا پیشاب خارج ہو، مریض بہت زیادہ زور لگائے، سوزاک کا غلط علاج کیا گیا ہو یا پھر سفلسی حالت کے لئے۔ "تھوجا"۔

۴۔ پراسٹیٹ کا مزمن بڑھ جانا جس کے ساتھ پیشاب پر قابو نہ ہو، پیشاب رُک جائے اور پھر جاری ہو جائے۔ "کونیم"۔

۵۔ پیشاب کی حاجت بنی رہے، بار بار پیشاب اور بہت زیادہ اخراج، جو کہ پراسٹیٹ کے بڑھ جانے کی وجہ سے ہو۔ "چمافیلا امبیلاٹا"۔

۶۔ پراسٹیٹ بڑھا ہوا، بار بار پیشاب آئے۔ پیشاب کر چکنے کے بعد دوبارہ زور لگانا پڑے اور چند قطرے ٹپکیں۔ عمر رسیدہ لوگوں کے پراسٹیٹ غدہ کا بڑھ جانا۔ "برائٹا کارب"۔

۷۔ پراسٹیٹ غدہ بڑھا ہوا۔ پیشاب میں میوکس اور پیپ کا اخراج۔ "نیٹرم سلف"۔

۸۔ بوڑھے لوگوں میں پراسٹیٹ کے بڑھ جانے سے پیشاب کا رُک جانا، پیشاب کرتے وقت بہت زیادہ تکلیف ہو۔ "ڈیٹرمیکم ریپنس"۔

۹۔ پیشاب کرنے کی ناقابل برداشت متواتر حاجت، پیشاب قطرہ قطرہ خارج ہو "ڈمکس وامیکا اور کینتھرس" آدھے گھنٹے کے وقفہ سے ادل بدل کر دیں۔

۱۰۔ ڈاکٹر نیش کے مطابق پراسٹیٹ کی خطرناک نوعیت کی تکالیف میں جبکہ مقعد اور خصیوں کے درمیانی حصے یا مقعد کے قریب سوجن کا احساس پایا جائے

اور پیشاب میں بلغم کا اخراج ہو تو۔ "پمافیلا اور کینابس انڈیکا" بہت مفید ادویہ ہیں۔

ب۔ پراسٹیٹ غدہ کے بڑھ جانے کی صورت میں جبکہ اعضائے تناسلی پر سوجن ہو۔ "ڈیجی ٹیلس"۔

پراسٹیٹ کی سوزش
PROSTATE IRRITATION

پراسٹیٹ کی خرابیاں، مثانے میں سوزش، جس کے ساتھ بلغمی اخراج یا کنکریاں خارج ہوں۔ "باروسما کرینیٹا"۔

پراسٹیٹ کے سکڑنے کے بعد
PROSTATE AFTER STRICTURE

پراسٹیٹ کے سکڑ جانے کے علاج میں لاپرواہی کی وجہ سے پراسٹیٹ کی حاد تکالیف کے لئے "مرکیورس کار"۔

پراسٹیٹ کی وجہ سے پیشاب کا رک جانا
PROSTATE HYPERTROPHIED URINE RETENTION

پراسٹیٹ بڑھا ہوا، پیشاب کا رک جانا۔ مفید دوا ہے۔ "بیلاڈونا"

کمزوری انتہائی جس کے ساتھ پریشانی ہو
PROSTRATION EXTREME WITH DEPRESSION

معدے کی علامات اہم ہیں۔ جگر معدے میں درد جس کے ساتھ قے ہو۔ اگر بخار ہو تو مریض برف کی مانند ٹھنڈا، پیشاب میں خون اور پیپ پائی جائے "کلکیریا سلف" ۲۰۰ ایک ہفتے میں بارہ گھنٹے کے وقفہ سے دیں۔ "سٹافی سیگریا" ۱۰۰۰ ہر چودھویں روز انٹرکرنٹ میڈیسن کے طور پر دیں۔

کمزوری جس کے ساتھ آدھی رات کے وقت جلن دار درد، ہاتھ پاؤں ٹھنڈے اور قوت کا ڈوبتے جانا پایا جائے
PROSTRATION WITH BURNING PAIN AT MIDNIGHT WITH HANDS FEET COLD AND SINKIN OF VITAL POWER

ہاتھ اور پاؤں ٹھنڈے قوت حیات کا ڈوبنا، ہاتھ پاؤں مارنا چاہے بشرطیکہ وہ ایسا کرنے کے قابل ہو۔ شدید جلن اور جلندار درد۔ "آرسینکم" کی علامات عموماً آدھی رات کو بارہ بجے اور دو بجے کے درمیان یا بعض اوقات ایک بجے سے تین بجے کے درمیان پیدا ہوتی ہیں۔ "آرسینکم البم"۔

کمزوری، بچہ غنودگی میں چلا جائے
PROSTRATION OF CHILD DROWSY

بچہ عموماً کمزور ہوتا ہے اور غنودگی میں پڑے رہنے کا رجحان پایا جاتا ہے حتیٰ کہ سوال کا جواب دیتے ہوئے سو جاتا ہے۔ منہ چھالوں اور زخموں سے بھرا ہوا، پاخانہ بہت بدبودار۔ "بپ ٹیشیا"

کمزوری، عضلاتی نظام کا ڈھیلا پن، ہاتھ اور پاؤں کانپیں، غنودگی میں پڑا ہوا اور عام تھکاوٹ
PROSTRATION RELAXATION OF MUSCULAR SYSTEM HANDS AND FEET TREMBLE LYING DROWSY AND GENERAL FATIGUE.

حاد حالتوں میں مریض چاہتا ہے کہ وہ آنکھیں بند کر کے خاموشی سے لیٹا رہے حرکت کرنے پر ہاتھ اور پاؤں کانپتے ہیں۔ وہ چاہتا ہے کہ ایک ہی حالت میں پڑا رہے۔ عضلاتی نظام کا مکمل ڈھیلا پن۔ جس کے ساتھ ظاہری یا حقیقی فالج کی سی حالت پائی جائے۔ تھکاوٹ، احساس یا عام تھکاوٹ۔ "جلسی میم"۔

کمزوری شدید متعدی بیماری کے اختتام پر
PROSTRATION AT THE END OF SERIOUS INFECTIOUS DISEASE

تمام حالتوں میں بہت زیادہ تھکاوٹ اور کمزوری خصوصاً شدید متعدی بیماریوں کے خاتمے پر مثلاً دفتھیریا، سرخ بخار، نمونیہ، سرخباد وغیرہ۔ "امونیم کارب"۔

اعصابی کمزوری میں "آرسینکم البم" سے مقابلہ کرتی ہے۔ "امونیم کارب"۔

خارش PRURITIS

"سیپیا، ٹیرینٹولا ہسپانیہ" عمدہ دوا ہے۔

خارش تمام جسم کی PRURITIS OF WHOLE BODY

تمام جسم پر ناقابل برداشت خارش خصوصاً جب بستر میں گرم ہو جائے اور اس وقت تک کھرچتا رہے جب تک کہ اس سے خون نہ نکلے اور درد نہ ہو، انگلیوں کی جلد کا پھٹ جانا۔ "ایلومینا"۔

خارش شرمگاہ کی PRURITIS VULVAE

جب اعضاء تولید پر ایسی خارش ہو جو کہ نیند میں خلل ڈالے۔ "امبراگریسیا"۔

خارش، جس کے ساتھ پیشاب میں جلن پائی جائے PRURITIS WITH BURNING URINE

۱۔ خصوصاً گرمائش سے خارش ہو اور پیشاب جلن دار آئے۔ "سلفر"۔

۲۔ مقعد کی خارش کے لئے۔ "ریڈیم برومائیڈ" ہفتہ میں ایک مرتبہ یہ فرج کی خارش کے لئے بھی مفید ہے۔

سورا کا اثر زائل کرنے والی PSORIC ANTIDOTE

مفید دوا ہے۔ "سلفر"۔

مسہل (جلاب آور) PURGATIVE

ایسے لوگ جو جلاب آور دوائیں استعمال کرتے ہیں اور بیٹھنے کے عادی ہوتے ہیں، بہت جلد تھک جاتے ہیں اور بہت زیادہ کمزوری ہوتی ہے۔ قبض جس کے ساتھ سر میں درد ہوتا ہے۔ "ہائیڈراسٹس" ۳ طاقت میں۔

مزمن قبض کے لئے صبح سویرے پاخانہ کے لئے جانے سے قبل "ہائیڈراسٹس" مدر ٹنکچر کا ایک قطرہ پانی میں ملا کر دیں۔ جبکہ ضدی قسم کے قبض کے لئے مریض کو بار بار "ہائیڈراسٹس" 2x صبح سویرے پانی میں ملا کر دینے سے اس تکلیف پہ قابو پایا جا سکتا ہے۔

چنبل PSORIASIS

ا۔ پہلے "سلفر" سے آغاز کریں۔ پھر "آرسینکم برومائیڈ" دیں۔

ب۔ انگلی کے جوڑ کی پشت پہ خارش، جلد غیر صحت مند ہلکے سے زخم میں پیپ پڑ جائے۔ بالوں کے سرے آپس میں جڑ جائیں۔ "بوریکس"

ج۔ چنبل میں خارش ہو۔ "تھائیرائیڈینم" نچلی طاقت میں چنبل کی تکلیف دہ خارش کے لئے مفید ہے۔

گلی سڑی چیزوں کا زہریلا اثر PTOMINE POISONING

گلی سڑی غذا یا حیواناتی مادے کے بعد یا الکوحل والے مشروبات اور تمباکو چبانے کے بعد، لیکن اس میں مندرجہ ذیل علامات کا ہونا ضروری ہے۔

ا۔ جلندار درد۔

۲۔ بے چینی اور

۳۔ آرسینکم کی پیاس تھوڑی سی مقدار پانی کی جو تھوڑی دیر بعد پیئے اور عموماً گرم مشروب کو ترجیح دے۔ سب سے پہلے "اکونائٹ" کو بار بار دہرائیں یہ قابل تعریف عمل کرے گی۔ اس کے بعد "ورٹیرم البم" دیں اور پھر "آرسینکم البم"۔ نزع کی حالت میں "کیمفر اور کاربو ویج" کا خیال رکھیں۔

آنکھ کے بالائی پپوٹے یا چھپر کا جزوی فالج PTOSIS

اوپر کے پپوٹے خصوصاً بائیں کا، نیچے کو لٹک جائے، جیسا کہ مفلوج ہو گیا ہو آنکھ میں جلن اور خشکی، دانے بننے کی حالتوں میں مفید ہے۔ "ایلومینا"۔

۲۔ لنٹھیاوی مزاج لوگوں کے پپوٹوں کا لٹک جانا ۔ اوپر کے پپوٹوں میں بھاری پن
کا احساس جیسا کہ وہ آسانی سے اٹھایا نہ جا سکے۔" کاسٹی کم"۔
۳۔ گنٹھیاوی مزاج لوگوں کے پپوٹوں اور آنکھوں کے عضلات میں سخت ہونے کا
احساس ہو۔" کالمیا"۔

سن بلوغت کی تکالیف PUBERTY DERANGEMENTS

لڑکی عموماً اپنی علامات بیان کرتے وقت روتی ہے، حلیم الطبع اور جلد مان جانے والی، اچھی خصلت کی مالک، حیض عموماً دیر سے کم مقدار میں اور ہلکا سیاہی مائل رنگت کا ہوتا ہے۔ بعض اوقات حیض کا اخراج رُک جاتا ہے اور پھر دوبارہ شروع ہو جاتا ہے اور اسی طرح رک جانا اور جاری ہونا پایا جاتا ہے۔ حیض سے قبل پاؤں گیلا کرنے کی وجہ سے حیض کی تکلیف۔ مریضہ بہت زیادہ گرمی محسوس کرتی ہے۔ حیض وقفے وقفے سے جاری ہوتا ہے جس کے ساتھ شام کے وقت سردی لگتی ہے بہت درد ہوتا ہے اور بہت زیادہ بے چینی پائی جاتی ہے۔ مریضہ اِدھر اُدھر پہلو بدلتی ہے۔ پہلا حیض دیر سے ہوتا ہے، کمر میں درد، متلی، اسہال، حیض کے دوران یا حیض کے بعد۔" پلساٹیلا" کی ذہنی علامات، خاموشی، جلد مان جانے والی طبیعت جس کے ساتھ رونے دھونے والے مزاج کا پایا جانا بہت ضروری ہے۔
" پلساٹیلا" کا مریض چڑچڑا بھی ہوتا ہے۔" پلساٹیلا"۔

زچگی کا بخار PUERPERAL FEVER

پرسوت کے بخار میں اگر ٹانکے لگنے کے سے درد پائے جائیں تو" کالی کارب"۔

زچگی کا جنون PUERPERAL MANIA

بلا مقصد گھر سے باہر نکل پڑے۔ آنے والی بدنصیبی کا وہم، مالیخولیا جس کے ساتھ مدہوشی اور جنون پایا جائے۔ لاپرواہی اور اداسی پرلے درجے کی حماقت، چیخنا، بددعائیں دینا۔" ورٹیرم البم"۔

نبض PULSE

"جلیسی میم" کی نبض کی خصوصیت یہ ہے کہ جب مریض آرام کر رہا ہوتا ہے تو یہ آہستہ چلتی ہے اور جب حرکت کرنے کی کوشش کرتا ہے تو یہ اچانک تیز ہو جاتی ہے۔ "بیلا ڈونا" کی مانند اس میں دماغی اجتماع خون پایا جاتا ہے۔ لیکن نہ تو یہ اجتماع خون اتنا شدید ہوتا ہے اور نہ بخار جتنا کہ "بیلاڈونا" میں ہوتا ہے۔ نبض صبح کو شام کے مقابلے میں زیادہ تیز ہوتی ہے۔ بے قاعدہ نبض کی دھڑکن باقاعدہ ہوتی ہے جو مقدار میں بتدریج بھرتی ہے اور انگلیوں کے نیچے سوجن محسوس ہوتی ہے۔

۱۔ نبض دھاگے کی مانند اور تھرتھرانے والی۔ "کالچی کم"۔

۲۔ نبض چھوٹی، تیز، رُک رُک کر چلے اور دبائی جا سکے۔ "سیکیل کار"۔

۳۔ نبض آہستہ چلے۔ "لاروسیراسس"۔

۴۔ نبض تیز، بے قاعدہ اور رُک رُک کر چلے۔ "کرٹیگیس"۔

۵۔ نبض کی ہر چوتھی ضرب خود بخود باقاعدگی کے ساتھ چھوٹ جاتی ہے۔ "ککلیریا آرسینیکا"۔

۶۔ نبض سُست جس کے ساتھ دل کی دھڑکن تیز ہو۔ "آرسینک آیوڈائیڈ"۔

ڈاکٹر نورٹن دل کی تمام بیماریوں میں اس دوا کی سفارش کرتے ہیں۔

نبض، تنفس اور درجہ حرارت کا آپس میں تعلق پایا جاتا ہے۔ عموماً درجہ حرارت کے معمول سے ہر ایک درجہ کے زیادہ ہونے پر نبض کی دس ضربات بڑھ جاتی ہیں اور سانس لینے میں دو مرتبہ کا اضافہ ہو جاتا ہے جیسا کہ مندرجہ ذیل نقشہ میں دکھایا گیا ہے۔

درجہ حرارت	نبض	تنفس کی رفتار	فی منٹ
۹۴۔ فارن ہیٹ	۸۰	۱۸	"
۱۰۰ "	۱۰۰	۲۴	"
۱۰۵ "	۱۵۰	۳۴	"

نبض نارمل PULSE NORMAL

نارمل نبض بھری ہوئی، مضبوط اور باقاعدہ ہوتی ہے اور اس سے اختلاف ضرور کسی بیماری کا پیش خیمہ ہوتا ہے یا کسی چوٹ یا زخم کی وجہ سے یہ تغیر پیدا ہوتا ہے۔ "جیلسی میم"۔

بچے عضو تناسل کو کھینچیں PULLING OF PENIS BY CHILDREN

بچہ عموماً عضو تناسل کو کھینچتا ہے۔ "مرکیورس سال" اور "کینتھرس" کو یکے بعد دیگرے استعمال کرائیں۔

نوک دار آلے کا زخم متورم ہو PUNCTURED WOUND INFLAMATORY

نوک دار زخم جو کسی عصب میں ہو اور بعد میں متورم حالت اختیار کر جائے۔ "لیڈم"۔

خارجی استعمال کے لئے "لیڈم" مدر ٹنکچر کا لوشن۔

پیپ بننا PUS FORMATION

"ہیپر سلف" کا استعمال صرف اس وقت ہوتا ہے جبکہ پیپ بن چکی ہو یا بن رہی ہو۔ بعض اوقات جب ابھی پیپ نہیں بنی ہوتی تو یہ پیپ بننے کے عمل کو روک دیتی ہے اور ورم نہیں ہونے دیتی۔ جب بن چکی ہو تو یہ پھوڑے کا سوراخ بنا کر اس کو بہت جلد خارج کر دیتی ہے اور اس کے بعد بہت جلد پھوڑے کو شفایاب کر دیتی ہے۔ ایسی صورت میں جبکہ پیپ بننا ناگزیر ہو جائے تو "ہیپر سلف" پھوڑے کا منہ کھول دیتی ہے۔ اور اس کو جلد شفایاب کر دیتی ہے۔

موازنہ کریں "مرک سال" جو کہ پیپ کی علامات کے اظہار سے قبل دی جاتی ہے اور "ہیپر سلف" اس کے بعد اس وقت دی جاتی ہے جبکہ پیپ بننے کا خدشہ ہو یا پیپ بن چکی ہو۔

• "ہیپر سلف"۔

پیپ بغل کے پھوڑے میں PUS IN AXILLA ARMPIT FULL OF PUS

بغل کے تمام حصے میں پیپ ہتھیلی کی طرح بھر جائے۔ "ہیپر سلف" چھ طاقت صبح دوپہر شام۔

پیپ کی چھوت سے بچاؤ کے لئے PUS INFECTION PROPHILACTIC

"آرنیکا"۔

پیپ بننے سے بچاؤ PUS PREVENTS FORMATION

پیپ بننے سے بچاتی ہے۔ اس کو "ہیپر سلف" کے بعد پھوڑے کو شفایاب کرنے کے لئے دینا چاہیئے جو ہیپر سلف کے استعمال سے پھٹ چکا ہو۔ "سلیشیا" ان دواؤں میں اعلیٰ مقام رکھتی ہے جو ایسے ورم کے لئے استعمال ہوتی ہیں جس کا اختتام پیپ بننے کے عمل پر ہوتا ہے (ڈاکٹر نیش)

گردے کی بلغمی جھلیوں کی سوزش PYELITIS

ڈاکٹر ہیوجز کا خیال ہے کہ "اُوا اُرسی" مدر ٹنکچر بہت مفید دوا ہو سکتی ہے۔

پائیوریا PYORRHOEA

۱۔ مسوڑھے دانتوں سے ہٹ گئے ہوں پیپ نکل رہی ہو، تمام دانت ڈھیلے ہو گئے ہوں، دانتوں سے گندی بُو آئے۔ "کالی کارب"۔

۲۔ مسوڑھے سفنج کی مانند، منہ سے گندی بُو۔ "مرک کار"۔

۳۔ "پائیوریا" میں "سمفائیٹم" مدر ٹنکچر کا لوشن ایک گرام کچھ چار اونس پانی میں ملا کر دانتوں پہ ملنے سے بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

۴۔ "یوکلپٹس" کا تیل بھی اسی طرح مفید ہے۔ اس کو مقامی طور پہ دانتوں کو

صاف کرنے کے بعد مسوڑھوں پر ملنا چاہیئے۔ یہ بیکٹیریا کی نشونما کو روکتا ہے اور مقامی خلیات کو قوت بخشتا ہے۔

پائیوریا متعلقہ دانت PAYORRHOEA ALVEOLARIS

دانت جڑوں سے گل سڑ جائیں، بہت حساس ہوں، مسوڑھے سکڑ جائیں۔ "تھوجا"

پائیوریا، دانت ٹوٹیں، مسوڑھوں سے خون نکلے اور ان میں پھوڑے ہوں
PAYORRHOEA CRUMBLING TEETH AND BLEEDING GUMS WITH GUM BOILS

۱۔ دانت سیاہ اور ٹوٹ ٹوٹ کر نکلیں، منہ میں تھوک، مسوڑھے سفنج کی مانند اور ان سے آسانی کے ساتھ خون خارج ہو۔ "سٹافی سیگریا"۔

۲۔ پر درد ورم جس میں ٹھنڈی یا گرم چیزوں سے اضافہ ہو، مسوڑھوں کے پھوڑے۔ "سلیشیا" چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

کونین کی تریاق QUININE ITS ANTIDOTE

کونین کی عمدہ تریاق "اپی کاک" ہے اس کے بعد "آرسینکم البم" اور "چائنا"۔ دیگر مفید تریاق "نیٹرم میور اور ویریٹرم البم" ہیں۔

لوزتان کا ورم (گلے کے غدودوں کا حاد ورم (QUINSY)
ACUTE INFLAMATION OF THE TONSILS

۱۔ ابتدائی سردی اور بخار، پریشانی اور بے چینی کے ساتھ درد اور دکھن پائی جائے۔ "اکونائٹ" تین گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ شدید ورم لوزتان جس کے ساتھ چبھن دار درد پائے جائیں۔ "سلیشیا"۔

۳۔ عفونتی ورمِ لوزتان، "گن پوڈر اور برائٹا کارب" یکے بعد دیگرے دینی مفید ہوتی ہیں۔

۴۔ گولی نگلنے کے سے درد خصوصاً ورم کے دوران جو کانوں تک جائیں۔ بعض اوقات کوئی چیز پینے کی مکمل طور پہ نااہلیت ، جو چیز پیئے نتھنوں کے ذریعے باہر نکل جائے۔ جبڑا ، کوّا اور لوزتان متورم جس کے ساتھ سر درد ہو۔ " بیلاڈونا ، اور مرکیورس " کو ادل بدل کر دیں۔ ہر خوراک کے درمیان دو گھنٹے کا وقفہ رکھیں۔

(ڈاکٹر لیوری)

۵۔ بلغمی جھلی پر ابھار اور چھالے۔ " فائیٹولاکا " (ڈاکٹر کلارک)

لوزتان کا ورم اور اس سے بچاؤ
QUINSY-AND ITS PROPHYLACTIC

جس کے ساتھ بخار ہو، بلغمی جھلی میں پیپ پڑنے کا رجحان اور اس سے بچاؤ کے لئے مفید ہے۔

"برائٹا کارب" ۳۰ طاقت۔

ہر روز آنے والا نوبتی بخار QUOTIDIAN INTERMITTENT FEVER

بخار کا درجہ روزانہ عین وقت پر شروع ہو۔ مثلاً صبح دس بجے سردی، تے ۱۲/۳۰ بجے بعد دوپہر، سر درد ۴/۳۰ علی ہذالقیاس۔

ایسی تکالیف جو ہر سال اسی ماہ شروع ہوں۔ ان کے لئے ڈاکٹر کرشنا مورتی آف مدراس " ارٹیکا یورنس " کی سفارش کرتے ہیں۔

پاگل کتے کے کاٹے کا جنون
RABIES

ا۔ ایک ہفتے کے لئے تین مرتبہ روزانہ " ہائیڈروفوبینم ۳۰ " لینی چاہیئے اور اس کے بعد " بیلاڈونا " رات کو اور صبح کم از کم چھ ماہ تک استعمال کرنی چاہیئے۔

ب۔ پاگل کتے کے کاٹنے کے بعد تشنج سے بچاؤ کے لئے یہ دوا اس وقت تک روزانہ صبح اور شام دینی چاہیئے جب تک کہ بخار اور اسہال شروع نہ ہو جائیں۔

ج : پاگل کتے کے کاٹے کے لئے بہت ہی قریبی مماثل دوا " سٹرامونیم " ہے۔

د ۔ ڈاکٹر جونز کے مطابق "جبورانڈی" کے استعمال سے کھلا پسینہ لاکر پاگل کتے کے زہر کو جسم کے نظام سے نکالا جا سکتا ہے ۔

غصّے کے دورے — RAGE FITS OF

غصّے کے دورے پڑنے کے لئے ۔ "ماسکس"

زبان کے نیچے گلٹی — RANULA UNDER THE TONGUE

ا ۔ زبان کے سامنے کی طرف رکاوٹ ڈالنے والی گلٹی ۔ "تھوجا"
ب ۔ سخت اور حجم میں بڑی گلٹی ۔ "مرک سال اور تھوجا" ادل بدل کر دینا چاہیئے ۔
موازنہ کریں ۔ "فلیورک ایسڈ" سے ۔

بچے کے جسم پر دانے — RASH ON CHILD'S BODY

اگر بخار ہو اور نبض میں سرعت پائی جائے ۔ "اکونائٹ" ۔
اگر اسہال موجود ہوں تو مفید ہے ۔ "اپی کاک" ۔
اگر قبض ہو اور آنتوں کا پھول جانا پایا جائے تو ۔ "برائی اونیا" ۔

دانے چھالے نما — RASH PAPULAR

جسم پر بہت زیادہ ناگوار قسم کے دانے ، چھالے چھاتی ، معدے اور ڈوڈینم کی جلد کو ڈھانپ لیں اور ان میں بستر پر جانے سے بہت زیادہ خارش ہو ۔ مریض کو قبض اور کمی خون میں مبتلا ہو ۔ "تھوجا" ۳۰ بار بار دیں ۔
موازنہ کریں "سلفر آیوڈیٹم" سے جو کہ چہرے کے چھالوں کے لئے مفید ہے ۔

چوہے کا ٹنا — RATE BITE

"لیڈم" کے استعمال سے بعد میں ہونے والی پیچیدگیوں ، ٹیٹنس یا دوسری عفونتی حالتوں سے محفوظ رکھتا ہے ۔ بلکہ یہ گولی لگنے کے سے درد سے بھی بچاتی ہے "لیڈم پال" ۔

چوہے کے کاٹنے پر خارجی استعمال کے لئے
RATE BITE EXTERNAL APPLICATION

چوہے یا بچھو کے کاٹے کے لئے خارجی طور پہ "لیڈم پال" مدر ٹنکچر استعمال کریں۔

شفا بخش چیزوں کا مناسب استعمال
RATIONAL USE OF CURATIVE AGENTS

شفا بخش چیزوں کے پیش نظر آپ کو تین عالم پہ غور کرنا ہوگا۔ جن میں عالم جمادات عالم حیوانات، اور نباتات شامل ہیں۔ انسان میں کسی قسم کی تبدیلی ممکن نہیں ہے۔ جب تک کہ دوا کا استعمال اس میں تبدیلی یا اضافہ کا سبب نہ بنے۔ انسان کی بیماریاں ایسے اجزاء پہ مبنی ہیں جو تینوں عوالم کی پیدائش میں شامل ہوتے ہیں۔ انسان بذات خود مٹی کے عناصر کی پیداوار ہے۔ یہ مٹی کے اجزاء (جمادات) نباتاتی عالم کے ذریعے انسان ہی میں مقابلہ کے لئے اٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔ ہر مخلوق جو انسان کے طابع ہے یہ انسان ہی کے لئے بنائی گئی ہے جو کہ انسان پہ ہر حالت میں اثر انداز ہو کر اس کو طابع کرنا چاہتی ہے انسان کا مطالعہ جیسا کہ اس کی خصلت، اس کی زندگی اس کی خواہشات اس کی تکالیف وغیرہ دراصل ہومیوپیتھی کا صحیح مطالعہ ہے۔ دواؤں کا معقول اور صحیح استعمال انسان کے اندر خفیہ تبدیلی کو بھڑکاتا ہے۔

ہم اسباب کی طرف دھیان نہیں دیتے بلکہ ہم تبدیلیوں پہ نظر رکھتے ہیں۔ ڈاکٹر ہانیمن نے ذہنی علامات پہ زور دیا ہے۔ لہٰذا ہم دیکھتے ہیں کہ استاد فن نے کس ادراک سے علامات کی راہنمائی کی ہے۔ سب سے زیادہ اولیت ذہنی علامات کی دی گئی ہے اور اس کے بعد جسمانی علامات کو لیا گیا ہے۔

خلاصہ

بیماریاں عام

بیماریاں مخصوص

ادویہ عام

ادویہ مخصوص

ایک وباء کا تجزیہ یا معائنہ کوئی معنی نہیں رکھتا ماسوائے اس کے کہ آزمائش کے لئے لوگوں کی تعداد میں اضافہ ہو۔ جب کوئی وباء ملک میں پھیلتی ہے تو بہت سے مریضوں کا حتی الامکان ریکارڈ رکھنے کے بعد صرف یہ اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ ایک ہی نوعیت کا مرض ہے جیسا کہ ایک مریض کا معائنہ یا مطالعہ کرنے پہ علامات کا اظہار ہوا تھا۔ ایسی صورت میں آزمائش کنندگان کا ایک گروپ تیار کیا جاسکتا جس میں مجموعہ علامات کسی دوا کے مجموعہ علامات کے مطابق ہو۔ ہر وباء یا ہر بیمار مرد میں پہلے عام علامات اور پھر مخصوص علامات کا اظہار ہوگا۔

یہ یاد رکھنا ہوگا کہ مخصوص علامات، عام علامات کے اندر ہی موجود ہوتی ہے۔ جب تک عام علامات کو نہ نمٹایا جائے مخصوص علامات کی گہرائی میں جانے سے بہت بڑی غلطی کا سرزد ہونا بعید نہیں ہے۔ سپاہیوں کی فوج کا بغیر آفیسرز کی ہدایت کا ہونا ایسا ہی ہوگا جیسا کہ ایک انبوہ کثیر کا جمع ہو جانا۔ لہٰذا جب تک عام علامات کا سدباب نہ کیا جائے اس وقت تک مخصوص علامات کی گہرائی تک پہنچنا اس ہجم کثیر کی مانند ہوگا جو کچھ بھی نہیں کر پاتا۔ اسی طرح ہمارے میٹریا میڈیکا میں ایسی ادویہ موجود ہیں جن تک رسائی کے لئے سب سے پہلے عام علامات کا سدباب کرنا ضروری ہے۔ ہمیں ذہنی خلفشار سے بچنا چاہیئے جو پرانے طریقہ کے متعلق سوچنے سے پیدا ہوتا ہے۔ یہ نہ جانتے ہوئے کہ بیماری کو کس نام سے پکارا جائے اور بیماری کے نتیجہ کو کیا کہا جائے۔ عملی مثالیں اس وقت ہمارے سامنے آتی ہیں جبکہ ہم ہانیمین کے اصول کی طرف سوچتے ہیں کہ وہ کس طرح یہ کہنے کے قابل ہوئے کہ کالرا کیوپرم، کیمفر، اور ویریٹرم سے مشابہت رکھتا ہے۔

جب کوئی صحیح اور محتاط	CREATING REACTION	ردعمل کا اظہار کرنے والی

طریقہ سے منتخب شدہ دوا اپنا مفید اثر کرنے میں ناکام ہو جائے۔ خصوصاً حاد بیماریوں میں جو کہ قوت حیات کی کمزوری یا سورا کی وجہ سے ہو تو "سلفر" عموماً نظام جسم کے ردِ عمل کی طاقت کو ابھارتی ہے اور کیس کو صاف کر دیتی ہے۔ اس میں مختلف قسم کی رکاوٹوں کو دور کرنے اور دوا کے صحیح عمل کو ابھارنے کی صلاحیت پائی جاتی ہے۔ "سلفر" کی ایک خوراک دیں اور حاد حالتوں میں چند گھنٹے اور مزمن حالتوں میں چند دن انتظار کریں اور پھر منتخب شدہ دوا دیں۔

ردِّ عمل کا فقدان ہو
REACTION LACK OF

جب صحیح منتخب شدہ دوائیں کام نہ کریں۔

۱۔ ردّ عمل کا فقدان ڈھیلی نسیجوں والے مریضوں میں۔ "کیپ سی کم"

۲۔ ایسے مریضوں میں جبکہ درد نہ ہو اور غنودگی پائی جائے۔ "اوپیم"

۳۔ اعصابی تکالیف میں جبکہ صحیح منتخب شدہ دوائیں ناکام ہو جائیں۔ "ویلیرین" یا "امبرا گریسیا"۔

۴۔ حالت نزع، گھٹنوں کا اور سانس کا ٹھنڈا ہو جانا، مکمل لاپرواہی۔ "کاربو ویج"

جب ردعمل میں خرابی ہو تو مندرجہ بالا ادویہ میں سے ہر ایک پر غور کرنا چاہیئے۔

۵۔ سورا کی رکاوٹ کے لئے "سورائینم" استعمال کرنی چاہیئے۔ جبکہ "سلفر" ناکام ہو جائے۔

۶۔ قوت مدافعت کی بہت زیادہ کمزوری کی صورت میں اس دوا کا استعمال کرنا چاہیئے۔ "لارڈ میراسس"

جلدی تکالیف کا دوبارہ اظہار
REAPPEARANCE OF SKIN TROUBLE

کئی مرتبہ کوئی ایسا اندرونی مرض جس کو کسی جلدی بیماری کے دبانے کے بعد شفایاب کیا گیا ہو دوبارہ جلد پر ظاہر ہونے کے بعد "سلفر" سے شفایاب ہوتا ہے۔

ریکٹم میں درد ہو RECTUM ACHES

ایسا درد جیسا کہ اس میں ٹوٹے ہوئے شیشے بھر دیئے گئے ہوں۔ پاخانہ کرنے کے بعد مقعد میں جلن ہو، بواسیر کا باہر نکل آنا۔ "رٹینہیا"۔

ریکٹم سے جریان خون، خون سیاہ جو مقعد سے بھی خارج ہو
RECTUM HAEMORRHAGE DARK BLOOD AND ALSO FROM ANUS

۱۔ جب خون سیاہ رنگت کا ہو اور بغیر درد کے پاخانہ کے ساتھ خارج ہو تو۔ "ہیمامیلس"۔

۲۔ "نائیٹرک ایسڈ اور میوریٹک ایسڈ" مقعد کے جریان خون کے لئے جس کا سبب معلوم نہ ہو اوّل درجے کی ادویہ ہیں۔

ریکٹم کی بواسیر RECTOM HAEMORRHOIDS

ریکٹم میں ایسا محسوس ہو جیسا کہ کھپچیوں سے بھری ہوئی ہے۔ بادی بواسیر جس کے ساتھ جگر میں اجتماع خون پایا جائے، "ایسکولس ہپ"۔

ریکٹم کا میلان اور فالج RECTUM PROLAPSE AND PARALYSIS

۱۔ ریکٹم میں بیرونی اجسام کا احساس جیسا کہ گولے کا یا بوجھ کا۔ "سیپیا"۔

۲۔ ریکٹم کا فالج۔ "ٹوبکیم"۔

ریکٹم کا میلان اسہال کے ساتھ یا بغیر اسہال کے
RECTUM PROLAPSE WITH OR WITHOUT DIARRHOEA

بچوں میں یا عورتوں میں بچے کی پیدائش کے بعد ریکٹم کا میلان جس کے ساتھ اسہال پائے جائیں یا بغیر اسہال کے۔ "پوڈوفائیلم"۔

دوبارہ جوان بنانے والی
REJUVANATOR

بوڑھے لوگوں کے لئے جو بڑھاپے کی وجہ سے مختلف پردرد بیماریوں میں مبتلا ہو چکے ہوں۔ خصوصاً تھکے ہوئے نڈھال اور کمزور شدہ لوگوں کے لئے مفید ہے۔ ذہنی مشقت سے لاپرواہی، ہاضمہ کی خرابی کی وجہ سے نیند کا نہ آنا۔ عام عضلاتی کمزوری۔ ایسے لوگوں کو جو بوڑھے دکھائی دیں جبکہ عمر کے لحاظ سے اتنے بوڑھے نہ ہوں "میگنیشا فاس" اونچی سے اونچی طاقت میں گرم پانی میں ملا کر دینی چاہیئے۔

ٹائیفائیڈ بخار کا دوبارہ لوٹ آنا
RELAPSE OF TYPHOID FEVER

"انٹی مونیم کروڈم" عمدہ دوا ہے۔ اس کے بعد "اپی کاک" کی باری آتی ہے۔

عضلات کا ڈھیلا پن چلنے پر نڈھالی کے ساتھ
RELAXATION OF MUSCLES WITH PROSTRATION ON WALKING

ڈھیلا پن اور نڈھال حاد بیماریوں میں۔ مریض خاموشی کے ساتھ آنکھیں بند کر کے لیٹنا چاہتا ہے حرکت کرنے پر ہاتھ اور ٹانگیں وغیرہ کانپتے ہیں۔ اگر وہ ہاتھوں کو حرکت دے تو ہاتھ کانپتے ہیں اور اگر وہ چلنے کی کوشش کرے تو ٹانگیں کانپتی ہے۔ یہ تمام قسم کا لرزہ اعصابی نظام کی کمزوری کی وجہ سے ہوتا ہے۔ خصوصاً حاد قسم کے بخار کی حالتیں "جلیسی میم" کی طرف راہنمائی کرتی ہے۔ حاد حالت میں آنکھوں کے پپوٹے گر جاتے ہیں۔ مریض غنودگی میں ہوتا ہے۔ نبض کمزور ہوتی ہے۔ عضلاتی نظام کا مکمل ڈھیلا پن جس کے ساتھ دماغ گردے کی فالجی حالت ہوتی ہے۔ "جلیسی میم"۔

دواؤں کا آپس میں تعلق، نعم البدل اور اثر زائل کرنے والی
RELATIONSHIP OF REMADIES COMPLEMENTRY AND ANTIDOTING

جب کوئی دوا کسی بیماری میں آرام پہنچانے میں پورا

کوشش کر چکی ہو تو یہ جاننا بہت ضروری ہوتا ہے کہ کونسی دوا اس پہلی دوا کی چھوڑی ہوئی مزید علامات کے لئے مفید ہو سکتی ہے۔ ایسی دوا کو پہلی دوا کے نعم البدل اثر کرنے والی یا معاون دوا کہا جاتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں جب دوا دویہ کے درمیان تعلق اور دواؤں میں سے ایک دوا جو کہ بہت قریب ترین مطابقت پہلی دوا سے رکھتی ہے اس کو پہلی دوا کے موافق اثر کرنے والی کہا جاتا ہے۔ بعض اوقات نعم البدل دوا پہلی سے مقدم ہو جاتی ہے۔ کچھ دوائیں نعم البدل اور اثر زائل کرنے والی ہوتی ہیں۔ جن چھوٹی کو لسٹ میں رکھ لیا جاتا ہے۔ یہ بے قاعدگی متعلقہ دوا کے اثرات سے واضح ہوتی ہے جو کہ وہ عموماً ظاہر کرتی ہے۔ پچھلی دوا کے اثرات کو زائل کرنے یا غیر مطلوبہ اثرات کو ختم کر کے اپنی اصل حالت پر لانے کی صلاحیت کا ہونا اور اس دوا کے شفائیہ اور مفید اثرات کو ضائع نہ کرنا جو پہلے دی جا چکی تھی وغیرہ۔

یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ دوسرا نسخہ ان دواؤں میں سے ہونا چاہیئے جو پہلی دوا کے بعد اچھا اثر دکھاتی ہوں۔ COMPATIBLE جنرک ٹرم ہے۔ اس میں نعم البدل اور موافق اثر کرنے والی دونوں قسم کی دوائیں شامل ہیں جو کہ پہلی دوا کے بعد اچھا اثر دکھاتی ہیں۔

غیر موافق اور دشمن دوائیں۔

ان دونوں قسم کی دواؤں کا استعمال پہلی دوا کے بعد نقصان دہ ہوتا ہے اور اس طریقہ سے مزمن مرض بہت پیچیدہ اور بہت زیادہ مشکل ہو جاتا ہے۔

اثر زائل کرنے کا تعلق۔

کسی دوا کی اتفاقیہ یا حادثاتی طور پر زیادہ خوراک نظام جسم کے لئے نقصان دہ ثابت ہوتی ہے۔ ایسا تجویز کنندہ جو دوا کے اثر کو زائل نہیں کر سکتا وہ ایک ایسے موٹر ڈرائیور کی مانند ہے جو بریک نہیں لگا سکتا۔ بعض ادویہ ایسی ہیں جو کہ پہلے سے دی گئی دوا کے اثرات کو زائل کر سکتی ہیں۔ دوائوں کے درمیان تعلق کا علم معالجاتی نقطہ نظر سے بہت ضروری ہے کیونکہ ہمیں بعض اوقات ادویاتی اثرات کے اضافے سے واسطہ پڑتا ہے جو کہ بہت

خطرناک بھی ہوسکتا ہے یا بعض ایسی اضافی علامات سے جو کہ کسی دوا کی جزوی علامات کے شفایاب ہونے کے بعد مریض میں پیدا ہوتی ہیں۔ لہٰذا ہر دوا کی صورت میں یہ جاننا ضروری ہے کہ اس کے اثر کو کس دوا سے زائل کیا جاسکتا ہے یا کس دوا کے اثر کو یہ زائل کرتی ہے اس کتاب کے آخر میں میں نے نہایت محنت کے ساتھ ایسی دواؤں کا چارٹ بنایا ہے جو زیادہ تر اس کتاب میں دی گئی ہیں جن کی بنیاد قابل اتھارٹیز کو بنایا گیا۔

مذہبی جنون RELIGIOUS MANIA

۱۔ جب دو خواہشوں کے درمیان تصادم پایا جائے۔ اندرونی اور بیرونی خواہش۔ "اناکارڈیم"۔

۲۔ جنون مذہبی یا شہوت پرستی کا۔ "ویریٹرم البم"۔

موازنہ کریں "ہائیوسائیمس اور سٹراموینم" سے۔

دردِ گردہ، شدید درد جو پتھری خارج کرنے کی کوشش پر ہو جو کہ پیشاب کی نالی میں پھنسی ہوتی ہو اور پیشاب کا بند ہو جانا

RENAL COLIC SEVERE PAIN CAUSED BY EFFORTS TO PASS A STONE LOCKED UP IN URETER AND SUPPRESSION OF URINE

۱۔ درد کے لئے جو بدہضمی کی وجہ سے ہو۔ "نکس وامیکا" اعلیٰ دوا ہے گرم پانی میں دیں۔ درد کسی حصے میں ہو۔

۲۔ پیٹ سخت، درد کے ساتھ شدید اینٹھن اور ٹھنڈے مشروب سے افاقہ ہو تو۔ "کیوپرم میٹ"۔

۳۔ عورتوں اور بچوں میں درد، غصے کی وجہ سے درد، غذا ابھی تک اسی طرح معدے میں پڑی ہوئی ہو۔ پیٹ ڈھول کی مانند پھولا ہوا۔ "کیمومیلا"۔

۴۔ پیٹ کا درد تمام اطراف میں پھیلے۔ ٹانگوں میں اینٹھن اور ضدی قسم کا قبض، پیٹ پتھر کی مانند سخت۔ "پلمبم"۔

۵۔ مثانے میں شدید ٹانکے لگنے کے سے درد جو گردے سے یوریتھرا تک پھیلیں جن کے ساتھ پیشاب کرنے کی حاجت پائی جائے۔ خصیوں کا کھچ جانا، پیشاب بلغمی اور زرد "بربیرس" مفید ہے۔

۶۔ ڈاکٹر جہار کا کہنا ہے کہ "پلساٹیلا، کینابس انڈیکا، سارساپریلا اور لائیکوپوڈیم" نے ان کے ہاتھوں گردے کے درد کو دور کرنے اور یوریتھرا کے ذریعے پتھری کے اخراج میں بہت حیران کن اثرات کا اظہار کیا ہے۔

۷۔ ڈاکٹر جوسٹ کا کہنا ہے کہ جب درد شدید ہو اس سے غرض نہیں کہ مرض کیا ہے جس کی وجہ سے یہ درد ہو رہے ہیں۔ "بیلاڈونا اور کیمومیلا" یکے بعد دیگرے دینے سے یہ "مارفین" کی مانند اثر کرتی ہیں۔

۸۔ جب پیشاب میں اوگزالک ایسڈ موجود ہو تو "نائیٹرک ایسڈ" پر غور کرنا چاہیئے۔

۹۔ گردوں سے پتھری کے مثانے میں اخراج کے لئے خواہ پتھری گردوں کے کسی بھی حصے میں ہو اور جب شدید درد ہو جو کہ نیچے پیشاب کی نالی تک جائے اور اس کی مخصوص علامت متلی پائی جائے تو ڈاکٹر جیکب "اپومیا" کا استعمال کرتے ہیں۔

۱۰۔ جب پیشاب میں کافی مقدار میں خون پایا جائے تو یہ دوا مفید ہے "اوسی مم کین"۔

۱۱۔ ڈاکٹر ہیمپل نے درد گردہ کے بہت سے ایسے کیس ریکارڈ کئے ہیں۔ جن کو کوکس کیکٹائی سے شفا ہوئی ہے۔ درد، مثانے تک بڑھے اور اس کے ساتھ تھوڑی مقدار میں سیاہ پیشاب کا اخراج ہو۔

۱۲۔ درد گردہ کے دورے کے دوران، اعلیٰ دواؤں میں سے ایک ہے۔ ڈاکٹر فرنگٹن کا کہنا ہے کہ یہ مقامی سوزش کو درست کرتی ہے اور مریض کو زیادہ تکلیف دیئے بغیر پتھری پر قابو پالیتی ہے۔ "کینتھرس"۔

۱۳۔ پتھری بننے کا رحجان، نسیجوں میں یورک ایسڈ کا جمع ہو جانا، گنٹھیا دی مزاج مریض۔ "آرٹیکا یورنس مدر ٹنکچر" کے پانچ سے آٹھ قطرے پانی میں ملا کر دیں۔

۱۴۔ جب تمام دوسری دوائیں ناکام ہو جائیں تو اس دوا کے چند قطرے پانی میں

ملا کر دیں۔ "پریرا بریوا" مدر ٹنکچر۔

۱۵۔ ا۔ بھینچنے کے سے درد جو مریض کو دوہرا ہونے پہ مجبور کر دیں۔ درد ریاح اور غیر منہضم غذا کی وجہ سے ہوں۔ اس کے ساتھ اسہال بھی ہو سکتے ہیں۔ یہ دوا تشنجی درد والے حیض کے لئے بھی مفید ہے۔ کالوسنتھ۔

ب۔ ا۔ پیشاب کا دب جانا یا رُک جانا، پیشاب کر چکنے کے بعد بھی حاجت کا باقی رہنا۔ "سگما مائی ڈس" مدر ٹنکچر بیس قطرے فی خوراک اور "میگنیشیا فاس" ۲x گرم پانی میں ملا کر یکے بعد دیگرے دیں۔

۲۔ گردے اور مثانے کی سوزش، پیشاب کی بار بار حاجت، پیشاب میں بہت زیادہ فاسفیٹ کا پایا جانا۔ اینٹ کی ریت کے مانند تلچھٹ۔ شدید درد کے لئے، "تھلاسپی برساپاسٹورس" مدر ٹنکچر دس سے پندرہ قطرے گرم پانی میں ملا کر دیں۔

۳۔ پیشاب میں سرخ تلچھٹ جو کہ بہت زیادہ بدبودار ہو۔ "سیپیا"

۴۔ درد گنٹھیا کے ساتھ، پیشاب گہرے رنگ کا اور بہت زیادہ بدبودار ہو یا رنگ کا جس کی رنگت تبدیل ہو جائے، تیزابی بہت زیادہ یورک ایسڈ کا اخراج ہو "بنزوئیکم ایسڈم"

۵۔ گردے کا درد، پیشاب کی نالی کے ساتھ بائیں طرف شدید درد ہو اور متواتر متلی۔ "ٹبیکم"

۶۔ پتے کی پتھری کا درد، پیشاب بدبودار جس کے ساتھ سفید ریگ خارج ہو، گردے کی پتھری جبکہ پتھری کا بننا یورک ایسڈ کی وجہ سے ہو۔ قبض۔ "کلکیریا کارب" ۳۰ "میوپرکولینم ...۱" طاقت میں انٹر کرنٹ دوا کے طور پہ دیں۔

۷۔ پیشاب چونے کی مانند دکھائی دے۔ گردے میں کنکریوں اور پتھری کو جمع ہونے سے روکتی ہے اس کو کافی عرصہ استعمال کرنا چاہیئے۔ "کلکیریا رینالس"

۸۔ پندرہ قطرے ایتھر ٹنکچر کے آدھے گلاس گرم پانی میں ڈالیں اور ہر دس یا پندرہ منٹ کے وقفے سے شدید حملے کے دوران ایک خوراک دیں۔

۹۔ نچلے دھڑ میں کھچاؤ اور دباؤ۔ آنتوں میں ریاح کا جمع ہو جانا۔ جو کہ بہت مشکل سے خارج ہو اور اس کے بعد افاقہ ہو جائے۔ تلی میں ٹانکے لگنے کے سے درد۔ درد رات کو شروع ہو یا رات کے وقت اس میں اضافہ ہو جائے۔ "اگنیشیا" ہر گھنٹے بعد۔

۱۰۔ پیٹ میں درد جس کے ساتھ متلی ہو اور بہت زیادہ تھوک آئے۔ شدید اور بھینچنے والے درد خصوصاً ناف کے گرد جن کے ساتھ پیٹ سخت ہو، کمزوری اور نڈھالی سردی لگنا اور لرزہ، بعض اوقات اسہال۔ "مرکیورس سالوبلیس" ہر آدھے گھنٹے کے بعد دیں۔

۱۱۔ ڈاکٹر بھنجا کے مطابق "مائیڑیٹڈ بوریٹ آف میگنیشیا" کو گردے کے درد اور پتھریوں کے اخراج کے لئے بہت کامیابی کے ساتھ استعمال کیا گیا ہے۔ درد کے دوران یہ دوا نشتر کی نوک پر پہنچے ہوئے مریض کو سکون پہنچا دیتی ہے اور آپریشن سے بچا دیتی ہے۔ اس کا استعمال ایک گھنٹے کے وقفہ سے یا مریض کی نوعیت کے مطابق کرنا چاہیئے۔ یہ کہا گیا ہے کہ یہ دوا درد کو بہت جلد آرام پہنچاتی ہے اور پتھری کا اخراج بغیر کسی درد کے ہو جاتا ہے۔ گردے کے درد سے محفوظ رہنے کے لئے اور پتھری یا ریت ملے پیشاب کے لئے جبکہ کمر اور کولھوں میں درد ہو تو پانچ قطرے مدر ٹنکچر "بربیرس ولگرس" کے دیں۔

تنفس، سانس تکلیف دہ اور رخساروں کی سوجن

RESPIRATION BREATHING OPPRESSED AND PUFFING OF CHEEKS

"آرسینکم البم" سانس کے اعضاء کی تکالیف کے لئے بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ آرسینکم البم پھیپھڑوں کی بہت سی تکالیف کے لئے بھی مفید ہے جبکہ سانس بہت زیادہ تکلیف کے ساتھ آئے۔ سانس کے ساتھ سیٹی بجنے کی آواز آئے۔ جس کے ساتھ کھانسی اور گاڑھا بلغم خارج ہو۔ مریض لیٹ نہ سکے اس کو سانس لینے کے لئے اٹھ کر بیٹھنا پڑے۔ سانس کی نالیاں سکڑی ہوئی محسوس ہوں۔ رات کے بارہ بجے کے

بعد تکلیف میں اضافہ ہو۔ "آرسینکم البم"۔

ب۔ سانس لیتے وقت اونچی آواز آئے اور رخسار پھول گئے ہوں۔ "چائنا" دو گھنٹے کے وقفہ سے۔

بے چینی، حالت بدلنے سے آفاقہ ہو
RESTLESSNESS CHANGING POSITION GIVING RELIEF

متواتر حالت بدلتا ہے ایک حالت میں نہ رہ سکے اور حالت بدلنے سے تھوڑی دیر کے لئے آفاقہ ہو۔ زیادہ دیر تک ایک پہلو میں نہ لیٹ سکے۔ مریض متواتر حالت بدلتا رہتا ہے۔ پہلو بدلتا ہے، اٹھ کر بیٹھتا ہے، لیٹ جاتا ہے اور اُٹھ کر تھوڑا سا ٹہلتا ہے لیکن وہ ایک حالت میں کافی دیر تک لیٹ نہیں سکتا۔ "رسٹاکس" بے چینی کے لئے مشہور دوا ہے۔ لہٰذا "رسٹاکس" کا مریض سکون میں نہیں ہوتا۔ جتنا وہ سکون سے لیٹنا چاہتا ہے اتنی ہی اس کی بے چینی بڑھتی جاتی ہے۔ یہ "برائی اونیا" کے بالکل برعکس ہے جس میں مریض سکون سے لیٹنا چاہتا ہے۔ رسٹاکس کی بے چینی میں زیادہ تر ذہنی فیکٹر نہیں ہوتا۔ اس کی بے چینی میں حالت بدلنے سے عارضی طور پر آفاقہ ہو جاتا ہے۔ "رسٹاکس"۔

موازنہ کریں "آرسینکم البم اور اکونائٹ" سے جو کہ بے چینی کی ادویہ ہیں۔ لہٰذا بے چینی کی ادویہ کا اہم تگڑم آرسینکم البم، اکونائٹ اور رسٹاکس" ہے۔

بے چینی آدھی رات کے وقت زیادہ تر ذہنی
RESTLESSNESS AT MIDNIGHT MORE MENTAL

نڈھالی اور جسمانی طاقت کی کمزوری کے ساتھ، ذہنی پریشانی حبس کے ساتھ پیاس پائی جائے۔ گرم چیزیں لگانے سے ذہنی پریشانی میں اضافہ ہوتا ہے۔ "آرسینکم البم" کی علامات عموماً آدھی رات کے بعد بارہ اور دو بجے کے درمیان یا دن کو ایک اور تین بجے کے درمیان پیدا ہوتی ہیں۔ مفید دوا ہے۔ "آرسینکم البم"۔

موازنہ کریں بے چینی کی دوسری ادویہ "اکونائٹ اور رسٹاکس" سے۔ جن میں زیادہ ترجسمانی بے چینی پائی جاتی ہے۔

بے چینی، جسم کو حرکت میں رکھے چلبلے پن کے ساتھ

RESTLESSNESS MOVING HIS BODY WITH FIDGETINESS

گو کہ فاسفورس میں "آرسینکم البم" کی مانند خوف اور بے چینی نہیں پائی جاتی، تاہم اس میں تمام جسم پر مخصوص چلبلاہٹ پائی جاتی ہے۔ مریض ایک لمحہ بھر کے لئے بھی خاموش اور ایک حالت میں بیٹھ یا کھڑا نہیں ہو سکتا۔ بچہ ضرور حرکت میں رہتا ہے یا کچھ نہ کچھ کرتا رہتا ہے۔ "فاسفورس" میں پریشانی بہت کم ہوتی ہے جبکہ مریض ہر وقت جسم کے کسی نہ کسی حصے کو حرکت میں رکھتا ہے۔ "فاسفورس"۔

بے چینی، بستر میں پہلو بدلے اور کپڑا اتار پھینکے

RESTLESSNESS TOSSING IN BED THROWING COVERING

بے چینی جس کے ساتھ خوف ہو اور کسی حد تک پیاس پائی جائے۔ بستر میں پہلو بدلتا رہے۔ اوپر سے کپڑا اتار پھینکے، خوفزدہ دکھائی دے جس کے ساتھ بے چینی ہو۔ "اکونائٹ"۔

موازنہ کریں "آرسینکم البم اور رسٹاکس" سے۔ نیز بے چینی کی دوسری ادویہ سے۔

دبے ہوئے ابھار خسرہ کے

RETARDED ERUPTION OF MEASLES

ڈاکٹر جہار کے مطابق "ورمیٹرم البم" اور ڈاکٹر ہیرنگ کے مطابق "کیمفر" خسرہ کے دبے ہوئے ابھاروں کو باہر نکالنے کے لئے بہت مفید ادویہ ہیں۔

دبے ہوئے ابھار چیچک کے

RETARDED ERUPTION OF SMALL POX

اگر "ویریولینم" کے استعمال کے باوجود بھی ابھار یا چھالے باہر نہ نکلیں تو "سلفر" استعمال کرائیں اگر

پھر بھی نتیجہ تسلی بخش نہ ہو تو "برائی اونیا" کی خوراکیں بار بار دوہرائیں۔ "برائی اونیا" کے بعد "سلفر" کی ایک خوراک ابھاروں کو باہر نکالنے میں مددگار ثابت ہو گی۔

اُبکائیاں (قے کے لئے بے سود کوشش)
RETCHING (UNSUCCESSFUL) ATTEMPT AT VAMITING

۱۔ خشک اُبکائیاں بغیر قے کے، اسہال، پیاس شاذ ہی ہوتی ہے۔ "پوڈوفائیلم"۔

۲۔ دودھ کی قے ہو تو، "ایتھیوزا سائی نیپیم"۔

۳۔ چھوٹے بچوں میں اچانک دودھ کی قے۔ "مرک سال"۔

۴۔ کھٹی یا صفراوی قے۔ "آئرس ورسی کولر"۔

۵۔ شدید ابکائیاں یا متواتر قے اور متلی۔ "سمفوری کارپس ریسی موسا"۔

پیشاب کا رُک جانا ڈراپسی میں
RETENTION OF URINE IN DROPSY

پیشاب کا کم مقدار میں آنا جس کے ساتھ ڈراپسی کی ابتدائی علامات میں سے بہت سی تکالیف پائی جائیں۔ پیشاب درد کے ساتھ آئے۔ پیشاب کرنے کی متواتر حاجت کا پایا جانا۔ گردے کام نہیں کرتے جس کی وجہ سے پیشاب شاذ ہی آتا ہے۔ بعض اوقات مثانہ جزوی طور پر بھرا ہوا ہوتا ہے لیکن مریض پیشاب خارج نہیں کر سکتا۔ "اپوسائی نم کین"۔

پیشاب کا رُک جانا بہت تکلیف دہ وضع حمل کے بعد اور نومولود کا چہرے کے پھول جانے کے ساتھ
RETENTION OF URINE AFTER STRENUOUS LABOUR AND OF INFANTS WITH BLOATED FACE

۱۔ مثانے کی فالجی کمزوری عورت کے تکلیف دہ وضع حمل سے گزرنے کے بعد جس کی وجہ سے پیشاب بند ہو جائے۔ اس حالت کو "کاسٹی کم" کے جادو نما اثر سے شفایاب کیا جا سکتا ہے۔

۲۔ نومولود بچوں میں پیشاب کے رُک جانے کو "اکونائٹ" سے شفایاب کیا جا سکتا ہے اگر یہ ناکام ہوجائے تو پھر "پلساٹیلا"۔

۳۔ بچہ بہت زیادہ اُونگھے اور بہت زیادہ نیند آئے، چہرہ پھولا ہوا، پیشاب رُکا ہوا۔ "ادپیم"۔

آنکھ کے پردہ رٹینا کا علیحدہ ہوجانا، جریان خون اور اس کا دوبارہ انجذاب اور رٹینا کی اپوپلکسی

RETINA DETACHMENT HAEMORRHAGE AND ITS REABSORPTION AND APOPLEXY OF RETINA

۱۔ چوٹ کی وجہ سے رٹینا کا علیحدہ ہوجانا۔ "آرنیکا مونٹانا"۔

۲۔ رٹینا متورم اور اس کا غیر شفاف ہونا، رٹینا کا علیحدہ ہوجانا۔ "آرم میٹ"۔

۳۔ رٹینا میں جریان خون، رٹینا کا ورم، رٹینا کی خون کی نالیاں بڑی ہوجائیں، آنکھ کے اوپر کے ڈھیلے کے اوپر کے حصے میں درد۔ "ڈبوسینم"۔

۴۔ آنکھوں میں ڈنگ لگنے کے سے درد جن کے ساتھ پپوٹے متورم ہوں۔ رٹینا کا علیحدہ ہوجانا۔ "ایپس ملی فیکا"۔

۵۔ رٹینا کی اپوپلکسی خصوصاً جبکہ سر میں اجتماع خون اور سردرد کی وجہ سے ہو آنکھوں اور رٹینا میں شدید درد۔ "بیلاڈونا"۔

۶۔ آنکھوں میں جریان خون کے لئے جس کے نتیجہ میں اندھا پن ہوجائے۔ "جیلسی میم" عمدہ دوا ہے۔ اس کو دو سو طاقت میں دو مرتبہ روزانہ صبح اور شام دینا چاہیئے۔ اگر "جیلسی میم" ناکام ہوجائے تو پھر "فاسفورس" دیں۔

۷۔ نکلے ہوئے خون کے دوبارہ انجذاب کے لئے "لیکیسس"۔

رٹینا کے اعصاب کی بہت زیادہ زود حسی

RETINA HYPERAESTHES'A (EXAGGRATED SENSIBILITY OF NERVEFILAMENTS)

درد لپشت سر تک بڑھے آنسوؤں کا اخراج اور بصارت میں کمزوری، کمزور شدہ پلکوں

کے پٹھوں (سیلیری مسلز) کی طاقت کو بحال کرنے کے لئے مفید ہے۔ "ریلیم ٹم"

ریٹینا سے جریان خون RETENA HAEMORRHAGE

"ہیمامیلس ورجینیکا" آنکھوں کے اندرونی جریان خون کو جذب کر دیتی ہے۔

بائی کے درد جن کے ساتھ سختی اور دکھن ہو RHEUMATIC PAIN WITH STIFFNESS AND SORENESS

جوڑوں میں بائی کے درد جن کے ساتھ چوتڑوں گھٹنوں اور کلائیوں میں سختی اور دکھن پائی جائے۔ جوڑ سخت محسوس ہوں جیسا کہ ان کو تیل کی ضرورت ہے۔ آنکھوں کے اوپر سر میں درد، پیشاب سے بنفشہ کی سی بُو آئے۔ "سلول"

(ڈاکٹر بورک)

بائی کے درد جسم کے مختلف حصوں میں اور اس کا طریقہ علاج RHEUMATISM IN DIFFRENT PARTS OF BODY AND ITS LINE OF TREATMENT

۱۔ پاؤں کے تلووں اور ایڑیوں میں درد ہو تو "مار ٹار ٹیکم ایسڈ" خالص ایسڈ دس سے تیس گرین تک پانی میں حل کر کے۔

۲۔ کلائیوں اور ٹخنوں میں درد جس کے ساتھ بخار ہو۔ یہ یورمیس کی مقدار کو کم کرتی ہے۔ "ٹریمیتھلی"

۳۔ "گلتھیریا آئل" دس سے بیس قطرے درد پہ قابو پانے میں کبھی ناکام نہیں ہوتی۔

۴۔ "کالچی کم" گنٹھیا اور بائی کے دردوں کے لئے جبکہ پیشاب میں البیومن ہوں اور کم مقدار میں آئے۔ اعلیٰ دوا ہے۔

۵۔ انگلیوں کے جوڑوں کے بائی کے درد جن کے ساتھ ریاح پائی جائے۔ "لائیکوپوڈیم"

۶۔ جب درد کا حملہ کمر پہ پشتِ گردن اور پشت سر پہ ہو۔ جن کے ساتھ بے چینی اور آنکھوں میں درد پایا جائے۔ "اکٹیا ریسی موسا" ایک گھنٹے کے وقفہ سے۔

۷۔ جب ہاتھوں اور پاؤں کے جوڑوں میں مریض کے چلنے پر درد اور سوجن پائی جائے
"اکٹیا سپائی کیٹا"۔
۸۔ انگلیوں کے جوڑوں میں بائی کے درد جن کے ساتھ دل کی پیچیدگیاں پائی جائیں، تو
"لیتھیم کارب"۔
۹۔ کلائیوں میں بائی کا درد۔ "وائی اولا اوڈورا ٹا اور روٹا"۔
۱۰۔ دائیں کندھے میں بائی کا درد۔ "میگنیشیا کارب"۔
۱۱۔ گھٹنے متورم، پاؤں میں شدید درد جس میں رات کے وقت اضافہ ہو۔ عموماً یہ تکلیف
سفلی مزاج لوگوں میں ہوتی ہے۔ "کالی ہائیڈرائیکم"۔

ب: ڈاکٹر فادر مُلر کی ڈسپنسری میں اس کا طریقہ علاج درج ذیل ہے۔

۱۔ بخار کے لئے "اکونائٹ" دیں۔
۲۔ جب عضلات زیادہ متاثر ہوں، جب درد متواتر ہوں اور ہمیشہ ایک جگہ پر رہیں
حرکت سے ان میں اضافہ۔ نیز چھونے سے یا کھانسنے سے بھی بڑھیں تو "برائی اونیا" دیں۔
۳۔ متواتر دردوں کے لئے جو مرطوب اور ٹھنڈے موسم میں بڑھ جائیں۔ جن میں آرام
کرنے سے اضافہ اور حرکت کرنے سے آفاقہ ہو۔ "رسٹاکس"۔
۴۔ جب جوڑ اور ہڈیاں متاثر ہوں۔ درد میں سردی اور گرمی سے اضافہ ہو۔ رات کے
وقت اضافہ جس کے ساتھ بہت زیادہ چکنا پسینہ آئے۔ "مرکیورس وائی وس"۔
۵۔ جب گھٹنے، ٹخنے اور چھوٹے جوڑ متاثر ہوں۔ جب درد جگہ بدلیں اور ان میں رات
کے وقت، گرم کمرے میں اور آرام کرنے سے اضافہ ہو اور حرکت سے اور کھلی ہوا میں افاقہ
ہو۔ "پلساٹیلا"۔
۶۔ کم شدید حالتیں جو بھیگ جانے سے پیدا ہوں۔ "ڈلکامارا"۔
۷۔ جب درد کمر کے گرداگرد، کمر میں، پشت گردن میں، سر میں ہو۔ "سمی سی فیوگا"۔
۸۔ تمام حالتوں میں "سلفر" انٹر کرنٹ ریمیڈی کے طور پر دینی چاہیئے۔
ج: ۱۔ گردن میں بائی کا درد، گردن کا سخت ہو جانا یا اکڑ جانا۔ سر پیچھے کی جانب

بگھ جائے۔ "لیکنتھس"۔

۲۔ شدید کھینچنے والا درد جو ہر منٹ جگہ بدلے اور چھوٹے جوڑوں میں سختی، پاؤں کی انگلیوں، ہاتھوں کی انگلیوں اور ٹخنوں وغیرہ میں سختی، کلائیوں میں درد، ہاتھوں کو بند کرنے سے درد، عورتوں میں بائی کے درد، رحم کی کمزوری سے اسقاط حمل کی عادت پائی جائے تو "پوڈوفائیلم"۔

۳۔ بائیں کندھے میں اور بائیں کندھے کے مسل (ڈیلٹائیڈ) میں بائی کا درد، گولی لگنے کا سا، ڈنگ لگنے کا سا سوجن کے ساتھ جس میں اس حصے کو متواتر حرکت دینے سے یا آہستہ حرکت دینے سے آفاقہ ہو۔ "فیرم میٹ"۔

۴۔ سفلسی یا آتشکی مزاج لوگوں کا بائی کا درد، بائیں طرف متاثر، سرد مزاج مریض عضلات میں اور جوڑوں میں چیرنے کا احساس، آرام سے اس میں اضافہ اور خشک موسم میں آفاقہ، مرطوب اور گھٹن والے ماحول میں اضافہ، لنگڑا پن "تھوجا" .... اطاقت ہیں۔

۵۔ ہجرت کرنے والے بائی کے درد جو اطراف بدلیں یعنی پہلے وہ ایک ٹخنے پر حملہ آور ہوں، پھر دوسرے پر اور پھر اپنی اصل جگہ پہ آجائیں۔ یعنی پہلے ٹخنے میں، یہ گھٹنوں کولہوں اور کندھوں میں اسی طرح حملہ آور ہو سکتے ہیں۔ اس کی مخصوص علامت جگہ بدلنے والے درد ہوتے ہیں جو یکے بعد دیگرے ہوتے ہیں۔ "لیک کنائینم"۔

بائی کے درد پاؤں میں
RHEUMATISM IN THE FEET

بائی کے درد پاؤں میں شروع ہوتے ہیں اور اوپر کی جانب چلتے ہیں۔ یہ کالمیا کے برعکس ہے۔ جس کے درد اوپر سے نیچے کو چلتے ہیں۔ اس تکلیف کی حاد اور مزمن دونوں حالتوں میں واضح دوا "لیڈم" ہے، حاد حالت میں جوڑ متورم اور گرم ہوتے ہیں۔ "لیڈم"۔

بائی کے درد نچلے اعضاء ٹانگوں وغیرہ میں جس کے ساتھ تنفس میں دقت
RHEUMATISM IN LOWER EXTREMITIES WITH BREATHLESSNESS

ٹانگوں اور پاؤں وغیرہ میں ، سانس لینے میں دشواری۔ گردن اور چھاتی کے گرد کپڑا برداشت نہ ہو اس کو ہٹانا پڑے ۔ سانس لینے کے لئے ہانپے ۔ "لیکیس"۔ اور اس کے بعد "ابرانیم" دیں۔

بائی کے درد جوڑوں میں جن میں مرطوب موسم میں اضافہ ہو

RHEUMATISM IN JOINTS AGGRAVATED IN DAMP WEATHER

دردوں میں مرطوب موسم میں اضافہ ہو جو کہ مریض کو بستر سے باہر نکل کر گھومنے پھرنے پر مجبور کر دیں ۔ جوڑوں میں پاگل کر دینے والے درد جو مریض کو ہذیان میں مبتلا کر دیں "وریٹرم البم"۔

بائی کے درد جن کے ساتھ دانت خراب ہوں

RHEUMATISM WITH BAD TEETH

خراب اور غیر صحت مند دانت خصوصاً پائیوریا ۔ "پائیورین نوسوڈ" اونچی طاقت میں۔

بائی کے درد ، خراب موسم حملے کو تیز کر دے

RHEUMATISM BAD WEATHER EXCITES ATTACKS

از کلکیریا کارب ، ڈلکا مارا ، رسٹاکس اور لائیکوپوڈیم ، ہیپر سلف ۔

۲۔ جب موسم کی تبدیلی بائی کے درد کے دوبارہ لوٹ آنے کا سبب بنے۔ "کلکیریا کارب ، سلیشیا ، سلفر ، ڈلکا مارا ، رسٹاکس اور لیکیس"۔

بائی کے درد اسہال کے دب جانے یا قبض کی وجہ سے ہوں۔

RHEUMATISM DUE TO CHECKED DIARRHOEA OR CONSTIPATION

اسہال کے دب جانے یا قبض کی وجہ سے ، اسہال سے آفاقہ ہو۔ "ابرانیم"۔ موازنہ کریں "نیٹرم سلف اور زنکم میٹ" سے۔

بائی کے درد ذیابیطس کے ساتھ
RHEUMATISM WITH DIABETES

۱۔ لیکٹک ایسڈ:
۲۔ فاسیل گنٹھیا وی درد
کے لئے بہت اہم دوا ہے۔ جبکہ
اس کے ساتھ ذیابیطس ہو۔

گنٹھیا وی بہرہ پن RHEUMATISM DEAFNESS

"سلفر" اعلیٰ دوا
ہے۔ بعض اوقات
ڈلکامارا، برائی اونیا اور کاسٹی کم بھی مفید ہوتی ہیں۔

بائی کے درد، جوڑ بدشکل اور متورم
RHEUMATISM DEFORMED AND SWOLLEN JOINTS

بائی کے درد کے بعد جوڑ
بدشکل اور سوجے ہوئے ہوں، مفید
ہے۔ "آیوڈیم"
موازنہ کریں "پچوڑ نیم" سے
جو کہ ایک نوسوڈ ہے جس کو عموماً جوڑوں کو بدشکل کر دینے والے گنٹھیا میں استعمال
کیا جاتا ہے۔

بائی کا درد، کسی بھی قسم کا بغیر مجموعہ علامات لینے کے
RHEUMATISM OF ANY TYPE WITHOUT TAKING THE TOTALITY OF SYMPTOMS

"کالچی کم" جس میں مزمن گنٹھیا وی حالتوں کو
درست کرنے کی خصوصیت پائی جاتی ہے۔

بائی کے درد، ڈراپسی میں جن کے ساتھ تمام جوڑوں میں ورم ہو
RHEUMATISM IN DROPSY WITH INFLAMATION OF ALL JOINTS

ڈراپسی میں ورم، ٹخنوں میں، پاؤں کی انگلیوں کے جوڑوں میں اور
ہاتھوں کی انگلیوں کے جوڑوں میں ورم، تمام جسم کے جوڑوں میں ورم، جوڑوں میں دبانے

سے گہرا نشان پڑ جائے جس کے ساتھ ڈراپسی ہو، پیشاب کم، پسینہ کا نہ آنا، ہر وقت مریض بخار کی حالت میں رہے۔ سرد مزاج، جسم کو اچھی طرح لپیٹنا چاہیے۔ جبکہ ایپس میں جسم کے حصوں کو ننگا رکھنا چاہتا ہے۔ مریض کو سردی لگتی ہے جس کے ساتھ بخار ہوتا ہے یا بخار کے بغیر بھی سردی لگتی ہے۔ "اپوسائی نم"

بائی کے درد نچلے حصے کے اعضاء، ٹانگوں اور پاؤں وغیرہ میں اور اوپر کے حصے کے اعضاء، بازوؤں اور ہاتھوں وغیرہ میں بھی

RHEUMATISM IN LOWER LIMBS AND ALSO IN UPPER LIMBS

"لیڈم پال" نچلے حصے کے اعضاء کے لئے مفید ہے جبکہ "کالمیا" اوپر کے حصے کے اعضاء کے بائی کے دردوں کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ اس میں اچانک خطرناک درد پائے جاتے ہیں۔

بائی کے درد، مریض اعصابی مزاج

RHEUMATISM NERVOUS PATIENT

"ایسا فوٹیڈا" ایک ایسی دوا ہے جس میں مکمل گنٹھیا اور بائی کے دردوں کی علامات پائی جاتی ہیں۔ اور عصبی مزاج لوگوں کی عام گنٹھیا دی تکالیف۔ جب ایسا عصبی مزاج مریض گنٹھیا دی تکالیف میں مبتلا ہو جائے تو اس کی اعصابیت غائب ہو جاتی ہے۔ "ایسا فوٹیڈا"۔

بائی کے درد، عضلات اور جوڑوں میں دکھن اور درد

RHEUMATISM SORENESS AND ACHING OF MUSCLES AND JOINTS

گنٹھیا عضلات اور جوڑوں میں دکھن اور درد جو مریض کو پہلو بدلنے پر مجبور کر دیں۔

بستر بہت سخت محسوس ہو۔

"آرنیکا، سلفر" کے بعد دینی چاہیئے۔

بائی کے درد، درد گردن اور بازوؤں ٹانگوں تک پھیلیں

RHEUMATISM PAINS SPREADING AT NECK AND EXTRIMITIES

درد کافی سطح جسم پر پھیلے ۔ گردن ، کولہوں ، بازوؤں اور ٹانگوں تک ، حرکت سے آفاقہ ہو ، جوڑوں کی پر درد سوجن اور گرمی ۔ البز نزو کے ساتھ درد ۔ "رسٹاکس"

بائی کے درد ، تمام جوڑوں میں سوجن اور درد

RHEUMATISM PAIN AND SWELLING IN ALL JOINTS

تمام جوڑوں اور عضلات میں درد ہو ، گھٹنے سخت اور پر درد پاؤں کی گرم سوجن ، جوڑ متورم اور ان میں ٹانکے لگنے کے سے درد ہوں ، دبانے سے ہر نشان پر درد اور ذراسی حرکت سے اضافہ ، جوڑ سُرخ ، متورم اور سخت جن میں درد ہو اور ذراسی حرکت بھی اس میں اضافہ کا سبب بنے ۔ "برائی اونیا"

بائی کے درد ، چلنے پھرنے والے درد جسم کے مختلف حصوں میں جن کے ساتھ سوجن ہو ۔

RHEUMATISM PAINS WANDERING WITH SWELLING OF DIFFERENT PARTS OF BODY

تمام جسم میں چلنے پھرنے والے درد جو ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ میں یا ایک جگہ سے دوسری جگہ چلے جائیں ۔ جن کے ساتھ جوڑوں میں سوجن اور سُرخی پائی جائے ۔ ایسی تبدیل ہونے والی حالت اس کے مزاج میں بھی پائی جاتی ہے ۔ مثلاً ضدی ، جلد مان جانے والا اور رونے والا ، چڑچڑا ، نرم اور خوش مزاج ، حوصلہ افزائی کرنے سے اس کو تسکین ہو جاتی ہے ۔ پاؤں متورم ، ٹانگیں اور پاؤں بوجھل اور تھکے ہوئے ، کولہے کے جوڑ پر درد اور گھٹنے متورم ، جانگھوں میں شدید درد ، بے خوابی اور سردی لگنا ، پیاس کا نہ ہونا ، کھلی ہوا میں ٹہلنے سے آفاقہ ۔ "پلساٹیلا"

موازنہ کریں "آرم میٹ اور کالی بائیکرومیکم" سے اگر معدے کی تکلیف بھی ساتھ ہو ۔

بائی کے درد معدے کی تکالیف کے ساتھ
RHEUMATISM WITH GASTRIC TROUBLES

مزمن گنٹھیا حبس کے ساتھ معدے اور پیشاب کی تکالیف پائی جائیں بموازنہ "کریو منکس وامیکا، انٹی مونیم کروڈم اور نیٹرم میور" سے۔

بائی کے درد کمر اور گردن میں اور سر پیچھے کو کھچ جائے
RHEUMATISM PAINS IN BACK AND NECK AND HEAD DROWN BACK

کمر اور گردن کے پٹھوں میں شدید درد جو نیچے کمر تک جائے۔ کمر کے پٹھوں کے سکڑ جانے سے سر پیچھے کو کھچ جائے۔ گنٹھیا کے ہٹ جانے کے بعد ذہنی حالت خراب ہو جائے۔ "اکٹیا ریسی موسا۔"

بائی کے درد جن کے ساتھ بازو اور ٹانگیں ٹھنڈی ہو جائیں
RHEUMATISM PAINS WITH COLD EXTREMITIES

"بیلا ڈونا۔"

بائی کے درد کے ساتھ پُر درد حیض
RHEUMATIC DYSMENORRHOEA

گنٹھیا دی اور ہسٹریائی مزاج عورتوں میں، حیض کے اخراج میں بے قاعدگی۔ یہ زیادہ بھی ہو سکتا ہے، کم مقدار میں یا دبا ہوا بھی۔ حیض کے اخراج کے پورے دورانیہ میں شدید درد ہوتا ہے۔ جتنا اخراج زیادہ ہوتا ہے اتنا ہی درد کی شدت میں اضافہ ہوتا ہے۔ عموماً حیض کے آغاز پہ درد میں بہت زیادہ شدت پائی جاتی ہے اور بعض اوقات حیض کے اخراجِ اختتام کے بعد۔

"ہر عورت اپنے لئے خود بخود ایک قانون ہے۔"

"اکٹیا ریسی موسا۔"

بائی کا بخار جس کے ساتھ مختلف شکایات پائی جائیں
RHEUMATIC FEVER WITH VARIOUS COMPLAINTS

۱۔ تیز بخار، پیاس اور رخساروں کی سُرخی، گولی لگنے کے سے شدید درد، خصوصاً رات کے وقت، مزاج میں بہت زیادہ چڑچڑاپن۔ "اکونائٹ" کی ایک خوراک رات کو ہر دو گھنٹہ کے وقفہ سے۔ یہ علاج کے دوران ایک ثالث کے طور پر بہت مفید ثابت ہوگی۔

۲۔ بازوؤں اور ٹانگوں وغیرہ میں فالجی کمزوری، دکھن اور سختی، سردی لگنا، تمام جسم میں درد، چہرے پر پھول جانے کی سی سوجن، منہ کا ذائقہ کڑوا۔ "جیلسی میم"۔

۳۔ شدید درد خصوصاً کمر اور کندھوں میں، سر درد، متلی، بعض اوقات قے چہرہ پر خون، سردی، چکنا پسینہ۔ "وریٹرم وراڈئیڈ" کی ایک خوراک ہر دو گھنٹے کے بعد دینی چاہیئے۔

۴۔ چیرنے کے سے درد جن کے ساتھ مفلوج حصوں میں سن ہونا پایا جائے، بخار کا پایا جانا، پہلو بدلتے رہنا، پسینہ سر کی حد تک رہے، رات کے وقت تکلیف میں اضافہ۔ بستر میں اُٹھ کر بیٹھنے سے عارضی سکون ہو۔ "کیمومیلا" کی ایک خوراک ہر تین گھنٹے بعد۔ ڈاکٹر لیوری۔

"برائی اونیا، مرک سال، سمی سی فیوگا، پلساٹیلا، نکس وامیکا، رسٹاکس، اور کلکیریا" کو بائی کے درد کے بعد بخار کے لئے علامات کے مطابق دینے کی مزید سفارش کرتے ہیں۔

بائی کے درد، دل کی تکلیف
RHEUMATIC HEART

مزمن بائی کے درد ٹخنوں اور گھٹنوں میں، دل میں سرسراہٹ، صرف تکیے کے سہارے پر بیٹھ سکے۔ نبض چھوٹی

دل میں درد۔ "ابراٹینم"۔

دل کا گنٹھیاوی درد، بیماری کے دب جانے کی وجہ سے
RHEUMATIC HEART DUE TO SUPPRATION OF DISEASE

دل کی کمزوری، پاؤں کی جھلی کا ورم یا اس کی کیواڑیوں کا ورم یا دل کا بڑھ جانا دل کی حالت، گنٹھیاوی حالت کا نتیجہ ہو جس کو دبا دینے والے طریقے سے دور کیا گیا ہو۔ "آرم میٹ"۔

بائی کے درد موروثی
RHEUMATISM HEREDITARY

ایسی حالتوں میں جبکہ دردوں میں رات کے وقت اور ننگا ہونے سے اضافہ ہو گرم تکمید سے اضافہ ہو تو یہ دوا مفید ہے۔ "سلیشیا"۔

بائی کے درد انفلوئنزا میں
RHEUMATIC PAIN IN INFLUENZA

۱۔ تمام جسم میں درد جیسا کہ ہڈیوں میں۔ "یوپے ٹوریم پرف"۔

۲۔ جوڑوں میں شدید درد ہو تو "مرک سال" مفید ہے۔

۳۔ ڈاکٹر ڈیوی اس دوا کو انفلوئنزا کے بعد ٹانک کے طور پہ دینے کی سفارش کرتے ہیں۔ "فاسفورس"۔

بائی کے درد گھٹنوں میں
RHEUMATIC PAIN IN KNEE

ڈاکٹر بلیکی کے مطابق یہ گنٹھیا کی اعلیٰ دوا ہے۔ خصوصاً واحد جوڑ، جیسا کہ گھٹنے کا جوڑ۔ "پلساٹیلا"۔

آنکھ کے ڈھیلے کا گنٹھیاوی ورم
RHEUMATIC OPHTHALMIA

ڈاکٹر ڈی۔ سی داس گپتا "اکونائٹ، برائی اونیا، یوفریزیا، مرک سال، پلساٹیلا، رسٹاکس،

سپائی جیلیا، سلفر اور ورٹیرم البم" کی علامات کے مطابق دینے کی سفارش کرتے ہیں۔

گنٹھیا دی پلورسی RHEUMATIC PLEURISY

زیادہ تر حالتوں میں "آرنیکا مونٹینا" مفید ثابت ہوتی ہے۔ جب یہ کچھ نہ کر سکے تو "برائی اونیا اور رسٹاکس" دیں۔ ڈاکٹر جہار "رنکس وامیکا" لائیکو اور سمی سی فیوگا" کی سفارش کرتے ہیں۔ علامات کے مطابق "آرسینکم البم، سینیگا اور بیبی لینم" بھی دی جا سکتی ہیں۔

بائی کے درد رانوں میں RHEUMATIC PAIN IN THIGH

"فیرم میگنیٹیکم"

بائی کے درد، دردوں میں بہت زیادہ ذکی الحسی اور چڑچڑاپن

RHEUMATIC PAINS OVERSENSITIVENESS TO PAIN PEEVISHNE-SS

درد سے بہت زیادہ ذکی الحسی، مریض کا چڑچڑا اور ضدی ہونا ضروری ہے۔ جو "کیمومیلا" کی مخصوص ذہنی حالت ہے۔ شدید درد عموماً رات کو ہوتے ہیں اور مریض کو باہر نکل کر ٹہلنے پر مجبور کر دیتے ہیں۔ درد کے ساتھ سُن ہو جانا۔ "کیمومیلا"

موازنہ کریں۔ "فیرم میٹ، رسٹاکس اور ورٹیرم البم" سے لیکن درد سے بہت زیادہ ذکی الحسی اور ضدی مزاج "کیمومیلا" کے لئے فیصلہ کن ثابت ہو گی۔

بائی کے درد کے ساتھ فالج RHEUMATIC PARALYSIS

"رسٹاکس" ہر قسم کے فالج میں تجویز کی جاتی ہے جو کہ نوعیت کے لحاظ سے گنٹھیا دی ہو یا بھیگ جانے سے ہوا ہو یا مرطوب جگہ پر لیٹنے سے ہوا ہو یا ایسے فالج کے لئے جو عصبی بخاروں یا شدید بخار کی وجہ سے ہو۔

"رسٹاکس"

بائی کی تکلیف جن کے ساتھ سن ہو جانا اور رینگن کا احساس پایا جائے

RHEUMATIC TROUBLES WITH NUMBNESS AND CRAWLING FEELINGS

سختی اور درد جن کے ساتھ سردی لگتی ہو، سن ہو جانا اور رینگن چونڑ، کمر اور ٹانگیں وغیرہ سو جائیں۔ خصوصاً بچوں کی گنٹھیادی تکالیف جو سرد مرطوب موسم اور موسم سرما کی بارشوں کے بعد شروع ہوں۔ "کلکیریا فاس"۔

بائی کا دانت درد

RHEUMATIC TOOTHACE

پہلی دوائیں جن کے متعلق علامات کے مطابق غور کرنا چاہیئے "مرک سال اور پلساٹیلا" ہیں اور ان کے بعد "برائی اونیا" اور اس کے بعد "کیمومیلا"۔ دوسری دوائیں جو ممکن ہو سکتی ہیں وہ "نکس وامیکا، رسٹاکس اور سپائی جیلیا" ہیں۔

بائی کی علامات ریڑھ میں چوٹ کی وجہ سے

RHEUMATIC SYMPTOMS IN SPINE DUE TO INJURY

ریڑھ میں جو گر جانے کی وجہ سے چوٹ لگ جانے یا ورمی تبدیلیوں کی وجہ سے ہو اس دوا کی طالب ہوتی ہیں "رسٹاکس" اور آخر میں "کلکیریا کارب"۔

گھٹنے کے جوڑ کا مزمن ورم

RHEUMATIOD ARTHRITIS CHRONIC OF KNEE

گھٹنے کی ہڈی کے جوڑ کا ورم سوجن، سختی اور گنٹھیادی جوڑوں کا ورم۔ بہت کم وقت میں اس دوا کے استعمال سے دور کیا جا سکتا ہے۔ "بربیرس ولگیرس" ۳x طاقت میں۔

(ڈاکٹر جوگال کشور)

بائی کا درد اور ورم ہاتھوں کی انگلیوں میں

RHEUMATIOD ARTHRITIS (ARTHRITIC PAIN IN FINGERS

کلائیوں میں درد، لکھتے وقت ہاتھوں کی کمزوری اور کانپنا۔ "انٹی مونیم کروڈم"

(ڈاکٹر انشوز)

ناک کی بلغمی جھلیوں کا ورم

RHINITIS

ناک متورم حبس کے ساتھ ٹانسلز اور گردن کے غدود متاثرہ ہوں۔ اخراج پیپ دار اور خون آمیز بھی اور کسی قسم کا ہلکا سا جھونکا بار بار حملے کا سبب بنے۔ "لیمنا مائینر" (ڈاکٹر بلیک وڈ)

سوکھیا مسان معہ ہڈیوں کے ٹیڑھے پن اور نشو ونما میں کمی کے

RICKETS INCLUDING CURVATURE AND MALFORMATION OF BONES

۱۔ سوکھیا مسان والے بچے، پتلے اور کمزور جن کے سر پہ اور پاؤں پہ پسینہ آتا ہو۔ "سلیشیا"

۲۔ ٹیڑھا پن خصوصاً ریڑھ کا یا لمبی ہڈیوں کا، بازو اور ٹانگیں ٹیڑھی اور ان کی نشوونما نا مکمل۔ "کلکیریا کارب"

۳۔ ہڈیوں کی نشوونما میں کمی حبس کے ساتھ وزن گھٹتا جائے۔ "کلکیریا کارب"

۴۔ سوکھیا مسان کے لئے ڈاکٹر ڈیوی اور ڈاکٹر جوسٹ اس دوا کو اولیت دیتے ہیں۔ "فاسفورک ایسڈ"

۵۔ "ٹیوبر کولینم" انٹر کرنٹ ریمیڈی کے طور پہ ہر چودہ دن بعد دینی چاہیئے۔

۶۔ جب سوکڑے کی طرف رجحان پایا جائے۔ بازو اور ٹانگیں اکڑ جائیں، اور حرکت پہ درد ہو۔ "فیرم فاس"

۷۔ سوکھیا میں مبتلا بچوں کے سر پہ پسینہ آنے کو روکنے کے لئے "سورائینم" دیں جبکہ "سلیشیا" ایسا کرنے میں ناکام ہو چکی ہو۔

سواری کرنا چلنے کے ناقابل ہونے کا سبب بنے

RIDING CAUSING INABILITY TO WALK

سواری کرنے سے رگڑ اور زخم، ٹانگوں اور چوتڑوں میں دکھن اور نچلے اعضاء کا مکمل سُن ہونے کا رجحان۔ "سائیمیکس"۔

دائیں طرف کی شکایات
RIGHT SIDE COMPLAINTS

"اناکارڈیم" جسم کی دائیں طرف پر اثر انداز ہونے کی خاص صلاحیت رکھتی ہے اور اسی طرح "امونیم کارب" بھی ہے۔

دائیں طرف کا ہرنیا
RIGHT SIDED HERNIA

دائیں طرف کے ہرنیا کے لئے "لائیکو" اور بائیں طرف کے ہرنیا کے لئے "لیکیس"۔ اگر ناف کے گرد درد ہو تو "بیلاڈونا"۔

داد میں خارش اور مونچھوں پر داد
RINGWORM ITCHING AND ON MOUSTACHES

ا۔ ۱۔ خارش جس میں کھرچنے سے آفاقہ نہ ہو۔ "سیپیا"۔

۲۔ "بیسی لینم" اعلیٰ دوا ہے اور اس کو دو سو طاقت میں نوجوانوں کو ہفتہ میں ایک مرتبہ دینا چاہیئے۔

۳۔ ڈاکٹر فادر مُلر "سیپیا" ۳۰ اور "سلفر" ۳۰ یکے بعد دیگرے دیتے ہیں۔

۴۔ خارجی طور پہ تمام حالتوں میں "فائیٹولا کا" مرہم لگانی چاہیئے۔

ب : مونچھوں پہ اور دوسرے حصوں پہ داد۔

۱۔ "انٹی مونیم کروڈم، گریفائیٹس، لائیکو، مرک آیوڈائیڈ اور سلفر" علامات کے مطابق۔

۲۔ شدید خارش ہو، چھالوں سے رطوبت نکلے اور بدبو دار ہوں۔ "سٹافی سیگیریا" اور اس کے بعد "رسٹاکس" دینی چاہیئے۔

۳۔ چہرے اور جسم کے مختلف حصوں پہ خشک داد، جس میں خارش کرنے سے

آفاقہ نہ ہو۔ ہر موسم بہار میں داد کی مانند چھالے جسم کے مختلف حصوں پر نکلیں ۔ "سیپیا"۔

۴۔ ہاتھوں اور پاؤں کی خارش ، جسم کے کسی حصے پر درد ۔ "ٹیلوریم" ایسی تکلیف کے لئے اعلیٰ دوا ہے ۔ "ٹیلوریم" چہرے کی داد کو شفایاب کرنے کے لئے بھی مفید ہے ڈاکٹر برنٹ کی داد کے لئے مخصوص دوا "بیسی لینم" کی اونچی طاقت ہے ۔

داد بالوں میں اور دوسری جگہوں میں
RINGWORM IN THE HAIR AND IN OTHER PLACES

چھالے نما ابھار ، سُرخ داغ چہرے پر ابھار اعضائے تناسلی اور ہاتھوں پر ابھار ۔ "ڈرکا مارا"

داد چہرے اور چھاتی پر
RINGWORM ON FACE AND CHEST

بچے کے چہرے اور چھاتی پر داد ، بچہ نیند کے دوران چبانے کی سی حرکات جاری رکھتا ہے اور اپنا سر رگڑتا ہے ۔ "ہیلی بورس"۔ موٹے تازے لوگوں کے لئے "کلکیریا کارب" پر غور کرنا چاہیئے ۔

داد کے لئے خصوصاً چہرے کی اور نوجوانوں کے جسم کی ۔ "ٹیلوریم"۔

داد بچوں کی کھوپڑی پر جو چہرے گردن اور آنکھوں تک پھیل جائے
RINGWORM ON THE SCALP OF CHILDREN EXTENDING TO FACE NECK AND EYES

ا۔ "رسٹاکس" سے شروع کریں اور اس کے بعد "سلفر" دیں ۔

۲۔ جب اس میں سے رطوبت نکلتی ہو جو بدبودار ہو اور شدید خارش ہوتی ہو تو "سٹافی سیگریا" اور اس کے بعد دوبارہ "رسٹاکس" دیں ۔

۳۔ جب مرض پیشانی چہرے اور گردن تک پھیل جائے یا جب آنکھیں یا آنکھوں کے پپوٹے سُرخ ہو جائیں اور ان میں ورم ہو ۔ "ہیپر سلف"۔

پکا زکام — RIPE COLD

۱۔ بلغم متواتر گاڑھا ہوتا جائے، بجائے پانی کے مانند اخراج کے ناک بند ہو جائے اور پھر بہنا شروع کر دے۔ یکے بعد دیگرے ایسا ہوتا رہے۔ "پلسا ٹیلا" باقی رہ جانے والی علامات کے لئے "برائی اونیا" مفید ہے۔

۲۔ جب زکام پک جائے اور زکام زردی مائل سبز ہو تو یہ دوا دینی چاہیئے "مرک سال"۔

ادھر ادھر گھومنے سے آفاقہ ہو — ROLLING RELIEF FROM IT

کبھی ایک طرف کبھی دوسری طرف پہلو بدلے، گھومے جس سے تکلیف میں آفاقہ ہو۔ شدید بے چینی۔ متواتر حرکت میں رہے "ٹیرن ٹولا ہسپانیہ" "ڈاکٹر کینٹ"۔

آنکھیں ملنا — RUBBING EYES

جب مریض بار بار آنکھیں ملے اور آنکھوں کے سامنے سیاہ نشان یا دھبے دکھائی دیں تو پھر "کاسٹی کم" دیں۔

کمر کی تکونیہ ہڈی میں درد جو کولہوں تک پھیلے — SACRUM PAIN EXTENDING TO HIPS

چلتے وقت کمر کی تکونیہ ہڈی کے ذریعے کولہوں تک پھیلے خصوصاً بواسیر کے مریضوں میں۔ "ایسکولس ہپ"۔

غمگینی — SADNESS

۱۔ غمگینی میں گانے کے دوران اضافہ ہو تو "گریفائیٹس"۔

۲۔ غمگینی میں دکھ کے بعد اضافہ ہو۔ "اگنیشیا"۔

۳۔ غمگینی کی وجہ سے کمزوری۔ "ایسڈ فاس"۔

تھوک کچا پن، سر درد پیدا کرے اور متواتر تھوکتا رہے — SALIVA PRODUCING RAWNESS HEADACHE AND CONSTANT SPITING

ا۔ ۱۔ جب تھوک کا اخراج ہونٹوں پر لگے تو ان میں کچا پن، درد اور جلن ہو، ہونٹوں سے خون بہنا شروع ہو جائے۔ "آرم ٹرائی فیلم"۔

۲۔ جب تھوک کی زیادتی کے ساتھ سر درد بھی ہو۔ "آئرس درسی کولر"۔

۳۔ نیند کے دوران تھوک نکلتا ہو۔ "برائٹا کارب"۔

۴۔ کھانے کے بعد بہت زیادہ تھوک کا اخراج ہو۔ "ایلیم سٹائیوا"۔

۵۔ حمل کے دوران۔ "کریوزوٹ"۔

ب : متواتر تھوکتا رہے۔ منہ میں بہت زیادہ تھوک کا جمع ہو جانا۔ ذائقہ کھٹا۔ "امونیم کارب"۔

۲۔ تھوک خون آمیز، مسوڑھے سفنج کی مانند، تھوک کا بہت زیادہ اخراج جس کی گندی بُو ہو۔ "نائیٹرک ایسڈ"۔

۳۔ زبان سفید، نچلے ہونٹ کی سوجن، تھوک نمکین، پہلی نیند کے دوران پیشاب کا خود بخود نکل جانا، پیشاب اور سانس بدبودار۔ "سیپیا"۔

۴۔ منہ اور زبان جلے ہوئے، تھوک کا بہت زیادہ اخراج، تار کی مانند یا ڈوری کی مانند قطرے باتیں کرتے وقت منہ سے گریں۔ "آئرس درسی کولر"۔

ج : متواتر تھوکنا چاہے۔ تھوک لیسدار جس کا تعلق سر درد کے ساتھ ہو۔ "اپی فیگس" جو کہ سر درد کو بھی شفایاب کر دے گی۔

تھوک منہ سے لٹکتا ہو SALIVA FROM MOUTH HANGING

ڈوری کی مانند تھوک بہت زیادہ مقدار میں خارج ہو۔ چکنا بلغم ڈوری کی مانند منہ سے برتن تک لٹکتا ہو۔ "آئرس درسی کولر"۔

نمک کی خواہش SALT CRAVING

نمک کی غیر معمولی خواہش۔ مریض جس چیز کو کھائے اس میں نمک ڈالے۔ "نیٹرم میور" موازنہ کریں "کاسٹی کم" سے۔

نمک کے اثرات بد کا توڑ کرنے والی
SALT COUNTERACTING ITS BAD EFFECTS

نمک کی خواہش کرے "فاسفورس" عموماً نمک کی خواہش کے اثراتِ بد کو ختم کر دیتی ہے۔ "فاسفورس" ۔ موازنہ کریں "نیٹرم میور" سے۔

داغ یا نشان زخمی اور اس میں درد
SCAR INJURED WITH PAIN

اگر کوئی پرانا داغ یا نشان چوٹ لگ جانے یا کسی سخت چیز سے رگڑ لگ جانے کی وجہ سے جلنے لگے یا اس میں ڈنک لگتے ہوں اور درد ہو جو کہ عصب کے ساتھ جائے تو اس کے لئے "ہائپیریکم" استعمال کریں۔

داغ سفلسی
SCAR SYPHILITIC

پرانا داغ سفلسی لوگوں کا جو ارغوانی رنگت اختیار کر جائے اور اس میں پیپ پڑنے کا اندیشہ ہو، درد ہونے لگے یا سیاہ ہو جائے۔ "ایسا فوٹیڈا"۔

خارش جسم کے مختلف حصوں پر
SCABIES ON DIFFERENT PARTS OF BODY

ا۔ ۱۔ "مرکیوریس سال" اور اس کے چند دن بعد "سلفر" یکے بعد دیگرے دیں۔

۲۔ اگر چھالے بڑے ہوں اور زرد ہو جائیں۔ "لیکیس"۔

۲۔ اگر چھالے چھوٹے اور خشک ہوں۔ "کاربو ویج یا ہیپر سلف" ایک مرتبہ رات کو اور صبح۔

۴۔ خارش۔ ناک کے نتھنوں کا پھٹ جانا اور زخمی ہونا۔ "انتھراکوکائی"۔

۵۔ خارش۔ جس میں کھرچنے سے رات کے وقت اضافہ ہو۔ "ڈولی کس"۔

۶۔ کھوپڑی پہ شدید خارش۔ "اولینڈر"۔

ب : ۱۔ اگر خارش تمام جسم پہ پھیل جائے اور اس کے ساتھ پاگلوں کی طرح کھرچنا پایا جائے۔ جسم کا بالوں والا حصہ زیادہ خارش کرے۔ دکھنے والے سرخ دھبے بن

جائیں۔ ٹھنڈے پانی میں نہانے سے آفاقہ ہو۔ "فریگو پائیرم"۔

۲۔ خارش بغیر چھالوں کے ہو۔ ڈاکٹر ڈیوی نے اس علامت کی تصدیق کی ہے۔ "ڈولی کس" بعض اوقات ذیابیطس کی خارش پہ قابو پالیتی ہے اور خصوصاً بڑھاپے کی خارش کے لئے مفید ہے جس میں رات کو اضافہ ہو۔ دونوں کندھوں کے درمیان زیادہ ہو تو۔ "ڈولی کس"۔

۳۔ خارش تمام جسم پہ، رات کو جب بستر میں گرم ہو تو اس میں اضافہ، کہنیوں کے جوڑوں میں اندر کی طرف خارش جبکہ کچھ چھالوں میں پیپ پڑ جائے۔ "مرکیورس سال"۔

ڈاکٹر ہیرنگ پہلے "مرک سال" اور اس کے بعد چند دن "سلفر" ادل بدل کر دینے کی سفارش کرتے ہیں۔ بعض اوقات "رسٹاکس" کو بار بار دھرانا مفید ہے اور اس کے بعد "سلفر" دینی چاہیئے۔ اور پھر دوبارہ "رسٹاکس" اور "سلفر" ۲۰۰ ہفتے میں ایک مرتبہ دینی چاہیئے۔

۴۔ پروفیسر ڈاکٹر بھاجا نے خارش کی بہت مشتعل شدہ حالتوں کو شفایاب کیا ہے ہر جگہ خارش ہو، انگلیوں، کلائیوں اور رانوں میں سوجن، ورم اور بدترین قسم کے جلندار درد وہ تین خوراکیں "انتھراسینم" ۳۰ آدھے گھنٹے کے وقفہ سے دیتے ہیں۔ اس کے بعد ایک دن ناغہ کر کے "کرڈٹن" ۳۰ دیتے ہیں اور اس کے بعد "انتھراسینم" ۲۰۰ طاقت میں تجویز کرتے ہیں اور اس طرح بہت ہی قلیل عرصے میں مکمل شفا ہو جاتی ہے۔

۵۔ جلد گندی، جسم گندا دکھائی دے اور اس سے گندی بُو آئے۔ بستر کی گرمی سے خارش کی شدت میں اضافہ ہو جائے۔ گرمی کے موسم میں گرم کپڑے پہننا چاہے۔ سردی سے بہت زیادہ حساس، بگڑی ہوئی حالت جس کے ساتھ دق کی علامات ہوں۔ "سورائینم"۔

گرم مائعات سے جل جانا اور آنتوں میں زخم

SCALDS INJURY BY HOT LIQUIDS AND ULCERATION OF BOWELS

"کینتھرس" جل جانے کی تمام حالتوں کے لئے عمدہ دوا ہے۔ یہ چھالے بننے سے بچاتی ہے۔ زخمی

کو اس دوا کے مدر ٹنکچر کے چند قطروں میں تر کرنا چاہیئے۔

۳۔ اگر جلا ہوا حصہ کافی گہرائی تک ہو، جلد ضائع ہو گئی ہو۔" کالی بائیکرومیکم"۔

۳۔ جل جانے کے بعد پیپ بن رہی ہو۔" ہیپر سلف"۔

۴۔ اندرونی طور پر "کینتھرس اور کیپسی کم" بہت عمدہ دوائیں ہیں جو کہ جلن کو سکون پہنچاتی ہیں۔ ڈاکٹر ہیرنگ کا کہنا ہے "کینتھرس" مدر ٹنکچر پانچ سے آٹھ قطرے آدھے گلاس پانی میں ڈال کر خارجی طور پر استعمال کرنا بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

۵۔ جل جانے سے جب آنتوں میں زخم ہوں اور مریض عصبی مزاج ہو تو مفید ہے۔ "سٹرامونیم"۔

۶۔ صدمے کے لئے جبکہ پھیپھڑوں میں ورم ہو۔ آنتوں میں زخم اور تنفس میں تیزی اور دقت ہو۔ ڈاکٹر لیوری "فاسفورس اور اکونائٹ" کو یکے بعد دیگرے دینے کی سفارش کرتے ہیں۔

سُرخ بخار SCARLET FEVER

محفوظ رہنے کے لئے "بیلاڈونا ۳۰ یوکیلپٹس"۔

لنگڑی کا درد (عرق النساء) مزمن SCIATICA CHRONIC

مزمن لنگڑی کا درد، جوڑوں کا ورم، گنٹھیا، بائی کے درد اور حرام مغز کی بیماریاں "میڈورینم"۔

لنگڑی کا درد (عرق النساء) بائیں اور دائیں طرف کا SCIATICA LEFT AND RIGHT SIDED

۱۔ بائیں طرف کا لنگڑی کا درد، حرکت سے اضافہ ہو، بائیں ران میں شدید درد جس میں حرکت سے افاقہ ہوتا ہو۔" کالی بائیکرومیکم"۔

۲۔ دائیں طرف کا لنگڑی کا درد، تیز گولی لگنے کا سا درد جو گھٹنوں تک پھیلے اور حرکت سے اضافہ ہو۔" کالی کم"۔

۳۔ برچھیاں لگنے کے سے چیرنے والے درد جن میں حرکت سے اضافہ ہو تو مفید ہے۔ "فائیٹولاکا"

۴۔ بجلی کی چمک کی مانند درد جن کے ساتھ اعضاء میں پھڑکن پائی جائے۔ حالت بدلنا چاہیے۔ درد گولی کی مانند نیچے پاؤں میں جائیں۔ "نکس وامیکا"

۵۔ سرکش قسم کی تکلیف دونوں طرف کی مزمن یا حاد۔ "کاربوویج"

۶۔ شدید اعصابی درد، تمام دھڑ متاثر ہو، حرکت سے اضافہ۔ کرسی پر بیٹھنے سے آفاقہ۔ "نیفائیلم" (ڈاکٹر ڈیوی)

۷۔ کمر اور رانوں میں درد، تمام جوڑوں میں درد، ٹانگیں اور بازو بھاری محسوس ہوں۔ "کوٹائی لیڈن ٹنکٹورا"

۸۔ ٹانگوں اور بازوؤں میں شدید جھٹکے اور مریض ضدی قسم کے مرض میں مبتلا ہو مزمن حالتیں جن کے ساتھ متاثرہ حصوں میں کمزوری اور سختی ہو۔ "لائیکو پوڈیم"

۹۔ سیکرم میں درد جو کہ دائیں ران سے نیچے شیاٹک نرو میں جائے۔ پاخانہ پر زور لگانے سے اضافہ۔ کھانسنے، ہنسنے اور متاثرہ طرف لیٹنے سے بھی اضافہ ہو۔ "ٹیلوریم"

۱۰۔ ٹانگ میں لنگڑی کے اعصابی درد کے لئے خارجی طور پہ "ہائیپریکم مدر ٹنکچر" استعمال کرنا چاہیئے۔

۱۱۔ جب مریض تمام جسم میں سر سے پاؤں تک دکھن محسوس کرے۔ عضلات دکھیں اور سخت ہو جائیں۔ بغیر کراہنے کے بمشکل حرکت کر سکے۔ "فائیٹولاکا" ایسے لنگڑی کے درد میں قابل تعریف کامیابیاں حاصل کر چکی ہے۔

۱۲۔ لنگڑی کا درد جس کے ساتھ گردن اور کندھوں میں سختی پیدا ہو جائے اور بائیں بازو میں درد ہو تو "آیوڈیم" دیں۔ جو کہ ڈاکٹر بینرجی کی سفارش کے مطابق ایسی حالت کو شفایاب کر دے گی۔

"آیوڈیم"

لنگڑی کا درد (عرق النساء)

SCIATICA PAIN

مندرجہ ذیل چار بائیوکیمک دواؤں کو یکجا کرکے دینے سے لنگڑی کے درد کو شفایاب کرنے میں بہت زیادہ کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ مریض سیدھا کھڑا نہیں ہو سکتا اور چلتے وقت جھکا ہوا ہوتا ہے۔

۱۔ کلکیریا فلور ×۶
۲۔ کلکیریا فاس ×۶
۳۔ فیرم فاس ×۶
۴۔ کالی میور ×۶

مندرجہ بالا تمام ادویہ ایک گلاس شیر گرم پانی میں ڈال کر ان کو حل کر کے مرکب بنالیں پھر اس پانی کو چار خوراکوں میں تقسیم کر کے ہر تین گھنٹے بعد ایک خوراک دیں روزانہ چار خوراکیں اس وقت تک جاری رکھیں جب تک کہ آرام نہ آجائے۔

لنگڑی کا درد (عرق النساء) اوڈیما کے ساتھ

SCIATICA OEDEMA

لنگڑی کا درد، ٹانگوں اور بازوؤں کے اوڈیما کے ساتھ جس کے بعد وریدوں میں ورم ہو جائے "اپو سائی نم کین"۔

لنگڑی کا درد (عرق النساء) بائیں طرف کا جس کے ساتھ پنڈلی یا پاؤں میں اینٹھن درد اور سُن ہو جانا پایا جائے

SCIATICA

LEFT SIDED WITH PAINS AND CRAMPS AND NUMBNESS IN COLF OR FEET

ا۔ سرد مرطوب موسم میں رات کے وقت اضافہ۔ بائیں طرف کا "رسٹاکس"۔
ب: بعض مصنفین لنگڑی کے درد کے لئے اس دوا کو مخصوص بتاتے ہیں۔ دردوں کے ساتھ اینٹھن اور سُن ہو جانا یکے بعد دیگرے ہوتے ہیں۔ یہ پنڈلیوں اور پاؤں کے

درد کے لئے بھی مفید ہے۔ "نیفاٹیلم"۔

لنگڑی کے درد (عرق النساء) اور کمر درد میں دباؤ سے اور ٹانگیں سیکڑنے سے آفاقہ ہو

SCIATICA AND LUMBAGO RELIEVED BY PRESSURE AND BY PULLING THE LEGS UP

۱۔ سخت دباؤ سے اور گرم مالش سے یا ٹانگیں اکٹھی کرنے سے آفاقہ ہو۔ درد کی نوعیت اینٹھن والی ہو۔ اگر درد میں گرم مالش سے آفاقہ ہو تو "میگنیشیا فاس" جلد ٹھیک کر دے گی۔ لیکن اگر سخت دباؤ سے آفاقہ ہو تو۔" کالوسنتھ"۔

۲۔ "ایسڈ سلف" ایسی حالتوں میں لنگڑی کے درد اور کمر درد کے لئے مفید ہے جبکہ تمام منتخب شدہ دوائیں ناکام ہو جائیں۔

۳۔ ڈاکٹر ڈیوی کے مطابق شدید اور پرانی حالتوں میں اس دوا نے شفایابی سے ہمکنار کرکے کافی نام کمایا ہے۔ "دسکم البم"۔

۴۔ یہ درد اور متواتر تکلیف۔ "برائی اونیا" تین مرتبہ روزانہ جس کے ساتھ رات کو اور صبح "مرک سال" دیں۔

اگر رات کو اضافہ ہو تو "سمی سی فیوگا" تین مرتبہ روزانہ۔

اگر بے خوابی ہو تو رات کو سوتے وقت دو گھنٹے کے وقفہ سے "جیلسی میم"۔

سختی کو ختم کرنے کے لئے "نکس وامیکا" تین مرتبہ روزانہ۔

لنگڑی کا درد (عرق النساء) دائیں طرف کا، حرکت کرتے وقت درد

SCIATICA RIGHT SIDED PAINS WHILE MOVING

۱۔ دائیں طرف کا۔ "لائیکوپوڈیم"۔

۲۔ حرکت کرتے وقت یا بیٹھتے وقت ٹانگوں میں درد کے لئے۔ "ڈائسکوریا"۔

۳۔ "کالی فاسفوریکم اور میگنیشیا فاسفوریکم ٹشو ریمیڈیز" ہر قسم کے لنگڑی کے

درد کے لئے مفید ہیں۔

بچھو کا ڈنگ SCORPION BITE

"لیڈم" مفید دوا ہے۔

جلد کا کھرچنا SCRATCHING OF SKIN

کپڑے اُتارنے کے بعد کھرچنا۔

"نیٹرم سلف" ×۱۲ تین گولیاں تین مرتبہ روزانہ۔

چیخ مارنا بچوں کا نیز پیشاب کرتے وقت بھی SCREAMING OF CHILDREN ALSO WHILE URINATING

۱۔ قابل رحم کراہنا اور چلانا۔ "کیمومیلا" دو گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ پیشاب کرنے سے قبل چلائے۔ "بوریکس" دو گھنٹے کے وقفہ سے دیں۔

۳۔ رات کو چیخنا۔ "کالی برومیٹم" آٹھ گھنٹے کے وقفہ سے۔

۴۔ نیند کے دوران چلائے۔ بڑبڑائے اور جاگنے کے بعد بھی خوف جاری رہے "کلکیریا کارب ۲۰" آٹھ گھنٹے کے وقفہ سے۔

۵۔ قابل رحم چلانا، متواتر چلائے اور کراہے، بہت کم نیند آئے۔ "انٹی مونیم ٹارٹ" دو گھنٹے کے وقفے سے۔

۶۔ روئے، کراہے اور چیخ مارے۔ "سائیکوٹا وائی روسا"

سمندری سفر میں، نیز گاڑی میں سواری سے قے اور متلی SEA SICKNESS AND ALSO WHEN RIDING IN CARRIAGE

۱۔ "ٹبیکم" اونچی طاقت میں دینی چاہیے۔

۲۔ "پٹرولیم" سمندری قے اور متلی کے لئے نیز گاڑی میں سواری کے دوران قے اور متلی کے لئے بھی مخصوص دوا ہے۔

۳۔ جب گاڑی میں سواری کے دوران جھولنے کی وجہ سے قے اور متلی ہو تو، " کاکولس " دیں۔

مسکن دوا ذہنی سکوت کا سبب بنے
SEDATIVE CAUSING CALMNESS OF MIND

بہت چڑچڑا، تمام تاثرات سے حساس، حتیٰ کہ ہلکی سی تکلیف بھی ذہن پر اثر انداز ہو۔ پریشانی، اعصابی دہشت، بہت زیادہ ناامیدی، ہسٹیریا، ہلکی سی مشقت بھی بہت بڑا کام دکھائی دے۔ " مدر ٹنکچر نکس وامیکا " ایک قطرہ " کالی فاس " ۱۲x، ایک پیالی پانی میں ایک قطرہ " نکس وامیکا " مدر ٹنکچر اور چار گولیاں " کالی فاس " حل کریں اور اس میں سے چائے کا ایک چمچ تھوڑے تھوڑے وقفے سے استعمال کریں۔ حسب ضرورت تازہ میکسچر بنائیں۔

ب: مسکن نیند بڑھانے کے لئے دل کی تکالیف میں سکون کے لئے اور اسی طرح کی ہیجانی کیفیات کے لئے " ارینیا ڈیا ڈیما " (ڈاکٹر لیلین تھل)

مسکن مثانے، رحم یا گردے میں درد کے لئے
SEDATIVE FOR PAIN IN THE BLADDER URETERS OR KIDNEY

" ہائیڈرانجیا " پتھریوں کے اخراج اور " یورک ایسڈ " وغیرہ پر منحصر دردوں کے لئے مفید ہے۔

مسکن عام
SEDATIVE GENERAL

ڈاکٹر گوئے کے مطابق " بیلس پیرینس " سمی سی فیوگا اور ہائپریکم " تمام مدر ٹنکچر میں ہر دوا کے دو سے پانچ قطرے ایک خوراک کے حصے کے طور پر استعمال کرنے سے یقینی طور پہ ایسے مریض کو سکون ہو جاتا ہے۔ جس کو سر درد ہو، جب ایک مرتبہ جاگ جائے تو دوبارہ نیند نہ آتی ہو، بہت زیادہ پست حوصلہ ہو، جنون میں مبتلا ہو اور ہسٹیریا کا مزاج ہو اس کو دوبارہ دہرانے کی ضرورت نہیں ہوتی

بڑھاپے کی تنزلی SENILE DECAY DUE TO DEGENERATIVE CHANGES

بوڑھے آدمی کی بیماریاں جبکہ تنزلی تبدیلیاں شروع ہو جائیں مثلاً دل، دوران خون، پراسٹیٹ کا بڑھ جانا وغیرہ۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر فکرمندی اور پریشانی۔ "براٹا کارب"۔

موازنہ کریں "اریکٹینم" سے۔

احساس مخصوص جسم پر SENSATION PECULIAR OVER THE BODY

جسم پر مخصوص قسم کا احساس، سردی اور گرمی کا احساس، کانٹوں کا، سوئیوں کا اور دیگر مخصوص قسم کے احساسات، جماع کے بعد اضافہ۔ "اگاری کس"۔

ذکی الحسی، شور سے برہم ہو، چھوٹی سی بات پر ناراض ہو جائے۔ SENSITIVENESS DISTURBED BY NOISE OFFENDED ON TRIFLING

مریض بہت زیادہ حساس ہوتا ہے۔ بے ضرر مذاق یا لفظ کو بھی سنجیدگی سے لیتا ہے اور اس پر بھی بہت زیادہ برہم ہو جاتا ہے۔ چھوٹی چھوٹی چیزوں پر مشتعل اور ناراض ہونے کا رجحان پایا جاتا ہے۔ وہ عموماً کینہ پرور اور انتقام پر آنے والا مزاج رکھتا ہے۔ ہلکا سا شور بھی اس کو خوفزدہ کر دیتا ہے۔ "نکس وامیکا"۔

ذکی الحسی مخالفت سے اور ذکی الحسی سردی اور روشنی سے SENSITIVENESS TO OPPOSITION AND SENSITIVE TO COLD AND LIGHT

اعصابی نظام میں بہت زیادہ ذکی الحسی ذہن ہلکی سی مخالفت یا توہین سے بہت زیادہ حساس ہوتا ہے۔ مریض سردی سے

بہت زیادہ ذکی الحس ہوتا ہے۔ ٹھنڈی ہوا کا جھونکا یا درد والے حصے پہ ہلکا سا چھوا جانا درد کو بڑھا دیتا ہے۔ روشنی اور آواز سے انتہائی حساس ہوتا ہے۔ "چائنا"

ذکی الحسی ۔ اچانک جوش کے ساتھ اعصابی اسہال

SENSITIVENESS SUDDEN EMOTIONS WITH NERVOUS DIARRHOEA

اعصاب کی ذکی الحسی پائی جاتی ہے اور مریض ذہنی طور پر بہت جلد متاثر ہوتا ہے جیسا کہ اچانک جوش، تمام خوفزدہ کر دینے والی چیزیں یا کسی غیر معمولی کام کی توقع جو کہ اس کو کرنا ہو۔ کسی جلسے میں جانے اور لوگوں کے سامنے تقریر وغیرہ کے ڈر سے اعصابی اسہال شروع ہو جاتے ہیں۔ "جیلسی میم"

عفونتی بیماریاں اور ان کی احتیاطی دوائیں ۔ ڈفتھیریا اور ٹائیفائیڈ

SEPTIC INFECTIONS AND ITS PROPHYLACTIC DIPHTHERIA AND TYPHOID

۱۔ آرسینکم البم۔

۲۔ چوٹ یا زخم کی وجہ سے عفونت۔ "ایکی نیشیا"

۳۔ "رسٹاکس" سرجری کی حالتوں میں بہت عمدہ احتیاطی دوا ہے۔ اس کو اڑتالیس گھنٹے تک ۳۰ طاقت میں ہر تین گھنٹے کے وقفے سے دینا چاہیئے۔

۴۔ ڈفتھیریا، ٹائیفائیڈ اور گینگرین کی بیماریوں میں عفونتی شکایات کے لئے مفید ہے "بپٹیشیا"

سمیت خون، زچگی کے بعد عفونتی بخار کے لئے

SEPTICEMIA BLOOD POISONING FOR RELIEVING SEPTIC FEVER AFTER DELIVERY

"پائیروجینم" عفونتی بخار کے لئے عمدہ دوا ہے۔ یہ زچگی کے بعد کے بخار کے لئے مخصوص ہے۔

سمیت خون آپریشن کے بعد کی پیچیدگیوں کی وجہ سے

SEPTICEMIA DUE TO POST OPERATIVE COMPLAINTS

آپریشن کے بعد کی پیچیدگیاں۔ "رسٹاکس"۔

سمیت خون، پوسٹ مارٹم کرتے وقت لگنے والے زخم کی وجہ سے

SEPTICEMIA WOUND CAUSED WHILE CONDUCTING POSTMARTEM

پوسٹ مارٹم کے دوران لگنے والے زخم، مقامی اور عام علامات میں شدت۔ "لیکیس" ۱۲ طاقت میں تین مرتبہ روزانہ۔

سمیت خون کانٹا چبھنے یا دوسرے سوجن کا سبب بننے والے زخم کی وجہ سے

SEPTICEMIA CAUSED BY PRICKCUT OR OTHER INJURY CAUSING SWELLING

چھوٹی سی کٹی ہوئی جگہ یا زخم یا کانٹا چبھ جانے یا کسی عفونت زدہ تیز اوزار سے کھرچنے سے۔ ایسے زخم میں سوجن پیدا ہو جائے اور متورم ہو یا اس کی رنگت تبدیل ہو جائے۔ "پائیروجینم"۔

عفونتی حالت مختلف بیماریوں میں

SEPTIC STATES IN DIFFERENT DISEASES

زخموں میں گینگرین، ڈفتھیریا، مہلک پھوڑوں اور طاعون میں مفید ہے۔

"لیکیس"۔

ناک کے پردے میں زخم

SEPTUM ULCERATED

گول زخم، ناک کی جڑ میں بے سکونی، سامنے کے سوراخوں میں مزمن ورم۔ "کالی بائیکرومیکم"۔

خطرناک حالت ٹھنڈے پسینے کے ساتھ حالتِ نزع

SERIOUS CONDITION WITH COLD SWEATS COLLAPSE

"کاربوویج" واحد دوا ہے۔ جو کہ عموماً بہت شدید اور خطرناک حالتوں میں استعمال کی جاتی ہے۔ مکمل حالت نزع۔ ہاتھ پاؤں اور سطح جسم ٹھنڈی اور نیلی، سطح جسم پہ زردی تمام جسم پہ پسینہ۔ مریض بلا حرکت پڑا ہوا ہوتا ہے جیسا کہ مر رہا ہو۔ نبض دھاگے کی مانند اور تیز۔ اعضاء بازوؤں اور ٹانگوں پہ ٹھنڈا پسینہ "کاربوویج"

موازنہ کریں "وریٹرم البم" سے۔

ناگ یا دوسرے زہریلے کیڑوں کا کاٹنا

SERPENT OR OTHER VENOUS INSECTS BITES

ناگ کا کاٹنا یا دوسرے زہریلے کیڑوں کا سیڈرون مدر ٹنکچر خالص پھلی کا زخم کے اوپر ملنا چاہیئے۔

ب: گولونڈ رینا سانپ کے زہر کے اثر کا تریاق ہے۔ یہ جسم کو سانپ کے زہر کے اثر کا مقابلہ کرنے کے قابل بنا دیتی ہے۔

جنسی خواہش ناقابل برداشت جو جنون کی طرف لے جائے

SEXUAL DESIRE IRRESISTIBLE LEADING TO MANIA

"فاسفورس" دونوں جنسوں میں جنسی خواہش کو ابھارتی ہے۔ یہ عموماً ناقابل برداشت حد تک ہوتی ہے اور مریض میں جنون پیدا کر دیتی ہے جس میں وہ اپنے آپ کو ننگا کر دیتا ہے۔

اس کے برعکس بھی یہ اتنی ہی صلاحیت کی حامل ہے۔ مریض میں بہت زیادہ نامردی پائی جاتی ہے لیکن جنسی خواہش برقرار رہتی ہے جبکہ طاقت کا فقدان ہوتا ہے۔

"فاسفورس"۔

جنسی خواہش بہت مضبوط SEXUAL DESIRE TOO STRONG

ا۔جنسی خواہش بالکل ختم ہو جائے۔ خصیے سکڑ جائیں۔ "آیوڈیم"

۲۔ مادہ منویہ کا اچانک اخراج، مادہ منویہ جماع کے بعد پوری کوشش کے باوجود خارج نہ ہو۔ صبح کے وقت ایستادگی کا فقدان، ایستادگی کے ساتھ ہی مادہ منویہ خود بخود خارج ہو جائے۔ "کالی آیوڈائیڈ"۔

جنسی خواہش، مادہ منویہ کا ٹپکنا SEXUAL DRIBBLING OF SEMEN

جب عورت سے بوس و کنار کرے تو مادہ منویہ ٹپکنے لگے۔ "کونیم"

جنسی ہیجان غیر مؤثر جس کے ساتھ اعصابی لوگوں میں شہوت کا فقدان ہو SEXUAL EXCITEMENT INEFFECTIVE WITH ORGASM WANTING IN NERVOUS PERSONS

جماع سے قبل اور دوران بہت زیادہ جنسی ہیجان لیکن مادہ منویہ کے اخراج کے وقت شہوت کا فقدان۔ یہ غیر مؤثر اور بے لطف اخراج ہوتا ہے۔ یہ ایسے لوگوں میں ہوتا ہے جن میں ریڑھ کی کمزوری ہو۔ اعصابی لوگ جن کو ہر جگہ سرسراہٹ اور رینگن کا احساس ہوتا ہے۔ مادہ منویہ کے اخراج کے وقت پراسٹیٹ میں جلن ہوتی ہے۔ "اگاری کس"۔

جنسی جوش یا ہیجان۔ مادہ منویہ کا اخراج SEXUAL IRRITATION EMMISSION

"چائنا آفیشنیلس" مفید دوا ہے جبکہ ہلکے سے جوش یا ہیجان سے مادہ منویہ کا خود بخود اخراج ہو جائے اور مریض تھکاوٹ اور کمزوری محسوس کرے۔ "چائنا آف"۔

جنسی ضعفِ اعصاب ہر وقت جنسی موضوع پر توجہ مرکوز رکھے

SEXUAL NEURASTHENIA ALWAYS DWELLING ON SEXUAL SUBJECTS

خصوصاً خود کو غلط استعمال کے بعد متواتر جنسی موضوع پر توجہ مرکوز رہے۔ جریان منی، مادہ منویہ کا اخراج (احتلام) جس کے ساتھ کمر میں درد، کمزوری۔ "سٹافی سیگیریا"

جنسی کمزوری جس کے ساتھ صرف صبح کے وقت ایستادگی ہو

SEXUAL WEAKNESS WITH MORNING ERUCTIONS ONLY

مریض کثرت جماع اور غلط کاریوں میں مبتلا رہا ہو اور اب اعضاء تناسلی ڈھیلے اور ٹھنڈے پڑ گئے ہوں۔ مادہ منویہ کا اخراج پاخانہ کرتے وقت ہو۔ صبح کے وقت صرف ایستادگی ہو اس کے بعد یا قبل نہیں۔ بار بار آتشک یا سوزاک میں مبتلا ہونے کی ہسٹری پائی جائے۔ "اگنس کاسٹس" اس کے بعد چائنا اور لائیکو دیں تو یہ اس مظلوم کو ایک مختلف انسان بنا دیں گی۔

لرزہ ننگا رہنے کی وجہ سے، ہوا کا جھونکا بھی برداشت نہ ہو

SHIVERING DUE TO UNCOVERING NO LIKING FOR DRAUGHT

۱۔ سردی لگنا، بستر کی چادر کا تھوڑا سا ہٹ جانا لرزہ پیدا کر دیتا ہے۔ سرد ہوا اس مریض کی تکلیف میں اضافہ کرتی ہے۔ وہ ایک جھونکا بھی پسند نہیں کرتا اور اچھی طرح لپیٹا رہنا چاہتا ہے۔ جونہی کپڑا ہٹا وہ بہت زیادہ سردی محسوس کرتا ہے۔ "نکس وامیکا"

۲۔ متواتر لرزہ، سردی بازوؤں اور ٹانگوں میں شروع ہوتی ہے۔ "اکونائٹ" آدھے گھنٹے کے وقفہ سے۔

۳۔ جونہی سردی لگے اس کے فوراً بعد "کیمفر" آدھے گھنٹے کے وقفے سے۔

لرزہ جس کے ساتھ بازوؤں اور ٹانگوں کا نیلا پن پایا جائے اور حالتِ نزع زچگی کے دوران یا کسی بھی صورت میں

SHIVERING WITH BLUENESS OF EXTREMITIES AND IN LABOUR AND OTHERWISE

۱۔ ہسٹریا کی مانند لرزہ۔ زچگی کے ابتدائی درجہ میں مفید ہے "اکٹیا ریسی موسا"۔

۲۔ لرزہ جس کے ساتھ ہاتھ پاؤں نیلے پڑ جائیں اور نزع کی علامات کے لئے "کاربوویج" آدھے گھنٹے کے وقفے سے۔

۳۔ سردی، سرد مرطوب موسم یا ٹھنڈے مشروبات کے اثرات "بیلس"۔

۴۔ شام کے وقت کپکپی جس کے ساتھ پیاس نہ ہو۔ "فاسفورس" آدھے گھنٹے کے وقفے سے۔

صدمہ، چوٹ یا آپریشن کی وجہ سے

SHOCK DUE TO INJURY OR OPERATION

۱۔ چوٹ کے بعد مفید ہے۔ "آرنیکا"

۲۔ آپریشن کے بعد مفید ہے "سٹرونشیا کارب"۔ (کاربوویج صدمہ کے لئے معالجین کی دوا ہے)

صدمہ چوٹ میں

SHOCK IN INJURY

۱۔ "آرنیکا" پہلے گھنٹے میں رگڑ کی حالت میں اور چوٹ کے بعد کے صدمہ کے لئے اعلیٰ دوا ہے "آرنیکا"۔

۲۔ "آرنیکا" جسم کی دُکھن اور رگڑ یا خراش کی حالت میں اعلیٰ دوا ہے لہٰذا یہ چوٹ، رگڑ یا خراش اور چوٹ سے ہونے والے صدمہ کے لئے بہت اہم دوا ہے۔

صدمہ انسولین اور اسپیرین کا

SHOCH OF INSULINE AND ASPIRIN

"کاربوویج، انٹی مونیم ٹارٹ اور لائیکو" انسولین کے ٹیکہ کے صدمہ میں بہت مفید ثابت ہوتی ہیں۔

صدمہ خاندانی المیہ کا SHOCK OF FAMILY TRAGEDY

"اوپیم" صدمہ میں مبتلا مریض کے لئے اعلیٰ دوا ہے خصوصاً ایسے لوگوں کے لئے جو کبھی بھی اس میں مبتلا نہ ہوئے ہوں۔ ماسوائے خاندانی صدمہ کے "اوپیم"۔

صدمہ آپریشن کا، حالتِ نزع اور نتیجۃً مختلف تکالیف SHOCK OF OPERATION COLLAPSE AND RESULTING VARIOUS TROUBLES

۱۔ سرجیکل آپریشن کے بعد حالت نزع کی علامات جن کے ساتھ بہت زیادہ کمزوری، جسم کا ٹھنڈا ہو جانا، خون کا آہستہ آہستہ رِسنا، ٹھنڈا سانس اور بہت زیادہ پسینہ آنا اس دوا کا طالب ہوگا۔ یہ صدمے کو فوراً آرام دیتی ہے اور مریض گرم ہو جاتا ہے اور سکون محسوس کرتا ہے۔ "سٹرونٹیم کارب"۔

۲۔ "وریٹرم ورائیڈ" سرجیکل شاک کے لئے بہت اچھی دوا ہے۔

۳۔ اگر درجہ حرارت آپریشن کے فوراً بعد سب نارمل ہو اور بلڈ پریشر کم ہو تو "کیمفر" کی بہت زیادہ سفارش کی جاتی ہے۔ (ڈاکٹر ڈیوی) یہ "وریٹرم البم" پر برتری رکھتی ہے۔

۴۔ "فاسفورس" اونچی طاقت کی واحد خوراک پیٹ کے آپریشن سے ایک روز قبل دینے سے متلی اور آپریشن کے بعد ہونے والی تکالیف سے محفوظ رکھتی ہے۔

۵۔ آپریشن کے بعد مارفین کی وجہ سے قئے، آپریشن کے بعد حساس مریضوں میں مارفین کے اثرات بد، پریشان کن ڈکار، اُبکائیاں اور قے جبکہ قے کرنے کے لئے معدے میں کچھ بھی نہ ہو۔ "کیمومیلا" دیں جو کہ ان کو چند منٹ میں روک دے گی

اور یہ عملی طور پر واحد دوا ہے جو کہ مارفین کی قے کو روکتی ہے۔

۶۔ "نکس وامیکا" آپریشن کے بعد کی قے کو آرام دیتی ہے جو کہ بہت زیادہ چڑچڑے پن اور اُبکائیوں کے ساتھ ہو۔

۷۔ کٹے ہوئے عضو کی ٹنٹھ میں اعصابی درد کو "ایلیم سیپا" درست کر دیتی ہے اور انگلیوں کے کاٹ دینے کی وجہ سے تیز درد کے لئے "ہائیپریکم" دیں۔

زخم میں تیزی سے گزرنے والا درد
SHOOTING PAIN FROM WOUND

اگر درد تیزی کے ساتھ زخم سے عصب میں جائے، تب یہ دوا مفید ہے: "ہائیپریکم"۔

چھوٹا قد SHORT STATURE

ڈاکٹر آر بی۔ بشمبر داس کا مشورہ ہے کہ "ٹیوبر کولینم، برائٹا کارب اور تھوجا" یکے بعد دیگرے ادل بدل کر ہر ہفتے دو سو طاقت میں چھ ماہ تک یا زیادہ عرصہ دینی چاہیئے۔ قد صرف دس اور سترہ سال کی عمر کے درمیان بڑھنے کی اُمید کی جا سکتی ہے۔ جتنی عمر ابتدائی ہوگی اتنا ہی بہتر نتیجہ حاصل ہوگا۔

شرم۔ شرمیلا پن، جوشش اور خود اعتمادی کی کمی کی وجہ سے
SHYNESS BASHFUL DUE TO EXCITMENT AND LACK OF CONFIDANCE

۱۔ عوام کے سامنے جانے سے شرم، شرمیلا پن، بزدلی اور ذہن میں خالی پن کا احساس۔ "جیلیمیم"۔

۲۔ شرمیلا پن حبس کے ساتھ ذہنی جوشش پایا جائے۔ "کوکا"۔

۳۔ شرمیلا پن خود اعتمادی کی کمی کی وجہ سے خوف اور بزدلی۔ "برائٹا کارب اور کالی فاس"۔

ہوائی سفر میں متلی اور قے SICKNESS IN AIR TRAVEL

"بیلاڈونا" ہوائی سفر میں محفوظ رکھتی ہے اگر ہوائی سفر میں متلی اور قے نیچے کی طرف حرکت کرنے سے ہو تو "بورکیس" دیں۔

اگر "پیٹرولیم" x ۳۰ کی دو خوراکیں سفر شروع کرنے سے چند دن پہلے دی جائیں تو یہ متلی اور قے سے محفوظ رکھے گی۔

کار کے سفر میں متلی اور قے
SICKNESS IN CAR

جب کار میں پہاڑی سفر کر رہا ہو تو "ٹبیکم" اونچی طاقت میں دینی چاہیئے۔ موازنہ کریں "کاکولس اور پیٹرولیم" سے۔

ریل گاڑی یا بس یا بحری جہاز کے سفر میں متلی اور قے
SICKNESS WHILE RIDING IN TRAIN OR CARRIAGE OR IN SEA VOYAGE

"ٹبیکم" اونچی طاقت میں دینی چاہیئے۔

موازنہ کریں "کاکولس اور پیٹرولیم" سے۔ پیٹرولیم سمندر کی متلی اور قے کے لئے مخصوص ہے۔ نیز بس کی سواری میں متلی کے لئے بھی۔ جب بس میں سفر کرتے وقت بس کے جھٹکوں سے متلی ہو تو "کاکولس انڈیکا" سمندر کے سفر میں متلی۔ ڈاکٹر کینٹ "انٹی مونیم کروڈم اور ہائیوسائیمس" ۲۰۰ طاقت میں دینے کی سفارش کرتے ہیں۔

ناک کے نتھنے
SINUS

سر درد، گلے میں دکھن، آنکھوں میں جلن، ناک میں مواد بھرا ہوا، ناک بہنے سے نہ رکے، مزمن نزلہ، پیپ کی مانند اخراج، ہاضمہ سست۔ "ایتھمائیڈ" (کھوپڑی کے پیندے کی ہڈی جو ناک کے اوپر کے ہڈی والے حصہ کو بناتی ہے) اور سائنیں (سوراخوں) کا سامنے کا حصہ۔ ڈاکٹر ڈبلیو بورک کے مطابق "یوکلپٹس گلوبولس" ایک مؤثر دوا ہے ڈاکٹر اے ذالذال اس کی ہوائی نالیوں کے دمہ کے لئے بھی سفارش کرتے ہیں۔

بہت مفید دوا ہے۔

"یوکلپٹس گلوبولس"

ناک کے سوراخوں سے درد دوڑتے ہوئے ابروؤں، سر، جبڑوں اور کانوں تک جائیں
SINUS SHOOTING PAIN IN EYEBROWS HEAD, JAW AND EARS

۱۔ کوئی عضو جس میں خلا ہو اس کو سائینس کہتے ہیں اور اس کے درد کو سائینو سائیٹس کہا جاتا ہے۔ ایسے درد عموماً سردی لگنے کے بعد ابروؤں میں ہوتے ہیں۔ اگر درد دائیں ابرو میں ہو یا دائیں طرف کا سائینو سائیٹس ہو تو "سینگونیریا" ۳۰ دیں۔ لیکن اگر درد بائیں طرف کا ہو اور بائیں ابرو میں ہوتا ہو تو پھر "سیپیا" ۲۰۰ دیں۔ اور اگر درد دونوں طرف ہو تو "سٹکٹا پلمونیریا" ۲x دینی چاہیئے۔

۲۔ پستان کے پھوڑے کے بعد بائیں طرف کے سوراخ میں درد "سلیشیا" ۶x تین گھنٹے کے وقفہ سے۔

۳۔ تیز اور ہتھوڑے لگنے کے سے درد، سر کانوں، جبڑوں، چہرے میں جو نزلہ کے دوران ہوں۔ "آیوڈیم"

۴۔ ہر چودہ دن بعد "سلیشیا" ۲۰۰ دیں اور اس سے دو دن قبل اور بعد کوئی دوسری دوا نہ دیں۔ درمیانی دنوں میں "کالی بائیکرومیکم" ۳۰ طاقت میں چار مرتبہ روزانہ چار گھنٹے کے وقفہ سے دیں۔ یہ سائینس کے ورم میں دینی چاہیئے۔ جو کہ نیچے ناک کے نتھنوں تک ہو۔ "فیرم فاس اور سلیشیا"

۵۔ مریض کی ناک سے جلندار مواد خارج ہوتا ہے جس کے ساتھ ناک اور آنکھوں میں جلن ہوتی ہے۔ بخار جس کے ساتھ سر میں درد ہوتا ہے اور مریض سو نہیں سکتا۔ "آرسینکم البم"

۶۔ چہرہ گرم ہوتا ہے لیکن مریض کو سردی محسوس ہوتی ہے۔ نزلہ جس کے ساتھ آنکھوں سے آنسو خارج ہوتے ہیں جو کہ خراش پیدا کرتے ہیں۔ "یوفریزیا"

۷۔ ناک کے پچھلے حصے سے گاڑھا زرد رنگ کا اخراج ہوتا ہے۔ بلغم گلے میں گرتی

ہے۔ قبض حبس کے ساتھ زبان پر میل کی تہہ جمی ہوتی ہے۔ "ہائیڈراسٹس"۔

۸۔ سردی کمر سے اوپر کو جاتی ہے۔ سر اور چہرے میں درد اور بھراؤ، چھینکیں آئیں اور نزلہ بخار جو ہٹ جائے اور دوبارہ شروع ہو جائے۔ "جیلسی میم"۔

۹۔ آنکھوں کے اوپر اور چہرے کی ہڈی میں شدید درد جبکہ ساتھ نزلاوی تکلیف ہو۔ "مرکیورس آیوڈائیڈ ربرم"۔

جلد۔ جسم سُرخ چھالوں کے ساتھ اور جوڑوں کی جلد کی تہوں میں ایگزیما

SKIN - BODY RED WITH ULCERS AND ECZEMA IN BENDS

تمام جسم سُرخ جیسا کہ سُرخ چھالوں سے ڈھانپا ہوا ہو۔ بدبو دار، چپٹے چھالے جن کے ساتھ شدید جلن کا احساس پایا جائے۔ "ایمونیم کارب"۔ یہ نچلے دھڑ، ٹانگوں وغیرہ کے جوڑوں کی تہوں کے درمیان میں ایگزیما کے لئے بھی مفید ہے۔ نیز مقعد کے اوپر اور اعضائے تناسلی پر ایگزیما کے لئے۔

جلد خشک ٹھنڈے غسل سے حساس، کھرنڈ دار پیپ والے چھالے جن میں جلن اور خارش ہو جس میں رات کو اضافہ ہو۔ "انٹی موٹیم کروڈم"۔

جلد پھٹی ہوئی — SKIN CHAPPED

خارجی طور پر "کیلن ڈولا" مدر ٹنکچر لگائیں۔

جلدی اُبھار دب جائیں — SKIN ERUPTIONS SUPPRESSED

"سلفر" بہت سے جلدی ابھاروں کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔ جلن اور خارش چھالوں کے ساتھ یا بغیر چھالوں کے ہو سلفر میں جلد کا مخصوص احساس ہے۔ سلفر عموماً چھالوں کو جلد پر لے آتی ہے اور اُن کو شفایاب کر دیتی ہے۔ کئی مرتبہ ایک اندرونی مرض جس کو جلدی تکلیف کے دبا دینے کے بعد شفایاب کیا گیا ہو۔ سلفر اصل جلدی تکلیف کو جلد پر لے آنے کے بعد اس کو شفایاب کر دیتی ہے۔ "سلفر"۔

موازنہ کریں "سورائینم" سے جو کہ تمام جلدی تکالیف کے لئے ایک نایاب دوا ہے۔

جلد سردی سے حساس
SKIN SENSITIVE TO COLD

ہاتھوں اور پاؤں میں خارش، سُرخی اور جلن کا احساس۔ "اگاری کس"۔

جلد کا کھُرچنا
SKIN SCRATCHING

اگر کپڑے اتارنے کے بعد جلد کو کھرچنے کی خواہش ہو تو 12X "نیٹرم سلف" کی تین گولیاں تین مرتبہ روزانہ۔

جلد دباؤ سے حساس ہو
SKIN SENSITIVE TO PRESSURE

جلد ہلکے سے دباؤ سے بھی حساس ہو مریض کپڑوں کا بوجھ یا بستر کی چادر کا بوجھ بھی برداشت نہیں کر سکتا۔ وہ ان کو جلد سے دور رکھنا چاہتا ہے اس کے برعکس "لیکیسس" کا مریض سخت دباؤ برداشت کر لیتا ہے لیکن ہلکا سا چھُوا جانا انگلی سے یا درد والے حصّے میں کپڑوں سے برداشت نہیں کر سکتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جلد کے سطحی اعصاب بہت حساس ہو جاتے ہیں جبکہ گہرے اعصاب حساس نہیں ہوتے۔ "لیکیسس"۔

جلدی ثبور
SKIN LICHEN

سرخ ابھار جو عموماً کھرنڈ پر ختم ہوتے ہیں۔ بستر کی گرمی سے ان میں بہت زیادہ اضافہ ہوتا ہے۔ "سفلینم"۔

موازنہ کریں "انٹی مونیم کروڈم اور کالی آرس" سے۔

جلد پر جھُریاں پڑ جائیں بوڑھے لوگوں کی
SKIN SHRIVELLED OF OLD PEOPLE

جھُریاں پڑنا۔ ایسی عورتیں جو ڈھیلے عضلات اور نرم نسائج والی ہوتی ہیں۔ ہر چیز ڈھیلی دکھائی دیتی ہے۔ خون کی نالیاں ڈھیلی۔ "سیکیل کار" بوڑھے اور پتلے لوگوں کے لئے مفید ہے۔

جن کی جلد میں جھریاں پڑ جائیں۔

جلد پر ہلکی سی چوٹ یا زخم پک جائے
SKIN SLIGHT INJURIES FESTER

"سیپیا" جلدی تکالیف میں "سلفر" کی مانند بہت زیادہ مفید ہے۔ "سیپیا اور سلفر" جلدی تکلیف میں ایک دوسری کے بعد اچھا کام کرتی ہیں۔ جو سیپیا شفایاب نہیں کرسکتی اس کو سلفر جلد شفایاب کر دیتی ہے۔

۲۔ جب ہلکی سی چوٹ یا زخم پک جائے تو "ہیپر ولیم"۔

جلد میں چوٹ لگنے سے پیپ بننے کا رجحان
SKIN TENDENCY TO SUPPURATE BY INJURY

غیر صحت مند جلد جب اس میں کوئی زخم یا چوٹ لگے اس میں پیپ بننا شروع ہو جائے۔ جلد زرد اور عضلات ڈھیلے "سلیشیا، کلکریا کارب"۔

جلد پر ابھرے ہوئے نشان
SKIN WHEAL

جلد پر مختلف قسم کے ابھار چھپاکی مانند دکھائی دیں جیسا کہ کوڑے سے لگائے گئے ہوں۔ ایسے ابھار نوجوان لڑکوں میں زیادہ عام ہوتے ہیں جو کہ مریض کے لئے بہت تکلیف کا باعث بنتے ہیں جبکہ وہ گرم ہو جائے یا بھیگ جائے اور عموماً پاگل کر دینے والے ہوتے ہیں۔ "کلورال ہائیڈریٹ (کلورالم)، ارٹیکا یورنس اور پر سیکیریا یورنس بھی ایسی حالتوں میں بہت مفید ہیں جبکہ سرخ نشان مریض کے لئے تکلیف دہ ہوں۔ "ہیپی لینم" بھی مفید ہے۔

جلدی تکالیف
SKIN TROUBLES

ڈاکٹر پرسی کا کہنا ہے کہ اگر "سپنجیا" مدر ٹنکچر کے پانچ یا چھ قطرے روزانہ دیئے جائیں تو کوئی بھی جلدی تکلیف بہت جلد شفایاب کی جا سکتی ہے۔

کھوپڑی کا فریکچر
SKULL FRACTURE

ہولناک درد، ڈاکٹر جونس کے مشورے کے مطابق بڑی

طرح ٹوٹی ہوئی کھوپڑی کی ہڈی کے ہولناک درد کے لئے "گلو نائین" مفید ہے۔

نیند کے بعد تکلیف میں اضافہ
SLEEP AGGRAVATION AFTER

نیند سے اضافہ "لیکیس" کی بہت مخصوص علامت ہے۔ مریض اضافے کے دوران سوتا ہے۔ لہٰذا اگر کوئی علامت نیند کے بعد بڑھ جاتی ہے اور اس کے ساتھ اگر وہ بائیں طرف کی علامت ہے تو پھر "لیکیس" اس کو یقینی طور پر شفایاب کر دے گی۔ یہ کوئی بات نہیں کہ مریض رات کو سوتا ہے یا دن کو۔ وہ علامات میں اضافے کے ساتھ جاگتا ہے تو ایسی تمام حالتوں میں "لیکیس" پر غور کرنا چاہیئے۔

نیند مختصر، بے سکونی کی
SLEEP CAT NAP TYPE

جب مریض صبح تین بجے سے جاگتا ہوا لیٹا رہے اور پھر جب اس کو جاگنا چاہیئے اس وقت سو جائے "نکس وامیکا"۔

جب مریض متواتر ایک ہی وقت پر جاگے "سیلینیم"۔

نیند بچے کی اور دانتوں کا رگڑنا
SLEEP CHILD AND GNASHING TEETH

مریض بھوتوں اور خوفناک جانوروں کو خیالی طور پر دیکھتا ہے۔ بچہ عموماً نیند میں بڑبڑاتا ہے اور دانتوں کو رگڑتا ہے اگر بچہ اچانک بیمار پڑ جائے، چہرہ سرخ، آنکھیں سرخ ہوں اور نیم بے ہوشی کی حالت میں ہو۔ نیند میں بڑبڑاتا اور تشنج میں مبتلا ہو جاتا ہو۔ "بیلاڈونا" بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ "بیلاڈونا"۔

نیند امتحان سے قبل یا کھانے سے قبل بہت زیادہ SLEEP TOO MUCH BEFORE EXAMINATION OR BEFORE MEAL

"سکرو فولیریا نوسوڈوسا" دس قطرے دو مرتبہ روزانہ دیں۔ یہ طلباء کے لئے امتحان سے قبل بہت مفید ہے۔

نیند بہت زیادہ آئے
SLEEPINESS

ناقابل قابو نیند کی زیادتی ۔ "سائیمکس"۔
نیند کی زیادتی جس کے ساتھ تھکاوٹ ہو
اور کام کرنے کی خواہش نہ ہو۔ "انڈول"۔

نیند کی زیادتی پڑھنے کے بعد کھانے اور پاخانہ کرنے کے بعد اچانک تھوڑے وقفے کے بعد نیند کے جھونکے
SLEEPINESS SUDDEN SHORT SPELLS OF SLEEP AFTER READING EATING AND AFTER STOOL

۱۔ ناقابل قابو نیند کی زیادتی ۔ "سائیمکس"۔

۲۔ نیند کی زیادتی ، بدمزاجی ، تھکاوٹ ، غنودگی کام کرنے کی رغبت کا نہ ہونا، بہت زیادہ کم حوصلگی اور مالیخولیا۔ "سائیکلمین"۔

۳۔ نیند کی زیادتی جس کے ساتھ تھکاوٹ ہو ، ہمہ وقت لیٹا رہنا چاہے۔ کوئی کام کرنے کی رغبت نہ ہو۔ متواتر نیند رہے ۔ "انڈول"۔

۴۔ پڑھتے وقت نیند زیادہ ۔ "نیٹرم سلف"۔

۵۔ کھانے کے بعد ۔ "میگنیشیا فاس"۔

۶۔ کھاتے وقت ۔ "پلساٹیلا"۔

۷۔ پاخانہ کرنے کے بعد یا قے کے بعد۔ "ایتھوزا سائی نیپیم"۔

نیند کا آنا ، جذبات نیند میں رکاوٹ کا سبب بنیں۔ مع دل کی وجہ سے بے خوابی
SLEEPLESSNESS EMOTIONS DISTURBING INCLUDING CARDIAL SLEEPLESSNESS

۱۔ مایوس کن خبروں ، حالیہ غموں کی وجہ سے بے خوابی کے لئے ۔ "اگنیشیا"۔

۲۔ ا۔ اچھی خبروں کی وجہ سے ۔ "کافیا"۔

ب ۔ سونے کی مکمل نااہلیت جو ہڈیوں میں درد کی وجہ سے ہو۔ "ڈیفنی انڈیکا"۔

۳۔ جب دن کے کاروباری معاملات اُس کو جگائے رکھیں۔ "برائی اونیا۔"
ذہنی پریشانی کے لئے ایک اور دوا۔ "امبراگریسیا" ہے۔
۴۔ پریشانی اور کاروباری تکلیف کے لئے۔ "امبراگریسیا۔"
۵۔ بے خوابی کی ضدی اور ناقابلِ کنٹرول حالت۔ "کینابس انڈیکا مدر ٹنکچر" کے
دس قطرے۔ بچوں کی بے خوابی دانت نکلنے کے دوران۔ "سی سی فیوگا۔"
۶۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے بے خوابی۔ "ٹبیکم۔"
۷۔ اعصابی اور کمزور شدہ لوگوں میں "ایوینا سٹائیوا" مدر ٹنکچر۔ دس سے پندرہ
قطرے نیند لانے کے لئے مفید ہے۔
۸۔ ڈاکٹر ڈیوی کا کہنا ہے کہ "پیسی فلورا" مدر ٹنکچر کی مادی خوراکیں دس سے
پندرہ قطرے بار بار دینے سے نیند آجاتی ہے جبکہ بے خوابی کا سبب ذہنی جوش
یا پھر درد ہو۔
۹۔ دل کی اعصابی کمزوری اور ہیجانی کیفیت کی وجہ سے بے خوابی جس کے ساتھ
خشک دمہ اور خوفناک کھانسی ہو۔ "ٹیلارا نیارم۔"

نیند کا نہ آنا درد اور اعصابیت کی وجہ سے جس کے ساتھ بہت زیادہ جمائیاں آئیں
SLEEPLESSNESS DUE TO PAIN NERVOUSNESS AND WITH EXCESSIVE YAWNING

درد سے بہت زیادہ
ذکی الحسی اور بدمزاجی۔ "کیمومیلا" مریض کو سکون کی نیند سلا دے گی۔ بشرطیکہ اس کے
ساتھ دوسری علامات درد سے ذکی الحسی، چڑچڑا مزاج اور بچوں کے لئے اٹھائے
پھرنا موجود ہوں۔ "کیمومیلا۔"
۲۔ بہت زیادہ اور متواتر جمائیوں کے لئے۔ "اگنیشیا۔"

نیند کا نہ آنا حمل کے دوران
SLEEPLESSNESS DURING PREGNANCY

۱۔ "کافیا یا بیلاڈونا" کی ایک خوراک عموماً نیند کو واپس لے آتی ہے۔

۲۔ حمل کے دوران بے خوابی کے لئے "ڈاکٹر کرنٹس" "اناکارڈیم" ۲۰۰ طاقت میں دینے کی بھی سفارش کرتے ہیں۔

۳۔ "اوپیم" کی ایک چھوٹی سی خوراک مریض کی بے خوابی کو دور کر کے قدرتی نیند لاتی ہے۔

نیند غیر فرحت بخش اور بچہ رات کو جاگے اور کھیلتا رہے

SLEEP UNREFRESHING AND CHILD AWAKES AT NIGHT PLAYING

۱۔ رات کے پچھلے حصے میں غیر فرحت بخش نیند، نیند کے دوران کپڑا اوپر لینے سے پسینہ آئے۔ "چائنا"

۲۔ چھوٹے بچوں کے لئے جو رات کو جاگ جائیں اور کھیلیں۔ "سائپری پیڈیم"۔

اعضاء کا سو جانا، لیٹنے پر دباؤ کی وجہ سے

SLEEP OF LIMBS PRESSURE WHILE LYING DOWN

اعضاء ہلکے سے دباؤ سے سو جائیں۔ جب لیٹا ہوا ہو تو بازو سو جاتے ہوں۔ "امبرا گریسیا"

نیند نیم وا آنکھوں کے ساتھ

SLEEP WITH HALF OPEN EYES

"لائیکو پوڈیم"۔

عفونتی نسائج کا صحت مند نسائج سے علیحدہ ہو جانا۔ جن کے ساتھ اوڈیما اور زخم ہوں

SLOUGHING WITH ODEMA AND ULCERATION

"امونیم کاسٹی کم"۔

نشونما سست جس کے ساتھ سر پر پسینہ آئے
SLOW DEVELOPMENT WITH SWEATING HEAD

نشونما سست تالوؤں کے جڑنے میں سستی، کمزور شدہ بچوں میں جن کے سر پر پسینہ آئے۔ "کلکیریا فاس"۔

چیچک جس کے ساتھ چہرے پر چھالے ہوں اور چیچک کے داغوں سے بچاؤ
SMALL-POX WITH ERUPTION ON FACE AND TO PREVENT ON PITTING

۱۔ اس مرض میں بہت قیمتی دوا ہے بشرطیکہ اس کی مخصوص علامت سیاہی مائل نیلا رنگ پایا جائے۔ "لیکیسس"

ثانوی درجے میں جبکہ چھالے بن چکے ہوں تو "انٹی مونیم ٹارٹ" دینی چاہیئے اور چیچک کی تمام حالتوں میں خارجی طور پہ "کیلن ڈولا" مدر ٹنکچر یا "تھوجا" مدر ٹنکچر بار بار لگانا چاہیئے تاکہ خارش اور داغوں کے بننے سے بچاؤ ہو سکے۔

۲۔ چھالے گردن پہ اور چہرے پہ بہت نمایاں ہوں۔ چیچک میں پیپ بننے کی حالت جس میں چھالے آپس میں جڑ جائیں۔ کمزوری، چھالوں کو خشک کرنے کے لئے یہ دوا حیران کن مفید اثرات کی حامل ہے۔ "انسولین"۔

چیچک سے محفوظ رہنے اور چہرے کی بدنمائی کے لئے
SMALL-POX PREVENTIVE AND FOR DISFIGUREMENT

"ویریولینم ویکسینم" ۲۰۰ طاقت میں ہفتے میں ایک مرتبہ دینی چاہیئے۔ یہ چیچک سے محفوظ رکھتی ہے۔ نیز چہرے پہ سے چیچک کے بدنما داغوں کو دور کر دیتی ہے۔

ڈاکٹر ایم۔جی بلیکی کے مطابق "تھوجا" چیچک کی وبا میں محفوظ رکھنے اور شفایاب کرنے والی دوا ہے۔ یہ مرض کے دورانیہ کو کم کر دیتی ہے اور داغ بننے سے محفوظ رکھتی ہے۔

چیچک نیز جریان خون والی چیچک جس میں چھالے باقاعدہ نہ نکلیں اور اس کے درجات

SMALL-POX ALSO HAEMORRHAGIC SMALL-POX WITH NO REGULAR RASH AND ITS STAGES

الف: ابھار عموماً بجائے چمکیلے سرخ ہونے کے نیلگوں داغوں کی شکل میں ہوتے ہیں۔ باقاعدہ چھالے باہر نہیں نکلتے۔ چھالوں کے باقاعدہ نکلنے میں ناکامی ہوجاتی ہے یا چھالے دب جاتے ہیں۔ جب جاگے تو متواتر خوابیدہ حالت پائی جاتی ہے۔ بہت زیادہ کمزوری اور پاگل پن کے لئے "سارا سینیا" ایک دوسری عمدہ دوا ہے جو کہ محفوظ بھی رکھتی ہے اور شفایاب بھی کرتی ہے۔

ب: ابتدائی درجہ
INITIAL STAGE

ڈاکٹر جہار چیچک کی ابتداء میں "ویریولینم" ۳۰ تجویز کرتے ہیں اور ان کا خیال ہے کہ یہ کسی دوسری دوا کے مقابلے میں مرض پر بہت جلد قابو پالیتی ہے اس دوا کی چار یا پانچ خوراکیں چوبیس گھنٹے میں دینی چاہئیں۔ اس کے بعد "سلفر" ۲۰۰ کی ایک خوراک چھ یا سات گھنٹے بعد دیں اور پھر "ویریولینم" ۳۰ دوبارہ دیں۔ اگر درجہ حرارت بہت زیادہ ہو تو "بیلاڈونا" ۳x اور "جیلسی میم" ۳x "ویریولینم" کے بعد بخار کو کم کرنے کے لئے استعمال کرنی چاہئیں۔ جب حالت آغاز سے ہی غیر موافق ہو۔ بازو اور ٹانگیں ٹھنڈی ہوں، چہرہ پھولا ہوا، نبض کمزور ہو تو ڈاکٹر جوسٹ "آرسینکم البم" کی سفارش کرتے ہیں۔ شدید کمر درد اور گنٹھیا دی دردوں کے لئے ڈاکٹر ہیوجہ اور ڈاکٹر ڈیوی "جیلسی میم اور برائی اونیا" خصوصاً "سمی سی فیوگا" کی سفارش کرتے ہیں۔ اگر پھر بھی شدید کمر درد اور گنٹھیا دی دردیں ہوں تو ڈاکٹر جوسٹ "ویریٹرم ویرائیڈ اور انٹی مونیم ٹارٹ" کی سفارش کرتے ہیں۔

۲۔ چھالوں کا درجہ
STAGE OF ERUPTION

ڈاکٹر جہار اس درجے میں بھی "ویریولینم" کی

بہت تعریف کرتے ہیں۔ ڈاکٹر جوسٹ اور ڈاکٹر ہیوجز دونوں "انٹی مونیم ٹارٹ" کے حق میں ہیں جبکہ جلد اور گلے میں بہت زیادہ سوزش اور درد ہو، کمر میں درد ہو، قے ہوں اور غنودگی پائی جائے۔ ڈاکٹر بونن ہاسن کے مطابق چھالوں کے درجے میں "تھوجا" بہت عمدہ دوا ہے۔

۳۔ پیپ بننے کا درجہ
STAGE OF SUPPURATION

ڈاکٹر جہار اس درجے میں "ویریولینم" دینے کا مشورہ دیتے ہیں۔ ڈاکٹر جوسٹ اور ڈاکٹر ڈیوی پیپ بننے کے درجے میں جبکہ چہرہ پر سوجن ہو اور بخار پایا جائے۔ تھکاوٹ جو کہ سردی کے ساتھ بدل جائے اور بخار اور بہت زیادہ تکلیف دہ خارش ہو "رسٹاکس" کی سفارش کرتے ہیں۔

ڈاکٹر بونن ہاسن "تھوجا" دیتے ہیں اور ان کا کہنا ہے کہ یہ چیچک کے چھالوں کو بہت جلد خشک کرتی ہے اور بغیر داغ بنے، شفایاب کر دیتی ہے۔

۴۔ چھلکے اترنے کا درجہ
STAGE OF DESQUAMATION

ڈاکٹر جہار کا خیال ہے کہ "ویریولینم، سلفر" کے ساتھ انٹرکرنٹ ریمیڈی کے طور پہ دینے سے جلد شفایاب کر دے گی اور داغ بھی کم بنیں گے۔ ڈاکٹر للّین تھل کا خیال ہے کہ "ڈریٹرم ورائیڈ" کو "سمی سی فیوگا" کے ساتھ ادل بدل کر دینے سے چھالے جلد خشک ہوں گے اور چھلکے اتر جائیں گے۔

ج: چھالوں کا بننا رک جائے
ERUPTION RETARDED

"برائی اونیا" بار بار دہرائیں۔ اور برائی اونیا کے بعد ایک خوراک "سلفر" کی دیں جو کہ چھالوں کو باہر نکالنے میں مدد دے گی۔

د: چیچک جریان خون والی
HAEMORRHAGIC SMALL-POX

"آرسینکم البم" عمدہ دوا ہے اس کے بعد "فاسفورس" اور "لیکیسس" دوسری اہم ادویہ میں "کروٹیلس اور رسٹاکس" شامل ہیں۔

ذ : چیچک میں نزلاوی حالت
CATARRHAL CONDITION IN SMALL-POX

بہت مفید دوا " انٹی مونیم آرسس " ہے اس کے بعد " فاسفورس رسٹاکس اور آرسینکم البم " کو آزمائیں مفید ہیں۔

ر : چیچک کے بعد یاداشت کا ختم ہو جانا
LOSS OF MEMORY AFTER SMALL-POX

ایسی حالت میں " اناکارڈیم " دیں۔ بہت مفید دوا ہے۔

ز : چیچک میں اسہال
DIARRHOEA IN SMALL-POX

" انٹی مونیم ٹارٹ ، ارسینکم البم " " مرک سال اور رسٹاکس " محاذ نہ کریں " تھوجا " سے۔

س : چیچک میں سر درد HEAD ACHE IN SMALL-POX

ڈاکٹر جہار " بیلاڈونا ، برائی اونیا اور رسٹاکس " دیتے ہیں۔

ش : چیچک کے بعد بہرہ پن DEAFNESS AFTER SMALL-POX

مفید دوا ہے " سلفر "

چیچک میں کمر درد
SMALL POX BACK ACHE

بدترین قسم کا کمر درد۔ مفید ہے " ویریولینم " (ڈاکٹر برنٹ)

چیچک میں خارجی استعمال کے لئے
SMALL POX EXTERNAL APPLICATION

چیچک میں خارش کے لئے ایک قطرہ " کیلن ڈولا " مدر ٹنکچر دس قطرے زیتون کے تیل میں ملا کر خارجی طور پر لگائی جا سکتی ہے۔

خوشبو کھانے کی متلی کا سبب بنے
SMELL OF FOOD CAUSING NAUSEA

کھانے کی خوشبو اور اس کا دیکھنا برداشت نہ ہو سکے اس سے متلی ہو تو مفید ہے "آرسینکم البم"۔ موازنہ کریں "کالچی کم اور سیپیا" سے۔

بُو جسم کی ناگوار ہو
SMELL FOUL OF BODY

تمام جسم سے گندی بُو آئے پاؤں کا پسینہ گندا اور بدبودار، کانوں سے بدبودار اخراج، پیشاب بدبودار، گھوڑے کے پیشاب کی مانند بُو آئے۔ "نائیٹرک ایسڈ"۔

بُو سے ذکی الحسی اور بُو کا نہ آنا
SMELL SENSITIVENESS AND ITS LOSS

الف: ۱۔ بُو سے بہت زیادہ ذکی الحسی۔ ہر قسم کی بُو ناقابلِ برداشت، "بیلاڈونا"

۲۔ تمام قسم کی بُو بہت سخت ہو۔ "کاربالک ایسڈ"

۳۔ ہر چیز کی بُو بُری لگے۔ "آرم میٹ"

ب: ۱۔ بُو ناگوار، بُو سڑی ہوئی جس کے ساتھ پانی کی مانند اخراج ہو تو مفید ہے۔ "کالی بائیکرومیکم"۔

۲۔ جب ناک سنکے تو سڑی ہوئی بُو آئے۔ "آرم میٹ"

۳۔ ناک کے نزلہ میں گندی بُو۔ "کالی بائیکرومیکم"۔

ج: ۱۔ بُو کا ختم ہو جانا جس کے ساتھ کھانسی اور ناک کا بند ہونا پایا جائے، "امونیم میور"۔

۲۔ انفلوئنزا کے نزلہ کے بعد ذائقے اور بُو کا ختم ہو جانا۔ "میگنیشیا میور"

۳۔ نزلہ کے دوران بُو کا ختم ہو جانا جس کے ساتھ ذائقہ بھی ختم ہو جائے تو مفید دوا ہے۔ "سینگونیریا"۔

۴۔ سونگھنے کا نقص جس کے ساتھ گلے میں دُکھن ہو۔ "مرکیورس کار"۔

۵۔ ناک کے سوراخوں میں ورم جس کے ساتھ گندی بُو آئے۔ ناک سے سبزی مائل اخراج ہو۔ قوت شامہ کا ختم ہو جانا اور الرجک زکام۔ "تھوجا"

سماگ کے دھوئیں کے اثراتِ بد کے لئے
SMOG - SMOKY FOR

اثرات بد پر قابو پانے کے لئے مثلاً سر درد، خشک کھانسی، سانس کا دقت سے آنا وغیرہ۔ "سلیفورک ایسڈ" ۲۰۰ طاقت یا ۳۰ طاقت میں دو یا تین خوراکیں روزانہ سماگ کے مسائل کے لئے استعمال کریں۔

سانپ کا کاٹنا سیاہ خون رسے
SNAKE BITE OOZING BLACK BLOOD

سانپ کے کاٹنے کے بعد سیاہ خون رستا ہو۔ یہ سیاہ خون رسنے کا رجحان جو کہ جمتا نہ ہو۔ ہر قسم کے زہر میں پایا جاتا ہے۔ "اموینم کارب"۔

ب: "پاناما" اور "سڈران" زہریلے سانپوں کے کاٹنے کے لئے مخصوص ادویہ ہیں۔ خالص ٹنکچر زخم پر لگانا چاہیئے۔

سانپ کے زہر سے محفوظ رہنے کے لئے
SNAKE POISONING PROPHYLACTIC

سانپ کے زہر کی تریاق ہے۔ اس کا استعمال جسم میں سانپ کے زہر کے خلاف قوت مدافعت پیدا کر دیتا ہے۔ "گو ونڈ رینا"۔

چھینکیں زکام کے ساتھ
SNEEZING WITH COLD

عام زکام جس کے ساتھ بہت زیادہ چھینکیں آئیں۔ انفلوئنزا۔ "اکونائٹ"۔ موازنہ کریں "ہیپر سلف" سے

چھینکیں، صبح کا نزلہ
SNEEZING MORNING CORYZA

صبح کا نزلہ، شدید چھینکوں کے ساتھ۔ ابتدائی علامات چھینکیں ہوں گی جو کہ بڑھی ہوئی مقدار میں آتی ہیں۔ "ایلیم سیپا"۔

چھینکیں ۔ زکام سے حساس
SNEEZING SUSCEP-TIBLE TO COLD

ہر وقت مریض جب بھی کھلی ہوا میں جائے چھینکے اور اس کی ناک بہنا شروع ہو جائے۔ ناک بند ہو جائے۔ کھلی ہوا سے نہایت حساس۔ "ہیپر سلف"۔

چھینکیں شدید اور بہت زیادہ
SNEEZING VIOLENT AND EXCESS-IVE

۱۔ شدید چھینکیں۔ "اگاری کس"۔
۲۔ "سائیکلین" کے متعلق خیال کرنا چاہیئے جبکہ چھینکیں زیادہ آنا اس کی واضح علامت ہو۔

خراٹے بھرنا
SNORING

۱۔ جب ناک میں رکاوٹ کی وجہ سے ہو۔ ناک کی ہڈیوں کا بڑھ جانا۔ "لیمنا مائینر"۔
۲۔ ناک کی ہڈیوں کا ناسور یا بڑھ جانا، خراٹے بھرنا، ناک کی سوجن اور سرخی کے ساتھ جبکہ ضدی قسم کا نزلہ پایا جائے۔ اونچی آواز سے سانس لے۔ "ہپوزرے نیئم"۔

سوں سوں کرنا، ناک کا بند ہو جانا، بچہ سانس نہ لے سکے
SNUFFLE STUFFING NOSE OF INFANTS CANNOT BREATH

ناک بند ہو، بچہ اچانک جاگ جائے اور دم گھٹنے کے قریب ہو نیلا ہو جائے۔ رات کے وقت گھٹن والی کھانسی۔ سانس نہ لے سکے۔ "سمبو کس" رات کو اور صبح کے وقت دیں۔ (ڈاکٹر لیوری)

پاؤں کے تلوے
SOLES

۱۔ پاؤں کے تلوؤں میں قدم رکھنے پر درد اور ایڑیوں میں درد۔ "ایچلیز"۔
۲۔ تلوؤں اور ایڑیوں میں تشنجی درد جو کہ قدم رکھنے میں رکاوٹ بنے، پاؤں اور تلوؤں میں جلن۔ ایڑیوں اور پاؤں کی انگلیوں کے اگلے حصے میں جلن، قدم رکھنے سے انگلیوں میں درد ہو جیسا کہ زخمی ہوں۔ "فاسفورک ایسڈ"۔

۳۔ جب چلتا ہو تو تلوؤں اور ایڑیوں میں جلن پائی جائے "گریفائیٹس"۔

۴۔ ٹانگوں اور پاؤں میں اینٹھن، سو جائیں "سیکیل کار"۔

۵۔ تلوؤں کے اندر کی طرف اور پاؤں کی انگلیوں کے اگلے حصّوں میں اعصابی درد پاؤں کی انگلیوں کے اگلے گول حصّوں میں درد جیسا کہ کسی سخت چیز پہ قدم رکھا ہو۔ "بردیم"۔

پاؤں کے تلوؤں میں جلن، پاؤں بستر سے باہر نکالے
SOLES BURNING WITH FEET OUT

تلوؤں کی جلن، مریض اپنے پاؤں ڈھانپ نہ سکے۔ "سلفر"

موازنہ کریں "کیمومیلا" سے۔

سوتے سوتے اُٹھ کر چل دینا (خواب خرامی دماغی نقص کے باعث) اور کمرے میں بیٹھنا
SOMNABULISM SLEEP WALKING AND SITTING IN ROOM

۱۔ نیند کے دوران چلنا یا کوئی اور عمل کرنا۔ "ارٹیمیشیا ولگ"۔

۲۔ جب سویا ہوا ہو تو اٹھ کر کمرے میں بیٹھے "نیٹرم میور"۔

۳۔ غنودگی اور فاترالعقلی جس کے ساتھ رات کا خوف پایا جائے۔ "کالی برومیٹم"۔

زخم سردی کے
SORE COLD

۱۔ "کلکیریا فلور"۔

۲۔ ہونٹوں پر سردی کے زخم، "سلفر آیوڈائیڈ"۔

زخم پر درد اور چھالوں سے ڈھانپے ہوئے
SORE PAINFUL COVERED BY A SCAB

زخم خشک اور چھالوں سے ڈھانپے ہوئے چھالے سینگ کی مانند سخت ہوتے ہیں۔ پر درد۔ "مرکیوریس پروٹو آیوڈائیڈ" جسے مرکیوریس آیوڈیٹس

ملڈس بھی کہا جاتا ہے۔

زخم منہ کے
SORE MOUTH

دق کی حالتوں میں، سفلس میں گلے کی تکالیف میں، منہ سے گندی بو آئے۔ "لیکیسس"۔

زخم بھنٹنیوں کے، متورم حالت جس میں پھوڑے کا شبہ ہو
SORE NIPPLE INFLAMMATORY THREATING ABSCESS

۱۔ اگر ورمی کیفیت بہت پہلے واضح ہو۔ "بیلاڈونا"۔

۲۔ اگر مہلک پھوڑے کا خطرہ ہو۔ "مرکیوریس سالوبلیس"۔

گلے کے زخم جو سانس کی نالی تک بڑھ جائیں
SORE THROAT EXTENDING TO WIND PIPE

گلے کے زخم جو سانس کی نالی تک پھیل جائیں اور سانس لینے میں گھٹن ہو۔ "کاربو ویج"۔

گلے کے زخم بائیں طرف
SORE THROAT LEFT SIDED

مزمن زخم جن کے ساتھ بہت زیادہ کھانسی ہو، بلغم گاڑھا، تار دار جس کو باہر نہ نکالا جا سکے اور نہ ہی گلے سے نیچے اترے بائیں طرف کا، گلے میں درد جو عموماً کانوں تک جائے۔ گرم پانی سے درد میں اضافہ ہو تو "لیکیسس" دیں۔

گلے کے زخم جن کے ساتھ منہ میں درد اور بخار ہو
SORE THROAT WITH PAIN IN MOUTH AND FEVER

گلے میں درد جیسا کہ گلے میں کھپچیاں اور چھریاں چبھ رہی ہوں۔ مریض سردی سے حساس ہوتا ہے۔ "ہیپر سلف"۔ ٹپکن دار درد جیسے کہ پیپ بن رہی ہو۔

موازنہ کریں "بیلاڈونا، مرک سال، لائیکو اور لیک کنی نم" سے۔

ب : ۱۔ "بیلاڈونا" میں شدید بخار، گلے میں شدید سُرخی کا ہونا ضروری ہے

۲۔ "مرکیوریس سالوبیلس" زبان گیلی اور اس پر گاڑھی تہہ جس میں دانتوں کے نشان لگے ہوئے ہوں۔ معتدل بخار اور بہت زیادہ پسینہ جس سے آفاقہ نہ ہو۔

۳۔ "لیکیس" ورم لوزتان بائیں طرف شروع ہو اور دائیں طرف جائے، چھونے سے بہت زیادہ ذکی الحس اور نیند کے بعد تکلیف کا بڑھ جانا پایا جائے۔

۴۔ "لائیکوپوڈیم" ورم لوزتان دائیں طرف شروع ہو اور بائیں طرف بڑھے جس کے ساتھ ناک کا بند ہو جانا پایا جائے۔

۵۔ "لیک کینی نم"۔ درد ایک طرف شروع ہو اور دوسری طرف جائے اور پھر اپنی اصلی طرف واپس آجائے یعنی ایک دن ایک طرف درد میں اضافہ ہو اور دوسرے دن دوسری طرف درد بڑھ جائیں۔

۶۔ "ہیپر سلف"۔ دھڑکن دار درد جیسا کہ پیپ بن رہی ہو۔ مریض سردی سے ذکی الحس ہوتا ہے۔ ایسا درد جیسا کہ گلے میں کھپچیاں چبھ رہی ہوں تو "ہیپر سلف" پر ہی غور کریں۔

گلے کے زخم جن کے ساتھ منہ میں دُکھن اور غدود متورم ہوں۔

SORE THROAT WITH RAW MOUTH AND SWOLLEN GLANDS

گلے کا ورم۔ ورم شدید ہوتا ہے جو کہ پورے منہ اور گلے میں پھیل جاتا ہے۔ کوّا اور مسوڑھے سفنج کی مانند ہو جاتے ہیں۔ گلے کے تمام غدود متورم ہو جاتے ہیں جس کے ساتھ تیز درد جو کانوں تک جائیں۔ "مرکیوریس سالوبیلس"۔

گلے کے زخم بار بار ہو جائیں

SORE THROAT RECURRING

مریض کا منہ پُر درد اور بدبودار ہوتا ہے۔ نگلنا مشکل ہوتا ہے۔ مریض بہت زیادہ سردی محسوس کرتا ہے اور اپنے آپ کو اچھی طرح لپیٹ کر رکھنا چاہتا ہے۔ ایسی حالتوں میں "ہیپر سلف" بار بار گلے کے زخموں کے

ہونے سے محفوظ کرنے کے لئے بہت مفید ہے۔

گلے کے زخم سُرخی اور دھڑکن دار درد
SORE THROAT REDNESS AND THROBBING PAIN

"بیلاڈونا" اولین دوا ہے: جبکہ سُرخی اور دھڑکن دار درد پایا جائے جو کہ اچانک ہو۔ گلے میں شکڑن کا احساس جیسا کہ گلا تنگ ہو رہا ہو۔ جلن اور خشکی ہو۔ "بیلاڈونا"

گلے کے زخم اور اس کی طرف رجحان
SORE THROAT TENDENCY TO IT

"برائٹا کارب"

کھٹی ہر چیز
SOUR EVERY THING

منہ سے مقعد تک ہر چیز کھٹی، کھٹی قے اور کھٹا پاخانہ،

"کلکیریا کارب"

تشنج بچے کے، نیند کے دوران
SPASMS OF CHILD DURING SLEEP

بچے کا بخار کے دوران نیند سے بڑبڑانا اور ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں میں جھٹکے لگنا۔ چہرہ سُرخ اور آنکھوں کی سُرخی نیم بے ہوشی کی حالت ہیں۔ "بیلاڈونا"

مخصوص ورم زائدہ کے لئے
SPECIFIC FOR APPENDICITIS

اگر "ہپ ٹیشیا" سی ایم طاقت میں دی جائے تو یہ ورم زائدہ کے آپریشن سے بچا دیتی ہے اور شفایاب کر دیتی ہے اگر اس کی ایک خوراک کافی نہ ہو تو دوسری خوراک چودہ دن کے بعد دینی چاہیئے۔

مخصوص ڈنگ لگنے کے لئے
SPECIFIC FOR STINGS

"آرٹیکا یورنس"

مخصوص ہیضہ کے لئے
SPECIFIC OF CHOLERA

"سپرٹ کیمفر" آٹھ سے دس قطرے عام چینی میں بغیر پانی کے ملا کر ہر آدھے گھنٹے بعد تین یا چار خوراکیں دینے سے جادو کی مانند اثر کرتی ہے۔ ہر قے یا اسہال کے بعد اس کو دہرائیں۔ خواہ اس کا وقفہ ایک منٹ ہی کیوں نہ ہو۔

مخصوص مرگی کے لئے
SPECIFIC OF EPILEPSY

ڈاکٹر ہیوجز مندرجہ ذیل دوا کو مخصوص دوا ہونے کی سفارش کرتے ہیں۔ "ہائیڈروسیانک ایسڈ"۔

مخصوص پھیپھڑوں سے خون آنے کیلئے SPECIFIC FOR HAEMOPTYSIS

"ہیما میلس"۔

مخصوص مختلف امراض کے لئے
SPECIFIC DIFFERENT DISEASES

۱۔ درد دل کے لئے، "لیٹر وڈکٹس"۔

۲۔ انفلوئنزا کے لئے 3x "کاربالک ایسڈ" حملے کے لئے اور ۳۰ طاقت میں اس کے نتیجہ میں ہونے والی کمزوری کے لئے۔

۳۔ سر درد کے ساتھ متلی اور قے کے لئے۔ "چیونتھس ورجینیکا" 2x پانچ قطرے فی خوراک تین مرتبہ روزانہ ایک ہفتے تک۔ اس کے بعد دو مرتبہ روزانہ ایک ہفتے کے لئے اور پھر ایک ہفتے کے لئے ایک مرتبہ روزانہ اور اس کے بعد جب بھی حملہ ہو دینی چاہیئے۔

۴۔ حلق کے مزمن نزلہ کے لئے جس کے ساتھ سبزی مائل کھرنڈ ہوں اور مریض ناک کے اخراج سے بذات خود گندی بو محسوس کرے۔ "ایلپس کورالینس" ۶ طاقت میں۔

۵۔ ناک سے جریان خون کے لئے جو کافی عرصہ سے ہو "فیرم پکرک یا ہائپر ا"۔

۶۔ لنگڑی کے درد اور کمر درد کے لئے جبکہ مریض کو بار بار پیشاب کی حاجت ہوتی

ہو۔ "جنسنگ"۔

۷۔ ورمی ریاحی دردوں کے لئے۔ "گولتھیریا"۔

۸۔ خونی بواسیر کے لئے۔ اندرونی طور پہ "ہائپیریکم x۱" دیں اور خارجی طور پہ بھی اسی

کا استعمال کریں۔

۹۔ حجام کے استرے کی لاگ سے ہونے والی خارش اور ضدی قسم کی جلدی بیماریوں

کے لئے۔ "سلفر آیوڈائیڈ"۔

۱۰۔ کورنیا کے چھالوں یا زخموں کے لئے خصوصاً بچوں میں۔ "ٹیوبر کولینم"۔

۱۱۔ ڈاکٹر ہبرڈ کے مطابق اینٹی بائیٹک کے استعمال کے بعد ہونے والے اسہال

کے لئے خصوصاً مائیسین کے استعمال کے بعد "نائیٹرک ایسڈ" مخصوص دوا ہے۔

۱۲۔ زچگی کے بعد مخصوص دوا ہے۔ "پائیروجینیم"۔

۱۳۔ زہریلے سانپوں کے کاٹنے کے لئے "پاناما اور سڈران" مدر ٹنکچر زخموں پہ

چھڑکنا چاہیئے۔

۱۴۔ چیچک کے لئے شروع سے آخر تک اس کو استعمال کرنا چاہیئے۔

"ویریولینم"۔

۱۵۔ گوہانجیوں کے لئے مخصوص ہے "پلساٹیلا"۔

۱۶۔ بواسیر کے لئے مخصوص۔ "موکونا"۔ مدر ٹنکچر کا ایک قطرہ فی خوراک دویا

تین مرتبہ روزانہ دینے سے خونی بواسیر میں جریان خون پہ چند دنوں میں قابو پالیتی ہے

اگر یہ ناکام ہو جائے تو "فیکس ریلیجیوسا" کو آزمائیں۔

۱۷۔ بانجھ پن کے لئے مخصوص۔ "آرم میورنیٹر ونیٹم"۔

۱۸۔ معدے کے السر میں خون کی قے کے لئے مخصوص ہے۔

"جیرینیم میکولیٹم"۔

۱۹۔ سفلس کے خلاف مخصوص اور ناقابلِ برداشت ہڈیوں کے دردوں کے لئے

خصوصاً رات کے درد۔ "کالی آیوڈائیڈ"۔

مخصوص ذیابیطس کے لئے
SPECIFIC FOR DIABETES

ڈاکٹر یادویر سنگھ کے مطابق ۶x "نیٹرم سلف" اور "نیٹرم فاس" ۶x ذیابیطس کے لئے مخصوص دوائیں ہیں۔ ایک دوا صبح کے وقت اور دوسری رات کو متواتر کئی روز استعمال کرنی چاہیئے۔

مخصوص اپنڈی سائٹس کے لئے
SPECIFIC FOR APPENDICITIS

اگر "بپ ٹیشیا" سی ایم حاد حالتوں میں دی جائے تو یہ عموماً سرجری کی ضرورت کو ختم کر دیتی ہے۔ اگر ایک خوراک ناکافی ہو تو دوسری خوراک چودہ دن کے بعد دینی چاہیئے۔

مخصوص عورتوں میں مشت زنی اور جماع کے غیر معمولی غلبہ کے لئے
SPECIFIC FOR MASTURBATION AND NYMPHOMANIA IN FEMALE

"گریشی اولا"

مخصوص مرگی کے لئے
SPECIFIC FOR EPILEPSY

ڈاکٹر ہیوجنہ کے مطابق "ہائیڈروسیانک ایسڈ" مخصوص دوا ہے۔

مخصوص گنڈ مالا کے لئے
SPECIFIC FOR EXOPHTHALMIC GOITRE

"فیوکس دیزیکولوسس"

مخصوص پھیپھڑوں سے جریان خون کے لئے
SPECIFIC FOR HAEMOPTYSIS

"ہیمیا میلس"

مخصوص گلے کے زخموں کے لئے
SPECIFIC FOR SORE THROAT

گلے میں زخموں کا رجحان جو بار بار ہو جائیں۔ مریض کا منہ پُردرد اور بدبُودار ہوتا ہے۔ نگلنا مشکل ہوتا ہے۔ مریض بہت زیادہ سردی محسوس کرتا ہے اور اپنے آپ کو کپڑے میں لپیٹنا چاہتا ہے۔ ہیپر سلف۔

مخصوص بانجھ پن کے لئے SPECIFIC FOR SATERILITY

"آرم میوریٹیرم نیٹرونیٹم"۔

مخصوص ڈنگ کے لئے SPECIFIC FOR STINGS

"آرٹیکا یورانس"۔

مخصوص ٹیٹانس کے لئے SPECIFIC FOR TETANUS

"میگنیشیا فاس" تشنج کے لئے مخصوص دوا ہے اور اس نے شدید اور ترقی یافتہ حالتوں کو شفایاب کیا ہے۔

"ڈاکٹر گرہیم"۔

مقعد کے عُضلہ سفنکٹر کا پھیل جانا اور بواسیر کا آپریشن SPHINCTER STRETCHED DILATED AND PILES OPERATED

۱۔ پھیل جانا۔ "سٹافی سیگیریا"۔

۲۔ یوریتھرا کا پھیل جانا کتھیٹر کی وجہ سے۔ "سٹافی سیگیریا"۔

۳۔ گردنِ رحم کے پھیل جانے کے بعد۔ "سٹافی سگیریا"۔

۴۔ مقعد کے عضلہ سفنکٹر کا پھیل جانا بواسیر کے آپریشن میں۔ "سٹافی سیگیریا"۔

مقعد کو بند کرنے والے عُضلہ سفنکٹر کا آپریشن کے ذریعے پھیلانا چیرنے والے دردوں کا سبب بنے SPHINCTER STRETCHED SURGICALLY CAUSING TEARING PAINS

آپریشن کے ذریعے پھیلانا یا کھینچنا ۔ جبکہ ٹھنڈک ، سر میں اجتماع خون اور پیچھے کو جلنے والے ، پھاڑنے والے درد ، عضلہ کو پھیلانے سے یا حسّاس حصّے کو چیرنے سے پیدا ہوں تو "سٹافی سیگیریا" دوا ہوگی ۔ پھیلانے اور چیرنے والے درد مخصوص لفظ ہے ۔

مادہ تولید کا خود بخود اخراج مختلف اسباب کی وجہ سے

SPERMATORRHOEA INVOLUNTARY DISCHARGE OF SEMEN DUE TO VARIOUS CAUSES

۱۔ مشت زنی کے اثراتِ بد کے لئے
جبکہ بہت زیادہ لاغری اور آنکھوں کے گرد سیاہ دائرے ہوں ۔ چڑچڑاپن اور شرمیلاپن لڑکا اداس ہو جاتا ہے ۔ "سٹافی سیگیریا" ۔

۲۔ احتلام صبح تین بجے یا اس کے بعد ، ایستادگی کمزور اور اشتعال پذیر ، بہت زیادہ کمزوری جو تمام بداعمالیوں کے بعد ہو ۔ "کلکیریا کارب" ۔

۳۔ نظام کمزور ، ایستادگی بے قاعدہ ، جماع کے دوران مادہ منویہ کا بہت جلد اخراج ہو جانا ۔ مریض تھکا ہوا ۔ "فاسفورک ایسڈ" ۔

۴۔ خواب میں یا خواب کے بغیر اخراج ہو جائے ۔ ترقی یافتہ حالتوں میں تجویز کی جاتی ہے ۔ "کلاڈیم" ۔

۵۔ بوڑھے لوگوں کے لئے مفید ہے جو قدرتی طور پہ نامردی کا شکار ہوں "ایگنس" ۔

۶۔ مشت زنی کے اثرات بد ، سر درد ، ہاضمہ کمزور ، بار بار احتلام ۔ "نکس وامیکا" ۔

۷۔ نیند کے دوران اخراج ، صبح جاگنے پر چکر آئیں "سیلینیم" ۳۰ ہر آٹھ گھنٹے کے بعد ۔

۸۔ مادہ تولید کا ضیاع جبکہ پاخانہ لمبا اور بمشکل خارج ہو ۔ "سلیشیا" ۔

۹۔ "کونیم" مخصوص دوا ہے جبکہ رات کو قدرتی خواہش کے دب جانے کی وجہ سے احتلام ہو اور خصیوں میں دردیں ہوں ۔ ہلکے سے مذاق سے اخراج ہو جائے ۔

۱۰۔ ڈاکٹر مہندرا سرکار نے ایک سات آٹھ سال پرانا رات کے احتلام کا کیس

"پلساٹیلا" ۳۰ سے شفایاب کیا ہے جبکہ مریض بہت زیادہ مایوس تھا۔ زبان خشک کمزوری، پیاس کا نہ ہونا لیکن بھوک بہت زیادہ اور سر ہلکا۔ "پلساٹیلا"۔

ریڑھ کا سخت ہوجانا
SPINAL SCLEROSIS

ریڑھ کی الحاقی بافتوں کا گاڑھا پن اور سختی، کمر کا درد، جوڑ کمزور کولہوں کے اور ٹانگوں کے اور سُن ہونے کا احساس "اوگزانک ایسڈ"۔

ریڑھ کا سر درد کمزوری کی وجہ سے
SPINAL HEADACHE DUE TO DEBILITY

کمزوری اعصابیت کی وجہ سے اور مریض کی زیادہ ذکی الحسی کی وجہ سے جو کہ سر درد کا سبب بنے "سلیشیا" دیں جو کہ ٹانک کے طور پہ کام کرے گی۔ (ڈاکٹر ہیوجز)

ریڑھ کا ورم جبکہ پیشاب نکل جائے جس کے ساتھ نچلے اعضاء ٹانگوں وغیرہ کا فالج ہو
SPINAL INFLAMATION WHEN URINE ESCAPES WITH PARALYSIS OF LOWER EXTREMITY

۱۔ ریڑھ کے نچلے حصوں میں ورمی حالتوں میں سوجن جس میں ریڑھ کی چوٹ کے بعد دکھن کا احساس ہو اور دردوں وغیرہ کا سبب بنے۔ "کاربوانیمیلس، سلیشیا اور تھوجا" نے شفایاب کیا۔ حتیٰ کہ کئی سال پرانی تکلیف بھی شفایاب کی ہے۔

۲۔ "لیتھائیرس سٹائیوس" سخت شدہ اور اعضاء کے اکڑ جانے والے فالج اور نچلے اعضاء کے حرکی فالج کے لئے مفید دوا ہے۔

ریڑھ کی چوٹیں
SPINAL INJURIES

۱۔ چوٹ۔ "ہائپیریکم"۔
۲۔ درد اوپر کی طرف دوڑے۔ "ہائپیریکم"۔
۳۔ مقامی دُکھن۔ "ہائپیریکم"۔
۴۔ نچلے اعضاء کی ورمی حالت "کاربوانیمیلس، سلیشیا، تھوجا"۔
۵۔ ریڑھ کی بہت اوپر کے حصے کی چوٹیں۔ "ہائپیریکم"۔

۶۔ چوٹ کے بعد ورمی تبدیلیوں سے بچاتی ہے۔ "کلکیریا کارب"۔

۷۔ نشست سے اٹھنے پر درد خصوصاً پرانی چوٹ میں "رسٹاکس"۔

ریڑھ کا سخت ہوجانا اور سن ہوجانا
SPINAL STIFFNESS WITH NUMBNESS

۱۔ تمام ریڑھ کا سخت ہوجانا ریڑھ کے اندرونی طرف سرسراہٹ کمر پر سردی لگنا، رینگنے اور چیونٹیاں چلنے کا احساس، عورتوں میں رحم کے ٹل جانے کا درد جس کے ساتھ ریڑھ کی علامات ہوں۔ "اگاریکس"۔

۲۔ ہاتھوں اور پاؤں کا سُن ہوجانا، ریڑھ کے عضلات میں سختی، ریڑھ کی سوزش "فائیسوسٹگما"۔

تلی بڑھی ہوئی
SPLEEN ENLARGED

۱۔ تلی کے حصے میں گہرا درد، تلی کا بڑھ جانا اور بائیں طرف درد، جس کے ساتھ سانس کی تیزی۔ یہ اس مرض کی بہت اعلیٰ دوا ہے "سیانوتھس"۔ مدر ٹنکچر کے قطرے۔ موازنہ کریں "بربیرس، چیلیڈونیم اور کونیم" سے۔

۲۔ ملیریا کے زہریلے اثر کے بعد تلی بڑھی ہوئی۔ "ارینیا ڈیاڈیما"۔

۳۔ تلی بڑھی ہوئی، حساس اور متورم خصوصاً میعادی بخار کے بعد۔ "کیپسیکم"۔

۴۔ تلی بڑھی ہوئی اور اس کے ساتھ جگر بھی بڑھا ہوا۔ خصوصاً ملیریا کے بعد عام کمی خون اور ڈراپسی۔ "سیڈرون"۔

۵۔ ڈاکٹر برنٹ "سپرٹ گلینڈیم کیورکس" کی تلی کی دوا کے طور پہ بہت تعریف کرتے ہیں۔ خواہ حاد حالت میں ہو یا مزمن حالت میں۔ حتیٰ کہ جب ٹانگوں میں پانی پڑ جانے کی سی سوجن ہو اور عضو بڑھ گیا ہو تو یہ پیشاب کی مقدار کو بہت زیادہ بڑھا دیتی ہے۔

۶۔ بائیں طرف درد جس کو دائیں طرف لیٹنے سے آفاقہ ہو۔ "سیلا مارٹیما"۔

۷۔ تلی کے اجتماع خون، تلی کے بڑھ جانے اور ورم کے لئے "چائنا سلف"۔

۸۔ تلی کے حصے میں کاٹنے والا درد جو کولہوں تک جائے، تلی کا بڑھ جانا اور اس

حصے میں سختی کا پایا جانا۔ "گرنڈیلیا"۔

۹۔ تلی اور جگر کا بڑھ جانا جس کے ساتھ بخار پایا جائے۔ "فیرم آرس"۔
بغیر بخار کے۔ "فیرم میٹ"۔

پاؤں میں کھپچی یا کیل
SPLINTER OR NAIL INTO THE FEET

اگر مریض کا پاؤں کسی کیل پر پڑ جانے سے کیل چبھ جائے یا انگلی کے ناخن کے نیچے کھپچی چبھ جائے یا کسی حساس حصے میں کیل یا کھپچی چبھ جائے تو "لیڈم" کی ایک خوراک دیں۔ یہ ہمیشہ تشنج سے محفوظ رکھے گی۔ "لیڈم پال"۔

ریڑھ کا ورم
SPONDYLITIS

"ٹیکننتھس" ۲۰۰ طاقت میں صبح اور شام کو لینی چاہیئے۔ دوسرے دن سے "میگنیشیا فاس" ۳۰x، "کالی میورہ" ۳۰x، "کلکیریا فلور" ۳۰x ہر ایک کی چار گولیاں یکے بعد دیگرے کچھ عرصہ تک لینی چاہئیں۔

داغ، بھورے، چہرے پر، رخساروں اور ناک پر زرد زین کی شکل کا نشان
SPOTS BROWN YELLOW SADDLE ON FACE ON CHEEKS FACE AND NOSE

چہرے، چھاتی اور پیٹ پر بھورے رنگ کے نشان، رخساروں اور ناک کے اوپر کے حصے میں زرد رنگ کی زین یا چہرے پر زرد رنگ کے دائرہ نما داغ عموماً "سیپیا" سے شفایاب ہوتے ہیں۔ یہ عموماً عورتوں میں حیض یا دوسری رحم کی تکالیف کے ساتھ پائے جاتے ہیں۔ "سیپیا"۔

۲۔ تل یا داغ پر خارجی استعمال کے لئے بہت مفید دوا ہے۔ "بلیس پیریس"۔

۳۔ ہاتھوں اور بازوؤں پر بھورے داغ۔ "تھوجا"۔

موچ جوڑوں میں
SPRAIN IN JOINTS

ا[...] سختی اور کمزوری، "رسٹاکس" سے دور ہوگی

اور اس کے بعد "کلکیریا کارب" سے۔ یہ تینوں ساتھ چلتی ہیں۔

موچ زدہ جوڑوں میں دُکھن، تلوے اور ٹخنے کمزور اور ٹانگیں اُٹھنے پر جواب دے جائیں

SPRAINED JOINTS SORE, SOLES ANKLES WEAK AND LEGS GIVE OUT ON RISING

ا۔ متورم جوڑ، آسانی سے موچ آجائے اور کرسی سے اٹھنا دشوار ہو۔ "آرنیکا" عموماً موچ زدہ جوڑوں کے درد ۸۰٪ کو دور کر دیتی ہے۔ کالے اور نیلے داغ موچ زدہ حصے سے بہت ہی کم وقت میں دور ہو جاتے ہیں۔ خارجی طور پہ "بیلس" مدر ٹنکچر گرم پانی میں ملا کر پٹی کی شکل میں استعمال کرنی چاہیئے۔

ب: جب جوڑوں کے گرد سوجن اس قدر ملائم ہو کر انگلیوں کے دباؤ سے نشان پڑ جائے۔ "سمبوکس"۔

۲۔ زیادہ بوجھ اُٹھانے یا زیادہ ورزش کرنے کی وجہ سے ٹانگیں کرسی سے اٹھنے پر ساتھ نہ دیں۔ کولہے اور رانیں کمزور ہوں۔ "روٹا"۔

۳۔ ٹخنے سوجے ہوئے، ٹخنوں میں آسانی سے موچ آجائے۔ تلوے پُر درد، مشکل سے قدم رکھ سکے یا ان پہ کھڑا ہو سکے۔ "لیڈم"۔

بھینگا پن
SQUINTS

ا۔ تشنج کے نتیجہ میں ہو۔ "بیلاڈونا"۔

۲۔ دونوں آنکھوں کے اندرونی عضلات کی طاقت کے ضیاع کی وجہ سے۔ "ایلومینا"۔

۳۔ کیڑوں کی علامت کے ساتھ ہو۔ "سائنا"۔

۴۔ دونوں آنکھوں کا اندرونی رابطہ نہ ہونے کی وجہ سے کسی چیز پہ نظر نہ جم سکے۔ "جیلسی میم"۔

۵۔ اگر آنکھوں کے فعل میں انٹی ٹاکسین ڈرگز کے اثرات مابعد کے طور پہ بے ربطی یا بھینگا پن ہو۔ "ڈفتھیرینم" ایک ہزار طاقت میں۔

لکنت جس کے ساتھ بات چیت میں رکاوٹ ہو، زبان بھاری اور مختلف الفاظ واضح نہ ہو سکیں
STAMMERING WITH EMBARRASSING SPEECH HEAVY TONGUE CERTAIN LETTERS NOT PRONOUNCED

ا۔ "سٹرامونیم" چھ گھنٹے کے وقفے سے دیں۔

ب: ا۔ بچوں کی لکنت میں۔ "بووسٹا"

۲۔ اگر "سٹرامونیم" ناکام ہو جائے تو "ہائیوسائمس" چھ گھنٹے کے وقفے سے دیں۔ یہ دونوں دوائیں کافی عرصہ تک استعمال کرنی چاہئیں۔

۳۔ اگر الفاظ کو نگل کر بولے، بات چیت میں رکاوٹ ہو۔ "سائیکیوٹا وائی روسا"

۴۔ بچپن سے لکنت ہو یا جوش سے یہ حالت ہوئی ہو یا جوش یا پریشانی سے اس میں اضافہ ہوتا ہو۔ جب بات کرتا ہو تو منہ اور زبان کانپے۔ "کاسٹی کم"

۵۔ اگر زبان کے بھاری پن کی وجہ سے لکنت ہو۔ "نیٹرم کارب"

۶۔ مختلف الفاظ اور حروف کی ادائیگی میں مشکل اور لکنت الفاظ یا حروف واضح نہ ہو سکیں مثلاً ر، ڑ، ڈ، س وغیرہ۔ "لیکیس"

بڑبڑانا، بچے کا بخار میں
STARTLING OF CHILD IN FEVER

بچہ بخار کی حالت میں بڑبڑا کر اُٹھے زرس سے چمٹے اور کراہتا ہوا، جیسا کہ وہ گرنے سے خوفزدہ ہو تو مفید دوا ہے۔ "جیلسی میم"

STEALING HABIT AND TENDENCY چوری کرنے کی عادت اور رجحان

ا۔ جنون میں چوری کرنے کی عادت۔ "سٹرامونیم"

۲۔ چوری کرنے کا عام رجحان پایا جائے۔ "سٹافی سیگریا"

بانجھ پن، عورتوں میں اور بانجھ پن مردوں میں STERILITY

BARRENNESS IN FEMALE AND STERILITY IN MALES

ا۔ ۱۔ جب کوئی عضوی خرابی نہ معلوم ہو سکے جس کے ساتھ ناامیدی، حیض بہت کم دیر سے یا دبا ہوا ہو۔ "آرم میٹ"۔ موازنہ کریں "ایگنس" سے۔

۲۔ جب رحم کی کمزوری کی وجہ سے۔ "الیٹرس فری نوسا"۔ موازنہ کریں۔ "سینی شیو" سے۔

۳۔ حیض کی بے قاعدگی جس کے ساتھ لیکوریا اور قبض ہو۔ "سیپیا"۔ موازنہ کریں "بوریکس" سے۔ جبکہ حیض بہت جلد ہو، متلی اور معدے میں درد ہو۔ حاملہ ہونے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔

۴۔ جب بہت زیادہ اور قبل از وقت حیض کی وجہ سے ہو۔ "کلکیریا کارب"۔

۵۔ پستانوں اور بیضہ دانیوں کی نشو نما نہ ہونے کی وجہ سے۔ "آیوڈیم"۔

۶۔ عورتوں میں بانجھ پن بہت زیادہ جنسی خواہش کے ساتھ۔ "پلاٹینا"۔

۷۔ ڈاکٹر رائے بہادر بشمبر داس کے مطابق بانجھ پن کے لئے "سیپیا" اعلیٰ دوا ہے اس میں ماہواری کی بے قاعدگی لیکوریا اور قبض پائی جاتی ہے۔

۸۔ ڈاکٹر رائے بہادر بشمبر داس "آرم میور نیٹر ونیٹم" کو بانجھ پن کی مخصوص دوا بتاتے ہیں۔ یہ بیضہ دانیوں کے زخموں اور ورم کو شفایاب کرتی ہے۔ نیز اسقاط حمل کی عادت اور رحم کے ٹل جانے کو قابو میں رکھتی ہے۔ اس کو 2X طاقت میں دینا چاہیئے۔

ب: ۱۔ بانجھ پن مردوں میں۔ عرصہ سے جنسی طاقت کا فقدان، جنسی طاقت کا ضائع ہو جانا، کثرت جماع اور جنسی بداعتدالیوں کی وجہ سے۔ مادہ منویہ پتلا اور بے بُو جنسی اعصاب کی طاقت کا ختم ہو جانا یا کمزور پڑ جانا۔ جماع کی کوشش پر خصیے ڈھیلے پڑ جائیں "سیلینیم"۔ چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ نامردی، مادہ منویہ کا خود بخود نکل جانا۔ اخراج بہت جلد، جماع کے دوران اینٹھن

مشت زنی کے اثرات ، اعضاء کو استعمال کرنے سے مایوسی۔ "بیوفو" ۲۰۰ رات کو اور صبح کے وقت۔

ج : جب بیضہ دانیوں میں نقص ہو، حیض کم ہو اور پستانوں میں درد ہو، تو مفید ہے۔ "کونیم"۔

۲۔ جب بہت زیادہ لیکوریا موجود ہو۔ "بوریکس"۔

۳۔ بانجھ پن کی ضدی قسم کی حالتوں میں "نیٹرم کارب" کے متعلق غور کرنا چاہیئے (ڈاکٹر ٹمور)

۴۔ ڈاکٹر رومل "فاسفورس" کی سفارش کرتے ہیں جو کہ مرد اور عورت کے اعضاء کے بانجھ پن سے حقیقی تعلق رکھتی ہے۔

۵۔ ڈاکٹر بورک علامات کے مطابق "ایگنس اور نیٹرم میور" کی سفارش کرتے ہیں۔

۶۔ مرد میں جنسی طاقت کا نہ ہونا اور عورت میں بانجھ پن اور رحم کا ڈھیلا پن ہونا "یوپے ٹوریم پرفولی ایٹم"۔

گردن کا سخت ہونا، اکڑ جانا، حرکت کرنے پر موچ آنا اور گنٹھیا وی درد

STIFF NECK SPRAINING ON MOVING AND RHEUMATIC PAINS

۱۔ سرد اور مرطوب موسم سے ، غیر آرام دہ حالت میں سر رکھ کر لیٹنے سے پشتِ گردن میں درد ۔ "ڈلکا مارا" ایک گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ گردن میں سختی ، حرکت دینے پر موچ آجائے۔ سر ایک طرف کو گھوم سکے ۔ "لیکنتھس"۔

۳۔ سر اور گردن میں کھچاؤ ، گردن اور کمر کے عضلات میں گنٹھیا وی درد اور سختی ہو۔ "اکٹیا ریسی موسا"۔

۴۔ ہوا کے جھونکے یا سردی سے پشت گردن میں چیرنے والا درد ، گردن پُر درد اور سخت ، حرکت کرنے پر اضافہ ، درد گردن سے کندھوں تک جائے۔ "اکونائٹ یا

بیلاڈونا" اس پہ قابو پالیں گی۔

ڈنگ اور ان کے اثراتِ بد STINGS THEIR BAD EFFECTS

ڈنگ لگنے اور جانوروں کے کاٹنے کے اثراتِ بد۔ "لیٹک ایسڈ"۔

ڈنگ شہد کی مکھیوں، بچھوؤں اور بھڑ کے STINGS OF BEES, SCORPIONS AND WASPS

خارجی طور پہ ان کا علاج " ایپس ملی فیکا، مدر ٹنکچر کو پانی میں ملا کر محلول کی شکل میں لگانے سے کرنا چاہیئے اور اندرونی طور پہ " ایپس "۳۰ دینی چاہیئے (ڈاکٹر لائیر) بچھو کی خارش کے لئے "لیڈم" ۲۰۰۔ ہر پانچ منٹ بعد چھ چھوٹی گولیاں اس وقت تک دیں جب تک کہ ڈنگ لگنے کے سے درد ختم نہ ہو جائیں۔

ڈنگ زہریلے کیڑوں کے STINGS OF VONOMOUS INSECTS

" آرسینکم البم "۔

معدے کا پھولنا، بڑھ جانا STOMICH DILATATION ENLARGE-MENT

معدے کا پھول جانا اور معدے کی مزمن خرابیوں میں " ہائیڈراسٹینم میوریٹیکم "۔ اس کو مقامی طور پہ منہ کے چھالوں، منہ کے زخموں، گلے کی دکھن اور اس کے زخموں ناک کی بتوڑی وغیرہ میں استعمال کرنا چاہیئے۔

معدے سے ڈکاریں جلن کے ساتھ اور زبان سفید STOMACH ERUCTATIONS (BELCHING) WITH BURNING AND WHITE TONGUE

ا۔ فم معدہ میں دھڑکن جس کو دیکھا اور چھوا جا سکے۔ معدے سے ہوا کے اونچے ڈکار، معدے کی تشنجی سکڑن، معدے کے پیچھے دباؤ اور جلن، بتوڑے

تھوڑے وقفہ کے بعد ٹانکے لگنے کے سے درد جو اندر سے باہر کی طرف آئیں "ایسا فوٹیڈا"

۲۔ ہوا اور مائع کے ڈکار جن کے ساتھ کھائی ہوئی غذا کا ذائقہ ہو اور کلیجے کی جلن پائی جائے۔ زبان سفید۔ "انٹی مونیم کروڈم"

معدے میں رات کے وقت کھانے کے لئے غشی کا احساس

STOMACH FAINTING FEELING AT NIGHT TO EAT

۱۔ معدے میں غشی کا احساس اور اس وقت ضرور کچھ نہ کچھ کھانا چاہیے۔ رات کو کھانے کے لئے جاگ اُٹھے۔ "فاسفورس"

۲۔ معدے اور آنتوں کی تکالیف کے لئے۔ "پٹروسیلینم"

معدے میں شدید بھوک جو مریض کو کھانے کے لئے زور دے جبکہ دودھ اسہال کا سبب بنے

STOMACH GNAWING AND FORCING PATIENT TO EAT WHILE MILK CAUSING DIARRHOEA

معدے کے متعلق اہم علامات خصوصی طور پر خالی پن کا احساس یا شدید بھوک ہے۔ مریض شدت کے شروع ہونے پر فوراً کچھ نہ کچھ کھانا چاہتا ہے۔ مفید دوا ہے۔ "سیپیا"

۲۔ دودھ سے اسہال ہو جاتے ہیں۔ معدے میں کھانے سے آفاقہ ہوتا ہے بھوک مریض کو کھانے کے لئے بستر سے باہر نکلنے پر مجبور کر دے "نیٹرم کارب"

معدے کے درد کو کھانے سے آفاقہ ہو

STOMACH PAIN-RELIEF BY EATING

ا۔ درد جس کو بعض اوقات کھانے سے آفاقہ ہوتا ہے۔ مفید ہے "اناکارڈیم"

ب: معدے میں درد کے لئے "بیلاڈونا" ۲۰۰ پانی میں ملا کر ہر پانچ منٹ بعد دیں۔

معدے میں ڈوبنے کا احساس جس کے ساتھ قے، درد اور ریاح ہو
STOMACH SINKING SENSATION WITH VOMITING PAIN AND FLATULENCE

۱۔ معدے میں کمزوری، خالی پن اور ڈوبنے کا احساس جس کے ساتھ گیارہ بجے بھوک لگے۔ "سلفر"

۲۔ قے، فم معدہ میں درد اور ریاح۔ "کاربالک ایسڈ" ۳ دو گھنٹے کے وقفے سے۔

مثانے میں پتھری اس سے احتیاط اور اس کا اخراج اور مثانے کی تکالیف یا ورم جزدی فالج کے ساتھ
STONE ITS PREVENTION AND EXPULSION IN BLADER AND DERANGEMENTS OR INFLAMATION WITH PARTIAL PARALYSIS

ا : ۱۔ مثانے کی گردن پر ہیجان پیشاب کا ٹپکنا، پیشاب کا رک جانا، پیشاب سرخ اینٹ کی رنگت کے اجزا یا پیشاب خون آمیز۔ "ٹنکس وامیکا" حملہ کے دوران "کینتھرس" سے موازنہ کریں۔

۲۔ پیشاب میں پتھریوں اور ریت کو خارج کرنے کے لئے "ویزیکیریا" کی سفارش کی جاتی ہے۔ ڈاکٹر لیوری "ڈلکامارا، ہائیڈراسٹس، سلفر اور کلکیریا کارب" کی سفارش کرتے ہیں۔

۳۔ پتہ کی پتھریوں کے بننے سے بچاؤ کے لئے "چیونتھس" طاقتور دوا ہے اور بنی ہوئی پتھریاں خارج کر دیتی ہے۔

ب: مثانے کی خرابیاں یا ورم سردی، محرکات اور مشینی چوٹ یا زخم کی وجہ سے ہوں۔

۱۔ اگر بخار ہو، جلد خشک اور گرم ہو۔ "اکونائٹ"۔

۲۔ پیشاب بہت کم آئے ۔ "کینتھرس یا پلساٹیلا"

۳۔ اینٹھن ۔ "ڈیجی ٹیلس ، ہائیوسائمس"

۴۔ بلغم کا اخراج ۔ "پلساٹیلا ، ڈلکامارا"

۵۔ مزمن صورت ۔ "ڈلکامارا ، ہائیڈراسٹس"

۶۔ پتھریوں کو تحلیل کرنے کے لئے ۔ "لیتھئم کارب" 2x سے ۳۰ طاقت تک چار مرتبہ روزانہ۔

۷۔ مثانے کے جزوی فالج کے لئے جس کے ساتھ سفنکٹر کی تشنجی حالت ہو۔ "اوپیم" دیں۔

منہ کی نرم نسیجوں کا ورم
STOMATITIS

۱۔ بہت زیادہ شدید چھالوں والے ورم کے لئے ۔ "نائیٹرک ایسڈ"

۲۔ منہ میں بہت زیادہ دکھن کا احساس ، زبان کی سرخی ، زبان کی نوک اٹھی ہوئی ، ہونٹ اور منہ کے کنارے پھٹے ہوئے ناک زخمی "آرم ٹرائی فیلم"

۳۔ جب پارے کی وجہ سے ہو۔

I۔ "نائیٹرک ایسڈ" ۶ دو گھنٹے کے وقفے سے۔

II "ہیپر سلف" ۶۔ دو گھنٹے کے وقفے سے۔

گردے میں پتھری اذیتناک دردوں کے ساتھ
STONE IN KIDNEY WITH AGONISING PAIN

۱۔ مثانے میں شدید چبھن دار درد جو گردے سے یوریتھرا تک جائے جس کے ساتھ پیشاب کرنے کی حاجت پائی جائے۔ "بربیرس ولگیرس" یہ گردے کے درد کی اعلیٰ دوا ہے۔

۲۔ اذیت ناک درد پیچ و تاب کھائے ، کراہے اور چیخے ، پیشاب سرخ جس میں اینٹ کو ریت کی مانند اجزا پائے جائیں ۔ "اوسی مم کینم"

۳۔ اینٹھن والے دردوں سے لوٹ پوٹ ہو جائے اور گھومے پھرے۔ "ڈائسکوریا"۔

۴۔ پیشاب کر چکنے کے فوراً بعد کیچڑ کی مانند گندا ہو جائے۔ پیشاب کے خاتمے پر شدید درد، سفید ریت ملا، کم مقدار میں، کیچڑ نما، گارے کی مانند پیشاب، مثانے میں پیشاب کی بے سود حاجت کا قائم رہنا۔ "سارساپریلا"۔

ب: "کارڈوس میریانس" مزید پتھریوں کے بننے سے بچانے میں کافی شہرت حاصل ہے۔

۵۔ جب تمام ادویہ ناکام ہو جائیں تو "پریرا بریوا" مدر ٹنکچر گرم پانی میں پانچ قطرے کی خوراکوں میں ہر آدھے گھنٹے بعد دینی چاہیئے۔

۶۔ بچاؤ کے لئے جبکہ پیشاب میں پتھریاں خارج ہوں۔ کمر اور کولھوں میں درد ہو تو "بربیرس ولگیرس" چھ گھنٹے کے وقفہ سے۔

۷۔ نیچوں میں "یورک ایسڈ" کے جمع ہونے کا رجحان۔ "ارٹیکا یورنس"۔

ج: ۱۔ گردے کے درد کے دورے کے دوران ڈاکٹر فرنگٹن "کنتھرس" کے عمدہ دوا ہونے کی سفارش کرتے ہیں کیونکہ یہ مقامی سوزش کو دور کرتی ہے۔ جبکہ ڈاکٹر جوسٹ کا خیال ہے کہ یہ اس وقت واضح دوا ہوتی ہے جبکہ پیشاب میں خون کی زیادہ مقدار خارج ہو اور اعضائے تولید اور پیشاب کے اعضاء میں ورم ہو۔ جب "کنتھرس" ناکام ہو گئی ہو تو ڈاکٹر پرسٹمں "ارجنم نائیٹریکم" کے استعمال کی سفارش کرتے ہیں جبکہ کمر کے گرد اور مثانے کے حصے کے اوپر سخت درد ہو، پیشاب جلے اور یوریتھرا متورم ہو۔

۲۔ گردے سے مثانے میں پتھری کے اخراج کے لئے ڈاکٹر جیکب جینز "اپومیا" کی سفارش کرتے ہیں۔

۳۔ ڈاکٹر ہیمپل نے گردے کے درد کے بہت سے مریضوں کو "کوکس کیکٹائی" سے شفایاب کیا ہے۔

۴۔ پیشاب میں کافی مقدار میں خون آئے تو بہت مفید دوا ہے۔ "اوسی مم کین"۔

گردے یا پتے کی پتھری کا گزرنا درد کا سبب بنے
STONE ITS PASSING CAUSING PAIN

جب گردے یا پتے کی پتھری کے نکلنے کے ساتھ درد ہو تو "کلکیریا کارب ۳۰" طاقت میں بار بار دوہرانے سے درد کو آفاقہ ہو جائے گا۔

بچوں میں پاخانہ نادانستہ طور پر خارج ہو جائے اور اس کو نگلنے کی خواہش ہو
STOOL INVOLUNTARY IN CHILDREN AND CRAVING TO SWALLOW IT

۱۔ پاخانہ کا نادانستہ اخراج۔ حتیٰ کہ سخت پاخانہ بھی بچے قالین یا دری پر کر دیں اور ان کو پتہ بھی نہ ہو کہ انہوں نے ایسا کیا ہے۔ "ایلو"

۲۔ اپنا پاخانہ نگلنے کی یا پیشاب یا مینگنی جو گلی میں پڑے ہوں نگلنے کی خواہش کیسے ایسا بعض اوقات مزمن مریضوں میں ہوتا ہے جو کہ ذہنی یا داشت کھو چکے ہوں۔" وریٹرم البم"

بچے نومولود کی ناک کا بند ہو جانا
STOPPAGE OF NOSE OF NEW BORN

۱۔ "نکس وامیکا" عمدہ دوا ہے اگر شکایت پھر بھی جاری رہے تو پھر "سمبوکس" دیں۔

۲۔ ناک اندر سے بھری ہوئی ہو اور بچہ سانس لینے کے لئے منہ کو کھلا رکھتا ہو اور سو نہ سکے۔ عرصے سے متواتر نزلہ ہو۔ "امونیم کارب"

عضلات اور بندھنوں کی کمزوری اور کھچاؤ
STRAINS AND WEAKNESS OF MUSCLES TENDON

"رسٹاکس، آرنیکا" کے بعد عضلات کی دردوں کو اور بندھنوں (پٹھوں) کے کھچاؤ اور کمزوری کو دور کرنے میں بہتر کام کرتی ہے

ہرنیا آنتوں کے ایک دوسری میں اُلجھ جانے کے ساتھ
STRANGULATED HERNIA

آنت کے ایک حصّے کا دوسرے حصّے میں پھسل جانا۔ خالص چمکیلے خون کا اخراج، بلغم کا اخراج پاخانہ کی بے سود حاجت کے ساتھ، درد کو آرام پہنچانے کے لئے "اکونائٹ" دیں۔ (ڈاکٹر شیفرڈ)

پیشاب کا درد کے ساتھ آنا، پیشاب قطرہ قطرہ خارج ہو اور پیشاب مثانے کے فالج کی وجہ سے رُک جائے
STRANGURY
PAINFUL URINATION THE URINE BEING VIODED DROP BY DROP AND URINE RETAINED DUE TO PARALYSIS OF BLADDER

۱۔ مثانے میں شدید درد، جس کے ساتھ بار بار پیشاب کرنے کی حاجت پائی جائے۔ کاٹنے والے درد، پیشاب قطرہ قطرہ خارج ہو جس کے ساتھ شدید درد ہو۔ "کینتھرس"۔

۲۔ پیشاب کرتے وقت جلن اور شدید درد، پیشاب سرخ، بھورا، سیاہی مائل یا دیکھنے میں دھوئیں کی مانند، گردے اور مثانے کی تکالیف میں کمر میں بہت زیادہ درد "ٹیری بن تھینا"

۳۔ خصوصاً عورتوں میں۔ "کوپائیوا" آدھے گھنٹے کے وقفہ سے۔

۴۔ شدید دردوں کے لئے متواتر پیشاب کرنے کی حاجت، پیشاب سیاہی مائل سرخ اور بدبودار۔ مفید دوا ہے۔
"مرکیوریس سالو بلیس"

۵۔ جب پیشاب فالج کی کسی قسم کی وجہ سے رُکا ہوا ہو۔ "ہیلی بورس، نکس وامیکا اور آرسینکم البم"

دھاریاں سُرخ اور نیلی
STREAKS RED AND BLUE

۱۔ بدنما داغ، سرخ لکیریں اور دھاریاں جو ٹانگوں اور بازوؤں تک پھیلیں "ہائیپریکم"۔

۲۔ نیلگوں سرخ دھاریاں اوپر کو بازوؤں اور بغل تک پھیلیں اور نیچے ٹانگوں تک۔ "مائیر سٹیکا"۔

پیشاب کی نالی کا پھیلنا اور کیتھیٹر کے دردوں کو دور کرنے والی
STRETCHES AND REMOVER OF CATHETER PAINS

۱۔ جب یوریتھرا کو پتھری کے خارج کرنے کے لئے یا بوگیز اور کیتھیٹر کے استعمال سے پھیلایا گیا ہو، گردن رحم کھلا کیا گیا ہو یا مقعد کے بند کرنے والے عضلہ کو بواسیر کے علاج کے لئے کھلا کیا گیا ہے تو یہ دوا مابعد کی تکالیف اور مشکلات دور کر دے گی۔ "سٹافی سیگیریا" آپریشن کے بعد یہ پھیلاوٹیں بہت بے سکونی کا سبب بنتی ہیں جن کے ساتھ بہت زیادہ درد ہوتا ہے۔ نزع کی سی حالت کی علامات ٹھنڈے پسینہ کا سبب بنتی ہیں۔ ایسی علامات کو بھی "سٹافی سیگیریا" سے ہی دور کیا جاتا ہے۔

۲۔ اگر کیتھیٹر گزارنے میں دشواری ہو تو اس کے گزارنے سے فوراً قبل "اکونائٹ" کی ایک خوراک دینے سے درد سے بچاؤ ہو جائے گا۔ (ڈاکٹر کلارک)

پیشاب کی نالی کی سُکڑن، کیتھیٹر داخل کرنے کی نااہلیت اور اس نااہلیت کو دور کرنا
STRICTURE INABILITY TO PASS SOUND AND REMOVAL OF THIS INABILITY

ڈاکٹر بوکوڈنز کا دعویٰ ہے کہ اگر کوئی اس قابل نہ ہو کہ محفوظ طریقے سے کیتھیٹر داخل کیا جا سکے تو یوریتھرا میں "لوبیلیا" مدرٹنکچر کا انجکشن دینا چاہیئے۔ جس کو کچھ دیر تک اس میں روکا جائے تو یہ اس مشکل کو آسان بنا دے گی۔

پیشاب کی نالی میں سکڑن
STRICTURE OF URETHRA

پیشاب کا اخراج درد میں یا بڑبڑاہٹ کے ساتھ یا مریض کو پیشاب کرنے کے قابل ہونے کے لئے کافی دیر انتظار کرنا پڑے، پیشاب گدلا اور دودھ کی مانند یا سیاہ اور اخراج بہت کم۔ مثانے کو مکمل طور پر خالی کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ "کلیمیٹس"

غشی
STROKES

نیم آگاہی، آفسردگی اور پوری توجہ دینے کی نااہلیت مریض اعصابی اور چڑچڑا، پہلے "اوپیم" دیں اور اس کے بعد "سائیکوٹا"

پیشاب کی نالی سکڑنے سے بچاؤ
STRICTURE PREVENTION

"کلیمیٹس اریکٹا" سوزاک کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔ پیشاب کے سست یا رُک رُک کر خارج ہونے نالی کے سکڑنے کی علامت پر اگر یہ دوا ابتدا میں اونچی طاقت میں دی جائے تو یہ اس کو سکڑنے سے محفوظ رکھے گی۔

ٹنڈ کا اعصابی درد
STUMPS NEURITIS

یہ جراحت کے اعصابی درد کے لئے بہت حیرت انگیز اثرات کی حامل ہے جو کہ کسی عضو کے جراحت کے ذریعے کاٹ دینے کے بعد اس کے باقی رہنے والے حصے یعنی ٹنڈ میں یا شدید چوٹ کے بعد ہوتے ہیں۔ درد عموماً ناقابلِ برداشت ہوتے ہیں۔ "ایلیم سیپا"

مدہوشی بچے کی جس کے ساتھ چہرہ سرخ ہو
STUPOR OF CHILD WITH RED FACE

اگر بچہ اچانک تکلیف محسوس کرے جس کے ساتھ چہرہ سرخ اور آنکھوں میں سرخی ہو۔ نیم بے ہوشی کے عالم میں ہو، نیند میں بڑبڑائے اور تشنج ہونے لگے تو "بیلاڈونا" ایسی حالت کو دور کرنے میں حیرت انگیز اثرات کی حامل ہے۔

مدہوشی اچانک ابھاروں والے بخار میں
STUPOR SUDDEN IN ERUPTIVE FEVER

متواتر خواب کی سی حالت جبکہ جاگ رہا ہو، بچہ ہمہ وقت رو رو کر شکایت کرے یا چلائے، پتلیاں پھیلی ہوئیں، منہ اور ناک سے گندی بو آئے، بہت زیادہ کمزوری۔ بیماری کا آغاز عموماً اچانک ہوا کرتا ہے اور ڈفتھیریا، چیچک اور خسرہ وغیرہ میں اچانک ہی شدید حالت ہو جاتی ہے۔ "ایلنتھس"۔

گوہانجنیاں آنکھوں کے کنارے چپکے ہوئے
STYES MARGINS AGGULINATED EYES

پپوٹوں میں۔ پپوٹے رات کو چپک جائیں، کناروں پر خشک کھرنڈ جو پپوٹوں پر گانٹھیں بنائیں۔ "تھوجا"۔

گوہانجنیاں نچلے پپوٹوں پر
STYES ON LOWER LIDS

گوہانجنیاں مزمن خصوصاً بچوں میں جو چھوٹی چھوٹی گانٹھیں چھوڑ جائیں۔ خصوصاً نچلے پپوٹوں پر لیکن دونوں پپوٹوں پر بھی، "سٹافی سیگیریا" بہت مفید ہے۔

گوہانجنیاں کناروں پر اور ان کی محافظ
STYES MARGINS AND THEIR PROPHYLACTIC

ا۔ مزمن حالتوں کے لئے اور بار بار ہونے کے رجحان کے لئے مفید دوا ہے۔ "ہیپر سلف"۔

ب: گوہانجنیوں کے لئے محافظ دوا "سٹافی سیگیریا" ہے۔

گوہانجنیاں، کناروں میں خارش ہو
STYES MARGINS ITCHING

بار بار نکلنے والی گوہانجنیاں پپوٹوں کے کناروں پر خارش کے لئے مفید دوا ہے۔ "سٹافی سیگیریا، سلیشیا"۔

گوہانجنیاں اوپر کے پپوٹوں پر
STYES UPPER LIDS

خصوصاً اوپر کے پپوٹوں پر جو چربیلی اور مرغن غذا کھانے سے ہوں۔ یہ ہر قسم کی گوہانجنیوں کے لئے مرض کی ہر نوعیت میں مخصوص دوا ہے "پلساٹیلا"

غیر متوقع طور پہ علامات کا اظہار اور اندھاپن
SUDDEN APPEARANCE OF SYMPTOMS AND BLINDNESS

۱۔ "مرکیورس کار" میں بہت شدید علامات پائی جاتی ہیں جو کہ اچانک اور خوفناک طور پہ ظاہر ہوتی ہیں۔

۲۔ اچانک اور غیر متوقع اندھاپن۔ "اکونائٹ"

غیر متوقع طور پہ اچانک بچوں میں بیماری کا اظہار
SUDDENNESS OF DISEASE IN CHILDREN

اگر بیماری اچانک اور بہت زیادہ شدت کے ساتھ شروع ہو۔ سرخی، سوجن اور درد موجود ہو تو "بیلا ڈونا" دوا ہوگی۔ لہٰذا اگر بچہ اچانک بیمار ہو جائے۔ چہرہ سرخ، آنکھوں میں سرخی اور نیم بے ہوشی کی حالت ہو، نیند سے بڑبڑا کر اٹھے اور تشنج میں مبتلا ہو جائے تو "بیلاڈونا" معجزہ نما اثرات کی حامل ہے یہ بچوں کی بیماریوں میں اعلیٰ دوا ہے۔ "بیلاڈونا"

غیر متوقع طور پہ یادداشت کا اچانک ضائع ہو جانا
SUDDEN LOSS OF MEMORY

ایک لمحہ پہلے جو چیزیں اس کے ذہن میں تھیں بھول جائیں۔ بھول جانے والا جیسا کہ وہ خواب میں ہو۔ ہر چیز اس کو خواب محسوس ہو۔ مریض ہمیشہ اپنے اس بھول جانے کے لئے پریشان رہتا ہے "اناکارڈیم"

بچوں میں دانت نکالنے کے دوران موسم گرما کی شکایات

SUMMER COMPLAINTS OF CHILDREN DURING DENTITION

دانت نکالنے کے دوران، لرزہ، ذہنی کوفت، چلانا، بے سکونی اور بے اطمینانی کا اظہار "ایتھیوزا سائی نیپیم" دانت نکالنے کے دوران بچوں کی بیماریوں میں موسم گرما کی شکایات میں جبکہ اسہال کے ساتھ ہوں۔ مفید دوا ہوتی ہے۔ اس کی اہم علامت دودھ کو ہضم کرنے کی صلاحیت کا نہ ہونا اور دوران خون کی کمی ہے۔ دودھ اسہال کا سبب بنتا ہے۔ "ایتھیوزا سائی نیپیم"

موسم گرما کے اسہال جو زیادہ کھانے کی وجہ سے ہوں

SUMMER DIARRHOEA DUE TO OVER EATING

صبح کے وقت جاگنے پر پہلی حرکت سے اضافہ اور عموماً موسم گرما میں زیادہ کھا جانے کی وجہ سے ہوں۔ قبض اس دوا کی اہم خصوصیت ہے۔ یہ عموماً غذا کی بداعتدالیوں کی وجہ سے ہوتی ہے اور خصوصاً جب سردی کے بعد موسم گرما کا آغاز ہو، اس وقت ہوتی ہے "برائی اونیا" موازنہ کریں "نکس وامیکا" کے اسہال سے۔ یہ بھی صبح کے وقت زیادہ ہوتے ہیں اور عموماً زیادہ کھا جانے کے سبب ہوتے ہیں اور پیچش کی نوعیت کے ہوتے ہیں۔ ان کا سبب متواتر زیادہ کھاتے رہنے اور ورزش کی کمی، سستی، ادویہ کا بے جا استعمال تمباکو، کافی یا الکوحل کا بے تحاشا استعمال وغیرہ ہیں "پلساٹیلا" کے اسہال عموماً رات کے وقت زیادہ کھا جانے کی وجہ سے ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ آنتوں میں بہت زیادہ گڑگڑاہٹ ہوتی ہے یہ زیادہ مرغن غذا، پیسٹریاں، چربیلی غذائیں اور بہت زیادہ آئس کریم کھانے سے ہوتے ہیں۔

انگوٹھا چوسنا

SUCKING OF THUMB

بچہ اپنا انگوٹھا چوستا ہو اور اپنے

ناخنوں کو دانتوں سے کاٹتا ہو، کیڑوں، پرندوں اور چھوٹے جانوروں سے ڈرتا ہو
ہر ہفتے "ینڑم میور" ...۱ دیں۔

بچہ ماں کا دودھ پینے کی طرف مائل نہ ہو
SUCKING DISINCLINATION

۱۔ جب بچہ ماں کا دودھ پینے سے انکار کرے جبکہ پیدائش کے چند گھنٹے بعد ہی پلایا جا رہا ہو تو "سائنا" ۲۰۰ طاقت میں ایک خوراک دینی چاہیئے۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو "مرک سال" چھٹی طاقت میں دیں۔

۲۔ جب بچہ ماں کا دودھ بخوشی قبول کرے لیکن پینے کے فوراً بعد دودھ باہر نکال دے "سیلیشیا"

خودکشی
SUICIDE

مریض قنوطیانہ حالت میں ہمیشہ خودکشی کرنے کا رجحان رکھتا ہے۔ وہ ہمیشہ موت کا خیال کرتا ہے خودکشی کے متعلق سوچتا ہے اس کو زندگی سے کوئی پیار نہیں ہوتا اور اس کو فضول سمجھتا ہے۔ "آرم میٹ"

خودکشی کے خیالات مزاج کے بگاڑ کے ساتھ
SUICIDAL THOUGHTS WITH BROKEN DOWN CONSTITUTION

مایوسی، پریشانی، خوف، چڑچڑاپن اور خودکشی کے خیالات ایسے لوگوں میں جو جنسی زیادتیوں اور بدفعلیوں کی وجہ سے اپنی جسمانی طاقت کھو بیٹھتے ہیں۔ جنسی کمزوری ہو تو "اگنس کاسٹس" دیں۔

سورج کی شعاعوں سے جلنا
SUN BURN

جب ننگے حصے سورج کی شعاعیں پڑنے سے پُر درد ہو جائیں تو ان کو دوا "کیلن ڈولا" سے دھوئیں۔ اگر ضرورت ہو تو اس میں تھوڑا سا پانی ملالیں۔

سورج کی شعاعوں سے سر درد
SUN HEADACHE

سورج کی گرمی میں سر ننگا رہنے سے سر میں درد۔ جب بھی مریض تھوڑے سے وقت کے لئے سورج کی گرمی میں ننگا رہے تو اس کے سر میں شدید درد ہو جائے "ملیکیس"۔

لُو لگنا جس کے ساتھ تنفس میں دقت اور اس سے بچاؤ
SUN-STROKE WITH LABOURED RESPIRATION AND ITS PREVENTION

ا۔ چہرہ سرخ، آنکھیں ایک جگہ ٹک جائیں۔ زبان سفید، سانس لینے میں دقت، درجہ حرارت اُونچا اور بسا اوقات اس کے ساتھ بے ہوشی بھی ہوتی ہے۔ شدید سر درد، جبڑے بھینچے ہوئے، خود بخود ڈکاریں آئیں "گلونائن" ہر پانچ منٹ کے وقفہ سے اور بعد میں لمبے وقفے سے۔

ب: لُو لگنے کے لئے "نیٹرم میور" ایک عمدہ دوا ہے۔

۲۔ حرارت کی بہت زیادہ تمتماہٹ ہو۔ ہاتھوں، پاؤں، ٹانگوں اور بازوؤں وغیرہ میں حرارت کی لہر کا دوڑنا، خون کا سر کو اور چہرے کو چڑھ جانا، تمام جسم میں زور دار دھڑکن "ایمائیل نائیٹریٹ"۔

۳۔ چہرہ پر خون، آنکھیں سُرخ، تیز دھڑکن دار سر درد جس کے ساتھ بہت تیز بخار ہو۔ "بیلا ڈونا"۔

۴۔ لُو لگنے سے بچنے کے لئے "جیلسیمیم" بہت اعلیٰ دوا ہے۔

لُو لگنا جس کے ساتھ درد اور ذہنی سُستی پائی جائے
SUN STROKE WITH PAIN MENTAL SLUGGISHNESS

ا۔ پشت سر میں کاٹنے والے درد جو ریڑھ تک جائیں۔ ذہنی سُستی، گردن کی پشت میں دھڑکن دار درد، آنتیں قابض۔ "نیٹرم میور"۔

۲۔ سانس بمشکل یا رکا ہوا، چہرہ پھولا ہوا۔ "اوپیم"۔

۳۔ حالت نزع کے لئے "کیمفر"۔

۴۔ متلی اور قے کے لئے۔ "سلیشیا اور تھریڈین"۔

دودھ کا دب جانا جذباتی خلل کی وجہ سے
SUPPRESSION OF MILK DUE TO EMOTIONAL DISTURBANCES

ا۔ ہلکی سی پریشانی اور جذباتی ہیجان دودھ کے دب جانے کا سبب بنے "ڈاکٹیاریسی موسا" مفید ہے۔

۱۔ اگر دودھ کا دب جانا غصے کا دورہ پڑنے کی وجہ سے ہو تو "کیمومیلا"۔

۲۔ اگر دودھ کا نہ آنا بلا کسی سبب کے ہو یا اس کا سبب معلوم نہ ہو سکے تو مفید دوا ہے۔ "کاسٹی کم"۔

۳۔ دودھ پلانے والی عورتوں میں دودھ کی مقدار بڑھانے اور دودھ نہ آنے کے لئے ڈاکٹر ڈیوی کے مطابق "ریسی نس کو مونس" اعلیٰ دوا ہے۔

ب: پستان سوجے ہوئے، پر درد اور دودھ کا اخراج کم یا دودھ کا نہ آنا "پلساٹیلا"۔

جلدی علامات یا تکالیف کا دب جانا
SUPPRESSED SKIN TROUBLES

بسا اوقات جب کسی اندرونی مرض کو جلدی تکلیف کے مرہم وغیرہ لگا کر دباؤ دینے کے بعد شفایاب کیا گیا ہو تو اس کو "سلفر" کے استعمال سے دوبارہ جلدی تکالیف کو جلد پہ ظاہر کرنے کے بعد شفایابی ہوا کرتی ہے۔ "سلفر"

پیپ بننا SUPPURATION

جب کسی مرض میں پیپ کا بننا ناگزیر ہو تو "ہیپر سلف" پھوڑے کے منہ کو کھول دیتی ہے اور بہت جلد شفایاب کر دیتی ہے۔

"ہیپر سلف"۔

سرجیکل شاک SURGICAL SHOCK

آپریشن کے بعد کا صدمہ جس کے ساتھ پیشانی پر ٹھنڈا پسینہ، چہرہ زرد، تیز اور کمزور نبض، قے اور بازوؤں اور ٹانگوں وغیرہ میں اینٹھن کا پایا جانا۔ "ویریٹرم البم"۔

۲۔ درجہ حرارت نارمل سے کم، بلڈ پریشر نارمل سے کم اور تنفس آہستہ ہو تو "کیمفر" دیں۔ موازنہ کریں۔ "کاربوویج، اوپیم اور ڈیجی ٹیلس" سے۔

بچے کا نگلنا اور ناک میں انگلی پھیرنا SWALLOWING AND BORING FINGER IN NOSE BY CHILD

متواتر نگلتا رہے جیسا کہ کوئی چیز گلے میں آرہی ہو۔ بچہ ناک میں انگلی پھیرے اور دانت رگڑے۔ "سائنا"۔

پسینہ ٹھنڈا جس کے ساتھ جسم کی طاقتیں ڈوبنے والی ہوں SWEAT COLD WITH SINKING FORCES

سرجیکل آپریشن کے بعد ٹانکوں والی جگہ زیادہ تکلیف دہ اور پر درد اور نزع کی سی علامات کے ساتھ ٹھنڈا پسینہ آئے۔ جب ٹھنڈا پن، سر میں اجتماع خون ہو، اوپر کو جانے والے چیرنے کے سے درد پھیلانے جانے والے سفنکٹر یا حساس حصے کے چیرنے سے واقع ہوں تو "سٹافی سیگریا" دوا ہے۔

پسینہ بخار میں SWEAT IN FEVER

تپ دق کے ساتھ یا رات کو نچوڑ دینے والا پسینہ جس کے ساتھ بخار کے دوران پیاس نہ ہو۔ "ایسٹک ایسڈ"۔

پسینہ سر اور ہاتھوں پر نیند کے دوران SWEAT ON HEAD AND HANDS IN SLEEP

عام پسینہ یا مشقت پر پسینہ ہاتھوں اور ہتھیلیوں پر، بچوں میں نیند کے دوران سر اور پیشانی پر پسینہ آئے۔ "برائی اونیا"۔

پسینہ بدبودار پاؤں کا
SWEAT OFFENSIVE FOOT

پاؤں کا پسینہ اور بغلوں کا بدبودار اور ناقابلِ برداشت "رسٹاکس" رات کو سوتے وقت ایک ہفتے کے لئے پھر "سلفر" ایک ہفتے کے لئے اگر دونوں ناکام ہو جائیں تو پھر "سلیشیا"۔ ڈاکٹر لیوری کی سفارش کے مطابق پہلے "سلیشیا" صبح اور رات کو ہر تیسرے روز جب چھ خوراکیں پوری ہو جائیں تو پھر ایک ہفتہ ناغہ کریں۔ اس کے بعد اسی طریقہ سے "رسٹاکس" دیں اور پھر اگر ضرورت ہو تو دوبارہ "سلیشیا" پر واپس آجائیں۔ درمیانی مدت میں "سلفر" کی ایک خوراک صبح اور رات کو ایک ہفتہ کے لئے دیں اور پھر ناغہ کریں۔

پسینہ سر پر آئے
SWEATING ON HEAD

سر پر پسینہ آنا "کلکیریا فاس" کی واضح علامت ہے۔

پسینہ آئے متعدی بیماریوں میں
SWEATING IN INFECTIOUS DISEASES

متعدی بیماری کے بعد مثلاً انفلوئنزا وغیرہ کے بعد کمزور اور کمی خون میں مبتلا لوگوں کو رات کے وقت پسینہ آئے تو "فیرم فاس" مفید دوا ہوگی۔

تیراکوں کا کانپنا
SWIMMERTREMBLING

جب تیراک پانی سے باہر آئیں تو گرم تولیوں اور دھوپ میں کھڑے ہونے کے باوجود کانپیں۔ "جلسی میم"۔

مریض میٹھی چیزیں پسند کرے
SWEAT THINGS LIKING BY PATIENT

مریض میٹھی چیزوں کی خواہش کرے۔ چار سے سات اور آٹھ بجے کے درمیان تکلیف میں اضافہ ہو تو

• لائیکو پوڈیم" دیں۔

پیٹ کی سوجن درد کے ساتھ جو نچلے دھڑ تک پھیلے

SWELLING OF ABDOMEN WITH PAIN EXTENDING TO LOWER LIMBS

پیٹ کی سوجن جس کے ساتھ پیٹ کے نچلے حصے میں درد ہو جو اعضائے تولید، مقعد اور دُمچی کی ہڈی تک پھیلے، بیٹھنے سے آفاقہ ہو، "پیرائین"۔

سوجن کا متواتر رہنا اور رقیق مادوں کا تحلیل ہونا SWELLING PERSISTING AND ABSORPTION OF FLUIDS

جسم میں کسی جگہ بھی رقیق مواد جمع ہو جاتے ہیں تو اس دوا میں ایسے مواد کو تحلیل کرنے کی بے مثال طاقت موجود ہے خواہ یہ مواد جوڑوں میں ہو یا سیرمی تھیلوں میں حاد علامات کے ختم ہو جانے کے بعد اگر ابھی سوجن باقی اور متواتر رہے تو "سلفر" کی ایک خوراک عموماً اس مواد کو تحلیل کر دیتی ہے اور شفا کو مکمل کر دیتی ہے۔

سوجن پاؤں کی ڈراپسی میں SWELLING OF FEET IN DROPSY

پاؤں اور ٹانگوں کی سوجن۔ "مرک سال"۔

سوجن غدودوں میں SWELLING GLANDS

غدودوں میں سوجن جس کا رجحان پیپ بننے کی طرف ہو یا جسم کے کسی حصے میں سوجن، درد رات کو بڑھے، پسینہ آنے سے کوئی آفاقہ نہ ہو۔ "مرک سال"۔

سوجن غدودوں کے ورم کے ساتھ SWELLING WITH INFLAMED GLANDS

حاد سوجن جس کے ساتھ غدود متورم ہوں گلا گردن وغیرہ کے غدود مریض
کو پیاس لگی ہو اور سردی لگے۔ "رسٹاکس"۔
موازنہ کریں "مرک سال" سے جس میں کہ مریض قدرے بے چین ہوتا ہے اور کپڑا
اوپر نہیں لے سکتا اور بہت زیادہ پسینہ آتا ہے جس سے اس کو آفاقہ نہیں ہوتا۔

سوجن اندام نہانی کے لبوں کی حیض کے دوران خارش کے ساتھ

SWELLING OF LABIA IN MENSES WITH ITCHING

حیض کے دوران اندام نہانی کے لبوں کی سوجن اور ناقابل برداشت خارش۔ حیض
بہت جلد اور بہت زیادہ۔ دو حیضوں کے درمیانی عرصہ میں خون کا اخراج چھوٹے سے
حادثہ کے بعد عام علامت ہے۔ رحم کی تمام تکالیف میں لیٹنے سے اضافہ ہوتا ہے۔
"امبراگریسیا"۔

SWELLING OF UPPER LIPS — سوجن اوپر کے ہونٹ کی

"سلیشیا اور نائیٹرک ایسڈ"۔

SWELLING LOCALISED — سوجن مقامی

مقامی سوجن میں "بیلاڈونا" اولین دوا ہے جبکہ بہت زیادہ
سرخی اور سوجن پائی جائے۔ بستر کا ہلنا متورم حصے میں درد کا سبب بنے۔ "بیلاڈونا"۔

سوجن ناک کی جس کے ساتھ سونگھنے کی طاقت ضائع ہو جائے! اور چھینکیں آئیں

SWELLING OF NOSE WITH LOSS OF SMELL AND SNEEZING

ناک کی سوجن بدبودار اخراج کے
ساتھ، سونگھنے کی طاقت کا ضائع ہو جانا، شدید چھینکیں آئیں۔
"کالی بائیکرومیکم"۔

سوجن اور پیپ کا بننا
SWELLING PUS FORMATION

جلد پر درد، سوجن یا ابھار، مریض چھوا جانا برداشت نہ کر سکتا ہو۔ جبکہ پیپ بن چکی ہو یا بن رہی ہو۔ "ہیپر سلف، مرک سال کے بعد خصوصاً پھوڑوں اور ورمی سوجن کی حالت میں اچھا کام کرتی ہے "ہیپر سلف"۔

سوجن دائیں طرف
SWELLING ON RIGHT SIDE

سوجن دائیں طرف شروع ہو اور بائیں طرف کو جائے۔ "لائیکوپوڈیم"۔

سائیکوسس
SYCOSIS

ایک ورمی مرض جو کہ بالوں کی جڑوں کے خلیات کو متاثر کرتی ہے۔ جلد غیر صحتمند ہوتی ہے اور اس پر مختلف اقسام کے چھالے پائے جاتے ہیں۔ چھالے یا زخم بننے کا رجحان پایا جاتا ہے جس میں چبھن دار درد ہوتے ہیں۔ پاؤں کا پسینہ بدبودار ہوتا ہے کانوں سے بدبودار اخراج ہوتا ہے۔ پیشاب بدبودار ہوتا ہے

سائیکوسس کی تریاق
SYCHOTIC ANTIDOTE

تھوجا۔

گھٹنے کے جوڑوں کا ورم
SYNOVITIS

۱۔ گھٹنے کے جوڑ میں شدید درد، باہر کی طرف اور سامنے زیادہ۔ گھٹنے میں گولی لگنے کا سا درد، جس کے ساتھ سفیدی، سوجن اور جلن پائی جاتی ہے۔

۲۔ گھٹنے کے جوڑ کا حاد گنٹھیاوی ورم جس کے ساتھ جوڑوں میں رساؤ پایا جائے اور چیرنے کے سے شدید درد ہوں "لیڈم"۔

سفلس
SYPHILIS

"ایسا فوٹیڈا"، سفلس کی دوا ہے۔ جب کہ ہڈیوں کی جھلیوں میں سختی اور ورم ہو۔ غدودوں میں

سختی اور ورم، پرانے داغ یا نشان ارغوانی رنگت اختیار کر جائیں۔ ان میں پیپ بننے کا خطرہ ہو اور پر درد ہو جائیں یا سیاہ رنگت اختیار کر جائیں۔ "ایسا فوٹیڈا"

سفلس عام جو سوزاک کے ساتھ مرکب ہو اور پیدائشی، حمل کے دوران
SYPHLIS IN GENERAL COMPLICATED WITH GONORRHOEA AND CONGENITAL DURING PREGNANCY

ا۔ ا۔ سفلس کے تمام درجات میں "مرکیورلیس سال" چوٹی کی دوا ہے۔ آتشک کے زخم سرخ ہوتے ہیں جو کہ اندر کی طرف پھیلتے ہیں جن سے زردی مائل اخراج ہوتا ہے حاد حالتوں میں، نچلی طاقتوں میں اور مزمن حالتوں میں اعلیٰ طاقتوں میں دینی چاہیئے۔

۲۔ "کینابس انڈیکا" مفید دوا ہے جبکہ "سفلس" آتشک کے ساتھ ملا ہوا ہو پیشاب کی نالی سے پیپ کا اخراج ہوتا ہو۔

۳۔ "مرکیورلیس ڈلسس" عورتوں کے سفلس میں مفید ہے۔ جبکہ بیرونی اعضائے تناسلی کے اندر اور گرد موہکوں کی مانند پیدائشیں کافی تعداد میں پائی جائیں۔

۴۔ "مرکیورلیس کار" آتشکی زخم جن کے ساتھ کافی تعداد میں منہ، مسوڑھوں اور گلے میں چھالے پائے جائیں۔ سانس بدبو دار اور گلے کے غدود بڑھے ہوئے ہوں۔

۵۔ "کاربوانیمیلس" میں جلد پر خصوصاً چہرے پر تانبے کی رنگت کے چھالے پائے جاتے ہیں۔ عام سختی اور بغلوں کے غدود پتھر کی مانند سخت۔

۶۔ حمل کے دوران اور دودھ پلانے کے زمانے میں سوزاک کے ساتھ مرکب، ماں کو رات کے وقت اور صبح "مرک سال ۶" لینی چاہیئے اور "لیوٹیکم ۳۰" (سفلینم) ہفتہ میں ایک مرتبہ۔ اگر اس کے باوجود بھی بچے میں سفلس کی علامات کا اظہار ہو تو اس کو "مرک سال" رات کو اور صبح کے وقت دینی چاہیئے۔

ب۔ ا۔ فادر ملر کی ڈسپنسری کے مطابق "مرک سال اور ایسڈ نائٹرک" ابتدائی درجہ میں "مرک کار" اور "کالی آیوڈائیڈ" ثانوی درجہ میں "میزیریم" رات کے

وقت ہڈیوں میں دردوں کے لئے۔ تیسرے درجہ میں "کالی آیوڈائیڈ اور آرم میوور" دیں۔ نچلی طاقتیں ۲x یا ۳x استعمال کریں۔

۲۔ ڈاکٹر بینرجی کا خیال ہے کہ بغلوں کے غدودوں کے لئے "مرک کار اور مرک سال" بہت واضح ادویہ ہیں۔ پہلی حاد حالت کے لئے اور دوسری مزمن اور بغیر درد کی حالت کے لئے جبکہ پتھر کی مانند سخت غدودوں کے لئے "بڈیاگا" کی سفارش کی جاتی ہے۔

سفلس کے درد ہڈیوں میں
SYPHILITIC PAIN IN BONES

"آرم میٹ" پرانے سفلسی لوگوں میں مفید ہے جبکہ جسم کے کسی بھی حصے میں ہڈیاں کمزور ہو رہی ہوں، ران کے اگلے حصے کی ہڈیاں، ناک کی ہڈیاں، کانوں کی ہڈیاں، چھوٹی ہڈیوں میں سے کوئی بھی ہڈی، تکلیف میں رات کے وقت اضافہ ہوتا ہے۔ درد شدید ہوتے ہیں۔ ہڈیوں میں درد جیسا کہ ٹوٹ رہی ہوں۔ جوڑوں میں درد جو کہ ان کو حرکت کرنے کے ناقابل بنا دے۔ ہڈیوں کا ورم ناسور کے ساتھ۔ "آرم میٹ"

SYPHILITIC ANTIDOTE سفلیٹک کی تریاق

"مرکری"

سفلسی آنکھ کے انگوری پردے کا ورم جس کے ساتھ زخم اور سوجن ہو
SYPHILITIC IRITIS EYES WITH ULCERS DISCHARGE AND INFLAMATION

آنکھوں کی سفلسی تکالیف جن کے ساتھ آنکھ کے ڈھیلے پر چھالے اور زخم ہوں۔ کناروں پر زخم جن کو ہوا میں افاقہ ہوتا ہے اور اس کے ساتھ آنکھوں میں سن ہونے کا احساس پایا جاتا ہے۔ آنکھوں کا ورم جس کے ساتھ شدید تیز اور چبھن دار درد ہوتے ہیں جو کہ اندر سے باہر کو آتے ہیں۔ آنکھوں سے خراشدار خون آمیز اور بدبودار اخراج۔ "ایسافوٹیڈا"

سفلسی پیچیدگیاں، ناک گلے اور تالو کی
SYPHILITIC COMPLICATION OF NOSE THROAT AND PALATE

مزمن حالتوں میں جبکہ سفلسی میازم، ناک کی ہڈیوں پر حملہ آور ہوتا ہے۔ گلے کی تکالیف، تالو اور کوا کی تکالیف جن کے ساتھ منہ کی چھت سے گندی بو آئے۔ ایسی دوائیں جو کہ سفلس کی مزمن حالت میں خصوصی تعلق رکھتی ہیں یا خصوصی طور پر مفید ہو سکتی ہیں۔ وہ "کالی بائیکرومیکم، ایکسیس، مرک کار، مرک سال اور ہیپر سلف" ہیں۔ لیکن ایسی سفلسی حالتوں میں جن میں پارے کا استعمال کیا گیا ہو۔ "ہیپر سلف اور نائیٹرک ایسڈ" کے متعلق غور کرنا چاہیئے۔

دل کی دھڑکن کا معمول سے بڑھ جانا
TACHYCARDIA

دل میں تیز کاٹنے والے درد دل کا فعل غیر معمولی اور سست، پھیپھڑے سکڑے ہوئے محسوس ہوں پوری طرح پھیل نہ سکیں گلے میں گھٹن کا احساس۔ "ایبیس نائیگرا" موازنہ کریں۔ "ایگنس" سے۔

کیس ٹیکنگ اور مریض سے سوال کرنا
TAKING THE CASE AND QUESTIONING THE PATIENT

۱۔ ہومیوپیتھی میں بہت مشکل مسئلہ کیس لینے کا ہے۔ صحیح کیس ٹیکنگ کا مطلب صحیح اور مؤثر دوا کا انتخاب ہے۔ غلط کیس ٹیکنگ سے کسی صورت میں بھی ڈاکٹر ہانیمن کے اصول ہومیوپیتھی کے مطابق صحیح نسخہ کی تجویز ممکن نہیں۔ یہ کہاوت ہے کہ "جہاں دوسرے طریقہائے علاج کی انتہا ہوتی ہے وہاں سے ہومیوپیتھی کا آغاز ہوتا ہے۔" اس کا مطلب یہ ہے کہ دیگر طریقہائے علاج میں معالجین کی انتہا تشخیص مرض پر ہے اس کے بعد علاج کا سلسلہ شروع ہوتا ہے۔ لیکن ہومیوپیتھی میں کسی مرض کی تشخیص کے لئے اس کے خدوخال اور اس کی آئندہ نشوونما اور اس کے شفایاب ہونے کے امکانات کا خیال رکھا جاتا ہے۔

لیکن حقیقی ہومیوپیتھک تشخیص یعنی تشخیص دوا اس وقت شروع ہوتی ہے۔ جبکہ مرضیاتی تشخیص مکمل ہو جائے اور اس ادویاتی تشخیص کے لئے ہمیں کیس ٹیکنگ کرنی ہوتی ہے جو کہ دوسرے طریقہائے علاج کے پیروکاروں سے بالکل مختلف طریقہ ہے۔ صحیح اور محتاط انداز میں لئے گئے کیس میں ایک اناڑی یا نو وارد بھی صحیح دوا تجویز کر سکتا ہے۔

یہ ایک دلچسپ حقیقت ہے کہ احتیاط سے باریک تفصیلات سے کی گئی کیس ٹیکنگ معالج کو مرضیاتی تشخیص میں بھی بغیر مرضیاتی ٹسٹ کے مددگار ثابت ہوتی ہے۔ مشینی اسباب کی وجہ سے پیدا ہونے والی علامات جیساکہ فریکچر، جوڑوں کا اتر جانا، مثانے میں پتھری وغیرہ کو مشینی مداخلت کی ضرورت ہوتی ہے اور ان کو مشینی ذرائع سے ہی صحیح کرنا چاہیئے۔ اس کے بعد پیدا ہونے والی پیچیدگیوں کو ہومیوپیتھک طریقہ سے شفایاب کر کے نام پیدا کیا جا سکتا ہے۔ ہومیوپیتھک طریقہ علاج ادویاتی راستہ ہے جو کہ مرض کی پیدا شدہ علامات کی صحیح راہنمائی کرتا ہے اور یہ راستہ ہمیشہ کے لئے کھلا ہے خواہ ہم مرض کو کامیابی کے ساتھ شفایاب کر سکیں یا نہ کر سکیں۔

۲۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات خصوصاً مزمن حالت میں عموماً معالج کے لئے درست دوا کے انتخاب میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

۱۔ مریض کا نام، عمر، پیشہ۔

۲۔ مریض یا مریضہ کو اپنی تکالیف بیان کرنے دیں۔

۳۔ مریض اس تکلیف کے سبب کے متعلق کیا خیال رکھتا ہے۔

۴۔ یہ تکلیف کیسے شروع ہوئی اور کتنی دیر سے ہے۔

۵۔ دن یا رات کے کس وقت اس تکلیف میں اضافہ یا کمی ہوتی ہے۔

۶۔ جب تکلیف شروع ہوتی ہے تو اس میں کس طرح کرنے سے کمی یا اضافہ ہوتا ہے مثال کے طور پہ کیا اس میں آرام کرنے سے افاقہ ہوتا ہے، حرکت سے، گرمی سے سردی یا دباؤ سے افاقہ یا اضافہ ہوتا ہے۔

۷۔ مریض کونسے موسم میں بہتر محسوس کرتا ہے۔ گرما، سرما یا مرطوب موسم میں۔

۸۔ مریض کی بھوک کیسی ہے۔ کونسی غذا زیادہ پسند کرتا ہے۔ کوئی مخصوص غذا مریض کو نا موافق ہوتی ہے۔ کوئی خاص غذا جو مریض کو ناپسند ہو۔

۹۔ مریض روزانہ کتنا پانی پیتا ہے۔ پانی کی مقدار لکھیں۔ کیا مریض ٹھنڈے یا گرم مشروب پسند کرتا ہے۔

۱۰۔ کیا مریض کو پاخانہ باقاعدگی کے ساتھ آتا ہے یا قبض ہوتی ہے۔

۱۱۔ دن اور رات میں مریض عموماً کتنی مرتبہ پیشاب کرتا ہے۔ اگر پیشاب زیادہ دیر رک جائے تو تھوڑا سا پیشاب خود بخود نکل جاتا ہے۔

۱۲۔ کیا مریض کو نیند معمول کے مطابق آتی ہے۔ نیند میں کوئی خوفناک یا عجیب و غریب خواب۔

۱۳۔ سابقہ ہسٹری۔ ماضی میں مریض کن سے مرض میں مبتلا ہوا۔ مثال کے طور پر بخاروں جیسا کہ ملیریا، انفلوئنزا، ٹائیفائیڈ، اسہال، پیچش، جلدی بیماریوں میں جیسا کہ داد ایگزیما، خارش، پھوڑے وغیرہ۔ کوئی حادثہ، آپریشن یا ضرب وغیرہ۔

۱۴۔ مریض کو چیچک کا ٹیکہ کتنی مرتبہ لگا۔

۱۵۔ فیملی ہسٹری۔

کوئی عام بیماری جو کہ خاندان میں موجود ہو جیسا کہ جلدی بیماری، الرجک حالت، جوڑوں کا ورم، ٹی بی، پھیپھڑوں میں پانی پڑ جانا یا کینسر وغیرہ۔

۱۶۔ کیا مریض کو زندگی میں جنسی غیر ہم آہنگی ہوئی ہے۔

۱۷۔ مریض کے مزاج کے متعلق معلوم کریں کیا یہ نرم ہے، شریف، رونے والا، اعصابی، پریشان، غمگین یا چڑچڑا۔

۱۸۔ کیا مریض میل جول پسند کرتا ہے یا اکیلا رہنا چاہتا ہے۔

۱۹۔ کوئی اور بات جو مریض بتانا چاہتا ہو۔

۲۰۔ صرف خواتین مریضاؤں کے لئے۔

کیا مریضہ کو حیض باقاعدگی سے آتا ہے۔؟

کیا اس کو حیض ۲۸ یا ۳۰ دن کے بعد آتا ہے ؟

حیض سے قبل ، دوران یا بعد کوئی درد ؟

کیا حیض کا اخراج معمول کے مطابق ہوتا ہے یا بہت زیادہ خون کا اخراج ہوتا ہے ؟

درد کتنے دن رہتا ہے ؟

کوئی اسقاط حمل وغیرہ ؟

کیا مریضہ کو کوئی ایسا احساس ہوتا ہے کہ جب وہ پاخانہ کے لئے بیٹھے یا کوئی وزن اٹھائے تو اس کے اندرونی حصے باہر نکلتے ہوئے محسوس ہوں۔

باتونی پن ۔ بلا شرکت غیرے خود بخود باتیں کرے
TALKATIVENESS MONOPOLISING THE TALK

مریض اپنے باتونی پن کی وجہ سے بہت مشہور ہے ۔ وہ خود بخود باتیں کرتا ہے اور کسی دوسرے کو نہ تو باتیں کرنے دیتا ہے اور نہ ہی اس کی سنتا ہے ۔ اور بہت تیزی کے ساتھ ایک موضوع سے دوسرے کی طرف پھلانگتا ہے ۔"لیکیسس"

باتونی پن بخار کے دوران
TALKATIVENESS DURING FEVER

"پوڈو فائیلم" کا مریض تیز بخار کے دوران بہت زیادہ باتونی ہوتا ہے ۔ جتنا تیز بخار ہوتا ہے اتنا ہی زیادہ باتونی پن پایا جاتا ہے ۔ سردی بہت شدید ہوتی ہے اور اس کے بعد شدید بخار ہوتا ہے ۔"پوڈو فائیلم"

TALLNESS UNUSUAL لمبا ہونا غیر معمولی طور پہ

سلفر ۳۰ ، کلکیریا کارب ۶ ، بیلاڈونا ۳ ، اور سلیشیا ۶ علامات کے مطابق دیں ۔

دانتوں پر میل کا جم جانا ، اس سے بچاؤ اور اس کا دور کرنا
TARTAR – ITS PREVENTION AND REMOVAL

"کلکیریا رینالیسس" دانتوں پر میل جم جانے سے محفوظ رکھتی ہے جبکہ "فراگیریا" دانتوں کے میل کو دور کر دیتی ہے

ذائقہ اور اس کا ضیاع
TASTE AND ITS LOSS

ا- ا- غذا کا ذائقہ کڑوا۔ "نیٹرم میور، چائنا، پلساٹیلا"

ب: دودھ کا ذائقہ نفرت انگیز۔ "نکس وامیکا" چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

ج: ہر چیز کا ذائقہ نمکین ہو۔ "بیلاڈونا" چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

د: غذا بے ذائقہ معلوم ہو۔ زبان پر دودھ کی مانند سفید تہہ۔ "انٹی مونیم ٹارٹ"

ر: زکام کے بعد ذائقہ کا ضائع ہو جانا۔ جس کے ساتھ سونگھنے کی طاقت بھی ختم ہو گئی ہو۔ "میگنیشیا میور"

ز: ذائقہ کا ختم ہو جانا جس کے ساتھ زبان پر سفید گاڑھی تہہ جمی ہوئی ہو تو "انٹی مونیم کروڈم"

س: ذائقہ کا مکمل طور پر ختم ہو جانا۔ "نیٹرم میور اور میگنیشیا کارب"

ش: صبح کے وقت منہ میں بُرا ذائقہ۔ غذا اور مشروب کا ذائقہ کھٹا محسوس ہو منہ سے گندی بُو، کھٹا اور کڑوا ذائقہ۔ "نکس وامیکا" چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

ص: سونے کے بعد بُرا ذائقہ۔ "ریومیکس" چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

ض: تمام غذا کا ذائقہ کھٹا۔ "لائیکو پوڈیم" چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

ذائقہ کسی چیز کا بھی اچھا نہ ہو، معدے کی تکلیف کے دوران
TASTE NOTHING TASTE WELL DURING DIGESTIVE TROUBLE

منہ کا ذائقہ خراب، کسی چیز کا بھی ذائقہ اچھا نہ ہو۔ حتیٰ کہ پانی کا بھی، منہ میں خشکی لیکن پیاس نہ ہو جو کہ مرغن اور چکنی غذا کھانے کی وجہ سے ہوا ہو تو "پلساٹیلا" کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔ معدہ کی خرابی کے دوران۔ "پلساٹیلا"۔

موازنہ کریں "مرکیورس سال" سے۔ جس میں منہ کا ذائقہ خراب ہوتا ہے اور منہ میں تھوک کی زیادتی پائی جاتی ہے اور پیاس بھی لگتی ہے

ذائقہ کھٹا TASTE SOUR

کھانے کے بعد منہ میں کھٹا ذائقہ، معدے میں ایک یا دو گھنٹے کے لئے دباؤ، کمر کے گرد کسا ڈ، کپڑوں کو ضرور ڈھیلا کرنا پڑے "نکس وامیکا"

ذائقہ کھٹے ڈکاروں کا TASTE SOUR ERUCTATIONS

منہ میں کھٹے ڈکاروں کا ذائقہ، قے اور اسہال۔ ہر چیز کھٹی "کلکیریا کارب"

آنسو یا آنکھوں سے پانی آنا پپوٹے سوجے ہوئے TEARS OR WATERING FROM EYES WITH SWOLLEN LIDS

آنکھوں سے متواتر آنسو یا پانی کا اخراج جبکہ اس میں چپچپاہٹ نہیں ہوتی۔ آنکھوں میں جلن، پپوٹے سوجے ہوئے۔ آنکھیں آنسوؤں سے گیلی دکھائی دیں۔ "نیٹرم میور" ۳۰ کی کم از کم ایک خوراک روزانہ جب تک کہ اس میں بہتری کا اظہار نہ ہو۔

آپریشن کے بعد چیر لگنا اور پھیلاؤ TEARING AND STRETCHES AFTER OPERATION

سرجیکل آپریشن کے بعد چیرن اور پھیلاؤ والی جگہ پر درد اور بہت تکلیف دہ ہو اور نزع کی علامات ٹھنڈے پسینہ کا سبب بنیں۔ جہاں ٹھنڈا پن، سر میں اجتماع خون، پیچھے کو جانے والا چیرنے والا درد، پھیلائے گئے سفنکٹر سے پیدا ہو یا حساس حصے کا چیرنا توجہ پذیر ہو تو "سٹافی سیگیریا" دوا ہے۔ پھیلانے والے اور چیرنے والے درد اس کی اہم علامت ہے۔ "سٹافی سیگیریا"

کینسر کا خوفناک مرض TERRIBLE DISEASE OF CANCER

"ڈاکٹر یادو ویر سنگھ نے جسم کے مختلف حصوں کے کینسر کی دواؤں کا اظہار کیا ہے۔
جو مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ "کاربو نو سیتم" ۲۰۰ یا ۱۰۰۰ طاقت میں تمام قسم کے کینسر کی حالتوں میں دینی چاہیئے۔ یہ دوا دوسری تجویز شدہ دواؤں کے ساتھ انٹر کرنٹ میڈیسن کے طور پر ہفتہ وار یا مہینہ میں ایک مرتبہ دینی چاہیئے۔

۲۔ پستانوں کا یا دوسرے ایسے حصوں کا کینسر جہاں گاڑھے عضلات ہوں "کونیم" ۲۰۰ یا ۱۰۰۰ طاقت میں۔

۳۔ زبان کا کینسر۔ خصوصاً ایسی حالتوں میں جہاں مریض چہرے کے اعصابی درم میں مبتلا ہو۔ "کالی سیانیٹم" ۳۰ سے ۲۰۰ طاقت میں۔

۴۔ رحم کا کینسر۔ "ہائیڈراسٹس" مدر ٹنکچر اندرونی طور پر دینی چاہیئے اور اس کی ۲۰۰ طاقت کا لوشن متاثرہ حصے کو ڈوش کرنے کے لئے استعمال کرنا چاہیئے۔

۵۔ کینسر منہ، گلے یا رخساروں کا۔ ایسی حالتوں میں مریض برف کی مانند ٹھنڈے پانی کی خواہش کرتا ہے کیونکہ اس سے اس کے درد میں آفاقہ ہوتا ہے۔ "فاسفورس" ۳۰ طاقت سے ۲۰۰ طاقت۔

۶۔ معدے کا کینسر۔ جبکہ مریض پانی کی قے کرے یا جب پانی معدے میں گرم ہو جائے تو قے کر دے۔ "فاسفورس"۔

۷۔ ایسوفیگس کا کینسر۔ منہ کے کناروں پر پُر درد زخم۔ "کانڈورینگو"۔

۸۔ ہڈیوں کا کینسر۔ "ہکلا لاوا ۳x ٹریچوریشن"۔

۹۔ کینسر میں درد کے لئے "اکونائٹ ریڈیکس" دیں۔ ایک یا دو قطرے ایک اونس پانی میں ملا کر ہر ایک یا دو گھنٹے کے بعد اس وقت تک دیں جب تک کہ درد میں آفاقہ نہ ہو جائے۔

۱۰۔ ان تمام حالتوں میں "ریڈیم برومائیڈ" ۳۰، اور "سیلینیم" ہفتے میں ایک مرتبہ دینی چاہیئے۔

دانتوں کا درد مختلف اقسام کا اور مصنوعی دانتوں کی وجہ سے بھی

TEETHACHE OF VARIOUS TYPE AND ALSO DUE TO FALSE TEETH

۱۔ دھڑکن دار دانت درد، دانت بننے والے مادہ کے ورم یا دانت کے خول کے ورم کی وجہ سے دانتوں کے جڑوں میں پر درد زخم اور کھوکھلے دانتوں میں درد مسوڑھے متورم۔ "مرکیوریس سال"

۲۔ مصنوعی دانت لگانے سے درد اور سوجن۔ "آرنیکا"

۳۔ ناسور والے دانتوں میں چیرنے کے سے درد جو متاثرہ طرف کی داڑھ کی ہڈی تک بڑھیں۔ "سپائی جیلیا"

۴۔ دانت چھونے سے ذکی الحس جس کے ساتھ رخسار سوجے ہوئے، درد نوچتی متاثرہ طرف لیٹنے سے اضافہ۔ یہ درد سوراخ کرنے کے سے اور چھرا گھونپنے کے سے ہوتے ہیں جو کہ بعض اوقات بہت شدید ہو جاتے ہیں۔ ڈاکٹر ہیوجز اور ڈاکٹر جیل کا خیال ہے کہ کوئی بھی دوا "پلانٹیگو میجر" کا مقابلہ نہیں کر سکتی

۵۔ دانتوں کی جڑوں میں پھوڑا اور دانت کا ناسور، ٹھنڈی ہوا کے منہ میں جانے سے اضافہ ہو۔ "سلیشیا"

۶۔ مسوڑھے غیر صحت مند اور دانتوں کے گلنے سڑنے کا رجحان، بچوں میں دانت سیاہ ہو جاتے ہیں اور ٹوٹنے لگتے ہیں۔ "سٹافی سیگریا"

۷۔ جب سردی کی وجہ سے درد ہو۔ "اکونائٹ"

۸۔ دھڑکن دار گولی لگنے کے سے درد جو سر تک جائیں۔ "بیلا ڈونا"

۹۔ جب درد ناقابلِ برداشت ہو اور سر کو پاگل کر رہا ہو۔ "کیمومیلا"

۱۰۔ جب درد کانوں اور گردن تک جائے۔ جب دانت ڈھیلے ہوں۔ جب مسوڑھے اور چہرہ سوجے ہوئے ہوں۔ جب درد ٹھنڈے اور چھونے سے بڑھے اور ہڈیوں تک یا بیک وقت مختلف دانتوں تک جائے۔ "مرک سال"

۱۱۔ جب درد نوبتی قسم کا ہو اور اس کے ساتھ جلن پائی جائے۔ رات کو اس میں اضافہ ہو، رات کو بڑھے۔ "آرسینکم البم"۔

۱۲۔ جب درد ایک طرف ہو اور مختلف دانتوں کو متاثر کرتا ہو۔ "پلساٹیلا"۔

۱۳۔ جب شدید درد کی وجہ سے مریض جھومتا ہو، سخت ذہنی کوفت ہو اور درد اس کو بدحواس کر دے اور اگر درد کو منہ میں ٹھنڈا پانی رکھنے سے عارضی طور پر آفاقہ ہوتا ہو تو "کافیا" ایسے درد کو دور کر دے گی۔

۱۴۔ کھوکھلے دانت میں جو کہ درد کرتا ہو "اکونائٹ" مدر ٹنکچر میں گدی تر کر کے دانت میں رکھیں اور اندرونی طور پر اسی دوا کی ایک خوراک دیں۔ یہ درد کو دور کر دے گی۔

۱۵۔ دانت درد جس کے ساتھ جبڑوں کے گرد سوجن ہو، مسوڑھوں کا پھوڑا اس دوا سے جادو نما سکون حاصل کیا جا سکتا ہے۔ "ہکلا لاوا"

۱۶۔ دانت درد میں رات کو اضافہ ہو۔ "ارینیا ڈایا ڈیما"

۱۷۔ جب دانت بوسیدہ اور مسوڑھے سفنج کی مانند ہوں اور ان سے خون نکلتا ہو۔ "کریوزوٹ"۔

۱۸۔ حمل کے دوران دانت درد کے لئے "میگنیشیا کارب" خصوصی طور پر مفید ہے اور ڈاکٹر "لیوبیٹ" ایسی حالتوں میں "سیپیا" کو مفید بتاتے ہیں۔

دانت اکھیڑنے کے بعد خون خارج ہو اور اعصابی بے چینی

TEETH BLEEDING AFTER EXTRACTION AND NERVOUSNESS

۱۔ دانت اکھیڑنے کے بعد گھنٹوں تک خون نکلتا رہے۔ خون چمکیلا، سرخ اور پتلا۔ "فاسفورس"۔ نیز ٹھنڈے پانی سے منہ کو دھوئیں جس میں چند قطرے "ہمامیلس" مدر ٹنکچر کے ملا لینے چاہئیں۔

۲۔ دانت اکھیڑنے کے بعد اعصابی بے چینی اور درد۔ "سٹافی سیگریا"۔

۳۔ ڈاکٹر ہوٹی کومب دانت اُکھڑنے کے بعد اعصابی درد کے لئے "ہیکلا لاوا ۳۰"
کی سفارش کرتے ہیں۔

۴۔ دانت کا اُکھڑنا مسوڑھوں کی سوجن کا سبب بنے۔ "پنسیلین ۲۰۰"

دانت بوسیدہ ہو رہے ہوں بچوں میں
TEETH DECAYING IN CHILDREN

دانتوں کا بوسیدہ ہونا خصوصاً بچوں میں، دانت جڑوں سے بوسیدہ ہو رہے ہوں دانتوں کا خول (کراؤن) محفوظ رہے۔ دانتوں میں کڑکڑن ہو، زرد ہو جائیں مسوڑھے سکڑ جائیں۔ "تھوجا"

دانت اُکھڑے ہوئے بدبودار اخراج کا سبب بنیں
TEETH EXTRACTED CAUSING OFFENSIVE DISCHARGE

اُکھڑے ہوئے دانت کے نیچے مردہ ہڈی ہو۔ نچلے جبڑے کے مسوڑھوں سے بدبودار اخراج ہو۔ "سلیشیا اور فاسفورس" ادل بدل کر دینے سے مُردہ ہڈی خود بخود باہر نکل آئے گی۔ ڈاکٹر جی ایم ڈیشپنڈی "لیڈم" کی سفارش کرتے ہیں جو کہ ایسے ٹکڑوں کو باہر نکال دے گی۔

دانت پیسنا بچے کا
TEETH GNASHING BY A CHILD

بچہ دانت پیسے اور کاٹنے یا مارنے کی کوشش کرے۔ علامات بعض اوقات اتنی شدید ہوتی ہیں جتنی کہ "سٹرامونیم" میں لیکن چہرے کا اور آنکھوں کا سُرخ ہونا دونوں میں فرق کو واضح کر دیتا ہے۔ "بیلاڈونا"

دانت رگڑنا بچے کا
TEETH GRINDING BY CHILD

بچہ جب سویا ہوا ہو تو دانت رگڑے۔ بچہ ناک میں انگلی پھیرے۔ نیند کے دوران اُچھلے اور جھٹکے لگیں۔ رات کو بے چین ہو۔ "سائنا"

دانت رگڑنا ہسٹیریکل TEETH GRINDING HYSTERICAL

ہسٹیریا میں رات کے وقت دانت رگڑنا۔ "ایسا فوٹیڈا"

دانت اور مسوڑھے سوجے ہوئے
TEETH GUMS SWOLLEN

دانت اور مسوڑھے سوجے ہوئے، سانس بدبودار، زبان چپچپی، زبان کے کناروں پر دانتوں کے نشانات، منہ سے بہت زیادہ تھوک کا اخراج۔ "مرک سال"

دانت نکالنے والے بچوں کی تکلیف
TEETHING CHILDREN DISTRESS

دانت نکالنے والے بچوں کی تکلیف، پاخانہ سبز، بدبودار اور تشنجی درد، پیٹ پھولا ہو، پاخانہ سبز پانی کی مانند جو مقعد کو جلا دے۔ پھینٹے ہوئے انڈے کی مانند، پاخانہ گرم محسوس ہو اور گندے انڈے کی مانند بو آئے۔ اٹھا کر پھرنے سے بچے کو تسکین ہو۔ "کیمومیلا"

دانت نکالنے والے بچوں میں اینٹھن کا دورہ پڑنا
TEETHING CHILDREN SPASMS

۱۔ بچوں کی دانت نکالنے کے دوران کی بیماریاں

دانت نکالنے کے دوران اینٹھن، بخار نہ ہو۔ میگنیشیا فاس۔

۲۔ بچہ غنودگی میں ہو، چہرہ زرد ہو اور دانت نکالنے کے دوران ذہنی علامات پیدا ہوں۔ "زنکم میٹ"

۳۔ ا۔ بخار کے لئے "اکونائٹ اور بیلا ڈونا"

ب۔ مسوڑھے سوجے ہوئے اور اسہال کے لئے۔ "کیمومیلا"

دانتوں کی تکالیف کا دانت نکلنے کے دوران اچانک پیدا ہونا
TEETHING TROUBLES INCIDENTAL TO DENTITION

دانتوں کی نشونما دیر سے ہو ، دانت بہت تیزی کے ساتھ بوسیدہ ہو رہے ہوں دانت نکلنے کے دوران ہنگامی طور پر کسی تکلیف کا پیدا ہونا، سر پہ پسینہ آتا ہو۔ اس مزاجی خرابی کو دور کرنے کے لئے مفید دوا ہے۔ "کلکیریا فاس"

موازنہ کریں "کیمو میلا" سے جو کہ اسی دورانیہ کی تکالیف کی عمدہ دوا ہے۔

۴۔ دانت بہت تکلیف کے ساتھ اور مشکل سے نکلیں۔ بچہ تمام رات بے سکون رہے۔ قبض یا غیر منہضم غذا کے اسہال ، دانتوں پر جب ابھار پیدا ہوں تو بوسیدہ ہونے کے نشان کا اظہار ہو۔ دانت پہلے زرد ہو جائیں اور پھر بوسیدہ ہوں "کریوزوٹ"

نزلہ زکام ہونے کا رجحان اور اس کے حملے پر قابو پانا

TENDENCY TO CATCH COLD AND ABORTING ITS ATTACK

مریض جب بھی ٹھنڈی اور تازہ ہوا میں باہر نکلے اس کو نزلہ زکام ہو جائے۔ چھینکیں آئیں اور ناک بہنے لگے۔ سرد ہوا سے بہت حساس، تمام کھڑکیاں اور دروازے بند رکھنا چاہے۔ ہلکی سی ٹھنڈی ہوا لگنے سے کھانسی اور زکام میں اضافہ ہو جائے۔ کھانسی ڈھیلی اور چھاتی میں کھڑ کے لیکن بلغم باہر نہ نکلے۔ جبکہ ایسا محسوس ہو کہ کافی بلغم باہر نکلے گی۔ ناک بند ہو، بچے کی گھٹن پیدا کرنے والی کھانسی۔ "ہیپر سلف"

ب: "امونیم کارب" ابتدائی زکام یا نزلہ پہ قابو پا لیتی ہے جبکہ "نکس وامیکا" ۳ طاقت میں۔ اگر ناک بہنے سے قبل دی جائے تو اس سے محفوظ رکھتی ہے

خناق کا رجحان
TENDENCY TO QUINSY

خناق کے رجحان کو ختم کرنے کے لئے۔ "سورائینم"

پٹھوں اور عضلات کی کمزوری درد کے ساتھ
TENDONS AND MUSCLES THEIR WEAKNESS WITH PAIN

پٹھوں اور عضلات کے دردوں اور کمزوری کو دور کرنے کے لئے

"رسٹاکس اور آرنیکا"۔ اگر کمزوری باقی رہے تو پھر "کلکیریا کارب"۔

پیچش میں مقعد اور مثانے کی بے سود حاجت
TENESMUS OF RECTUM AND BLADDER IN DYSENTERY

پیچش میں مقعد اور مثانے کی بے سود حاجت کا بیک وقت پایا جانا اور پیشاب کا قطرہ قطرہ درد کے ساتھ پاخانہ کرتے وقت خارج ہو یعنی مقعد کی بے سود حاجت مثانے تک بڑھے تو ایسی صورت میں "مرک کار" کو کارگر ثابت ہونا چاہیئے۔ اسی طرح اگر مثانے کی بے سود حاجت پیچش کی صورت میں مقعد تک جائے۔ پیشاب کی متواتر حاجت بنی رہے "مرکیوریس کار"۔

خصیئے لاغر اور بڑھے ہوئے
TESTES ATROPHIC AND ENLARGED

لڑکوں میں خصیوں کی لاغری خصیئے اور بیضہ دانیاں متاثر ہوں اور سختی اور انفلمیشن کی حالت میں جا رہے ہوں، "آرم میٹ" خصیوں کے بڑھ جانے کی مزمن حالت کو شفایاب کرتی ہے "آرم میٹ"۔

خصیئے اور ان کی مختلف تکالیف
TESTICALES AND ITS DIFFERENT TROUBLES

لاغری، ورم اور بڑھ جانا۔

۱۔ اگر بخار اور بے چینی ہو تو "اکونائٹ"، ایک گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ آتشک کی وجہ سے ہو تو۔

"کلیمیٹس ایریکٹا"۔

۳۔ سفلسی۔ "مرکیوریس بن آیوڈائیڈ"۔ چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۴۔ جب مکا لگنے کی وجہ سے یا کسی دوسری چوٹ کی وجہ سے ہو جس کے ساتھ درد، سرخی اور سوجن ہو۔ "آرنیکا"۔

۵۔ جب خصیوں میں پانی پڑا ہوا پیدا ہو۔ "بلاٹی اونیا"۔

۶۔ خصیوں میں پتھر کی مانند سختی، جلن اور کاٹنے والے درد ہوں۔ "کونیم"۔

۷۔ خصیوں کے بڑھ جانے کی مزید تکلیف جس کے ساتھ خصیوں اور ڈوری میں درد ہو۔ "آرم میٹ" ۳۰ چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۸۔ اگر اس کا سبب سفلس ہو تو ڈاکٹر ہائیر "نائیٹرک ایسڈ" کی سفارش کرتے ہیں۔

۹۔ جب کن پیڑوں کا مرض تبدیل ہو کر خصیوں میں آجائے تو "رسٹاکس، بیلاڈونا اور برائی اونیا"

۱۰۔ "کلیمیٹس ایریکٹا" اس صورت میں بھی مفید ہوگی جبکہ خصیئے تشنجی طور پر اوپر کو کھچ جائیں اور ان میں شدید درد ہوتا ہو۔

۱۱۔ خصیوں کا سخت ہو جانا۔ "ایگنس"

۱۲۔ خصیوں کا ورم۔ "کیمومیلا"

۱۳۔ خصیوں کی سکڑن۔ "اولیم ایلیمیل"

۱۴۔ خصیوں کی نشوونما نہ ہو۔ "آرم میٹ"

۱۵۔ خصیوں کی سوجن۔ "ایگنس، ملکیریا فاس، وبیریولینم"

۱۶۔ خصیے نیچے تھیلی میں نہ اتریں۔ "آرم میٹ"

موازنہ کریں "آرم میوریٹم نیٹرونیٹم اور آرم میوریٹ سے جو کہ اس تکلیف کے لئے بہت مفید ہیں۔ "آرم میٹ" ۲۰۰ سے ۱۰ ایم تک۔

ٹیٹنس TETANUS

ہومیوپیتھی میں "ہائیپریکم" اینٹی ٹیٹنس سیرم کی مانند کام کرتی ہے۔

ٹیٹنس اور دانت بند ہو جانا (دانتی لگنا) TETANUS AND LOCK JAW

۱۔ "لیڈم" ٹیٹنس سے محفوظ رکھنے والی دوا ہے جبکہ "ہائیپریکم" اس وقت ٹیٹنس کی دوا ہے جبکہ ابتدائی علامات شروع ہو چکی ہوں لیکن اگر زخم پنکچرڈ نہ ہو بلکہ کٹا پھٹا ہو جو کہ چھوٹے اعصاب کی بہتات والے حصّوں اور حساس اعصاب پر مشتمل ہو تو "ہائیپریکم" فوراً دینی چاہیئے۔ اور "لیڈم" سے اس کا آغاز نہیں کرنا چاہیئے۔ "آرنیکا"

وغیرہ دے کر بھی وقت ضائع نہیں کرنا چاہیئے۔ تاہم پنکچرڈ زخم میں سنہری اصول یہ ہے کہ "لیڈم" دی جائے اور کٹے پھٹے اور اعصاب سے بھرپور حصّے کے زخم میں "ہائپرکیم" دی جائے۔ دونوں حالتوں کے لئے ٹیٹنس سے محفوظ رہنے کے لئے بھی اور ٹیٹنس یا متورم حالتوں کے نتائج سے شفایابی کے لئے بھی۔

ب: ٹیٹنس کیسے سے تشنج آنکھوں اور چہرے کا توڑ مروڑ جس کے ساتھ تنگی تنفس ہو۔ "نکس وامیکا" اعلیٰ دوا ہے۔

ج: "پیسی فلورا" ٹیٹنس کے لئے مخصوص دوا ہے۔ دس قطرے مدر ٹنکچر فی خوراک کے حساب سے دینی چاہیئے۔

۲۔ چھوٹے بچوں کا ٹیٹنس، جبڑوں کا سخت ہو جانا۔ "بیلا ڈونا"

۳۔ متواتر ابتدائی تشنج خصوصاً چہرے، جبڑوں اور کمر کے عضلات کے، سانس لینے میں دقت جس کے ساتھ منہ سے جھاگ نکلتی ہو۔ ڈاکٹر ہیمپل اور ڈاکٹر ہیوجز نے متعدد کیس اس دوا سے شفایاب کئے ہیں اور اس کی پُر زور سفارش کرتے ہیں۔ "ہائیڈروسیانک ایسڈ"

۴۔ تشنج اچانک ہوں، سختی جس کے ساتھ پسینہ آئے۔ تنفس دقت کے ساتھ ایسے زخموں میں جن میں پیپ بن چکی ہو یا جب پیپ کا اخراج رک گیا ہو۔ "سائی کیوٹا وائی روسا"

۵۔ ڈاکٹر فارس کے مطابق دنیا میں ٹیٹنس کی اعلیٰ دوا "وائی برنم پیرونی فولیم" ہے۔

۶۔ ٹیٹنس میں جبڑوں کا بند ہو جانا۔ جبڑوں کی حرکات کبھی ایک طرف اور کبھی دوسری طرف ہوں۔ "جیلسیمیم" ہر گھنٹے بعد۔ یہ اعصابی نظام کو ڈھیلا کر دے گی۔ ناف پہ "کیلنڈولا" لوشن کی پٹی کریں۔

ٹیٹنس وائرس کا ٹیکہ لگنے کے اثراتِ بد کی وجہ سے

TETANUS DUE TO ILL EFFECTS OF INJECTION OF VIRUS

"لیڈم پال" دو سو طاقت میں۔

ٹیٹنس چوٹ کے بعد
TETANUS AFTER INJURY

چوٹ لگنے کے بعد ٹیٹنس سے بچنے کے لئے " لیڈم پال ۲۰۰" تین روز تک متواتر دینی چاہیئے۔

ٹیٹنس سے بچانے والی اور شفایاب کرنے والی
TETANUS PREVENTIVE AND CURBATIVE

" لیڈم " بچانے والی دوا ہے۔ اور " ہائیپر یکم " شفایاب کرنے والی۔

ٹیٹنس کے مابعد اثرات سے محفوظ رہنے کے لئے
TETANUS PREVENTIVE ITS AFTER AFFECTS

ٹیٹنس کے مابعد اثرات سے بچاؤ کے لئے " میگنیشیا فاس " بہت تیز اثرات کی حامل ہے۔

ٹیٹنس کا خطرہ ہو
TETANUS THREATENING

اگر ٹیٹنس کا خطرہ ہو جس کے ساتھ اعضاء ٹھنڈے ہو جائیں تو " لیڈم پال ۲۰۰" طاقت میں متواتر تین دن تک دیں۔

سوچنا مع طلباء کے پڑھائی میں توجہ نہ دینے کے
THINKING INCLUDING STUDENT NO MINDING HIS STUDIES

۱۔ ماضی کی تکالیف کے متعلق سوچنا۔ " نائیٹرک ایسڈ "۔

۲۔ سوچنے یا توجہ مرکوز کرنے کی نا اہلیت۔ ایسے طلباء کے لئے جو پڑھائی کی طرف توجہ نہ رکھتے ہوں۔ بہت اعلیٰ دوا ہے۔ " ایتھیوزا سائی نیپیم "۔

پیاس بخار کے دوران نہ ہو اور پاؤں ٹھنڈے ہوں
THIRST ABSENCE IN FEVER WITH COLD FEET

شدید بخار کی حالت میں پیاس کا نہ ہونا جس کے

ساتھ پاؤں برف کی مانند ٹھنڈے ہوں ۔ ہذیانی کیفیت ، عموماً چہرہ سرخ ہوتا ہے ۔

" بیلاڈونا "

پیاس ٹھنڈا پانی جب گرم ہو تو قے ہو جائے اور مریض گرم چیزیں استعمال کرے

THIRST-COLD WATER VOMITED WHEN WARMED AND PATIENT TAKING WORM THINGS

پیاس بہت زیادہ مقدار میں پانی کی جو کہ برف کی مانند ٹھنڈا ہونا چاہیئے ٹھنڈی چیزوں کی خواہش کرے ۔ برف کی مانند ٹھنڈے مشروبات یا آئس کریم کی ۔ ٹھنڈا پانی برداشت ہوتا ہے لیکن جونہی وہ معدے میں گرم ہوتا ہے تو قے ہو جاتا ہے ۔ " فاسفورس " کا مریض کسی گرم چیز کو چھو بھی نہیں سکتا ۔ خواہ یہ مشروب ہو یا غذا ہو ۔

" فاسفورس "

پیاس کا مکمل طور پر نہ ہونا

THIRST COMPLETE ABSENCE

پیاس مکمل طور پہ غائب ہو تو ۔

" ایتھیوزا "

پیاس ۔ بہت زیادہ پانی پیئے یا چسکی لگائے

THIRST-DRINKING LARGELY OR SIPPING

بہت زیادہ پانی کی پیاس ہو " رسٹاکس " کا

مریض بہت زیادہ مقدار میں بیک وقت پانی پینا چاہتا ہے جبکہ " آرسینکم " کا مریض ایک وقت میں تھوڑی سی مقدار میں پانی کی چسکی لگاتا ہے لیکن بار بار پیتا ہے ۔

پیاس منہ خشک

THIRST-DRY MOUTH

منہ میں خشکی پائی جاتی ہے لیکن پیاس نہیں ہوتی ۔ پیاس کا نہ ہونا اور گرمی کا احساس اور گرمی یا گرمائش سے اضافہ ۔

" پلساٹیلا "

پیاس - آنکھیں اور ناک بہتی ہوں، جس کے ساتھ منہ پھٹا ہوا۔
THIRST - EYES AND NOSE RUNNING WITH PARCHED MOUTH

بہت زیادہ مقدار میں اور زیادہ وقفے کے بعد پانی پئے۔ بلغمی جھلیوں کی خشکی۔ منہ اور ہونٹ پھٹے ہوئے۔ حرکت سے اضافہ۔ "برائی اونیا"

پیاس سردی کے دوران
THIRST IN CHILL

"اگنیشیا" میں بخار کے سردی کے درجہ میں پیاس پائی جاتی ہے اور دوسرے درجات میں نہیں ہوتی۔

پیاس شدید تھوڑی سی مقدار میں پانی کی
THIRST INTENSE FOR SMALL QUANTITY OF WATER

۱۔ شدید پیاس، بار بار پانی پیئے اور بہت تھوڑی مقدار میں پیئے خصوصاً گرم مشروب کو ترجیح دے۔ "آرسینکم البم"

۲۔ شدید پیاس لیکن پینے کے فوراً بعد قے ہو جائے۔ "ڈلکامارا" دو گھنٹے کے وقفے سے دیں۔

پیاس شدید جس کے ساتھ منہ بدبودار ہو
THIRST INTENSE WITH MOUTH OFFENSIVE

۱۔ پیاس شدید گو کر زبان اور منہ میں رطوبت موجود ہوتی ہے۔ زبان ڈھیلی اور سوجی ہوئی۔ جس کے کناروں پہ گرداگرد دانتوں کے نشانات پائے جاتے ہیں تمام منہ گندا دکھائی دے اور اس سے گندی بُو آئے۔ "مرکیوریس سال"

۲۔ بخار کے دوران بہت زیادہ مقدار میں پانی پیئے۔ "برائی اونیا"

پیاس زیادہ مقدار میں پانی کی
THIRST LARGE QUANTITY OF WATER

بخار اور جبڑے جینی کے دوران بہت زیادہ مقدار میں پانی کی پیاس۔ "ایکونائٹ"

پیاس تھوڑی حاد بخار میں
THIRST LIGHT IN ACUTE FEVER

جب حاد بخار کی حالت میں پیاس کم ہو اور اس کے ساتھ اعصابی نظام کی کمزوری کی وجہ سے لرزہ پایا جائے تو یہ یقینی دوا ہوگی ۔" جیلسی میم "۔

پیاس ناقابلِ برداشت
THIRST UNQUENCHABLE

سردی لگنے کے دوران ناقابلِ برداشت پیاس ۔" نیٹرم میور " دو گھنٹے کے وقفہ سے ۔

پیاس - پانی موافق نہ ہو
THIRST- WATER DISAGREES

" اپوسائی نم " میں پیاس ہوتی ہے اور مریض ٹھنڈے مشروب پینا چاہتا ہے لیکن پانی موافق نہیں ہوتا ۔ تاہم وہ ٹھنڈا مشروب پینا چاہتا ہے جو کہ معدے میں بے سکونی کا سبب بنتا ہے وہ پیتا ہے اور قے کر دیتا ہے ۔" اپوسائی نم کین "۔

موازنہ کریں ۔" ایپس ملی فیکا " سے ڈراپسی کی علامات میں جو کہ گرم مزاج ہے جبکہ " اپوسائی نم " سرد مزاج ۔ ٹھنڈے مشروبات کے لئے " فاسفورس " سے موازنہ کریں ۔

گلے کی پیچیدگیاں ڈفتھیریا کے بعد
THROAT COMPLICATIONS AFTER DIPHTHERIA

گلا ارغوانی ، سوجا ہوا ، زخمی جس کے ساتھ بہت زیادہ کمزوری ہوتی ہے ۔ ٹانسلز اور غدود بڑھے ہوئے ہوتے ہیں جن سے مریض بہت عمدگی کے ساتھ صحت یاب ہو رہا ہوتا ہے لیکن دل فیل ہو جانے سے فوت ہو جاتا ہے ۔ اگر زیادہ تر حالتوں میں " امونیم کارب " بروقت دی جائے تو یہ زندگی بچا لیتی ہے ۔" امونیم کارب "۔

گلے میں ہسٹیریا کی مانند گولا
THROAT HYSTERICAL LUMP

گلے میں دم گھٹنے کا گولا ایسوفیگس کی اینٹھن کی ایک قسم ۔ " ایسافوٹیڈا "۔

گلے کی انفیکشن جس کے ساتھ ناک بہتی ہو
THROAT INFECTION WITH RUNNING NOSE

گلے کی حاد انفیکشن جس کے ساتھ آنکھوں میں سوزش اور ناک کا بہنا پایا جائے۔ "یوفیریزیا"۔

گلے کے ورم کا پھیلنا اور غدودوں کی سوجن
THROAT INFLAMMATION SPREADING AND GLANDS SWOLLEN

گلے کا ورم، ورم بہت شدید ہوتا ہے اور منہ کے پورے حصے میں مع گلے کے پھیل جاتا ہے۔ جس سے کوا مسوڑھے اور گلا سفنج کی مانند ہو جاتے ہیں۔ گلے کے متعلق تمام غدود سوجے ہوئے۔ جن میں تیز درد جو کانوں تک جائے۔ "مرکیورس کار"۔

گلا فالجی نگلنا دشوار
THROAT PARALYTIC AND SWALLOWING DIFFICULT

اگر خناق، گلے کی دکھن، گلے کی ورمی کیفیت کے بعد خصوصاً خناق کے بعد گلے کے عضلات کی فالجی کمزوری ہو جائے۔ جس کی وجہ سے کسی چیز کا نگلنا دشوار ہو جائے۔ مائع چیز بھی نگلی نہ جا سکے اور جب غذا "ایسوفیگس" میں جانے کے بجائے ناک میں چلی جائے تو خصوصی طور پہ واضح دوا ہے۔ "آرم ٹرائی فیلم"۔

گلا متعفن
THROAT SEPTIC

دکھے، شدید، کھال ادھیڑنے کا سا احساس۔ "ہائیڈراسٹس" گلے کی عفونتی حالت میں جس کے ساتھ بخار بھی ہو اس کے غرارے کریں۔

گلا زخمی جس کے ساتھ درد اور بخار ہو
THROAT SORE WITH PAIN AND FEVER

۱۔ "بیلاڈونا" میں شدید بخار اور گلے میں شدید سرخی ہوتی ہے۔

۲۔ زبان گیلی اور اس پر گاڑھی میل کی تہہ جس کے کناروں پر دانتوں کے نشان ہوں

بخار بند ہو جائے اور بہت زیادہ مقدار میں پسینہ آئے جس سے کوئی افاقہ نہ ہو۔ "مرک سال"۔

۳۔ "لیکیس"۔ ٹانسلائیٹس بائیں جانب شروع ہو اور دائیں طرف جائے۔ چھونے سے نہایت حساس اور علامات میں سونے کے بعد اضافہ ہو۔

۴۔ "لائیکو" ٹانسلائیٹس دائیں طرف شروع ہو اور بائیں طرف کو جائے جس کے ساتھ ناک بند ہو جائے۔

۵۔ "لیک کنی نم" اگر کسی کیس میں ٹانسلز میں درد ایک طرف شروع ہو اور دوسری طرف جائے اور پھر اسی طرف آجائے جہاں شروع ہوا تھا۔ یعنی ادلتا بدلتا رہے ایک دن ایک طرف زیادہ ہو جائے اور دوسرے دن دوسری طرف۔

۶۔ "ہیپر سلف" دھڑکن دار درد ہوتا ہے جیسا کہ پیپ بن رہی ہو۔ مریض سردی سے ذکی الحس ہوتا ہے۔ گلے میں ایسا درد ہوتا ہے جیسا کہ گلے میں کھپچیاں لگ رہی ہوں۔ "ہیپر سلف"۔

گلے کے زخم حیض کے دوران جس کے ساتھ لیکوریا
THROAT ULCERATED DURING MENSES WITH LEUCORRHOEA

ایک چھوٹا سا لوتھڑا بنے اور پھر بڑھے۔ حتیٰ کہ ٹانسلز تک پہنچے اور پھر دونوں اطراف زخموں سے بھر جائیں۔ منہ کی چھت بہت سرخ ہو جائے اور اس میں خشکی پائی جائے اور دم گھٹے خشک گھٹن کھانسنے پر مجبور کرے اور نگلنا دشوار ہو۔ گلے کے زخم عموماً حیض سے قبل ہوں یہ ایک طرف سے شروع ہوں اور دوسری طرف چلے جائیں۔ گردن پر باہر کی طرف سوجن جس کے ساتھ گلے میں زخم ہوں۔ زخم حیض کے اخراج کے ختم ہو جانے تک غائب نہیں ہوتے اور اس کے بعد آہستہ آہستہ ختم ہو جاتے ہیں۔ لیکوریا سفید جس کا اخراج حیض سے قبل ہو۔ "میگنیشیا کارب"۔

دل میں خون کا لوتھڑا، مع جسم کے نصف حصے کا فالج اور دل کا دمہ
THROMBOSIS INCLUDING HEMIPLEGIA AND CARDIAC ASTHMA

۱۔ "بوتھراپس لین سیولیٹس"۔ یہ تھرامبوسس کی اولین دوا ہے۔ یہ تھرامبوٹک نمونیہ میں بھی مفید ہے۔ نیز جسم کے نصف حصّے کے فالج اور دل کے فعل کی سستی اور باقاعدگی سے چلنے کی نا اہلیت میں بھی مفید ہے۔

۲۔ "لیکیسس" دل میں خون کے لوتھڑے (تھرامبوسس) کے لئے جس کے ساتھ ہائی بلڈ پریشر ہو۔ مفید دوا ہے۔

۳۔ "سمبل" کے متعلق کہا جاتا ہے کہ یہ تھرامبوسس کے لئے بہت مفید دوا ہے نیز دل کے دمہ کے لئے بھی مفید ہے۔ چھاتی میں بائیں طرف تیز اور ٹانکے لگنے کے سے درد جو بازو اور گردن تک دوڑتے ہوئے جائیں۔ دل کی تیز دھڑکن کے متواتر دورے سانس کا بند ہو جانا۔ دائیں طرف سر اونچا کر کے لیٹنا پڑے۔ "سپائی جیلیا"... ا طاقت میں دینی چاہیئے۔

پنڈلی کی ہڈی (ٹیبیا) کا درد | TIBIA PAIN

ٹانگ کی اندرونی اور لمبی ہڈی کا درد، ٹیبیا میں ٹوٹ جانے کا سا درد۔ "اگاری کس"۔

گدگدی ہونا | TICKLISHNESS

ہلکا سا چھونے سے بے سکونی کا احساس جس سے ہنسی آئے۔ "سولانیم"۔

بزدلی | TIMIDITY

"امونیم کاسٹی کم"

"داتورا اربوریا"۔

سردی لگنے کے اوقات | TIMING OF OCCURRING CHILL

سردی عموماً بعض بخاروں میں لگتی ہے۔ ملیریا بخار میں سردی کا لگنا ایک مخصوص دوا کی طرف راہنمائی کرتا ہے جبکہ یہ سردی مخصوص وقت پر لگتی ہو۔

ایک بجے بعد دوپہر : "فیرم فاس"۔

دو بجے " " " : "کلکیریا کارب، لیکیس"۔

تین بجے بعد دوپہر : "ایپس ، چائنا سلف"

تین سے چار بجے بعد دوپہر : "لائیکوپوڈیم ، تھوجا"

چار سے آٹھ بجے رات : "لائیکوپوڈیم"

پانچ بجے شام ۔ "چائنا"

قبل از دوپہر ۔ "نکس وامیکا ، چائنا"

ساتویں روز ۔ "چائنا"

آدھے دن کو سردی لگے ۔ "جیلسی میم"

آدھی رات " " "آرسینکم البم" "نکس وامیکا"

ایک سے دو بجے صبح " " "آرسینکم البم"

تین بجے صبح سردی لگے ۔ "تھوجا"

چار " " " "فیرم میٹیلیکم"

پانچ بجے " " " "چائنا"

چھ سے سات بجے صبح " " "پوڈو فائیلم"

سات سے نو بجے قبل از دوپہر "یوپے ٹوریم پرفولیٹیم"

نو سے گیارہ بجے قبل از دوپہر "نیٹرم میور"

گیارہ بجے دن اور گیارہ بجے رات کو سردی لگے ۔ "لیکسس"

نوبت : آرنیکا ، سیڈرون ، چائنا سلف ، اپی کاک ۔

ہر موسم بہار میں ۔ "لیکیس" (ڈاکٹر یادویندر سنگھ)

گرج چمک اور طوفان باد و باراں THUNDER STORM

جو گرج چمک اور طوفان باد و باراں سے متاثر ہوتا ہو۔ اس کو اس دوران "برائی اونیا" استعمال کرنی چاہیئے۔

اس کے بعد "سلیشیا"

مفید دوا ہے۔

تمباکو کی خواہش TOBACCO CRAVING

"ڈلفینی انڈیکا"۔

تمباکو نوشی کی عادت اور اس پر کیسے قابو پایا جائے
TOBACCO HABIT AND HOW TO GET OVER IT

"نکس وامیکا" ۳ طاقت چار گھنٹے کے وقفہ سے جب خواہش ہونے لگے تو "کیمفر" کی ایک چھوٹی سی گولی منہ میں رکھ کر چوسنی چاہیئے۔

تمباکو ہارٹ TOBACCO HEART

تمباکو چوسنے سے دل کی تکلیف "وریٹرم البم"۔

تمباکو بہت زیادہ پینے والے
TOBACCO HEAVY SMOKERS

نکوٹین کا زہریلا اثر دل، پھیپھڑوں اور خون کی نالیوں کو نقصان کا سبب بنے۔ "ٹبیکم"۔

زبان کاٹتا ہو TONGUE BITING

نیند کے دوران زبان کاٹے "فاسفورک ایسڈ"۔

زبان نارمل صحت کی حالت میں ہلکی سرخ، گیلی اور صاف ہوتی ہے۔

زبان اور اس کی بیماریاں
TONGUE AND ITS EFFECTIONS

۱۔ زبان کا کاٹنا۔ "سیکیل۔ تھوجا"۔
۲۔ زبان پر چھالے ہوں۔ "نیٹرم میور"
۳۔ زبان نیلی۔ "گائیمنوکلاڈس کیناڈنسس"
۴۔ زبان میں جلن ہو۔ "پوڈوفائیلم۔ سینی کولا"۔
۵۔ زبان میں اینٹھن ہو۔ "لائیکوپوڈیم، روٹا"۔
۶۔ زبان پر سفید تہہ جمی ہوئی ہو۔ "نیٹرم میور"۔
۷۔ زبان میں اینٹھن ہو۔ "پپر نائیگرم"۔
۸۔ زبان بھاری ہو۔ "نیٹرم میور، پپر نائیگرم"۔
۹۔ زبان متورم ہو۔ "کینتھرس، کروٹلس ہری"۔

۱۰۔ زبان پر گومڑ ہو ۔ "آرم میٹ"۔

۱۱۔ زبان کا سن ہو جانا ۔ "لیتھیم میورائیکم"۔

۱۲۔ زبان کا اوڈیما ۔ " ایپس ملی فیکا"۔

۱۳۔ زبان خشک جھلسی ہوئی ۔ "اولینڈر"۔

۱۴۔ زبان سے چھلکے اتریں ۔ "رینن کولس سکلیراٹس"۔

۱۵۔ زبان پر داد ۔ "سینی کولا"۔

۱۶۔ زبان کی حس کا ختم ہو جانا ۔ "کالچی کم"۔

۱۷۔ زبان کا سخت ہو جانا ۔ "چما فیلا ، نکولم ، نیٹرم میٹیلیکم اور نیٹرم کارب"۔

زبان کا کینسر اور سخت گومڑ

TONGUE CANCER AND HARD NODULES

۱۔ زبان پر زخم جن کے کنارے سخت ہوں ، بولنے کی طاقت کا ختم ہو جانا لیکن شعور صحیح ہو۔ "کالی سیانیٹم"۔

۲۔ زبان پر پتھر کی مانند سخت گومڑ ۔ "آرم میٹ"۔

زبان پر میل کی تہہ جمی ہوئی ہو

TONGUE COATED

"اپی کاک" میں زبان صاف ہوتی ہے یا زبان پر ہلکی سی میل کی تہہ ہوتی ہے جس کے ساتھ متلی یا قے ہوتی ہے۔ جبکہ "پلساٹیلا" میں زبان پر گاڑھی میل کی تہہ جمی ہوئی ہوتی ہے۔

زبان کے نیچے گلٹی

TONGUE CYST

زبان کے نیچے تندرواء زبان کے سامنے رکاوٹ پیدا کرنے والی گلٹی ۔ "تھوجا اور مرک سال" یکے بعد دیگرے دینی چاہئیں ۔ گلٹی سخت اور سائز میں بڑی ہوتی ہے ۔

زبان پر نقشہ بنا ہوا اور پھٹی ہوئی

TONGUE MAPED AND CRACKED

١۔ زبان پر نقشہ بنا ہوا ہوتا ہے اور اس میں سرخ جزیرے دکھائی دیتے ہیں۔
"نیٹرم میور"

۲۔ زبان پھٹی ہوئی، پر درد اور اس سے خون نکلے۔ "آرم ٹرائی فیلم"

۳۔ زبان درمیان سے پھٹی ہوئی۔ "رہس وینی نیٹا"

زبان کی نوک سے خون نکلے اور پھٹی ہوئی
TOUNGUE PAPPILLA BLEEDING AND CRACKED

زبان سرخ، نوکِ زبان کی سطح اٹھی ہوئی، دکھتی ہو اور اس سے خون نکلے۔ زبان پھٹی ہوئی، خون نکلے، جلن ہو اور پر درد، منہ سے گندی بو آئے، منہ سے تھوک کا بہت زیادہ اخراج جو کہ تیزابی ہوتا ہے۔ "آرم ٹرائی فیلم"

زبان کا فالج مع مثانے اور رحم کا فالج
TONGUE PARALYSIS INCLUDING PARALYSIS OF BLADDER AND FUNDUS

١۔ چوٹی کی دوا "کاسٹی کم" ہے۔ دوسری اہم دوا "پلمبم" ہے جس کو ایسی صورت میں کبھی بھی نہیں بھولنا چاہیئے جبکہ دوسری دوائیں ناکام ہو جائیں۔

۲۔ زبان کے فالج کے لئے ایک اور اعلیٰ دوا جبکہ زبان بھاری محسوس ہو اور اس کو حرکت دینا مشکل ہو۔ "گوائیکم" ہے۔

۳۔ "جلیسی میم" زبان کے لئے مفید ہے نیز مقامی ہلکے فالج یا مثانے کے فالج میں جبکہ پیشاب نہ رک سکے۔ فنڈس کے فالج میں (عضو کا پیندا جس کو خالی نہ کیا جا سکے) اس میں ہلکا فالج ہوتا ہے جبکہ اخراج رک رک کر ہوتا ہے۔

زبان سوجی ہوئی جس کے ساتھ منہ بدبودار
TONGUE SWOLLEN WITH OFFENSIVE MOUTH

زبان نرم اور سوجی ہوئی اور اس کے گرد اگرد دانتوں کے نشانات ہوں۔ تمام منہ اندر سے گندا دکھائی دے اور بدبو دار ہو۔ دانت اور مسوڑھے سوجے

ہوئے۔ یہ حالت حاد بخار میں یا کسی عضو کے ورم میں خصوصاً غدود یا آنتوں کے ورم میں ہوتی ہے۔ شدید پیاس جبکہ منہ اور زبان میں رطوبت پائی جاتی ہے "مرکیورلیس سال"

زبان سوجی ہوئی اور نوک تکون نما
TONGUE SWOLLEN WITH TRIANGULAR TIP

۱۔ "ہرسٹاکس" میں زبان کی نوک تکون نما ہوتی ہے اور باقی مانند زبان پر میل کی تہہ جمی ہوئی ہوتی ہے۔

۲۔ زبان سوجی ہوئی اور زخمی۔ "اوگزانک ایسڈ"

زبان زخمی اور سفلس کی وجہ سے بھی
TONGUE ULCER AND ALSO DUE TO SYPHILIS

زبان کے نیچے زخم۔ "لائیکوپوڈیم"

سفلس کی وجہ سے۔ "مرکیورلیس سال"

زبان سفید جس پر میل کی تہہ جمی ہوئی اور چھالے ہوں
TONGUE WHITE WITH COATING AND BLISTERS

۱۔ زبان پر سفید تہہ جمی ہوئی، نوک اور کنارے سُرخ، ہونٹوں کی رنگت چمکیلی سرخ۔ "سلفر"

۲۔ چھالے جلن کے ساتھ۔ "نیٹرم میور"

ٹانک مختلف تکالیف کے لئے
TONIC FOR DIFFERENT TROUBLES

۱۔ اعصابی سردرد اور مشقت بازوؤں اور ٹانگوں کا سُن ہو جانا جیسا کہ مفلوج ہوں۔ "ایوینا سٹائیوا"

مدر ٹنکچر دس سے پندرہ قطرے چھوٹے آدھے گلاس پانی میں ملا کر۔

۲۔ کمزور کر دینے والی مزمن بیماریوں کے بعد۔ یہ دوا ٹانک کا کام کرتی ہے۔ بھوک میں اضافہ کرتی ہے۔ غذا کے اعضاء کے فعل کو درست کرتی ہے اور غذا کو جزو بدن ہونے کے قابل بنا دیتی ہے۔ اخراج کے اعضاء کو تحریک دیتی ہے "جنٹیانا لوٹیا"

۳۔ ڈاکٹر بیکر "ہائیڈروکلوریم ایسڈ، الفلفا" مدرٹنکچر اور اگنیشیا کے میکسچر کو بھوک بڑھانے والے ٹانک کے طور پر دینے کی سفارش کرتے ہیں۔

لوزتان کا ورم، شنوائی متاثر ہو
TONSILLITIS HEARING AFFECTED

مزمن ورم لوزتان جبکہ شنوائی میں دقت ہو۔ "ہیپر سلف"

لوزتان، درمیانی کان کے ورم کے ساتھ
TONSILS WITH INFLAMATION OF MIDDLE EAR

۱۔ نرم تالو، اور پشتِ کان کے غدودوں کا ورم۔ "بپ ٹیشیا"

۲۔ "برائٹا کارب" نہ صرف ورم لوزتان سے محفوظ رکھتی ہے بلکہ درمیانی کان کے ورم کو بھی درست کرتی ہے جوکہ بار بار اس کے نتیجہ میں ہوتا ہے۔ یہ لوزتان کی بہت بڑی دوا ہے۔ لیکن اگر لوزتان ویکسین کا ٹیکہ لگنے کی وجہ سے بڑھ گئے ہوں تو "تھوجا"۔

اگر تپ دق کی وجہ سے ہوں تو "بیسی لینم" دیں اور پھر "برائٹا کارب"۔

لوزتان سُرخ دھڑکن دار درد کے ساتھ
TONSILS RED WITH THROBBING PAIN

لوزتان بڑھے ہوئے اور سُرخ، سرخی اور تیز دھڑکن، اگر سرخی اور تیز دھڑکن دار درد موجود ہو تو "بیلاڈونا" اولین دوا ہے اور یہ اچانک اور فوراً شفایاب کر دیتی ہے سُکڑنے کا احساس جیسا کہ گلا تنگ ہو رہا ہو۔ جلن اور خشکی "بیلاڈونا"

لوزتان میں پیپ پڑ رہی ہو
TONSILS SUPPURATING

ہر قسم کی سردی سے لوزتان میں پیپ پڑ جائے۔ لوزتان متورم اور دریدیں سوجی ہوئیں۔ "برائٹا کارب"۔

لوزتان اور غدود آپریشن کے ذریعے نکال دیئے گئے ہوں
TONSILS AND ADENOIDS SURGICALLY REMOVED

سرجیکل نکال دیئے گئے ہوں۔ لوزتان اور غدودوں کے مابعد اثرات کے لیے بہت مفید دوا ہے۔ "برومیم ۳x" - ڈاکٹر سوکشکار۔

لوزتان سلور نائیٹریٹ کی وجہ سے
TONSILS DUE TO SILVER NITRATE

جب سلور نائیٹریٹ کا عموماً استعمال کیا گیا ہو۔ "نیٹرم میور"

لوزتان کو سرجری سے بچانا
TONSILS TO BE PREVENTED FROM SURGERY

۱۔ مزمن طور پہ گردن کے غدود بڑھے ہوئے، گلے میں دکھن، گردن کے غدودوں کا مزمن طور پہ بڑھ جانا، ذائقہ خراب مریض سرد مزاج، کانوں کے گرد چھالے ناک اور گلے میں بلغم کا جمع ہونا "براٹنا کارب" اس کو صاف کر دے گی اور لوزتان کو واضح طور پہ چھوٹا کر دے گی اور اس کے ساتھ ہی چھالوں کے امکان کو کافی حد تک کم کر دے گی۔

۲۔ گلا سرخ جس کے ساتھ کوا سوجا ہوا یا استسقاء والا، زبان باہر نکالنے پر درد اور یہ درد کانوں تک دوڑتا ہوا جائے، منہ بدبودار اور زبان میں دکھن اور اس پر زرد تہہ ہو۔ گلے میں انفیکشن ہو جس کے ساتھ ہڈیوں اور جوڑوں میں۔ نیز کمر میں درد ہو، "فائیٹولا کا" گلے کو مکمل طور پہ صاف کر دے گی اور یہ نارمل دکھائی دے گا اور ورم دوبارہ نہیں ہوگا۔ ڈاکٹر ایم جی بیکی۔

لوزتان کا ورم، کھانسی، زکام اور خصیوں میں پانی پڑ جانے کے ساتھ
TONSILLITIS WITH COLD COUGH WITH HYDROCELE

۱۔ بچہ تیز بخار کے ساتھ، وزن کم ہونا، نیند کے دوران بے چین، نیند کے دوران خراٹے لے اور دانت رگڑے۔ دائیں طرف کے خصیے میں پانی پڑ جائے۔ فیملی میں ٹی بی کی ہسٹری بھی ہو۔ "تھوجا" ۲۰۰ کی ایک خوراک بعد میں "تھوجا" ۱۰۰۰، اور ۱۰۰۰۰

وقفے وقفے سے۔ آخرکار "بیبی لینم ۲۰۰" ، ایک ہزار اور دس ہزار طاقت میں مفید نتائج کا اظہار کرتی ہیں (ڈاکٹر واڈیا)

۲۔ گلے کے زخم جن کے ساتھ بار بار ورم لوزتان ہو اور لوزتان بڑھے ہوئے "ٹیوبر کولینم"

لوزتان کے ورم میں غراروں کے طور پر
TONSILS GARGLE

"ٹینکچر سلفیورک ایسڈ" ایک حصہ اور گرم پانی چھ حصے ملا کر غرارے کرنے چاہئیں۔ یہ لوزتان پر سپرے کرنے کے لئے بھی استعمال ہو سکے گی۔

لوزتان کا ورم ۔ بخار، منہ سے گندی بُو کے ساتھ اور آنتوں کا ورم
TONSILLITIS FEVER WITH OFFENSIVE MOUTH AND INFLAMMATION OF INTESTINES

منہ سے بہت زیادہ تھوک کا اخراج مسوڑھے اسفنجی اور سوجے ہوئے۔ تمام منہ گندا دکھائی دے اور گندی بُو آئے۔ تھوک بدبودار گلے میں زخم، دکھن اور جلن ہو۔ گلا سخت خراب اور زخمی۔ رات کے وقت اضافہ، پسینہ آنے کے بعد کوئی آرام نہ ہو۔ بخار، رونگٹے کھڑے کر دینے والی سردی اور برانکائیٹس کے ساتھ۔ یہ حالت حاد بخار میں یا کسی عضو کے ورم میں خصوصاً آنتوں کے غدودوں میں پائی جاتی ہے۔ شدید پیاس جبکہ زبان اور منہ گیلے ہوتے ہیں۔ "مرک سال"

لوزتان کا ورم بائیں طرف سوجن کے ساتھ جو آلۂ صوت کے فالج کا سبب بنے
TONSILLITIS WITH SWELLING LEFT SIDED CAUSING PARALYSIS OF VOCAL CORD

بائیں طرف کا درد جو عموماً کانوں تک جائے۔ سوجن اور درد، گلے کی رنگت نیلگوں سرخ ہو اور ارغوانی نہ ہو۔ گلا اور گردن چھونے سے حساس ہوں۔ گندی بُو، علامات میں اضافہ سونے کے بعد ہو۔ آلۂ صوت

کا فالج جو آواز کے بند ہو جانے کا سبب بنے۔ زخرہ ہلکا سا چھونے سے ذکی الحس۔ اس سے گھٹن پیدا ہو۔ جب بچہ نیند کے دوران زیادہ تکلیف اٹھائے۔ "لیکیسس"۔

لوزتان کا ورم، سوجن کے ساتھ جو دائیں طرف ہو اور پیپ بننے کا سبب ہو
TONSILLITIS WITH SWELLING RIGHT SIDED CAUSING SUPPURATION

دائیں طرف کے لوزتان میں سوجن اور پیپ بن رہی ہو۔ لوزتان کے زخم، گرم چیزیں پینے سے آفاقہ ہو۔ سوجن بائیں طرف کو جائے "لائیکوپوڈیم"۔ موازنہ کریں۔ "لیکیسس" سے۔

لوزتان عفونتی TONSILS SEPTIC

"پائیروجینیم ۲۰۰" یا "کالی فاس ۶" طاقت میں۔

لوزتان کا ورم جس کے ساتھ گلا زخمی اور درد ہو
TONSILLITIS - SORE THROAT WITH PAIN

تیز دھڑکن دار درد جیسا کہ پیپ بن رہی ہو گلے میں درد جیسا کہ کھپچیاں یا چھڑیاں گلے میں چبھ رہی ہوں۔ مریض سردی سے حساس ہوتا ہے۔ "ہیپر سلف"۔ موازنہ کریں "بیلاڈونا، مرک سال، لیکیسس، لائیکوپوڈیم، اور لیک کینی نم" سے۔ گلے کے زخموں کے لئے۔

لوزتان کا ورم۔ سوجن غددوں اور غارِ منہ تک پھیلے
TONSILLITIS SWELLING SPREADING TO GLANDS AND MOUTH CAVITY

گلے کا ورم، ورم شدید ہوتا ہے اور منہ کے پورے حصے میں پھیل جاتا ہے۔ جس میں گلا، کوّا وغیرہ شامل ہوتے ہیں اور گلا، کوّا اور مسوڑھے سفنج کی مانند ہو جاتے ہیں۔ گلے کے گرد کے تمام غددو سوج جاتے ہیں۔ جن کے ساتھ تیز درد ہوتے ہیں جو کہ کانوں تک جاتے ہیں۔ "مرکیوریس کار"۔

لوزتان کا ورم، غدود زخمی، سوجے ہوئے اور گلنے سڑنے والے

TONSILLITIS ULCERATED AND SWOLLEN GLANDS

GANGRENOUS

گلے میں ڈفتھیریا کی مانند اظہار، غدود ارغوانی، سوجے ہوئے زخمی اور ان سے خون نکلے اور گلنے سڑنے والے جن کے ساتھ بہت زیادہ کمزوری ہو اور لوزتان بڑھے ہوئے ہوں۔ گلے کے باہر کی طرف اور گردن کے غدود بڑھے ہوئے اور دھڑے کی مانند محسوس ہوں۔ "امونیم کارب"۔

دانت کا درد حمل کے دوران

TOOTH ACHE DURING PREGNANCY

۱۔ اس کے لئے "سیپیا" عمدہ دوا ہے۔ خشک گلو بیولنہ زبان پر رکھنی چاہئیں۔

۲۔ اگر دانت درد واحد بوسیدہ دانت سے شروع ہو۔ "کیمومیلا"۔

۳۔ اگر دانت درد شدید ہو اور مریض درد سے چلائے۔ "کافیا"۔

۴۔ اگر جبڑے کی تمام طرف متاثر ہو اور درد جگہ بدلے۔ "پلساٹیلا"۔

۵۔ اگر دانت درد بوسیدہ دانت سے چہرہ کی ہڈی میں جائے "ہکس وامیکا"۔

دانت درد، درجہ حرارت کی تبدیلی کے ساتھ اور جریان خون

TOOTHACHE WITH CHANGING TEMPERATURE AND BLEEDING

دانت درد موسم کی ہر تبدیلی سے یا منہ کے درجہ حرارت کی تبدیلی سے شدت اختیار کر جائے۔ مسوڑھے دانتوں سے دور ہٹ جائیں اور ان سے خون نکلتا ہو۔ جبڑے درد کریں یا دانتوں کی جڑوں میں درد ہو۔ دانت ڈھیلے ہو جائیں عام سکروی کی حالت ہو جائے۔ "امونیم کارب"۔

دانت درد کو ٹھنڈے پانی سے آفاقہ ہو

TOOTHACHE RELIEF BY COLD WATER

۱۔ منہ میں ٹھنڈا پانی رکھنے سے دانت درد کو آفاقہ ہو۔ گرم چیزوں سے اور حرارت سے اضافہ ہو۔ "پلساٹیلا"۔

۲۔ "ہائیوسائمس اور مرکیوریس سال" عموماً ایسی تکالیف کی واضح ادویہ ہوتی ہیں۔

دانت درد غدودوں کی جگہ بدلنے والی سوجن کے ساتھ اور چہرے کی سوجن
TOOTHACHE WITH SWELLING OF GLANDS SHIFTING AND SWELLING OF FACE

رات کے وقت تیزی کے ساتھ جگہ بدلے۔ حرارت سے اور گرم مشروب سے آفاقہ اور ٹھنڈی چیزیں کھانے اور پینے سے اضافہ۔ دانتوں کے زخم جس کے ساتھ چہرے کے غدود گلے اور گردن کے غدودوں کی سوجن ہو۔ "میگنیشیا فاس"۔

۲۔ "کریوزوٹ" ایک گھنٹے کے وقفہ سے دینے سے دانت درد کے لاتعداد کیس شفایاب ہو جاتے ہیں۔

۳۔ دانت درد کی تمام حالتوں میں خارجی طور پہ "پلانٹیگو" مدر ٹنکچر لگائیں۔

دانت درد میں خارجی استعمال کے لئے
TOOTHACHE EXTERNAL APPLICATION

"پلانٹیگو" مدر ٹنکچر میں روئی تر کر کے متاثرہ دانت پہ رکھیں۔ درد کو فوراً آفاقہ ہو جائے گا۔

دانت درد، گرم پانی سے درد میں اضافہ ہو
TOOTHACHE WARM WATER INCREASING PAIN

۱۔ اگر نوجوانوں میں دانت درد گرم پانی سے بڑھ جائے۔ "کیمو میلا"۔

۲۔ "پلانٹیگو میجر" ہر دس منٹ بعد دینی چاہیئے اور اس کا مدر ٹنکچر فوراً آرام حاصل کرنے کے لئے خارجی طور پہ استعمال کرنا چاہیئے۔

بچوں میں آنتوں کا متعفن ہونا
TOXEMIA INTESTINAL OF CHILDREN

بچوں میں آنتوں کا مزمن ۔۔۔۔ جس کے ساتھ پاخانہ اور ڈکار بدبودار ہوں۔

"بپ ٹیشیا"۔

ٹاکسین کا اخراج TOXIN ELIMINATION

"دیپیریئرین" خون کی نالیوں کے کھنچاؤ کو نرم کر دیتی ہے اور ٹاکسین کے اخراج کو جلد، گردوں اور جگر کے ذریعے اُبھار کر نکال دیتی ہے۔

نرخرے میں دکھن کا احساس TRACHEOMA – WIND PIPE

نرخرے اور چھاتی میں دکھن کا احساس ۔"آرم میٹ"۔

ککرے TRACHOMA

چھا فیلا میکولیٹا، کیوپرم سلفیوریکم مرکیورلیس پیرنیس" علامات کے مطابق دیں۔

اعصابی بدنظمی والے مریض کے لئے سکون دینے والی TRANQUILISER

اعصابی بدنظمی والے مریض کی اعصابیت کے لئے جبکہ ڈاکٹر کے پاس مختلف بیماریوں کے سلسلے میں آتا ہے جن کے لئے اس کا معائنہ کرنے کے بعد اس کو نارمل پایا جائے لیکن مریض تاحال مزمن سردرد کی شکایت کرے پیٹ میں گولے کا احساس ہو چلنے کی یا دفتر جانے کی نااہلیت بتلائے۔ مریض عموماً ناخوش ہوتا ہے۔ اس کی ناراضگی مختلف اسباب کی بناء پہ ہوتی ہے مثلاً ناکام محبت، دفتر میں شدید ہچکولے، امتحان یا کاروبار میں ناکامی اس کے لئے بہت اعلیٰ "ٹرانکولائزر" (سکون دینے والی) دوا "اگنیشیا" ہوگی۔ جس کے بعد "نیٹرم میور" دینی چاہئے جو کہ مریض کو نارمل بنا دے گی۔

زخم سے متعلق اعصابی ورم، جراحت اور بخار TRAUMATIC (PERTAINING TO WOUNDS) NEURITIS AMPUTATION AND FEVER

۱۔ "ایلیم سیپا" ایسی تکالیف میں حیرت انگیز طاقت کی حامل ہے جو عموماً جراحت کے بعد تشنج یا شدید چوٹ کے بعد رونما ہوتی ہیں۔ درد عموماً ناقابل برداشت ہوتے ہیں۔ جو کہ مریض کی طاقت کو تیزی کے ساتھ کمزور کر دیتے ہیں۔ "ایلیم سیپا"

۲۔ بخار کے لئے جو زخم کی وجہ سے نیز پیشاب کی نالی لگانے کی وجہ سے ہو تو "اکونائٹ" ایک گھنٹے کے وقفہ سے دیں اور جب بخار ٹائیفائیڈ خاصیت کا ہو تو پھر "آرسینکم البم" دیں اور جب دق کا بخار ہو تو۔ "چائنا" دیں۔

مسافروں کی دوست
TRAVELLERS FRIEND

ایسے لوگ جن کو ریل سے، ہوائی جہاز سے یا بسوں سے سفر کرنا ہوتا ہے اور کافی دیر تک بیٹھنا پڑتا ہے۔ ان کو عموماً اعصابی دکھن ہوتا ہے اور ریڑھ میں اکڑاؤ پیدا ہو جاتا ہے۔ ایک ہی حالت میں متواتر بیٹھے رہنے کی وجہ سے سوجن پیدا ہو جاتی ہے۔ ایسے لوگوں کو یہ دوا بہت زیادہ آرام پہنچاتی ہے "بیلس پیرینس"۔

کانپنا ہاتھوں اور پاؤں کا
TRIMBLING OF HANDS AND FEET

لکھ نہ سکتا ہو، پانی کا گلاس نہ پکڑ سکتا ہو۔ فالج میں ہاتھوں کا کانپنا "لالیم ٹیمولینٹم"۔

کانپنا بڑھاپے میں بھول جانے کے ساتھ
TREMBLING WITH FORGET-FULNESS IN OLD AGE

کانپنا اور لڑکھڑانا، ضعفِ دماغ، بھول جانے والا جو کہ عموماً بڑھاپے میں ہوتا ہے جو قبل از وقت ظاہر ہو۔ کمزوری، ٹھنڈک اور سُن ہو جانا عموماً واحد حصے ہیں۔ انگلیوں، بازوؤں وغیرہ کا۔ "امبرا"

کانپنا نچلے اعضاء ٹانگوں وغیرہ کا فالج میں
TREMBLING OF LOWER EXTREMITIES IN PARALYSIS

حرکت کرنے کی کوشش پر ہاتھوں اور نچلے اعضاء ٹانگوں وغیرہ کا کانپنا۔ جب وہ حرکت کرنے کی کوشش کرے تو ہاتھ کانپیں اور جب چلنے کی کوشش

کرے تو ٹانگیں کانپیں۔ یہ کانپنے کی تمام حالتیں اعصابی نظام کی کمزوری کی وجہ سے ہوتی ہیں۔ خصوصاً حاد بخار کی حالتوں میں جو کہ "جیلسی میم" کی طرف رہنمائی کرتی ہیں۔ حاد حالت میں پپوٹے بند ہو جاتے ہیں۔ مریض غنودگی میں ہوتا ہے۔ نبض کمزور ہوتی ہے۔ عضلاتی نظام کا مکمل طور پہ ڈھیلا پن جو ظاہری یا حقیقی فالج کی حالت کا اظہار کرتا ہے۔ "جیلسی میم"

کانپنا زبان کا TREMBLING TONGUE

"لیکیسس" میں کانپنا پایا جاتا ہے دونوں حالتوں میں حاد مرض کی حالت جیسا کہ "ٹائیفائیڈ" وغیرہ اور مزمن حالتوں میں بھی۔ بہت اہم زبان کا کانپنا ہے جب زبان باہر نکالے تو کانپتی ہے اور زبان کو کانپنے کی وجہ سے باہر نکالنا مشکل ہوتا ہے "لیکیسس"۔ موازنہ کریں "جیلسی میم" سے

چبانے کے عضلات کی شدید اینٹھن TRISMUS

TENSE SPASM OF THE MUSCLES OF MASTICATION

دانتنی لگنا، دانتوں کا بند ہو جانا اور زبان کا فالج۔ "لیڈم"

تپ دق جو مختلف تکالیف کا سبب بنے جس کے ساتھ جسم بہت تیزی سے گھل رہا ہو اور بات چیت غیر واضح ہو TUBERCULOSIS

CAUSING DIFFERENT TROUBLES WITH GALLOPING CONSUMPTION AND WITH INDISTINCT SPEECH

ا۔ "فاسفورس" تپ دق کے ابتدائی اور ثانوی درجات کی واضح دوا ہے جبکہ کھانسی آواز کا بیٹھ جانا اور عام کمزوری کی علامات پائی جائیں۔ اس دوا کی واحد خوراک اونچی طاقت میں دینی چاہیئے اور اس کو دوہرانا نہیں چاہیئے۔ اگر اس کو نچلی طاقت میں دیا جائے اور دہرایا جائے تو یہ تکلیف میں خطرناک حد تک اضافہ کر دے گی۔ "فاسفورس"

۲۔ دق میں بخار کو قابو کرنے کے لئے۔ "ڈیجی ٹیلس"

۳۔ دق کی خشک اور تکلیف دہ کھانسی کے لئے ۔"سٹکٹا"۔

۴۔ رات کے وقت خشک اور تکلیف دہ کھانسی، بلغم میں خون کی دھاری پائی جاتی ہے ۔"لارو سیراسس"۔

۵۔ کھانسی، بلغم، پسینے اور دق کے بخار کو کم کرنے کے لئے "کالی ہائیڈرو آیوڈیم اور کینابس سٹائیوا" یکے بعد دیگرے دینی چاہیئے۔

۶۔ مریض بہت کمزور بات نہ کر سکے۔ دق کا بخار، سردی صبح دس بجے لگے رات کو بہت زیادہ پسینہ آئے۔ صبح چار یا پانچ بجے تکلیف میں اضافہ ہو، تنگیٔ تنفس، بلغم زردی مائل سبز، بلغم میٹھا۔"سٹینم میٹ"۔

۷۔ پھیپھڑوں میں گہرے جوف، رات کا بہت زیادہ پسینہ۔ دق کا یا پیپ بننے کے دوران بخار۔"سلیشیا"۔

۸۔ غدود بڑے اور ان میں گانٹھیں بنی ہوئی، پاخانہ بار بار اور مختلف رنگوں کا جس کے ساتھ بہت زیادہ ریاح ہو۔"کلکیریا آیوڈائیڈ"۔

۹۔ گھٹن اور آواز کا بیٹھ جانا، کھانسی جو کہ دماغ کو ہلا دے۔ بلغم بدبودار، پسینہ بدبودار اور سانس کا پھول جانا۔ پھیپھڑوں کے دق کے آخری درجے کے لئے "کاربو اینی میلس"۔

۱۰۔ دق کے آخری درجہ میں اسہال "سکہارم لیکٹس"۔

۱۱۔ جب اس کے ساتھ پھیپھڑوں سے خون آئے ۔ متواتر آواز بیٹھی ہوئی، خشک کھانسی جو رات کو نیند نہ آنے دے۔ جب چڑھائی چڑھ رہا ہو تو سانس پھول جائے "ہیلیکس ٹوسٹا" سی ایم طاقت میں۔

۱۲۔ دق جسم کو گھلا دینے والی ۔ ڈاکٹر جوسٹ اور ڈاکٹر ہیوجز جسم کو بہت جلد گھلا دینے والی دق میں "کلکیریا کارب کو فاسفورس" کے ساتھ ادل بدل کر دیتے ہیں۔

۱۳۔ جب دق کا خطرہ ہو جس کے ساتھ تیزابی بدہضمی اور دودھ کا ناقابل برداشت ہونا پایا جائے تو موٹے آدمیوں کے لئے "کلکیریا کارب" کی سفارش کی جاتی ہے اور دُبلے پتلے لوگوں کے لئے "کلکیریا فاس" کی۔ ان دونوں دواؤں کے بعد "ٹیوبر کولینم" بہتر

کام کرتی ہے اور ان سے رہ جانے والی علامات کو مکمل طور پر شفایاب کر دیتی ہے۔

۱۴۔ دق میں اسہال۔ "فاسفورک ایسڈ اور چائنا آرسں" دونوں ڈاکٹر کارٹر کی دق کے لئے پسندیدہ دوائیں ہیں۔

۱۵۔ تپ دق پھیپھڑوں سے خون تھوکنا۔ ڈاکٹر الیف کارٹیر خون پر قابو پانے کے لئے مندرجہ ذیل ادویات کی سفارش کرتے ہیں۔

"جرمینیم میکولیٹم مدر ٹنکچر، اکالیفا مدر ٹنکچر، ملی فولیم مدر ٹنکچر اور فیرم ایسی ٹیکم۔"

۱۶۔ تپ دق کے پسینے۔ ڈاکٹر الیف کارٹیر ایسڈ فاس، اگاری سین، پلو کارپین اور سمبوکس" کی سفارش کرتے ہیں۔

۱۷۔ تپ دق میں دل کی تکالیف۔

۱۔ ڈاکٹر جوسٹ "کلکیریا فلور اور ڈیجی ٹیلس" کی سفارش کرتے ہیں۔ آنتوں کا دق۔ "فاسفورس۔"

۲۔ بہت زیادہ سوکھتے جانا، پیٹ کا بہت زیادہ پھول جانا، پاخانہ ریاح کے ساتھ بار بار، جلد اور ہڈیوں کے علاوہ کچھ نہ ہو (سوکھ جانے) "کلکیریا آیوڈائیڈ۔"

۳۔ "اگاری کس" ٹی بی کے مریض کو درست کر دیتی ہے۔

۴۔ پھیپھڑوں کا دق مزمن اور آخری درجہ میں خشک یا پیپ دار بلغم کا اخراج، تیز بخار اور سردی لگنا اور بھوک کا ختم ہوجانا۔ "بپٹیشیا۔"

تپ دق۔ ہاضمہ کی طاقت کا نہ ہونا
TUBERCULOSIS LACK OF DIGESTIVE POWER

"وینیڈیم" ابتدائی دق میں اور معدے کے افعال میں ٹانک کے طور پر کام کرتی ہے۔

رسولیاں مختلف جگہوں پہ
TUMOURS AT DIFFERENT PLACES

۱۔ چربیلی رسولی خصوصاً گردن پر "برائٹا کارب" چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ پستانوں کی رسولی۔ سر پستان (بھٹنیاں) اندر کو مڑی ہوئیں۔ "ہائیڈراسٹس۔"

۳۔ پستان پر مضبوط اور سخت رسولی۔ "کونیم"۔

۴۔ رحم میں بڑی ریشہ دار رسولی جو تمام رحم کو گھیرے۔ متواتر اور بار بار جریان خون جیسا کہ مریض سے موت تک جریان خون ہوتا رہے گا۔ اخراج بہت زیادہ بدبودار۔ "لیپس البس"۔

۵۔ پستانوں میں گولیاں اور غدود بڑھے ہوئے۔ دودھ جما ہوا اور تار کی شکل اختیار کر جائے۔ دودھ پلانے والی عورتوں میں دودھ خون آمیز۔ "فائیٹولاکا"۔

۶۔ ریشہ دار رسولیوں کے لئے جن کے ساتھ پر درد حیض ہو۔ "فریکسی نس امریکین" کے دس قطرے مدر ٹنکچر سوتے وقت دیں اور "وریٹرم البم" ۳۰ روزانہ صبح کے وقت دیں۔

رسولی پیٹ میں
TUMOUR IN ABDOMEN

جگر کے حصے میں گولا، علامات کے مطابق مندرجہ ذیل ادویات دینی چاہئیں۔

۱۔ "کونیم" ۲۰۰ طاقت میں۔

۲۔ "کالی کاربونیکم" ۲۰۰ صبح سویرے نہار منہ دیں۔ فم معدہ میں گولے کا احساس یہ زچگی کے بعد بھی عمدہ دواؤں میں سے ایک ہے۔

۳۔ "تھوجا" ۱۰۰۰ موہکوں کی مانند پیدائش، اسفنج کی مانند رسولیاں۔

۴۔ "تھوجا" ۳۰ اور اس کے بعد ہر چھٹے روز "تھوجا" ۱۰۰۰۔

۵۔ "کلکریا فلور" پتھر کی مانند سخت غدودوں کے لئے طاقتور دوا ہے۔

۶۔ "ٹیوبر کولینم" ۱۰۰۰ طاقت میں۔ تین ہفتے کے بعد "گریفائیٹس" ۱۰۰۰ طاقت میں۔

رسولی دماغ میں
TUMOUR BRAIN

یہ یقیناً ایک خطرناک تکلیف ہے جو کہ نظر کی کمی سر درد، قے اور دیگر تکالیف کا بھی سبب بنتی ہے جدید طریقہ کے مطابق عموماً ایسی رسولیوں کو دماغ کا آپریشن کر کے نکال دیا جاتا ہے جو کہ خطرے سے خالی نہیں ہے۔ ڈاکٹر رائے بہادر بشمبر داس پرانے اور تجربہ کار ہومیو پیتھ مندرجہ ذیل علاج تجویز کرتے ہیں۔

۱۔ علاج کا آغاز "ٹیوبر کولینم" ۲۰۰ کی ایک خوراک دینے سے کریں جو کہ مرض پر قابو

پائے گی اور سر درد کو بھی شفایاب کر دے گی ۔ "ٹیوبہ کولینم" پستان کی مہلک رسولی
کے لئے بھی مفید ہے۔

۲۔ سر درد جس کے ساتھ سر کو پھیرنے سے چکر آئیں۔ بھاری پن اور یہ درد دباؤ جو ناک تک بڑھے۔ پریشانی جیساکہ سر بہت بھرا ہوا ہے۔ کھوپڑی میں ٹانکے لگنے کے سے درد۔ ٹھنڈے اور مرطوب موسم سے اضافہ۔ سر کے اندر اور سر پہ برف کی مانند ٹھنڈک۔ "کلکیریا کارب"۔

۳۔ اگر "کلکیریا کارب" ناکام ہو جائے تو "کلکیریا فلور اور کلکیریا فاس" یکے بعد دیگرے دینی چاہئیں۔

۴۔ دماغ کی ہڈی نما رسولی پہ قابو پانے اور اس کو تحلیل کرنے کے لئے۔
"مرک آیوڈائیڈ"۔

۵۔ بجلی کی مانند درد سر کی اطراف میں۔ آنکھوں اور ناک پہ جن میں تکیہ پہ سر رکھنے سے اضافہ، سفیلٹک ہسٹری، اوپر کے جبڑے میں شدید درد، ناک سے بہت زیادہ خراشدار، گرم، پتلا اخراج، بہت زیادہ پیاس، ریاح کا پایا جانا۔ ناک کی متورم حالت کا نوجوان شادی شدہ عورتوں میں لیکوریا کے ساتھ پایا جانا۔ "کالی آیوڈائیڈ"۔

۶۔ آہستہ آہستہ نشوونما پانے والی رسولی جو شدید زخم کی وجہ سے ہوئی ہو، سر کی چوٹی میں دھڑکن دار درد، آنکھوں اور کانوں میں درد۔ "ہائیپریکم"۔

رسولیاں چربی نما ہونٹوں اور پستانوں پر بھی
TUMOUR FATTY ON LIPS AND BREAST ALSO

۱۔ چربی نما رسولیاں جسم پہ کبھی یہاں کبھی وہاں کسی نہ کسی جگہ ظاہر ہوں۔ "برائٹا کارب"۔

ب: ہونٹوں پر سخت رسولی۔ "کونیم"۔
ہونٹوں پر نرم رسولی۔ "سٹافی سیگیریا"۔

۲۔ عورتوں میں حیض کے دوران پستان سخت، متورم اور ان کی نشوونما سست ہو۔

"پلمبم آیوڈیٹا"

رسولی بیضہ دانی میں
TUMOUR IN OVARY

بیضہ دانی کی رسولی "پوڈو فائیلم" کے زیر اثر غائب ہوجاتی ہے۔

رسولی بیضہ دانی کی اعصابی درد کے ساتھ
TUMOUR IN OVARY WITH NEURALGIA

"لیکیسس" عورتوں کے اعضائے تولید کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔ یہ بیضہ دانیوں کے سادہ اعصابی درد سے لے کر حقیقی رسولی حتیٰ کہ بائیں بیضہ دانی کے کینسر اور رحم کے مختلف اقسام کے ٹل جانے تک کے لئے مفید ہے۔ درد بائیں بیضہ دانی سے دائیں کی طرف جاتا ہے۔ "لیکیسس"

رسولیاں۔ بار بار پیدا ہونے والی مع ایسی رسولیاں جو سرجری کے ذریعے نکال دی گئی ہوں۔
TUMOURS RECURRENT INCLUDING THOSE SURGICALLY REMOVED

دوبارہ پیدا ہونے والی، رسولی دو مرتبہ نشتر کے ذریعے نکالی گئی ہو اور وہ ہر دفعہ دوبارہ ہو گئی ہو۔ بڑی رسولی جیسے کہ مرغی کا انڈا، مریض سر مسلنے سے بہتر ہو۔ اس کو اپنی قابلیت پر یقین نہیں ہوتا۔ ایک نئی مہم پہ جانے سے ڈرے۔ گو کہ اس کام کو خوش اسلوبی سے سرانجام دے سکتا ہو جو کہ اس کو تفویض کیا جانے والا ہو۔ "سلیشیا"

رسولی زبان کی
TUMOUR TONGUE

رسولی زبان کی جڑ پر، پیدائشی نیلگوں اور پر درد، سائز میں تیزی کے ساتھ بڑھنے والی مشتبہ نوعیت کی۔ مریض غذا کو چوسنے کے ناقابل۔

"انتھراسینم" ۲۰۰ صبح اور "کاربو اینیملس" ۲۰۰ شام کو۔

رسولیاں، پیشاب کے درمیانی راستے میں
TUMOUR OF URINARY PASSAGE

"انا لینم"

رسولی رحم میں TUMOUR OF WHOMB

رحم کے تمام جسم کو گھیرلے۔ گندا اخراج جس کے ساتھ شدید جلن ہو۔ "لیپس ایلبس"

ٹائیفائیڈ کے دوران پیٹ ڈھول کی مانند پھولا ہوا مع ٹائیفائیڈ کے بعد ہاضمہ کمزور
TYMPANITIS AND DYSPEPSIA IN TYPHOID INCLUDING DIGESTION WEAK AFTER TYPHOID

ا۔ ٹائیفائیڈ میں پیٹ کا ڈھول کی مانند ہوجانا واضح علامت ہے۔ ٹائیفائیڈ کی ابتدائی قسم، عضلات کا کانپنا اور جھٹکنا، لاغری اور ذہنی علامات۔ "اگاری کس"

۲۔ "کاربو ویج" اولین دوا ہے۔ پھر "لائیکو پوڈیم، ایسا فوٹیڈا، ٹیری بن تھینا"

ب: ٹائیفائیڈ کے بعد ہاضمہ کی کمزوری، ٹائیفائیڈ کے بعد معدہ کمزور، ریاح اور ڈکار آئیں جن سے عارضی آفاقہ ہو۔ سادہ ترین غذا موافق نہ ہو۔ خصوصاً چربیلی غذا پیٹ کے اوپر کے حصے میں بہت زیادہ ابھارا جو اوپر کی طرف چھاتی پر دباؤ ڈالے۔ اور دل کی بے سکونی کا سبب بنے۔ ریاح کے ڈکار آنے سے اور ہوا خارج ہونے سے آفاقہ ہو۔ "کاربو ویج"

موازنہ کریں "پلساٹیلا، لائیکو پوڈیم اور چائنا سے"

ٹائیفائیڈ بچوں کا TYPHOID OF CHILDREN

بچوں کا بخار، بچہ نیم خوابی اور نیم پریشانی میں ہوتا ہے۔ منہ میں زخم اور چھالے ہوتے ہیں اور ساتھ ہی گندی بو، نرم پاخانے، پاخانہ بدبودار، بہت زیادہ کمزوری، زبان خشک ہوتی ہے۔ اس کے ابتدائی درجہ میں بہت اعلیٰ دوا ہے۔ "بپٹیشیا"

ٹائیفائیڈ سے کمزوری
TYPHOID DEBILITY

ٹائیفائیڈ کے بعد یا دوسری کمزور کر دینے والی بیماریوں کے بعد کمزوری کے لئے "سلینیم" بہت مفید ثابت ہوئی ہے

گرم موسم میں مریض کی قوت اچانک کمزور ہو رہی ہو۔ جب مریض چلنا شروع کرے تو اس کی ٹانگوں میں بہت زیادہ عام کمزوری محسوس ہو۔ ریڑھ میں کمزوری ہو تو سلینیم ۲۰۰ کی ایک خوراک مریض میں اس قدر تیزی کے ساتھ طاقت پیدا کر دے گی جس کے متعلق وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ (پروفیسر ڈاکٹر بھانجا)

ٹائیفائیڈ میں ہذیان جس کے ساتھ بے ہوشی میں پاخانہ اور پیشاب نکل جائے
TYPHOID DELIRIUM WITH INVOLUNTARY STOOL AND URINE

ہذیان، بہت دھیمی آواز میں بولے۔ پاخانہ اور پیشاب بے ہوشی میں خارج ہو جائیں، بے ہوشی، بے چینی، بستر کی چادر کو اور ناک کو نوچتا ہو۔ "ہائیو سائیمس"۔

ٹائیفائیڈ میں اسہال، پاخانہ اور پیشاب بدبودار
TYPHOID DIARRHOEA WITH OFFNSIVE STOOL AND URINE

"آرم ٹرائی فیلم" میں، اسہال پائے جاتے ہیں جن کے ساتھ بخار ہوتا ہے۔ یہ زرد دلیے کی مانند اور بدبودار ہوتا ہے۔ پاخانہ خراشدار ہوتا ہے اور مقعد اور اس سے ملحقہ حصوں میں دکھن اور جلن پیدا کرتا ہے۔ ٹائیفائیڈ کا مریض ہونٹوں اور ناک کو کھرچتا ہے جب تک کہ ان سے خون نہ بہنا شروع ہو جائے۔ پیشاب کم مقدار میں اور بعض اوقات بند ہو جاتا ہے۔
"آرم ٹرائی فیلم"۔

۲۔ زرد، بھورے رنگ کا مردار کی سی بُو والا پاخانہ "رسٹاکس"۔

۳۔ پاخانہ اور پیشاب بدبودار اور بلا ارادہ خود بخود خارج ہو جائیں۔ مثانے کا

فالج۔ "آرسینکم البم"

۴۔ پاخانہ نکلتے وقت سبزی مائل بلغم کا۔ "نائیٹرک ایسڈ"

ٹائیفائیڈ کے بعد بالوں کا گرنا
TYPHOID FALLING OF HAIRS

ٹائیفائیڈ کے بعد خوفناک حد تک بالوں کے گرنے کے لئے ڈاکٹر بوگر اس دوا کی سفارش کرتے ہیں۔ "فلیورک ایسڈ"

ٹائیفائیڈ بخار
TYPHOID FEVER

۱۔ "آرسینکم البم" ٹائیفائیڈ خصوصیت کے بخار کے لئے ایک اعلیٰ دوا ہے۔ یہ بہت پہلے نہیں دینی چاہیئے۔ بلکہ "رسٹاکس" کے بعد دینی چاہیئے۔

۲۔ ڈاکٹر برنٹ کے مطابق "پائیروجینم ۶" تقریباً ہر قسم کے ٹائیفائیڈ بخار کو شفایاب کر دیتی ہے۔

ٹائیفائیڈ بخار اور اس کا علاج
TYPHOID FEVER AND ITS TREATMENT

۱۔ ٹائیفائیڈ کا مریض ہونٹوں اور ناک کو اس وقت تک نوچتا رہتا ہے جب تک کہ ان سے خون نہ نکلنا شروع ہو جائے۔ ٹائیفائیڈ کے ساتھ اسہال ہوتے ہیں جو زرد غلے کی مانند اور بدبودار ہوتے ہیں پیشاب کم اور بعض اوقات رُکا ہوا ہوتا ہے۔ پاخانے خراشدار بھی ہوتے ہیں اور مقعد اور اس سے ملحقہ حصّوں میں دُکھن اور جلن پیدا کر دیتے ہیں۔ "آرم ٹرائی فیلم"

۲۔ ڈاکٹر آر۔ بی۔ بشمبرداس "آرسینکم البم" سے علاج شروع کرتے ہیں اور اس کو تین قطروں کی خوراکوں میں ہر دو گھنٹے بعد روزانہ چھ خوراکیں دیتے ہیں۔ اگر اس سے کوئی فائدہ نہ دکھائی دے تو پھر "سلفر ۲۰۰" نہار منہ صبح سویرے دیں اور اس روز کوئی دوسری دوا نہ دینی چاہیئے۔ دوبارہ "آرسینکم البم" ۳۰ طاقت دوسرے روز سے شروع کریں۔ اگر آئندہ چار دنوں کے دوران بھی کوئی فائدہ نہ دکھائی دے تو اگلے دن "سورائنم" ۲۰۰ نہار منہ صبح سویرے دیں اور اس دن کوئی دوسری دوا نہ دیں اور اگلے

روز پھر "آرسینکم البم" سے شروع کریں۔ اگر آئندہ چار روز کے دوران یہ بھی ناکام ہو جائے تو پھر اگلی صبح "ٹیوبر کولینم" ۲۰۰ یا ۱۰۰۰ نہار منہ ایک خوراک دیں۔ دو دن انتظار کرنے کے بعد پھر "آرسینکم البم" سے شروع کریں۔ آرسینکم البم کی نارمل علامات بے چینی، تھوڑی مقدار میں پانی کی پیاس جو تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد پئے۔ اور نڈھالی ہیں۔

۳۔ جب ٹائیفائیڈ کے ساتھ اسہال بھی شامل ہوں۔ پاخانہ بدبودار ہو، غنودگی اور نڈھالی پائی جائے تو "بپٹیشیا" واضح دوا ہے جو کہ اگر ابتدا میں دی جائے تو اس کے دورانیہ کو کم کر دیتی ہے۔

۴۔ "ایسڈ میوریٹیک" آنتوں سے جریان خون کے لئے خصوصی دوا ہے۔ متواتر ڈکار آتے ہیں جن کے ساتھ بے ہوشی اور بہت زیادہ نڈھالی ہوتی ہے۔ جبڑا نیچے لٹک جاتا ہے اور مریض زندگی اور موت کے آخری لمحات میں ہوتا ہے۔

۵۔ ٹائیفائیڈ میں بے خوابی کے لئے۔ "ابسنتھیم" دیں۔

۶۔ ٹائیفائیڈ کے بعد ہاضمہ کمزور۔ "کاربو ویج"

ٹائیفائیڈ میں آنتوں سے جریان خون
TYPHOID HAEMORRHAGE INTESTINAL

"سیکیل" بہت بگڑی ہوئی حالتوں میں جبکہ مریض قریب المرگ ہوتا ہے۔ مفید ہے۔ "ملی فولیم، ہمامیلس، چائنا، ٹیری بن تھینا اور کریوزوٹ علامات کے مطابق عمدہ دوائیں ہیں۔

ٹائیفائیڈ میں گردوں کے افعال کا رک جانا
TYPHOID KIDNEY FUNCTION STOPPED

"ٹائیفائیڈ کے بعد گردوں کے افعال کا مکمل طور پر رک جانا، پیشاب کر چکنے کے بعد متواتر قطروں کا ٹپکنا۔ "زنجیبر"

ٹائیفائیڈ نمونیہ کے ساتھ
TYPHOID WITH PNEUMONIA

۱۔ نمونیہ کے ساتھ کھانسی اور برانکائیٹس مدہوشی اور دھیمی آواز میں بڑبڑانے والا ہذیان، بہت زیادہ مقدار میں پانی کی پیاس

جو کہ برف کی مانند ٹھنڈا ہونا چاہیئے۔ جریان خون کا رجحان، شریانی جریان خون، ہتھیلیوں میں جلن۔ "فاسفورس"۔

۲۔ ایسی حالتوں میں جن کے ساتھ پھیپھڑوں کی الجھنیں پائی جائیں۔ عمدہ دوا ہے یہ ٹائیفائیڈ کے دوسرے اور تیسرے ہفتے میں بہت مفید دوا ہے "لیکیس"۔

۳۔ "ہائیوسائمس" ٹائیفائیڈ کے نمونیہ کی حالت میں حیران کن اثر دکھانے والی دوا ہے۔

ٹائیفائیڈ کا ازسرنو لوٹ آنا
TYPHOID RELAPSE

"انٹی مونیم کروڈم" عمدہ دوا ہے اس کے بعد "اپی کاک" کی باری آتی ہے۔

زخم مختلف اقسام کے
ULCERS OF DIFFERENT TYPES

۱۔ زخم جن کے کنارے حساس ہوں اور اخراج بدبودار۔ "اسٹیفاسس رینس" چھ گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ پیپ بننے کا رجحان۔ لیسدار کھرنڈ جس کے نیچے مزید پیپ جمع ہو۔ "میزیریم"۔

۳۔ پاؤں کی انگلیوں کے درمیان زخم۔ "سینی کیولا"۔

۴۔ زخم جن میں شدید کھرچنا پایا جائے۔ "سلفر"۔

۵۔ سوکھیا میں مبتلا بچوں میں جلد بہت جلد زخمی ہو جائے۔ "سٹافی سیگریا"۔

۶۔ زخم جلد کی شکنوں میں۔ "کاربو ویج"۔

۷۔ مہلک گلنے سڑنے والے زخم نیز مہلک پھوڑوں، پھنسوں کے لئے بھی۔ "ٹیرنٹولا"

۸۔ زخم گہرا ہوتا ہے اور اس سے پتلا اور بدبودار اخراج ہوتا ہے۔ "مرکیوریس سالوبلیس"

۹۔ وریدوں کے پھولے ہوئے زخموں کے لئے اور وریدوں کی حالت کے لئے جن سے یہ پیدا ہوئے ہوں۔ "ہمامیلس" ۱۲ گھنٹے کے وقفہ سے۔

۱۔ خارجی طور پر لوشن اور مرہم کے طور پر "کیلن ڈولا" مدر ٹنکچر تمام حالتوں میں استعمال کرنا چاہیئے۔

ب: زخم سے بہت جلد خون نکل آئے اس میں جلن کا احساس ہو، زخم پر درد ہو اور اس کے کنارے سخت ہوں۔ "آرسینکم البم"۔

۲۔ زخم انگلیوں کے جوڑوں پر ہوں۔ "بورکس"۔

۳۔ زخم گہرا اور اس سے پتلا اور بدبو دار اخراج ہو۔ "مرکیورلیس سالو بلیس"۔ باہمی رابطہ پیدا کرنے والی دوا انٹر کرنٹ ریمیڈی کے طور پر کانٹے چبھنے کے سے درد اور جلن۔ نیز عام اجتماع خون کو آرام پہنچانے کے لئے "ڈریٹرم ویرائیڈ" دینی چاہیئے۔

۴۔ رگڑ لگنے کی وجہ سے ایڑیوں پر زخم۔ "ایلیم سیپا"۔

۵۔ ذکی الحس، پر درد، آسانی سے خون نکلنے والے زخموں کے لئے اور بے حس اور سخت زخموں کے لئے اور بھوک کے نقص کے لئے۔ "ہائیڈراسٹس"۔

۶۔ ناک کا پردہ زخمی، زبان کا خشک ہونا اور زبان پر بال کا احساس، کوّے کے زخم اور ٹانسلز کے، پہلے سے متورم پاؤں پر زخم، شفایاب ہونے کا رجحان نہ ہو۔ "کالی بائیکرومیکم"۔

زخم آنکھ کے شفاف پردے کا جس کے ساتھ آنسو نکلیں اور آبرو میں درد ہو

ULCER CORNEAL WITH LACHRYMATION AND PAIN IN EYE BROW

۱۔ نومولود بچے کی آنکھ کے شفاف پردے کے زخم۔ "آرجنٹم نائیٹریکم"۔

۲۔ روشنی سے شدید ذکی الحسی، بہت زیادہ آنسوؤں کا اخراج، ہلکی سرخی۔ "کونیم"۔

۳۔ رات کے وقت آبروؤں کے حصے میں شدید درد، پپوٹے دانے دار، آنکھ کے شفاف پردے پر پیپ دار چھالے۔

"کروٹن ٹگلیم"۔

زخم دیر سے شفایاب ہوں
ULCERS DELAYED HEALING

ا۔ تیزی سے شفایاب نہ ہوں ورم میں پیپ بننے کا رجحان ہو۔ "سلیشیا"۔
ب: "کالیم اپارین" زخمی سطحوں پر صحت مند انگور پیدا کرتی ہے۔

زخم چھیل دینے والے
ULCERS EXCORIATING

خراب چھپٹے زخم جن میں تیز جلن کا احساس ہو۔ زخم اپنے ارد گرد کے حصوں کی جلد کو چھیل دے۔ "امونیم کارب"۔

زخم پھیپھڑوں میں، شفایاب نہ ہوں
ULCERATION IN LUNGS NOT HEALING

پھیپھڑوں کے، آنتوں کے حصے میں اور پستانوں میں۔ پیپ بننے سے بچاتی ہے زخم جلد شفایاب نہ ہوتے ہوں۔ "سلیشیا"۔

زخم منہ میں
ULCERS IN MOUTH

ا۔ منہ زخموں سے بھرا ہوا، عموماً منہ سے گندی بو آئے، بچہ عموماً کمزور اور غنودگی میں، زبان خشک ہوتی ہے۔ "بپٹیشیا"۔

۲۔ "مرک سال" پہلی اور عمدہ دوا ہے۔ اگر یہ کوئی مدد نہ کر سکے تو "سلفر" کی ایک خوراک دینی چاہیئے۔

زخموں پر خارجی استعمال کے لئے
ULCERS LOCAL APPLICATION

ڈاکٹر بورک کے مطابق "میگنیشیا سلف" کا سلوشن کافی حد تک خارجی طور پہ ورم کو کم کرنے اور جالی دار نسیجوں کی سوزش میں خارش کو دور کرنے اور دوسرے مقامی ورموں اور عفونتی حالتوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کو ایک اور چار کی نسبت سے سلوشن بنا کر گدی تر کر کے متاثرہ حصے پر لگانی چاہیئے۔ اس کے لئے خالص نمک کی تیسری طاقت استعمال کریں۔

زخم متعدد، بھورے اور سیاہ رنگ کے
ULCERS MULTIPLE BROWN AND DARK COLOUR

زخم ٹانگوں پر، زخموں پر بھورے رنگ کے کھرنڈ اور گہرے تانبے کی رنگت کی جلد سے گھرے ہوئے۔ سفلس نہ ہو۔ جو کچھ اس کے ہاتھ میں ہو۔ اگر اس کو اچانک کچھ کہا جائے تو وہ گرا دے۔ خشک کھانسی، بہت زیادہ زود حس، سر پہ صحیح طور سے ٹوپی پہنے ہوئے ہونے کا احساس۔ " کالی سلف "۔

زخم معدے کے
ULCER OF STOMACH

معدے کے زخم مردوں میں زیادہ عام ہوں۔ عموماً کترنے کے سے یا جلن پیدا کرنے والے درد جو غذا کے فم معدہ میں کسی چھوٹے سے نشان پہ رکنے سے ہو جس کے ساتھ کمر میں شدید درد ہو۔ قے، قے شدہ مادے میں جمے ہوئے خون کے اجزاء اور پھر معدے کا رس پایا جاتا ہے۔ " آرسینکم البم "، " پٹیشیا، ہائیڈراسٹس، مرکیوریس کار، ایسڈ سلف اور فاسفورس " علامات کے مطابق۔ ڈاکٹر جہار کا کہنا ہے کہ " فاسفورس " بہت ضروری مدد فراہم کرتی ہے۔ جبکہ خون اور صفراء کی ملی ہوئی قے ہو رہی ہو۔

ب: ۱۔ معدے کے زخم، کھٹے ڈکار، کھائی ہوئی غذا کی قے، درد اور معدے کا پھول جانا، بھوک کا ختم ہو جانا۔ " ایسٹک ایسڈ "۔

۲۔ " یورانیم نائیٹریکم " کے متعلق کہا جاتا ہے کہ یہ زخم بننے کے رجحان پہ قابو پا لیتی ہے۔

زخم سفلیٹک اور بدبودار
ULCERS SYPHILITIC AND OFFENSIVE

گہرے چپٹے زخم ہڈیوں اور ہڈیوں کی جھلیوں کی بیماریوں سے ہوں پانی کی مانند خون آمیز اخراج ہوتا ہو جو کہ بدبودار ہو جس کے ساتھ زخموں سے باہر کی طرف دوڑتا ہوا درد ہو۔ ان زخموں سے خون نکلتا ہے اور اس میں کریدنے کا رجحان پایا جاتا ہے۔ زخم چھونے سے بھی ذکی الحس

ہوتے ہیں۔ سفلی مزاج لوگوں کے۔ "ایسا فوئیٹڈا" موازنہ کریں، "ہیپر سلف" سے اور "نائٹرک ایسڈ" سے۔

بے ہوشی چوٹ اور تشنج کی وجہ سے
UNCONSCIOUSNESS DUE TO INJURY AND CONVULSIONS

۱۔ جب ہذیان کے ساتھ ادل بدل کر ہو۔ "فاسفورس"۔

۲۔ چوٹ کی وجہ سے صدمے میں۔ "آرنیکا مونٹینا"۔

۳۔ تشنج کے دوران بے ہوشی۔ "سائی کیوٹا وائی روسا"۔

بچوں میں نشونما کی کمی
UNDER DEVELOPMENT OF CHILDREN

"کلکیریا کارب" میں جسم کی نسائج کی نشونما میں کمی پائی جاتی ہے۔ جس کے ساتھ گردن کے لمفاوی غدود بڑھے ہوئے ہوتے ہیں۔ "کلکیریا کارب"۔

ہڈیوں کا جڑنا UNION OF BONES

"کلکیریا فاس" ایک اعلیٰ دوا ہے جبکہ ٹوٹی ہوئی ہڈیاں تیزی سے نہ جڑ رہی ہوں۔ "کلکیریا فاس"۔

غیر معاشرتی UNSOCIAL

پست حوصلگی، ناامیدی، مایوس، غیر معاشرتی عموماً فاترالعقل۔ "اناکارڈیم"۔

ناپسندیدہ بال UNWANTED HAIR

بعض اوقات عورتوں کے چہرے اور ہونٹوں پر بال پیدا ہو جاتے ہیں جو کہ بعض غدودوں کے افعال میں زیادتی کی وجہ سے ہوتے۔ ڈاکٹر یادھویر سنگھ کے مطابق "تھوجا، لائیکوپوڈیم، نیٹرم میور، فاسفورس اور تھائیرائیڈنم" علامات کے مطابق مریض کو دیں۔

URAEMIA یوریمیا۔ مثانے کا فعل بگڑ جانے کے باعث خون میں زہر پھیل جانا

THE RETENTION IN THE BLOOD OF URINARY CONSTITUENTS DUE TO FAILURE OF KIDNEYS TO EXCRETE THEM ALSO INCLUDING SURGICAL OPERATION

۱۔ سر درد، چکر اور غشی۔ "کیوپرم آرس"۔

۲۔ آہستہ اور مشکل کے ساتھ پیشاب کا آنا، یوریمیا حاد اور مزمن۔ "مارفیئم"۔

۳۔ ہیضہ میں پیشاب کے بند ہو جانے کے لئے۔ "وریٹرم البم"۔

۴۔ یوریمیا کی حاد حالت جس کے ساتھ اسہال ہوں۔ مریض ذیابیطس میں مبتلا ہو جس کی وجہ سے پیشاب کم آتا ہو اور سیاہی مائل ہو جائے۔ "کیوپرم آرس"۔

۵۔ بے ہوشی کے ساتھ آنکھوں کی پتلیاں پھیلی ہوئیں، تشنج جسم سے سخت پیشاب کی مانند بُو آئے۔ "ہیلی بورس"۔

۶۔ یوریمیا کی علامات اعضائے تناسلی کے آپریشن کے بعد پیدا ہوئی ہوں۔ "کیوپرم آرس"۔

۷۔ یوریمیا کے تشنج۔ "ہائیڈروسیانک ایسڈ، پلوکارپینم"۔

نیند غیر فرحت بخش
UNREFRESHING SLEEP

نیند غیر فرحت بخش، صبح کو تھکا ہوا اور بیزاری کے ساتھ جاگے۔ شام کے وقت نیند آئے۔ رات کے آخری حصے میں جاگتا ہوا لیٹا رہے اور عموماً صبح کے وقت دوبارہ سو جائے۔ جونہی وہ کتاب ہاتھ میں لے اس کو نیند آجائے۔ اس کو شام کے کھانے کے بعد جلد نیند آجاتی ہے۔ "نکس وامیکا"۔

یوریتھرا سے جریان خون ہو
BLEEDING FROM URETHRA

خون تازہ اور سرخ۔ "فاسفورس"۔

یوریتھرا میں خارش ہو
URETHRA ITCHING

یوریتھرا میں درد اور خارش، کھٹی بُو والا پیشاب جو بہت زیادہ اور جلن کے ساتھ ہو۔ مفید دوا ہے۔

"امبرا گریسیا"۔

یوریتھرا کو پتھری کے لئے پھیلانا
URETHRA STRETCHING FOR STONE

جب یوریتھرا کو پتھری نکالنے کے یا سلائی اور کیتھیٹر کے استعمال کے لئے پھیلایا گیا ہو، مثانے یا گردن رحم کو پھیلایا گیا ہو "سٹافی سیگیریا" مابعد کی مشکلات کو دور کر دے گی۔ یہ پھیلاؤ سرجیکل آپریشن کے بعد بہت زیادہ بے سکونی کا سبب بنتے ہیں جن کے ساتھ درد اور نزع کی علامات جن سے ٹھنڈا پسینہ آتا ہے۔ یہ بھی "سٹافی سیگیریا" سے قابلِ شفا ہیں۔

یوریتھرا کی سوزش جس کے ساتھ سوجن اور پیشاب دو دھاریوں میں بٹا ہوا
URETHRITIS WITH SWELLING AND SPLIT URINE

سائیکوٹک مریضوں میں جن کو "کینابس سٹائیوا" شفایاب نہ کر سکے۔ پیشاب دو دھاریوں میں بٹا ہوا۔ پیشاب کر چکنے کے بعد کٹس اخراج گاڑھا، یوریتھرا سوجا ہوا اور متورم۔ "تھوجا"

پاخانہ کی بے سود حاجت
URGING TO STOOL

۱۔ پاخانہ کرنے کی حاجت ہو لیکن تھوڑی سی ریاح خارج ہو جس کے بعد کچھ وقت کے لئے بے سود حاجت کو آفاقہ ہو۔ مکمل طور پہ قبض پائی جاتی ہے لیکن بے سود حاجت جس کے ساتھ ریاح کا اخراج ہو مزمن مریض میں دن بھر قائم رہتی ہے "نیٹرم سلف"۔

۲۔ گولیوں والا پاخانہ پانی کے ساتھ ملا ہوا۔ عموماً جیلی کی مانند بلغم پاخانہ کے ساتھ ہوتی ہے اور بعض اوقات اس کے بغیر پاخانہ ہوتا ہے۔ پاخانہ سے قبل کافی مقدار میں بلغم کا اخراج ہوتا ہے۔ "ایلو"

پیشاب میں البیومن اور دوسرے اجزاء کا پایا جانا
URINE ALBUMINOUS AND OTHER CASTS

۱۔ البیومن کا پایا جانا۔ "ایپس ملیفیکا" البیومن والے پیشاب کی اعلیٰ دوا ہے۔ حمل کے دوران بھی۔

۲- پیشاب کم جس میں البیومن ہوں اور سوجن پائی جائے۔" ہیلی بورس"۔
۳- ٹائیفائیڈ کے دوران یا بعد پیشاب میں البیومن -" ایسڈ فاس"۔
۴- بخاروں میں پیشاب میں الکلائن "بپٹیشیا"
مثانے کے نزلہ میں -" کینتھرس"۔
۵- گردے کے ورم میں پیشاب سیاہ " کالچی کم"۔
۶- چربی کے یا موم کے سے اجزاء -" فاسفورس"،
پیشاب میں چربی کی گولیاں پائی جائیں -" مرکیوریس کار"۔
۷- پیشاب میں اوگزیلیٹ کے لئے چوٹی کی دوا ہے -" اوگزالک ایسڈ"۔
۸- فاسفیٹ کے لئے -" امونیم کارب ، میگنیشیا فاس ، ریفے نس"۔
۹- جب پیشاب سرخ ہو -" بووسٹا"
۱۰- ذیابیطس میں پیشاب کم ہو -" ریٹینہا"
۱۱- پیشاب کم جس میں البیومن ہوں اور سوجن پائی جائے -" ہیلی بورس"۔
۱۲- پیشاب کا وزن مخصوص زیادہ ہو-" آرنیکا مونٹانا"
۱۳- پیشاب میں یورک ایسڈ جن کے ساتھ معدے کی اور گنٹھیا دی تکالیف ہوں۔

"یٹرم سلف"۔

۱۴- پیشاب میں یوریٹس کی موجودگی کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریاں۔" تھلاسپی برسا"۔
۱۵- گندے پیشاب کو صاف کر دیتی ہے جو سوزش پیدا کرنے والا نہ ہو۔ پیشاب میں فاسفیٹ کو ختم کر دیتی ہے اور پیپ پیدا کرنے والے بیکٹیریا کو ختم کر دیتی ہے۔ یوریٹر، مثانے اور گردوں میں پیشاب کے گلنے سڑنے سے بچاتی ہے۔ امونیم فارمل جس کو تجارتی طور پر " سائیسٹوجن" کے نام سے پہچانا جاتا ہے۔ خوراک پانچ سے سات گرین گرم پانی میں حل کر کے کھانے کے بعد چار مرتبہ۔

" سائیسٹوجن"۔
موازنہ کریں۔" یوروٹروپین" سے۔ ڈاکٹر ولیم بورک۔

پیشاب کرنے کی متواتر حاجت ہو

URINE CONSTANT DESIRE FOR URINATION

پیشاب کرنے کی متواتر حاجت پائی جاتی ہے اور تھوڑی سی مقدار میں پیشاب خارج ہو سکتا ہے۔ "کیمفر" مدر ٹنکچر کے پانچ قطرے چھوٹے گلاس گرم پانی میں ملا کر ہر گھنٹے کے بعد دیں۔

پیشاب کرتے وقت بچہ چلائے

URINE CHILD CRYING

بچہ پیشاب کرنے سے خوف کھائے پیشاب کرنے سے قبل چیخ مارے۔ "بورکیس"

پیشاب کا وضع حمل کے بعد ٹپکنا اور عموماً ٹپکنا

URINE DRIBBLING AFTER LABOUR AND ORDINARILY

ا: پیشاب کا وضع حمل کے بعد متواتر ٹپکنا جو کہ مثانے کے سفنکٹر کی فالجی حالت کی وجہ سے ہوتا ہے اور عموماً رگڑ کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس کو ہمیشہ "آرنیکا مونٹانا" سے دور کیا جاتا ہے۔

ب: پیشاب کا عموماً ٹپکنا۔ "وربیسکم"

پیشاب ڈراپسی میں

URINE IN DROPSY

پیشاب کا کم آنا ڈراپسی کی ایک ابتدائی علامت ہے پیشاب اچانک بہت زیادہ مقدار میں آتا ہے اور ڈراپسی کو ختم کر دیتا ہے اور اچانک یہ بہت کم ہو جاتا ہے اور ڈراپسی لوٹ آتی ہے۔ مریض بہت زیادہ پانی پیتا ہے لیکن یہ تمام ڈراپسی میں بدل جاتا ہے۔ پیشاب قطرہ قطرہ ٹپکتا ہے۔ مریض تھوڑا پانی پیتا ہے لیکن اخراج زیادہ ہوتا ہے۔ "اپوسائی نم کین"

پیشاب کا خود بخود نکل جانا نیز اگر فوراً نہ کیا جائے تو نکل جائے

URINE ESCAPE INVOLUNTARY AND ALSO IF NOT ATTENDED

ا : اخراج بڑھا ہوا ، خود بخود نکل جانا ، رات کو پہلی نیند کے دوران ۔ نیز ہلکے جوش سے پیشاب نکل جائے ۔ " کاسٹی کم " ۔

ب : پیشاب کرنے کی فوری حاجت ۔ اگر بہت جلد پیشاب نہ کیا جائے تو یہ خود بخود نکل جائے ۔ " ہپر ڈ سیلینم " ۔

پیشاب کا بہت زیادہ اخراج
POLYURIA EXCESSIVE SECRETION OF URINE

۱ ۔ حیض کے دوران پیشاب بہت زیادہ آئے ۔ " فائیٹولاکا " ۔

۲ ۔ پیشاب کی مقدار اس سے کہیں زیادہ جو کہ چوبیس گھنٹوں میں فلیوڈ استعمال کیا جائے ۔ " ایسڈ فاس " ۔

۳ ۔ پیشاب بار بار آئے ذیابیطس کے ساتھ یا بغیر ذیابیطس کے ۔ " ارجنٹم نائیٹریکم " ۔

۴ ۔ بدہضمی کے دوران پیشاب زیادہ آئے ۔ " یورانیم نائیٹریکم " ۔

۵ ۔ پیشاب رات کے دوران کئی بار آئے جو کہ معدے کی خرابی کی وجہ سے ہو ۔ " نکس وامیکا ۲۰۰ " ۔

پیشاب بار بار اور پر درد ، بستر کو گیلا کر دے اور پیشاب کا دب جانا
URINE FREQUENT AND PAINFUL AND WETTING BED AND ITS SUPPRESSION

۱ ۔ پیشاب غیر معمولی ، جلن کے ساتھ پر درد اخراج قطرہ قطرہ ۔ " کینتھرس " ۔

۲ ۔ متواتر اور غیر مؤثر خواہش ، قطروں کی صورت میں اخراج ہو ۔ " کوپائیوا " ۔

۳ ۔ متواتر حاجت صرف چند قطرے پیشاب خارج ہو ۔ " ایپس ملی فیکا " ۔

i۔ پانی پینے کے بعد متواتر خواہش ۔ " کارلس بیڈ " ۔

۴ ۔ رات کے وقت بوڑھے لوگوں میں متواتر پیشاب آئے ۔ " کاسٹی کم " ۔

i۔ متواتر اور بہت زیادہ پیشاب ذیابیطس کے ساتھ یا بغیر ذیابیطس کے ہو ۔

"ارجنٹم نائیٹریکم"۔

ب: پیشاب کا دب جانا اور رک جانا۔ "کیمفر"۔

ا۔ اگر ایک یا دو گھنٹے کے دوران کوئی اثر نہ ہو تو "ٹیری بنتھینا" ہر پندرہ منٹ کے وقفہ سے۔

ج: رات کے وقت خود بخود اخراج۔

ا۔ پہلی نیند میں "سیپیا"۔

۲۔ بچوں میں تپ دق کے رجحان کے ساتھ۔ "بیسی لینم ٹیم"۔

د: بچوں میں جبکہ جاگنا مشکل ہو۔ "کریوزوٹ"۔

۳۔ بہت گہری نیند سے۔ "کالی برومیٹم"۔

۴۔ دبلی پتلی لڑکیوں میں پہلی نیند میں بستر گیلا کرنے کے لئے مخصوص دوا ہے۔ "سیپیا"۔

۵۔ نیند میں لاشعوری طور پہ پیشاب نکل جائے۔ بستر جو کہ کئی بار گیلا ہو چکا ہو، صاف کرنے کے ناقابل ہو جائے۔ "بنزوئیک ایسڈ"۔

۶۔ رات کو بستر گیلا کر دے۔ رات کو خواب میں پیشاب کرے جو کہ مریض کو رات کے وقت جگا دے۔ "لیک کنی نم"۔

پیشاب نہ کرنے کی وجہ سے سر درد
URINE HEADACHE DUE TO NOT ATTENDING IT

پیشاب ٹھنڈا محسوس ہو پیشاب میں فاسفیٹ، دودھیا پیشاب، سر درد پیشاب روک لینے کی وجہ سے۔ گنٹھیاوی اور ہیسٹریا کے مزاج والوں میں پیشاب کم۔ "اگاری کس"۔

پیشاب بلا ارادہ خارج ہو جب چلے یا کھانسے
URINE INVOLUNTARY ESCAPE WHEN WALKING OR COUGHING

جب چلے یا کھانسے تو پیشاب خود بخود خارج ہو جائے۔ پیشاب کر چکنے کے فوراً بعد درد ہو۔ دوسروں کی موجودگی میں پیشاب کرنے کے لئے کافی دیر انتظار کرنا پڑے ”نیٹرم میور۔“

پیشاب بلا ارادہ اور مشکل سے خارج ہو
URINE INVOLUNTARY AND PASSING WITH DIFFICULTY

پیشاب بلا ارادہ جب چلے کھانسے یا چھینکے۔ ”زنکم میٹلیکم“۔

موازنہ کریں۔ ”کاسٹی کم، کیپ سی کم اور فیرم میٹ“ سے۔

پیشاب زیادہ مقدار میں اور دبا ہوا بھی
URINE LARGE QUANTITIES AND ALSO SUPPRESSED

ا۔ پیشاب زیادہ مقدار میں زرد رنگ کا، جس کے ساتھ پیاس ہو، کمزوری، زردی، گوشت کا کم ہوتے جانا (سوکھیا) پیشاب میں شوگر ہو یا شوگر کے بغیر۔ ”ایسٹک ایسڈ“۔

ب: پیشاب دبا ہوا۔ پیشاب کم اور بعض اوقات دبا ہوا۔ ”آرم ٹرائی فیلم“ کا اثر۔ پیشاب کو بہت جلد جاری کر دیتا ہے۔ ”آرم ٹرائی فیلم“۔

پیشاب دودھیا
URINE MILKY

سائنا میں پیشاب کھڑا رہنے سے دودھیا ہو جاتا ہے یا زمین پر سفید داغ چھوڑ دیتا ہے۔ ”سائنا“

پیشاب دودھیا بچوں میں
URINE MILKY IN CHILDREN

دودھیا پیشاب جو سفیدی مائل تلچھٹ میں بیٹھ جاتا ہے۔ یہ خصوصیت عموماً بچوں میں پائی جاتی ہے۔ ”فاسفورک ایسڈ“۔

پیشاب بدبو دار
URINE OFFENSIVE

ا۔ پیشاب بہت زیادہ سیاہ جس کے ساتھ بہت شدید پیشاب

کی بُو پائی جائے۔ "بنزوئیک ایسڈ"
۲۔ پیشاب سیاہ۔ گھوڑے کے پیشاب کی مانند بُو آئے۔ "نائیٹرک ایسڈ"
۳۔ پیشاب بدبودار اور کھٹاس والا۔ "سیپیا"

پیشاب میں پیپ ہو URINE PUS IN

پیشاب میں پیپ جس کے ساتھ گردوں کے حصے میں بہت زیادہ درد ہو۔ "کلکیریا سلف"

پیشاب کی رکاوٹ غدہ قدامیہ (پراسٹیٹ) کے بڑھ جانے سے
URINE PROSTATIC HYPERTROPHY

۱۔ پیشاب کا رک جانا۔ پراسٹیٹ بڑھے ہوئے۔ "بیلا ڈونا"
۲۔ پراسٹیٹ کی بیماریوں میں تکلیف کی وجہ سے ناچے۔ "ایپس ملی فیکا"
۳۔ غدہ قدامیہ (پراسٹیٹ) کی تکلیف رات کے وقت متواتر پیشاب کرنے کی حاجت ہو۔ ورم مثانہ، پیشاب کرنے میں مشکل ہو۔ "سیبل سارپولاٹا"

پیشاب کا رک جانا بچوں میں URINE RETENTION IN INFANTS

"اکونائٹ" دیں۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو پھر "پلساٹیلا" دیں۔ لیکن ڈاکٹر ہیرنگ "سلفر" کی سفارش کرتے ہیں۔

پیشاب کا رک جانا گردے اور مثانے کی سوزش اور ورم کی وجہ سے
URINE RETENTION DUE TO IRRITATION AND INFLAMATION OF KIDNEY AND BLADDER

"کینابس انڈیکا" اور "کینتھرس" مفید ہیں جبکہ مثانے اور گردے کی سوزش اور ورم موجود ہوں۔

پیشاب کا رک جانا وضع حمل کے بعد URINE RETENTION AFTER LABOUR

ا: مثانے کی فالجی کمزوری ایسی عورت میں جو سخت جفاکشی کے وضع حمل سے گزری ہو جس کے سبب پیشاب رُک جائے تو ایسی صورت میں "کاسٹی کم" اس کو معجزانہ طور پر دفع کر دیتی ہے۔ "کاسٹی کم"۔

ب: "دبکس وامیکا اور آرسینکم البم" بھی مفید ہیں جبکہ پیشاب فالج کی کسی قسم کی وجہ سے رُک گیا ہو۔

پیشاب سے کھٹی بُو آئے
URINE SMELLING SOUR

کھٹی بُو والا پیشاب جو کہ بہت زیادہ ہوتا ہے جس کے ساتھ یورتھرا میں جلن، درد اور خارش ہو۔ "امبراگریسیا"۔

پیشاب کا دب جانا
URINE SUPPRESSED

پیشاب کم اور بعض اوقات دبا ہوا۔

"آرم ٹرائی فیلم"۔

پیشاب کو بہت جلد جاری کر دیتی ہے۔

پیشاب کی تکالیف، تلچھٹ، پیشاب میں دوسری اقسام کے تہہ نشین مادے
URINE TROUBLES SEDIMENT OTHER KINDS OF DEPOSITE IN URINE

ا: پیشاب میں سرخ تہہ نشین مادہ،

بچہ پیشاب کرنے سے پہلے چلائے۔ "لائیکو پوڈیم"۔

۲۔ "اوگزیلیٹس" کے سفید ڈیپارٹس جن کے ساتھ کمر میں درد ہو۔ "اوگزالک ایسڈ"

۳۔ فاسفیٹ کے تہہ نشین مادہ کے ساتھ۔ "فاسفورک ایسڈ"۔

پیشاب کی تکلیف شادی کے بعد
URI.JE TROUBLE AFTER WEDLOCK

نوجوان اعصابی عورتوں میں شادی کے بعد پیشاب کی تکلیف

جب پیشاب کرنے کی حاجت بہت تکلیف دہ ہو۔

"سٹانی سیگریا"۔

چھپاکی سالانہ URTICARIA ANNUAL

چھپاکی کا دورہ، علامات کا اچانک سالانہ اظہار جس کے ساتھ ورم، جلن اور خارش ہو۔ جلد گرم جیسا کہ آگ پر رکھی ہوئی ہو۔ "رھس ریڈی کینس"۔ ۲۰۰۔

چھپاکی کو ٹھنڈی ہوا سے افاقہ ہو URTICARIA BETTER IN COLD AIR

چھپاکی کو ٹھنڈی ہوا میں افاقہ۔ "کلکیریا کارب"۔

چھپاکی جلن کے ساتھ URTICARIA WITH BURNING

جلن اور بے چینی کے ساتھ۔ "آرسینکم البم"۔

چھپاکی مختلف حالتوں میں URTICARIA IN DIFFERENT CONDITIONS

ا: چھپاکی موسم گرما میں ختم ہو جائے اور موسم سرما میں دوبارہ نکل آئے۔ "فاسفورس"۔

ب: چھپاکی مزمن جس کے ساتھ تمام جسم پہ ابھار ہوں جن میں خارش ہو۔ "اسٹیکس فلوریا ٹیس"۔

ج: چھپاکی گوشت کھانے سے نکلی ہو۔ "روٹا"۔

د: جب معدے کی خرابیوں سے ہو جس کے ساتھ زبان پہ سفید تہہ جمی ہوئی "انٹی مونیم کروڈم"۔

۲۔ چھپاکی کی وجہ سے تمام جسم کی سوجن کے لئے۔ "فراگیریا"۔

۳: اگر اس کے ساتھ بخار کی علامات ہوں تو "اکونائٹ" ہر دو گھنٹے بعد دیں۔

۴: جب ابھار شدید سر درد اور چہرے کی سرخی کے ساتھ پائے جائیں۔ "بیلاڈونا" تین گھنٹے کے وقفہ سے۔

س: جلد پہ شدید ناقابل برداشت آگ کی مانند خارش ہو۔ چہرے پہ بڑی بڑی پھنسیاں ہوں۔ سوجا ہوا اور بد نما ہو جائے۔ مریض کے لئے یہ ناممکن ہو کہ وہ متاثرہ حصے کو نہ کھرچے یا نہ ملے۔ "ارٹیکا یورنس"۔ (ڈاکٹر فش)

ش : مندرجہ بالا تمام حالتوں میں خارجی طور پہ "آرٹیکا یورنس" مدر ٹنکچر لگانا چاہیئے۔

ص : اگر چھپاکی کھٹے پھل کھانے یا سرکہ کے استعمال سے ہوئی ہو تو "کیمفر" مدر ٹنکچر کا ایک قطرہ چینی میں ملا کر استعمال کرنے سے یہ تکلیف دور ہو جائے گی۔

ض : مزمن حالتوں میں نوبتی بخار کے دوران یا قبل بہت زیادہ خارش ہو "ہیپر سلف۔"

ط : "تھائیرائیڈینم" چھپاکی کے لئے زیادہ تر مخصوص دوا ہے۔ جتنے زیادہ استقانی نوعیت کے چھپاکی کے ابھار ہوں جو جسم کے زیادہ حصے پر ہوں اتنی ہی زیادہ واضح اور مجوزہ اس دوا کا استعمال مفید ہو گا۔

ظ : جلد پہ مزمن چھپاکی کی وجہ سے ہونے والی تکلیف دہ خارش چیونٹیاں رینگنے کے احساس کو شفایاب کرنے میں کوئی بھی دوسری دوا اس دوا کے مقابلہ میں کامیاب نہیں ہو سکتی جتنی کہ "سلفیورک ایسڈ"۔

ع : چھپاکی معدے کی کھٹاس کی وجہ سے ہوئی ہو۔ "ڈلکامارا" ۳۔ یہ چھپاکی کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔

غ : جب چھپاکی اور دوسری جلدی تکالیف علاج کے باوجود قائم رہیں تو پھر "سکوکم چک" دیں۔

چھپاکی مشقت کے بعد URTICARIA AFTER EXERTION

ہر قسم کی مشقت کے بعد چھپاکی کے لئے مفید ہے۔
"سورائینم"۔

چھپاکی پر خارجی استعمال کے لئے URTICARIA EXTERNAL APPLICATION

"ارٹیکا یورنس" کے مدر ٹنکچر کا لوشن بنا کر خارجی طور پہ لگائیں۔

چھپاکی کھلی ہوا میں جانے سے URTICARIA WHILE GOING OUT

کھلی ہوا میں جانے پر چھپاکی۔ گرم کمرے میں آفاقہ۔ "سیپیا"

چھپاکی میں خارش ہو URTICARIA ITCHING

خارش اور جلن ہو۔ "نیٹرم میور"

چھپاکی کے ساتھ دل کی دھڑکن تیز اور جاگنے پر اسہال UTRICARIA WITH PALPITATION DIARRHOEA ON WAKING

چھپاکی جوش پر جس کے ساتھ گنٹھیادی لنگڑاپن پایا جائے۔ دل کی دھڑکن تیز ہو اور اسہال ہوں۔ چھپاکی صبح جاگنے پر نہانے سے اضافہ۔ "بووسٹا" جو کہ جلد پر ایگزیما کی مانند ابھار پیدا کرنے میں واضح اثر رکھتی ہے۔

چھپاکی میں خارش ہو، سرخ اور متورم URTICARIA ITCHING: RED AND SWOLLEN

شدید خارش ہو، سرخ اور متورم۔ "رسٹاکس"۔

رحم کا درد UTERINE COLIC

ضرور دوہرا ہونا پڑے، بہت زیادہ بے چینی۔ "کالوسنتھ"۔

رحم سے جریان خون UTERINE HAEMORRHAGE

ایگنس رحم کے اخراج کو شفایاب کرتی ہے۔ اندام نہانی بہت زیادہ ڈھیلی ہوتی ہے۔ "ایگنس"۔

رحم سے جریان خون ڈراپسی میں UTERINE HAEMORRHAGE IN DROPSY

ڈراپسی میں رحم سے جریان خون۔ گو کہ ڈراپسی کے ساتھ اس میں بندش حیض پائی جاتی ہے۔ اس میں

بہت زیادہ اخراج حیض بھی پایا جاتا ہے جو کہ بار بار ہوتا ہے اور کافی عرصہ تک رہتا ہے
حیض کے بہت زیادہ اخراج سے مریضہ کمی خون میں مبتلا ہو جاتی ہے اور پھر ٹرلیپی ہیں
"اپوسائی نم کین۔"

رحم کے درد جو اطراف کو لپکیں UTERINE PAINS DARTING TO SIDES

رحم کے درد جو ایک طرف سے دوسری طرف لپکیں۔ "اکٹیا ریسی موسا"

رحم کی رسولی یا ریشہ دار ورمِ رحم جس کے ساتھ ضمنی جریان خون ہو UTERINE TUMOUR OR FIBROID WITH CONSEQUENTIAL HAEMORRHAGE

۱۔ فریکینس امریکانہ مدر ٹنکچر دس سے پندرہ قطرے سوتے وقت جس کے ساتھ صبح کو "وربیٹرم البم" ۳۰ دیں۔

۲۔ رحم ریشہ دار رسولیوں سے بند ہو۔ پاؤں گرم اور جلتے ہوں۔ گو کہ بعض اوقات تمام جسم پر کپکپی ہو۔ "کالی آیوڈائیڈ"

۳۔ ریشہ دار ورم رحم جس کے ساتھ کمزور کر دینے والا جریان خون ہو تو مفید ہے۔ "ریپس البس"

۴۔ ریشہ دار ورم کی وجہ سے جریان خون۔ "اپی ہائیسٹیرینم" ۳۰ ہفتہ میں ایک یا دو مرتبہ دیں۔

۵۔ رحم سے ریشہ دار رسولی کی وجہ سے خود سر جریان خون۔

۱۔ فیوکس ریلیجوسا مدر ٹنکچر چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۲۔ "تھلاسپی برسا پاسٹورس" مدر ٹنکچر پانچ قطرے چار گھنٹے کے وقفہ سے۔

۳۔ "ہائیڈراسٹینم میوراٹیکم" (ڈاکٹر کلارک)

۴۔ "آرم میورنیٹرونیٹم" کسی دوسری دوا کے مقابلے میں رحم کی رسولیوں پر اثر انداز ہونے کی زیادہ طاقت رکھتی ہے۔ (ڈاکٹر برنٹ)

رحم کی تکالیف بہت جلد ہونے والے حیض کے دوران خارش کے ساتھ

UTERINE TROUBLE DURING TOO EARLY MENSES WITH ITCHING

رحم کی تمام علامات میں لیٹنے سے اضافہ حیض بہت جلد اور بہت زیادہ۔ اعضائے تناسلی کی خوفناک خارش جس کے ساتھ حیض کے دوران لبہائے فرج پر سوجن ہو۔ "امبراگریسیا"

رحم سے خون بہتا ہو

UTERUS BLEEDING FROM

رحم سے خون نکلتا ہو۔ خون تازہ اور سرخ۔ فاسفورس میں خون بہنے کا رجحان پایا جاتا ہے نہ کہ رسنے کا۔ مریضہ دیکھنے میں زرد اور کمی خون میں مبتلا ہوتی ہے۔ "فاسفورس"

ب : رحم سے جریان خون۔ "جیرانیئم میکولیٹم" مدر ٹنکچر پانچ سے دس قطرے فی خوراک۔

رحم کا بڑھ جانا

UTERUS ENLARGEMENT

رحم کا بڑھ جانا اور نامکمل طور پہ اپنی اصلی حالت پہ لوٹنا۔ جب یہ رحم کے مل جانے اور باہر نکل پڑنے کے احساس کے ساتھ ہو۔ "فریکیسنس امریکانہ"

رحم کا درد اخراج سے قبل اور اس کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا

UTERUS PAINS BEFORE FLOW AND DISPLACEMENT

ا۔ رحم میں اخراج شروع ہونے سے قبل عموماً بہت زیادہ درد ہوتا ہے اور اس میں خون کا اخراج شروع ہونے پہ آفاقہ ہو جاتا ہے۔ رحم کا مختلف اقسام کا ہٹ جانا۔ "لیکیسس"

ب : رحم کے اپنی جگہ سے ہٹ جانے کے لئے بہت موثر دوا ہے "للیئم ٹگلیم"

رحم کا سرک جانا بچے کی پیدائش کے بعد یا زور لگانے سے
UTERUS PROLAPSE AFTER CHILD BIRTH OR STRAINING

خصوصًا بچے کی پیدائش کے بعد، زیادہ وزن اٹھانے سے یا زور لگانے سے "پوڈوفائیلم" موازنہ کریں۔ "رسٹاکس اور نکس وامیکا" سے۔

رحم کا ٹل جانا UTERUS PROLAPSE

رحم کا ٹل جانا۔ "ایلو" رحم کے ٹل جانے کے کافی عرصہ سے رہنے والے کیسوں کو شفایاب کر دیتی ہے۔ جبکہ یہ جسم کے بھراؤ اور حرارت کے ساتھ ہو۔ صبح کے وقت اسہال کا رجحان ہو جس کے ساتھ رحم میں کھچاؤ پایا جائے "ایلو"۔

رحم زخمی ہو UTERUS ULCERATED

زخم اور اجتماع خون رمنہ اور گرذنِ رحم میں۔ رحم کا حقیقی ٹل جانا۔ "سیپیا"۔

کوّے کی مختلف شکایات
UVULA DIFFERENT COMPLAINTS

۱۔ متورم، سرخ یا زخمی۔ "مرکیوریس کار"۔ موازنہ کریں "ہمامیلس" سے۔

۲۔ کوّا لمبا اور گلے میں کھرچن۔ "الیومن"۔ موازنہ کریں۔ "ایپس ملی فیکا" سے جو کہ کوّا لمبا ہونے کی مخصوص دوا ہے۔

۳۔ کوّے کی درازی جس کے ساتھ گلا بری طرح سوجا ہوا ہو۔ "مانسی نیلا"۔

۴۔ کوّے کی درازی جس کے ساتھ کھانسی ہو۔ لیٹنے سے اضافہ۔ "ہائیوسائمس"۔

۵۔ کوّے میں جلن۔ "ٹسی لاگو"۔

۶۔ کوّے میں درد۔ "ٹرائی فولیم پرے ٹینس"۔

۷۔ کوّا ڈھیلا۔ "الیومن"۔

۸۔ کوّا زخمی۔ "آیوڈیم"۔

۹۔ کوے کی درازی میں مقامی طور پہ "مرک کار" لگائیں ۔ یہ بہت جلد اور مکمل طور پہ آرام پہنچائے گی ۔ نچلی طاقت استعمال کریں۔

چیچک کا ٹیکہ لگانا
VACCINATION

چیچک کے ٹیکہ کے اثراتِ بد "سیلیشیا"

چیچک کا ٹیکہ لگنے کے بعد سے بچہ ٹھیک نہ رہا ہو
VACCINATION CHILD UNWELL SINCE

چیچک کا ٹیکہ لگنے کے اثرات بد ۔ بچہ چیچک کے ٹیکے کے بعد سے کبھی بھی ٹھیک نہیں رہا ۔ چیچک کے ٹیکہ کے بعد اسہال یا جلدی تکالیف "تھوجا"

چیچک کا ٹیکہ لگانا ، چھالوں سے بے سکونی
VACCINATION DISCOMFORT FROM PUSTULES

یہ ٹیکہ کے اثرات کو ضائع نہیں کرتی بلکہ صرف درد اور بے سکونی کو آرام پہنچاتی ہے جو کہ چھالوں سے پیدا ہوئی ہو ۔ یہ اس کے دورانیہ میں مداخلت نہیں کرتی ۔ "آرنیکا"

چیچک کے ٹیکہ کا بخار
VACCINATION FEVER

"مرک سال" ۳۰ سے شروع کریں اس کی دو خوراکیں دیں ۔ اس کے بعد "ہیپر سلف" کی دو خوراکیں دیں اور آخر میں دو خوراکیں "تھوجا" ۳۰ کی دیں ۔ (ڈاکٹر گوہا)

شرمگاہ سے خون بہنا اور شرمگاہ کا ورم
VAGINA BLEEDING AND WITH INFLAMMATION

۱۔ شرمگاہ سے خون کا اخراج سخت پاخانہ پہ دباؤ پڑنے کے بعد ۔ "امبرا گریسیا"

۲۔ شرمگاہ اور اندام نہانی کا ورم "اگنیشیا" چار گھنٹے کے وقفہ سے ۔

وریدوں کا پھول جانا ٹانگوں کی جس کے ساتھ درد ہو
VARICOSE LEG WITH PAIN

۱۔ ٹانگوں کی وریدوں کا پھول جانا۔ ارغوانی رنگ کے دائرہ کے ساتھ وریدی اجتماع خون والا حصہ۔ ارغوانی یا نیلا ہوتا ہے۔ "ایسکولس"

۲۔ اگر وریدوں میں زیادہ درد ہوتا ہو۔ "پلسا ٹیلا"

وریدوں کا پھول جانا جس کے ساتھ زخم ہوں۔ بائیں ٹانگ کو لٹکانا ناقابل برداشت
VARICOSE WITH ULCERATION LEFT LEG HANGING DOWN UNBEARABLE

۱۔ بائیں ٹانگ نیلی ہو جائے اور وریدیں پھول جائیں۔ "امبرا گریسیا"

۲۔ کافی پرانی حالتوں میں۔ "فلیورک ایسڈ"

۳۔ وریدی زخم۔ زخمی ٹانگیں جن سے آزادانہ اخراج ہو اور بہت پر درد ہوں "پائیر وجی نیئم"

۴۔ ٹانگوں میں درد کی وجہ سے بمشکل حرکت کر سکے۔ "ہمامیلس"

۵۔ ٹانگوں کی وریدوں میں زخم بننے کا رجحان۔ فلیورک ایسڈ"

۶۔ مریض ٹانگوں کو اٹھائے رکھتا ہے جب ان کو نیچے لٹکایا جائے تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ پھٹ جائیں گی اور درد ناقابل برداشت ہوتا ہے۔ پھٹنے کا احساس اس دوا کی اہم علامت ہے۔

"وائیپرا"

۷۔ پرخون رگوں میں وریدوں کا پھول جانا۔ ٹانگوں میں دھڑکن دار درد۔ "بیلا ڈونا، گلونائن" وریدوں کے پھول جانے کی تمام حالتوں میں "ہمامیلس مدر ٹنکچر کا لوشن خارجی طور پہ استعمال کریں۔

وریدوں کا پھول جانا بواسیر کے ساتھ حمل کے دوران
VARICOSE WITH PILES DURING PREGNANCY

"پلساٹیلا" "لیکیسس" کے بعد دینی چاہیئے۔ جب بواسیر قبض کے ساتھ ہو اور مریض چڑچڑا ہو جائے تو پھر "نکس وامیکا"۔

چیچک سے محفوظ رکھنے والی
VARIOLA SMALL POX PROPHYLACTIC

محفوظ رکھنے والی دوائیں۔ "انٹی مونیم ٹارٹ، ہائیڈراسٹس، کالی سیانیٹم، میلنڈرینم، تھوجا، ویکسینم اور ویریولینم" ہیں۔

وریدیں اور شریانیں، ان میں فرق
VEINS AND ARTERIES DIFFERENCE BETWEEN THEM

وریدیں خون کی ایسی نالیاں ہیں جو تمام جسم سے خون دل کو پہنچاتی ہیں۔ جبکہ شریانیں خون کی ایسی نالیاں ہیں جو کہ دل سے خون جسم کے تمام حصوں میں پہنچاتی ہیں اور یہ خون دل سے کچھ طاقت کے ساتھ دھکیلا جاتا ہے۔ لہذا شریانوں سے نکلنے والا خون فوارے کی مانند اچھل کر نکلتا ہے اور اس کی رنگت چمکیلی صاف سرخ ہوتی ہے۔ وریدی خون کی رنگت سیاہی مائل سرخ ہوتی ہے اور اس کا اخراج متواتر ہوتا ہے اچھل کر نہیں نکلتا۔

وریدی جریان خون کسی عضو سے سیاہی مائل خون کے ساتھ
VENOUS BLEEDING FROM ANY ORGAN WITH BLACKISH BLOOD

کسی بھی عضو سے وریدی جریان خون مثلاً پھیپھڑوں، معدے، آنتوں رحم، ناک وغیرہ سے سیاہی مائل خون نہ کہ سرخ شریانی خون۔

"کاربوویج"۔

وریدی تعطل زخموں اور ورم کے ساتھ
VENOUS STASIS WITH ULCERS AND INFLAMMATION

۱۔ عام اور مقامی وریدی تعطل "ایسا فوٹیڈا" کی عام علامت ہے۔ وریدوں کا پھول جانا، جس کے گرد زخم ہوں۔ "ایسا فوٹیڈا۔"

۲۔ وریدوں کا حاد ورم۔ ڈاکٹر جوسٹ کا کہنا ہے کہ مفید دوا "ہمامیلس" ہے

چکر بوڑھے لوگوں کے حرکت کرنے سے
VERTIGO OF THE AGED FROM MOTION

بوڑھے لوگوں کے اٹھنے کے بعد "فاسفورس"۔

چکر۔ جب آنکھیں بند کرے اور بستر سے اٹھنے پر
VERTIGO WHILE CLOSING EYES AND RISING FROM BED

۱۔ جب آنکھیں بند کرے "تھوجا"

۲۔ بستر سے اٹھنے پر چکر قے کے ساتھ اور کھانے کے بعد غشی "سیلینیم"۔

۳۔ ڈاکٹر بورک کا کہنا ہے کہ "فاسفورس" ہر قسم کے قابل تصور چکروں پہ اعلیٰ شفائیہ طاقت کا اظہار کرتی ہے۔

چکر اٹھنے پر یا گھومنے پر
VERTIGO ON RISING OR TURNING

۱۔ اٹھنے پر چکر۔ "اکونائٹ"۔

۲۔ سر کو اطراف میں گھمانے سے یا بستر میں پہلو بدلنے پر یا اردگرد اطراف میں دیکھنے پر۔ "کونیم"۔

چکر بڑھاپے کی وجہ سے مختلف انداز میں
VERTIGO DUE TO SENILITY IN DIFFERENT POSTURES

بوڑھے لوگوں میں چکر

کسی وقت بھی آ جائیں ۔ چکر سر کی چوٹی اور کھوپڑی میں بوجھ کے ساتھ ۔ نیند کے بعد اور کھانے کے بعد اضافہ ۔ چکر کی وجہ سے لیٹ جائے ۔ معدے میں کمزوری کے ساتھ یہ دوران سر بڑھاپے سے اور قبل از وقت بڑھاپے سے تعلق رکھتا ہے ۔ " امبرا "

۲۔ چکر اوپر دیکھنے سے ۔ " کلکیریا کارب "

۳۔ چکر کمی خون کی وجہ سے ۔ خون کے ضیاع سے ۔ دورے کے دوران چہرہ چمکیلا سرخ ۔ " فیرم فاس "

۴۔ نیچے دیکھنے سے چکر ۔ " فاسفورس ، سپائی جیلیا ، سلفر "

۵۔ چکر پھولوں کی خوشبو سے ۔ " نکس وامیکا ، فاسفورس "

۶۔ چکر کھانے کے دوران اور بعد ۔ " گریشی اولا "

۷۔ چکر گاڑی میں حرکت کرنے سے ۔ " کاکولس "

۸۔ چکر جب جھک رہا ہو ۔ " نکس ، بیلاڈونا "

۹۔ چکر جب چڑھائی چڑھ رہا ہو ۔ " کلکیریا ، اوسٹری رم "

۱۰۔ چکر جب اتر رہا ہو ۔ " بورکیس "

۱۱۔ چکر جب تکیے سے سر کو پھیرے ۔ " لیک دکسنیم "

۱۲۔ چکر کی وجہ سے آگے کی طرف گرنے کا رجحان ۔ " سپائی جیلیا " ۳۰ ۔

۱۳۔ چکر کی وجہ سے پیچھے کی طرف گرنے کا رجحان ۔ " نکس وامیکا " ۲x سے ۲۰۰ ۔

۱۴۔ چکر کی وجہ سے ایک طرف گرنے کا رجحان ۔ " سلفر " ۳۰ ۔

آبلے زرد VESICLES YELLOW

زرد آبلے عموماً " اناکارڈیم " میں پائے جاتے ہیں ۔ جن کے ساتھ ابھار میں شدید خارش ہوتی ہے ۔ " اناکارڈیم " ۔ موازنہ کریں " رسٹاکس " سے ۔

وائرس مع جریان خون VIRUS INCLUDING HAEMORRHAGE

آنکھوں کے وائرس کی وباء کے دوران ستان شام کو شائع ہونے والے روزنامہ ہندوستان ٹائمز کے مطابق " پلاٹینا " ۲۰۰ بہت تیزی

کے ساتھ اثر کرتی ہے۔ اس کو آدھے گھنٹے کے وقفہ سے دینا چاہیئے۔ اس کی تین خوراکیں کافی ہیں اور پہلی خوراک کے فوراً بعد مریض کافی سکون محسوس کرتا ہے اور چوبیس گھنٹے میں مریض کی آنکھوں میں ورم کا کوئی نشان باقی نہیں رہتا۔

۲۔ تمام جسم کی خراب حالت۔ ڈاکٹر نیش کے مطابق نائیٹرک ایسڈ چبھن پیدا کرنے والے زخموں، پھوڑے پھنسیوں، گومڑوں، جسم کے تمام قدرتی سوراخوں سے جریان خون، خون چمکیلا سرخ ہو تو مفید ہے۔

بصارت کی مختلف تکالیف
VISION DIFFERENT TROUBLES

۱۔ رنگوں کا اندھا پن۔ "فاسفورس"۔

۲۔ رنگوں میں مغالطہ یا آنکھوں کے سامنے اعداد میں۔ "اگاریکس مسکیریس"۔

۳۔ آنکھوں کے سامنے سرخ دھبے۔ "ہائیوسائمس"۔

۴۔ آنکھوں کے سامنے سیاہ دھبے۔ "سلفر"۔

۵۔ آنکھوں کے سامنے شعلے۔ "بیلاڈونا"۔

۶۔ اندھا پن جب عصب بصارت کے فالج کی وجہ سے ہو۔ "بوتھروپس"۔

۷۔ اندھے پن کے عارضی دورے۔ "اکونائٹ، مرکیورلیس سال"۔

۸۔ رات کا اندھا پن جب مریض کو سورج غروب ہونے کے بعد کچھ دکھائی نہ دے۔ "اکونائٹ"۔

۹۔ رات کا اندھا پن جب مریض کو آنکھوں کے سامنے سیاہ دھبے دکھائی دیں۔ "لائیکوپوڈیم"۔

جب آنکھوں کے سامنے چنگاریاں دکھائی دیں۔ "وریٹرم البم"۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو "ہائیوسائمس" دیں۔

۱۰۔ دن کا اندھا پن جب مریض کو شام کے وقت دکھائی دے۔ "سلفر"۔

۱۱۔ روشنی سے خوف کے لئے جس کے ساتھ سر درد ہو۔ "یوفریزیا"۔

۱۲۔ موتیا۔ ابتدائی درجہ میں جس کے ساتھ نظر کی کمزوری ہو۔ "کاسٹی کم ۱۰۰۰ ہزار"۔

"فاسفورس" بھی موتیا کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔ دیں۔

۱۳۔ گلوکوما (دھندلے پن) کے لئے۔ "سپائی جیلیا" "پرونس سپائی نوسا" یکے بعد دیگرے دینی چاہیئے۔

۱۴۔ پپوٹوں پر دانوں کے لئے۔ "ہیپر سلف اور گریفائیٹس" یکے بعد دیگرے دیں۔

۱۵۔ پپوٹوں پر دانے جبکہ پلکیں آنکھوں کے اندر کی طرف مڑ جائیں اور ورم ہو۔ نچلا پپوٹا مکمل طور پہ اندر کو مڑ جائے۔ "بورکیس"

۱۶۔ پلکوں کا اندر کی طرف پیدا ہونا۔ جبکہ "بورکیس" ناکام ہو جائے تو "پلساٹیلا" دیں۔

۱۷۔ جب آنسوؤں کی تھیلی کی رکاوٹ کی وجہ سے ہو۔ آنسو بہتے ہوں۔ "رسٹاکس"

۱۸۔ پپوٹوں پہ گانٹھیں۔ "کونیم، سٹافی سگیریا"

۱۹۔ پپوٹوں کے نیچے گومڑ۔ "کالی بائیکرومیکم"

۲۰۔ اوپر کے یا نچلے پپوٹوں پر رسولی۔ "زنکم میٹیلیکم"

۲۱۔ دایاں آدھا حصہ نہ دکھائی دے۔ "لتھیم کارب"

۲۲۔ نچلا یا اوپر کا حصہ نہ دکھائی دے۔ "آرم میٹ"

۲۳۔ آنکھ کے ڈھیلے کی زردی، بصارت کا حصہ کھچا ہوا اور شفاف پردے کی نالیوں کی سکڑن۔ "اسی ٹانیلیڈم"

۲۴۔ عصب بصارت کی لاغری، ریٹینا میں اجتماع خون۔ آنکھ کا ڈھیلا زرد، بصارت کا بہت زیادہ نقص۔ "کاربونیم سلفوریٹم"

بصارت مدہم — VISION DIM

بصارت میں کمی بغیر کسی معقول وجہ کے۔ "امبرا گریسیا"

قوت حیات — VITAL FORCE

"سلیشیا" جسمانی قوت حیات پہ اثر انداز ہوتی ہے اور گہری جڑوں والی بیماریوں کو شفایاب کر دیتی ہے مریض ہمیشہ قوت حیات میں گرمی چاہتا ہے اور موسم

سرما میں سر یا پاؤں کو ننگا کرنے سے ڈرتا ہے۔ "سلیشیا"

قوتِ حیات کمزور اور نتیجتاً حالتِ نزع
VITAL FORCE EXHAUSTED AND CONSEQUENTIAL COLLAPSE

جب قوتِ حیات تقریباً کمزور ہو چکی ہوتی ہے اور سطحِ جسم پر ٹھنڈا پسینہ آتا ہے۔ مریض بلا حرکت پڑا ہوتا ہے جیسا کہ مر رہا ہو۔ بولنے کی طاقت ختم ہو جاتی ہے۔ انگلیوں کا نیلا پن ہو تو "کاربو ویج" دوا ہے جو کہ ایسی خطرناک حالتوں میں استعمال ہوتی ہے۔ "کاربو ویج"

وٹامنز
VITAMINS

ا : وٹامنز کا نظریہ حال ہی میں وجود میں آیا ہے لیکن وٹامنز ہومیوپیتھک نقطہ نظر سے بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ درحقیقت یہ نامیاتی مرکبات کا ایک گروپ ہے جو کہ قدرتی غذاؤں میں بہت قلیل مقدار میں پائے جاتے ہیں جو کہ جانوروں اور انسانوں کی زندگی کی نشوونما کو نارمل رکھتے ہیں۔ جو کہ اصولی طور پہ ان مرکبات کی ترکیب نہیں کر سکتے۔ یہ کم مقدار میں موثر ہوتے ہیں اور یہ طاقت مہیا نہیں کرتے لیکن جانداروں میں استحالی تبدیلیوں کو معمول کے مطابق رکھتے ہیں۔ ہومیوپیتھی میں مناسبت کے لحاظ سے ایسی دوائیں موجود ہیں جو نہ صرف نقص کے لئے مہیا کی جاتی ہیں بلکہ وہ نظام کو درست کر کے اس قابل بنا دیتی ہیں کہ وہ غذا سے مطلوبہ وٹامنز حاصل کر سکے۔ لیکن حقیقی پریکٹس کے دوران میں نے یہ اخذ کیا ہے کہ وٹامنز ہومیوپیتھک طریقہ علاج کے تحت خلاف اصول نہیں ہیں۔ میں نے اپنے زیرِ علاج مریضوں میں ان کو بے انداز فوائد کا حامل پایا ہے۔ جب تک معالج مختلف اقسام کے وٹامنز اور ان کی خصوصیات سے خوب واقف نہ ہو اس کو ان کا انتخاب نہیں کرنا چاہیئے کیونکہ اس طرح اچھائی کے بجائے ایک بڑی مصیبت بھی گلے پڑ سکتی ہے۔

ب : ڈاکٹر اے زیڈ بلیک وڈ کے مطابق وٹامنز چربی اور پانی میں حل پذیر ہیں چربی میں حل پذیر وٹامنز جانوروں کی باقاعدہ نشوونما اور تغذیہ کے لئے لازمی ہیں۔ یہ مکھن، انڈے کی زردی، مچھلی کے تیل، گاجر، کیلا اور آلو میں بھی موجود ہوتے ہیں۔

پانی میں حل پذیر وٹامنز بھوک اور تغذیہ کے لئے ضروری ہیں یہ کافی حد تک غددوں کی نسائج میں موجود ہوتے ہیں۔ ٹماٹر ورم اعصاب میں اور سکروی میں بہت مفید ہیں سنترہ، مالٹا، لیموں اور ٹماٹر سکروی سے محفوظ رکھتے ہیں۔ پالک، شلجم اور بند گوبھی میں بھی یہ خصوصیات پائی جاتی ہیں۔

اعصابی ورم کو ختم کرنے والے وٹامنز پانی میں حل پذیر ہیں۔ یہ خمیر اور چھلکے والی غذاؤں کے بیرونی خول میں اور سنترہ کے رس میں پائے جاتے ہیں۔ غذا میں ان کی غیر موجودگی بیری بیری (نچلے اعضاء میں پانی پڑ جانے کی حاد حالت) کا سبب بنتی ہے اور ان کا پایا جانا اس سے محفوظ رکھتا ہے۔

تازہ غیر گرم کیا ہوا دودھ ایسے وٹامنز کا حامل ہوتا ہے جو کہ صحت اور نشوونما کے لئے ضروری ہیں۔ بعض حالتوں میں پانی میں حل پذیر وٹامنز میں اس کی کمی پائی جاتی ہے، اور پھلوں کے رس کی ضرورت پڑتی ہے۔ خصوصاً بچوں کو سکروی سے محفوظ رکھنے کے لئے سنترہ کے رس کی۔

وٹامنز

وٹامنز گروپ کی ہومیوپیتھک ادویات (بہت سی ادویہ میں سے چند ایک درج ذیل ہیں)

وٹامن اے

کلکیریا فاس x۱۲ ، الیٹڑ فاس Q سے ۲۰۰ ، فاسفورس ۲۰۰۔

وٹامن بی

کالی میور x۶ یا x۱۲ ، کارڈووس مار Q ، چیلی ڈونیم Q سے x۶ ، نیٹرم فاس x۳ ، لائیکوپوڈیم ۲۰۰ ، ہائیڈراسٹس Q۔

وٹامن سی

کالی فاس x۶ ، کاربوویج ۲۰۰ ، سلیشیا ۲۰۰ اور گریفائٹس ۲۰۰۔

وٹامن ڈی

کلکیریا فلور ۱۲x ، رسٹاکس ۳۰x۔

وٹامن اے

سباُنا Q ، سیپیا ۶۔

وٹامن کے

جیریئیم Q ، فیرم فاس ۶ ، سیکیل کار Q ۔

آوازیں سُننا VOICES HEARING

ایسی آوازیں سنتا ہے جو دوسروں کے لئے قابل شنوائی نہیں ہوتیں۔ لیکن مریض اس بات پر اڑا رہتا ہے کہ اس نے آوازیں سُنی ہیں۔ یہ توہم کی وجہ سے ہوتا ہے۔ "ناجا" ۳۰۔

آواز کا بیٹھ جانا بلغم کے اخراج کے ساتھ VOICE HOARSE WITH EXPECTORATION OF MUCUS

آواز کی حاد شکایات ، نزلادی آواز کا بیٹھ جانا بلغم کا نرخرے سے بہت زیادہ اخراج۔ "ایلیم سیپا"

آواز کا ضائع ہو جانا VOICE LOSS OF

۱۔ کیکیس تنفس کے اعضاء اور چھاتی پر بہت زیادہ اثر رکھتی ہے۔ آلہ صوت کا فالج جو آواز کے ضیاع کا سبب بنے۔ نرخرہ ہلکا سا چھو جانے سے حساس ہو۔ جب بچہ نیند کے دوران زیادہ تکلیف میں ہو تو اس سے گھٹن پیدا ہوتی ہے۔ گلے میں درد جو غیر معمولی طور پہ کانوں تک جائے۔ "کیکیس"

۲۔ سادہ نزلہ سے آواز کا ضائع ہو جانا۔ "کاسٹی کم" دو گھنٹے کے وقفہ سے۔

۳۔ آواز کا ضائع ہو جانا ، جب مریض کو حرارت میں ننگا کیا جائے۔ "انٹی مونیم کروڈم" تین گھنٹے کے وقفہ سے۔

آواز کا اچانک ضائع ہو جانا VOICE LOSS SUDDENLY

گانے والوں، عوامی جلسوں میں تقریریں کرنے والوں یا وکیلوں کی جن کو اپنا کیس مکمل کرنے کے لئے گھنٹوں بولنا پڑتا ہے۔ کی آواز کا اچانک ضائع ہو جانا۔ "آرم ٹرائی فیلم" سے شفایاب کیا جا سکتا ہے جو کہ ان کو اس قابل بنا دے گی کہ وہ اپنا بیان جاری رکھ سکے اور آواز کو صاف اور واضح کر دے گی۔ یہ خصوصاً اس وقت مفید ہے جبکہ آواز غیر یقینی طور پہ ناقابل قابو ہو اور اس کی نوعیت بدلتی جائے۔ "آرم ٹرائی فیلم"۔

۲۔ آواز کا ضائع ہو جانا حیض کے دوران۔ "جلیسی میم"۔

قے نوبتی اور مختلف اقسام کی

VOMITING PERIODIC AND OF DIFFERENT TYPES

۱۔ بچوں میں اچانک دودھ کی قے۔ "مرکیورلیس سال"۔ دو گھنٹے کے وقفہ سے۔ موازنہ کریں۔ "ایتھیوزا سائی نیپیم" سے۔

۲۔ متلی، سر درد، غذا اور صفرا کی قے۔ "پٹرولیم" ایک گھنٹے کے وقفہ سے۔

۳۔ نوبتی قے کی لہر خصوصاً کھٹے مادے کی قے جو کہ اتنا کھٹا ہوتا ہے کہ دانت آپس میں مل جاتے ہیں۔ "آئرس ورسی کولر"

۴۔ جونہی مریض کھائے یا پیئے قے کر دے۔ بہت زیادہ بھرے ہوئے معدے سے قے ناقابلِ ہضم چیزیں کھانے سے جیسا کہ چربیلی غذا یا موسم گرما کی حرارت سے قے۔ زبان پہ سفید میل کی تہہ جمی ہوئی ہو۔ "انٹی مونیم کروڈم"۔

۵۔ تکیے سے سر اٹھانے یا اونچا کرنے سے بھی قے ہو جائے۔ "سٹرامونیم"۔

۶۔ قے تمباکو کے غلط استعمال سے۔ "ٹبیکم"۔

۷۔ شرابیوں کی قے، معدے کی جلن۔ "ایسڈ کاربالک"۔

۸۔ بچہ جونہی دودھ پئے قے کر دے۔ "ویلیریانا"۔

۹۔ "ایتھیوزا" بچوں کی قے کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔ بچہ کھانے یا دودھ پینے کے فوراً بعد قے کر دیتا ہے۔ اس کے بعد بہت زیادہ نڈھال ہو جاتی ہے جو کہ اس دوا کی اہم علامت ہے۔ بچہ نڈھال ہو کر پیچھے کی جانب گر جاتا ہے۔ قے سبز جمے ہوئے

دودھ کی ہوتی ہے۔ موسم گرما میں قے اچانک شروع ہو جاتی ہے۔ چہرے پر آغاز سے ہی مردنی چھائی ہوئی ہوتی ہے۔ اور اگر ایسی حالت میں کوئی دوا بچے کی جان بچا سکتی ہے تو وہ ۔" ایتھیوزا سائی نیپیم " ہے۔

قے تمام چیزوں کی VOMITING ALL THINGS

تمام اقسام کی غذا اور مشروبات کی قے، صفراء اور خون کی قے، کلیجے کی جلن۔ غذا کو دیکھنا یا اس کی خوشبو برداشت نہ کر سکے ۔" آرسینکم البم "۔

قے ایک دن چھوڑ کر ہو VOMITING ON ALTERNATE DAY

ڈاکٹر کلارک نے ایک دن چھوڑ کر قے ہونے کے ایک کیس کو "پیٹیشیا" سے شفایاب کیا ہے۔

قے صفراء کی VOMITING OF BILE

صفراء کی قے سردی اور بخار کے درمیانی وقفہ ہیں۔

"یوپاٹوریم پرفولی ایٹم "۔

قے دہی کی سی کھٹی VOMITING OF CURDS

قے بہت زیادہ مقدار میں دہی کی سی کھٹی جس کے ساتھ کھٹا پاخانہ ہو، سر پہ پسینہ آئے اور تالو کھلے ہوئے ہوں۔" کلکیریا اوسٹریکارم "

قے تمام اقسام کی VOMITING OF ALL KIND

ڈاکٹر برہن کے مطابق مفید ہے۔

" آئرس ورسی کولہ "۔

قے سیاہ خون کی VOMITING OF DARK BLOOD

۱۔ اگر سیاہ خون ہو تو " اپی کاک " دیں۔ اگر اس سے جلد آرام نہ ہو تو پھر " ہمامیلس " دیں۔

۲۔ خون کی قے اور مقعد سے خون نکلے ۔" ایلو "۔

قے ہیضہ میں VOMITING IN CHOLERA

"ایپی کاک" اگر یہ ناکام ہو جائے تو قے اور اسہال کے لئے "وریٹرم البم"۔ قے اور نزع کی علامات کے لئے۔ "کاربوویج"

قے ڈراپسی میں اور ہسٹیریکل قے
VOMITING IN DROPSY AND HYSTERICAL VOMITING

ا: ڈراپسی کی حالتوں میں، پیٹ بہت زیادہ پھولا ہوا، معدہ پھولا ہوا ہوتا ہے۔ اس کا تمام جسم پھولا ہوا ہوتا ہے جس کے ساتھ اس کو ضرور قے ہوتی ہے۔ وہ پانی پیتا ہے اور قے کر دیتا ہے۔ وہ مشکل سے ہی کچھ کھا سکتا ہے کیونکہ وہ ہضم نہیں کر سکتا۔ معدے کے اوپر کے حصے میں اور چھاتی میں دباؤ کا احساس پایا جاتا ہے۔ "اپو سائی نم کین"

ب: ہسٹیریکل قے کے لئے۔ "کریوزوٹ"

قے پاخانہ کے سے مواد کی
VOMITING FAECAL MATTER

انتڑیوں کی حرکات کا الٹی طرف لوٹنا، پاخانہ کے سے مواد کی قے۔ "اوپیم" یہ ایک مرض کی وجہ سے ہوتا ہے جس کو ایلیوز کہتے ہیں جس کی وجہ سے آنتوں میں شدید درد ہوتا ہے اور مروڑ کے ساتھ پاخانے کی سی بدبودار قے آتی ہے اور قبض کی حالت جس کے ساتھ پیٹ کے عضلات میں کھچاؤ اور اینٹھن پائی جاتی ہے جس کے ساتھ آنتوں کی الٹی حرکات ہوتی ہیں اور صفرا واپس معدے میں دھکیلا جاتا ہے۔ "اوپیم"

قے، معدے کی خرابیاں نوبتی
VOMITING GASTRIC DISTURBANCES PERIODICAL

مریض کو دو یا تین ہفتے کے بعد قے کا دورہ پڑتا ہے جس کے ساتھ تیز بخار ہوتا ہے۔ چہرہ سرخ، برف کے ٹھنڈے پانی کی پیاس، زرد، سبز اور صاف صفرا کی قے ہوتی ہے۔ آنکھیں اور جلد پیلی (یرقانی)، قبض، پیشاب میں اینٹ

کی دھول کی مانند تلچھٹ ہوتی ہے۔ جتنا موسم گرم ہوتا ہے۔ اتنی ہی علامات شدید ہوتی ہیں۔ ہاتھ ٹھنڈے اور پاؤں گیلے ہوتے ہیں۔ "فاسفورس"۔

۲۔ اگر معدے کی خرابیوں کی وجہ سے ہوا ور زبان پر میل کی تہہ جمی ہوئی ہو تو پھر "اپی کاک" دیں۔

قے۔ آپریشن کے بعد مارفین کے اثرات کی وجہ سے

VOMITING DUE TO MORPHINE EFFECT OF OPERATION

آپریشن کے بعد حساس لوگوں میں مارفین کے اثرات، تکلیف دہ ڈکار جن کے ساتھ اُبکائیاں اور قے ہوں اور قے کرنے کے لئے کچھ بھی نہ ہو۔ "کیمومیلا" دیں، جو چند منٹوں میں اس کو روک دے گی اور عملی طور پر صرف یہ واحد دوا ہے جو مارفین سے ہونے والی قے کو روک سکتی ہے۔ "کیمومیلا"

قے متواتر VOMITING PERSISTENT

معدے کی تکلیف کی وجہ سے غذا میں بدپرہیزی سے، قے کرنے کی کوشش کرے۔ خالی معدے کے ساتھ اور منہ میں تھوک کا جمع ہونا۔ قے صاف زبان کے ساتھ۔ "اپی کاک"

قے حمل کے دوران

VOMITING IN PREGNANCY

حمل کے دوران پکی ہوئی غذا کے متعلق خیال کرنے یا اس کی خوشبو سے فوراً قے۔ مریضہ باورچی خانے کے قریب سے بھی نہیں گزر سکتی۔ "کالچی کم" اس کے لئے عمدہ دوا ہے لیکن حمل کے دوران "سیپیا" بہتر ہے۔ "سیپیا"

۲۔ حمل کے دوران متلی اور قے کے لئے "نکس وامیکا" اور "اناکارڈیم" دونوں مفید ہوسکتی ہیں۔ مریضہ کھانے کے بعد افاقہ محسوس کرتی ہے لیکن اس کے فوراً بعد علامات لوٹ آتی ہیں۔ "اناکارڈیم"

۳۔ "نیٹرم میور" ضدی قسم کی حالتوں کے لئے مفید ہے۔ اس میں بھوک کا ختم ہو جانا، منہ سے پانی کا اخراج اور فم معدہ میں درد پایا جاتا ہے۔ "نیٹرم میور"۔

۴۔ ڈاکٹر ڈیوی کا کہنا ہے کہ "کاربالک ایسڈ" حاملہ عورت کی قے کو ختم کر دے گی جو اس کے ساتھ شدید سر درد میں مبتلا ہو اور بہت چڑچڑی ہو۔ "کاربالک ایسڈ"۔

۵۔ ڈاکٹر ہومینی حمل کے دوران کی قے اور متلی کے لئے "کیوپرم میٹ" ۳۰ کی سفارش کرتے ہیں جو کہ روزانہ کئی مرتبہ تھکا دینے اور کافی دیر تک متواتر رہنے والے درد، اینٹھیاں ٹانگوں میں اور بازوؤں وغیرہ بار بار اینٹھن اور ذہنی پریشانی اور دن رات بے چینی کے ساتھ ہوں۔ یہ دوا علامات میں چوبیس گھنٹے کے اندر آرام پہنچاتی ہے "کیوپرم میٹ"۔

۶۔ "سمفوری کارپس ۱x" کو بعض معالجین اس کی مخصوص دوا بتلاتے ہیں۔ اس میں بہت زیادہ متلی اور قے پائی جاتی ہیں۔ "سمفوری کارپس ۱x"۔

قے مرغن غذا کی وجہ سے
VOMITING DUE TO RICH FOOD

۱۔ کافی دیر پہلے کھائی ہوئی غذا کی قے، منہ کی خشکی بغیر پیاس کے۔ مرغن اور چکنی غذا کی وجہ سے۔ مرغن اور چکنی غذا معدے کو خراب کر دے۔ "پلسا ٹیلا"۔

۲۔ اگر اس کے ساتھ اونچی آواز میں ڈکاریں آئیں جو گیس کی ہوں اور چہرہ گرم ہو تو "سیپیا"۔

قے بچوں میں خطرناک علامات کے ساتھ اچانک شروع ہو
VOMITING STARTING SUDDENLY IN CHILDREN WITH SERIOUS SYMPTOMS

"ایتھوزا" بچوں کی قے کے لئے ایک اعلیٰ دوا ہے۔ جبکہ پاخانہ کھٹا اور بہت زیادہ نڈھالی پائی جائے۔ یہ گرم موسم میں اچانک شروع ہوتی ہے۔ دودھ کا کچھ حصہ جما ہوا دہی کی مانند اور کچھ حصہ مائع کی شکل میں باہر نکلتا ہے اور قے کے ساتھ پتلا، زرد اور سبزی مائل پاخانہ بھی موجود ہوتا ہے۔ بچے سے ایسا اظہار ہوتا ہے جیسا کہ مر رہا ہو، چہرہ

مرجھایا ہوا اور زرد ہوتا ہے۔ آنکھیں ڈوبی ہوئیں اور ناک کے گرد ڈوبنے کی حالت، بچہ کمزوری کی وجہ سے نیند میں چلا جاتا ہے۔ بہت پہلے سے اس کے چہرے پر موت کی مہر لگ چکی ہوتی ہے۔ اگر ایسی صورت میں کوئی دوا بچے کو موت کے منہ سے چھڑا سکتی ہے تو وہ "ایتھیوزا" ہے۔

قے کھٹی VOMITING SOUR

منہ سے مقعد تک ہر چیز کھٹاس میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ منہ کا ذائقہ اور ڈکار کھٹے۔ "کلکیریا کارب"۔

قے بہت زیادہ مقدار میں پانی کی پیاس کے ساتھ
VOMITING WITH THIRST FOR LARGE QUANTITIES OF WATER

معدے میں بوجھ، متلی جس کی خصوصیات:

۱۔ حرکت سے اضافہ،

۲۔ زیادہ مقدار میں پانی کی پیاس۔

۳۔ دباؤ سے آفاقہ ہیں۔ "برائی اونیا"۔

قے ٹھنڈے پانی کی پیاس کے ساتھ جو گرم ہو جائے اور جریان خون کا رجحان
VOMITING WITH THIREST FOR COLD WATER BECOMING WORM AND BLEEDING TENDENCY

پیاس زیادہ مقدار میں ٹھنڈے پانی کی، ہتھیلیوں میں جلن، صبح کے وقت قے، جریان خون کا رجحان، ٹھنڈا پانی جونہی معدے میں گرم ہو قے ہو جائے۔ جبکہ "آرسینکم البم" کی قے پینے کے فوراً بعد ہو جاتی ہے۔ "فاسفورس"۔

قے ناقابل قابو VOMITING UNCONTROLLABLE

ناقابل قابو۔ "بیلاڈونا"۔

قے کیڑوں کی علامات کے ساتھ
VOMITING WITH WORM SYMPTOMS

قے اور متلی جس کے ساتھ زبان صاف ہو اور کیڑوں کی علامات کے ساتھ ہو " سائنا " میں پائی جاتی ہیں۔ " سائنا "

اندام نہانی کے چھالے ، ورم اور دکھن
VULVA ERUPTIONS INFLAMATION AND SORENESS

۱۔ اندام نہانی پر چھالے " سنکہ س کو نٹورٹر کیس "۔

۲۔ اندام نہانی کا ورم ۔ " کو پائیوا "۔

۳۔ اندام نہانی کی دکھن ۔ " ا دیگا لینا پیلی کو لا "۔

جاگتے رہنے والے اور بے چین بچے
WAKEFUL AND RESTLESS INFANTS

" کافیا " اگر یہ ناکام ہو جائے تو پھر " ا دیپم ، پلساٹیلا ، اپی کاک " جب معدے کے زیادہ بھر جانے کی وجہ سے ہو۔

چلنا تیزی کے ساتھ
WALKING RAPIDLY

تیزی سے چلنے کی عادت یا تو " سیپیا " کی مریضہ میں پائی جاتی ہے یا یہ اس کو درست کر دیتی ہے۔ " سیپیا "۔

چلنا دیر سے موٹے بچوں میں
WALKING DELAYED IN FAT CHILDREN

بچوں میں چلنا دیر سے۔

بچوں میں چلنے کا رجحان نہیں ہوتا اور نہ اس کی کوشش کرتے ہیں۔ موٹے اور ڈھیلے بچے جن کے پیٹ بڑھے ہوئے ہوتے ہیں اور نیند کے دوران سر پہ پسینہ آتا ہے " کلکیریا کارب "۔

چلنا دیر سے دُبلے پتلے بچوں میں اور بڑھ نہ رہے ہوں
WALKING DELAYED THIN CHILDREN NOT GROWING

بچہ اچھی طرح چل نہیں سکتا اور چلنا دیر سے سیکھتا ہے جیسا کہ "کلکیریا کارب" میں۔ بچہ عمر کے مطابق نہیں بڑھتا۔ بچہ بہت زیادہ بھوکا ہوتا ہے اور اس کے باوجود لاغر ہوتا جاتا ہے۔ "کلکیریا کارب" کی مانند پیٹ بڑھا ہوا ہوتا ہے۔ بازو اور ٹانگیں پتلی ہوتی ہیں۔ چہرہ پچکا ہوا اور لاغر ہوتا ہے۔ چہرہ ٹھنڈا ہوتا ہے اور اس پہ بندر کی چہرے کی مانند شکنیں پڑی ہوتی ہیں۔ ایسے بچے "سلیشیا" کی مدد سے بچائے جا سکتے ہیں اور ان کو صحت مند بنایا جا سکتا ہے۔ بشرطیکہ سلیشیا کی عام علامات موجود ہوں۔ "سلیشیا"

چلنا جھک کر
WALKING STOOPED

بوڑھے لوگوں میں جھک کر چلنا۔ ڈاکٹر لیے "میز یریم" کی سفارش کرتے ہیں۔ یہ کبڑے پن کو دور نہیں کرے گی بلکہ مریض کو اس رکاوٹ پر قابو پانے کے قابل بنا دے گی۔

چلنا دیر سے، چلنا اور باتیں کرنا دیر سے سیکھے
WALKING DELAYED SLOW LEARNING AND TALKING

بچے چلنا اور باتیں کرنا دیر سے سیکھیں۔ بچے سکول میں پڑھائی میں سُست ہوں، جو غلطیاں کریں اور چیزوں کو یاد نہ رکھ سکیں۔ مریض سُست اور کُند ذہن ہوتا ہے۔

موازنہ کریں "نیٹرم میور" سے جس میں بچہ دیر سے باتیں کرنا سیکھتا ہے اور "کلکیریا کارب" سے جس میں بچہ دیر سے چلنا سیکھتا ہے۔ یہ دونوں خصوصیات اکٹھی "اگاری کس" میں پائی جاتی ہیں۔ "کلکیریا کارب" میں ہڈیوں کے نقص کی وجہ سے ہوتا ہے اور اگاری کس میں یہ ذہنی نقص ہوتا ہے۔ ذہن کی کسی قسم کی سُست نشوونما۔ "اگاری کس"

چلنا گھٹنوں کے بل WALKING ON KNEES

بچے پست قد والے اور نشو نما رکی ہوئی۔ ٹانگیں بھاری۔ جب چلنے لگے تو ٹخنے آسانی کے ساتھ مڑ جائیں چل نہ سکے۔ ماسوائے گھٹنوں کے بل چلنے کے۔ "میڈورینم"۔

گھومنے پھرنے والے جوڑوں کے درد WANDERING JOINT PAINS

"آرم میٹ" میں درد جوڑ در جوڑ گھومتے پھرتے ہیں اور آخر کار دل میں مقیم ہو جاتے ہیں۔ "آرم میٹ" موازنہ کریں پلسا ٹیلا" سے۔

بم کا دھماکہ WAR EXPLOSION

کوئی بھی زندہ بچ جانے والا جو کہ دھماکے کے مرکز کے بہت زیادہ قریب نہ ہو اس کی مدد کی جا سکتی ہے اور اس دوا کے ذریعے اس کو سکون پہنچایا جا سکتا ہے۔ دھماکے کے فوراً بعد جتنا بھی جلد ممکن ہو سکے "آرنیکا" کسی بھی طاقت میں دی جانی چاہیئے۔ (ڈاکٹر اے۔ ایچ۔ گرائمر ایم ڈی)

موہکے مقعد کے گرد WARTS ROUN THE ANUS

چھوٹے چھوٹے موہکے اکٹھے نکل آئیں موہکے سائز میں چھوٹے ہوتے ہیں جو سوراخ کے گرد گھیرے کی مانند ہوتے ہیں۔ مریض کو چیچک کا ٹیکہ لگ چکا ہوتا ہے اور کئی سال پہلے سوزاک میں مبتلا ہو چکا ہوتا ہے مریض کو بد ہضمی کی شکایت بھی ہوتی ہے۔ "تھوجا" ۳۰ کئی بار دینی چاہیئے۔

موہکے جسم کے مختلف حصوں پر WARTS ON DIFFERENT PARTS OF BODY

۱۔ چہرے پر اور پپوٹوں پر "کلکیریا کارب یا کاسٹی کم یا پھر نائیٹرک ایسڈ"۔

۲۔ ہاتھوں پر۔ "کالی میور"۔

۳۔ ہتھیلیوں پر۔ "نیٹرم میور"۔

۴۔ اکٹھے جھنڈ کی شکل میں۔ موہکوں کی مانند پیدائش کمر میں، سر پہ یا ٹھوڑی پر "تھوجا"۔ موازنہ کریں "انٹی مونیم کروڈم" سے۔

۵۔ انگلیوں کی اطراف پہ۔ "کلکیریا کارب، کاسٹی کم، سیپیا"۔

۶۔ موہکے اوپر کے ہونٹ پہ گوبھی کے پھول کی مانند۔ "نائٹرک ایسڈ"۔

ب: ۱۔ بہت سے موہکے گوبھی کے پھول کی مانند جلد سخت اور بدصورت درزیں یا شگاف یا پتلی جھلیوں میں جن سے عموماً بدبودار مواد خارج ہوتا ہے اور جب چھوا جائے تو ان سے خون بہنے لگے۔ "نائٹرک ایسڈ"۔ (ڈاکٹر للین تھل)

۲۔ اِکا دُکا موہکے۔ "کاسٹی کم، کلکیریا کارب اور نیٹرم کارب"۔

۳۔ ہموار اور نرم موہکے جن میں خارش اور جلن ہو۔ "انٹی مونیم کروڈم"۔

۴۔ انگلیوں کی پوروں پہ اور ناک کی نوک پہ۔ پلپلے موہکے نوکیلے جن سے آسانی کے ساتھ خون نکلے۔ "کاسٹی کم"۔

۵۔ سینگ کی مانند موہکے اعضائے تناسلی پہ، غددوں پر جن سے دھونے پر خون بہتا ہو۔ "نائٹرک ایسڈ"۔

۶۔ ہاتھوں اور انگلیوں کی پشت پہ۔ "ڈلکامارا"۔

۷۔ انگلیوں پر سرخ موہکے۔ "کلکیریا کارب"۔

۸۔ آتشکی موہکے مقعد کے قریب یا اعضائے تناسلی پہ۔ "فاسفورک ایسڈ"۔

۹۔ سخت موہکے جو آسانی سے پھٹ جائیں۔ ان میں خارش ہو اور خون خارج ہو "تھوجا"۔

۱۰۔ ڈاکٹر نیش کے مطابق "کاسٹی کم" موہکوں کے لئے کامیاب ادویہ میں سے ایک ہے۔

موہکے مختلف اقسام کے
WARTS OF DIFFERENT TYPES

جلد پر مختلف اقسام کے موہکے جو آتشکی تکالیف کے دب جانے کے نتیجے میں ہوں یا آتشک کے دب جانے کی تمام علامات

پائی جائیں۔ "تھوجا"۔ مقعد کے گرد موہکوں کے لئے خارجی طور پہ "تھوجا" مدر ٹنکچر
لگانا چاہیئے۔

موہکے چہرے اور ہاتھوں پہ WARTS ON FACE AND HANDS

"کلکیریا کارب"۔

موہکے متعدد پشت پر WARTS MULTIPLE ON BACK

موہکوں کا ایک سیاہ گچھا پشت پہ
ریڑھ کے حصے میں گنتی کے لحاظ سے تقریباً
ایک سو موہکے، جلد نیلگوں دکھائی دے
دونوں پاؤں پہ ایگزیما، گٹھیا دی بخار اور بار بار زکام ہونے کی ہسٹری ہو۔ قبض
رہنے کی اور کئی بار سر درد کی۔ خاندان میں پستانوں کے کینسر کی ہسٹری۔ "تھوجا"
۱،۰۰۰ اور ۵۰،ایم وقفے وقفے سے۔ "کارسی نوسینم" انٹر کرنٹ ریمیڈی کے طور پہ۔
"بیسی لینم" ۲۰۰ سے ۵۰ ایم تک ہفتہ وار وقفہ سے۔ آخر میں شفا مکمل کرنے کے لئے "بیسی لینم"
سی ایم دی۔ ڈاکٹر واد یا۔

موہکے ہتھیلیوں پہ VARTS ON PALMS

ہتھیلیوں پہ
"نیٹرم میور"۔

دھونا تکلیف میں اضافے کا سبب بنے WASHING CAUSING AGGRAVATION

ٹھنڈے پانی سے اضافہ
ہو ماسوائے سر درد کے جس
کو سردی سے افاقہ ہوتا ہے
جلد جلتی ہو۔ "اناکارڈیم"۔

دھونا ہاتھوں کا WASHING HANDS

ہر وقت ہاتھوں
کو دھوتا ہو۔
"اکٹیا ریسی موسا"۔
"سفلینم"۔

بھڑ کا کاٹنا — WASP BITE

بھڑ کے کاٹنے کے لئے خارجی طور پر "آرنیکا" مدر ٹنکچر لگائیں اور اندرونی طور پر "کینتھرس" ۲۰۰ دیں۔

واسرمین ری ایکشن (سفلس کا پتہ لگانے کے لئے سیرم کا ٹسٹ) — WASSERMANN REACTION

پرانے مزمن کیسوں میں جن میں ردِّ عمل ایک مثبت یا دو مثبت ہو تو "ناجا" دیں۔

منہ سے زیادہ مقدار میں پانی کا آنا ، معدے میں جلن دار درد ڈکاروں کے ساتھ — WATER BRASH GASTRIC BURNING PAIN WITH ERUCTATIONS

۱۔ صبح کے وقت ذائقہ خراب ، کافی دیر پہلے کھائی ہوئی غذا کی قے ۔ منہ میں برا ذائقہ ۔ منہ کی خشکی جو مرغن اور چکنی غذا کھانے کی وجہ سے ہوتی ہو ۔ کسی چیز کا ذائقہ بھی اچھا نہ لگے حتیٰ کہ پانی کا بھی۔ "پلساٹیلا"۔

۲۔ حمل کے دوران ۔ "لائیکوپوڈیم"۔

۳۔ کھانے کے بعد منہ سے زیادہ مقدار میں پانی کا آنا جس کے ساتھ کلیجے کی جلن اور درد ہو۔ "نکس وامیکا"۔

پانی بہنا آنکھوں سے — WATERING FROM EYES

آنکھوں اور ناک دونوں سے پانی بہتا ہو لیکن آنکھوں میں سوزش ہو اور ناک میں سوزش نہ ہو۔ "یوفریزیا"۔ معائنہ کریں "ایلیم سیپا" سے۔ اگر ناک میں سوزش ہو اور آنکھوں میں سوزش نہ ہو۔ آنکھوں سے سادہ پانی بہتا ہو۔

پانی بہنا ناک سے — WATERING FROM NOSE

ناک اور آنکھوں دونوں سے پانی نکلتا ہو لیکن ناک

میں سوزش ہو اور آنکھوں سے سادہ پانی نکلے تو "ایلیم سیپا" موازنہ کریں "یوفریزیا"
سے۔ اگر آنکھوں میں سوزش ہو اور ناک میں سوزش نہ ہو، ناک سے سادہ پانی خارج
ہوتا ہو۔

کمزوری کسی بھی قسم کی
WEAKNESS OF ANY KIND

کمزوری گرم موسم کی وجہ سے ہو زیادہ مشقت کی وجہ سے، ذہنی، جسمانی یا رات کو جاگنے کی وجہ سے جو کہ نیند کا رجحان رکھتی ہو۔ "سیلینیم"

کمزوری۔ کمیٔ خون
WEAKNESS ANAEMIA

لاغری، کمزوری، کمیٔ خون، بھوک کا ختم ہو جانا، جلندار، پیاس اور بہت زیادہ زرد پیشاب ان سب کا یکجا ہونا اس دوا کا مطالبہ کرتا ہے ورثہ میں ملی ہوئی تپ دق۔ "ایسٹک ایسڈ"

کمزوری۔ کمی خون جس کے ساتھ ذہنی تھکاوٹ ہو
WEAKNESS ANAEMIC WITH MENTAL PROSTRATION

مریض کمیٔ خون میں مبتلا دکھائی دے۔ رخساروں اور گردن کے گرد زیادہ لاغری ہو دماغی اور جسمانی کمزوری اس کی اہم خصوصیات ہیں۔ عورتوں میں "نیٹرم میور" ہسٹیریا کا رجحان رکھتی ہے اور مردوں میں ضعف اعصاب کی طبیعت۔ "نیٹرم میور" کمیٔ خون کی حالت کے لئے جس کے ساتھ عام کمزوری اور لاغری اور ذہنی کمزوری تھکاوٹ۔ ہماری اعلیٰ دواؤں میں سے ایک ہے۔ "نیٹرم میور"

کمزوری مثانے کی وضع حمل کے بعد
WEAKNESS OF BLADDER AFTER LABOUR

جب ایک عورت جان لیوا وضع حمل کے مراحل سے گزر چکنے کے بعد مثانے کی فالجی کمزوری میں مبتلا ہو جائے جس کے سبب پیشاب رُک

جائے تو اس دوا کے جادو نما اثر سے شفایاب ہو جاتی ہے۔ "کالی کم"

کمزوری انفلوئنزا کے بعد
WEAKNESS AFTER INFLUENZA

ڈاکٹر ڈیوی انفلوئنزا کے بعد کے لئے اس دوا کو ٹانک کے طور پر استعمال کرنے کی سفارش کرتے ہیں۔ "فاسفورس"

کمزوری خون کے اور رقیق مادوں کے ضیاع کی وجہ سے اور دودھ پلانے کی وجہ سے
WEAKNESS DUE TO LOSS OF BLOOD AND FLUIDS AND ALSO DUE TO NURSING

عام کمزوری یا دوسری شکایات جو زیادہ خون کے ضائع ہو جانے یا دوسرے رقیق مادوں کے اخراج کے نتیجہ میں ہوں۔ کمزور کر دینے والے اخراج کی وجہ سے لاغری اور صحت کا گرتے جانا۔ "چائنا" مزید واضح دوا ہوتی ہے جبکہ خون کا ضیاع اچانک ہو جائے اور اس کے ساتھ غشی ہو۔ کام کرنے کو جی نہ چاہے۔ خون بے لطف۔ چھونے سے بہت زیادہ ذکی الحس نیند کے دوران پسینہ آئے۔ آنکھوں کے سامنے سیاہی اور کانوں میں گھنٹیاں بجیں، دودھ پلانے سے کمزوری ہو۔ "چائنا"

کمزوری آدھی رات کو جس کے ساتھ قوت حیات ڈوب رہی ہو
WEAKNESS AT MIDNIGHT WITH SINKING OF VITAL POWER

نڈھالی جس کے ساتھ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے۔ قوت حیات ڈوبتے جانا۔ بے چینی اور طاقت کا کم ہوتے جانا۔ ذہنی پریشانی جس کے ساتھ پیاس پائی جائے۔ جب تک ہاتھ پاؤں مارنے کے قابل ہو ایسا کرنے کی خواہش کرے۔ شدید جلن اور جلندار درد۔ "آرسینکم" کی علامات عموماً آدھی رات کو بارہ اور دو بجے کے درمیان اور بعض اوقات ایک بجے اور دو بجے کے درمیان پیدا ہوتی ہیں۔

"آرسینکم البم"

کمزوری قبل از وقت بڑھاپا جس کے ساتھ افعال میں کمی پائی جائے

WEAKNESS PREMATURE OLD AGE WITH IMPAIRED FUNCTIONS

ایک درمیانی عمر کا آدمی بوڑھا دکھائی دے اور اس سے بڑھاپے کی علامات کا اظہار ہو۔ نیز ایسے مریض بھی جو عمر کی وجہ سے کمزور ہو چکے ہوں یا کام کی زیادتی کی وجہ سے جو کہ کمی خون میں مبتلا ہوں اور نیند نہ آتی ہو۔ "امبرا" بوڑھے لوگوں کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔ جن کے تمام افعال میں کمی پائی جائے۔ کمزوری ٹھنڈا پن اور سن ہو جانا۔ عموماً واحد حصوں کا انگلیاں بازو وغیرہ کا ڈھیلا پن اور بھول جانا۔ یک طرفہ تکالیف اسی دوا کا مطالبہ کرتی ہیں۔ "امبرا گریسیا"

کمزوری، سوکھیا مسان والے بچوں میں باوجود اچھی غذا کے

WEAKNESS IN RICKETY CHILDREN INSPITE OF NOURISHMENT

بچوں میں۔ دُبلے پتلے اور سوکھیا مسان والے بچے، ایسے بچے جن کے سر پہ آسانی سے پسینہ آجائے۔ لاغر اور ناقص غذا دیئے گئے بچے۔ بچہ بھوکا جو بار بار غذا کھائے لیکن غذا کے جزو بدن ہونے کے نقص کی وجہ سے اس کا وزن نہ بڑھے لمبا سر، بڑا پیٹ، بازو اور ٹانگیں پتلی، لاغر چہرہ، چل نہ سکتا ہو یا چلنا دیر سے سیکھے اور قبض رہتی ہو۔ عمر کے لحاظ سے اس کا قد اور جسم نہ بڑھتا ہو۔ چہرے سے بوڑھا دکھائی دے اور اس پہ بندر کے چہرے کی مانند شکنیں پڑی ہوئی ہوں۔ "سلیشیا"۔ موازنہ کریں "کلکیریا کارب" سے۔

کمزوری چھوٹی کمر میں

WEAKNESS IN SMALL OF BACK

جیسا کہ کمر مفلوج ہو گئی ہو۔ جب چلنے لگے تو جواب دے جائے۔ مشکل سے چل سکے یا بات کر سکے۔ ہاتھ اور پاؤں سن ہو جائیں۔ پورا بازو سو جائے اور ہاتھ اور پاؤں سوجے ہوئے ہوں۔ ایسا معلوم ہو کہ ان

سب کا انحصار ریڑھ کی کمزوری پر ہے۔ ریڑھ کی تکالیف پر کاکولس انڈیکس۔

کمزوری موچ شدہ جوڑوں میں
WEAKNESS IN SPRAINED JOINTS

"آرنیکا" کے استعمال کے بعد موچ شدہ جوڑوں اور پٹھوں میں رہ جانے والی کمزوری اور سختی عموماً "رسٹاکس" سے دور ہوتی ہے اور اس کے بعد کی "کلکیریا کارب" ہے۔ شاذ و نادر حالتوں میں جن میں درد باقی رہ گیا ہو۔ ان کو "کاسٹی کم" یا "سٹانی سیگیریا" کی ضرورت ہوتی ہے۔

کمزوری پٹھوں اور عضلات کی درد کے ساتھ
WEAKNESS OF TENDONS AND MUSCLES WITH PAIN

"آرنیکا" کے بعد "رسٹاکس" کا استعمال پٹھوں اور عضلات کی کمزوری اور درد کو دور کرنے کے لئے مفید ہے۔ جب کمزوری قائم رہے تو "کلکیریا کارب" دیں۔

کمزوری ٹانگوں کی
WEAKNESS OF LEGS

ٹانگوں کی کمزوری، مزمن ٹانگوں کی حرکات ان کا سن ہونا۔ ٹانگوں کو ضرور متواتر حرکت میں رکھے۔ "ٹیرن ٹیولا ہسپانیز"

کمزوری معدے کی ٹائیفائیڈ کے بعد
WEAK DIGESTION AFTER TYPHOID

ٹائیفائیڈ کے بعد معدے کی کمزوری، ریاح جس کو ڈکار سے عارضی آفاقہ ہو۔ سادہ ترین غذا موافق نہ ہو خصوصاً چربیلی غذا۔ "کاربو ویج"۔

کمزور یادداشت
WEAK MEMORY

ایک لمحہ پہلے جو چیزیں اس کے ذہن میں تھیں بھول جائے۔ بھول جانے والا جیسے کہ وہ سب کچھ خواب تھا۔ "انا کارڈیم"۔

کمزور بچے، چڑچڑے پن کے ساتھ جاگیں
WEAK CHILDREN WAKING IRRITABILITY

بچے جسمانی طور پر کمزور ہوتے ہیں لیکن سر کی نشوونما صحیح ہوتی ہے اور اچھی سمجھ بوجھ کے مالک ہوتے ہیں۔ بچے عموماً چڑچڑے ہوتے ہیں۔ جب بیمار پڑ جائیں تو نیند سے بہت غصے کے ساتھ جاگتے ہیں۔ زور دار چیخیں مارتے ہیں اور ٹھوکریں مارتے ہیں۔ "لائیکوپوڈیم"۔

موسم تکلیف میں اضافے کا سبب بنے
WEATHER CAUSING AGGRAVATION

۱۔ مرطوب طوفانی موسم جس میں بجلی کی گرج اور چمک پائی جائے۔ "روڈو ڈنڈران"۔

۲۔ موسم کی تبدیلی گرم سے سرد۔ "ڈلکا مارا"۔

۳۔ مرطوب سرد موسم۔ دمہ، کھانسی ڈھیلی بلغم کی، بلغم کا کھڑکنا۔ "نیٹرم سلف"۔

دودھ چھوڑانا، دودھ چھوڑانے کے بعد پستانوں میں اجتماع خون
WEANING INGORGEMENT OF BREAST AFTER WEANING

"پلساٹیلا" بہت مفید دوا ہے۔ اس کے بعد "کلکیریا کارب" کی باری آتی ہے۔ "کلکیریا کارب" کو "پلساٹیلا" اور "برائی اونیا" کے بعد استعمال کرنے سے ڈاکٹر کلارک کے مطابق پستانوں کے اجتماع خون سے تحفظ ملتا ہے۔

شادی کے بعد پیشاب کی تکلیف
WEDLOCK URINE TROUBLE AFTER IT

نوجوان اعصابی عورتوں میں شادی کے بعد پیشاب کی تکلیف جب پیشاب کی بے سود اور بار بار حاجت بہت زیادہ تکلیف دہ ہو تو نوجوان بیوی کو یہ دوا ایسی تکلیف سے چھٹکارا دلانے میں بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ "سٹافی سیگیریا"۔

WEAPING CHILD PRETENDING
رونا، بچہ رونے کا بہانہ کرے

بچہ جو رونے کا بہانہ کرے اور آنسو نہ نکلتے ہوں ۔ سٹانی سیگیریا "۳۰ یا ۲۰۰۔

رونے کا رجحان لڑکیوں میں
WEAPING TENDENCY IN GIRLS

"پلساٹیلا" کی لڑکی عموماً اپنی علامات بیان کرتے وقت روتی ہے ۔ اس کے مزاج میں تغیر پذیری موجود ہوتی ہے ۔ وہ ابھی ضدی ہے تو لمحہ بعد رو رہی ہوتی ہے ۔ نرم ، خوش مزاج اور جلد مان جانے والی ، تسلی دینا اور ہمدردی کرنا اس کو خوش کر دیتا ہے ۔ وہ تمام مواقع پر روتی ہے ، خواہ یہ ایک جرم ہی کیوں نہ ہو ۔ جب تک اس کے ساتھ ہمدردی کا اظہار نہ کیا جائے وہ چپ نہیں ہوتی ۔ "پلساٹیلا" ۔ موازنہ کریں "نیٹرم میور" کے مریض سے جس کا رونا ہنسی کے ساتھ بدلتا ہے اور تسلی دینا اور حوصلہ افزائی کرنا اس کو زیادہ ضدی اور جوشیلا بنا دیتا ہے ۔ "پلساٹیلا" ۔

رونے کا رجحان لاپرواہی کا سبب بنے
WEAPING TENDENCY CAUSING INDIFFRENCE

بہت زیادہ رونے کا رجحان ۔ مریضہ اپنی علامات بیان کرتے وقت روتی ہے ۔ اکیلے رہنے سے ڈرتی ہے جب وہ کسی سے اپنی تکلیف کا اظہار کرتی ہے تو روتی ہے ۔ "پلساٹیلا" سے موازنہ کریں ۔ لیکن "پلساٹیلا" کی مریضہ "سیپیا" کے مقابلہ میں جلد مان جانے والی ہوتی ہے ۔ نیز "سیپیا" میں مخصوص لاپرواہی پائی جاتی ہے مریضہ ہر چیز سے لاپرواہ ہوتی ہے جیسا کہ اپنے لباس ، اپنے پیشے ، اپنی صفائی کا خیال اپنے خاوند اور بچوں وغیرہ سے لاپرواہی ۔ مریضہ غمگین اور ہر موقع پر چلائے اور ہمیشہ اس کے سبب کا اس کو کوئی علم نہیں ہوتا ۔ "سیپیا" ۔

گومڑ کھوپڑی پر
WEN ON SCALP

کھوپڑی پر چپٹا گومڑ نکل آنے ۔ "تھوجا" ۳۰ کی ایک خوراک ناشتے سے قبل دیں اور خارجی طور پر "تھوجا" مدر ٹنکچر لگائیں ۔ یہ عمل کئی ہفتے جاری رکھیں ۔ اس کے سبب کو دور کرنے کے لئے ہفتے میں ایک مرتبہ "بیسی لینم" ۲۰۰ کی

ایک خوراک دیں ۔ ڈاکٹر نیش کے مطابق ایسی کو مریضوں کے لئے "گریفائٹس" ایک عمدہ دوا ہے۔

مرطوب موسم ، سرد ہوا اور پورا چاند تکلیف میں اضافے کا سبب ہوں

WET WEATHER COLD AIR AND FULL MOON CAUSING AGGRAVATION

"کلکیریا کارب" میں ٹھنڈی ہوا ، مرطوب موسم ، سرد پانی اور پورے چاند کے دوران اضافہ ہوتا ہے "کلکیریا کارب"

گیلا کر دے بستر کو

WETTING THE BED

ا : بچہ پہلی نیند کے دوران بستر گیلا کر دے ، "سیپیا"

ب : "بیلا ڈونا" ایک ہفتہ کے لئے اور "کلکیریا کارب" ایک ہفتے کے لئے اور اسی طرح دہرائیں۔

۲۔ "نکس وامیکا ، بیلا ڈونا ، کالی برومیئم" : اگر کیڑوں کی وجہ سے ہو تو "سائنا"

گیلا کر دے بستر کو مثانے کی کمزوری کی وجہ سے

WETTING-BLADDER FOR CHILDREN

"اپوسائی نم" کا اثر مثانے پر بہت واضح ہے یہ معمول کی دوا ہے جو ایک مرتبہ بچوں کو بستر پہ پیشاب کر دینے کے لئے دینی چاہیئے۔

انگل بھیڑا (ناخنوں کے نیچے یا انگلیوں کے سروں پر پُر درد سوجن

WITLOW

"کلکیریا فلور" ڈاکٹر جبار کا کہنا ہے کہ "سلفر" اور "ہیپر سلف" بہت مُوثر دوا ہیں ۔ ان کے ہاتھوں ان سے ایسی حالتوں کو بہت جلد شفا ہوتی ہے اور شاذ ہی کسی دوسری دوا کی ضرورت پڑی ہو۔

ڈاکٹر فرنگٹن نے "کلکیریا فلور" کو شدید دھڑکن ، دردوں اور ناخنوں کے نیچے کیل یا پھنسیوں کے احساس کے لئے بہت کامیابی کے ساتھ استعمال کیا ہے۔

ڈاکٹر لیوری کے مطابق جب مواد بہت گہرا ہو۔ سوجن بہت زیادہ ہو اور بہت زیادہ شدید درد ہو تو "سیلشیا" کی ایک خوراک ہر چار گھنٹے بعد دینی چاہیئے۔

ب :۔ ڈاکٹر لیونارڈ کا دعویٰ ہے کہ "کلکیریا سلف" ۱۲x انگل بھیڑا پر قابو پالیتی ہے۔

ج :۔ جب درد ناقابل برداشت ہو، مریض کو مایوس کر دے تو یہ دوا درد کو آرام پہنچانے اور پیپ بننے کے عمل کو تیز کرنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتی "سٹرامونیم"

د :۔ درد مریض کو کئی راتوں سے سونے نہ دے۔ مرضیاتی عمل کو بھی روکتی ہے "امونیم کارب" ۲۰۰۔ ایک یا دو خوراکیں کافی ہیں۔

س :۔ خارجی طور پر درد کو آرام پہنچانے اور پیپ کے عمل کو بڑھانے اور تیز کرنے کے لئے "کرائی پوٹو پوڈم پوٹیٹو ایم" لگائیں۔

کالی کھانسی WHOOPING COUGH

"اکونائٹ" بخار کے لئے "ڈروسرا" اور "کیوپرم میٹ" کھانسی اور تشنج کے دوروں کے لئے۔ "بیلاڈونا اور ہائیوسائیمس" اگر زیادہ تر رات کو ہو۔

ب : ڈاکٹر رائے بہادر بشمبر داس کی سفارش کے مطابق "پرٹوسین" جو کہ ایک نوسوڈ ہے علاج کے آغاز پر دینی چاہیئے۔ زیادہ تر حالتوں میں یہ شفایاب کر دے گی یا اس کے دورانیہ کو کم کر دے گی۔ جہاں تک "ڈروسرا" کا تعلق ہے یہ زیادہ تر مخصوص دوا ہے اور اس کو ۳۰ طاقت میں دینا چاہیئے۔ اور صرف چار دن کے بعد دوہرانا چاہیئے ایسے بچوں کے لئے جن کو تشنج ہوتے ہیں جن کے ساتھ انگوٹھے اور مٹھیاں مضبوطی کے ساتھ بند ہو جائیں وہ "کیوپرم میٹ" ۳۰ کی سفارش کرتے ہیں۔

ڈاکٹر کلارک کی سفارش کے مطابق علاج کا آغاز "کانیکولوچین ۳۰" سے کرنا چاہیئے۔ ہر چار گھنٹے بعد دینی چاہیئے اور اس کو "اپی کاک" کے ساتھ ادل بدل کر دینا چاہیئے۔ کھانسی کے تشنجی دورے کے لئے جس کے ساتھ قے ہو۔ "کاکولس" پیشاب کے بار بار اخراج کے لئے جن کے ساتھ قے ہو۔ "ہائیڈروسیانک ایسڈ"۔

شدید اینٹھن کے لئے جس سے تشنج کا خطرہ ہو۔ "کالی کارب"۔ اوپر کے پپوٹوں کے پھول جانے کے لئے۔ "کالی کارب"۔ تشنجی کھانسی کے لئے جس کے ساتھ گلا بیٹھ جائے اور منہ سے پانی کا اخراج ہو۔ "امبرا گریسیا"۔

ب :۔ "سولانم کرولینینس مدرٹنکچر" دس سے بیس قطرے یا زیادہ فی خوراک کے حساب سے ایسی کھانسی کے لئے مخصوص دوا ہے۔ تشنجی کالی کھانسی جس میں لیٹنا مشکل ہو۔ آواز بیٹھ جائے اور نرخرے میں دکھن ہو۔ "میگنیشیا فاس"۔

کالی کھانسی، لمبا اور متواتر کھانسی کا دورہ سانس لینے کے ناقابل، بے چین، چہرہ پیلا زردی مائل رنگت کا۔ "نیفتھالینم" تھا۔ ڈاکٹر ایل ہارٹ مین کے مطابق کالی کھانسی میں "نیفتھالینم" دوسری کسی دوا کے مقابلے میں زیادہ مفید ہے۔

کالی کھانسی، ناک میں انگلی پھیرنا اور کھانسی بار بار ہونا
WHOOPING COUGH BORING FINGER AND RECURRING

شدید اور بار بار ہونے والی، جب نیند میں ہو تو بہت بے چین۔ جب سویا ہوا ہو تو ناک میں انگلی پھیرے اور دانت رگڑے۔ "سائنا"۔

کالی کھانسی، سانس کا پھول جانا اور نیلا چہرہ
WHOOPING COUGH BREATHLESS AND BLUE FACE

گھٹن پیدا کرنے والی کھانسی، بچہ اکڑ جائے اور چہرہ نیلا ہو جائے۔ سانس کا رک جانا۔ ارغوانی رنگت اختیار کر جائے۔ منہ اور ناک سے خون بہتا ہو۔ بلغم کی قے۔ متلی اور قے کا موجود ہونا ضروری ہے "اپی کاک"۔

کالی کھانسی۔ آدھی رات کے بعد دم گھٹے جس کے ساتھ قے ہو
WHOOPING COUGH CHOKING AFTER MIDNIGHT WITH VOMITING

تشنجی خشک تحریک دینے والی کھانسی۔ دم گھٹے۔ کھانسی

بہت گہری اور آواز بیٹھی ہوئی۔ آدھی رات کے بعد اضافہ ہو۔ دوروں میں ہنسنے سے، کھیلنے اور شدید ورزش کرنے سے اضافہ ہو۔ اگر بلغم آسانی سے نہ نکلے، قے اور خالی ابکائیاں آئیں۔ "ڈروسیرا"۔

کالی کھانسی جس کے بعد غدودوں میں ورم ہو
WHOOPING COUGH FOLLOWED BY GLANDS

گردن کی دائیں طرف کے غدودوں کا ورم، زبان سفید جس کے ساتھ بھوک خراب ہو۔ "لیکیسس" 6 صبح، دوپہر، شام۔

کالی کھانسی۔ اس کی سرعت اور شدت کو کم کرنا
WHOOPING COUGH LESSING ITS FREQUENCY AND SEVERITY

اونچی آواز سے اور بے چین کر دینے والا تنفس گھٹن پیدا کرنے والی کالی کھانسی، دمہ۔ "ہائیڈروسیانک ایسڈ" ایسی حالتوں میں جادو نما اثرات کی حامل ہے۔ (ڈاکٹر ولیٹ)

کالی کھانسی سے محفوظ رکھنے والی
WHOOPING COUGH PREVENTIVE

"پرٹوشین" ڈاکٹر کلارک کے مطابق "ڈروسرا" 6 رات کے وقت اور صبح ایسے لوگوں کو دینی چاہیئے جن پر اس کھانسی کا حملہ نہ ہوا ہو۔ یہ اس سے محفوظ رکھتی ہے۔

کالی کھانسی کے لئے مخصوص دوا
WHOOPING COUGH PROPHYLACTIC

"ڈروسرا ویکیس"۔

کالی کھانسی۔ بچے کو کپکپا دے اور قے ہو
WHOOPING COUGH CHILD SHAKES AND VOMITING

کھانسی، معدے کی خرابی، قے اور بدبودار ریاح کے ساتھ بچہ کانپتا ہے اور اس کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور آپ دیکھ سکتے ہیں کہ بچہ کھانسنے

سے خوف کھاتا ہے کیونکہ اس سے اس کے نرخرے میں چیرنے والے درد ہوتے ہیں۔

"ایلیم سیپا"

کالی کھانسی جس کے ساتھ آنسو نکلیں
WHOOPING COUGH TEARS FLOWING

جب کھانسی کے ساتھ آنکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں۔

"نیٹرم میور"

بیواؤں کی دوا، خوف سے چیخ مارے
WIDOWS REMADY SCREAMING WITH GRIEF

مرنے کا احساس، ذہنی سستی، لاپرواہی، رونا جب پڑھنے کی کوشش کرے یا پڑھ رہی ہو تو پوری توجہ نہ دے سکے۔ تفکرات اور رنج و غم کی بھرمار، چیخنے اور نیند میں اچانک بڑبڑا کر اٹھے۔ ایسا محسوس کرے کہ یہ اس کا آخری سانس ہے اور وہ اس کے بعد دوسرا سانس نہیں لے سکے گی۔ رونے والی اور بہت زیادہ متاثر ہونے والی چیخنے، غم اور پریشانیاں۔ "اہیس ملی فیکا"

ارادہ مثبت اور منفی
WILL POSITIVE AND NAGATIVE

جیسا کہ وہ دو ارادوں کا مالک ہے ایک مثبت دوسرا منفی۔ ایک قتل کرنے کا اور دوسرا اس کے برعکس "انا کارڈیم"

ریاح کی تکلیف
WIND TROUBLE

"لائیکو" ریاحی تکلیف کے لئے سب سے اہم دوا ہے خصوصاً پیٹ کے نچلے حصے میں۔ ڈکاروں سے افاقہ ہوتا ہے۔ اس میں متواتر ریاح کا خمیر سا اٹھتا رہتا ہے جس سے اوپر پیٹ میں اونچی گڑگڑاہٹ ہوتی ہے۔ چار اور آٹھ بجے کے درمیان زیادہ دماغ پھولاہٹ پائی جاتی ہے۔ جس کو ریاح کے اخراج سے افاقہ ہوتا ہے۔ "لائیکو"۔

موازنہ کریں "کاربوویج اور چائنا" سے۔

عقل داڑھ نکلنے کے اثرات
WISDOM TEETH EFFECTS OF CUTTING

عقل داڑھ نکلنے کے پر درد اثرات "چیرانتھس"۔

پُرلطف لیکن فحش WITTY-BUT UNDECENT

جب کوئی شخص پرلطف ہو لیکن فحش ہو "سٹرامونیم"۔

عورت نیم مرد دکھائی دے WOMAN LOOKING AS HALF MAN

عورتوں کی ایک ایسی کلاس جو کہ نیم عورت اور نیم مرد دکھائی دیتی ہے ان کا ظاہر اور خصوصیت اور ان کے جسم کی ساخت بدنما، چوڑا بیڑو، بازو اور ٹانگیں دُبلی پتلی ہوتی ہیں۔ المختصر عجیب الخلقت لوگوں کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔ "تھوجا"۔ (ڈاکٹر نوبل)

پیٹ کے کیڑے WORMS

ناک میں متواتر انگلی پھیرے یا کریدتا رہے۔ جب جاگے تو قابلِ رحم رونا روئے، نیند کے دوران بڑبڑائے اور چلائے، دانت رگڑے اور نیند کے دوران اچھلے اور جھٹکے لگیں۔ رات کو بے چین ہو۔ چھوا جانا پسند نہ کرے اور نہ ہی اجنبیوں کا اپنی طرف دیکھنا برداشت کرے۔ متواتر نگلتا رہے جیسا کہ کوئی چیز اوپر گلے میں آ رہی ہو۔ چیزیں مانگے اور جب دے دی جائیں تو غصے میں دور پھینک دے۔ "سائنا" کے مریض کو سکون پانے میں وقت درکار ہوتا ہے۔ "سائنا"

"کیمومیلا" کے بچے سے موازنہ نہ کریں جس کو اٹھائے پھرنے سے سکون ہوتا ہے اگر "سائنا" ناکام ہو جائے تو "سنٹونائین" دیں۔ "سائنا اور سنٹونائین" ادل بدل کر ۲۰۰ یا ۱،۰۰۰ طاقت میں دی جائیں تو زیادہ تر کیسوں کو شفایاب کر دیں گی۔

ب:۔ اگر بچہ لاغر ہو چکا ہو اور قے کر دے تو "اپی کاک" دیں۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو پھر "پلساٹیلا" دیں۔

۲۔ ک۔ زرد مرجھایا ہوا چہرہ اور آنکھیں نیلے رنگ کے دائرے سے گھری ہوئی ہیں سست مزاج، سانس بدبودار اور ہلکا بخار، مریض پیٹ کے بل لیٹنے کو ترجیح دے "میڈورینم"۔

ب : "سلیشیا" کافی مقدار میں کیڑوں کو نکال دیتی ہے۔

ج : مقعد میں شدید خارش کے لئے جو کیڑوں کی وجہ سے ہو جو کہ گول اور سوئی کی مانند باریک (سوتی کیڑے) ہوتے ہیں۔ "ٹیوکریم"۔

۳۔ تمام قسم کے کیڑوں کے لئے۔ ایک عمدہ دوا ہے "کیوپرم اوکسیڈیٹم نائیگرم"۔ اس کو چھوٹی طاقتوں میں دینا چاہیئے اور "نکس وامیکا" ۳۰ کے ساتھ ادل بدل کر روزانہ چار یا پانچ مرتبہ چار سے چھ ہفتے تک دینا چاہیئے۔ ایک دوسری دوا بہت عمدہ اور کم نقصان دہ دوا چپٹے کیڑوں کو نکالنے کے لئے "کوکربیٹا پیپو" ہے۔ اس کو مدر ٹنکچر میں دینا چاہیئے یہ حمل کے دوران کی قے کے لئے بھی مفید ہے۔

۴۔ موٹے اور ڈھیلے ڈھالے بچوں کے لئے جن کے سر بڑے، پیٹ بڑا ہو اور ان کے سر پہ بہت زیادہ پسینہ آئے۔ ناقابل ہضم چیزیں مثلاً چاک، مٹی، سلیٹ، پنسل وغیرہ کھاتے ہوں۔ "کلکیریا کارب"۔

پریشانی خوف اور اعصابیت کے ساتھ
WORRY WITH FEAR AND NERVOUSNESS

چھوٹی چھوٹی باتوں پہ پریشانی، خودکشی کے جذباتی خیالات، متواتر خوف اور اعصابیت کی حالت۔ "بوٹائیرک ایسڈ"۔

زخم، اُکھڑے ہوئے دانتوں سے جریان خون
WOUNDS BLEEDING EXTRACTED TEETH

چھوٹے سے زخم سے بھی کافی مقدار میں خون کا اخراج ہو۔ "فاسفورس" کے مریض میں اخراج خون کا رجحان ہوتا ہے۔ اُکھڑے ہوئے دانت سے کئی گھنٹوں تک خون خارج ہوتا رہتا ہے۔ "فاسفورس"۔

زخم تیز دھار آلے کے اور واضح
WOUND INCISED AND CLEAR CUT

اگر یہ زخم تیز دھار آلے کے ہوں یا سرجن کے نشتر سے لگائے گئے ہوں اور زخم غیر صحت مند ہوں

اور ان میں ڈنگ لگنے کے سے اور جلندار درد ہوں تو "سٹافی سیگریا" دوا ہے۔

زخم خشک متعفن اور متورم ہو اور اس میں چبھن اور کٹن ہو

WOUND DRY INFECTED AND INFLAMED WITH PRICKS AND CUTS

"ہائپریکم" سوئی چبھ جانے اور تلوار کے شدید زخموں کے لئے مفید دوا ہے۔ زخموں اور خراشوں پر "ہائپریکم آئیل اور مرہم لگانا چاہیئے۔

زخم ہتھیلیوں اور حساس حصوں پر
WOUND ON PALMS AND SENTIENT PARTS

ہتھیلیوں پر ذکی الحس اعصاب کے حصوں پر زخموں کے لئے "ہائپریکم"۔

زخم سوراخ دار WOUND PUNCTURED

"لیڈم"۔

زخم جس میں پیپ بن رہی ہو WOUND FORMING PUS

ہر چھوٹے سے زخم میں بھی پیپ بننے کا رجحان ہو۔" سلیشیا"۔

زخم گلنے سڑنے والے WOUND SLOUGHING

"ہائپریکم" گلنے سڑنے والے زخموں میں بہت مفید اثرات کی حامل ہے۔

زخم کھوپڑی پر WOUND ON SCALP

"کیلن ڈولا" اندرونی طور پر دیں اور مقامی طور پر اس کی پٹیاں کریں۔ یہ زخم کو عفونت سے محفوظ رکھے گی اور جلد شفایاب کر دے گی۔ "کیلن ڈولا" اندرونی طور پر پوٹینسی کی شکل میں ۲x طاقت تین یا چار خوراکیں ایک گھنٹے کے وقفہ سے دیں۔

زخم غیر صحت مند، شفایاب ہونے کا رجحان نہ ہو
WOUND UNHEALTHY NO TENDENCY TO HEAL

ل : زخم بعض اوقات مکمل طور پر منہ پھاڑے کھڑا رہتا ہے اور شفایاب ہونے کا رجحان نہیں رکھتا۔ خشک دکھائی دیتا ہے۔ کناروں پر چمک ہوتی ہے اور سرخ رہتے ہیں۔ ان میں ورم ہوتا ہے جس کے ساتھ جلن، چبھن اور درد ہوتا ہے۔ اس قسم کے زخم کو اس دوا کی ضرورت ہوتی ہے "ہائیپریکم"۔

ب : عفونتی زخم کی صورت میں "ایکی نیشیا" مدر ٹنکچر لگانا چاہیئے۔ صحت مند انگور بننے کے لئے اندرونی طور پر "گیلیم اپارین" دینی چاہیئے۔

ج : "آرسینکم البم" ۲۰۰ اور "ہیپر سلف" ۲۰۰ یکے بعد دیگرے ہفتے میں کم از کم دونوں کی تین تین خوراکیں دینے سے زخم شفایاب ہو جاتے ہیں۔

د : عفونتی زخموں کے لئے جو دل اور جسم کے دوسرے حصّوں کو متاثر کریں بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ "پائیروجینم"۔

ہ : آپریشن کے بعد جب گینگرین ہو جائے۔ نسائج میں ورم کو شفایاب کرنے کی قوت نہ رہے ان میں سیاہی رنگت پیدا ہو جائے تو "سلفیورک ایسڈ" دیں جو کہ ایسی حالتوں کے لئے حیران کن اثر رکھتی ہے۔

بچوں کی پیشانی پر جھریاں (شکنیں)
WRINKLES IN CHILDREN FOREHEAD

ا۔ پھیپھڑوں کی بیماریوں میں پیشانی کی جھریاں یا شکنیں "لائیکوپوڈیم" کی مخصوص علامت ہے۔ اس حالت میں لائیکو کی علامات میں اضافے کا مخصوص وقت عموماً چار سے آٹھ بجے شام ہوتا ہے لائیکو کے بچے کی پیشانی پر اسی وقت شکنیں ہوتی ہیں جب وہ چلاتا ہے، یا غصّے میں ہوتا ہے۔ بچہ عموماً چڑچڑا ہوتا ہے اور جب بیمار پڑ جائے تو نیند سے بہت غصّے کے ساتھ اٹھتا ہے چلاتا اور ٹھوکریں مارتا ہے۔

"لائیکوپوڈیم"۔

کلائی - اس کی بیماریاں مثلاً پھوڑے ، درد اور فالج WRIST

ITS EFFECTIONS LIKE BOILS PAIN AND PARALYSIS

۱- "ہیپر سکار"
۲- کلائی پر پھوڑے - "سینی کیولا"
۳- کلائی میں درد - "ہومارس ، روڈوڈینڈرن ، پلکڑانتھس"
۴- کلائیوں کا فالج - "ہاپومانس"

کلائی کا گنٹھیا WRIST RHEUMATISM

علامات کے مطابق " اکٹیا سپائیکاٹا اور وائی اولا اڈوراٹا "

کاتبوں اور کھلاڑیوں کی اینٹھن اور انگلیوں کا کھچاؤ

WRITERS AND PLAYERS CRAMP AND CONTRACTION OF FINGERS

۱- "میگنیشیا فاس"
۲- انگلیوں کا خود بخود کھچاؤ - بازوؤں کے اگلے حصے کا جزوی فالج ، ٹخنوں کی سوجن ، لکھنے والوں کی انگلیوں کا اکڑ جانا - "آرجنٹم میٹیلیکم"
۳- اینٹھن ، ہاتھوں کا کانپنا ، بازو کے اگلے حصے کے عضلات میں کنٹرول کرنے کی طاقت کی کمی - "جیلسی میم"
۴- انگلیوں کی کمزوری جس کے ساتھ ہلکی اینٹھن ہو - "سٹرامونیم"
۵- "زنکم فاس" کو ٹرائی کرنا چاہیئے جبکہ دوسری ادویہ ناکام ہوجائیں۔

گردن کا اکڑ جانا یا سخت ہوجانا

WRY NECK STIFF NECK

ایک پُر درد گنٹھیا دی تکلیف جو ہوا کا جھونکا لگنے کے سبب ہوتی ہے "اکونائٹ یا بیلاڈونا " عموماً اس پر قابو پالیتی ہیں۔

اگر یہ ناکام ہو جائیں تو چند مواقع پہ "پلساٹیلا" اور "نکس وامیکا" کی ضرورت پڑے گی۔

ایکسرے کے اثراتِ بد
X-RAY EXPOSURE AND ITS BAD EFFETS

"فلیورک ایسڈ" دیں۔ اگر شعاعوں کے اثرات زیادہ ہوں تو ایکسرے ۳۰ یا ۲۰۰ دیں۔ "ریڈیم بر دمائیڈ" ۳۰ یا ۲۰۰ انٹر کرنٹ ریمیڈی کے طور پہ دیں۔ موازنہ کریں "فاسفورکس" سے جو ریڈیم برومائیڈ اور فلیورک ایسڈ کی ایکسرے کے لئے عمدہ دافع اثر ہے۔

جمائیاں آئیں بغیر نیند کے اور کھانے کے بعد بھی
YAWNING WITHOUT SLEEP AND ALSO AFTER EATING

۱۔ نیند آنے کے بعد متواتر جمائیاں آئیں۔ "اکونائٹ"۔

۲۔ کھانے کے بعد کئی گھنٹوں تک جمائیاں آئیں۔ "نکس وامیکا"

۳۔ سونے کے بعد جمائیاں آئیں۔ جمائیاں آئیں جب کھانا کھا رہا ہو۔ "اگنیشیا"۔

۴۔ جمائیاں اتنی شدید آئیں کہ جبڑوں کا اپنی جگہ سے ہٹ جانے کا ڈر ہو۔ "رسٹاکس"۔

۵۔ جمائیاں متواتر ڈکاروں کے ساتھ دن کے دوران آئیں۔ "سلفر" ۳۔ دو گھنٹے کے وقفہ سے۔

۶۔ رات بھر جاگنے کے بعد نیند آئے اور بازو پھیلا کر جمائیاں لے۔ "چیلیڈ ونیم" ۳ دو گھنٹے کے وقفہ سے۔

ناک کی دونوں طرف جاتی ہوئی زرد زین جسکے ساتھ چھاتی، چہرے اور پیٹ پر داغ ہوں
YELLOW SADDLE ACROSS NOSE WITH SPOTS ON CHEST FACE AND ABDOMEN

رخساروں اور ناک کے اوپر کے حصے میں زرد رنگ کی زین کی شکل اور چہرے پر گول زردی مائل داغ "سیپیا" سے شفایاب ہوتے ہیں۔ یہ عموماً عورتوں میں حیض کی تکالیف کے ساتھ پائے جاتے ہیں۔ چھاتی پہ بھورے داغ، چہرے اور پیٹ پر بھورے داغ۔ "سیپیا"۔

باب دوم

ہومیوپیتھی بچوں کے علاج میں

بچوں اور نومولودوں کی بیماریوں پر حروف تہجی کے تحت دیئے گئے بیماریوں کے عنوانات میں کافی بحث ہو چکی ہے۔ یہ بات وہاں واضح طور پر بتا دی گئی ہے کہ بیماری اور دوا جو خصوصی طور پر تجویز کی گئی ہے۔ اس کا تعلق بیمار بچے سے ہے۔ لہٰذا معالج کو چاہیئے کہ اس باب میں دوا دیکھنے سے قبل اس مخصوص بیماری پہ نظر ڈالے جو حروف تہجی کے تحت دی گئی ہے۔

معالج کی سہولت کی خاطر میں نے اس نئے ایڈیشن میں ڈیڑھ سو سے زائد عنوانات حروف تہجی کی فہرست و عنوانات سے لئے ہیں جو عموماً بچوں کو شکار کا نشانہ بناتی ہیں۔ یہ باب حروف تہجی کے تحت دیئے گئے عنوانات امراض کو دیکھنے کی ضرورت کو پورا کر دیگا اور معالج کے مریض بچہ کے مرض کی مخصوص دوا کے انتخاب میں ضائع ہونے والے وقت کو بھی بچائے گا۔ وقت کی کمی کی وجہ سے یہاں پہ عام بیماری کے عنوانات کو دوبارہ نہیں دہرایا جا سکتا لہٰذا اختصار سے کام لیا گیا ہے۔

پیٹ کا بڑھ جانا ABDOMINAL ENLARGEMENT	"سلفر" ۱۸ طاقت میں

تین چھوٹی گولیاں چار یا پانچ ہفتوں تک دیں۔ اس کے بعد "کلکیریا کارب" اسی طاقت

میں دیں۔ اگر اس کے ساتھ اسہال اور عام کمزوری بھی ہو تو پھر "آرسینکم البم" ۳۰ کی چھ چھوٹی گولیاں آدھے گلاس اُبال کر ٹھنڈا کئے گئے پانی میں حل کر کے ایک چائے کا چمچہ صبح اور ایک شام کو دیں۔ اس کے بعد "نکس وامیکا" ۳۰ تین یا چار چھوٹی گولیاں خشک زبان پر رکھیں اور ایک ہفتے کے لعد یا بدیہ "سلفر" اسی طریقہ سے دیں۔

مقعد پہ سُرخ چھالے ANUS RED RASH
بچوں کی مقعد کے گرد آگ کی مانند

سُرخ چھالے۔ پرانا قبض جس کے ساتھ پاخانہ سخت ہو۔ "میڈورینم"۔

مرگی کی سی حالت (جس میں دماغی افعال اچانک رُک جاتے ہیں اور نتیجتاً غیر ارادی حرکات اور احساسات متاثر ہوتے ہیں) جسم متورم جس کے ساتھ رنگت سیاہی مائل ہو
APOPLECTIC CONDITION BODY SWOLLEN WITH BLACKISH COLOUR

یہ زیادہ دیر تک رہنے والے اور پُر درد وضع حمل کی وجہ سے ہوتا ہے اس کو سانس کے رُک جانے کے ساتھ گڈ مڈ نہیں کرنا چاہیئے۔ مرگی کی سی حالت میں تمام جسم کی سطح متورم دکھائی دیتی ہے۔ چہرہ اور تمام جسم بنفشی رنگ کے یا سیاسی مائل نیلگوں ہوتے ہیں۔ عضلات حرکت نہیں کرتے۔ "اکونائٹ" ۱۸ طاقت میں واحد خوراک خشک زبان پر رکھنے سے غیر یقینی اور ناموافق حالت کو فوراً تبدیل کر دے گی۔ اگر دس منٹ کے اندر کوئی بہتری نہ ہو تو "ٹارٹار ایمیٹک" استعمال کریں لیکن اگر جسم بنفشی رنگ کا ہو تو پھر "اوپیم" دیں۔

منہ کے چھالے APTHAE OR THRUSH
ایک ایسا مرض جس میں مسوڑھوں، ہونٹوں اور

منہ کی بلغمی جھلیوں میں سفید رنگ کے چھالے ہو جاتے ہیں۔ اس مرض کے لئے "سلفیورک ایسڈ" تیسری طاقت کی چھ چھوٹی گولیاں آدھے گلاس پانی میں (ڈسٹلڈ واٹر) میں حل کر کے رکھ لیں اور اس میں سے ایک کھانے کا چمچ ہر تین گھنٹے بعد دیں۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو پھر

"مرکیوریس سال یا سلفر" دیں۔ اگر یہ بھی ناکام ہو جائے تو پھر "بوریکس ۲x" دینی چاہیئے اور مقامی طور پر بھی شہد میں ملا کر لگانی چاہیئے۔

بچے کا سانس رُک جائے
ASPHYXIA

یہ عموماً ڈھیلے ڈھالے بچوں میں ہوتا ہے جو تھکا دینے والے وضع حمل کی وجہ سے کمزور ہوں۔ سانس لینے اور عضلات کی حرکات کا فقدان ہوتا ہے یا کمی ہوتی ہے۔ جلد زرد، نتھنوں سے بلغم صاف کریں۔ "چائنا" ۱۰ طاقت کی تین باریک گولیاں زبان پر رکھیں۔ اگر دس سے پندرہ منٹ کے اندر کوئی بہتری نہ ہو تو "ٹارٹیرس ایمیٹی کس" کو "چائنا" کے ساتھ پندرہ منٹ کے وقفہ سے ادل بدل کر دیں۔ اگر یہ بھی ناکام ہو جائے تو "لیکیس" دیں۔

ب :۔ بچہ سانس بند ہو جانے سے نیلا ہو جائے تو اس میں کوئی میکینیکل رکاوٹ نہیں ہوتی۔ بلکہ وہ سانس نہیں لے سکتا۔ نبض فیل ہو جانا شروع ہو جاتی ہے۔ ایسی حالت میں "لاروسیراسس" کی ایک خوراک اس کو سانس لینے کے قابل بنا دیتی ہے اور وہ چلانا شروع کر دیتا ہے۔

ج : اگر بچہ تنگ، ٹھنڈا پڑا ہوا ہو اور جب دبانے اور چھوڑنے کی کھچاوٹ سے وہ سانس لینے کے قابل نہ ہو سکے تو اس کو "کاربو ویج" کی ایک خوراک دیں۔ ایک اور مفید طریقہ یہ ہے کہ بچوں کو ٹانگوں سے پکڑ کر سر کے بل لٹکائیں اور دونوں کندھوں کے درمیان زور سے ہاتھ ماریں۔ نیز کولہوں کے درمیان میں اور پھر مصنوعی تنفس کا طریقہ اپنائیں۔

بچے نومولود کا سانس رک جائے ASPHYXIA NEONATORUM

نومولود سانس لینے کے ناقابل ہو۔ "انٹی مونیم ٹارٹ"۔

پھوڑے پھنسیاں
BOILS

سر پر پھوڑے پھنسیاں جھنڈ کی شکل میں نکلیں اور ہر ایک سے اخراج ہو۔ "آرنیکا ۶ یا سلفر ۳۰ یا کلکیریا کارب ۳۰ ہیپر سلف ۳۰۔ کانوں کے پیچھے زخم جن سے پتلا خراشدار اخراج

ہوتا ہو۔ "گریفائیٹس"۔
زخموں کے گرد پھنسیاں ہوں۔ "کیمو میلا"۔

پستانوں کی سوجن BREAST SWELLING

اگر غیر مناسب دباؤ کی وجہ سے ہو تو "آرنیکا" ۳۰ دیں۔ ورنہ "کیمو میلا" ۳۰ دیں۔

برانکائیٹس BRONCHITIS

بخار اور تنگیٔ تنفس کے ساتھ۔ "اکونائٹ" دیں۔ بلغم کے بہت زیادہ اخراج کے ساتھ جس سے بچے کا دم گھٹے اور پسینہ آئے۔ "اپی کاک"۔

بچہ چینی یا مٹھائی کے لئے زیادہ خواہش کرے CHILD CRAWING FOR SUGAR OR SWEET IN EXCESS

"مرک وائی وس" ۶x دیں یا "نیٹرم فاس" ۶x تین مرتبہ روزانہ دیں۔ یہ ایسی خواہش کو ختم کر دیں گی۔

بچہ ناف کے ذریعے ہانپے CHILD GASPING THROUGH CHORD

بچہ پیدائش پر زرد ہو، دم گھٹے، ناف کے ذریعے ہانپے جو کہ ابھی دھڑک رہی ہوتی ہے۔ "انٹی مونیم ٹارٹ"۔

بچہ جب پیدا ہو تو نہ چلّائے CHILD NOT CRYING WHEN BORN

"لاروسیراسس" ۶ طاقت میں دیں۔ یہ بہت حیران کن اثر دکھائے گی۔

بچوں میں قے کرنے کی عادت CHILDREN VOMITING HABIT

"آئرس ورسی کولر" ۶x دو مرتبہ روزانہ دیں۔

بچے کے ہونٹ میں چیرن یا کٹاؤ
CLEFT LIP

اس کٹاؤ کو تو آپریشن کے ذریعے ہی درست کیا جا سکتا ہے لیکن ایسے بچے کی پیدائش سے بچنے کے لئے ماں کو حمل کے تیسرے ماہ سے ساتویں تک "کلکیریا سلف" ×۱۲ استعمال کرنی چاہیئے۔

بچے کے پیٹ کا درد ریاح اور اسہال کے ساتھ
COLIC WITH FLATULENCE AND DIARRHOEA

اس کا اندازہ آسانی کے ساتھ بچے کے چلانے ہاتھ پاؤں مارنے، ٹانگیں سکیڑنے اور ریاح کے اخراج سے لگایا جا سکتا ہے۔ اگر سبزی مائل پانی کی مانند اسہال ہوں، بچہ متواتر چلاتا ہو، پیٹ پھولا ہوا ہو اور ٹھنڈا پسینہ آئے تو "کیمومیلا" مخصوص دوا ہے۔

اگر شام کے وقت درد ہو جس کے ساتھ پیٹ سخت ہو، پاخانہ آئے یا بغیر پاخانہ کے یا پاخانہ پھینٹے ہوئے انڈے کی مانند ہو تو "جالپا" دیں۔

پیٹ میں ریاح، گڑگڑاہٹ، متواتر کپکپی، چہرہ زرد اور پیاس نہ ہو تو "پلساٹیلا"۔

خمیر کی مانند اسہال جن سے گندی بو آئے اور بچہ شدت کے ساتھ گلا پھاڑ پھاڑ کر چلائے خوفناک پیٹ کا درد۔ "اپی کاک"۔

"نیپتھا کمار یا" جو کہ بچوں کی دوا ہے بہت مفید ہے۔

بچوں کی قبض، بوتل کے دودھ پہ پلنے والے بچوں کی بھی
CONSTIPATION ALSO OF BOTTLE FED BABIES

"برائی اونیا" ۳۰ یا "نکس وامیکا" ۳۰ یا "اوپیم" ۳۰ ایک یا دو چھوٹی گولیاں دیں۔ جب پہلی دوا کی دو خوراکیں دینے سے آفاقہ نہ ہو تو دوسری بدل کر دیں۔ مزمن قبض کے لئے تین چھوٹی گولیاں "سلفر یا ایلومینا" کی دیں۔ اگر بچے کو

پاخانہ کی حاجت نہ ہو تو ماں کو "برائی اونیا" یا "نکس وامیکا یا انٹی مونیم کروڈم یا اوپیم" علامات کے مطابق کھانی چاہیئے۔

بوتل کے دودھ پر پلنے والے بچوں کے لئے "پوڈوفائیلم"۔

بچوں کے تشنج، بخار، اسہال اور قے کے ساتھ
CONVULSIONS WITH FEVER, DIARRHOEA AND VOMITING

خوف کی وجہ سے جبکہ بچہ کانپتا ہو، بچہ چلائے، پیشاب اور پاخانہ رک جائے۔ درجہ حرارت تیز اور بچے کا جسم تشنج کے دوران تیر کی مانند اکڑ جائے۔ "وریٹرم ویرائیڈ ہو"۳"۔ اعضاء کا جھٹکنا، چہرے اور آنکھوں کے عضلات کا پھڑکنا اور سر کا اطراف میں حرکت کرنا جس کے ساتھ آنکھیں آدھی کھلی ہوں۔ "کیمومیلا"۔ اگر دورہ بغیر کسی ظاہری سبب کے خصوصاً روزانہ مقررہ وقت پر ہوتا ہو یا اگر دانت نکالنا یا پیٹ کے کیڑے اس کا سبب معلوم ہوتے ہوں تو پھر "اگنیشیا" دیں۔ اگر کیڑے واقعی موجود ہوں تو "سلفر" اور "سائنا" کی چار گولیاں چھوٹی یکے بعد دیگرے ہر ہفتے دیں۔

اگر معدے کی خرابی کی وجہ سے ہوں تو "نکس وامیکا ۶" دیں۔ جب دورے کے ساتھ متلی، قے یا اسہال بھی پائے جائیں تو "اپی کاک"۔ جب ڈر جانے کی وجہ سے ہو منہ سے جھاگ نکلتی ہو اور عضلات جھٹکتے ہوں تو "ہائیوسائیمس" دیں۔

دوسری دوائیں بیلاڈونا، کافیا، مرک سال، ریوم، سٹرامونیم اور سلفر ہیں جو علامات کے مطابق دی جاسکتی ہیں۔

ب: "تھائیرائیڈینم" بھی تشنج کے لئے اعلیٰ دوا ہے جبکہ بخار نہ ہو۔

کروپ کھانسی جس کے ساتھ آواز بند ہو جائے
CROUP WITH LOSS OF VOICE

گھٹن والا تنفس جس کے ساتھ خشک کھانسی اور آواز کا ضائع ہو جانا پایا جائے۔ "ہیپر سلف" دینی چاہیئے جس کے بعد "ہائیوسائیمس" یا

"سمبوکس" دینی چاہیئے۔ "ہیپر سلف" صبح کے وقت اور "اکونائٹ" رات کو دیں۔ ڈاکٹر ساونڈر کی سفارش کے مطابق "کلکیریا فاس" ۱۲x اور "کالی سلف" ۱۲x یکے بعد دیگرے ہر آدھے گھنٹے بعد دیں۔ اگر سانس کھڑکھڑاہٹ کے ساتھ آئے تو "سپونجیا" دیں۔

چلّانے کا رجحان CRYING PROPENSITY

بچے میں پیدائش کے فوراً بعد چلّانے کا رجحان پیدا ہو جائے اور چلّانے میں کمی نہ ہو۔ "سفلینم"۔

چلّانے والا بچہ نہ سوئے CRYING BABY NOT SLEEPING

بچہ دن اور رات چلّاتا رہے اور سوتا نہ ہو۔ تمام دن بے چین اور کھیلتا رہے لیکن تمام رات کو زور زور سے چیخیں مارے۔ "سورائینم"۔

سیانوسس (نیلا یرقان) CYANOSIS

بچے کی جلد کا نیلا ہو جانا۔ ڈاکٹر ٹیلر کے مطابق "سلفر" ۳۰ کے سلوشن کا ایک قطرہ فوراً دینا چاہیئے اور تین گھنٹے کے وقفہ سے "کلکیر کارب" ۳۰ دینی چاہیئے۔ دو ماہ کے وقفے سے "ڈیجی ٹیلس" ۳۰ کی ایک خوراک دینی چاہیئے۔ چودہ دن کے وقفہ کے بعد "کلکیریا کارب" ۲۰۰ کی ایک خوراک دینی چاہیئے۔

بہرہ پن غدودوں کے بڑھ جانے کے ساتھ DEAFNESS WITH ENLARGED ADENOIDS

بچوں میں بہرہ پن حلق اور کان کی درمیانی نالی کے نزلہ کی وجہ سے جس کے ساتھ غدود بڑھ گئے ہوں۔ "اگرافس نوٹانس" ۳۔

بدصورتیاں DEFORMITIES

چھوٹے بچوں کی تمام قسم کی بدنمائیوں میں "سلفر" ۳۰ اور پھر "کلکیریا کارب" ۳۰ یکے بعد دیگرے چودہ دن کے وقفہ سے دینی چاہئیں۔ اگر بدنمائی ہڈیوں کی ہو تو "سلیشیا" ۲۰۰ ہر ماہ دینی چاہیئے۔ "ڈاکٹر ٹیلر"۔

دانت نکالنا DENTITION

اگر دانت نکالنے کے دوران بخار اور زکام ہو تو " فیرم فاس ×۶" دانتوں کو آسانی سے نکلنے کے لئے دینی چاہیئے۔

بچوں میں وبائی اسہال DIARRHOEA EPIDEMIC IN CHILDREN

بچوں میں وبائی اسہال کے لئے اور اس سے محفوظ رہنے کے لئے چند خوراکیں " اسچیر یچیا کولی " کی جو کہ نوسوڈ ہے دینی چاہیئے۔ ڈاکٹر ایم جی بیلیکی "

اسہال مختلف اسباب کی وجہ سے DIARRHOEA DUE TO VARIOUS CAUSES

" اپی کاک ×۸" طاقت کی تین گلو بیولز ابال کر ٹھنڈا کئے گئے آدھے گلاس پانی میں ڈال کر حل کر لیں اور اس میں سے ایک چمچ ہر تین گھنٹے بعد دیں۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو " ربارب " دیں۔ اگر اخراج اور بچے کے تمام جسم سے کھٹی بُو آئے۔ اگر بچہ بہت زیادہ چلائے، ٹانگوں کو اکٹھا کرے۔ آنتوں میں پھول جانا اور ریاح متواتر پائی جائے تو " کیمومیلا" دیں۔ اگر زبان پر سفید یا زرد فر ہو تو " انٹی مونیم کروڈم " دیں۔

اگر اسہال سردی سے یا سرد ہوا لگنے سے ہوئے ہوں تو " ڈلکا مارا " دیں۔

اگر موسم گرما کی حرارت کے سبب اسہال ہوں۔ پاخانہ سبزی مائل پانی کی مانند بار بار ہو جس کے ساتھ بخار بہت تیز ہو۔ " برائی اونیا "

بے چینی اور نیند کا نہ آنا " کوبیا "۔ اگر بچہ بہت زیادہ سوئے لیکن نیند بے چین جس کے ساتھ چہرہ زرد ہو۔ " بیلا ڈونا "

ضدی قسم کی حالتوں میں جبکہ کوئی دوا مدد نہ کر سکے تو " سلفر " کلکیریا کارب " یا " نکس موسکاٹا "۔ اگر اسہال کے ساتھ بخار ہو تو " اکونائٹ "۔

جب اسہال معدے کے زیادہ بھر جانے کی وجہ سے ہوں اور ان کے ساتھ متلی اور قے ہو تو۔ " اپی کاک "

اگر ڈر جانے کی وجہ سے اسہال ہوں تو "اوپیم" اور جب بلغمی پاخانہ جس کے ساتھ خون آئے تو "مرکیورلیس کار"۶۔

مزمن اسہال جن کے ساتھ قے ہو "تھائیرائیڈنیم"۔

اسہال۔ دودھ ناموافق ہو
DIARRHOEA MILK DISAGREES

جب دودھ ناموافق ہو اور اسہال کا سبب بنے جس کے ساتھ ہونٹوں پہ اور زبان کے کناروں پہ سفیدی مائل داغ پائے جائیں تو "نیٹرم کارب" ایسے اسہال کے لئے بہت عمدہ دوا ہے۔

بچے کی پیدائش کے دوران جسم کی جلد کے نیچے خون جمع ہو جانے کی وجہ سے نیلے یا کالے داغ بننا
ECCHYMOSIS CAUSED DURING DELIVERY

پیدائش، حمل کے دوران جلد کے نیچے اوزار وغیرہ لگ جانے کے سبب خون کا اجتماع اور سوجن جیسا کہ رگڑ وغیرہ میں ہوتی ہے آدھی بالٹی پانی میں آرنیکا مدر ٹنکچر کے دس قطرے ملاکر بچے کے سر کو دھوئیں۔

پر درد اور مشکل وضع حمل کی وجہ سے کھچاؤ
ELONGATION DUE TO PAINFUL LABOUR

پر درد اور مشکل وضع حمل کی وجہ سے بچے کے سر میں سوجن، آدھے گلاس پانی میں تین یا چار قطرے "آرنیکا" "مدر ٹنکچر" ڈال کر بچے کے سر کو دھوئیں اور اندرونی طور پہ "رسٹاکس" دیں۔

بچے کے پیشاب کا غیر ارادی اخراج
ENURESIS - INVOLUNTARY DISCHARGE OF URINE

ہفتے میں ایک مرتبہ "سلفر" ۲۰۰ کی ایک خوراک دیں اور باقی چھ دنوں میں "پلانٹیگو" اور "اکوی زیٹم" ۳x یکے بعد دیگرے دیں۔

بچے کی آنکھیں دُکھنا EYES SORE

۱۔ اگر بہت زیادہ روشنی کی وجہ سے ورم ہو اور آنکھیں سُرخ ہو جائیں تو۔ "اکونائٹ"۔

۲۔ جب آنکھوں کے کناروں پر زخم ہوں جن سے زردی مائل اخراج ہوتا ہے "مرکیورلیس سال"۔

۳۔ اگر پپوٹے متورم ہوں اور ان سے پیپ کا اخراج ہوتا ہو۔ "ارجنٹم نائٹریکم"۔

مقعد کا خروج FALLING OF RECTUM

اسہال کی وجہ سے یا سخت پاخانے کے اخراج پر زیادہ زور لگانے کے سبب ہو تو اس کے لئے "سلیشیا یا نکس وامیکا" عمدہ دوائیں ہیں۔ جب بچہ پاخانہ کر رہا ہے اس وقت دینی چاہیئے۔

بچے کا بخار FEVER OF CHILD

"اکونائٹ" ۳۰ طاقت کی تین چھوٹی گولیاں ابال کر ٹھنڈا کئے گئے پانی کے آدھے گلاس میں حل کرکے ہر تین گھنٹے بعد چائے کا ایک چمچ دیں خصوصاً جبکہ بچہ گرم اور بے چین ہو اور نبض تیز۔

بچے کی آنتوں میں ریاح GAS IN BOWELS OF CHILD

بھوک کم، بچہ چربیلی غذا کی نارمل مقدار ہضم کرنے کے ناقابل جس کی وجہ سے چربی کا ضعفِ معدہ ہو جائے۔ بچہ کھٹی دودھ کی دہی کی مانند قے کر دے اور آنتوں میں بہت زیادہ گیس کا اجتماع ہو۔ آنتیں بے قاعدہ "بوٹائیرک ایسڈ" ۲۰ سے ۱۰۰۰ طاقت تک۔

بچوں میں عادی قے HABITUAL VOMITING

بچوں میں عادی قے کے لئے۔

"آئرس ورسی کولر"۔

بچوں کا نیلا ہو جانا — GETTING BLUE

ڈیجی ٹیلس ۳۰، اور اگر بچے کا جسم ٹھنڈا ہو تو "آرسینکم البم"۔

بچے کی گردن کے غدودوں کا سخت ہو جانا — GLANDS IN NECK HARDENED

گردن کے گرد کے غدود سخت ہو جائیں۔ "سلیشیا"۔

بچے کا ہرنیا پیدائشی — HERNIA CONGENITAL OF CHILD

"کلکیریا کارب"۔

ہرنیا ناف یا چڈے کا — HERNIA OF NAVAL OR GROIN

ناف یا چڈے کا۔ "نکس وامیکا ۶" اور "سلفر ۳" گلوبیولز یکے بعد دیگرے ہر ہفتے زبان پر رکھیں۔ اگر چھ ہفتوں میں ٹھیک نہ ہو تو پھر "کاکولس یا آرم یا وریٹرم البم، لیکیس یا سلفیورک ایسڈ" دیں۔

بچے کی ہچکی — HICCOUGH OF CHILD

"نکس وامیکا"۔

چھوٹے بچوں کا ایگزیما — INFANTILE ECZEMA

چہرے، گردن، پاؤں اور ہاتھوں پر شدید ایگزیما۔ "گریفائیٹس ۶"۔

بچے کا یرقان پیدائش پر — JAUNDICE OF CHILD AT BORN

۱۔ یرقان کو ختم کرنے کے لئے پہلے "کیمومیلا" دیں۔ اگر ایک ہفتے کے اندر یہ غائب نہ ہو تو "مرکیوریس سال ۶" دیں اور اس کے بعد "چائنا" دیں۔

۲۔ ڈاکٹر گھوش کے مطابق "تھائیرائیڈینم" بچے کو موت کے منہ سے نکال لائے گی۔

گھٹنے ٹکرانا KNEES OF CHILD KNOCKED

اگر بچے کے گھٹنے ایک دوسرے سے ٹکرائیں ایسی صورت میں جبکہ وہ چلتا ہو اور جب چلنے کی کوشش کرے تو لڑکھڑائے۔
"لیتھائیرس"۔

بچے کا سر بڑا ہو LARGE HEAD OF CHILD

"سلفر، کلکیریا کارب، سلیشیا، اور مرکیوریس سالوبلیس" یکے بعد دیگرے دینی چاہئیں۔ ہر ایک دوا کو تین چار ہفتے کام کرنے کا موقع دینا چاہیئے۔ اس کے بعد دوسری دوا دیں۔ ہر دوا کی تین چھوٹی گولیاں زبان پر رکھیں۔ ڈاکٹر کرچیو سم اس خرابی کے لئے "میڈورینم" کا مشورہ دیتے ہیں۔

بچے کا سوکھیا مسان MARASMUS OF CHILD

موٹے بچوں کے لئے "کلکیریا کارب" دیں اور دُبلے پتلے بچوں کے لئے۔ "کلکیریا فاس"۔

بچے کی جلد کی سطح پر نشانات MARKS OF THE SURFACE OF THE SKIN

ایسے نشانات کو "سلفر ۳۰" اور اس کے بعد چند خوراکیں کلکیریا کارب دے کر درست کیا جا سکتا ہے۔

نوزائیدہ بچے کا پہلی بار پاخانہ کرنا MECONIUM OR FIRST DISCHARGE FROM BOWELS

اگر یہ پہلا اخراج بہت زیادہ دیر کر دے اور بچہ بے سکونی اور بے چینی محسوس کرے۔ تو گرم پانی میں تھوڑی سی چینی ملا کر چند چمچے بچے کو دینے سے آنتوں کی صفائی ہو جائے گی۔

دودھ درد کا سبب بنے MILK CAUSES PAIN

بچہ کمزور اور بیمار سا، دودھ سے اسہال اور درد، پاخانہ سبز اور معدے میں درد۔ "میگنیشیا کارب"۔

بچوں کی سفید داد MILK CRUST

یہ نومولود بچوں کے ابھار ہیں جو کافی تعداد میں چھوٹے چھوٹے سفید رنگ کے ہوتے ہیں۔ جن کی سطح سُرخ ہوتی ہے یہ پہلے چہرے پر نمودار ہوتے ہیں۔ پھر رخساروں پر پھیل جاتے ہیں اور پھر پیشانی پر اور تمام جسم پر پھیل جاتے ہیں۔ یہ زرد اور سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں۔ گھیرے ہوئے حصے پر خارش اور سوجن ہوتی ہے۔ بچہ بےچین ہوتا ہے اور متاثرہ حصّوں کو ملتا ہے۔ جس کی وجہ سے کھرنڈ اتر جاتے ہیں اور مرض میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اگر چھالا سرخ اور متورم ہو تو "اکونائٹ" دیں۔ اور اس کے بعد "رسٹاکس" دیں۔ "وائی اولا ٹرائی کلر بچپن" کے ایسے ایگزیما کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔ ڈاکٹر ٹائیر۔

ناخن دانتوں سے کاٹنا NAIL BITING

بچوں میں دانتوں سے ناخن کاٹنے کے لئے "نیٹرم میور" بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔

ناف NAVEL

۱۔ ناف متورم اور پر درد، "کیلن ڈولا" مدر ٹنکچر دس قطرے ایک اونس گرم پانی میں ملا کر ناف پر لگانا چاہیئے یا "کیلن ڈولا" مرہم آہستہ آہستہ ملنی چاہیئے۔

۲۔ اگر ناف میں پیپ ہو تو "سلیشیا" ۳۰ دینی چاہیئے۔

۳۔ سوجن سرخی اور درد کے لئے "بیلاڈونا" دینی چاہیئے۔

۴۔ اگر ناف سے بدبُودار پیپ آئے تو "آرسینکم البم" دیں۔

ناف سے خون نکلتا ہو NAVEL BLEEDING

۱۔ نومولود کی ناف سے خون نکلے تو "ابراٹینم" دیں۔

۲۔ نومولود بچوں میں ناف کے زخم "ٹنکس موسکاٹا"

گردن NECK

اگر گردن اتنی کمزور ہو کہ بچہ سر کو سیدھا نہ رکھ سکے اور اس کی ٹانگیں بہت زیادہ سوکھی ہوئی ہوں تو پھر

"ابراٹینم" دیں۔

رات کی دہشت NIGHT TERRORS

بچوں میں رات کی دہشت جبکہ کوئی واضح سبب معلوم نہ ہو اور بچہ رات کو خاص طور پر چلاّتا ہو۔ "کیوٹیکم" ۲۰۰ مخصوص دوا ہے۔

ناک گندی بدبودار اخراج کے ساتھ NOSE DIRTY WITH FETID DISCHARGE

خراشدار پیپ کی مانند اخراج ہونٹوں تک بہتا ہوا جائے۔ "مرکیوریس سالوبلیس"۔

ہڈیوں کی نشوونما نامکمل OSTEOGENESIS IMPERFECTA

بچہ بیٹھنے یا کھڑا ہونے کے ناقابل کیونکہ ہڈیاں بہت زیادہ کمزور ہوں اور ٹیڑھی ہو جائیں۔ سر پر بہت زیادہ پسینہ آئے اور بعض اوقات رات کے خوف سے نیند سے چیخ مار کر اٹھے۔ "کلکیریا کارب" اونچی طاقت میں۔

نمونیہ قبض یا اسہال کے ساتھ PNEUMONIA WITH CONSTIPATION OR DIARRHOEA

تنفس میں تیزی، شدید پیاس اور خشک کھانسی۔ "اکوناٹ" سانس میں بہت مشکل، بلغم سرخ رنگ کا، قبض بہت زیادہ پیاس کے ساتھ۔ "برائی اونیا"۔

اگر اسہال پیاس کے ساتھ ہوں تو "آرسینکم البم"۔

کمزور سوکھے ہوئے بچوں میں دق کرنے والی کھانسی جس کے ساتھ جاگنے پر چڑچڑاپن ٹھوکریں مارنا اور چلانا پایا جائے۔ "لائیکو پوڈیم"۔

تیزی کے ساتھ بڑھنے والے ننھے منھے بچے RAPID GROWING TODDLER

بچے کو طاقتور بنانے کے لئے جو بہت تیزی کے ساتھ بڑھ رہا ہو "فیرم فاس"

۱۲x ایک یا دو ہفتے تین مرتبہ روزانہ

گلے کے زخم SORE THROAT

"اکونائٹ" بیلا ڈونا ، اور مرکیوریس سالوبیلیس" علامات کے مطابق دینی چاہئیں۔

گلے کے زخموں کا رجحان SORE THROAT TENDENCY

گلے کے زخمی ہونے اور غدود دوں کے بڑھنے کا رجحان ، بچہ کند ذہن اور پست ۔ "برائٹا کارب"

ریڑھ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا SPINE DEVIATION

ریڑھ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا ، ہڈیاں بننے کے عمل میں کمی کی وجہ سے ہوتا ہے جس کے نتیجے میں ہڈیوں میں عضلات کو سہارنے کی صلاحیت کم ہوتی ہے لہذا وہ اپنی جگہ سے ہٹ جاتی ہیں۔ مندرجہ ذیل ادویہ اس تکلیف کو کامیابی کے ساتھ دور کر دیتی ہیں۔

"اموڈیم ، کلکیریا کارب ، ہیپر سلف ، لائیکو پوڈیم ، مرکیوریس سالوبیلیس ، فاسفورس پلمبم ، سلیشیا"

ران کی ہڈی کا بے ساختہ اپنی جگہ سے اتر جانا SPONTNEOUS DISLOCATION OF FEMUR THIGH BONE

بچہ لنگڑاتا ہے جیسا کہ ایک ٹانگ دوسری کے مقابلہ میں چھوٹی ہو۔ یہ بہت تکلیف دہ مرض ہے جو کہ جوڑوں میں ناقابل شفا بدنظمی کا سبب بنتی ہے ۔ بہت اہم ادویہ "سلفر اور کلکیریا کارب" ہیں۔ اگر بچہ صرف لنگڑاتا ہو اور ران میں درد کی شکایت نہ کرے اور علامات مکمل طور پر نشوونما نہ پا چکی ہوں تو "مرکیوریس سال اور بیلا ڈونا" یکے بعد دیگرے دیں۔ پہلے "مرکیوریس سالوبیلیس" کی پانچ چھوٹی گولیاں زبان پر رکھیں اور تین یا چار خوراکوں کے بعد اسی طرح "بیلا ڈونا کی خوراکیں دیں۔ ان کا یکے بعد دیگرے استعمال کم از کم چودہ دن تک جاری رکھیں جب تک کہ مفید اثرات حاصل نہ ہو جائیں۔ اگر یہ دونوں ناکام ہو جائیں تو "رسٹاکس" ۱۸ طاقت میں پانچ چھوٹی گولیاں ہر

چار دن بعد اس وقت تک دیتے رہیں جب تک بہتری نظر نہ آئے۔ اس کے بعد دوا کا استعمال بند کر دیں اس وقت تک جب کہ بہتری میں کمی نہ ہو جائے۔ اگر "رسٹاکس" کسی بہتری کا اظہار نہ کر سکے تو اسی طریقہ سے "سلفر" دیں۔

ہکلانا رُک رُک کر بولنا
STAMMERING

ابتدا میں "مرک سال" دیں۔ اس کے بعد "بیلاڈونا" کی چار چھوٹی گولیاں خشک زبان پر رکھیں۔ کافی عرصہ تک "ہائیوسائیمس" کا استعمال بھی مفید ہوگا۔

چوری کی عادت اور رجحان
STEELING HABIT AND TENDENCY

ا۔ غیر معمولی بچے جن کی سوجھ بوجھ معمول کے مطابق نشوونما نہ پا رہی ہو جو جھوٹ بولیں اور چوری کریں۔ دماغی امراض کے ہسپتال کے لئے موزوں ہوں تو "اوپیم"۔

ب۔ ظالمانہ عادات والے بچے عموماً اس دوا سے شفایاب ہو جاتے ہیں۔

"اناکارڈیم"۔

بولنے میں الفاظ واضح نہ ہوں
STARTLING

اس کا علاج فوراً "بیلاڈونا" سے شروع کرنا چاہیئے۔ اس کے بعد "مرکیوریس سالوبیلیس یا پلاٹینا یا یوفریزیا" دیں اور اس کے بعد "سلفر" دیں۔

آنکھ میں آنسوؤں کی تھیلی میں رکاوٹ کا پیدا ہونا
TEAR DUCT IN EYE OBSTRUCTED

"تھائیوسینامینم" اس رکاوٹ کو فوراً دور کر سکتی ہے۔

"تھائیوسینامینم"۔

انجکشن کا خوف
TERROR OF INJECTION

انجکشن لگانے سے قبل اس کے خوف کو دور کرنے کے لئے "فاسفورس" سی ایم دیں۔

بچے کا میڈیکل ایگزامینیشن کے لئے خوف
TERROR OF CHILD FOR MEDICAL EXAMINATION

بچے کا بلا وجہ میڈیکل امتحان سے یا اجنبیوں سے خوف "ٹیوبر کولینم" دیں۔

آدھے سر میں درد کی تکلیف
TROUBLE OF MIGRAINE

بچوں میں آدھے سر کے درد کے لئے "کاربالک ایسڈ" دیں۔

بچے کا وزن معمول سے کم
UNDER WEIGHT CHILD

بچہ سوکھا ہوا، وزن کم، جھریاں پڑی ہوئی اور بوڑھا دکھائی دے تو "سلفر" کی ایک خوراک دیں۔

خُصیئے تھیلی میں نہ اُترے ہوں
UNDECENDED TESTICLE

خصیوں کا تھیلی میں نہ اُترنا جس کے لئے سرجیکل کی سفارش کی گئی تھی۔ ڈاکٹر وادیا نے ان دواؤں سے بہت اچھے نتائج حاصل کئے ہیں۔ "آرم میور یا آرم میور نیٹرونیٹم"۔

قے عادی
VOMITING HABITUAL

قے کھٹی خون آمیز، صفراوی اور متلی۔ تھوک کا بہت زیادہ اخراج۔ "آئرس ورسی کولر"۔

دودھ کی قے دہی کی شکل میں جس کے ساتھ قبض یا اسہال ہوں
VOMITING OF MILK IN CURDS WITH CONSTIPATION OR DIARRHOEA

ماں کے بد ہضمی یا ضعفِ معدہ کا شکار ہونے کی وجہ سے بچہ دودھ کی قے کرتا ہے جو کہ دہی کی شکل میں ہوتی ہے۔ "پلساٹیلا"۔

جب بچے کو قبض ہو اور بدبودار قے کرے۔ "نکس وامیکا"۔

جب بچہ جونہی دودھ پئے قے کر دے اور قے دہی کی مانند ہو۔" ایتھیوزا"۔

جب ایسی قے کے ساتھ اسہال ہوں تو "کلکیریا کارب"۔

مزمن حالتوں میں۔ "کریوزوٹ" اگر یہ ناکام ہو جائے تو "ورٹیرم البم"۔

موازنہ کریں "ویلیریانہ" سے جب بچہ دودھ پینے کے بعد دہی کی مانند جمے ہوئے لوتھڑوں کی قے کر دے۔ "کوفیا وسکو" سے بھی موازنہ کریں جو کہ اس صورت میں مفید ہے جبکہ بچہ تیزابیت کی زیادتی کی وجہ سے دودھ کی قے کرے جس کے ساتھ متواتر سبز پانی کی مانند تیزابی پاخانہ ہو جو کہ پیچش کی مانند ہوں۔

کمزور بچہ WEAK PUNY CHILD

کمزور سوکھیا میں مبتلا بچے جن کے پیٹ بڑے، اعضاء سکڑے ہوئے، آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئیں اور سر بڑے۔ بچہ غذا بہت کھاتا ہے لیکن جزو بدن نہیں ہوتی بچہ کمزور ہوتا جائے۔ "سیلیشیا ۳۰ اور اوپر۔ (ڈاکٹر نیش)

بچہ روئے لیکن آنسو نہ نکلیں رونے کا بہانہ کرے WEEPING WITHOUT TEARS CHILD PRETENDING

بچہ جو رونے کا بہانہ بناتا ہے۔ لیکن آنسو نہیں نکلتے۔ تب یقینی دوا ہے "سٹافی سیگریا ۳۰ یا ۲۰۰"۔

بچے کا رونا WEEPING OF CHILD

۱۔ جب بچہ دن کو سویا رہے اور رات کو روتا ہو۔ "جلاپا"۔

۲۔ جب بچہ دن کو روتا رہے اور رات کو سوتا ہو۔ "لائیکو پوڈیم"۔

۳۔ جب بچہ دن رات روتا رہے۔ "سورائینم" (ڈاکٹر یادویر سنگھ)۔

بچہ بستر پہ پیشاب کر دے مختلف اسباب کی وجہ سے WETTING THE BED DUE TO DIFFERENT CAUSES

بچے جو پیٹ کے بل سوتے ہیں۔ نرم مزاج کے ہوتے ہیں۔ جن میں رونے کا رجحان ہو

پیشاب بدبودار ۔ "پلساٹیلا"۔

ایسے بچے جو ضدی ہوتے اور بہت جلد غصے میں آجاتے ہیں اور اپنے ہاتھ اور بازو سر پر رکھ لیتے ہیں ۔ "نکس وامیکا"۔

ایسے بچے جن کو نزلہ یا زکام ہو جاتا ہو ۔ جن کے ہاتھ بہت جلد ٹھنڈے محسوس ہوتے ہوں اور جب وہ باہر نکلتے ہوں تو بہت جلد سردی لگ جاتی ہو اور جو صبح سویرے اٹھنا پسند نہ کرتے ہوں ۔ "فیرم فاس"۔

ایسے بچے جن کو پھوڑے پھنسیاں ہوتی ہوں یا جن کی گردن سوج جاتی ہو یا جن کے زخم دیر سے شفایاب ہوتے ہوں ۔ "سیلیشیا"۔

ایسے بچے جو پہلی نیند میں بستر پہ پیشاب کر دیتے ہوں جن کا پیشاب خراشدار ہو اور جن کا پیشاب کھانستے وقت چلتے اور چھینکتے وقت خارج ہو جاتا ہو ۔ "کاسٹی کم"۔

ایسے بچے جن کا پیشاب چپچپا ہو اور جو اپنا بازو سر کے نیچے یا اوپر رکھتے ہوں اور پیٹ کے بل لیٹتے ہوں ۔ "کالو سنتھ ، سلیشیا" ۳۰ طاقت میں تین چھوٹی گولیاں خشک زبان پر ہر ہفتے رکھیں ۔ جب تک کہ مریض ٹھیک نہ ہو جائے ۔

پیٹ کے کیڑے WORMS

گول کیڑوں کے لئے "چینو پوڈیم آئل" دس قطرے گرم پانی میں ملا کر روزانہ تین مرتبہ دیں ۔ ڈاکٹر یاددر سنگھ کے مطابق چپٹے کیڑے مندرجہ ذیل میکسچر سے مر کر نکل جاتے ہیں ۔

۱۔ پوٹاشیم آیوڈائیڈ ۳۵ گرین ، ۲۔ آیوڈین چار گرین ، ۳۔ ڈسٹلڈ واٹر ایک اونس ۔ اس میکسچر کے دس قطرے تھوڑے سے پانی میں ملا کر صبح ، دوپہر اور شام تین مرتبہ دیں ۔

وہ مزید بتاتے ہیں کہ تمام قسم کے کیڑوں کو تباہ کرنے کے لئے "لائیکو پوڈیم ۳۰" دو دن کے لئے دیں ۔ پھر "ویریٹرم البم ۱۲" چار دن کے لئے دیں اور اس کے بعد "اپی کاک ۶" ایک ہفتے کے لئے دیں ۔ دو خوراکیں روزانہ دینی چاہئیں ۔

باب سوم

پالتو جانوروں کا علاج

TREATMENT OF PET ANIMALS

ہومیوپیتھک دوائیں پالتو جانوروں کے علاج میں بھی برابر کی موثر ثابت ہوئی ہیں۔ اپ کو ویٹرنری سرجن بروقت میسر نہیں ہوتا اور ایسی صورت میں پالتو جانور تکلیف کی شدت میں مبتلا رہتا ہے۔

ذیل میں چند ایک عام تکالیف کا ذکر کیا جاتا ہے جن میں اکثر پالتو جانور مبتلا ہو سکتے ہیں اور جو ظاہر علامات سے بآسانی تشخیص کی جاسکتی ہیں۔ شدید بیماریوں کے لئے جیسا کہ پاؤں منہ وغیرہ کی۔ آپ ویٹرنری سرجن کی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ جن کی تشخیص آسانی سے نہیں ہو سکتی۔

گھوڑوں میں ذہنی بیماریاں

پتلیاں سکڑی ہوئی، دانت مضبوطی سے بھینچے ہوئے، زبان باہر کو نکلی ہوئی، بے چینی، سر پیچھے کو اکڑا ہو، مدہوشی، متواتر حالتیں بدلے، کروٹیں لے، کاٹنا اور لاتیں مارنا۔ سخت غصے اور طیش میں، بھاگ جانا چاہیئے۔ آنکھوں سے پانی نکلے۔

"بیلاڈونا ۲۰۰" پانی میں ملا کر ہر پندرہ منٹ بعد یا زیادہ وقفہ سے دو چمچ اس وقت تک دیں۔ جب تک کہ حالت بہتر ہونا شروع نہ ہو جائے۔

(ڈاکٹر جے ایس ماتھر)

مرغیوں کا ہیضہ

"آرسینکم آیوڈائیڈ" کی ۲۰ سے ۳۰ چھوٹی گولیاں پانی میں حل کریں اور علامات کی شدت کے مطابق ایک سے تین گھنٹے کے وقفہ سے ایک ایک چمچ دیں۔

گھوڑوں میں اور گائیوں میں پیٹ کا درد

جب جانور خود بخود زیادہ کھا جائے اور پیٹ میں ریاح ہو اور پھولا ہوا، ڈھول کی مانند تنا ہوا ہو جیسا کہ پھٹ جائے گا۔ پیٹ میں متواتر گڑگڑاہٹ پیشاب بند ہو جائے اور تھوڑا آئے۔ "کالچی کم ۲۰۰" کم از کم تین دن وقفے وقفے سے دیں۔ موازنہ کریں "میگنیشیا فاس اور کالوسنتھ" سے جو کہ ریاحی پیٹ درد کے لئے مفید ہیں۔

ڈاکٹر گشنک کے مطابق گھوڑے کے کان میں تھوڑا سا پانی ڈالیں۔ درد بہت جلد غائب ہو جائے گا۔

گھوڑوں میں کھانسی جب چڑھائی چڑھ رہے ہوں یا مشقت کے بعد

ہلکا سا جھکنا کھانسی کا سبب بنے، منہ کے گرد جھاگ، گونج کی آواز کے ساتھ سانس لے اور شدید کھانسی "نکس وامیکا" ۱۰۰۰۔ موازنہ کریں "ہیپر سلف" سے۔ اگر کھانسی مشقت کے بعد گھاس میں گرد وغیرہ کی وجہ سے ہوتی ہے۔ ڈاکٹر سکنز۔

گائیوں میں اسقاط حمل کا رجحان اور اس سے بچاؤ

تھائیرائیڈنیم ۳۰ گائے کے جوش میں ہونے کے فوراً بعد نر سے ملاپ سے قبل دیں اور ایک خوراک ملاپ کے بعد دیں۔ یہ اسقاط حمل سے محفوظ رکھے گی اور اس کو میعاد پوری کرنے کے قابل بنا دے گی۔

اسہال

مردار کی سی بو والا پاخانہ جو کہ پانی کی مانند پتلا ہو "کاربوویج ۳۰" اور "آرسینکم البم ۳۰" یکے بعد دیگرے ہر دو گھنٹے بعد دیں۔ حاد اسہال کے لئے "اکونائٹ ۳۰" ایک گھنٹے کے وقفہ سے دیں۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو

"پلساٹیلا" ۳۰ ، اور "نکس وامیکا" ۳۰ یکے بعد دیگرے دو گھنٹے کے وقفے سے دیں۔ اگر اس کے باوجود بھی اسہال ہوں تو "فاسفورس" ۳۰ ہر تین گھنٹے بعد دیں۔ مزمن اسہال کے لئے "سلفر، کلکیریا کارب اور پوڈوفائیلم" ہر ایک ۳۰ طاقت میں دینی چاہیئے۔

دوڑنے والے گھوڑوں میں اسہال

حاد مشق کے دوران "ریوم" دیں۔

دوڑنے والے کتوں میں اسہال

اسہال جن کے ساتھ بہت کمزوری کی حالت ہو۔ پاخانہ بدبودار اور نیند کے دوران خود بخود خارج ہو جائے اور اس کے ساتھ ڈکار اور ریاح ہو جن کی بو "ہائیڈروجن سلفیوریٹ" کی مانند ہو، "آرنیکا مونٹینا" دیں۔

اسہال مرغیوں اور پرندوں میں

"آرسینکم البم" ۳۰ کی ایک خوراک روزانہ اس وقت تک دیں جب تک یہ رک نہ جائیں۔

ہاضمہ کی خرابیاں

بھوک نہ ہو، کھانے کے قریب جائے۔ اسے سونگھے لیکن اس کو چھوئے یا کھائے بغیر واپس آ جائے۔ قبض، بھونکے یا چلائے بے چین، پاخانہ نہ آئے، "نکس وامیکا" ۳۰ روزانہ تین مرتبہ دیں۔ اگر گلی سڑی غذا کھائے یا حیوانانی مادہ یا دوسری گندی چیزیں کھانے کی وجہ سے ہو تو "آرسینکم البم" ۳۰۔ تین مرتبہ روزانہ دیں۔

پاگل ہونا

یہ ایک متعدی مرض ہے جو دو سال کی عمر تک کے کتوں کو متاثر کرتا ہے سرخ آنکھوں سے گاڑھے بلغم کا اخراج ہوتا ہے، ناک دکھتی ہے اور اس سے بھی اسی قسم کا اخراج ہوتا ہے۔ بھوک نہیں لگتی، کتا بہت زیادہ کھانستا ہے۔ زیادہ تر لیٹا رہتا ہے۔ اِدھر اُدھر لڑکھڑاتا ہے۔ ٹانگوں کو گھسیٹتا ہے۔ عموماً گرتا رہتا ہے۔ قبض ہوتی ہے اور مکمل طور پہ مفلوج ہوتا ہے۔ اسہال ہوتے ہیں اور تشنج بھی۔

"بیلاڈونا، کاکولس، کالی کارب اور رسٹاکس"۔

کتے ہوشیار نہ ہوں، ڈرپوک اندھیرے میں چھپ جاتے ہوں

دروازے پر پہرہ دینے کے بجائے فرش پر پیشاب اور پاخانہ کر دیتے ہوں۔ جب کوئی اجنبی آئے تو میزوں کرسیوں کے نیچے چھپ جاتے ہوں۔ "برائٹا کارب" کچھ وقت تک وقفے وقفے سے دیں۔ ڈاکٹر کینٹ۔

کان سوجن، گاڑھا، بھورے رنگ کا مواد یا بدبودار اخراج۔ "بیلاڈونا ۳" دو مرتبہ روزانہ دیں اور "ہائیڈراسٹس مدر ٹنکچر" روزانہ دو مرتبہ لگائیں۔

کتوں کے کانوں کا ایگزیما کانوں کے گرد یا کانوں کے اندر ایگزیما "سلفر" ۱۲ یا ۳۰ طاقت میں مفید ہے۔

آنکھیں سرخ، دکھتی ہوں، پانی نکلتا ہو، روشنی سے نفرت اور بدبودار اخراج "یوفریزیا" مدر ٹنکچر ایک اونس اُبال کر ٹھنڈا کئے گئے پانی میں ملا کر اندرونی طور پہ اور "روٹا" مدر ٹنکچر کے ۲۰ قطرے آدھے گلاس پانی (ڈسٹلڈ واٹر) میں ڈال کر آنکھوں کو دھوئیں۔

گھوڑوں میں مشقت دن کو سخت کام کرنے کے بعد یا شکار میں۔ "آرنیکا مونٹینا" کی چند خوراکیں اندرونی طور پہ دیں اور خارجی طور پر پٹھوں کو "آرنیکا لوشن" میں پٹی تر کر کے ملیں۔

ہڈی کا ٹوٹ جانا چوٹ کی کوئی بھی نوعیت ہو خواہ یہ رگڑ، موچ ہو یا زور لگ گیا ہو۔ ہڈی اپنی جگہ سے اتر گئی ہو یا ہڈی ٹوٹ گئی ہو اگر یہ مشینی چوٹ ہو تو اندرونی طور پہ "آرنیکا" دیں اور خارجی طور پہ "آرنیکا" مدر ٹنکچر کا لوشن بنا کر استعمال کریں۔

بالوں کا گرنا بالوں کے گرنے کو "آرسینکم البم" دے کر روکا جا سکتا ہے۔

گھوڑوں کا لنگڑا پن "رسٹاکس۔"

گائے کا دودھ

ا: گائے کا دودھ بڑھانے کے لئے "فائیٹولاکا" ۲×
اور "ایسا فوئیٹڈا" یکے بعد دیگرے دیں۔

ب: بعض گائیں دودھ نکالتے وقت دودھ چڑھا لیتی ہیں۔ "بیلاڈونا" ۴×
دودھ نکالنے سے ایک گھنٹہ قبل دیں۔ جب جانور نارمل ہو جائے تو اس کو بند کر دیں۔

منہ

منہ کی سادہ تکلیف۔ اگر منہ کھولنے پہ زخم موجود ہوں۔ مسوڑھے اور زبان متورم
دکھائی دیں تو یہ ہاضمہ کی خرابی کی علامت ہے۔ "آرسینکم ۳۰" یا "سیلیشیا ۳۰"
یا "لائیکوپوڈیم ۳۰" تین مرتبہ روزانہ دیں۔ منہ کو "کیلن ڈولا" مدر ٹنکچر کے لوشن سے تین مرتبہ
روزانہ صاف کریں۔

منہ کی بیماریوں اور پاؤں کی بیماریوں میں بچاؤ

"کالی آیوڈائیڈ"
جانوروں میں منہ اور پاؤں
کی بیماریوں سے محفوظ رکھتی ہے۔

کتوں کا ہانپنا

تھوڑی سی مشقت پہ بھی جب کتا ہانپتا ہے تو "برائی اونیا"
تین مرتبہ روزانہ دیں۔ ڈاکٹر انشٹز۔

منہ اور پاؤں کی بیماریوں سے محفوظ رکھنے والی

"بورکیس"۔

دوڑنے والے کتے

جب کتا ہرن کیطرح سخت دوڑنے کے بعد تھک جائے
تو "آرنیکا" ہر گھنٹے بعد کم از کم چھ خوراکیں دیں اور خارجی طور
پہ "آرنیکا" لوشن سے مالش کریں۔

پالتو جانوروں کی جلد پہ چھالے اور بالوں کا گرنا، گنجا پن

"ایسڈ فلوریکم" ایک قطرہ پوڈر میں ملا کر روزانہ صبح کو چھ دن تک دیں۔ ایک دن
کا ناغہ کریں اور پھر اسی طرح یہ عمل اس وقت تک دہرائیں جب تک کہ دوا کی چوبیس ۲۴
خوراکیں مکمل نہ ہو جائیں۔ یعنی چوبیس دن تک دیں۔

تنفس بخار کے ساتھ ، سانس کا پھول جانا

کتے کی مقعد کا نارمل درجہ حرارت ۴ء۱۰۱ ہوتا ہے لیکن ورزش یا ہیجان کے بعد اس میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ بخار ۱۰۳ یا ۱۰۵ کھانسی کے ساتھ بے چینی ، بے قراری ، بھوک کا نہ لگنا ، پاخانہ کا نہ آنا۔ "اکونائٹ ۳۰" برائی اونیا ۳۰" اور "چائنا ۳۰" ہر ایک دوا کے بیس قطرے ایک اونس ڈسٹلڈ واٹر میں ڈال کر الگ الگ سلوشن بنا لیں اور ہر دو گھنٹے کے وقفہ سے یکے بعد دیگرے دیں۔

جلدی بیماریاں

یہ بیماریاں کتوں میں عموماً ہوتی ہیں اور اس کی پیش رفت موافق نہیں ہوتی۔ بال گر جاتے ہیں۔ جلد سرخ اور متورم ہوتی ہے اور اس پر چھالے ہوتے ہیں۔ جانور اپنے جسم کو درخت ، دیوار ، کرسی ، میز وغیرہ کے ساتھ رگڑتا ہے اور کھرچتا ہے یا جو بھی چیز اس کے سامنے آ جائے۔ اس کے ساتھ جسم کو رگڑتا ہے۔ "مرکیورلیس ۲۰۰" یا "سلفر ۲۰۰" یکے بعد دیگرے کم از کم چار ۴ خوراکیں روزانہ دیں۔ "سلفر" کی پوٹنسی ۱۰۰۰ طاقت تک بڑھا دیں۔ کوئی فائدہ ظاہر نہ ہوا ہو تو مقامی طور پہ "ہائیڈراسٹس" مدر ٹنکچر ایک کپ پانی میں ملا کر لگائیں۔ "کیلن ڈولا" مدر ٹنکچر کی پٹیاں کریں۔

کھروں کا دکھنا

گھوڑوں ، بھیڑوں اور کتوں وغیرہ کے اندرونی طور پہ "گریفا ئیٹس" دیں اور خارجی طور پہ اس کو "ویزلین" میں ملا کر لگائیں۔

تھنوں کا دکھنا

تھن متورم اور سخت ، اندرونی طور پہ گرم پر درد اور حساس۔ ایک قطرہ دودھ بھی نہ نکالا جا سکے۔ چند خوراکیں "فائیٹولاکا" کی دیں۔ ڈاکٹر کینٹ۔

زخم

کچلے ہوئے زخم ، گھٹنے ٹوٹے ہوئے۔ "ہائپریکم" پانی کی بوتل میں ملا کر سپرے کرنا چاہیئے اور گھٹنوں پہ متواتر سپرے کیا جائے لیکن ان کو ڈھانپنا نہیں چاہیئے۔ ڈاکٹر ٹائیلر۔

باب چہارم

ہومیوپیتھی جراحت میں

ہومیوپیتھی جراحت میں ان دواؤں پر بہت زیادہ انحصار کرتی ہے۔ "آرنیکا، رسٹاکس، ہائیپریکم، لیڈم، سٹافی سیگیریا، کلکیریا کارب، سٹرنٹیم اور روٹا"

یہ ادویہ سرجری سے تعلق رکھتی ہیں اور چوٹوں کے اثرات مابعد اور جراحت کے مابعد اثرات سے بھی ان کا گہرا تعلق ہے۔ ورم اور پھوڑوں مع اندرونی ورم کا علاج کتاب کے پہلے باب میں دیا جا چکا ہے۔ رگڑ یا خراش، زخمی حصے کے گرد سیاہ یا نیلے رنگ کے اظہار کے لئے جس کے ساتھ شدید درد ہو۔ "آرنیکا" کے مقابلہ میں کوئی بھی دوا نہیں ہے۔ لیکن "آرنیکا" کا دائرہ اثر صرف حاد حالت میں اس وقت تک ہے جب تک کہ زخمی حصے میں دکھن اور رگڑ ختم نہ ہو جائے۔

عضلات اور پٹھوں کی موچ آنے میں "آرنیکا" اکثر اوقات کوئی مدد نہیں کر سکتی۔ اور "رسٹاکس" جو کہ "آرنیکا" کے بعد اچھا کام کرتی ہے۔ پٹھوں اور عضلات کے درد اور کمزوری کو دور کر دیتی ہے لیکن "رسٹاکس" کی علامت درد کا حرکت کرنے سے دور ہو جانا ضرور موجود ہونی چاہیئے۔ گرم چیزوں کا لگانا "رسٹاکس" کی تکالیف میں مددگار ثابت ہوتا ہے جب رسٹاکس واضح دوا ہوگی تو آندھی اور مرطوب موسم سے درد میں اضافہ ہوگا۔

جب رسٹاکس اپنا کام کر چکی ہو اور پر درد حالت ختم ہو چکی ہو تو عضلات کی کمزوری باقی رہ جاتی ہے جس کو "کلکیریا کارب" سے دور کیا جا سکتا ہے۔

مندرجہ بالا تینوں ادویہ (آرنیکا، رسٹاکس اور کلکیریا کارب) سے ہمیں یہ معلوم ہوا ہے کہ ان کو رگڑ یا خراش میں جبکہ کسی بھی صورت میں جلد پھٹی ہو استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ہمارے پاس کچلے ہوئے زخموں یا پھٹے ہوئے جلدی زخموں کے لئے جن سے نسائج بھی متاثر ہوئی ہوں۔ ادویہ کا ایک بالکل مختلف سیٹ موجود ہے یہاں ہمارے پاس دو اعلیٰ ادویہ "ہائپیریکم اور لیڈم" ہیں۔ جن پہ ایسی صورت میں غور کرنا ضروری ہوتا ہے۔ جبکہ عصب کو ایسا زخم لگ جائے جو کہ بعد میں متورم کیفیت اختیار کرے۔ یہاں پر بجائے عضلات ہڈیوں اور خون کی نالیوں کی رگڑ یا خراش جو کہ چوٹ کے ذریعے پیدا ہوئی ہوں جس کی ادویہ "آرنیکا، رسٹاکس اور کلکیریا کارب" ہیں۔ زخمی حصہ اعصاب ہیں جن کے لئے ہائپیریکم یا لیڈم تجویز کرنی ہوں گی۔ جب اعصاب سے بھرپور حصہ جیسا کہ انگلیوں کے سرے یا ناخن ہتھوڑے کے نیچے کچلے گئے ہوں۔ اور اعصاب میں ورم اور درد کی علامات پائی جائیں، درد عصب کے ساتھ اوپر کو جاتا ہوا محسوس ہو تو ایسی حالتوں میں "ہائپیریکم" دوا ہے۔

لہٰذا تمام قسم کے زخم مثلاً کٹے پھٹے تیز دھار آلے کے، رگڑ کے اور کچلے ہوئے زخم درحقیقت تمام پر درد زخم بغیر سرجیکل مداخلت کے دوا سے شفایاب کئے جا سکتے ہیں۔

بعض اوقات زخم سوج جاتا ہے۔ منہ پھٹا رہتا ہے اور شفایاب ہونے کا کوئی رجحان نہیں رکھتا۔ خشک دکھائی دیتا ہے۔ کنارے چمکیلے اور سرخ رہتے ہیں۔ ان پہ ورم اور جلن ہوتی ہے۔ چبھن دار اور چیرنے کے سے درد پائے جاتے ہیں۔ اس قسم کے زخم کو عموماً "ہائپیریکم" کی ضرورت ہوتی ہے۔

ٹیٹنس تمام قسم کے زخموں میں ایک عام پیچیدگی ہے۔ ہومیوپیتھی میں "لیڈم اور ہائپیریکم" ٹیٹنس سے محفوظ رکھنے کے لئے اعلیٰ دوائیں ہیں۔ اگر اعصاب سے بھرپور حصے میں زخم لگنے کے بعد درد عصب کے ساتھ اوپر کو جاتا ہے اور جہاں ٹیٹنس کا شائبہ ہو تو "ہائپیریکم"

دوا ہے جو کہ چوٹ لگنے کے فوراً بعد اور جہاں ٹیٹنس کی علامات کا اظہار ہونے لگے دینی چاہیئے یہ اعصابی ورم کی جو کہ چوٹ کی وجہ سے ہو اور عصب کے ساتھ اوپر کو جا رہا ہو کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔

اگر کوئی پرانا زخم کا نشان ہو جو کہ زخمی ہو گیا ہو یا کسی سخت چیز کے ساتھ لگنے سے اس میں رگڑ آگئی ہو جس میں جلن اور چُبھن دار درد ہو جو کہ اعصاب کے ساتھ اوپر کو جاتا ہو تو "ہائپیریکم" استعمال کریں۔

مندمل زخم پر درد ہو جائے اور درد عصب کے ساتھ جسم کے مرکز کو اوپر کی طرف دوڑتا ہو تو "ہائپیریکم" دوا ہے۔

ہر ایک جانتا ہے کہ چوٹوں کے لئے صرف "آرنیکا" دوا ہے جس کو استعمال کرنا چاہیئے لیکن اس بات سے چند لوگ واقف ہیں کہ اس کا دائرہ کار بہت محدود ہے "آرنیکا" چوٹ کی ابتدائی حالت کی دوا ہے جبکہ کافی رگڑ وغیرہ آئی ہو اور درد شدید ہو لیکن درد پھیل جائے اور عصب کے ساتھ اوپر کو جانے والا نہ ہو جیسا کہ "ہائپیریکم" میں ہوتا ہے۔

"آرنیکا" چوٹ کے بعد ابتدائی گھنٹوں میں رگڑ کی حالتوں میں اور چوٹ کے صدمہ کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔ "آرنیکا" ہمیشہ صدمے کو دور کر دیتی ہے۔ یہاں "آرنیکا" معمول کی دوا ہے۔ اصولی طور پر ہم زخمی حصے پر آرنیکا کے مقامی استعمال کے مخالف ہیں کیونکہ یہ ادویاتی طور پر اچھا اثر نہیں دکھاتی بلکہ اس کے برعکس زخمی حصہ میں زیادہ سوزش پیدا کر دیتی ہے۔

"لیڈم" ایک اور اعلیٰ دوا ہے لیکن یہ زیادہ تر ٹیٹنس سے محفوظ رکھنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ جب انگلیوں کے سروں یا اعصاب سے بھرپور حصوں میں حادثہ کی وجہ سے زخم آ جائیں یا مریض کے پاؤں میں کیل چُبھ جائے یا کوئی کیل یا کھپچی انگلیوں کے ناخنوں کے نیچے چُبھ جائے یا پاؤں میں یا کسی دوسرے حساس حصہ میں ایسا ہو جائے تو "لیڈم" کی ایک خوراک دیں یہ ہمیشہ ٹیٹنس سے محفوظ رکھے گی۔

لہٰذا تمام کٹے پھٹے زخم، چوہوں کا کاٹنا، بلیوں کا کاٹنا وغیرہ میں "لیڈم" کا استعمال ٹیٹنس کی مابعد پیچیدگیوں اور دیگر عفونتی حالتوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ "لیڈم" نہ صرف مابعد ورمی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے گی بلکہ گولی لگنے کے سے دوڑتے ہوئے درد سے تحفظ فراہم کرے گی۔ جو کہ چوٹ یا زخم میں اعصاب کے متاثر ہونے سے قدرتی طور پہ واقع ہوتے ہیں۔ اگر لیڈم فوراً استعمال کرا دی جائے تو مابعد کی تکلیف نہیں ہوگی۔

اگر زخمی حصے میں ہلکا سا درد بھی ہو تو بھی لیڈم ہی دوا ہے لیکن اگر عصب کے ساتھ اوپر کو دوڑے تو پھر یہ "ہائپریکم" ہے۔

اگر دن کے دوران کسی شخص کا پاؤں چھوٹی سی کیل پہ پڑ جائے اور وہ کیل پاؤں کے اندر چلی جائے اور درد اتنا شدید ہو کہ وہ کھڑا نہ ہو سکے تو لیڈم یقینی دوا ہوگی اور مابعد اثرات بد سے محفوظ رکھے گی۔

اگر "لیڈم" کے بعد بھی تکلیف جاری رہے اور درد اعصاب کے ساتھ اوپر کو دوڑیں تو ایسی صورت میں "ہائپریکم" دوا ہوگی۔ لیکن ان حالتوں میں "ہائپریکم" کی علامات شروع ہونے سے قبل "یعنی دردوں کا اعصاب کے ساتھ چلنا"، لیڈم کا استعمال بطور حفظ ماتقدم کے طور پر ضرور کرنا چاہیئے۔ لیڈم ٹیٹنس سے محفوظ رکھنے والی دوا ہے۔ جبکہ "ہائپریکم" ٹیٹنس کی دوا ہے جبکہ اس کی علامات شروع ہو چکی ہوں۔ لیکن اگر زخم کم پھٹا (پنکچرڈ) نہیں ہے بلکہ کچلا ہوا ہے اور اعصاب سے بھرپور حصے میں ہے اور حسی اعصاب سے متعلق ہے تو فوراً "ہائپریکم" دیں اور "لیڈم" سے اس کا آغاز نہ کریں۔ "آرنیکا" وغیرہ دے کر بھی وقت ضائع نہ کریں۔

لہٰذا سنہری اصول یہ ہے کہ کٹے پھٹے زخم میں محفوظ رکھنے والی دوا کے طور پہ "لیڈم" دیں اور کچلے ہوئے زخم میں جو اعصاب سے بھرپور حصے میں ہو تو محفوظ رکھنے والی اور شفایاب کرنے والی دونوں حالتوں کے لئے یعنی ٹیٹنس سے تحفظ کے لئے یا متورم نسائج کے لئے "ہائپریکم" دیں۔ تاہم اگر نتیجتاً ورمی کیفیت جس میں پیپ بن رہی ہو اور اس کا علاج اس پیچیدگی کی علامات کے مطابق کریں۔

ہڈیوں، کریوں، بندھنوں بشمول جوڑوں کے بندھنوں کے لئے "روٹا" کسی دوسری دوا کے مقابلہ میں بہتر ہے۔ "روٹا" ہڈیوں پر خراش اور دکھن کے لئے جو کافی دیر کی ہو نیز جوڑوں میں اور کرتی ہڈیوں پر جن میں چوٹ کی وجہ سے درد رگڑ یا خراش ہو کے لئے مفید دوا ہے۔

اب ہمیں ریڑھ کی چوٹوں کی طرف غور کرنا چاہیئے۔ "ہائیپریکم" عموماً استعمال ہونے والی دوا ہے۔ ڈمچی کی تکونیہ ہڈی کی چوٹیں جو گرنے کی وجہ سے لگی ہوں اور بہت تکلیف دہ ہوں اور ساتھ ہی ریڑھ کی چوٹیں جو گرنے سے لگی ہوں اور بہت تکلیف کا باعث ہوں۔ ان کے لئے "ہائیپریکم" مفید دوا ہے۔

عموماً ابتداء میں بہت کم علامات کا اظہار ہوتا ہے اور ہم لبا اوقات اوپر کی جانب دوڑتے ہوئے یا نیچے کی جانب ٹانگوں وغیرہ میں جاتے ہوئے درد کی علامت نہیں پاتے بلکہ فوری طور پر دبانے سے متاثرہ نشان پر دکھن اور رگڑ پائی جاتی ہے۔ ایسی صورت میں بھی "ہائیپریکم" ہی دوا ہے۔ بہت سی عورتوں میں وضع حمل کے وقت ڈمچی کی تکونیہ ہڈی کی چوٹ آتی ہے اور اس کے بعد کئی برسوں تک اس میں دکھن موجود رہتی ہے۔ یہ چھوٹی سی چوٹ مریضہ کو بہت زیادہ ذکی الحس بنا دیتی ہے یا ہسٹیریا تک کی نوبت آجاتی ہے اس کو بھی "ہائیپریکم" سے ہی شفایاب کیا جا سکتا ہے۔ درمی کیفیتوں میں جو کہ ریڑھ کے نچلے حصے میں چوٹ لگنے کے بعد دکھن کے ساتھ پائی جائیں اور درد کا سبب بنیں ان کو کئی سال گزرنے کے بعد بھی "کاربو اینی میلس، بیلیڈونا اور تھوجا" وغیرہ سے شفایاب کیا جا سکتا ہے۔

"ہائیپریکم" ریڑھ کے اوپر کے حصے کی چوٹوں سے بھی تعلق رکھتی ہے۔ فرض کریں ایک آدمی سیڑھی سے گر گیا اور اس کی پیٹھ سیڑھی کے پائیدان سے لگ گئی جس کے سبب ریڑھ میں بہت دکھن ہو تو یہاں نہ "رسٹاکس" کام دے گی اور نہ ہی "آرنیکا" مددگار ہوگی۔ "ہائیپریکم" مزید الجھن سے بچنے کے لئے فوراً دینی چاہیئے جو کہ درمی تبدیلیوں کی وجہ سے ہو سکتی ہیں خواہ وہ ریڑھ کی ہوں یا حرام مغز کی۔ یقیناً بعد کے رجحانات مثلاً کھچاؤ اور گنٹھیاوی علامات ضرور پیدا ہوں گی جو کہ "رسٹاکس" کا مطالبہ کرتی ہیں اور آخر کار "کلکیریا کارب" کا۔

لیکن "ہائپیریکم" فوری دوا ہے۔ اپنی جگہ سے اٹھنے پہ کمر کا پُر درد ہونا جو کہ پرانی چوٹ کی وجہ سے ہو۔ عموماً "رسٹاکس" سے شفایاب کیا جاسکتا ہے۔ جس کے بعد ضرورت پڑنے پہ "کلکیریا کارب" دی جاسکتی ہے۔ لیکن "ہائپیریکم" ریڑھ میں چوٹ لگنے کے فوراً بعد ضرور دینی چاہیئے۔ تاکہ حرام مغز، ریشے اور دماغ کی جھلیوں کو محفوظ رکھے، پیٹھ کی اور دماغی جھلیوں کی چوٹ بعض اوقات بہت تکلیف دہ ہوتی ہے اور زیادہ دیر تک رہ سکتی ہے لیکن اگر "ہائپیریکم" بر وقت دے دی جائے۔ تو ایسی حالت پہ قابو پالے گی۔

ایسے لوگ جن کی ریڑھ میں یا دُمچی کی تکونیہ ہڈی میں چوٹ آجاتی ہے ایسی علامات میں سالہا سال مبتلا رہتے ہیں جن میں کئی ادویہ درکار ہوتی ہیں۔ ان کو یقیناً علامات کے مطابق دوائیں درکار ہوتی ہیں لیکن اعصاب کے گچھوں اور دماغی جھلیوں میں چیرنے والے جلندار اور چُبھن دار دردوں کے لئے جو کہ اعصاب کے ساتھ ہوں "ہائپیریکم" دوا ہے۔

اب زخموں کی ایک اور قسم ہے جس کو ہم یہاں واضح کرنا چاہتے ہیں۔ یہ صاف اور واضح زخم ہیں جو تیز دھار آلے سے لگائے گئے ہوں۔ خواہ یہ سرجن کے نشتر سے لگائے گئے ہوں اگر پیٹ کو کھول دیا گیا ہو اور اس کی دیواریں غیر صحت مند دکھائی دے رہی ہوں اور ان میں ڈنگ لگنے کے لئے جلن دار درد ہوں تو "سٹافی سیگیریا" دوا ہے جو کہ صحت مند انگور پیدا کرے گی اور زخم کو جلد مندمل کر دے گی۔ "سٹافی سیگیریا" ایسی صورت میں بھی دوا ہے جبکہ سفنکٹر کو سرجیکلی پھیلایا گیا ہو۔

درحقیقت "سٹافی سیگیریا" تمام قسم کی پھیلاوٹوں کی تریاق ہے جب یورتھرا کو پتھری نکالنے یا بادگیز اور کیتھیٹر کے استعمال کے لئے پھیلایا گیا ہو۔ گردن رحم کو پھیلایا گیا ہو یا مقعد کے عضلہ سفنکٹر کو بواسیر کے علاج کے لئے پھیلایا گیا ہو وغیرہ۔ "سٹافی سیگیریا" مابعد کی مشکلات کو دور کر دے گی۔ یہ پھیلاؤ سرجیکل آپریشن کے بعد بہت تکلیف دہ ہوتا ہے اور اس کے ساتھ درد اور حالت نزع کی علامات جن کے سبب ٹھنڈا پسینہ وغیرہ ہو ان کو بھی "سٹافی سیگیریا" سے دور کیا جاسکتا ہے۔ جہاں ٹھنڈا پن، سر میں اجتماع خون اور پیچھے کو جانے والے چیرنے کے سے درد مقعد کو بند کرنے والے عضلہ سفنکٹر کو پھیلانے سے

واقع ہوں یا حساس حصّے کو چیرنے سے ایسے درد پیدا ہوں تو "سٹافی سیگریا" دوا ہے
پھیلانا اور چیرنا کلیدی علامات ہیں۔

سرجیکل آپریشن کے بعد نزع کی علامات، بہت زیادہ کمزوری، جسم کا ٹھنڈا ہو جانا
خون کا آہستہ آہستہ رسنا، ٹھنڈا سانس اور بہت زیادہ پسینہ آنا "سٹرونٹیم کارب"
کا مطالبہ کرتی ہیں۔ یہ صدمہ کو فوراً دور کر دے گی اور مریض گرم ہو جائے گا اور سکون محسوس
کرے گا۔ ایسی حالتوں میں "کاربو ویج" کے متعلق نہ سوچیں۔ کاربو ویج اسی نوعیت کی علامات
میں معالج کی دوا ہے جبکہ "سٹرونٹیم کارب" سرجن کی دوا ہے۔

آخر میں اس باب کے ملحقات کے طور پہ ہم کلوروفارم کی علامات دافع اثر یا تریاق
کے متعلق کچھ کہنا چاہیں گے۔ "فاسفورس، کلوروفارم" کی قدرتی دافع اثر ہے۔ یہ کلوروفارم
کی قے کو بند کر دیتی ہے لیکن ہم بعض اوقات کلوروفارم کے اثر کو دوسری دواؤں کے عمل
کو جاری رکھنے کے لئے زائل کرتے ہیں۔ جب تک کلوروفارم کے اثر کو فاسفورس سے
کر زائل نہ کیا گیا ہو۔ آپریشن کے بعد کے درد کو کسی دوا کے استعمال سے دور نہیں کیا جا سکتا۔

مارفین حساس لوگوں کو متاثر کرتی ہے۔ دہشت ناک ڈکار، اُبکائیاں اور قے آتی
ہیں اور قے کرنے کے لئے کچھ بھی نہیں ہوتا۔ "کیمومیلا" دیں جو کہ چند منٹوں میں ان کو روک
دے گی اور عملی طور پہ مارفین کی قے کو روکنے کے لئے صرف یہی واحد دوا ہے۔

لیڈم تشنج جن کے ساتھ ٹیٹنس کی گنجائش ہو جبکہ زخمی حصّے برف کی مانند ٹھنڈے
ہوں اور جہاں زخمی حصّے میں اینٹھن شروع ہو تو "لیڈم" دوا ہے۔

ہائیپریکم تشنج پاؤں کے تلوؤں، ہتھیلیوں، انگلیوں وغیرہ کے زخموں کے ساتھ
ہائیپریکم کا مطالبہ کرتے ہیں۔ بیلاڈونا۔ لیڈم۔

اس باب کو مختصر کرتے ہوئے ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ کٹے پھٹے ہوئے زخموں (پنکچرڈ
وونڈز) کے لئے حفظ ماتقدم کے طور پر "لیڈم" دیں۔

کٹے پھٹے ہوئے اور کھلے ہوئے زخموں کے لئے جو حساس اعصاب کے متعلق ہوں "ہائیپریکم" پر غور کریں۔

جہاں ٹیٹنس کا خطرہ ہو جس کے ساتھ متاثرہ حصے ٹھنڈے ہوں "لیڈم" دیں اور ہتھیلیوں کے زخموں کے لئے جن کے ساتھ ذکی الحس اعصاب ہوں "ہائیپریکم" دیں۔

رگڑ یا خراش کے لئے "آرنیکا" دیں۔

کھلے کھلے ہوئے زخموں کے لئے جن کے ساتھ جلد کافی حد تک ضائع ہوئی ہو اس پر "کیلن ڈولا" لگائیں اور اندرونی طور پر بھی "کیلن ڈولا" کا استعمال کرائیں۔

سٹافی سیگیریا

یہ بتایا جا چکا ہے کہ "سٹافی سیگیریا" تیز دھار آلے چاقو وغیرہ سے لگائے گئے زخموں اور سفنکٹر کے پھیلانے کے لئے دوا ہے۔ اس دوسری صورت میں تعلق پیشاب کی تکالیف سے بھی ہے جو نوجوانوں عصبی مزاج عورتوں میں شادی کے بعد پائی جاتی ہے۔ جہاں نوجوان عورت کے لئے پیشاب کی حاجت بہت زیادہ تکلیف اور درد کا باعث ہوتی ہے۔ ایسی حالتوں میں "سٹافی سیگیریا" نوجوان بیوی کے لئے بہت آرام دہ ثابت ہوتی ہے۔

آرنیکا

آرنیکا جسم کی دکھن رگڑ شدہ حالت میں بہت مفید دوا ہے۔ لہٰذا یہ چوٹوں، رگڑ اور چوٹ سے ہونے والے صدمہ کے لئے بہت اہم دوا ہے۔ آرنیکا موچ شدہ جوڑ سے عموماً درد کو باہر نکال پھینکتی ہے۔ موچ شدہ جوڑ سے سیاہ اور نیلی رنگت کا انتہائی قلیل وقت میں غائب کر دینا اس کی خصوصیت ہے۔ جوڑوں اور بندھنوں میں "آرنیکا" کے استعمال کے بعد رہ جانے والی کمزوری اور سختی کو عموماً "رسٹاکس" اور اس کے بعد کلکیریا کارب دور کر دیتی ہے۔

دھوپ سے جھلسی ہوئی حالتوں میں جن میں درد باقی رہتا ہے اس کو "کاسٹی کم" یا "سٹافی سیگیریا" کی ضرورت ہوتی ہے۔

وضع حمل کے بعد پیشاب کا متواتر ٹپکنا جو کہ مثانے کی فالجی حالت کی وجہ سے ہوتا ہے جو کہ وضع حمل کے وقت رگڑ کی وجہ سے ہو ہمیشہ "آرنیکا" سے شفایاب ہوتا ہے۔

کاسٹی کم

عضلات اور بندھنوں کا سکڑنا خواہ چوٹ کی وجہ سے ہو یا جل جانے یا کسی عفونت کے سبب ہو۔ عموماً "کاسٹی کم" کی اونچی طاقت دینے سے دور کیا جا سکتا ہے مثانے کی فالجی کمزوری جو عورت کے تکلیف دہ وضع حمل سے دوچار ہونے کے بعد ہوئی ہو اور اس کے بعد پیشاب رُک جاتا ہو تو اس کو "کاسٹی کم" کے جادو نما اثر سے دور کیا جا سکتا ہے۔

فہرستِ عنوانات

عنوان	صفحہ نمبر

چھ

ح

ش

ص

(بقایا "م" صفحہ ۸۶۳ پر)

ن

کوکنگ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]